رضاء الباري
على صحيح البخاري

من إفادات

حضرت مفتي رضاء الحق (حفظه الله ورعاه)

جمع وترتيب: أبو سلمان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اہم گزارش

الحمد لله ربّ العالمين والصّلاة والسّلام على من لا نبيّ بعده، أما بعد:

تمام تعریفیں اللہ رب العزت کے لئے ہے جس نے ہم پر بے شمار احسانات اور انعامات کی بارش فرمائی۔

یہ تحریری کام شروع سال سے اتفاقی طور پر مطالعہ کے دوران ہوا ہے، بلکہ یہ محض اپنی کاپی کی نقل ہے جو غیر مرتب بھی ہے اور تحریر وضبط کی اخطاء اغلاط کے احتمالات کا حامل بھی، اس کو اسی تناظر میں پڑھا جائے۔

سالہا سال سے حضرت مفتی صاحب مد ظلہ العالی کے دروس کو ضبط کرنے والے بہت ہوئے ہیں اور سب نے اپنی اپنی کاپی لکھی جس کی وجہ سے آنے والے طلبہ پچھلے طلبہ کی کاپی کی فوٹو کاپی لے کر درس میں بیٹھتے رہے ہیں اور ان سے استفادہ کرتے رہے ہیں مختلف اغراض سے؛ لیکن اکثر طلبہ اسلئے کاپی کی فوٹو کاپی لیتے ہیں کہ اردو لکھنے کی رفتار کمزور ہے اور درس کو مکمل ضبط کرنا پہلی سماعت سے مشکل ہے؛ لیکن اس میں دوسروں کی کاپی لے کر بھی کبھی ایک مشکل یہ پیش آتی ہے کہ دوسروں کی تحریر پڑھنے میں دقت ہوتی ہے اسلئے یہ کام کمپیوٹر پر لایا گیا۔

قارئین کرام سے درخواست ہے کہ بندہ کے حق میں دعا فرمائیں کہ خدا تعالی اس کام کو کما حقہ انجام دینے کی توفیق عطا فرمائے اور اس کے لئے مطلوبہ صلاحیت ووسائل سے نوازے۔ آمین۔ تاکہ حضرت مفتی صاحب مد ظلہ العالی کے ان امتیازی شان کے حامل اور بیش قیمت دروس کو طالبان علوم حدیث کی خدمت میں بہتر سے بہتر پیش کیا جاسکے۔

وما ذلك على الله بعزيز.

طالب دعاء: ابو سلمان امداد اللہ (غفرلہ)

07/06/2015

Email : tashibukharinotes@gmail.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وصلی اللہ علی النبی الأمی

سبق شروع ہونے سے پہلے کچھ نصیحتیں کی جاتی ہیں جو مدرس اور طالب علم دونوں کے لئے ہوتی ہیں:

1) اس علم کو اخلاص کے ساتھ پڑھا جائے۔

اخلاص: خالص اور صرف اللہ تعالی کی رضا کے لئے پڑھنا اور عمل کرنا۔

ایک حدیث ہے جس میں تین آدمیوں کا ذکر ہے اور قیامت کے دن انکی نیت ظاہر ہو جائے گی اور سب سے پہلے ان کو جہنم کی آگ میں ڈالا جائے گا، چنانچہ ترمذی شریف کی ایک طویل روایت ہے:

2382 - حدثنا سويد بن نصر، قال: أخبرنا عبد الله بن المبارك، قال: أخبرنا حيوة بن شريح قال: أخبرني الوليد بن أبي الوليد أبو عثمان المدني، أن عقبة بن مسلم، حدثه أن شفيا الأصبحي، حدثه أنه، دخل المدينة، فإذا هو برجل قد اجتمع عليه الناس، فقال: من هذا؟ فقالوا: أبو هريرة، فدنوت منه حتى قعدت بين يديه وهو يحدث الناس، فلما سكت وخلا قلت له: أسألك بحق وبحق لما حدثتني حديثا سمعته من رسول الله صلى الله عليه وسلم عقلته وعلمته، فقال أبو هريرة: أفعل، لأحدثنك حديثا حدثنيه رسول الله صلى الله عليه وسلم عقلته وعلمته، ثم نشغ أبو هريرة نشغة فمكثنا قليلا ثم أفاق، فقال: لأحدثنك حديثا حدثنيه رسول الله صلى الله عليه وسلم في هذا البيت ما معنا أحد غيري وغيره،ثم نشغ أبو هريرة نشغة شديدة، ثم أفاق فمسح وجهه فقال: أفعل، لأحدثنك حديثا حدثنيه رسول الله صلى الله عليه وسلم وأنا وهو في هذا البيت ما معنا أحد غيري وغيره، ثم نشغ أبو هريرة نشغة شديدة، ثم مال خارا على وجهه فأسندته علي طويلا، ثم أفاق فقال: حدثني رسول الله صلى الله عليه وسلم: أن الله تبارك وتعالى إذا كان يوم القيامة ينزل إلى العباد ليقضي بينهم وكل أمة جاثية، فأول من يدعو به رجل جمع القرآن، ورجل قتل في سبيل الله، ورجل كثير المال، فيقول الله للقارئ: ألم أعلمك ما أنزلت على رسولي؟ قال: بلى يا رب. قال: فماذا عملت فيما علمت؟ قال: كنت أقوم به آناء الليل وآناء النهار، فيقول الله له: كذبت، وتقول له الملائكة: كذبت، ويقول الله: بل أردت أن يقال: إن فلانا قارئ فقد قيل ذاك، ويؤتى بصاحب المال فيقول الله له: ألم أوسع عليك حتى لم أدعك تحتاج إلى أحد؟ قال: بلى يا رب، قال: فماذا عملت فيما آتيتك؟ قال: كنت أصل الرحم وأتصدق، فيقول الله له: كذبت، وتقول له الملائكة: كذبت، ويقول الله تعالى: بل أردت أن يقال: فلان جواد فقد قيل ذاك، ويؤتى بالذي قتل في سبيل الله، فيقول الله له: في ماذا قتلت؟ فيقول: أمرت بالجهاد في سبيلك فقاتلت حتى قتلت، فيقول الله تعالى له: كذبت، وتقول له الملائكة: كذبت، ويقول الله: بل أردت أن يقال: فلان جريء , فقد قيل ذاك،ثم ضرب رسول الله صلى الله عليه وسلم على ركبتي فقال: يا أبا هريرة، أولئك الثلاثة أول خلق الله تسعر بهم النار يوم القيامة وقال الوليد أبو عثمان: فأخبرني عقبة بن مسلم أن شفيا، هو الذي دخل على معاوية فأخبره بهذا قال أبو عثمان: وحدثني العلاء بن أبي حكيم، أنه كان سيافا لمعاوية فدخل عليه رجل، فأخبره بهذا عن أبي هريرة، فقال معاوية: قد فعل بهؤلاء هذا فكيف بمن بقي من الناس؟ ثم بكى معاوية بكاء شديدا حتى ظننا أنه هالك، وقلنا قد جاءنا هذا الرجل بشر، ثم أفاق معاوية ومسح عن وجهه، وقال: صدق الله ورسوله {من كان يريد الحياة الدنيا وزينتها نوف إليهم أعمالهم فيها وهم فيها لا يبخسون أولئك الذين ليس لهم في الآخرة إلا النار وحبط ما صنعوا فيها وباطل ما كانوا يعملون}.

خلاصہ یہ ہے کہ تین آدمی ہونگے: ایک عالم جس سے کہا جائے گا کہ تم نے یہ علم حاصل کیا تاکہ لوگ تمہیں عالم کہے تو یہ دنیا میں ہو گیا، دوسرا آدمی سخی ہو گا اور اس سے کہا جائے گا کہ تم نے سخاوت اس لئے کی کہ لوگ تمہیں سخی کہے تو یہ دنیا میں کہا جا چکا ہے اور تیسرا آدمی مجاہد ہے جس سے کہا جائے گا کہ جہاد اس لئے کیا کہ لوگ تمہیں بہادر کہے تو یہ دنیا میں ہو چکا۔

ابو ھریرۃؓ اس حدیث کو بیان کرتے ہوئے بے ہوش ہو جاتے تھے۔

ایک اور قصہ اخلاص نیت پر: محمود غزنوی کا ایک غلام تھا: عیاض اور بہت محبت رکھتے تھے ان سے تو دوسرے غلاموں کو حسد ہوا، تو جب محمود کو پتہ چلا تو امتحان لیا؛ ایک موتی کو رکھا اور توڑنے کا حکم دیا تو کسی نے توڑا نہیں اور کہتے تھے کہ یہ کیسے توڑے ؟یہ تو بہت قیمتی ہے ؛ پھر جب عیاض کی باری آئی تو پتھر اٹھا کر موتی کے ٹکڑے ٹکڑے کر دی تو بادشاہ نے کہا یہ کیوں توڑ دیا ؟ یہ تو بہت قیمتی ہے ! تو غلام یعنی عیاض نے جواب دیا کہ آپ کا حکم اس سے زیادہ قیمتی ہے۔

-مولانا یوسف بنوریؒ: آخرت کی مثال عمدہ موتی کی ہے اور دنیا کی چیزوں کی مثال "سویٹ اور ٹوفی" کی ہے اور ہم لوگوں کی مثال بچوں کی سی ہے اسلئے کہ ہم موتی کی قدر نہیں سمجھتے۔ اگر بچے سے کہا جائے : موتی چاہیے یا سویٹ ؟ تو وہ کہے گا مجھے

سویٹ چاہیے؛ اس لئے کہ وہ موتی کی قدر کو نہیں سمجھتا۔یہی ہماری مثال ہے کہ ہم موتی کو چھوڑکر "ٹوفی" لیتے حالانکہ موتی زیادہ قیمتی ہے اور وہ اللہ کا علم دین کے مشابہ ہے۔

-انبیاء کا وہی طریقہ رہا: "مخلصین لہ الدین"

اخلاص کا مطلب خلوت ہو یا جلوت ہو تو کام ایک جیسے ہو یعنی اگر جلوت میں حسن خوبی سے کام لیا تو خلوت میں بھی وہی حسن کے ساتھ ادا کیا۔

اگر لوگوں کے سامنے اچھے اور چھپ کر بُرے کام کرے تو یہ اخلاص کے منافی ہوگا۔

-شیخ سعدیؒ نے ایک قصہ لکھا ہے : ایک شخص بادشاہ کے یہاں مہمان کے طور پر مدعو ہوئے، اس آدمی کے ساتھ اس کا بیٹا بھی تھا۔بادشاہ نے اس کے سامنے کھانا پیش کیا تو اس نے کھانا بہت تھوڑا کھایا،یہ دکھانے کے لئے کہ میں زاہد آدمی اور تھوڑا ہی کھاتا ہوں ،اور نماز بہت لمبی پڑھی،تاکہ بادشاہ اسے بزرگ سمجھے۔جب واپس گھر آیا تو بیوی سے کہا کہ کھانا لاؤ، میں نے کھانا نہیں کھایا ہے۔تو اس کے بیٹے نے کہا : ابا! جیسے آپ نے کھانے کی قضا کی ہے اسی طرح اس نماز کی بھی قضا کر لیں جو آپ نے بادشاہ کے سامنے پڑھی تھی۔(گلستاں ص70-71)

-امام غزالیؒ کے بارے میں لکھا ہے کہ ان کو کسی نے جنت میں دیکھا تو کہنے لگے : معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالی نے آپ کی تصنیفات کو قبول کرلیا اور آپ کو جنت مل گئی۔امام غزالیؒ نے کہا: تصنیفات کی وجہ سے جنت نہیں ملی بلکہ میں ایک دن لکھ رہا تھا اور ایک مکھی آئی اور میرے قلم کی سیاہی پر بیٹھ گئی،تو میں نے قلم کو روک کر انتظار کیا یہاں تک کہ مکھی نے سیاہی کو اچھی طرح چوس لیا۔تو اللہ تعالی نے میرے اس چھپے ہوئے عمل کو قبول کیا ، جس کا علم کسی کو نہیں تھا۔

وروي الغزالي في النوم فقيل له مافعل الله بك فقال أوقفني بين يديه وقال بم جئتني فذكرت أنواعا من الطاعات فقال ما قبلت منها شيء لكنك جلست تكتب فوقعت ذبابة على القلم فتركتها تشرب من الحبر رحمة لها فكما رحمتها رحمتك اذهب فقد غفرت لك انتهى. والرحمة في حقنا رحمة وحنو يقتضي الإحسان وذلك تغير يوجب للمتصف به الحدوث والله تقدس عن ذلك وعن نقيضه الذي هو القسوة والغلظة فهو راجع في حقه إلى ثمرة تلك الرقة وفائدتها وهو اللطف بالمبتلى والضعيف وكشف ضره والإحسان إليه ذكره القرطبي وغيره

(فیض القدیر:ج2ص61،ط:دار الحدیث)

-حضرت سعد بن وقاصؓ کمنڈر تھے ایک لشکر میں فارس کے جنگ میں۔تو آپ کے پاس ایک سپاہی آیا اور اس نے کسری کا تاج آپ کی خدمت میں پیش کیا، اور کہا کہ یہ تاج مجھے ملا ہے آپ اسے بیت المال میں جمع کرادیں۔ وہ تاج بہت قیمتی تھا اس میں طرح طرح کی موتیاں اور ہیرے جواہرات لگے ہوئے تھے۔تو حضرت سعدؓ نے کہا گ اے سپاہی آپ اپنا نام بتادیں تاکہ مجھے معلوم ہو کہ کون ہے جس نے اتنی بڑی امانتداری سے کام لیا ہے؟ اس سپاہی نے کہا: جس اللہ کے لئے میں نے یہ کام کیا ہے وہ میرا نام جانتا ہے۔اس کو کہتے ہیں اخلاص ؛

- اسی لئے ریا کو قرآن کریم میں شرک اصغر کہا گیا ہے۔یعنی نیت میں اللہ تعالی کے ساتھ کسی اور کو شریک کرنا۔

اور دوسری قسم کا شرک،شرک اکبر ہے: یعنی عبادت میں کسی اور کو شریک کرنا۔

-عراق میں،ایک مدرسہ نظامیہ تھا جو نظام الملک کے نام پر بنا تھا اور سب سے پہلا مشہور مدرسہ تھا، اس میں امام غزالیؒ بھی طالب علم تھے، اس کا بانی نظام الملک معاینہ کے لئے آیا کہ طلباء سے سوالات کرے کہ کیوں پڑھ رہے ہو؟

ایک طالب علم سے پوچھا کہ آپ کیوں پڑھ رہے ہیں ؟ اس نے کہا : میرا باپ فلاں مسجد کا خطیب ہے ، میں بھی اس کی جگہ خطیب بنوں گا۔دوسرے سے پوچھا تو اس نے کہا میرا باپ قاضی ہے، میں بھی اس کی جگہ قاضی بن جاؤں گا، ایک نے کہا میرا

باپ مدرس ہے میں مدرس بن جاؤ ں گا۔ایک نے کہا : میرا باپ محتسب ہے ، میں بھی محتسب بنونگا ، کسی نے کہا : میرا باپ مہتمم ہے میں بھی مہتمم بنوں گا۔امام غزالیؒ کا نمبر آیا توانہوں نے جواب دیا کہ میرا ایک خالق ہے جس نے مجھے پیدا کیا ، میں اس خالق کی مرضی پر چلنا چاہتا ہوں اور اس کی رضا حاصل کرنا چاہتا ہوں، لیکن مجھے معلوم نہیں کہ کن چیزوں سے وہ راضی ہوتا ہے اور کن چیزوں سے وہ ناراض ہوتا ہے ،میں اس لئے پڑھ رہا ہوں تاکہ مجھے معلوم ہو کہ کن چیزوں سے اللہ راضی ہوتا ہے اور کن چیزوں سے اللہ تعالی ناراض ہوتا ہے،تو جن چیزوں سے اللہ تعالی راضی ہوتا ہے ان کے کرنے کی کوشش کرونگا، اور جن چیزوں سے اللہ تعالی ناراض ہوتا ہے ان سے بچنے کی کوشش کرونگا۔باد شاہ چلا گیا اور کہا کہ اگر یہ ایک طالب علم نہ ہوتا تو میں مدرسہ بند کر دیتا،تو اس ایک طالب علم نے کام کی بات بتائی جس کی وجہ سے بادشاہ خوش ہوااور مدرسہ کو بند نہیں کیا۔

-حدیث میں آتا ہے کہ اخلاص کے ساتھ تھوڑا سا عمل بھی کافی ہو جاتا ہے (مستدرک حاکم 4/306)۔

- زیادہ عمل بغیر اخلاص کے بے کار ہے۔

- اخلاص کی برکت سے ذہن میں قوت ہوگی ارادہ میں قوت ہوگی اور جب اللہ تعالی راضی ہو جائے گا تو تمام مخلوق کے دل کو آپ کی طرف پھیر دے گا اور تمام مسائل کو حل کردے گا۔بعض لوگ کام اس لئے کرتے ہیں کہ فلاں شخص مجھ سے راضی ہو جائے۔اللہ کو راضی کریں ،کیونکہ سب لوگوں کے دل اللہ کے قبضے میں ہیں۔

- یہ الگ بات ہے کہ آپ کے ساتھ کوئی احسان کرتا ہے تو آپ اس کا شکریہ ادا کرتے ، لیکن عمل اللہ تعالی کے لئے کریں۔

2)اطاعت:

اخلاص کے ساتھ اطاعت بھی ہو۔

قال اللہ تعالی: أطیعوا اللہ وأطیعوا الرسول وأولی الأمر منکم.

اللہ تعالی کی تابعداری، رسول اللہ ﷺ کی تابعداری اور امیر کی تابعداری جس کو اللہ تعالی نے تمہارا حاکم بنایا۔اللہ اور اس کے رسول کی تابعداری کا مطلب ظاہر ہے ،طلباء کے لئے امیر وحاکم مدرسہ کے منتظمین اور نگران ہیں جو مدرسہ چلاتے ہیں، کیونکہ أولوالأمر وہ ہیں جن کا امر چلتا ہے توطالب علم کے لئے أولواالأمر اساتذہ اور انتظامیہ ہیں۔

- اس کی مثال یعقوبؑ پیغمبر اور ان کے والد ہیں، یوسفؑ ان کے بیٹے ہیں ، یعقوبؑ اپنے بیٹوں کے ساتھ یوسفؑ کے پاس آتے ہیں اور ان کے سامنے سجدے میں گر جاتے ہیں۔سجدے میں گرنے کا جو بھی مطلب ہو، لیکن اس سے یہ معلوم ہوا کہ وہ یوسفؑ کی حاکمیت کو مانتے تھے۔اگر بیٹا حاکم ہو تو باپ بھی بیٹے کی تابعداری کرے گا اس کے حاکم ہونے کی حیثیت سے۔
  تو یوسفؑ کی تابعداری کی یعقوبؑ نے بطور حاکم نہ کہ نبوت کے لحاظ سے۔
- عباسؓ چچا تھے اور آپ ﷺ بھتیجا تھے، لیکن عباسؓ آپ ﷺ کے بتائے ہوئے شریعت کے احکام پر چلتے تھے ، یہ نہیں کہ میں چچا ہوں تو میں اپنی شریعت بناؤنگا تو اپنی بات نہیں چلائی۔

3:محنت۔

- اخلاص واطاعت کے ساتھ محنت بھی ضروری ہے۔

-اوقات کی حفاظت کرے خاص طور سے دورے میں۔دور کا مطلب چکر جورکتا نہیں۔

-شعر: بقدر الكدِّ تكتسب المعالي ومن طلب العلا سهر الليالي

ومن رام العلا من غير كدٍّ أضاع العمر في طلب المحال

تروم العز ثم تنام ليلا يغوص البحر من طلب اللآلي

ومن رام العلا من غير كد أضاع العمر في طلب المحال

-جتنی محنت ہوتی ہے اتنی ہی اونچے مرتبوں کو تم حاصل کرو گے۔اور جو اونچے مرتبوں کو طلب کرتا ہے وہ راتوں کو جاگتا ہے تاکہ اپنی لیلی (علم) کو حاصل کرے۔

- حضرت مفتی محمود حسنؒ ایک شعر کبھی سنایا کرتے تھے:

نیند اس کی ہے دماغ اس کا ہے،راتیں اس کی ہیں تیری زلفیں جس کی بازو پر پریشاں ہوگئیں

یعنی اے محبوبہ تیری زلفیں جس کے بازوں پر بکھر جائیں اس کی نیند، دماغ اور راتیں سبھی قابل مبارک باد ہیں۔

اس سے مراد یہ ہے کہ کتابوں کے نقطوں اور حواشی کی زلفیں جس کے بازو پر بکھر جائیں اس کی دن ورات سبھی اچھے ہیں۔

سهري لتنقيح العلوم ألذُّلى ... من وصل غانية وطيب عناق

وتمايلي طرباً لحل عويصة ... أشهى وأحلى من مدامة ساق

وصرير أقلامي على أوراقها ... أحلى من الدوكاه والعشاق

وألذ من نقر الفتاة لدفها ... نقرى لألقى الرمل عن أوراقي

-میرا بیدار رہنا جاگنا علوم کی تحقیق کے لئے یہ میرے لئے زیادہ لذیذ ہے حسین لڑکی کے وصال سے اور اس کے معانقہ کی لذت سے اور میرا حرکت کرنا مستی کی وجہ سے کسی مشکل مسئلہ کو حل کرنے کے وقت یہ زیادہ لذیذ اور زیادہ اچھا ہے ساقی کی شراب سے۔

-ہر عشق و محبت میں نقصان ہے، سوائے علم کی محبت میں نقصا ن نہیں فائدہ ہی فائدہ ہے۔

حافظ شیرازی جو فارسی کے شاعرہیں فرماتے ہیں:

- خلیل پذیر بہ بر ہر بنا کہ می بینی مگر بنائے محبت کہ خالی از خلل است

-ہر عمارت کے اندر نقصان آتا ہے ، مگر محبت اور عشق کی دیوار میں کوئی نقصان نہیں۔

- اگر علم سے محبت ہو تو اس میں کوئی نقصان نہیں فائدہ ہی فائدہ ہے۔

-دورہ کی وجہ تسمیہ : دار یدور دوراً: چکر لگانا، مکمل گھومنا۔دورہ اس چکر کو کہتے ہیں جو ختم نہیں ہوتا ، جیسے سائیکل کا پہیہ جب وہ گومتا ہے تو اس سے کوئی بھی جگہ خالی نہیں ہوتی ، وہ اپنے پورے محل میں گھومتا ہے۔اور جیسے پنکھا اپنے محل میں مکمل چلتا ہے ، یہ نہیں کہ درمیان میں وقفہ کر دیا اور بعض جگہ خالی رہ گئی۔سورج کا دورہ یہ ہے کہ سورج چوبیس گھنٹے چلتا رہتا ہے۔چاند کا دورہ یہ ہے کہ چاند چوبیس گھنٹے چلتا رہتا ہے۔اسی طرح حدیث کا دورہ یہ ہے کہ چوبیس گھنٹے حدیث چلے گی، صبح بھی حدیث ، شام کو بھی حدیث، مغرب کے بعد بھی اور عشاء کے بعد بھی حدیث۔اور جو چند گھنٹے کے لئے سوتے ہیں تو وہ سونا بھی حدیث ، کیونکہ وہ سونا ضرورت کی وجہ سے ہے ، اگر نہ سوئے تو مشین ہی نہیں چلے گی۔یہ سونا ضرورت کی وجہ سے ہے ، عیاشی کے لئے نہیں۔آپ یہ نہیں کہیں گے کہ ہم دن رات کیوں پڑھتے رہیں۔کسی نے اگر آپ سے یہ پوچھ لیا ، یا پوچھا ہوگا کہ اس سال

آپ کیا پڑھیں گے تو آپ نے یہ جواب دیا ہوگا کہ دورہ حدیث پڑھیں گے ، یہ نہیں کہا ہوگا کہ حدیث پڑھیں گے۔جب اس کا نام دورہ حدیث رکھا تو خود بخود اس میں یہ بات آگئی۔

-مکتبۂ عشق کے انداز نرالے دیکھے اس کو چھٹی نہ ملی جس نے سبق یاد کیا

-جس نے سبق یاد کیا اس کی چھٹی نہیں اور جس نے سبق یاد نہیں کیا اس کو دلالت النص سے تو بدرجہ اولی چھٹی نہیں ہوگی۔

-شعر: چوٹ پہ چوٹ کھا کے جی ،زخم پہ زخم کھا کے جی آہ نہ کر لبوں کو سی عشق ہے دل لگی نہیں

-مدرسہ کی طرف سے ڈانٹ ڈپٹ ہوگی، سزا بھی ہوگی اور کبھی سب کے سامنے کھڑا بھی کیا جائے گا لیکن علم دین کے عشق میں یہ سب برداشت کرنا پڑے گا۔

4)خدمت

-محنت کے ساتھ خدمت کا جذبہ بھی ہونا چاہئے۔

-مدرسہ کی،اساتذہ کی،ساتھیوں کی، مسجد کی، کتابوں کی اور درسگاہوں کی خدمت کرنی ہوگی اللہ کے لئے۔

- حضرت ابن عباسؓ باوجود کہ دس سال کے بچے تھے رسول اللہ ﷺ کی خدمت کے لئے اٹھے اور رسول اللہ ﷺ کے سامنے لوٹا رکھا وضو کے لئے۔

-خدمت میں ہوشیاری چاہئے۔

- حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ فرماتے ہیں کہ میرے ایک مرید آئے اور مجھ سے جوتا لینے لگے ، میں نے جوتا دینے سے انکار کیا ، بجائے اس کے کہ وہ چھوڑ دیتے ، انھوں نے میرے ہاتھ کو مروڑا اور جوتا لے لیا۔فرمایا:دیکھو ! انھوں نے خدمت کی ، یا تکلیف پہنچائی۔خدمت کے لئے بھی عقل اور ہوشیاری کی ضرورت ہے۔خدمت اللہ تعالی کے لئے ہو۔

5)عزت: کتاب کی،اساتذہ کیو غیرہ۔

-طلباء کو چاہئے کہ وہ اساتذہ کی تعظیم کریں۔حضرت ابن عباسؓ نے رسول اللہ ﷺ کی تعظیم کی اور نماز میں آپ ﷺ کے برابر نہیں کھڑے ہوئے بلکہ آپ کے پیچھے کھڑے ہوئے۔رسول اللہ ﷺ نے ان کو بائیں طرف سے دائیں طرف گھمایا اور برابر کھڑا کر دیا ، تو پھر ذرا پیچھے ہوگئے۔

-استاذ کا ادب یہ ہے کہ : استاذ راضی رکھنے کی کوشش کرے اور اس کی ناراضگی سے بچے ، اس کے حکم کو مانے اور اس کے آگے نہ چلے اور نہ اس کی جگہ پر بیٹھے اور نہ اس کے پاس اس کی اجازت کے بغیر بات شروع کرے اور نہ اس کے سامنے بہت زیادہ بات کرے، نیز ہر کام اس کے مناسب وقت میں کرے۔(تعلیم المتعلم، ص22)

6)دعائے مشیخت

-طلبا کو چاہئے کہ مشائخ کے لئے دعا کریں اورمشائخ کو بھی چاہئے کہ وہ طالب علموں کے لئے دعا کریں۔

- حضرت انسؓ آپ ﷺ کی خدمت کیا کرتے تھے ، رسول اللہ ﷺ سے ام سلیم نے فرمایا کہ آپ انیس (پیارے انس) کے لئے دعا کریں۔رسول اللہ ﷺ نے ان کے لئے برکت کی دعا کی اور فرمایا: اے اللہ ان کے مال میں اور ان کے اہل وعیال میں برکت دے دے۔

-علم الحدیث دو لفظوں سے مرکب ہے : علم اور حدیث۔

-علم کا معنی: 1)جاننا

2) حصول صورۃ الشیء فی الذہن (ذہن میں کسی چیز کی صورت کا حاصل کرنا)

3) الحاضر عند المدرک۔(ادراک کرنے والے کے پاس جو حاضر ہو اس کو علم کہتے ہیں)

- علم کا چوتھا معنی ہم کتاب العلم میں بیان کریں گے۔

-حدیث لغۃً: جدید فی مقابلۃ القدیم۔

حدیث کا وجہ تسمیہ:

1) قرآن کریم قدیم ہے(یعنی جس کے لئے ابتدا نہ ہو) اور اس کے مقابلے میں رسول اللہ ﷺ کے الفاظ حدیث بمعنی حادث ہیں(جس کے لئے ابتدا ہو)

اللہ تعالی کا کلام قدیم ہے ، کیونکہ یہ اللہ تعالی کی صفت ہے اور اللہ تعالی کی صفت کے لئے ابتدا نہیں اور رسول اللہ ﷺ کے کلمات حادث ہیں، کیونکہ اس کے لئے ابتدا ہے ، رسول اللہ ﷺ سے پہلے وہ کلمات موجود نہیں تھے۔

اشکال:رسول اللہ ﷺ کے کلمات ہی کو حدیث کیونکہتے ہیں ؟ ہم سب کے کلمات حادث ہیں ، پھر ہمارے کلمات کو حدیث کیوں نہیں کہتے ؟

جواب: 1)اصل کلمات میں، رسول اللہ ﷺ کے کلمات ہیں اس لئے ان کو حدیث کہا گیا۔ہمارے کلمات رسول اللہ ﷺ کے کلمات کے مقابلہ میں کالعدم ہیں ؛

2)قرآن کریم کا پہلا نمبر ہے اور حدیث کا دوسرا نمبر ہے تو جس کا پہلا نمبر ہے وہ قدیم اور جس کا دوسرا نمبر ہے وہ حدیث۔

2)حدیث خود قرآن کریم سے ماخوذ ہے۔قرآن کریم میں ہے : وأما بنعمۃ ربک فحدث تواس آیت کریمہ میں رسول اللہ ﷺ کے بیان کے لئے حدّث کا لفظ آیا ہے

3نعمتوں بیان کی قرآن کریم نے:1)الم یجدک یتیمًا فآوی تو اسکا بیان:فأما الیتیم فلا تقھر

2)ووجدک ضآلا فھدی وأما بنعمۃ ربک فحدث(ترتیب بیان میں فرق آیا)

3)ووجدک عائلا فأغنی وأما السائل فلا تنھر

حکمت ترتیب:1)فاصل برابر ہو جائے

2)لیتصل النھی إلی النھی

3)اجمال میں ہدایت کو پہلے رکھا اہمیت کی وجہ سے اور سائل بہ منزلہ مقدمہ ہے

3)احادیث میں حدیث کو حدیث کہا گیا ہے، مثلاً طبرانی کے المعجم الأوسط میں ہے:

5846 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ أَبُو حُصَيْنٍ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْعَلَوِيُّ قَالَ: نا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: «اللَّهُمَّ ارْحَمْ خُلَفَاءَنَا» ، قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، وَمَا خُلَفَاؤُكُمْ؟ قَالَ: «الَّذِينَ يَأْتُونَ مِنْ بَعْدِي، يَرْوُونَ أَحَادِيثِي وَسُنَّتِي، وَيُعَلِّمُونَهَا النَّاسَ»

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ إِلَّا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، وَلَا عَنْ هِشَامٍ إِلَّا أَبِي فُدَيْكٍ، تَفَرَّدَ بِهِ أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى الْعَلَوِيُّ "**(یہ روایت موضوع ہے)**۔

اسی طرح حدیث میں آتا ہے کہ حدثوا عنی ولا حرج (مسلم:3004)۔

اسی طرح حدیث میں آتا ہے: من حفظ علی اُمتی اَربعین حدیثاً بعثہ اللہ فقیہا وکنت لہ شہیدا یوم القیامۃ(وفی إسنادہ اسحاق بن نجیح وفیہ کلام،وھوضعیف)

اسی طرح : مَن حدّث عنّي حدیثاً وھو یرَی أنّہ کَذِبٌ فھو أحَدُ الکاذِبین.(ترمذی:2662)

اس روایت میں جھوٹی حدیث کو بھی حدیث کہا۔

یہ اور اس قسم کی روایات سے پتہ چلتا ہے کہ حدیث کو حدیث کہتے ہیں۔

-علم الحدیث

-علم الحدیث کی دو قسمیں ہیں : 1)علم الحدیث د رایۃً ؛ 2)علم الحدیث روایۃً

آسان لفظوں میں ہم کہیں گے کہ ایک ہے علم أصول الحدیث اور دوسرا ہے علم روایۃ الحدیث یا علم أَلفاظ الحدیث۔

-علم أصول الحدیث ہے جس کو علم الحدیث درایۃ کہتے ہیں اس کی تعریف یہ ہے : علم یعرف بہ أحوال السند والمتن صحۃ وحسنا وضعفا وعلوا ونزولا و کیفیۃ۔

-اس کا موضوع ہے: السند والمتن۔

-السند: الطریق الموصل إلی أَلفاظ الحدیث یسمی بالسند۔

-المتن: ما یذکر بعد الإسناد یسمی بالمتن۔

-متن کی تین قسمیں ہیں : 1)قوال؛ 2) افعال 3)تقریرات

اقوال: رسول اللہ ﷺ نے یہ فرمایا ہے۔

افعال: آپ ﷺ نے یہ کام کیا ہے۔

تقریر: رسول اللہ ﷺ نے کسی صحابی کو کوئی بات کہتے یا کوئی کام کرتے دیکھا اور آپ خاموش رہے۔

-پھر ہر ایک کی دو قسمیں ہیں : 1) قبل النبوۃ، 2) بعد النبوۃ؛یعنی آپ نے قبل النبوت فرمایا یا بعد النبوت فرمایا۔

- پھر ہر ایک کی دو قسمیں ہیں : 1)إما أن یکون خاصۃً للنبی ﷺ یعنی وہ آپ ﷺ کی خصوصیت ہے ، مثلاً: آپ ﷺ نے گیارہ بیویوں سے شادی کی۔

2) وہ آپ ﷺ کے ساتھ خاص نہیں ہے۔اس طرح یہ بارہ قسمیں ہوگئیں۔

-غرض: تمیز الصحیح من السقیم۔ صحیح روایت کو بیمار روایت سے الگ کرنا۔ سقیم میں ضعیف، منکر، موضوع وغیرہ سبھی داخل ہیں۔

-کتب اصول الحدیث :

مثلا: نخبۃ الفکر حافظ ابن حجر کی

الالماع قاضی عیاض کی

تدریب الراوی شرح تقریب للنووی امام سیوطی کی۔

الکفایۃ خطیب کی۔

مقدمہ ابن صلاح کی۔توجیہ النظر؛الالفیۃ عراقی کی اور اس زمانہ میں بے شمار کتابیں اس موضوع پر لکھی گئی ہیں۔

سب سے پہلے ابو محمد رام ھرمزی نے کتاب لکھی اس موضوع پر

2) علم روایۃ الحدیث (الفاظ الحدیث) :

-اس میں تین مذاہب ہیں : 1) محدثین متقدمین کا مذہب

2) محدثین متاخرین کا مذہب

3) اصولیین کا مذہب

-اصولیین کے نزدیک علم الفاظ الحدیث کی تعریف: علم یعرف بہ أقوال رسول اللہ ﷺ وأفعالہ۔(اور تقریر کو افعال میں شمار کرتے)

-محدثین متاخرین کے نزدیک علم ألفاظ الحدیث کی تعریف: علم یعرف بہ أقوال رسول اللہ ﷺ وأفعالہ وأحوالہ وتقریراتہ من حیث أنہ نبی۔

-بعض: علم یضاف إلی النبی ﷺ قولا أو فعلا أو تقریرا أو صفۃ من حیث أنہ نبي۔

-محدثین متقدمین کے نزیک علم الحدیث صحابہ کرام اور تابعین کے اقوال وافعال کو بھی شامل ہے۔

-متاخرین کے نزدیک صحابہ کرام کے اقوال کو موقوف ، اور تابعین کے اقوال کو مقطوع کہتے ہیں۔

-متقدمین اور متاخرین کی مثال ایسی ہے ، جیسے پہلے زمانہ میں ایک ڈاکٹر پیٹ کان آنکھ پورے جسم کا ڈاکٹر ہوتا تھا۔اسی طرح متقدمین کے نزدیک رسول اللہ ﷺ، صحابہ اور تابعین سبھی کے اقوال حدیث ہیں۔بعد میں تفصیل آئی اور متاخرین نے ہر ایک کو الگ کردیا رسول اللہ ﷺ کی حدیث کو مرفوع اور صحابہ کی حدیث کو موقوف اور تابعی کی حدیث کو مقطوع کہا۔

-موضوع:اقوال النبی ﷺ وأفعالہ

غرض وغایت:1) تمییز الوحی من غیرہ۔

2) اکتساب اللذۃ بقراء ۃ أقوال رسول اللہ ﷺ وأفعالہ وتقریراتہ.

3) سعادۃ الدارین۔

4) تحصیل الفضائل والدعوات التی وعد بہا النبی ﷺ (تحصیل الفضائل والدعوات النبویۃ)

مثلاً:نضر اللہ امرء سمع مقالتی فحفظھا ووعاھا وأداھا إلی الناس

أولی الناس بی أکثرھم صلوۃً علی

-علم حدیث کی کتب کی اقسام:

1)الجامع اس کو کہتے ہیں جو ان آٹھ چیزوں پر مشتمل ہو:

سیر آداب، تفسیر وعقائد فتن، اشعار، احکام ومناقب

2)معاجم جو حروف معجمہ پر مرتب ہو۔ (عند البعض مایکون علی ترتیب.....)

3)مسانید:مایکون علی ترتیب الصاحبۃ،اور اس کی دو قسمیں ہیں: 1) حروف ہجا پر ہو 2) فضیلت کی ترتیب سے ہو۔

4)مشیخۃ جو مشائخ کی ترتیب پر ہو۔

5)سنن : ما یکون علی ترتیب ابواب الفقہ۔الطہارۃ ثم الصلاۃ ثم الزکاۃ۔

6)مراسیل: ما یقول فیہ التابعی قال رسول اللہ ﷺ۔اور کبھی منقطع کو بھی مرسل کہتے ہیں

7)مستدرک: الذی یذکر فیہ ما فات من مصنف آخر۔مثلا مستدرک حاکم ، حاکم فرماتے ہیں : کہ صحیح کی شرط پر جو روایات ہیں اور ان میں نہیں آئی ہیں میں نے اس کتاب ان روایات کو ذکر کیا ہے۔حالانکہ ان کے مصنف نے یہ دعوی نہیں کیا ہے کہ ہم تمام صحیح روایات کو لیا ہے، بلکہ انھوں نے کچھ کو لیا ہے اور کچھ کو چھوڑ دیا ہے۔

8)اجزاء : ما یتعلق مسألۃ واحدۃ ، جیسے جزو رفع الیدین لِلامام البخاری۔

9)اربعینیات: وہ کتاب جس میں کسی ایک موضوع سے متعلق 40 احادیث کو ذکر کیا جائے۔

10)تفردات وغرائب : ما یکون فیہ تفردات الشیخ۔

11)مفرد: ما یکون فیہ مرویات شیخ واحد۔

12)مسلسل: ما اتفق فیہ الروات علي کلمۃ واحدۃ، مثلا مسلسل بالمصافحہ ہو تو تمام راوی مصافحہ کا ذکر کرتے ہوں صحابی کہے مجھے رسول اللہ ﷺ نے یہ بتایا وصافحنی تابعی کہے مجھے صحابی نے یہ بتایا وصافحنی وعلی ہذا القیاس. یا مثلا مسلسل بالاولیت ہے کہ جو ہمارے مشائخ ابتدا میں بیان کرتے ہیں : الراحمون یرحمہم الرحمن ارحموا من فی الأرض یرحمکم من فی السماء' یہ مسلسل بالأولیت ہے ،لیکن کہتی ہیں کہ تسلسل سفیان تک ہے آگے نہین۔اس باب مین شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کا رسالہ ہے المسلسلات جو حضرت مولانا عاشق الہی بنلد شہری کی تعلیقات کے ساتھ چھپ چکا ہے۔(الفضل المبین)

13)اطراف: ذکر طرف حدیث لیدل علی بقیۃ الحدیث۔جیسے الاطراف للمزی، انما الأعمال بالنیات یہ حدیث کا ایک جز و ہے اس کو ذکرکیا جائے جس سے باقی حدیث کی طرف رہنمائی ہو جائے اسلئے کہ مشہور ہے یا مثلا الحلال بین والحرام بین۔

14)تخریجات: تخریج کے معنی یہ ہیں کہ کسی حدیث کے متن کو لے کر اس کے راوی ،متن اور ماخذ کو ذکر کیا جائے یہ حدیث کہا ں کہاں ہے؟ اس میں کوئی راوی ضعیف ہے یا نہیں ؟جیسے نصب الرایۃ ، درایہ وغیرہ۔

مثلا ابو اللیث سمر قندی اپنی کتاب تنبیہ الغافلین میں حدیث ذکر کرتے ہیں ، لیکن پتہ نہیں چلتا کہ یہ حدیث کس کتاب سے نقل کی ہے اور اس کی سند کیسی ہے۔اس پر تخریج کرنے والے یہ کہتے ہیں کہ یہ حدیث فلان جگہ ہے اس کی یہ سند ہے صحیح ہے یا حسن یا ضعیف ہے۔اور یہ بہت اہم کام ہے۔

15)کتاب الجمع : وہ کتاب ہے جو مختلف کتابوں کو جمع کرکے ایک کتاب بنا دے

جیسے جامع الاصول : اس کتاب میں صحاح خمسہ کو جمع کیا ہے ابن ماجہ کے علاوہ۔اس کے بعدعلامہ ہیثمی نے مجمع الزوائد لکھی۔جس میں ان پانچ کتابوں کے علاوہ مسند احمد مسند بزار، مسند ابو یعلی موصلی ،معجم کبیر ،معجم صغیر ،معجم اوسط طبرانی کی، یہ سبھی کتابیں اس میں موجود ہیں۔پھر اس کے بعد جمع الفوائد کے نام سے کتاب لکھی گئی۔اس کتاب میں مذکورہ کتابوں کے علاوہ دارمی اور ابن ماجہ کو بھی لے لیا۔مجمع الزوائد میں ابن ماجہ کی احادیث نہیں ہے۔اس کے بعد علامہ سیوطی رحمہ اللہ آئے اور انھوں نے دو کتابیں لکھی۔ایک کا نام الجامع الکبیر یا جمع الجوامع ہے انھوں نے اپنے خیال میں تمام احادیث کوجمع کیا جو ان کو معلوم تھیں۔پھر اس کی تلخیص کی اور اس کا نام الجامع الصغیر رکھا۔

جمع الجوامع میں ایک قسم الاقوال ہے یعنی رسول اللہ ﷺ کا فرمان۔دوسری قسم الافعال ہے۔لیکن اس کتاب سے حدیث نکالنا بہت مشکل ہے ، کیونکہ اگر قولی حدیث نکالنا ہے تو اس کے لئے آپ کو حدیث کا ابتدائی حصہ معلوم ہونا چاہیے۔اور جو قسم الافعال ہے اس میں صحابی کا نام یاد ہونا ضروری ہے اور یہ بھی مشکل ہے کہ کس صحابی نے آپ کے یہ فعل دیکھا۔اس کے بعد علی متقی برہان پوری جو اس زمانے میں گجرات میں شامل تھا ، اور اب مہاراشٹر میں واقع ہے ، انھوں نے کنز العمال نامی کتاب لکھی اور امام سیوطیؒ کی جمع الجوامع کو فقہی ابواب پر مرتب کیا جس سے حدیث کا نکالنا آسان ہوگیا۔اس لئے علماء فرماتے ہیں کہ امام سیوطیؒ نے امت پر احسان کیا کہ الجامع الکبیر لکھی اور علی متقیؒ کا احسان امام سیوطیؒ پر ہے کہ ان کی کتاب کو بہترین انداز میں مرتب کیا۔للسیوطی منّۃ علی الأمۃ ولعلی المتقی منۃ علی السیوطی

16)الفھارس: فہرست کے معنی ہیں کتاب کے مضامین کی طرف اشارہ کرنے والی چیز۔

الفہرس: بیان موضوعات الکتاب ومسائل الکتاب علی وجہ الاجمال ۔

فہارس آج کل بہت اہم سمجھے جاتے ہیں ، اس زمانہ میں اگر ایک کتاب پانچ جلدوں کی ہوتی ہے تو ایک جلد فہرست کی ہوگی مضامین کے اعتبار سے حروف تہجی کے اعتبار سے ، فقہی ترتیب کے اعتبار سے۔

اس لئے اگر آپ کے وقت کتاب پڑھنے کا وقت نہ ہو تو کم از کم صرف فہرست دیکھ لیں اس سے پتہ چل جائے گا کہ اس کتاب میں کون سا عجیب وغریب مسئلہ ہے۔ہندوستانی طریقہ فہرست کو ابتدا میں لگانے کا ہے اور عرب کا طریقہ فہرست کو آخر میں لگانے کا ہے۔

17)تراجم: جس میں راوی کے حالات اور ان کی مرویات کا ذکر ہو۔

جیسے حافظ مزی کی تہذیب الکمال ، حافظ ابن حجر کی تہذیب التہذیب، علامہ ذہبی کی میزان الاعتدال۔اس باب میں بہت سی کتابیں لکھی گئی ہیں۔

18)کتاب الفضائل: جس میں ان احادیث کا ذکر ہو جس احادیث کسی عمل کی فضیلت پر دلالت کرتی ہوں۔

فضائل القرآن ، فضائل الحج، الترغیب والترہیب وغیرہ۔

19)المختصر: کتابوں کو ملخص کیا گیا۔جیسے مختصر أبی داؤدحافظ منذری کی۔

20)کتاب الموضوعات: موضوع اس حدیث کو کہتے ہیں جو اپنی طرف سے بنائی گئی ہے۔

موضوعات کی کتابوں میں کبھی ضعیف اور بعض مرتبہ تبعا صحیح احادیث کا بھی ذکر ہوتا ہے۔

مثلاً : الموضوعات لابن جوزیؒ۔ابن جوزی نے اپنی اس کتاب میں بعض ضعیف اور بعض صحیح احادیث کو بھی موضوعی کہا ہے اسی طرح مسند احمد کی بعض روایات کو موضوعی کہا ہے جس پر حافظ ابن حجر نے ان کا تعقب کیا ہے اور القول المسدد فی الذب عن مسند احمدکے نام سے رسالہ لکھا ہے۔اور علامہ سیوطی رحمہ اللہ نے بھی ان کے خلاف التعقبات کے نام سے کتاب لکھی ہے۔

اسی طرح ابن عراق نے تنزیہ الشریعۃ المرفوعۃ عن الاحادیث الموضوعۃ کے نام سے بہترین کتاب لکھی ہے۔

تذکرۃ الموضوعات علامہ محمد طاہر پٹنی نے لکھی ہے۔

المقاصد الحسنۃ

تذکرۃ للزرکلی؛ اسنی المطالب علامہ محمد درویش؛ المنار المنیف(ابن قیم)

21)المستخرج: کسی مصنف کی حدیث کو اپنی سند سے تائید کے لئے بیان کیا جائے۔
جیسے بخاری اور ترمذی کے مستخرجات لکھے گئے۔مثلا انما الأعمال بالنیات والی حدیث کو امام بخاری نے اپنی سند سے بیان کی ہے اور اسے حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ تک پہنچایا ہے حدثنا الحمیدی قال حدثنا سفیان ... ۔اب اگر میں اس حدیث یوں بیان کروں : حدثنا مولانا سلیمان گانچی حدثنا مولانا ابرار الحق حدثنا مولانا اشرف علی التھانوی عن فلان عن فلان... عن عمرؓ قال سمعت النبی ﷺ یقول: إنما الأعمال بالنیات۔تو اس حدیث کو مستخرج کہیں گے۔
22)غریب الحدیث : اس کتاب کو کہتے ہیں جس میں کسی حدیث کے غریب ومشکل الفاظ کے معانی کو بیان کیاجائے۔
جیسے زمخشری نے الفائق فی غریب الحدیث کے نام سے کتاب لکھی ہے۔
ابن اثیر نے النہایۃ لکھی ہے علامہ طاہر پٹنی نے مجمع بحار الانوار لکھی ہے۔
23)مشکل الحدیث: حدیث کے مشکل مضامین کی تشریح کی جائے
جیسے مشکل الآثار امام طحاوی کی۔
یاجیسے حدیث میں آتا ہے "لاعدوی ولاطیرۃ" ، جبکہ بہت سی بیماریاں متعدی ہوتی ہیں۔اس کا مطلب بیان کیا جائے۔
24) تجرید الحدیث : اس کتاب کو کہتے ہیں جس میں مقررات کو حذف کر کے کتاب کو مجرد کر دیاجائے
جیسے تجرید البخاری چھوٹی سی جلد میں ملتی ہے۔اور اگر دوسری حدیث میں کچھ اضافہ ہے تو اس کو اس طرح بیان کریں کہ ایک روایت میں یہ ہے اور دوسری روایت میں یہ ہے۔
25)کتاب العلل: جس میں احادیث کو جمع کر کے اختلاف طرق کو بیان کیا جائے کہ اس کے طرق میں کیا اختلاف ہے اور اس کا کیا اثر پڑتا ہے۔
26)کتاب ا لزوائد: اس کتاب کو کہتے ہیں جس میں کسی کتاب کی احادیث کو لے لیا جائے اور مزید احادیث کا اضافہ کیا جائے ۔جیسے موارد الظمآن فی زوائد ابن حبان علامہ ہیثمی کی۔زوائد کا یہ بھی مطلب ہے کہ کسی کتاب کی صرف زائد احادیث کو بیان کیا جائے ، جیسے زوائد ابن ماجہ۔اس میں ان احادیث جو جمع کیا گیا ہے جو صحاح ستہ میں سے صرف ابن ماجہ میں ہیں دوسری کتابوں میں نہیں۔
27)امالی : املاء کی جمع ہے۔املاء کہتے ہیں یاد سے بیان کرنا اور طالب علموں کا لکھنا۔
أن یلقی الأستاذ ما ألقی اللہ فی قلبہ علی التلامیذ
امالی اس کتاب کو کہتے ہیں جس میں معلم بولتا ہے اور تلامیذ لکھتے ہیں اس سے جو کتاب مرتب ہوتی ہے اس کو امالی کہتے ہیں۔ جیسے امام ابو یوسفؒ کی امالی ہے۔آسان لفظوں میں استاذ کی تقریر کو طالب علم لکھ کر کتاب کی شکل میں ضبط کرے اس کو امالی کہتے ہیں۔جیسے فیض الباری بخاری کی تقریری ہے علامہ انور شاہ کشمیریؒ کی جس کو ان کے شاگرد علامہ بنوریؒ نے مرتب کیا ہے۔اسی طرح الکوکب الدری یہ تقریر ہے حضرت رشید احمد گنگوہیؒ کی جس کو حضرت مولانا یحیٰؒ صاحب نے مرتب کیا ہے۔اسی طرح اس زمانہ میں جو بے شمار تقریریں چھپتی ہیں وہ سب امالی کے درجہ میں ہیں۔
28)ثلاثیات: وہ کتب حدیث جس کے مصنف اور رسول اللہ ﷺ کے درمیان تین واسطے(صحابی ،تابعی ، تبع تابعی) ہوں۔اس کو اہمیت حاصل ہے کہ یہ خیر القرون پر مشتمل ہے۔اس لئے بخاری کی ثلاثیات مشہور ہیں اور مستقل چھپی ہوئی ہیں۔بخاری کے

اندر ۲۲ ثلاثیات ہیں۔ابن ماجہ میں پانچ اور ترمذی میں ایک ثلاثی روایت ہے۔دارمی میں زیادہ ثلاثی روایات ہیں۔اور اگر یہ ترجیح کی وجہ ہے تو امام ابو حنیفہ رحمہ کی روایات یا وحدانیات ہیں یاثنائیات ہیں یا ثلاثیات۔امام ابو حنیفہؒ نے جو روایات حضرت انسؓ سے سنا وہ وحدانیات ہیں جیسا کہ ایک روایت میں آپ کا حضرت انسؓ سے سننا ثابت ہے اور ایک روایت میں نہیں ہے۔اور وہ روایات جن میں امام ابو حنیفہؒ اور رسول اللہ ﷺ کے درمیان صرف دو واسطے ہیں وہ ثنائیات ہیں اورآپ کی ثلاثیات تو بہت ہیں۔آپ پڑھیں گے کہ بخاری کی 22 میں سے 20 ثلاثیات احناف سے مروی ہیں ، ۱۲ ثلاثیات صرف مکی بن ابراہیم سے مروی ہے جو حنفی تھے۔دو کے بارے میں معلوم نہیں کہ ان کا مذہب کیا تھا۔

ابن ماجہ میں 5 ثلاثیات اور ترمذی میں ایک ہے

29)کتاب الوحدان: جس میں ان احادیث کا ذکر ہو جن سے صرف ایک روایت مروی ہے۔

30)کتاب الاذکار: جس میں وہ احادیث مروی ہیں جو ذکر واذکار پر مشتمل ہیں۔

31)کتاب الترغیب والترہیب: جو اعمال صالحہ کی ترغیب اور برے اعمال سے ڈرانے پر مشتمل ہو۔

اس کے علاوہ بھی بعض قسمیں ہیں۔

- حدیث کی تقسیم صحت اور حسن کی اعتبار سے:

- صحیح لعینہ ، حسن لعینہ ، صحیح لغیرہ، حسن لغیرہ ، ضعیف۔

-1)صحیح لعینہ: وہ حدیث ہے جو چھ نمبر پر مشتمل ہوجس میں تین مثبت ہیں اور تین منفی ہیں :

مثبت(یاوجودی) یہ ہیں : 1) راوی عادل ہوں، 2) سند متصل ہو، 3) تمام راوی کامل الضبط ہوں۔

منفی یہ ہیں: 1)شاذ نہ ہو(ثقہ اوثق کی مخالفت کرے)، 2)منکر نہ ہو(ضعیف ثقہ کی مخالفت کرے)، 3)معلل نہ ہو(حدیث کی سند میں ایک علت خفیہ جوماہرین حدیث سمجھتے، جس کی طرف طبیعت مائل نہیں ہوتی)۔

ثقہ کی روایت کو شاذ اور اوثق کی روایت کو محفوظ کہتے ہیں۔

شاذ کا دوسرا معنی ہے : ما لیس لہ الا أصل واحد۔ اور بعض کہتے ہیں کہ شاذ اس کو کہتے ہیں ما لیس لہ إلا إسناد واحد۔بعض کہتے ہیں کہ شاذ: الذی لیس لہ أصل یتابعہ جس کی کوئی اصل نہ ہو جو متابع اور موافق بن جائے۔

ضعیف کی روایت کو منکر اور ثقہ کی روایت کو معروف کہتے ہیں۔

2)حسن لذاتہ اس حدیث کو کہتے ہیں جس میں کوئی راوی خفیف الضبط ہو اور باقی صحیح لذاتہ کی تمام شرائط اس میں موجود ہوں۔

3) صحیح لغیرہ : وہ حدیث حسن لذاتہ جس کے طرق متعدد ہوں۔

4)حسن لغیرہ : وہ حدیث ضعیف جس کے طرق متعدد ہوں۔

5)ضعیف : جس میں صحیح اور حسن کی شرائط موجود نہ ہوں۔

ضعیف روایت سے استدلال کرنا جائز ہے۔

امام احمد بن حنبل اور ابن مہدی اور عبد اللہ بن مبارک فرماتے ہیں: إذا روینا فی الأحکام شددنا وإذا روینا فی الفضائل سہلنا۔اس لئے کہ نفل اور سنت میں نرمی ہوتی ہے اور فرض وواجب میں سختی ہوتی ہے۔فرض وواجب کھڑے ہو کر پڑھنا ضروری ہے ،

بیٹھ کر نہیں پڑھ سکتے اور سنت ومستحب بیٹھ کر پڑھ سکتے ہیں۔جس کو کرنے میں اللہ تعالی نے نرمی وآسانی رکھی ہے اس کے طریقہ ثبوت میں بھی علماء نے آسانی رکھی ہے۔

بعض عرب حضرات کہتے ہیں کہ تم کہتے ہو کہ احکام میں ضعیف حدیث حجت نہیں اور فضائل میں حجت ہے حالانکہ فضیلت اور استحباب یہ بھی حکم ہے اور جب یہ حکم ہے تو اس میں کیوں ضعیف کو لیتے ہیں ؟ اس کا جواب یہ ہے کہ احکام میں ضعیف حدیث نہ لینے کا مطلب یہ ہے کہ فرائض وواجبات میں نہیں لیتے اسی طرح وہ سنت موکدہ جو واجب کے حکم میں ہے۔باقی سنن ومستحبات ومباحات میں لیتے ہیں۔

علماء فرماتے ہیں : کہ جب ضعف شدید نہ ہو تو ضغیف حدیث سے استدلال جائز ہے۔علماء یہ بھی فرماتے ہیں کہ جب ضعیف حدیث کسی اصول کے ساتھ متصادم ہو تب بھی ضعیف کو نہیں لیں گے۔جیسے ضعیف حدیث میں آتا ہے کہ نوے انبیاء کرام حطیم ا ور خانہ کعبہ کے اطراف میں مدفون ہیں۔اب اصول تو یہ ہے کہ وہ مسجد ہے مقبرہ تو نہیں کہ اس میں نوے انبیاء کرام مدفون ہوں اور حطیم میں نوے قبروں کی گنجائش ہی کہاں ہے۔اس لئے اس ضعیف روایت کو اصول کے خلاف ہونے کی وجہ سے نہیں لیں گے۔

اسی طرح ضعف شدید نہ ہو اور اس پر عمل کیا جائے اس حیثیت سے کہ مجھے اس پر ثواب ملے گا ، اس حیثیت سے نہیں کہ یہ شریعت کا پکااور اعلی درجہ کا حکم ہے۔شامی وغیرہ میں ضعیف حدیث پر عمل کرنے کے یہ تین شرائط بیان کئے گئے ہیں :

1)ضعف شدید نہ ہو۔

2) اصول کے خلاف نہ ہو۔

3) اس پر عمل ثواب کی امید پر ہو ، یقین کے درجہ میں نہ ہو۔

6)الموضوع: الموضوع المختلق علی رسول اللہ ﷺ۔

7)متروک : وہ حدیث جس میں کوئی راوی متہم بالکذب ہو۔

8)معلل: جس میں علت خفیہ ہو۔

9)محرف: جس کی شکل کو تبدیل کردیں۔جیسے حضرت علی رضی اللہ فرماتے ہیں رمی اُبَیٌ یوم الأحزاب اس کو غندر نے اَبِی بنایاجابرؓ کی حدیث میں۔

10)مصحف : جس میں نقطوں کو ادھر ادھر ہو گئے ہوں ، جیسے مراجم کو مزاحم کردینا۔(نقطۃ سھیل)

11)مضطرب: ما روی علی اوجہ مختلفۃ جو مختلف طریقوں پر مروی ہو ، معلوم نہیں کہ یہ طریق صحیح ہے یا دوسرا طریق۔

12)مجمل: جس میں دو راوی نام میں شریک ہوں اور دونوں کا زمانہ بھی ایک ہو، معلوم نہیں یہ ہے یا وہ ہے۔اب اگر دونوں ثقہ ہوں تو حدیث صحیح ہوگی اور اگر دونوں ضعیف ہوں تو حدیث ضعیف ہوگی اور اگر ایک ثقہ ہو اور دوسرا ضعیف ہو تو حدیث محمل ہوگی۔

13)مدرج : الذی اُدرج فی الحدیث کلامہ۔راوی حدیث میں اپنا کلام کو داخل اور درج کردے۔جیسے حدیث میں آتا ہے : کہ جب فجر کی نماز سے ہم نکلتے تھے فیصرف النساء متلففات بمروطھن ما یعرفن۔ایک روایت میں اس کے بعد من الغلس کا لفظ ہے اس لئے بعض حضرات کہتے ہیں کہ یہ مدرج فی الحدیث ہے۔

14)مزید فی متصل الاسانید :یعنی متصل سند ہو اور اس میں ایک راوی کا اضافہ ہو اور جس نے اضافہ نہ کیا وہ ثقہ ہو۔
15)مقلوب: اشتباہ کی وجہ سے باپ کو بیٹا یا بیٹا کو باپ کردے۔مثلا کعب بن مرۃ کو مرۃ بن کعب اس کے برعکس ہو جائے۔
-اس کے علاوہ حدیث کی اور 4قسمیں ہیں: محکم ، متشابہ، مختلف الحدیث، الناسخ والمنسوخ۔
1)محکم : وہ حدیث جس کے معنی واضح ہوں۔جیسے عام احادیث ہیں۔
2)متشابہ : جس کے معنی میں ابہام ہو جیسیے: اِنہ لیغان علی قلبہ کسی نے اوزاعی سے پوچھا کہ اس کا کیا مطلب ہے تو انھوں نے کہا کہ اگر غیر نبی کے بارے میں ہوتا تو میں اس کی تشریح کر تا کہ غیم کس کو کہتے ہیں۔اس لئے بعض حضرات نے غیم کاترجمہ بوجھ سے کیا ہے۔جیسے ابرھیمؑ نے فرمایا: انی سقیم میں بیمار ہوں یعنی میری طبیعت پر بوجھ ہے۔یہ بھی بیماری کی ایک قسم ہی کہ آدمی کی طبیعت بھاری ہو۔
3)مختلف الحدیث: جن روایات کے معانی میں بظاہر تعارض ہو
جیسا کہ ایک روایت میں آتا ہے کہ فر من المجذوم فرارک من الاسد
اور دوسری روایت میں آتاہے لا عدوی ولا طیرۃ ولا ہامۃ ولا صفر۔ان دونوں روایات میں بظاہر تعارض ہے۔
اس میں تطبیق کی ضرورت پڑتی ہے ،
1)مرض متعدی نہیں ہوتالیکن بعض امراض متعدی ہوتے ہیں جیسے جذام ، ایڈس وغیرہ۔
2) مرض متعدی نہیں ہوتا اپنی ذات کے اعتبار سے اور متعدی ہوتا ہے بحکم اللہ۔
3) مرض متعدی نہیں ہوتا،اس پر مقدمہ نہیں چلاسکتے
4)مرض متعدی نہیں ہوتا اور فر من المجذوم فرارک من الاسد محمول ہے سد ذرائع پر یعنی لوگوں کے خیالات ووسائس کو دور کرنے کے لئے ہے۔
4)ناسخ ومنسوخ: جس میں ایک حدیث ناسخ ہو اور دوسری منسوخ ہو۔رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں : کنت نہیتکم عن زیارۃ القبور فزوروھاتوپہلے ممانعت عقیدہ کوٹھیک کرنے کے لئے تھی۔
-حدیث کی ایک اور 2قسمیں: 1)متواتر 2) خبر واحد۔
-پھرخبر واحد کی تین قسمیں ہیں : عزیز ، مشہور ،غریب۔
1)متواتر اس حدیث کو کہتے ہیں کہ ہر طبقہ میں جس کے روایت کرنے والے اتنے کثیر ہوں کہ ان کا جھوٹ پر اتفاق کرلینا مشکل۔الذی نقلہ جماعۃ لایمکن اتفاقھم علی الکذب عادۃً۔
علامہ انور شاہ کشمیریؒ نے تواتر کو چار قسموں میں منحصر کیا ہے : 1)تواتر اسناد:جیسے من کذب علی متعمدا فلیتبوأ مقعدہ من النار اس روایت ۶۲ صحابہ کرام سے مروی ہے۔پھر ان سے بہت سارے لوگوں نے روایت کیا ہے۔
2)تواتر طبقہ : یعنی ہر زمانے میں بے شمار لوگوں نے نقل کیا ہو۔جیسے قرآن کریم کا تواتر۔
3)تواتر عمل: یعنی جس پر مسلسل عمل ہوتا چلا آرہا ہو۔اس میں یہ نہیں کہا جاسکتا کہ میں ساٹھ آدمیوں کو مسواک کرتے دیکھا اور انھوں ۱۲۰ آدمیوں کو مسواک کرتے دیکھا۔

4)تواتر قدر مشترک : یعنی اس کے افراد تو متواتر نہیں ہیں لیکن ان افراد میں جو مشترکہ چیز ہے وہ متواتر ہے۔جیسے رسول اللہ ﷺ کے معجزات علاحدہ علاحدہ تو متواتر نہیں لیکن اتنی بات تو متواتر ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے معجزات کو جمع کیا جائے اس کا خلاصہ ہو گا کہ خلاف عادت کام آپ ﷺ سے یقینا ظاہر ہوئے پس افراد تو متواتر نہیں لیکن قدر مشترک یعنی خلاف عادت چیز وں کا آپ ﷺ سے ظاہر ہونا متواتر ہے۔

علامہ شبیر احمد عثمانی نے فتح الملہم میں لکھا ہے کہ سب سے پہلے یہ چار قسمیں حضرت مولانا انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ نے بیان فرمائی ہیں۔

-خبر واحد: جس کے طرق محدود ومحصور ہوں۔

1)غریب: ما یکون فیہ الراوی متفردًا فی موضع من المواضع۔

1)غریب مطلق: جس میں تابعی منفرد ہو۔

2)غریب نسبی : جس میں تابعی کے بعد والا کوئی منفر د ہو۔

2)عزیز جس میں کسی طبقہ میں دو سے کم راوی نہ ہوں۔

3)مشہور : جس میں کسی طبقہ میں تین سے کم راوی نہ ہوں۔

- اصولیین کے نزدیک 1)خبر متواتر وہی ہے جو اوپر گزری

2)خبر مشہور جو ابتدا میں خبر واحد ہو اور صحابہ کے بعد اس کو بہت سے لوگوں نے نقل کیا ہو۔

3)خبر واحد جو ابتدا میں بھی متواتر نہ ہو اور انتہا میں بھی۔

-محدثین اور اصولیین کا اس میں اختلاف ہے۔محدثین کے نزدیک صحبت لغوی کا اعتبار ہے جس نے اسلام کی حالت میں رسول اللہ ﷺ کو دیکھا ہو اس کو صحابی کہتے ہیں اگر چہ طویل صحبت نہ ہو ، تو محمد بن ابی بکر صحابی ہیں حجۃ الوداع کے موقع پر پیدا ہوئے تھے انھوں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا اور آپ ﷺ نے انہیں دیکھا۔

اوراگر کوئی کہے کہ وہ تو حضرت عثمانؓ کے قتل میں ملوث تھے تو صحابی کیسے قتل میں ملوث ہوگئے ، صحابی تو عدول ہیں۔تو اس کا جواب یہ ہے کہ وہ حضرت عثمانؓ کے قتل میں ملوث نہیں تھے ، غلط فہمی ہوئی تھی، ان کا خیال یہ تھا کہ حضرت عثمانؓ نے زیادتی کی ہے جب اندر داخل ہوئے اور حضرت عثمانؓ نے ان کو سمجھایا تو وہ بغیر کسی تعدی کے باہر نکلے۔اور یہ ان پر تہمت لگائی گئی ہے کہ انھوں نے حضرت عثمانؓ کو پکڑا وغیرہ۔

-اصولیین کے نزدیک صحبت عرفی کا اعتبار ہے ، صحبت عرفی لمبی صحبت کو صحبت کہتے ہیں۔

- حدیث کی تقسیم اتصال وانقطاع کے اعتبار سے:

1) متصل : وہ حدیث جس کی سند متصل ہو مرفوع ہو یا نہ ہو۔

2)مسند:الاسناد المتصل المرفوع اِلی النبی ﷺ۔

3)منقطع: جس کی سند میں انقطاع ہو یہ انقطاع ایک جگہ ہو یا کئی جگہ۔

4) معضل: جس میں دو راوی مسلسل محذوف ہوں۔

5) معلق: ما یکون اول إسنادہ محذوفًا۔

6) مدلس: جس میں کوئی راوی چھپایا گیا اور بظاہر متصل ہو ما یکون ظاہرہ الاتصال وباطنہ الانقطاع۔

تدلیس کی پھر 3 قسمیں ہیں: 1) تدلیس الاسناد: راوی اپنے شیخ کو حذف کرے اور ظاہر نہ کرے کہ میں نے اس کو حذف کیا ہے۔

2) تدلیس الشیوخ: اپنے شیخ کو صفت غیر معروفہ کے ساتھ ذکر کرے تا کہ لوگ اس کو بڑا سمجھ لیں۔

3) تدلیس التسویۃ: سند کے درمیان میں سے کسی راوی کو حذف کرے۔ اور یہ تدلیس کی اشد واقبح قسم ہے۔

7) مرسل: ما یقول فیہ التابعی قال رسول اللہ ﷺ۔ اور کبھی منقطع کو بھی مرسل کہا جاتا ہے۔

امام مالکؒ اور امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک مرسل حجت ہے۔

امام شافعیؒ کے نزدیک مرسل حجت نہیں، مگر چند شرائط کے ساتھ:

1) کسی مسند سے اس کی تائید ہو۔

2) دوسرے مرسل سے اس کی تائد ہو جائے۔

3) صحابی کے قول سے تائید ہو جائے۔

4) اکثر علماء اس کی تائید کریں۔

5) یا معلوم ہو جائے کہ یہ صرف ثقہ راوی کو ہی حذف کرتا ہے۔

- محققین احناف فرماتے ہیں کہ ہر مرسل حجت نہیں اسی طرح ہر منقطع بھی حجت نہیں بلکہ وہ مرسل حجت ہے کہ جس میں کوئی امام ارسال کرے، کیونکہ امام اس کی تحقیق کر چکے ہیں۔ ورنہ اگر ہر مرسل حجت ہو جائے تو یہ جتنی ضعیف اور بیکار روایات ہیں تقریبا وہ سب مرسل کے درجہ میں ہیں، مثلا ہاروت ماروت کا قصہ وغیرہ۔

- حدیث کی اور تین قسمیں ہیں:

1) مرفوع: رسول اللہ ﷺ کا قول

2) موقوف: صحابی کا قول

3) مقطوع: تابعی کا قول

- سنت حدیث اور خبر میں فرق:

حدیث: آپ ﷺ کے قول فعل یا تقریر (نہ منسوخ ہو گی نہ مرجوح نہ ضعیف)

سنت: الطریقۃ المسلوکۃ فی الدین

کبھی خبر اور حدیث دونوں مستعمل اور کبھی اثر حدیث کے معنے میں آتا ہے

عند الأحناف: 1) نسخ؛ 2) ترجیح؛ 3) تطبیق؛ پھر الترک إلی ما دونہ إذا تعارض حدیثان

عند الشوافع: 1) تطبیق؛ 2) فسخ؛ 3) ترجیح؛ 4) توقف

-کتب حدیث کی صحت اور ضعف کے اعتبار سے 5 قسمیں:

1) مایجمع الاحادیث الصحیحۃ۔جس میں اکثراحادیث صحیح ہوں۔

جیسے بخاری، مسلم، صحیح ابن سکن، صحیح ابن حبان، صحیح ابوعوانہ، صحیح ابن خزیمہ وغیرہ۔

2) مایجمع الأحادیث المقبولۃ۔اگرکچھ ضعف ہے تووہ مقبول کے درجہ میں ہے۔بعض احادیث صحیح ہیں اوربعض مقبول ہیں۔

جیسے ابوداؤد، ترمذی نسائی وغیرہ۔ان کتب میں بعض مرتبہ ضعیف حدیث ہوتی ہے لیکن وہ مقبول کے درجہ میں ہے۔

3) مایجمع الأحادیث الصحیحۃ والضعیفۃ۔جس صحیح وضعیف دونوں طرح کی احادیث اس میں ہوتی ہیں۔

جیسے مسندابوداؤدطیالسی اورسنن ابن ماجہ، طبرانی کی معجم کبیرصغیراوسط، سنن دارقطنی۔

4)مایجمع الأحادیث الضعیفۃ غالبا۔جس میں اکثرضعیف احادیث ہوتی ہیں۔

جیسے حکیم ترمذی کی نوادرالاصول۔خطیب بغدادی کی تاریخ بغداداورابن عساکرکی تاریخ دمشق۔

5) مایجمع الأحادیث الموضوعۃ۔جس میں صرف موضوع احادیث ہوں۔

جیسے ابن الجوزی کی کتاب الموضوعات وغیرہ۔

-مراتب صحاح ستہ:

1) صحیح البخاری،اس لئے کہ ان کے نزدیک اتصال کے لئے ملاقات ضروری ہے۔

2) صحیح مسلم، اس لئے کہ ان کے نزدیک اتصال کے لئے معاصرت کافی ہے ملاقات کاثابت ہوناضروری نہیں۔

بعض لوگوں نے امام بخاری پریہ اعتراض کیاکہ جب آپ کے نزدیک ملاقات ضروری ہے توپھرہرحدیث میں ملاقات ضروری ہونی چاہئے اورآپ کہتے ہیں کہ صرف ایک مرتبہ ملاقات کافی ہے ہرحدیث کے لئے ملاقات کاثبوت ضروری نہیں؟

امام بخاری اس کاجواب دیتے ہیں کہ ہماراکلام غیرمدلس میں ہے۔اوراگرمعاصرت ہے اورملاقات نہیں اورپھربھی وہ عن کالفظ استعمال کرتاہے تووہ ملاقات پرمحمول ہے اس لئے کہ اگرملاقات نہیں اورپھربھی روایت کرتاہے تووہ مدلس بن گیا۔اوراگرمدلس نہیں اورلفظ عن سے روایت کرتاہے تووہ سماع پرمحمول ہوگا۔

3اور4)اکثرحضرات کے نزدیک نسائی ہے اس لئے کہ امام نسائی نے فرمایا: کل ماجمعت فیہ فھوصحیح عندی۔

اوربعض کے نزدیک ابوداؤدہے۔امام ابوداؤدفرماتے ہیں : کل ماجمعت فیہ فھومقبول عندی۔نسائی کی بات ابوداؤدسے اونچی ہے۔اگراس ترتیب کوہم لیں تونسائی تیسرے نمبرپرہوگی اورابوداؤدچوتھے نمبرپرہوگی۔

5)جامع ترمذی،اس میں ضعیف روایات بہت ہیں لیکن وہ ضعف پرتنبیہ کرتے ہیں۔اورروات کی تحقیق کرتے ہیں اوران کے ضعف وقوت کوبیان کرتے ہیں۔

6) سنن ابن ماجہ، جس میں علامہ ابن جوزی نے ۳۴ روایات پروضع کاحکم لگایاہے۔

- محمدابن طاہرنے ابن ماجہ کوصحاح ستہ میں شمارکیاہے۔

- دوسرے حضرات ابن کثیروغیرہ ابن ماجہ کوصحاح ستہ میں شمارنہیں کرتے ، ابن ماجہ کی جگہ موطأ امام مالک کورکھتے ہیں۔

- شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ نے ابن ماجہ کی جگہ مسنداحمدیاسنن دارمی کورکھاہے۔

- تدریس کے اعتبار سے ترتیب:

1) ترمذی: اس لئے کہ ترمذی مذاہب پر تنبیہ کرتے ہیں ، کہ کس کا کیا مذہب ہے۔

2)ابوداؤد کا: جو دلائل مذاہب کو بیان کرتے ہیں۔

3)بخاری: کیونکہ مذاہب کو دلیل سے معلوم کرنے کا طریقہ بخاری میں ہے اور یہ بتاتے ہیں کہ کس حدیث سے کیا مسئلہ نکلتا اور کیسے نکلتا ہے۔یعنی بخاری میں دلیل کے استنباط استخراج کا طریقہ ہے۔

4)مسلم: جنھوں نے دلائل کو ایک ہی جگہ جمع کیا ہے، جس سے حدیث کے مختلف الفاظ واسناد ایک جگہ مل جاتے ہیں۔بخاری میں حدیث کا ایک ٹکڑا کتاب الوضوء میں ہوگا تو دوسرا ٹکڑا کتاب البیوع میں ہوگا تو تیسرا ٹکڑا کتاب الاجارات میں ہوگا۔

5)نسائی : اس لئے کہ امام نسائی اختلاف اسناد کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ سند میں کیا اختلاف ہے اور کون سی سند اقوی ہے اور کونسی اقوی نہیں ہے۔

6) ابن ماجہ : اس لئے کہ سنن ابن ماجہ میں زوائد کو جمع کیا ہے کہ اگر کسی کو ان پانچ کتابوں کی احادیث کے علاوہ زائد احادیث کی ضرورت ہو تو اس کو ابن ماجہ میں 1000 سے اوپر زائد احادیث مل جائیں گی۔اس لئے ابن ماجہ کو کتاب نافع جدا کہتے ہیں۔کیونکہ جس میں زائد چیزیں ہوتی ہیں اس میں زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔مثلاہم کہیں گے کہ درمختار بہترین نافع کتاب ہے ہے ، اس لئے کہ قدوری ، کنز، وقایہ سب میں ایک ہی چیز ملے گی اور درمختار میں آپ کو زائد اور نئے مسائل ملیں گے۔

میں نے ایک زمانہ میں ایک غزل لکھی تھی اس کا ایک شعر یہ ہے:

زباں پر یہی وردشام وسحر ہے یہ بیر بضاعہ یہ مس ذکر ہے

(مفتی صاحب نے یہ شعر لکھا مسائل کے تکرار پر ایک ہی دن میں)

- راویوں کے اعتبار سے کتب احادیث کی 5 قسمیں ہیں:

1) بعض راوی کثیر الملازمۃ اور کثیر الضبط ہوتے ہیں۔جیسے امام مالک زہری کے شاگردوں میں ، کہ امام مالک زہری کے شاگرد ہیں اور کثیر الملازمۃ وکثیر الضبط ہیں۔

- کثیر الملازمۃ کا مطلب یہ ہے کہ وہ اپنے اساتذہ کے ساتھ ہمیشہ رہتے ہیں۔

- کثیر الضبط کا مطلب یہ ہے کہ جو کچھ ان کو محفوظ ہوتا ہے وہ مستحضر بھی ہوتا ہے ، یعنی حافظہ کے ساتھ استحضار کو ضبط کہتے ہیں۔

- کبھی کوئی بات محفوظ تو ہوتی ہے لیکن مستحضر نہیں ہوتی تو اپنے محفوظ کو ذہن میں دہرانا پڑتا ہے۔

2)قلیل الملازمۃ کثیر الضبط۔جیسے امام اوزاعی زہری کے شاگرد میں۔امام بخاری پہلے راوی سے لیتے ہیں بالاستیعاب اور دوسرے راویوں سے لیتے ہیں بالانتخاب۔

3) قلیل الضبط ، کثیر الملازمۃ۔جیسے جعفر بن مروان یا جعفر بن برقان زہری کے شاگردوں میں کہ یہ قلیل الضبط ہیں لیکن کثیر الملازمۃ ہیں۔امام بخاری ایسے راویوں سے نہیں لیتے اور امام مسلم نمبر ایک اور دو سے بالاستیعاب لیتے ہیں اور نمبر تین کے راویوں سے بالانتخاب لیتے ہیں۔

فائدہ: یہ لوگوں نے قوانین بنائے ہیں ، ورنہ بخاری میں ایسے راوی بھی ہیں جو ضعیف ہیں۔

4) قلیل الملازمۃ ، قلیل الضبط۔ جیسے ربیعہ بن صالح امام زہری کے تلازمیذ میں۔ابوداؤداورترمذی ان حضرات سے بھی لیتے ہیں۔
5) قلیل الملازمۃ ، قلیل الضبط مع الجرح۔ جیسے عبدالقدوس زہری کے تلامیذ میں۔

- مشہوریہ ہے کہ مدلس کاعنعنہ مقبول نہیں ہے یعنی اگر مدلّس لفظ عن کے ساتھ روایت کرے تواس کی روایت مقبول نہیں ہے ؛ کونکہ وہ مدلس ہے اوراپنے استاذکوچھپاتاہے۔لیکن اگروہ صرف ثقہ ہی سے تدلیس کرتاہے توکوئی حرج نہیں یعنی اگرمتروک ثقہ ہوتوروایت مقبول ہوگی۔ صحیحین میں جومدلس کی روایات ہیں وہ اسی طرح کی ہیں۔مثلا: زہری، سفیان ثوری ، ابن جریج، ابراہیم نخعی، ابراہیم تیمی یہ سبھی حضرات مدلس ہیں لیکن صرف ثقہ ہی سے تدلیس کرتے ہیں اس لئے ان کی روایات مقبول ہوں گی۔

اَوِاِذاکان قلیل التدلیس یعنی قلیل التدلیس ہوتواس کی روایت کو بھی قبول کرتے ہیں۔جیسے یحی ین سعید، ہشام بن عروۃ مدلس ہیں لیکن قلیل التدلیس ہیں اس لئے محدثین ان کی روایت کوقبول کرتے ہیں۔

- حجیت حدیث

معتزلہ ان احادیث کوتسلیم نہیں کرتے تھے جوعقل سے متصادم ہو۔

مثلاعذاب قبر، وزن اعمال، پل صراط، حوض کوثر، معجزات، رویت باری تعالی وغیرہ کی احادیث کونہیں مانتے تھے یاتاویل کرتے تھے۔

پھر علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے بانی سرسیداحمدخان نے بھی بہت سی روایات کاانکارکیا۔پھران کے بعدعبداللہ چکڑالوی ، نیازفتح پوری اوراسلم جیراجپوری تمناعمادی نے بھی حدیث کی حجیت کاانکارکیا۔اورآخرمیں ان سب کامجموعہ غلام احمدپرویزجس نے حجیت حدیث کاانکارکیااوراس موضوع پرادب کی زبان میں خوب صورت اردومیں کتابیں لکھی۔اوریہاں جنوبی افریقہ میں بھی ان کاحلقہ موجودہے اوریہاں (Lenz)ان کاایک رسالہ بھی انگریزی زبان میں البلاغ کے نام سے نکلتا۔

ایک مرتبہ ہم نمازجنازہ میں شرکت کے لئے ""Laudium گئے تھے ، وہاں بھی ان کاحلقہ تھا۔وہاں پرایک چھوٹی سی مسجد تھی ہم اس میں نمازپڑھ نے کے لئے گئے اندرلوگ بیٹھے تھے جواپنے آپ کواہل قرآن کہتے ہیں۔ان سب کے سامنے قرآن کریم تھااوروہ سب قرآن کریم کی تحقیق کررہے تھے۔ان میں سے کسی کی داڑھی نہیں تھی سبھی کوٹ پتلون اورٹائی میں ملبوس تھے ۔ہم نے وہاں قصرکی نمازپڑھی ، نمازسے فراغت کے بعدانھوں نے ہمیں بلایااورکہاکہ آپ نے دورکعت نمازکیوں پڑھی؟ ہم نے کہااس لئے کہ ہم مسافرہیں۔انھوں نے کہا:آپ نے غلط کیادونہیں بلکہ چاررکعت پڑھنی چاہئے؛ اس لئے کہ اللہ تعالی فرماتے ہیں : لاجناح علیکم اَن تقصروامن الصلاۃ اِن خفتم اَن یفتنکم الذین کفروا، یہاں آپ کوکس نے تنگ کیاتھاکہ آپ نے قصرکی؟ (اوریہ اتنے ماہرتھے کہ ان کے ایک آدمی نے جیسے یہ آیت کریمہ پڑھی فورااایک دومنٹ میں سب نے یہ آیت کریمہ نکال کرہم کودکھائی کہ دیکھویہ آیت کریمہ ہے)۔

ہم نے ان سے کہاکہ قید کی دوقسمیں ہیں:

1) ایک وہ قید ہے جس کا مقصد یہ ہو کہ اگر وہ قید نہیں ہے تو کام نہ کیا جائے۔

جیسے اگر پانی نہیں ہے تو تیمم کیا جائے اور اگر پانی ہے تو تیمم نہ کیا جائے۔

2) دوسری قسم قید کی یہ ہے کہ وہ غالب پر مبنی ہو کہ غالبا یہ واقعہ پیش آتا ہے اس لئے اس کو ذکر کیا جاتا ہے۔ آیت مذکورہ میں قید کی دوسری قسم ہے جس کا مطلب یہ نہیں کہ اگر یہ شرط نہیں ہے تو قصر مت کرو بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں غالبا یہ شرط پائی جاتی تھی۔ دوسری جگہ اللہ تعالی فرماتے ہیں : ولا تکرہوا فتیاتکم علی البغاء اِن اَردن تحصنا، تو کیا تم اس کا یہ مطلب بیان کرتے ہو کہ اگر ان کے دل میں بھی زنا کی خواہش ہو تو ان کو زنا پر مجبور کرو۔ اس نے کہا: نہیں۔ تو معلوم ہوا کہ ہر جگہ قید کا ایک ہی مطلب نہیں ہوتا۔

یہاں قصر کے ایک اور معنی بھی ہیں کہ اگر کافر تم کو فتنے میں ڈالنا چاہتے ہوں تو تم ہلکی نماز جلدی جلدی پڑھو۔ اور اگر کافر تم کو فتنے میں نہ ڈالی اور تم پر حملہ نہ کریں تو تم اطمینان کے ساتھ آرام سے نماز پڑھو۔ اس معنی کے لحاظ سے آیت کریمہ کا سفر کے ساتھ تعلق نہیں ہو گا۔

یہ لوگ دنیا کی مختلف یونیورسٹیوں اور کالجوں میں موجود ہیں اور اپنا کام کرتے ہیں۔ غلام احمد پرویز ان کا آخری مجدد ہے جو مر چکا ہے ۔اس نے حدیث کے بارے میں متضاد نظریات پیش کیے ہیں۔

1) کبھی وہ کہتا ہی کہ رسول اللہ ﷺ مبلغ تھے شارع نہیں تھے ، اور جب صرف مبلغ تھے تو انھوں نے قرآن کریم کو پہنچایا اور نیا حکم نہیں دیا، جس طرح پوسٹ میں کاغذ پہنچاتا ہے اپنی طرف سے کچھ نہیں کرتا۔

2) کبھی وہ کہتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ شارع تھے لیکن صرف صحابہ کرام کے لئے تھے دوسروں کے لئے نہیں تھے ، جس طرح کوئی حاکم ہے تو وہ اپنے زمانے والوں کے لئے حاکم ہوتا ہے بعد والوں کے لئے حاکم نہیں ہوتا۔

3) کبھی کہتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ سبھی کے لئے شارع تھے ، لیکن ان کی بات ہم تک صحیح سند کے ساتھ نہیں پہنچی۔

تو یہ تین متضاد باتیں ہیں۔

1) پہلی بات کہ وہ شارع تھے ہی نہیں

2) وہ شارع تھے لیکن صرف صحابہ کرام کے لئے تھے

3) وہ سبھی کے لئے شارع تھے لیکن ان کی بات ہم تک صحیح سند کے ساتھ نہیں پہنچی۔ خود ان کے کلام میں یہ تعارض ہے۔

- ہم کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ واجب الاتباع ہیں اور اس پر قرآن وحدیث کے بے شمار دلائل موجود ہیں۔

قال اللہ تعالی : 1) قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی۔

2) لقد کان فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ۔

3) وما اَرسلنا من رسول الا لیطاع۔

4) فلا وربک لا یومنون.... اِلی قولہ تسلیما۔

5) وما کان لمومن ولا مومنۃ ..... من اَمرہم۔

6)ومن يشاقق الرسول .... الی قولہ مصیرا.

7)وما محمد إلا رسول۔ آپ ﷺ کو بھیجا اس لئے گیا ہے کہ آپ کی بات مانی جائے۔

8) لقد من اللہ علی المؤمنین إذ بعث فیھم رسولاً منھم، پہلے لوگ گمراہی میں تھے اب آپ کے آنے کے بعد آپ کی بات مان لی اور ہدایت پر آگئے۔

9) وما ینطق عن الھوی... یوحی ،جو آپ ﷺ فرماتے ہیں وہ وحی ہے اور وحی واجب الاتباع ہے

10)یوم تقلب وجوھھم علی النار... واطعنا الرسول.

11)یالیتنا أطعنا اللہ وأطعنا الرسول

12) إن علینا جمعہ ...علینا بیانہ. رسول اللہ ﷺ جو تشریح فرمائی ہے اس کو اپنی طرف منسوب کیا کہ ہم اس کی تشریح کریں گے۔معلوم ہوا کہ رسول اللہ ﷺ کی تشریح اللہ تعالی کی تشریح کی طرح ہے۔

13) ومن یطع الرسول فقد اطاع اللہ۔

14) ما آتاکم الرسول فخذوہ...

- آتی یؤتی :مال وغیرمال، دونوں کے لئے آتا ہے چنانچہ ومن یوتی الحکمۃ فقد اوتی خیرا کثیرا میں ایتاء غیرمال کے لئے آیا ہے۔ولقد آتیناک سبعا من المثانی والقرآن العظیم۔

- مباحث في علوم القرآن للقطان (ص١٩٩):

الفرق بين الإيتاء والإعطاء:

وهناك فرق بين الإيتاء والإعطاء في القرآن، قال الجويني: "إن الإيتاء أقوى من الإعطاء في إثبات مفعوله، لأن الإعطاء له مطاوع، يقال: أعطاني فعطوت، ولا يقال في الإيتاء: آتاني فأتيت، وإنما يقال: آتاني فأخذت, والفعل الذي له مطاوع أضعف في إثبات مفعوله من الذي لا مطاوع له، لأنك تقول: قطعته فانقطع، فيدل على أن فعل الفاعل كان موقوفًا على قبول المحل، لولاه لما ثبت المفعول، ولهذا يصح: قطعته فما انقطع، ولا يصح فيما لا مطاوع له ذلك، فلا يجوز أن يقال: ضربته فانضرب أو ما انضرب، ولا قتلته فانقتل أو ما انقتل، لأن هذه أفعال إذا صدرت من الفاعل ثبت لها المفعول في المحل، والفاعل مستقل بالأفعال التي لا مطاوع لها، فالإيتاء إذن أقوى من الإعطاء". ولهذا شواهده، فقد قال تعالى: {يُؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَشَاءُ وَمَنْ يُؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ أُوتِيَ خَيْرًا كَثِيرًا} 1, لأن الحكمة إذا ثبتت في المحل دامت، وهي عظيمة الشأن، وقال: {آتَيْنَاكَ سَبْعًا مِنَ الْمَثَانِي وَالْقُرْآنَ الْعَظِيمَ} 2، وقال: {إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ} 3؛ لأن بعد الكوثر منازل أعلى، حيث يكون الانتقال إلى ما هو أعظم منه في الجنة، وقال: {حَتَّى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَدٍ وَهُمْ صَاغِرُونَ} 4؛ لأن الجزية موقوفة على قبول منا، وهم لا يؤتونها إيتاء عن طيب قلب، وإنما عن كره، وقد عبر بالإيتاء في جانب المسلمين بالنسبة إلى الزكاة، وفي ذلك: إشارة إلى أن المؤمن ينبغي أن يكون إعطاؤه للزكاة بقوة، لا يكون كإعطاء الجزية.

-عبداللہ بن مسعودؓ نے واشمات پر لعنت کی تو ایک عورت نے کہا کہ آپ نے کیوں لعنت کی؟ عبداللہ بن مسعودؓ نے کہا میں اس پر لعنت کروں گا جس پر اللہ تعالی نے لعنت کی ہے۔عورت نے کہا: اللہ تعالی نے تو اس پر لعنت نہیں کی ہے۔تو حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا: ما آتاکم الرسول فخذوہ اور رسول اللہ ﷺ نے واشمات، نامسات .... پر لعنت کی ہے اور رسول اللہ ﷺ کی لعنت اللہ کی لعنت ہے۔تو ابن مسعودؓ نے یہ واضح فرمایا کہ جو رسول ﷺ نے فرمایا وہ اللہ کا فرمان ہے۔

-امام شافعیؒ سے پوچھا گیا کہ کیا محرم سلا ہوا کپڑا پہن سکتا ہے تو جواب دیا کہ اللہ نے منع فرمایا قرآن میں:

قال اللہ تعالی : لتکبروا اللہ علی ماہداکم۔حج کے احکام کے بارے میں فرمایاتاکہ تم اللہ تعالی کی تعظیم کروکہ اللہ تعالی نے تم کوحج کے احکام بتلائے۔حالانکہ حج کے احکام تفصیل کے ساتھ رسول اللہ ﷺ نے بتلائے ہیں۔رسول اللہ ﷺ کابتلانااللہ تعالی کابتلاناہے۔

اسی طرح قال اللہ تعالی : علم اللہ أنکم کنتم تختانون انفسکم ....اللہ تعالی کومعلوم تھاکہ تم خیانت کروگے اوررمضان کی رات میں اپنی بیویوں کے ساتھ چھیڑچھاڑکروگے۔اپنی بیویوں کے ساتھ چھیڑچھاڑکرنااورمشغول رہنااس کوخیانت فرمایا، حالانکہ قرآن کریم میں اس کی ممانعت نہیں، رسول اللہ ﷺ نے اس کوممنوع قراردیاتھا، پھربعدمیں یہ حکم منسوخ ہوا۔رسول اللہ ﷺ کی حرام کی ہوئی چیزکوخیانت فرمایا۔معلوم ہواکہ اللہ تعالی کی چیزکوناجائزکہیں اس کاارتکاب بھی خیانت ہے اوررسول اللہ ﷺ کسی چیزکوناجائزکہیں اس کاارتکاب بھی خیانت ہے۔دونوں کاحکم برابرہے۔

ماترکتم من لینۃ .... فباذن اللہ۔جوتم کھجوروں کوکاٹتے ہویاکھجورون کواپنی جڑپربرقراررکھتے ہو، یہ دونوں اللہ تعالی کے حکم سے ہے۔حالانکہ یہ حکم رسول اللہ ﷺ نے دیاتھا۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایاتھاکہ یہودکی کھجوروں کوکاٹوکہ یہوداس میں چھپ نہ جائیں۔رسول اللہ ﷺ کے اس حکم کواللہ تعالی نے اپناحکم قراردیا۔

اسی طرح اللہ تبارک وتعالی فرماتے : وماجعلناالقبلۃ .... علی عقبیہ۔اس آیت میں اللہ تعالی نے بیت المقدس کوقبلہ مقررکرنے کواپنی طرف منسوب کیا، حالانکہ بیت المقدس کوقبلہ مقررکرنے کاحکم قرآن کریم میں کسی جگہ نہیں۔معلوم ہواکہ رسول اللہ ﷺ کامقررکرنااللہ تعالی کامقررکرناہے۔

-اِن علیناجمعہ وقرآنہ،ثم اِن علینابیانہ تویہاں بھی آپ ﷺ کی تشریح کواللہ نے اپنی طرف منسوب کیا

قرآن کریم کی روشنی میں حدیث کی حجیت پرمستقل کتابیں لکھی گئی ہیں۔مذکورہ بالاعبارت میں اس کی طرف مختصراشارہ کردیاگیاہے۔اسی طرح احادیث اورآثارصحابہ کی روشنی حدیث کی حجیت مستقل موضوع ہے۔

منکرین حدیث کے شبہات اوران کے جوابات:

- شبہ نمبر1) رسول اللہ ﷺ کاکام صرف تبلیغ ، اللہ تعالی کی بات کوپہنچاناہے:

1) اِن علیک الاالبلاغ ؛ 2) بلاغ فہل یہلک الاالقوم الفاسقون

یہاں حصرکاصیغہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کاکام صرف تبلیغ ہے۔

جواب: یہاں حصراضافی ہے۔حصراضافی کامطلب یہ ہے کہ آپ کے ذمہ صرف تبلیغ ہے ، آپ کے ذمہ دوسرے کومجبورکرنانہیں ہے۔اِن علیک اِلا البلاغ دون الاجباروالاکراہ۔

اوریہ اس لئے کہ دوسری جگہ اس کی تشریح آئی ہے : انلزمکموھاوانتم لہاکارھون۔کیاہم زبردستی کریں گے جب کہ تم اسے ناپسندکرتے ہو۔یعنی ہم زبردستی نہیں کریں گے۔اوریہ مطلب اس لئے ہے کہ یہ کہناکہ رسول اللہ ﷺ کاکام صرف تبلیغ ہے اورکوئی کام نہیں۔یہ غلط ہے ؛ وماارسلنامن رسول الالیطاع باذن اللہ۔معلوم ہواکہ رسول اللہ ﷺ مبلغ بھی ہیں اورمطاع بھی ہیں۔ماکان لہم الخیرۃ۔امت کاکام اختیارنہیں ، بلکہ امت کاکام شریعت پرچلناہے۔اوراس سے پہلے ہیں اِذاقضی اللہ ورسولہ امرا۔معلوم ہواکہ رسول اللہ ﷺ قاضی بھی ہیں۔دوسری جگہ مذکورہے : لتحکم بینہم بماأراک اللہ۔تاکہ آپ لوگوں میں فیصلہ کریں جواللہ تعالی آپ کوبتاتے ہیں۔معلوم ہواکہ رسول اللہ ﷺ حاکم بھی ہیں۔اِنا أنزلنااِلیک الکتاب لتحکم بین الناس۔ہم نے آپ

پرکتاب نازل کی ہے تاکہ آپ لوگوں کے درمیان حاکم بنیں۔اِنا اَرسلناک شاہداومبشراونذیراوداعیاالی اللہ باذنہ وسراجامنیرا۔آپ شاہد، مبشر، نذیر،داعی الی اللہ بھی ہیں۔یہ سب آپ ﷺ کی صفات ہیں۔ویحل لہم الطیبات ویحرم علیکم الخبائث. آپ محلل بھی ہیں اور محرّم بھی ہیں۔

-شبہ نمبر2)ولقدیسرناالقرآن للذکرفہل من مدکر۔قرآن کریم کوہم نے آسان بنایاہے۔اورجب قرآن کریم آسان ہے تونہ اس کی تشریح کی ضرورت ہے اورنہ اس کی تفصیل کی ضرورت ہے۔

جواب: قرآن کریم میں جہاں عقائد، ترغیب وترہیب کاذکرہے وہ آسان ہے،یہ مطلب نہیں ہ کہ قرآن کریم پوراکاپوراآسان ہے۔قرآن کریم میں بعض مشکل چیزیں بھی ہیں جس کی تشریح رسول اللہ ﷺ نے فرمائی ہے۔مثلا: الذین آمنواولم یلبسواایمانہم بظلم اولئک لہم الأمن وہم مہتدون. جوایمان لاتے ہیں اوراپنے ایمان کوظلم کے ساتھ نہیں ملاتے۔صحابہ کرام کوشبہ ہواکہ : اینالم یظلم یارسول اللہ ! رسول اللہ ﷺ نے تشریح فرمائیں کہ ظلم سے مرادشرک ہے (یہ بخاری کی حدیث ہے:32)اورسورہ لقمان میں اللہ تعالی فرماتے ہیں ان الشرک لظلم عظیم۔

- حتی یتبین لکم الخیط الاسودمن الفجر۔بعض صحابہ کوشبہ ہوااورانھوں نی اپنی تکیہ کے نیچے دوسفیدوسیاہ ڈورے رکھے۔رسول اللہ ﷺ نے اس کی تشریح فرمائی اوراللہ تعالی نے من الفجرنازل فرمایا۔اب اگرقرآن کریم بالکل واضح اورآسان ہے تومن الفجرکی کیوں ضرورت پڑی۔اورمن الفجرکے نزول کے بعدبھی بعض لوگوں کوشبہ پیداہواکہ من سببیہ ہوسکتاہے اورانھوں نے اپنی تکیہ کے نیچے دوسفیدوسیاہ ڈورے رکھے۔رسول اللہ ﷺ نے پھرتشریح فرمائی کہ من سببیہ نہیں بلکہ من بیانیہ ہے یعنی فجرکے وقت جانب مشرق میں سیاہی وسفیدی الگ ہوجائے۔

اورقرآن کریم میں : یاأخت ھارون ماکان ابوک امرء سوء وماکان امک بغیا۔جب یہ نازل ہوئی ، توبعض ازواج نے پوچھاھاورنؑ توبہت پہلے زمانے میں گزرے ہیں مریمؑ کے زمانے میں یااخت ھاورنؑ کیسے فرمایاگیا؟رسول اللہ ﷺ نے تشریح فرمائیں کہ وہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے ناموں پرنام رکھتے تھے اورھاورنؑ سے حضرت موسیٰؑ کے بھائی مرادنہیں ، بلکہ مریم کے زمانے کاکوئی متقی ھاورن نامی شخص مرادہے۔

- اسی طرح وجوہ یومئذناضرۃ الی ربہاناظرۃ۔یہ آیت نازل ہوئی توصحابہ کرام نے پوچھاکہ جب سب لوگ اللہ تبارک وتعالی کی طرف دیکھتے ہوں گے توپھرتوبہت ہجوم ہوگا؟ تورسول اللہ ﷺ نے اس کی تشریح فرمائی کہ جس طرح تم چاندکوبغیرہجوم کے دیکھتے ہواسی طرح اللہ تعالی کادیدارہوگا۔
- ولوردوہ الی الرسول والی اولی الأمر منہم لعلمہ الذین یستنبطونہ منہم۔اگریہ کسی مشکل کوواپس کرتے رسول ﷺ کی طرف اوراولی الامرکی طرف توجولوگ مستنبطین ومجتہدین ہیں وہ اس کامطلب سمجھیں گے ، ہراک شخص ہرچیزکامطلب نہیں سمجھ سکتا۔اگراقیمواالصلاۃ کی تشریح رسول اللہ ﷺ نہ فرماتے توہم کس طرح نمازپڑھتے؟! اگرآپ ﷺ آتواالزکاۃ کی تشریح نہ فرماتے توہم کس طرح زکاۃ دیتے؟! روزہ کس طرح رکھتے؟ حج کس طرح کرتے!؟ اس کومنکرین حدیث بھی مانتے ہیں، کہتے ہیں کہ اقیمواالصلاۃ کاوہی مطلب ہے جونمازہم پڑھتے ہیں ، حالانکہ قرآن کریم میں رکعات کی تعدادیہ پڑھووہ پڑھوموجودنہیں ہے۔

- شبہ نمبر3) قرآن کریم کواللہ تعالی نے نورفرمایاہے: انزلنااِلیکم نورامبینا۔ اورایک نوردوسرے نورکامحتاج نہیں ہوتا، اس لئے قرآن حدیث کامحتاج نہیں ہوگا۔

جواب:1) اس کاعقلی جواب یہ ہے کہ یہ بات غلط ہے ، نورنورکامحتاج ہوتاہے ؛ آنکھیں نورہیں لیکن دن یاچراغ کی روشنی کی محتاج ہیں۔اگرروشنی نہ ہوتوآنکھوں سے کچھ نظرنہ آئے گا، حالانکہ آنکھیں بھی نورہیں اورروشنی بھی نورہے۔

2) لقدجائکم کتاب من ربکم وأنزلنااِلیکم نورامبینا۔ قرآن کریم کواللہ تعالی نے نورفرمایاہے اورایک نورکبھی دوسرے نورکامحتاج ہوتاہے۔

- شبہ نمبر4)قال اللہ تعالی: لتحکم بین الناس بماأراک اللہ۔اس آیت کریمہ سے معلوم ہوتاہے کہ آپ ﷺ حاکم تھے اورحاکم کافیصلہ اس کی زندگی تک رہتاہے ، اس کی حکومت کے ختم ہونے کے بعداس کافیصلہ بھی ختم ہوجاتاہے۔اس لئے (نعوذباللہ) آپ ﷺ کافیصلہ اورقانون آپ کی وفات کے بعدنہیں چلناچاہیے۔

جواب: اس کاالزامی جواب یہ ہے کہ صحابہ کرام پوری امت میں سب سے بہترتھے اوران کے اوپررسول اللہ ﷺ کاحکم نافذالعمل ہے توبعدوالوں پربطریق اولی ہوگا؛ کیونکہ جب اعلی پرایک حکم نافذہوتوادنی پربطریق اولی وہ حکم نافذہوگا۔

دوسراتحقیقی جواب یہ ہے کہ قرآن کریم نے یہ تفصیل بیان فرمائی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کاحکم پوری کائنات کے لئے اورہمیشہ کے لئے ہے۔وماأرسلناک اِلاکافۃ للناس بشیراونذیرا۔اللہ تعالی نے رسول اللہ ﷺ کوتمام انسانوں کے لئے بھیجاہے۔وأنزلنااِلیک الذکرلتبین للناس مانزل اِلیہم۔جس میں بھی انسانیت ہے اس کے لئے یہ حکم ہے۔ اِن ہواِلاذکرللعالمین۔تمام عالمین کے لئے قرآن کریم ذکرہے۔تبارک الذی نزل الفرقان علی عبدہ لیکون للعالمین نذیرا۔اللہ تعالی نے للصحابۃ یالمن ہوفی زمانک نہیں فرمایا، بلکہ پوری کائنات اورتمام دنیاکے تمام انسانوں کے لئے آپ ﷺ کونذیربنایا۔اِنی رسول اللہ اِلیکم جمیعا۔

اگررسول اللہ ﷺ کاحکم صرف صحابہ کرام یاان کی زندگی تک ہوتاتوصحابہ کرام اورحضرت ابوبکرصدیق رضی اللہ تعالی عنہم مرتدین سے قتال نہیں کرتے۔مرتدین تویہی کہتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ گئے اوران کاحکم بھی گیا۔اگرکوئی شخص کہے کہ رسول اللہ ﷺ کاحکم صرف آپ کی زندگی تک تھا۔تواس کامطلب یہ ہے کہ وہ ختم نبوت کامنکرہے۔حالانکہ آپ ﷺ خاتم النبیین ہیں یعنی آپ کی نبوت قیامت تک کے لئے ہے ، آپ کے بعدکوئی اورنبی نبوت کے ساتھ آنے والانہیں۔

- شبہ نمبر5) قال اللہ تعالی: بل ھوآیات بینات فی صدورالذین اوتوالعلم۔ قرآن کریم آیات بینات ہے اورجوبین اورواضح ہواس کوکسی اوروضاحت کی ضرورت نہیں ہے۔

جواب: بل ھوآیات بینات فی العقائدوضروریات الدین لافی کل شیء۔عقائدواضح ہیں کہ ایک اللہ کومانو، ایک اللہ سے مددمانگو، ایک اللہ کوحاضرناظر سمجھو۔آیت کریمہ سے یہ مرادہے۔یہ مطلب نہیں کہ اقیموااالصلاۃ وآتواالزکاۃ بھی واضح ہے اس لئے حدیث کی ضرورت نہیں۔

- شبہ نمبر6) قال اللہ تعالی: ومایَنطق عن الھوی ان ھواِلاوحی یوحی۔آیت مذکورہ سے اگریہ مرادہے کہ رسول اللہ ﷺ کاہرکلام وحی ہے، جیساکہ آپ کہتے ہیں، تورسول اللہ ﷺ کے کلام میں خطانہیں ہونی چاہئے ، حالانکہ آپ کے کلام میں خطاواقع ہوئی ہے ، مثلا: منافقین نے اجازت چاہی کہ ہم اپنے گھروں میں رہیں گے۔آپ ﷺ نے اجازت دے دی۔اللہ تعالی نے فرمایا: عفی اللہ عنک لماأذنت لہم۔اللہ تعالی آپ کومعاف کرے ، آپ نے کیوں اجازت دی۔

یعنی اجازت دیناٹھیک نہیں تھا۔اب اگراجازت دیناوحی ہے توکیاوحی بھی غلط ہوتی ہے؟

رسول اللہ ﷺ کے عبداللہ ابن ام مکتوم آئے اوررسول اللہ ﷺ نے ان کی طرف توجہ نہیں فرمائی اورجوسرداران قریش آپ ﷺ کے پاس بیٹھے تھے ان کی طرف توجہ کی اورانھیں دین کی دعوت دی۔تواللہ تعالی نے فرمایا: عبس وتولی.... الذکری۔آپ نے اچھانہیں کیا...(ترجمہ):اگریہ کام وحی ہے توپھراس کاکیامطلب کہ آپ نے اچھاکام نہیں کیا؟

اسی طرح رسول اللہ ﷺ جب مدینہ تشریف لائے تومدینہ والے لوگ نخل کی تأبیرکرتے تھے یعنی مؤنث کھجورکومذکرکھجورکاانجکشن لگاتے تھے جوان کاطریقہ ہوتاتھا۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ کیوں کرتے ہو؟ انھوں نے کہا: تاکہ پھل بہتراورزیادہ ہو۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس کوچھوڑو۔جب انھوں نے اس عمل کوچھوڑاتوکھجوریں اچھی بھی نہیں ہوئی اورکم ہوئیں۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: أنتم أعلم بأموردنیاکم۔تم دنیاکے کاموں کوخوب جانتے ہو۔رسول اللہ ﷺ کاتأبیر نخل سے منع کرنااگروحی تھاتواس میں خطاکیسے واقع ہوئی تأبیر نخل میں ؟

جواب:رسول اللہ ﷺ کاکلام وحی ہے، یہ قاعدہ اپنی جگہ پکااورثابت ہے۔لیکن بعض چیزوں میں سے کچھ چیزیں مستثنی ہوتی ہیں استثناء عقلی کے ساتھ۔استثناء عقلی کی مثال : اللہ تعالی نے فرمایا: واوتیت من کل شیء۔بلقیس کوہرچیزدی گئی تھی۔اگرکوئی شخص کہے : بلقیس کوہرچیزدی گئی تھی تواس کامطلب اس کے پاس اعضائے تناسل بھی تھا! یہ صحیح نہیں کیونکہ یہ استثناء عقلی کے ساتھ مستثنی ہے ، کیونکہ جب ہم نے اس کومؤنث تسلیم کیاتواس میں مذکرکی علامات کیسے ہوسکتی ہیں۔اورآیت کریمہ کامطلب یہ ہے کہ حکومت کی ضروریات میں سے ہرچیزاس کے پاس موجود تھی۔

یاجیسے کوئی بادشاہ کہے : جس نے میرے بچوں کی پٹائی کی تومیں اس کوجیل بھیجوں گا۔اب اگرماں نے پٹائی کی توبادشاہ اس کی ماں کوجیل بھیجے گا، کیونکہ یہ استثنائے عقلی کے ساتھ مستثنی ہے اورمرادا جنبی لوگ ہیں۔

یاجیسے : إن اللہ علی کل شیء قدیر۔(اللہ تعالی ہرچیزپر قادرہے)۔اس سے اللہ تعالی کی ذات وصفات مستثنی ہے۔یہ مطلب نہیں کہ اللہ تعالی ہرچیزپر قادرہے تواللہ تعالی اپنے اوپرموت بھی ڈال سکتے ہیں۔یااللہ تعالی اپنے علم کوجہالت میں تبدیل کرس گے۔یااللہ تعالی اپنی قدرت کوعجزمیں تبدیل کریں گے۔اس لئے کہ جب کوئی کلام ہوتاہے تواس سے ذات وصفات مستثنی ہوتی ہیں۔

اس لئے رسول اللہ ﷺ کاوہ کلام وحی ہوگاجوغیراجتہادی ہو۔اورجوکلام اجتہادوتجربہ پرمبنی ہو،یامباحات کے قبیل سے ہے وہ اس سے مستثنی ہوگا، کیونکہ جب ہم نے کسی قول یافعل کوامواراجتہادیہ یاامورتجربیہ میں سے ہوناتسلیم کرلیاتووہ قول وفعل وحی ہونے سے خودبخودخارج ہوگیا۔اسی طرح جوامورطبعیہ اورمباحات کے قبیل سے ہیں مثلاآدمی کوبھوک لگی اوراس نے کھاناکھایا، توکھانے کاجووقت مقررہوا یہ اس کی بھوک کی وجہ سے ہوا، یہ نہیں کہ اللہ تعالی نے فرمایاکہ فلاں وقت کھانے کاہے اورفلاں وقت کھانے کانہیں ہے۔

اس لئے اللہ تعالی کا فرمان: عفی اللہ عنک لماأذنت لہم۔(ہم نے نہیں) آپ نے کیوں اجازت دی۔معلوم ہواکہ رسول اللہ ﷺ کااجازت دیناآپ کے اجتہادپرمبنی تھی۔اسی طرح : عبس وتولی أن جاء ہ الأعمی۔میں اللہ تعالی نے تنبیہ فرمائی کہ آپ کویہ نہیں کرناچاہئے تھا۔آپ کااجتہادغلط تھا۔آپ ﷺ کااجتہادیہ تھاکہ ایمان کی دعوت اعمال کی دعوت پرمقدم ہے۔اوراللہ تعالی نے فرمایاکہ یہ اجتہادہوناچاہئے کہ : النفع الیقینی أولی من النفع الموہوم۔یقینی نفع وہمی نفع سے زیادہ بہترہے۔عبداللہ بن ام مکتوم کانفع یقینی ہے کہ آپ جوان کوبتائیں گے وہ اس پرعمل کریں گے۔اورسرداران قریش کانفع وہم کے درجہ میں ہے۔

اسی طرح تأبیر نخل میں کہ مذکر کھجور کو مؤنث کے ساتھ ملانا تجربیات کے قبیل سے ہے۔ جیسے لوگوں کا تجربہ ہوتا کہ ایک موسم میں کاشت کرتے ہیں تو فصل ہوتی ہے اور دوسرے موسم میں کاشت کرتے ہیں تو فصل نہیں ہوتی مثلاً مکی کی سردی کے موسم میں کاشت کرتے ہیں اور گیہوں کی گرمی کے موسم میں کاشت کرتے ہیں۔ یہ قرآن وحدیث میں نہیں ہے ، بلکہ یہ تجربیات کے قبیل سے ہے۔ اور جو تجربیات کے قبیل سے ہو وہ خود بخود وحی سے مستثنیٰ ہے۔

جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ جو اجتہاد و تجربیات کے قبیل سے ہو وہ خود بخود وحی سے مستثنیٰ ہے۔ اگر اس میں خطا واقع ہو تو یہ خطائی الاجتہاد ہے ، خطائی الوحی نہیں۔ وحی اور آپ ﷺ کے اجتہاد میں فرق یہ ہے کہ جس کی خطا کو اللہ تعالی نے بیان فرمایا ہے وہ اجتہاد ہے اور جس کی خطا کو اللہ تعالی نے بیان نہیں فرمایا وہ وحی بن گیا، کیونکہ آپ ﷺ کے جس اجتہاد کو اللہ تعالی نے برقرار رکھا ہو وہ وحی بن جاتا ہے۔

شبہ نمبر7) احادیث ظنی ہیں اس لئے حجت نہیں۔ اللہ تعالی فرماتے ہیں: اِن الظن لایغنی من الحق شیئا. وہم حق کا قائم مقام نہیں ہو سکتا۔ اور آپ لوگ خود کہتے ہیں کہ اکثر احادیث خبر واحد ہیں اور خبر واحد مفید ظن ہے۔

جواب: خبر واحد حجت ہے۔ فلولا نفر من کل فرقۃ .... رجعوا الیہم۔ بڑی جماعت میں سے چھوٹی جماعت دین سیکھنے کے لئے چلی جائے اور واپس آکر بڑی جماعت کو ڈرائے۔

چھوٹی جماعت کی خبر، خبر واحد ہے ؛ کیونکہ خبر واحد اس کو کہتے ہیں جو کذب پر متفق ہو سکتی ہو۔

جاء رجل من أقصی المدینۃ ... ایک آدمی آیا اور حضرت موسی علیہ السلام سے کہنے لگا: اِن الملأ .... الناصحین۔ آپ یہاں سے نکل جائیں میں آپ کو نصحت کرتا ہوں۔ حضرت موسی علیہ السلام نے یہ نہیں فرمایا کہ یہ خبر واحد ہے اور خبر واحد حجت نہیں ہے اس لئے میں نہیں مانوں گا، بلکہ موسی علیہ السلام فی الفور نکل گئے ، حالانکہ اس وقت نبی نہیں تھے۔

قالت اِن أبی یدعوک ....سقیت لنا۔ میرے والد صاحب آپ کو بلاتے ہیں (ایک لڑکی نے کہا)۔ حضرت موسی علیہ السلام نے یہ نہیں کہا کہ یہ خبر واحد ہے اور لڑکی کی خبر ہے اس لئے میں نہیں مانوں گا، بلکہ فی الفور اس کے ساتھ چل پڑے۔ معلوم ہوا خبر واحد حجت ہے۔

اسی طرح رسول اللہ ﷺ نے حج کے موقع پر حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ کو اعلان کرنے کے لئے بھیجا تھا کہ آپ اعلان کریں کہ مشرک حج نہیں کرے گا اور عریان طواف نہیں کرے گا اور معاہدات ختم ہیں۔ حضرت ابو بکرؓ کی خبر خبر واحد ہے، پھر بھی حجت ہے۔

اِن جاء کم فاسق بنبأ فتبینوا۔ معلوم ہوا کہ عادل آدمی اگر بتائے تو تحقیق کی ضرورت نہیں ہے۔

تحویل قبلہ کے موقع پر ایک آدمی نے بتایا اور لوگوں نے اپنا قبلہ بدل لیا۔

یہ اور اس قسم کی دیگر روایات سے پتہ چلتا ہے کہ خبر واحد حجت ہے۔ باقی یہ کہ خبر واحد ظنی ہے۔ ظن کا مطلب یہ ہے کہ صحیح ہے لیکن احتمال خطا ہے۔ اور ظن کبھی کبھی یقین کے معنی میں بھی آتا ہے : وظن داؤد... ۔الذین یظنون أنہم ملاقوا ربہم .....۔ ظن یہاں یقین کے معنی میں ہے۔

- شبہ نمبر8) وحی قرآن کریم کے ساتھ خاص ہے۔اللہ تعالی فرماتے ہیں : فبعث اللہ النبیین ... معہم الکتاب۔انبیاء علیہم السلام کے ساتھ اللہ تعالی نے کتاب بھیجی ہے، کتاب کے بغیروحی نہیں، اس لئے قرآن کریم وحی ہے اس کے علاوہ وحی نہیں۔

جواب:آیت کریمہ کایہ مطلب نہیں کہ ہرنبی کے پاس کتاب ہے ، اس کامطلب یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام کے جماعت کے پاس کتابیں تھیں ، یہ نہیں کہ ہرنبی کے پاس کتابیں تھیں۔ اللہ تعالی فرماتے ہیں : ولقدکرمنابنی آدم .... والبحر۔ أی : وحملناجماعتہم فی البروالبحر۔ہم نے ان کی جماعت کوخشکی اورسمندرمیں سواری دے دی۔ہرایک کے پاس سواری نہیں اورنہ ہرشخص سمندرکاسفرکرچکاہے۔بلکہ انسانوں میں سے ایک جماعت کرچکی ہے نہ کہ ہرایک آدمی۔قرآن کریم میں ہے : ائتونی بکتاب.... من علم۔ہمارے پاس لاؤکتاب یامنقول علم۔اس سے پتہ چلاکہ کتاب کے علاوہ بھی منقول علم ہوتاہے۔کتاب کے علاوہ منقول علم وحی ہے۔ایک وحی جلی یعنی قرآن کریم ہے اوردوسری وحی خفی یعنی حدیث ہے۔وحی جلی اس کوکہتے ہیں جوقطعی ہو۔ وحی خفی اس کوکہتے ہیں جس میں خبرواحدپائی جاتی ہو۔اللہ تعالی فرماتے ہیں : ومن الناس من یجادل .... کتاب منیر۔اس آیت سے پتہ چلاکہ کتاب کے علاوہ بھی ہدایت ہے۔یعنی ہدایت کتاب منیرمیں مخصوص نہیں ہے۔

واوحی الی نوح ..... قدآمن۔نوح علیہ السلام کووحی ہوئی کہ صرف یہی لوگ مومن ہیں۔یہاں وحی ہے لیکن کتاب نہیں۔اس لئے کہ نوح علیہ السلام کے لئے نہ کتاب کاذکرہے اورنہ ان کے پاس کتاب تھی۔معلوم ہواکہ کتاب کے بغیربھی وحی ہوتی ہے۔

- شبہ نمبر9) احادیث میں اختلاف وتعارض ہے، مثلااحادیث رفع یدین وقراء ۃ فاتحہ خلف الامام وغیرہ۔اورجس چیزمیں تعارض ہواس کونہیں ماناچاہئے۔

جواب: اگرحقیقی تعارض مرادہے ، توحقیقی تعارض نہ توقرآن میں ہے اورنہ حدیث میں۔اوراگرظاہرتعارض مرادہے تویہ قرآن کریم میں بھی ہے ، ایک جگہ اللہ تعالی فرماتے ہیں : فلاانساب بینہم ... یتساء لون۔اس آیت کریمہ میں سوال کی نفی ہے۔ اوردوسری جگہ ہے وأقبل بعضہم علی بعض یتساء لون۔اس آیت کریمہ سے معلوم ہوتاہے کہ وہ سوال کریں گے۔ان دونوں آیات میں ظاہری تعارض ہے ، لیکن حقیقی تعارض نہیں۔ایک وقت وہ سوال کریں گے ، لیکن جب ان کے منہ پرمہرلگادی جائی گی توسوال نہیں کریں گے۔ اسی طرح ثم استوی إلی السماء ... السموات۔اس آیت کریمہ سے معلوم ہوتاکہ زمین کوپہلے پیداکیاپھرآسمان کاقصدکیا۔دوسری جگہ ہے : والارض بعدذلک د.....۔ اس آیت کریمہ سے معلوم ہوتاہے کہ زمین بعدمین ، آسمان پہلے ہے۔ان دونوں آیات میں ظاہری تعارض ہے ، لیکن حقیقی تعارض نہیں ہے۔اللہ تعالی نے زمین کوپہلے پیداکیاپھرآسمان کوجیساکہ پہلی آیت سے معلوم ہوتاہے۔اورپھرزمین کوپھیلایااوراس میں چشمے وغیرہ جاری کئے اور قابل کاشت بنایا۔اسی طرح ایک جگہ اللہ تعالی فرماتے ہیں : ولایکتمون اللہ حدیثا۔دوسری جگہ فرماتے ہیں : واللہ ربناماکنامشرکین۔یہ بھی بظاہرتعارض ہے ، لیکن حقیقی تعارض نہیں ، اس لئے کہ یہ اختلاف اوقات پرمحمول ہے۔ایک وقت چھپائیں گے اورجب ان کے اعضابولیں گے توپھرنہیں چھپائیں گے۔

اسی طرح حدیث میں جوتعارض نظر آتاہے وہ ظاہری تعارض ہے ، ورنہ کبھی ایک ناسخ ہوگی اوردوسری منسوخ ہوگی یا کبھی دونوں میں تطبیق ہوگی اور کبھی ترجیح ہوگی۔ اس لئے یہ اشکال کہ حدیث میں تعارض ہے اس لئے ہم اسے تسلیم نہیں کرتے۔ یہ بیکاراشکال ہے۔

- شبہ نمبر10) بعض احادیث عقل کے خلاف ہیں، مثلاحضرت موسی علیہ السلام نے ملک الموت کوتھپڑلگایااورفرشتے تونورسے بنے ہیں ، ان کوتھپڑلگانے کاکیامطلب۔

جواب: کوئی بھی آیت یاحدیث عقل کے خلاف نہیں ہوسکتی۔عقل کے خلاف ہونااور عقل کانہ پہنچنایہ دوچیزیں ہیں۔دواوردوکاپانچ ہونایہ عقل کے خلاف ہے۔اورقیامت کے روزاعمال کاتولہ جانا، یہاں تک ہماری عقل نہیں پہنچتی۔عیسائیوں کے عقیدے کے مطابق تین شخصیات کاایک ہونااورایک شخصیت کاتین ہونا، یہ عقل کے خلاف ہے۔لیکن الم عقل کے خلاف نہیں ، ہاں اس کے معانی تک ہماری عقل نہیں پہنچتی۔

قرآن کریم میں اللہ تعالی فرماتے ہیں: فاضربوا فوق الاعناق ..... بنان۔ان کافرون کواعناق کے اوپرماراوران کی انگلیون کے پوروں کوکاٹو۔اگرفرشتوں کے لئے ہماری طرح جسم نہیں توفرشتے ضارب کیسے بن گئے۔اورجوفرشتہ ضارب بن سکتاہے وہ مضروب بھی بن سکتاہے۔

پھراس کے علاوہ جب فرشتہ شکل انسانی میں آئے تواس پرشکل انسانی کے احکامات پرجاری ہوتے ہیں۔اورحضرت موسی علیہ السلام کے پاس جب فرشتہ شکل انسانی میں آیاتواس کوتھپڑبھی لگااوراس کی آنکھ بھی نکلی اورپھراس کی جگہ دوسری آنکھ بھی لگ گئی ، اس لئے کہ ظاہری شکل انسان کی تھی۔

- شبہ نمبر11) احادیث میں روایت بالمعنی ہے اورروایت بالمعنی پراعتمادنہیں ، اس لئے کہ روایت بالمعنی میں معنی کولیتے ہیں اورمعنی کولینے سے کبھی بات بگڑجاتی ہے۔

جواب: 1)اس کاایک جواب یہ ہے کہ اگرروایت بالمعنی ممنوع ہے توپھرقرآن کریم کاترجمہ کیوں کرتے ہو، یہ بھی روایت بالمعنی ہے۔

2) ایک جماعت کے نزدیک احادیث میں روایت بالمعنی ناجائزہے اورروایت باللفظ ضروری ہے۔اورجب روایت باللفظ موجودہے توپھرحدیث کوکیوں نہیں مانتے ہو۔

3) روایت بالمعنی اس شخص کے لئے جائزہے جوعالم بالمعنی ہواورضابط ہواور صحیح مفہوم کواداکرسکتاہے۔

4) روایت بالمعنی دعوات واذکارمیں نہیں ہے،اس کوکیوں نہیں مانتے۔ چنانچہ جب صحابی نے برسولک الذی ارسلت پڑھاتوآپ ﷺ نے فرمایانہیں ، وہی پڑھو: بنبیک الذی ارسلت۔

- پرویزنے لکھاہے کہ مولوی لوگ جنت کاٹکٹ بانٹتے رہتے ہیں کہتے ہیں کہ اذان کے بعداوروضوکے بعدیہ دعاپڑھ لی اس کوجنت مل گئی۔حالانکہ اذکارودعوات میں توروایت بالمعنی نہیں بلکہ روایت باللفظ ہے ، توپھراس کاکیوں مذاق اڑاتے ہیں۔

- شبہ نمبر12) قرآن کریم میں اللہ تعالی فرماتے ہیں : تبیانالکل شیء۔اورجب ہرچیزقرآن کریم میں بیان ہے توپھراحادیث کی کیاضرورت ہے؟

جواب: اس کا یہ مطلب ہے کہ ضروریات دین وعقائد سے متعلق تمام چیزوں کو قرآن کریم نے بیان کیاہے۔اس کا یہ مطلب نہیں کہ قرآن کریم میں ہر چیز کا ذکر ہے۔ثم اجعل علی کل جبل منہن جزء ا۔اس سے یہ مراد نہیں کہ دنیاکے ہر پہاڑ پر پرندے کاایک حصہ رکھے، بلکہ مراد یہ ہے کہ ہر قریبی پہاڑ ہے۔اسی طرح اکثر جگہوں پر کل شیء سے مراد ضرورت کی ہر چیز نہیں بلکہ ضرورت کی چیز ہوتی ہے۔

حرم کے بارے میں آتاہے یجبی الیہ ثمرات کل شیء۔اس کا مطلب یہ نہیں کہ دنیاکا ہر پھل وہاں پہنچتاہے۔

سکندرذوالقرنین کے بارے میں ہے : وآتیناہ من کل شیء سببا۔اس کا یہ مطلب نہیں کہ آج کے زمانے کے ہوائی جہاز بھی اس کے پاس موجود تھے۔بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس زمانے میں جو ضرورت کا سامان تھا اس کے پاس موجود تھا۔

- شبہ نمبر13) ان احادیث کا کوئی اعتبار نہیں چوقرن ثانی میں لکھی گئی۔اسلئے کہ حدیث میں آپ ﷺ نے فرمایا:لاتکتبوا عنی فمن کتب عنی شیئًا....
- جواب:1)یہ حکم منسوخ ہے اور خود آپ ﷺ نے قلم اور کاغذ منگوایا

2)یہ ممانعت شفقت کی وجہ سے ہے کہ وہ مشکل میں نہ پڑ جائے

3)یہ حدیث موقوف ہے

4) حدیث کی کتابوں میں ہے کہ حجۃ الوداع میں ابو شاہ یمن سے آئے اور انہوں نے کوئی چیز لکھنے کی درخواست کی تو آپ ﷺ نے اکتبوالأبی شاہ

عمروبن حزم نے کتاب الصدقات لکھاہے

حدیث:قیّدوا العلم

العلم صید وکتابہ قید

- کتابت حدیث کی 4 قسمیں:

1)کتابت اتفاقیہ: کیف ما اتفق حدیث لکھی گئی(جیسے آپ ﷺ کے دور میں)

2)کتابت تبویبیہ:امام ابو حنیفہؒ،مالکؒ،احمدؒ....سب سے پہلے کتاب المؤطا؟

3)کتابت تنقیحیہ: صحیح روایت کو الگ کر لیا ضعیف سے

4)کتابت اضافیہ تخریجیہ:موجود کتاب پر زائد احادیث لکھا جیسے مشکوۃ المصابیح میں فصل ثالث کا اضافہ

قرن ثانی میں اسکا اہتمام کیا گیا اور اوزاعی نے شام میں جمع کیا

- علماء فرماتے ہیں کہ صحت کے اعتبار سے بخاری کا درجہ مسلم پر مقدم ہے؛ اس لئے کہ ان کے نزدیک ثبوت اتصال کے لئے معاصرت کے ساتھ لقاء بھی ضروری ہے ، جبکہ امام مسلم کے نزدیک ثبوت اتصال کے لئے صرف معاصرت کافی ہے۔اس کے علاوہ امام بخاری نے تراجم الابواب میں کمال کیاہے اور بے شمار علوم کو تراجم الابواب میں جمع کر دیاہے ، اسی طرح وہ نکات ولطائف پر مشتمل ہے اوراس میں متکلم فیہ راوی بہت کم ہیں۔کہتے ہیں کہ 430راوی ہیں جن میں

امام بخاری متفرد ہیں، ان میں سے 80 متکلم فیہ ہیں۔اور مسلم میں متفرد راوی 620 ہیں جن میں سے 160 پر کلام ہے۔ اورآسان لفظوں میں بخاری میں متکلم فیہ راوی 18 فیصد ہیں اور مسلم میں 26 فیصد ہیں۔اور صحیح بخاری میں جو بعض راوی متکلم فیہ ہیں ان کا امام بخاری کے مشائخ میں شمار ہے۔اور شیخ کو آدمی اچھی طرح جانتا ہے کہ اس کی کونسی روایت صحیح اور کونسی ضعیف ہے۔ہاں امام مسلم ایک موضوع کی تمام روایات کو ایک جگہ جمع کرتے ہیں۔اس لئے کہتے ہیں:

تَشاجَرَ قَوْمٌ فِي البخارِيِّ ومسلِمٍ لَدَيَّ وقالو: اَيُّ ذَيْنِ تُقَدِّمُ

فَقُلْتُ: فاقَ البخارِي صِحَّةً كمافاق فِي حُسْنِ الصِّناعَةِ مُسلِمُ

بخاری اور مسلم کے بارے میں لوگوں نے میرے پاس جھگڑا کیا اور کہنے لگے کہ تم بخاری و مسلم میں سے کس کو مقدم سمجھتے ہو؟ میں نے کہا: بخاری صحت کے اعتبار سے اعلی ہے جیسے مسلم حسن ترتیب میں اعلی ہے۔

- بیان اغراض المحدثین:

امام بخاریؒ کا مقصد اور غرض: تراجم الابواب اور استدلال و دلائل کے استخراج کا طریقہ بتانا ہے

اور مسلمؒ کی غرض: جمع الأحادیث المختلفۃ فی صعید واحد۔ایک میدان میں مختلف احادیث کو جمع کرنا ہے۔

ابوداؤد کی غرض: جمع الدلائل لأحکام المذاہب۔مذاہب میں جو احکام ہیں ان کے لئے دلائل کو جمع کرنا ہے۔

اور ترمذی کا مقصد:بیان المذاہب ہے،اسی بیان مذاہب الصحابۃ، اسی طرح الاشارۃ الی الدلائل ہے، اسی طرح بیان ضعف الاحادیث ہے ، اسی طرح الاشارۃ إلی مافی الباب ہے کہ باب کے اندر کونسی دوسری احادیث آئی ہیں۔اسی طرح بیان الاسم واللقب ہے۔

اور امام نسائی کی غرض: الجمع بین طریق البخاری ومسلم ہے۔نسائی نے بخاری و مسلم کے طریق کو جمع کیا ہے۔اس میں تراجم الابواب بھی ہیں ، لطافت وباریکی بھی ہے اور ایک باب کی احادیث کو ایک جگہ جمع کر دیا ہے۔

ابن ماجہ کا مقصد:بیان الزوائد ہے دوسرے حضرات نے جن احادیث کو نہیں لیا ابن ماجہ ان احادیث کو بیان کرتے ہیں۔

- تقلید:
- لغت میں تقلید کا معنی: قلادہ یعنی ہار ڈالنا۔
- مقلد یہاں متقلد کے معنی میں ہے یعنی ہار پہننے والا۔

یا مقلد کے معنی ہیں : اپنے امام کے گلے میں محبت وعقیدت اور اپنی اتباع واطاعت کا ہار ڈالنے والا۔

غیر مقلدین کہتے ہیں کہ اطاعت خیر میں استعمال ہے اور تقلید شر میں استعمال ہے۔لیکن یہ صحیح نہیں ،قرآن کریم میں ہے : إِنَّا أَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَاءَ نَا فَأَضَلُّونَا السَّبِيلَ.(الأحزاب:67) اس آیت کریمہ میں اطاعت شر میں استعمال ہے۔

اور تقلید خیر میں بھی استعمال ہے۔وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَالْقَلَائِدَ(المائدۃ:97) قلائد ان جانوروں کو کہتے ہیں جن کے گلے میں خیر کے لئے ہار ڈالا گیا ہو تاکہ حرم میں ان کی قربانی کریں۔

تقلید کہتے ہیں : العملُ بقول الغیرِ من غیر مطالبۃ دلیلٍ. یا اِتّباع الغیر فیما یقول أوفیما یفعل من غیر أن یطلب دلیلًا۔یعنی دلیل کے مطالبے کے بغیر دوسرے کے قول پر عمل کرنا۔

معلوم ہوا کی تقلید دلیل کے ساتھ منافی نہیں ہے۔اس میں دلیل محجوب بھی نہیں اور مطلوب بھی نہیں۔خلاصہ یہ ہے کہ دوسرے کی بات کو بغیر مطالبۂ دلیل ماننا تقلید ہے۔

تقلید کی دو قسمیں ہیں : تقلید مذموم و تقلید محمود۔

1) تقلید مذموم جو شریعت کے خلاف ہو۔

2) تقلید محمود جو شریعت کے موافق ہو۔مذموم کی مثال : إِنَّا أَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَاءَ نَا فَأَضَلُّونَا السَّبِيلَ.(الأحزاب:67)

اپنے باپ دادا کی بات کو شرک میں مانتے ہیں اور رسول کی بات کو توحید میں نہیں مانتے یہ تقلید مذموم ہے۔اس تقلید مذموم سے ائمہ کی تقلید مراد لینا جائز نہیں ہے، اس لئے کہ ابوجہل جو اپنے باپ دادا کی تقلید کرتا تھا تو کیا اس کے باپ دادا مجتہد تھے کہ اس کی تقلید کو ائمہ کی تقلید پر قیاس کیا جائے۔اسی لئے اللہ تعالی فرماتے ہیں : أَوَ لَوْ كَانَ آبَاؤُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ شَيْءًا وَلَا يَهْتَدُونَ. (المائدۃ:104) یعنی یہ اپنے آباء واجداد کی تقلید کرتے ہیں اگرچہ وہ کچھ نہیں سمجھتے۔اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر وہ سمجھتے اور یہ خیر میں ان کی تقلید کرتے تو یہ تقلید، تقلیدِ محمود ہوتی نہ کہ تقلیدِ مذموم۔

دوسری تقلید، تقلیدِ محمود ہے۔وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ أَئِمَّةً يَهْدُونَ بِأَمْرِنَا(السجدۃ:۲۴) امام جو ہدایت دیتے تھے ان کی تقلید کو تقلید محمود کہتے ہیں۔ اسی طرح فَاسْأَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ.(النحل:43)۔ یعنی اگر نہیں جانتے ہو تو اہل ذکر اور اہل علم کی تابعداری کرو۔اہل علم کی تابعداری میں تقلید شخصی اور تقلید غیر شخصی دونوں آگئیں۔حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمہ اللہ تعالی فرماتے ہیں کہ" فَاسْأَلُوا" امر ہے اور امر وجوب کے لئے ہے۔اور" فَاسْأَلُوا" عام ہے ، اس لئے اگر ایک آدمی کی تقلید کرے تو تقلید شخصی ہے اور اگر کئی آدمیوں کی تقلید کرے تو یہ تقلید غیر شخصی ہے۔ایک آدمی کی تقلید بھی وجوب کے درجے میں ہے جو لوگ نہیں جانتے۔

وَاتَّبِعْ سَبِيلَ مَنْ أَنَابَ إِلَيَّ.(لقمان:15) جو ہماری طرف رجوع کرتے ہیں ان کی بات کو مان لو۔: فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ طَائِفَةٌ لِيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّينِ وَلِيُنْذِرُوا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ.(التوبۃ:122) اس آیت کریمہ کا خلاصہ یہ ہے کہ بڑی جماعت میں سے چھوٹی جماعت علم حاصل کرنے کے لئے چلی جائے اور واپس آکر بڑی جماعت کو ڈرائے اور بڑی جماعت چھوٹی جماعت کی بات کو تسلیم کرے۔

أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ. (النساء:59)

اولوالامر دو ہیں : 1) حکام ، 2) مجتہدین۔

ابن عباسؓ وغیرہ فرماتے ہیں کہ: اولوالامر سے مراد مجتہدین ہیں۔اور دونوں میں تطبیق یہ ہے کہ مجتہدین کی تابعداری کرو کہ وہ اجتہاد کرکے مسائل کو نکالیں گے اور بیان کریں گے اور حکام ان کے اجتہاد کو نافذ کریں گے۔ایک کی تابعداری کرو کہ انھوں نے مسائل کو بیان کیا اور دوسرے کی تابعداری کو کہ انھوں نے اس کو نافذ کیا۔

وَإِذَا جَاءَهُمْ أَمْرٌ مِنَ الْأَمْنِ أَوِ الْخَوْفِ أَذَاعُوا بِهِ وَلَوْ رَدُّوهُ إِلَى الرَّسُولِ وَإِلَى أُولِي الْأَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِينَ يَسْتَنْبِطُونَهُ مِنْهُمْ.(النساء83) جب ان کے پاس کوئی امن (مسلمانوں کی فتح)یا خوف (مسلمانوں کی شکست)کی بات آتی ہے تو وہ اس کو پھیلاتے ہیں۔اگر اس کو رسول اور اولوالامر کی طرف واپس کرتے تو مستنبطین و مجتہدین اس کو سمجھتے کہ یہ خبر صحیح ہے یا نہیں ، اسے پھیلانا چاہیے یا نہیں۔

استدلال کاطریقہ یہ ہے کہ امن وخوف عام ہے دنیامیں ہویاآخرت میں ہو، جب کوئی نیامسئلہ پیش آتاتواس پر عمل کرنے اورنہ کرنے دونوں صورتوں میں ثواب وعذاب دونوں کاامکان ہے۔ مستنبطین ومجتہدین اس کو سمجھتے ہیں کہ یہ عذاب سے امن والی بات ہے ،یاخوف والی بات ہے۔

استنباط : لغت میں کنویں سے پانی نکالنے کوکہتے ہیں۔معلوم ہواکہ کنویں میں پانی اللہ تعالی نے پیداکیا،نکالنے والے انسان ہیں۔اسی طرح احکام کونازل کرنے والے اللہ تعالی ہیں ، جس کورسول اللہ ﷺ نے بیان کیااوراس کومعلوم کرکے لوگوں تک پہنچانامجتہدین کاکام ہے۔اس لئے جتنے مجتہدین گزرے ہیں وہ شارح تھے شارع نہیں تھے۔یعنی اپنی طرف سے شریعت نہیں بناتے تھے۔

حدیث میں آتاہے : یحمِل ہذاالعلمَ مِن کلّ خلَفٍ عُدُولُہ، ینفُون عنہ تحریفَ الغالین، وانتحال المبطِلین، وتأویل الجاھِلین۔ (مسندالبزار9423 ومسندالشامیین599) اس علم کوگزرے ہوئے حضرات سے عادل لوگ حاصل کریں گے اورتجاوزکرنے والوں کی تحریف کوختم کریں گے اوراہل باطل کی تحریف اورجہلاء کی تاویل کوردکریں گے۔معلوم ہواکہ مجتہدین کی یہی صفت ہے کہ وہ متقدمین سے علم کولیتے ہیں اوراس میں سے تحریف وتاویلات کونکال کر صحیح چیزکولوگوں کے سامنے پیش کرتے ہیں کہ وہ صحیح اورصاف چیزکولے لیں۔

رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں : اقتدوابالذَین مِن بعدي أبوبکروعمرَ.(مسندالحمیدي454) میرے بعدابوبکروعمررضی اللہ عنہماکی تقلیدکرو۔اب اگرکوئی کہے کہ اس حدیث میں توحضرت ابوبکرصدیق وحضرت عمررضی اللہ تعالی عنہماکی تقلیدکاحکم ہے ، تم توامام ابوحنیفہ وغیرہ کی تقلیدکرتے ہو، تواس کاجواب یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالی کے اقوال حضرت ابوبکروعمررضی اللہ تعالی عنہماکے اقوال کوجامع ہیں۔حضرت ابوبکروعمررضی اللہ تعالی عنہماکاقول ہرایک مسئلہ میں واضح نہیں ہے۔اورائمہ اربعہ نے مذہب کومرتب کیاجس میں ان حضرات کے اقوال بھی ہیں اوردوسروں کے اقوال بھی ہیں۔

حدیث میں آتاہے:اہل مدینہ نے حضرت ابن عباسؓ سے پوچھاکہ ایک عورت کوحیض آیاتوحیض کی وجہ سے وہ طواف وداع کوچھوڑسکتی ہے یانہیں؟ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: جاسکتی ہے۔اہل مدینہ نے کہاکہ زیدبن ثابتؓ فرماتے ہیں کہ: وہ نہیں جاسکتی ہے۔اورآپ کے قول کی وجہ سے ہم زیدبن ثابتؓ کے قول کونہیں چھوڑسکتے ہیں۔لیکن جب بعدمیں تحقیق ہوئی تومعلوم ہواکہ رسول اللہ ﷺ نے حائضہ کوطوافِ وداع سے پہلے نکلنے کی اجازت دی ہے۔چنانچہ زیدبن ثابتؓ نے اپنے قول سے رجوع کیا۔(مسند أحمد 27427، المعجم الکبیرللطبرانی 314)

معلوم ہواکہ تقلیدکرناایک جائزمعاملہ ہے۔اوراہل مدینہ اپنے مسائل میں زیدبن ثابتؓ کی تقلیدکرتے تھے۔اسی کوتقلیدخاص اورتقلیدشخصی کہتے ہیں۔

ایک اورحدیث میں آتاہے کہ لوگوں نے حضرت ابوموسی اشعریؓ سے پوچھاکہ اگرایک شخص کاانتقال ہوگیااوراس کی بیٹی، پوتی، بہن ہے تومیراث کیسے تقسیم ہوگی۔توحضرت ابوموسی اشعریؓ نے فرمایا:نصف بیٹی کے لئے ہے اورنصف بہن کے لئے ہے اورفرمایاآپ ابن مسعودؓسے کے پاس چلے جائیں وہ بھی میری موافقت کریں گے۔وہ ابن مسعودرضی اللہ عنہ کے پاس گئے۔ابن مسعودؓ نے فرمایا: اگرمیں یہ فیصلہ کروں تویہ گمراہی کی بات ہوگی ، میں وہی فیصلہ کروں گاجورسول اللہ صلی اللہ ﷺ نے کیاتھاکہ نصف بیٹی کے لئے ہے اورسدس پوتی کے لئے ہے اوربقیہ بہن کے لئے ہے۔لوگوں نے واپس آکرحضرت ابوموسی اشعریؓ کویہ بات بتائی ، توحضرت ابوموسی اشعریؓ نے فرمایا: ”لَاتَسْأَلُونِي مَادَامَ ہٰذَاالْحَبْرُ فِیکُمْ“.جب تک یہ بڑے عالم تمھارے درمیان

موجودہیں میرے پاس مت آؤ، ان کی تقلید کرو۔(صحیح البخاری6736) گویاکہ حضرت ابوموسی اشعریؓ نے ان کوابن مسعودؓ کی تقلیدکاحکم دیااوریہ تقلید شخصی ہے۔

تقلیدکی مثال ایسی ہے جیسے نحووصرف کے ماہرین :فراء، کسائی اورسیبویہ کی بات ہم مانتے ہیں اس کوکوئی شرک نہیں کہتا، اسی طرح فقہ کے ماہرین کی بات کومانناایہ بھی شرک نہیں ہے۔

یاتقلیدایسی ہے جیسے اصول حدیث میں ماہرین کی بات کومانتے ہیں ،وہ کہتے ہیں کہ حدیث ضعیف ہے، توہم کہتے ہیں کہ ضعیف ہے ،وہ کہتے ہیں کہ معلل ہے ،ہم کہتے ہیں کہ معلل ہے، وہ کہتے ہیں کہ فلان روایت حسن ہے، توہم کہتے ہیں کہ حسن ہے ، حالانکہ یہ اجتہادی چیزہے؛ ایک اس کوحسن کہے گاتودوسرا صحیح اورتیسراضعیف اورچوتھااضعف کہے گا۔توجس طرح یہ اموراجتہادیہ ہیں اورغیرمقلدین بھی اس کومانتے ہیں ، اسی طرح ہم فقہ میں فقہاء اورمجتہدین کی بات کومانتے ہیں اوراسی کوتقلیدکہتے ہیں۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:(رکوع یاسجدے میں)امام سے پہلے سراٹھانے والے کوڈرناچاہیے کہ اللہ تعالی اس کے سرکوگدھے کاسرنہ بنادیں۔(متفق علیہ)

اب حمارہونے کاجوبھی مطلب ہوکہ وہ قیامت میں حمارہوگا، یادنیامیں بے وقوف ہے کہ جس کوامام بنایااس کومقتدی کردیااورخودامام بن گیا، یایہ کہ اس کی شکل حمارکی بن جائے گی، جوبھی مطلب ہو۔اس حدیث شریف میں امام مسجد(جوامام اصغرہے) کوچھوڑکرنقل وحرکت کرنے والے کوحمارفرمایاگیاہے۔اسی طرح جوبڑے امام کی تقلیدکوچھوڑکراپنے اجتہادپرعمل کرے حالانکہ وہ اجتہادکی اہلیت نہیں رکھتاتووہ بڑاحمارہوگا۔

اورتقلیدکی مثال ایسی ہے جیسے لوگ وکیلوں کی بات مانتے ہیں کیونکہ وکیل قانون کی تشریح کرتے ہیں ، اسی طرح مجتہدین احکام شرعیہ کی تشریح کرتے ہیں۔مثلا:"ثلاثۃ قروء "کی تشریح شافعیہ نے تین طہرکے ساتھ کی ہے اوراحناف نے حیض کے ساتھ کی ہے۔اورکبھی کبھی ائمہ حضرات ناسخ ومنسوخ کوبتاتے ہیں۔جیسے ایک حدیث میں آتاہے : "اِنّماجُعِل الاِمام لِیُؤتمَّ بہ، فاِذارکَع فارکعُوا، واِذارفَع فارفعوا، واِذاصلّی جالسًافصلواجُلوسًا"۔(متفق علیہ)

اس حدیث سے معلوم ہوتاہے کہ جب امام بیٹھ کرنمازپڑھے توتم بھی بیٹھ کرنمازپڑھو۔اوردوسری حدیث میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے بیٹھ کرنمازپڑھائی اورصحابہ کرام کھڑے تھے۔(متفق علیہ)

فقہاء نے یہ فیصلہ کیاکہ" واِذاجلس فاجلِسوا" والی روایت منسوخ ہے اوریہ آخری وقت بیٹھ کرنمازپڑھانے والی روایت ناسخ ہے۔

کبھی یہ حضرات تطبیق دیتے ہیں ، مثلا: "لاَ صلاۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب" (متفق علیہ)

اس حدیث سے معلوم ہوتاہے کہ نمازمیں سورہ فاتحہ کاپڑھناضروری ہے۔دوسری روایت میں ہے : "مَن کان لہ اِمام فقراء ۃ الاِمام لہ قراء ۃٌ".(سنن ابن ماجہ ، رقم:۸۵۰)۔ان دونوں روایات میں احناف یہ تطبیق دیتے ہیں کہ پہلی حدیث امام ومنفردکے لئے ہے اوردوسری حدیث ، اسی طرح "اِنّماجُعِل الاِمام لِیُؤتمَّ بہ، فاِذاکبّرفکبّرواواِذاقرأ فأنصِتوا"۔(مسنداحمد9438) مقتدی کے لئے ہے۔مجتہدین کایہی کام ہے کہ وہ کبھی تطبیق ، کبھی نسخ اور کبھی تشریح کرتے ہیں، اس لئے وہ شارح ہیں، شارع نہیں۔

اس کے علاوہ پھر تقلید کی دو قسمیں ہیں: 1)تقلید شخصی۔2)تقلید غیر شخصی۔

1)تقلید شخصی: ایک شخص کی تقلید کو کہتے ہیں۔اور تقلید غیر شخصی کا مطلب یہ ہے کہ جس مسئلہ میں جس کی چاہے تقلید کرے ، ایک مسئلہ میں ایک کی، دوسرے مسئلہ میں دوسرے کی اور تیسرے مسئلہ میں تیسرے کی تقلید کرنے کو تقلید غیر شخصی کہتے ہیں۔

علمائے کرام نے عوام کے دین کی حفاظت کے لئے تقلید شخصی کو ضروری اور تقلید غیر شخصی کو ممنوع قرار دیا ہے، کیونکہ تقلید غیر شخصی کرنے والا منافقین کی طرح بن جائے گا"مُذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ لَاۤ اِلٰى هٰۤؤُلَاۤءِ وَلَاۤ اِلٰى هٰۤؤُلَاۤءِ".(النساء:143) اور حدیث میں آتا ہے :" مثل المنافق کمثل الشاۃ العائرۃ بین الغنمین تعیر إلی ہذہ مرۃ وإلی ہذہ مرۃ".(صحیح مسلم ، 2784)

منافق اس بکری کی طرح ہے جس کو بکرے کی طلب ہو، کبھی ایک ریوڑ کی طرف بھاگتی ہے تو کبھی دوسرے ریوڑ کی طرف بھاگتی ہے۔اللہ تعالی کا ارشاد ہے : فَاتَّبِعُوا مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا.(آل عمران:95) ابراھیمؑ کی ملت کی تابعداری کرو جو یکسو تھے، ایک راستے پر چلنے والے تھے۔

اگر کوئی تقلید غیر شخصی کرے تو دین مذاق بن جائے گا، مثال کے طور پر ایک قاضی ہے اس کے پاس اس کا دوست آیا اس نے کہا کہ میرا پڑوسی ہے اس نے زمین خریدی میں اس پر شفعہ کرنا چاہتا ہوں۔تو قاضی کہے گا: بالکل کرسکتے ہو کیونکہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک شفعۃ الجوار ہے۔پھر دس دن کے بعد ایک اور شخص آیا اور وہ قاضی کا دشمن ہے اس نے کہا: میں اپنے پڑوسی پر شفعہ کرنا چاہتا ہوں۔ قاضی کہے گا تم بالکل نہیں کرسکتے ہو اس لئے کہ امام شافعی ،امام مالک اور امام احمد کے نزدیک پڑوسی پر شفعہ نہیں ہے۔اس طرح یہ اتباع ہدی نہیں بلکہ اتباع ہوی ہوگی۔اللہ تعالی فرماتے ہیں: وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى فَيُضِلَّكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ.(ص:26) خواہش کی تابعداری مت کرو، کیونکہ وہ تم کو اللہ تعالی کے راستے سے ہٹادے گی۔

2) ایک شخص نے اپنی بیوی کو تین طلاق دیا اور پھر بیوی سے کہا تم پریشان نہ ہو، طلاق ہوئی ہی نہیں ؛ اس لئے کہ امام شافعی کا مذہب یہ ہے کہ جو آدمی نکاح کرے اور گواہ فاسق ہوں تو نکاح منعقد ہی نہیں ہے اور ہمارے نکاح کے گواہ ڈاڑھی منڈے تھے اس لئے نکاح نہیں ہوا اور جب نکاح نہیں ہوا تو طلاق بھی نہیں ہوئی۔ابھی ابھی ہم نکاح کرلیں گے۔

3)ایک شخص کے بدن سے خون نکلا اور اس نے مس مراۃ بھی کیا، جب اس نے مس مراۃ کیا تو اس سے کہا گیا کہ تمہارا وضو ٹوٹ گیا۔اس نے کہا کہ میرا وضو نہیں ٹوٹا اس لئے کہ احناف کے نزدیک مس مراۃ سے وضو نہیں ٹوٹتا۔پھر اس کے بدن سے خون نکلا اور اس سے کہا گیا کہ تمہارا وضو ٹوٹ گیا، اس نے کہا کہ میرا وضو نہیں ٹوٹا اس لئے کہ شافعیہ کے نزدیک خون نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔اب یہ شخص اپنے طور پر خوش ہے حالانکہ احناف وشوافع دونوں کے نزدیک اس کی نماز نہیں ہوئی۔اس لئے تقلید غیر شخصی کرنے والا شخص اپنی خواہشات کی پیروی کرنے والا ہوگا شریعت کی نہیں ، اور اس طرح سے دین ، دین نہیں رہے گا بلکہ مذاق بن جائے گا۔

ایک مرتبہ میں حرم میں بیٹھا تھا اور بیمار تھا، جامعہ کے دو طالب علم آئے اور کہنے لگے کہ تقلید غیر شخصی کیوں ناجائز ہے اور اس میں کیا قباحت ہے ؟ میں نے کہا کہ اگر کوئی شخص تقلید غیر شخصی کرے گا تو دین دین نہیں رہے گا بلکہ مذاق بن جائے گا اور تم بھی تسلیم کروگے کہ دین مذاق بن گیا، ایک مجتہد کے پیچھے چلے گا تو مطمئن رہے گا۔

اللہ تعالی کاارشادہے: وَمِنَ النَّاسِ مَنۡ یَعۡبُدُ اللّٰہَ عَلٰی حَرۡفٍ فَاِنۡ اَصَابَہٗ خَیۡرُۨ اطۡمَاَنَّ بِہٖ وَاِنۡ اَصَابَتۡہُ فِتۡنَۃُۨ انۡقَلَبَ عَلٰی وَجۡہِہٖ خَسِرَ الدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَۃَ.(الحج:11) یعنی اگراس کی طبیعت کے موافق بات پہنچی توٹھیک ہے اوراگراس کی طبیعت کے خلاف ہوئی تودوسرے کے پیچھے لگ گیا۔

ایک مریض کے پاس لوگ بیٹھے تھے ، ایک نے کہامریض کودواپلادو، دوسرے نے کہامریض کوانجکشن دے دو، تیسرے نے کہامریض کوحلوہ دے دو۔مریض نے کہاتم دونوں ذراخاموش ہوجائے پیچھے سے حلوے کی آوازآرہی ہے۔اسی طرح تقلیدغیر شخصی کرنے والا شخص مزے کی چیزکولے گااورمشکل کوچھوڑدے گا۔

اورمیں نے کہاکہ دیکھویہ حج کاموسم ہے اورابھی دوتین دن کے بعدحج ہے ، اس حج میں اگرہم تقلیدغیر شخصی کریں توتقلیدغیر شخصی کاتقاضایہ ہوگاکہ جب سب لوگ منی میں جمع ہوں گے توہم کہیں گے کہ ایک دودن یاایک دوگھنٹہ کے لئے متعہ کی اجازت ہونی چاہئے ، اس لئے کہ شیعہ متعہ کوجائزکہتے ہیں اورشیعہ کے علاوہ حضرت ابن عباسؓ سے بھی مروی ہے (صحیح البخاری5116) اورابن عباسؓ نے رجوع کیایانہیں کیااس میں شک ہے۔اب اگرکوئی کہے کہ ابن عباس کے مقابلے میں ابوحنیفہؒ وشافعیؒ کیاچیزہیں میں توابن عباسؓ کی تابعداری کروں گااوردوگھنٹے کے لئے متعہ کروں گا۔پھرکہے کہ صرف متعہ سے کام نہیں بنے گامنی میں ہم گانے بجانے کاانتظام بھی کریں گے ، اس لئے کہ ابن حسن اورعبداللہ بن جعفرکامسلک یہ ہے کہ گانے بجانے میں کوئی حرج نہیں۔

پھرہم کہیں گے کہ شراب کاانتظام بھی ہوناچاہئے ، میں زیادہ نہیں پیوں گاکہ نشہ آجائے اوراشربہ اربعہ (انگورکی پکی ہوئی شراب، انگورکی کچی شراب ، منقہ کی شراب، کھجورکی شراب) کے علاوہ ہوبشرطے کہ مسکرنہ ہوامام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالی کے نزدیک اس کی گنجائش ہے۔تودنیابھرکی شراب بھی منگوالیں گے۔اب آپ بتائے کہ جب یہ سب چیزیں وہاں ہوں گی تومنیٰ کوہم منیٰ کہیں گے یاہالی وڈکہیں گے۔اورتقلیدغیر شخصی کایہی نتیجہ ہوگا؛اس لئے تقلیدشخصی میں دین کی حفاظت ہے اورتقلیدغیر شخصی میں مصیبت ہے۔

پھریہ کہ اگرکوئی تقلیدغیر شخصی کرے گاتواس میں بہت سارے مضرات ہیں الایہ کہ کسی مسئلے میں تنگی ہواورمجتہدین وزمانے کے فقہاءضرورت کی وجہ سے دوسرے امام کے قول پرفتوی دیں توجائزہے ، جیسے بہت سارے مسائل میں احناف نے امام مالک کے قول پرفتوی دیاہے ، یاجیسے شافعیہ کامسلک یہ ہے کہ مس مراء ۃ ناقض وضوہے ، لیکن حرم میں جب لوگ طواف کرتے ہیں توہجوم اوررش(Rush) میں مس مراء ۃ ہوتاہے اورطواف کے لئے وضوضروری ہے اس لئے شافعیہ نے اس مسئلہ میں احناف کے قول پرفتوی دیاہے۔اسی طرح احناف کامذہب یہ ہے کہ اگرامام کے پیچھے نمازپڑھے اوراس کے آگے عورتوں کی صف ہے یعنی تین عورتیں اکٹھی کھڑی ہیں توپیچھے والے کی نمازنہیں ہوتی، اورحرم میں عورتیں آگے کھڑی رہتی ہیں اورپیچھے مردہوتے ہیں تواس مسئلہ میں احناف دوسرے مذاہب پرصرف حرم میں فتوی دیتے ہیں اورکہتے ہیں کہ ضرورت کی وجہ سے نمازہوجائے گی۔لیکن ہم اورآپ یہ کام نہیں کریں گے اس کام کے لئے محققین علماء بیٹھے ہیں۔ضرورت الگ بات ہے اورخودمجتہدبن کرہرایک مسئلہ میں جودل چاہے لے لینا الگ چیزہے۔

- تقلید شخصی پر اعتراضات اوران کا مختصر جواب:
- اعتراض نمبر1) تقلید شخصی کہاں ہے ؟اور کہاں آیاہے کہ ابوحنیفہ کی تابعداری کرو۔

جواب: احادیث میں کلیات کا ذکر ہوتاہے ، جزئیات کا ذکر نہیں ہوتا۔حدیث میں یہ کہاں ہے کہ بخاری اصح الکتب بعد کتاب اللہ ہے ؟حدیث میں یہ کہاں آیاہے کہ امام بخاری کا درجہ امیر المؤمنین فی الحدیث ہے؟!تو اسی طرح احادیث میں یہ موجود نہیں ہے کہ امام ابوحنیفہ کی تقلید کرو،ہاں یہ موجودہے : "وَاتَّبِعْ سَبِيلَ مَنْ أَنَابَ إِلَيَّ" (لقمان:۱۵) اور ایسے شخص کا راستہ اپناؤ جس نے مجھ سے لو لگا رکھی ہے۔یعنی "مَنْ أَنَابَ إِلَيَّ" کی تقلید کرو اور "مَنْ أَنَابَ إِلَيَّ" میں امام ابوحنیفہ وغیرہ شامل ہیں۔

اگر کسی شخص کے 10 بیٹے ہوں اوران میں سے 6کا انتقال ہوجائے صرف چاررہ جائیں اوروراثت چارلے لیں تو اس پر کوئی اعتراض نہیں کہ صرف 4نے وراثت کیوں لی۔اسی طرح بہت سے مجتہدین تھے، مثلا: سفیان ثوری ، داؤد ظاہری وغیرہ وغیرہ لیکن ان کے مذاہب ختم ہوگئے صرف چارائمہ کے مذاہب باقی رہے ، اب اللہ تعالی نے چار کو باقی رکھااوربقیہ کو ختم کردیا، اب اس میں ہم کچھ نہیں کرسکتے۔باقی تقلید شخصی "مَنْ أَنَابَ إِلَيَّ" اور: اقتدوابالذين من بعدي أبو بكروعمر.(مسند الحميدي454) سے ثابت ہے۔

- اعتراض نمبر2) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "تركتُ فيكم أمرَين لن تضلّوا ما تمسّكتم بهما:كتابَ اللّٰه وسنةَ نبيّه"۔ (موطأ مالک3348، جامع بیان العلم وفضلہ1389) جب قرآن وسنت موجودہے توکسی امام کی تقلید کی کیاضرورت ہے ؟

جواب:معاملات اوراحکام غیر متناہی ہیں جو معاملات وواقعات ہوتے ہیں وہ ختم ہونے والے نہیں ہیں۔اور قرآن وحدیث متناہی ہیں ، ان غیر متناہی واقعات کو قرآن وحدیث سے صراحۃً معلوم نہیں کیاجاسکتاہے، اس کے لئے اجتہاد کی ضرورت ہوگی جس سے مسائل کا حل معلوم کرنے کا طریقہ آسان ہوجاتاہے۔اللہ تعالی نے فرمایا: "اَلْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي۔

ترجمہ:... اللہ تعالی نے دین کو مکمل کردیاہے یعنی دین میں ہر مسئلے کا حل موجودہے ، لیکن ہر مسئلے کا حل صراحۃً موجود نہیں ہے، بلکہ اشارۃ موجودہے ، اوران اشارات کو سمجھنے والے مجتہدین ہیں۔مجتہدین کا کام غیر منصوص کو منصوص سے معلوم کرناہے ، مثال کے طور پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایاہے کہ جب پانی میں مکھی گرجائے تواس کو ڈبودواوربقیہ پانی پی لو۔معلوم ہوا کہ مکھی کے پانی میں پڑنے سے پانی ناپاک نہیں ہوا، لیکن اگر کوئی آگے یہ کہے کہ اگر پانی میں مچھر، بھڑاور پروانہ گرگیاتواس کا کیاحکم ہے ؟شریعت میں صراحۃًاس کا حکم موجود نہیں ، لیکن فقہانے یہ کہاکہ مکھی میں دم سائل نہیں اس لئے پانی میں گرنے سے پانی نجس نہیں ہوتااسی طرح جن چیزوں میں بھی دم سائل نہ ہوان کے پانی میں گرنے سے پانی نجس نہیں ہوگا۔اس کو اجتہاد کہتے ہیں ، چنانچہ فقہانے لکھاہے کہ جس میں دم سائل نہ ہووہ پانی کو ناپاک نہیں بناتا۔

اشکال نمبر3)شریعت میں حکم ہے کہ آسان چیز کو لیاکرو، رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں : قد ترکتکم علی البیضاء لیلُہا کنہارِہا۔ (سنن ابن ماجہ43)

اورحدیث میں آتاہے : إن الدين يسر، ولن يشادَّ الدين أحدٌ إلَّاغلبَه. (صحیح البخاری939)دین آسان ہے ، دین کے ساتھ جو بھی مقابلہ کرے گادین اس پر غالب آجائے گا۔

اورحدیث میں آتاہے : ماخُيِّرَ رسولُ اللّٰه صلى الله عليه وسلم بين أمرَين إلَّا أخذ أيسرهما. (صحیح البخاری3560)اورجب شریعت میں آسانی ہے تواگرامام ابوحنیفہ کے مسلک میں کوئی آسان بات ہے تواس کو لیناچاہیئے اوراگرامام شافعی کے مسلک میں کوئی آسان بات ہے تواس کو لیناچاہیئے اور مشکل کو چھوڑدیناچاہیے۔

جواب: اس کاایک جواب یہ ہے کہ جب دوچیزوں میں اختیاردیاجاتاتھاتورسول اللہ ﷺ امورِدنیویہ میں آسان کواختیارفرماتے تھے ، نہ کہ امورِدینیہ میں؛ اس لئے کہ امورِدینیہ میں رسول اللہ ﷺ مشکل سے مشکل کوپسندکرتے تھے، قصیدہ بردہ میں ہے :

ظلمتُ سُنّۃ مَنْ اَحیَ الظّلامَ اِلی اَنْ اشتکتْ قدَماہ الضّرَّ مِن ورَمِ

میں نے اس نبی کی سنت پر ظلم کیاجوراتوں کوجاگتے تھے یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ کے پاؤں مبارک سوج گئے۔کیایہ آسان ہے ؟!

حضرت حذیفہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک رات رسول اللہ ﷺ کے پیچھے نمازپڑھی، تورسول اللہ ﷺ نے پہلی رکعت میں سورت بقرہ اوردوسری میں آل عمران اورتیسری میں نساء اورچوتھی میں مائدہ پڑھی۔ اورجتناقیام کیااتنارکوع کیااورجتنارکوع کیااتناسجدہ کیااورجتناسجدہ کیااتناہی جلسہ کیااوراتناہی قومہ کیا"۔(سنن ابی داؤد874)۔

اندازہ لگائیے کیایہ آسان ہے؟!معلوم ہواکہ دینی معاملات میں رسول اللہ ﷺ مشکل سے مشکل کوپسندفرماتے تھے۔روزے کثرت سے رکھتے تھے، ایام بیض کے روزے رکھتے تھے ، شعبان کے روزے رکھتے تھے۔ جہاداوربھوک وپیاس کی مشقتوں کوبرداشت کرتے تھے۔کیایہ آسان کام ہے ؟!معلوم ہواکہ مذکورہ حدیث شریف میں مراددنیوی کاموں میں آسانی کواختیارکرناہے ، مثلادوراستوں میں سے جوآسان راستہ ہواہواس کواختیارفرمایا، پیدل بھی چل سکتے تھے اورسواری بھی موجودہے توسواری کواختیارفرمایا۔

اورحدیث میں آتا ہے : الدنیاسِجْنُ المؤمن وجنۃُ الکافر".(صحیح مسلم2956)۔مومن کے لئے دنیااس لئے جیل ہے کہ وہ دنیامیں دینی معاملات میں تکلیف برداشت کرتاہے ، اسی لئے مسلمان کومکلف کہتے ہیں۔مکلف کامطلب یہ ہے کہ اس کے اوپرکلفت وپریشانی ڈالی گئی ہے اگرآسانی ہوتوپھرمکلف کیسے بن گیا؟

دوسراجواب یہ ہے کہ جن چیزوں میں شریعت نے صراحۃً اختیاردیاہے کہ یہ کرویایہ کرو۔اس میں آپ ﷺ آسان کواختیارفرماتے تھے۔مثلا: اگرکوئی قسم کھاکرحانث ہوجائے تواس کے لئے آیت کریمہ : "فَکَفَّارَتُہٗ اِطْعَامُ عَشَرَۃِ مَسَاکِیْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَاتُطْعِمُوْنَ اَہْلِیْکُمْ اَوْ تَحْرِیْرُ رَقَبَۃٍ فَمَنْ لَمْ یَجِدْ فَصِیَامُ ثَلَاثَۃِ اَیَّامٍ" .(المائدۃ: 89)میں اختیاردیاگیاہے کہ حانث ہونے والاشخص ان تینوں میں سے جس کوچاہے اختیارکرسکتاہے۔یاجیسے اگرکوئی محرم حرم کے جانورقتل کرے ، توآیت کریمہ : فَجَزَاءٌ مِثْلُ مَاقَتَلَ مِنَ النَّعَمِ یَحْکُمُ بِہٖ ذَوَاعَدْلٍ مِنْکُمْ ہَدْیًابَالِغَ الْکَعْبَۃِ اَوْ کَفَّارَۃٌ طَعَامُ مَسَاکِیْنَ اَوْعَدْلُ ذٰلِکَ صِیَامًا.(المائدۃ:۹۵) میں ان چیزوں کے درمیان اختیاردیاگیاہے کہ ان میں سے جس کوچاہے اختیارکرے۔

- ائمہ اربعہ :

1)امام مالکؒ:93ھ سے179ھ تک

2)امام ابوحنیفہؒ:70ھ یا80ھ سے150ھ تک نام:نعمان بن ثابت بن زوطہ بن ماہ

3)امام شافعیؒ:150ھ سے204ھ تک؛نام:محمد بن ادریس بن عثمان بن شافع؛مشہوراساتذہ:امام وکیع اورامام محمد

4)امام احمد بن حنبلؒ:164ھ سے241ھ تک

امام ابوحنیفہؒ (70یا80-150)

امام ابوحنیفہؒ کی تاریخ پیدائش کے بارے میں اختلاف ہے، اکثرنے 80 کی روایت کوراجح قراردیاہے اورمولانامحمدعاشق الٰہی رحمہ اللہ تعالی نے" الخیرات الحسان "کے حاشیہ (ص43-44)میں متعددوجودترجیح کی بنیادپر70 کی روایت کوراجح قراردیاہے۔

حنیفہ کا معنی : شریعت مستقیمہ پرچلنے والے اوراس کے مجتہد۔یہ ثابت نہیں کہ ان کی کوئی بیٹی تھی ، جس کانام حنیفہ تھا۔نعمان خون کوبھی کہتے ، جیسے خون بدن کے لئے ضروری ہے اسی طرح امام ابوحنیفہ کااجتہادبھی شریعت کے لئے ضروری ہے۔نعمان کاایک معنی : پھول اورخوشبوبھی ہے۔تقریباً اس پراتفاق ہے کہ امام ابوحنیفہ تابعی ہیں۔

امام ابوحنیفہؒ کے دوپوتے ہیں : عمراوراسماعیل۔

عمرکہتے ہیں: كان زوطي مملوكالبني تيم اللّٰہ بن ثعلۃ فأعتق۔یعنی امام ابوحنیفہ بنی تیم کے معتَق تھے۔اسماعیل جودوسرے پوتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ: واللّٰہ ماوقع علينارق قط. یعنی ہمارے باپ دادامیں کوئی رقیق نہیں تھا۔(أخبارأبي حنيفۃ وأصحابہ،ص15)

امام ابوحنیفہؒ کی صحابہ کرام کی رؤیت ثابت ہے اورروایت میں اختلاف ہے۔رویت کے بارے میں کہتے ہیں کہ ابوالطفیل ، عامربن واصلہ ،عبداللہ بن حارث بن جزع ، انس بن مالک رضی اللہ عنہم کودیکھااورحضرت عائشہ بنت عجرۃرضی اللہ عنہاکی ملاقات کی۔ خطیب بغدادی ، دارقطنی روایت کے منکرہیں کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالی نے صحابہ کرام سے روایت نہیں لی ہے۔اورعلامہ سیوطی ، عبدالقادرقرشی رویت اورروایت دونوں کے قائل ہیں۔اوراس زمانے میں ایسی کتابیں لکھی گئی میں جس میں امام ابوحنیفہؒ کی صحابہ کرام سے روایات کوبیان کیاہے۔

امام ابوحنیفہؒ کے مشہوراساتذہ میں امام شعبی ،سلیمان بن مہران الاعمش،ابواسحاق السبیعی،سلمہ بن کہیل، ابن شہاب زہری،قاسم بن عبدالرحمن ، نافع مولی ابن عمر، حمادبن ابی سلیمان، عطاء بن أبي رباح اورقتادہ وغیرہ ہیں۔حافظ ذہبی نے" سير أعلام النبلاء" (6/390-391) میں امام صاحب کے چالیس سے زائدکباراساتذہ کے اسماء شمارکرائے ہیں۔علامہ ابن حجرالہیتمی نے الخیرات الحسان (ص۵۶) میں امام ابوحفص کبیرسے نقل کیاہے کہ آپ کے صرف ان اساتذہ کی تعدادجوتابعی ہیں چارہزارہے اورغیرتابعی اساتذہ بے شمارہیں۔

آپ کے مشہورتلامیذیہ ہیں:عبداللہ بن مبارک جوکہتے ہیں کہ اگراللہ تعالی مجھے دوآدمیوں سے فائدہ نہیں پہنچاتے ایک سفیان دوسرے ابوحنیفہ تومیں بھی ایک عام آدمی ہوتا۔عبداللہ بن مبارک فتوی امام ابوحنیفہ کے قول پردیتے تھے۔یحیی بن معین ، یحی بن سعیدالقطان ، ابوعاصم النبیل جوامام بخاری کے راویوں میں سے ہیں ، یزیدبن ھارونؒ، وکیع بن جراح ، مکی بن ابراہیم جن سے بخاری میں گیارہ ثلاثیات مروی ہیں ، اسی طرح یحیی بن زکریا، عبدالرزاق مصنَّف کے مصنِّف یہ سب بڑے بڑے حضرات امام ابوحنیفہ کے تلامیذہیں۔صاحب الجواہرالمضیۃ فرماتے ہیں کہ آپ کے تلامذہ کی تعدادتقریباًچارہزارہے۔ روى عَن أبي حنيفَة رضی اللہ عَنهُ وَنقل مذْهبه نَحْو من أَرْبَعَة آلَاف نفر (الجواہرالمضیۃ1/55)۔ابن حجرالہیتیؒ فرماتے ہیں کہ آپ کے تلامذہ کی تعدادکوضبط کرناممکن نہیں ،اسی لئے بعض ائمہ نے فرمایاہے کہ جتنے آپ کے تلامذہ تھے اتنے ائمہ متبوعین میں کسی کے نہیں تھے۔بعض متاخرین محدثین نے نام ونسب کے ضبط کے ساتھ آپ کے آٹھ سوتلامذہ کاذکرکیاہے۔(الخیرات الحسان 60)

آپ کی تصانیف میں : کتاب الأذکار، کتاب الرای، الفقہ الأبسط، الفقہ الاوسط ، الفقہ الاکبر، کتاب اختلاف الصحابۃ کتاب الآثارجس کوامام ابوحنیفہ نے چالیس ہزاراحادیث سے منتخب کیا۔اورکتاب الآثارکی لوگوں نے بڑے خدمت کی ہے ، اس کے رجال پر قاسم

بن قطلوبغانے الایثارلرجال کتاب الآثارنامی کتاب لکھی۔ابن حجرنے تعجیل المنفعۃ کے نام سے کتاب لکھی جس میں ائمہ اربعہ کی روایات کی تحقیق ہے۔

- امام ابوحنیفہ پراشکالات اوران کے مختصرجوابات:

-اشکال نمبر1)امام ابوحنیفہ کوامام نسائی نے ضعیف کہاہے، فرماتے ہیں : نعمان بن ثابت أبوحنيفة ليس بالقوي في الحديث۔ (الضعفاء والمتروكين للنسائی ص100)

جواب:اس کاالزامی جواب یہ ہے کہ اگربڑے بڑے ائمہ کوکسی نے ضعیف کہاہوتواس کاکوئی اعتبارنہیں۔جیسے سمندرمیں پیشاب کرنے سے سمندرناپاک نہیں ہوتا۔یحیٰ بن معین نے امام شافعی کی تضعیف کی ہے(الوافی بالوفیات1/46)توکیاامام شافعیؒ ضعیف ہوجائیں گے ؟!

علامہ کرابیسی نے امام احمدؒکی تضعیف کی ہے(سیر أعلام النبلاء9/471) (مشہورروایت توثیق کی ہے اورامام حاکم فرماتے ہیں کہ مجھے یحیی بن معین کی مرویات میں کوئی بھی روایت امام شافعی پرطعن سے متعلق نہیں ملی۔(تہذیب التہذیب 9/13))توکیاامام احمدؒضعیف ہوجائیں گے؟!

امام ذہلی نے امام بخاریؒ کی تضعیف کی ہے توکیاامام بخاریؒ ضعیف ہوجائیں گے؟!

اورابوحاتم اورابوزرعہ دونوں نے امام بخاریؒ کومنکرالحدیث کہاہے ، توکیاامام بخاری منکرالحدیث ہوجائیں گے؟!

امام احمدؒنے امام اوزاعی کی تضعیف کی ہے ، توکیاامام اوزاعی ضعیف ہوجائیں گے؟!ابن حزم نے ترمذی کومجہول کہاہے(تہذیب التہذیب 9/388)توکیاامام ترمذیؒ مجہول ہوجائیں گے ؟

امام نسائی کولوگوں نے شیعہ کہاہے ، توکیاامام نسائی شیعہ ہوجائیں گے۔معلوم ہواکہ اگرکسی مسلّم امام پرکوئی تنقیدکرے تواس تنقیدکاکوئی اعتبارنہیں ہے۔ویسے توکسی نے کہاہے :

مانجااللّٰہُ والرَّسولُ معًا مِن لسان الورَی فکیف أنا
قِیل: اِنّ الاِلٰہ ذوولد قیل: اِنّ الرسولَ قدکھنا

اللہ اوررسول دونوں لوگوں کی زبان سے نجات نہیں پائے توميں کیسے بچوں گا، بعضوں نے اللہ کی اولادہے اوربعض نے رسول کوکاہن کہا۔

دوسراجواب یہ ہے کہ امام نسائی نے اس سے رجوع کیاہے ؛ اس لئے کہ امام نسائی نے کہاہے کہ جوکچھ میں نے نسائی میں کہاہے وہ صحیح ہے اورنسائی کے بعض نسخوں میں لیس علی من أتی بہیمۃ حدٌ۔یہ روایت نقل کی ہے اوراس کی سندمیں امام ابوحنیفہ ہے ، اگرامام حنیفہ ضعیف ہوتے تووہ اس روایت کوکیسے نقل کرتے جب کہ امام نسائی فرماتے ہیں کہ میں نسائی میں صرف صحیح روایت کونقل کرتاہوں۔اوریہ روایت بعض نسخوں میں موجودہے۔معلوم ہواکہ امام نسائی نے اپنے قول سے رجوع کیاہے۔

دوسراجواب یہ ہے کہ امام نسائی نے اس سے رجوع کیاہے ؛ اس لئے کہ امام نسائی " السنن الکبری"(7341)میں ابوحنیفۃ عن عاصم کی سندسے " لیس علی من أتی بہیمۃ حدٌ" روایت کونقل کرنے کے بعدفرماتے ہیں : "ہذاحدیث غیر صحیح وعاصم بن عمرضعیف

فی الحدیث". اگرامام ابوحنیفہ ان کے نزدیک ضعیف ہوتے تووہ اس روایت علت میں ان کا بھی ذکرکرتے۔معلوم ہواکہ امام نسائی نے اپنے قول سے رجوع کیاہے۔

اس رجوع کی مثال ایسی ہے جیسے عبداللہ بن مبارک سے اوزاعی نے کہا: من ہذاالمبتدع الذي خرج بالکوفۃ یکنی أباحنیفۃ؟ عبداللہ بن مبارک خاموش ہوگئے اورتیسرے دن واپس آکرامام اوزاعی کوکچھ مسائل دکھائے جس میں ابوحنیفہ کے بجائے نعمان بن ثابت کی طرف منسوب تھے۔امام اوزاعی نے ان مسائل کودیکھ کرفرمایاکہ یہ توبہت اعلی درجہ کے آدمی معلوم ہوتے ہیں۔عبداللہ بن مبارک نے کہا: یہ وہی ابوحنیفہ ہیں جن کوآپ مبتدع کہہ رہے تھے۔چنانچہ اوزاعی نے اپنے قول سے رجوع کیا۔(تاریخ بغداد13/338، أوجزالمسالک 1/179)

یاجیسے ابن عدی نے امام ابوحنیفہ کی تضعیف کی تھی لیکن جب امام طحاوی کے تلمیذہوگئے توپھراپنے قول سے رجوع کرلیا۔

امام ابوحنیفہؒ کے بارے میں شعبہ کہتے ہیں : کان واللہ ثقۃ ثقۃ۔یحییٰ بن سعید قطان کہتے ہیں: واللہ جالسنا أباحنیفۃ وسمعنامنہ وکنت واللہ إذانظرت إلیہ عرفت أنہ یتقي اللہ عزوجل.(تاریخ بغداد13/352)ہم ابوحنیفہ کی ساتھ بیٹھے ، ان سے سنااوران کودیکھا، معلوم ہواکہ وہ اللہ سے ڈرتے ہیں۔اسی طرح امام ابوحنیفہ کے بارے میں یحیی بن معین کہتے ہیں : کان ثقۃ لایحدث إلابمایسمع ماسمعت أحدایجرحہ۔ثقہ تھے اوربغیرسنے ہوئے بیان نہیں کرتے تھے ، میں نے نہیں سناکہ کوئی ان پرتنقیدکرتاہو۔علی بن مدینی کہتے ہیں: روی عنہ ابن المبارک ثقۃ لابأس بہ۔

اشکال نمبر2) ذہبی نے میزان الاعتدال(4/265) میں کہاہے : النعمان بن ثابت إمام أہل الرأی ضعّفہ النسائی من جہۃ حفظہ وابن عدي، وآخرون۔

جواب: یہ عبارت الحاقی ہے ، اس لئے کہ امام ذہبی نے بڑے بڑے ائمہ کاتذکرہ تذکرۃ الحفاظ میں کیاہے ، اورمیزان الاعتدال میں مجروحین کاتذکرہ کیاہے۔امام ذہبی میزان الاعتدال کے مقدمہ(1/31) میں خودتحریرفرماتے ہیں: " وکذالا أذکرفي کتابي من الأئمۃ المتبوعین في الفروع أحداً لجلالتہم في الإسلام وعظمتہم في النفوس؛ مثل أبي حنیفۃ، والشافعي، والبخاري". امام ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ (1/126-129)میں امام ابوحنیفہ کاتذکرہ بڑے شانداراندازمیں کیاہے۔معلوم ہواکہ امام ابوحنیفہ کاتذکرہ تذکرۃ الحفاظ میں ہے ، میزان الاعتدال میں نہیں ہے۔

دوسراقرینہ یہ ہے کہ حافظ ابن حجرنے اپنی کتاب لسان المیزان کومیزان الاعتدال پرمرتب کیاہے اورلسان المیزان میں اس کاذکرنہیں۔اگرمیزان الاعتدال میں امام ابوحنیفہ کاذکرہوتاتولسان المیزان میں بھی ہوتا۔

تیسری وجہ یہ ہے کہ شیخ عبدالفتاح ابوغدہ رحمہ اللہ نے فرمایاہے کہ میں نے دمشق کے مکتبہ ظاہریہ اورحلب کے مکتب احمدیہ میں میزان الاعتدال کاخطی نسخہ دیکھا،اسی طرح رُباط میں بھی میزان الاعتدال کامخطوطہ دیکھاجومصنف کے سامنے متعددمرتبہ پڑھاگیا، ان میں سے کسی میں بھی امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالی کاتذکرہ موجودنہیں ہے۔(تعلیقات الشیخ عبدالفتاح أبوغدۃ علی الرفع والتکمیل،ص122-126) نیزبعدوالے محققین نے بھی اس کاذکرنہیں کیا، معلوم ہواکہ یہ عبارت کسی غیرمقلدنے حاشیہ پرلکھی اورپھربعدمیں حاشیہ سے لے کرکتاب کے اندرداخل کردی گئی۔

-اشکال نمبر3) امام دارقطنی نے ابوحنیفہؒ کوضعیف کہاہے؛ اپنی سنن میں حدیث: "من کان لہ إمام فقراء ۃ الإمام لہ قراء ۃ"کونقل کرنے کے بعدفرماتے ہیں: "لم یسندہ عن موسی بن أبي عائشۃ غیر أبي حنیفۃ والحسن بن عمارۃ وہماضعیفان"(سنن الدارقطنی، 1246)

جواب: دارقطنی بہت بعدمیں پیداہوئے ، جب امام ابوحنیفہ کے معاصرین نے ان کی توثیق کی ہے تو۱۵۰/ سال بعدپیداہونے والے شخص کی تضعیف کاکوئی اعتبار نہیں۔

چوتھااشکال:ابن خلکان نے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالی کی طرف قلت عربیت کومنسوب کرتے ہوئے لکھاہے کہ امام ابوحنیفہ سے کسی نے پوچھا: اگرکوئی کسی کومثقل سے قتل کرے توکیااس پرقصاص ہے ؟ امام ابوحنیفہ نے کہاجی ، اس پرقصاص ہے۔اس نے کہا: ولوقتلہ بحجرالمنجنیق؟ امام ابوحنیفہ نے کہا: ولوقتلہ بأبانقبیس. ابوحنیفہ کواتنابھی نہیں معلوم تھاکہ" أبی قبیس" پڑھناچاہئے یا" أبانقبیس "۔(وفیات الاعیان5/413)

جواب: یہ ان لوگوں کے مذہب پرمبنی ہے جواسماء ستہ کوہرحال میں منصوب سمجھتے ہیں۔جیسے :

إنَّ أباہاوأبا أباہا قدبلغافي المَجْدِ غایَتاہا (الإنصاف فی مسائل الخلاف بین النحویین: البصرین والکوفیین 1/18)

وأبا أبیھاکی جگہ أبا أباھا آیاہے۔اورخودبخاری (3668)میں ہے : أنت أباجہل۔أنت أبوجہل کی جگہ۔اس لئے کہ یہ بھی ایک قراءت ہے۔

اوربعض حضرات کہتے ہیں کہ أبانقبیس: الخشبۃ التي یوضع علیہ اللَّحم۔أبانقبیس اس لکڑی کوکہتے ہیں جس پرگوشت رکھ کرکاٹاجاتاہے ۔یعنی اگرچہ اس لکڑی کے ساتھ اس کومارے۔

امام شافعیؒ سے مروی ہے کہ : الناس عیال فی الفقہ علی أبي حنیفۃ۔(سیر أعلام النبلاء6/403)

امام شافعیؒ سے یہ بھی مروی ہے کہ : قدسلم لہ جمیع الناس ثلاثۃ أرباع الفقہ وہولایسلم لہم الربع. (المرقاۃ المفاتیح 1/29-30)

لوگوں نے تسلیم کیاکہ علم فقہ کے تین حصے ابوحنیفہ کے پاس ہیں اورایک چوتھائی حصہ دوسروں کے پاس ہے۔اس کامطلب یہ ہے کہ علم فقہ دوچیزیں ہیں :سوال وجواب۔اگرکسی نے یہ کیاتواس کاکیاحکم ہے ، اگرکسی نے وہ کیاتوکیاحکم ہے۔سوالات سب ابوحنیفہ نے مرتب کئے ، اس لئے کہ سب سے پہلے امام وہی ہیں اورجوابات بھی انھوں نے دئے۔جوابات میں سے آدھے لوگوں نے تسلیم کئے اورآدھے کی مخالفت کی۔اورجب آدھے کوتسلیم نہیں کیاتوایک ربع دوسروں کے لئے ہوااورتین ربع ان کے لئے ہوگئے۔مثال کے طورپرہم فرض کریں کہ چارہزارسوالات انھوں نے مرتب کئے اورپھرچارہزارسوالات کے چارہزارجوابات دئے اس طرح کل آٹھ ہزارہوگئے۔سوالات توسب لوگوں نے تسلیم کئے کہ ابوحنیفہ نے ان کومرتب کیااورجوابات میں سے دوہزارکوتسلیم کیااوردوہزارمیں مخالفت کی ، توجن دوہزارمیں موافقت کی ان کوچارہزارسوالات کے ساتھ ملادیں توکل چھ ہزارہوگئے۔اس طرح چھ ہزارکاعلم ان کے لئے تسلیم کیاگیااوردوہزاردوسروں کے لئے ہوا۔

مسبوط سرخسی(1/3) میں اس قول کوامام شافعی کے شاگردابن سریجؒ کی طرف منسوب کیاگیاہے۔

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالی کی ذہانت وذکاوت کے بے شمارواقعات ہیں ان کی سوانح کی کتابوں میں دیکھے جاسکتے ہیں۔

-اشکال نمبر5) صحاح ستہ میں امام ابوحنیفہؒ کی روایت نہیں ہے۔

جواب: اس کاالزامی جواب یہ ہے کہ بخاری میں امام شافعی رحمہ اللہ تعالی کی بھی روایت نہیں ہے توکیاامام شافعی مردودہوگئے۔صحیح مسلم میں امام بخاری کی روایت نہیں ہے توکیاامام بخاری مردودہوگئے۔معلوم ہواکہ کسی کتاب میں کسی کی روایات کانہ ہوناس کے غیرمقبول ہونے کی دلیل نہیں ہے۔بلکہ مصنفین نے ان روایات کوجمع کیاہے جوگم ہوسکتی تھیں۔ائمہ اربعہ کی روایات فقہ میں مشہورہوچکی تھیں اس لئے ان کومحفوظ رکھنے کی ضرورت نہیں تھی۔

اشکال نمبر6)ابن خلدون نے لکھاہے کہ امام ابوحنیفہ قلیل الحدیث تھے ، ان سے صرف سترہ احادیث مروی ہیں۔(تاریخ ابن خلدون 1/561)۔

جواب: امام ابوحنیفہؒ نے جن احادیث سے استدلال کیاہے وہ توسیکڑوں پر مشتمل ہیں۔اورایک عالم نے اس کاجواب دیاکہ یہ توبڑے تعجب کی بات ہے کہ فقہ کے سارے مسائل کوصرف سترہ احادیث سے نکالا، اس سے بڑھ کراورکیاذہانت ہوسکتی ہے۔اصل میں ان کی احادیث سترہ دفتر(رجسٹر) میں تھیں۔

لوگوں میں یہ واقعہ بھی مشہورہے کہ امام ابوحنیفہؒ نے حجام سے چارسنتیں سیکھی۔حجام ان کابال صاف کررہاہے توابوحنیفہ سے کہا:

1)تلبیہ پڑھو

2) قبلہ کی طرف منہ کرو

3) عظمین تک حلق ہوناچاہئے

4) یمین میری طرف کرو

شیخ عبدالفتاح ابوغدۃ نے اس روایت کی الرفع والتکمیل(ص393) میں تحقیق کی ہے اورلکھا ہے کہ یہ روایت منقطع ہے اگرچہ لوگوں میں مشہورہے۔خوداس کے اندردلیل موجودہے کہ یہ روایت صحیح نہیں ہے ، اس لئے کہ حلق کرانے کے وقت تلبیہ نہیں ہے ، تلبیہ تورمی جمرات کے ساتھ ختم ہوجاتاہے اوررمی جمرات پہلے ہے ، حلق بعدمیں ہے۔معلوم ہواکہ یہ روایت کسی نے اپنی طرف سے بنائی ہے۔

اسی طرح لوگوں میں مشہورہے کہ امام ابوحنیفہؒ نے چالیس سال تک عشاء کے وضوسے فجرکی نمازپڑھی۔

علامہ کوثری اور شیخ عبدالفتاح ابوغدہ وغیرہ حضرات نے اس واقعہ کی تردیدکی ہے کہ سندکے لحاظ سے یہ واقعہ صحیح نہیں ہے۔

امام مالکؒ امام ابوحنیفہؒ کے بارے میں فرماتے ہیں:" لوأرادأن یجعل ہذاالعمودذہبالجعلہ۔اگروہ اس ستون کوسونابناناچاہیں توکرسکتے ہیں۔ یعنی اللہ تعالی نے ان کوایسی ذہانت اورفطانت عطافرمائیں ہے کہ لکڑی کواپنی دلیل کی قوت سے سونابناسکتے ہیں۔

امام ابوحنیفہؒ کی ذہانت کے واقعات ان کی سوانح میں دیکھے جاسکتے ہیں، یہاں اس کی گنجائش نہیں صرف ایک واقعہ بیان کرتاہوں:

امام ابوحنیفہؒ کومعلوم ہواکہ امام ابویوسف نے ان کی اجازت کے بغیرتدریس شروع کی ہے ، توامام ابوحنیفہ نے کسی کوبھیجاکہ جاؤابویوسف سے پوچھوکہ نماز فرض سے شروع کرتے ہیں یاسنت سے ، اگروہ کہتے ہیں کہ فرض سے ، توکہو: غلط ہے۔اوراگروہ کہیں کہ سنت سے ، توکہو: غلط ہے۔

دوسرامسئلہ :ان سے پوچھوکہ ایک آدمی نے دھوبی کودھونے کے لئے کپڑادیااوردھوبی نے انکارکیاکہ تم نے مجھے کوئی کپڑانہیں دیا، پھراللہ تعالی کاخوف پیداہوااورکپڑاواپس کردیا، اب اس کے لئے اجرت واجب ہے یانہیں؟ اگرابویوسف کہیں کہ واجب ہے ، توکہو: غلط ہے۔اوراگرکہیں کہ واجب نہیں ،توکہو: غلط ہے۔دونوں جواب ابویوسف نے دئے اورسائل نے دونوں جوابوں کی تغلیط کی۔تیسراسوال یہ کیاکہ کسی مسلمان کے نکاح میں عیسائی عورت ہے اس کاانتقال ہوااوروہ حاملہ تھی، اب اس کومسلمانوں کی قبرستان میں دفن کریں گے یاعیسائیوں کی قبرستان میں؟ جوبھی جواب دیں،کہو: غلط ہے۔

چوتھاسوال یہ کیاکہ ایک دیگ ہے اس میں شوربااوربوٹیاں ہیں ایک چڑیاآئی اوراس میں گرکرمرگئی ، اب اس دیگ کے گوشت کوکھایاجائے گایانہیں؟ جوبھی جواب دیں ،کہو: غلط ہے۔

پانچواں سوال یہ کیاکہ ایک شخص کی ام ولدنے مولی کی اجازت کے بغیرنکاح کیااورمولی کاانتقال ہوگیاتوکیااس پرعدت واجب ہوگی، یانہیں ؟ جو بھی جواب دیں ، کہو: غلط ہے۔(الأشباہ والنظائرص:424-425)۔

امام ابویوسف نے تدریس چھوڑی اوردوڑکرآئے کہ حضرت جواب بتادیجئے۔ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالی نے فرمایا: نمازسنت اورفرض دونوں سے شروع کرتے ہیں؛ اللہ اکبرکہنافرض ہے اورہاتھ اٹھاناسنت ہے۔دوسرے مسئلہ میں اگردھوبی نے قبل الانکارکپڑادھویاتواس کے لئے اجرت ہے ، اوراگربعدالانکارکپڑادھویاتواس کے لئے اجرت نہیں ہے کیونکہ اس نے اپنے خیال میں اپناکپڑادھویاہے۔اورکتابیہ عورت اگرمرگئی تواس کونہ تومسلمانوں کی قبرستان میں دفن کریں گے کیونکہ وہ مسلمان نہیں اورنہ توعیسائیوں کی قبرستان میں دفن کریں گے کیونکہ بچہ مسلمان ہے ، اس کودونوں قبرستانوں سے الگ دفن کیاجائے گا۔اورچوتھے مسئلے میں جس وقت پرندہ گرکرمراہے اگراس وقت دیگ ابل نہیں رہی تھی توشوربا کوگرادیاجائے گااوربوٹیاں تین مرتبہ دھونے سے پاک ہوجائیں گی ، کیونکہ اندرنجاست سرایت نہیں کی ہے۔اوراگردیگ ابل رہی تھی توابلنے کی وجہ سے اس کے گوشت کوبھی پھینک دیاجائے گا، کیونکہ ابلنے کی وجہ سے پرندے کی نجاست کودیگ میں موجودگوشت نے کھینچ لیا۔

ایک شخص نے کہاکہ اللہ تعالی سے پہلے کون ہے ؟اوراللہ تعالی کس طرف دیکھ رہے ہیں ؟اوراللہ تعالی کیاکررہے ہیں؟

امام ابوحنیفہؒ نے فرمایا:الف سے پہلے کیاہے ؟ اس نے کہاکچھ بھی نہیں۔آپ نے کہاجب الف سے پہلے کچھ بھی نہیں تواللہ تعالی سے پہلے بھی کچھ بھی نہیں ،اللہ ہمیشہ کے لئے ہے قدیم ہے اس کی نہ ابتداہے اورنہ انتہا۔اورچراغ جلاکرپوچھاکہ چراغ کی روشنی کس طرف ہے؟ اس نے کہا: ہرطرف۔ آپ نے فرمایااسی طرح اللہ تعالی کانورہرطرف ہے "اَللّٰہُ نُوۡرُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ" (النور:35)۔

تیسرے جواب کے لئے آپ نے فرمایاتم نیچے اترجاؤمیں کرسی پربیٹھوں گا؛ کیونکہ تم سائل ہواورمیں جواب دوں گا۔وہ اترگیا،امام ابوحنیفہ کرسی پربیٹھ گئے اورسائل سے کہاکہ اللہ تعالی نے یہ کیاکہ تم کوکرسی سے اتاراورمجھ کوکرسی پربٹھایا۔

ائمہ کی طرف احادیث میں اشارے بھی موجودہیں جوکتب احادیث میں مذکورہیں، مثلا: " لوکان الدینُ عندَ الثُّرَیّالذَہَب بہ رجلٌ من فارسَ -أوقال- مِن أبناء فارِسَ حتّٰی یتناولہ "۔(صحیح مسلم230)اگردین ثریاستارے کے پاس ہوتاتوکچھ اہل فارس اس تک پہنچ جاتے۔اس میں امام ابوحنیفہ کی طرف اشارہ ہے؛ اس لئے کہ ان کے آباء واجدادفارس کے رہنے والے تھے۔غیرمقلدین کہتے ہیں کہ اس سے مرادامام بخاری وامام ترمذی ہیں۔بہت اچھی بات ہے ، لیکن حدیث میں ثریاکاذکرہے اورثریاستارے کوکہتے ہیں اورستارے صحابہ کرام ہیں۔حدیث میں آیاہے: أصحابي کالنجوم۔اس حدیث میں کلام ہے لیکن دوسرے احادیث میں اس کی تائیدموجودہے۔معلوم ہواکہ حدیث مذکورسے مرادوہ ہے جوستارے تک پہنچنے والاہے اورصحابہ کرام تک پہنچنے والے امام ابوحنیفہؒ ہیں؛ کیونکہ وہ تابعی ہیں۔امام بخاری اورامام ترمذی اپنی جگہ بڑے محدث ہیں، لیکن وہ تابعی نہیں ہیں۔

- امام بخاریؒ کے حالات

امام بخاریؒ کانام: محمد بن اِسماعیل بن اِبراہیم بن مغیرۃ بن بردزبۃاورایک روایت میں تاج الدین سبکی نے بززبۃ ذکرکیاہے۔ابراہیم کے حالات معلوم نہیں۔سب سے پہلے مغیرہ یمان جعفی کے ہاتھ پرمسلمان ہوئے، اس لئے امام بخاری کوجعفی بھی کہتے ہیں ۔حدیث میں آتاہے : ماالسنۃ فی الرجل یسلم علی یدی رجل؟ قال : ہواَولی بہ فی حیاتہ ومماتہ۔یعنی جوآدمی کسی کے ہاتھ پرمسلمان ہوجائے وہ اس سے قریب ہے دنیامیں بھی اورمرنے کے بعد بھی۔دنیاکامطلب یہ ہے کہ اگرمولی اسفل نے کوئی جنایت کی تومولی اعلی اس کی دیت دیگااوراگرمولی اسفل مرگیاتومولی اعلی اس کاوارث ہوگا۔

اسماعیل امام ابوحنیفہ کے تلمیذتھے ، لیکن حافظ ابن حجرنے اس کوذکرنہیں فرمایا، متقدمین نے اس کوذکرکیاہے۔

امام بخاری 13شوال بروز جمعہ194میں پیداہوئے اورلیلۃ العید256ھ میں آپ کی وفات ہوئی اورعیدکے روزآپ کی نمازجنازہ ہوئی۔جس جگہ آپ مدفون ہوئے اس کوخرتنگ کہتے ہیں۔اوربعدمیں اس جگہ کانام خواجہ آبادہوگیا۔اورخواجہ کا معنی: محترم ہے۔

امام بخاریؒ ابتداسے صاحب حفظ اورصاحب ذہانت ہے،شاعرکہتاہے:

کان البخاری حافظاومحدثا جمع الحدیث وکمل التحریر

میلادہ صدق ومدۃ عمرہ فیہاحمیدوانتزی فی نور

امام بخاری حافظ تھے محدث تھے ، حدیث کوجمع کیامکمل صاف کرکے۔ان کی تاریخ پیدائش ست (جس کاعدد194) ہے۔اوران کی مدت عمرمیں حمیدکالفظ ہے (جس کاعدد62)اوروفات پاگئے تھے نورمیں ، جس کاعدد(256) ہے۔

امام بخاری دس سال کی عمرمیں حافظ الحدیث بن گئے تھے اورمحدث داخلی کے پاس ایک مرتبہ گئے توانہوں حدیث بیان کی: سفیان عن اَبی الزبیرعن اِبراہیم۔توامام بخاری نے کہا: آپ اپنی کتاب کی طرف رجوع کرلیں، ایسی نہیں ہے۔انھوں نے اپنی کتاب منگوائی اورامام بخاری سے کہا: بتایئے صحیح کیاہے ؟امام بخاری نے فرمایا: سفیان عن زبیربن عدی عن اِبراہیم۔اس لئے کہ سفیان اَبوالزبیرسے روایت نہیں کرتے ، بلکہ زبیربن عدی سے روایت کرتے ہیں۔

اوربغدادوسمرقندکاواقعہ مشہورہے کہ جب امام بخاری وہاں گئے تولوگوں نے امام بخاری کے امتحان کے لئے 100 احادیث کو خلط ملط کرکے امام بخاری کے سامنے پیش کیا۔امام بخاری ہرحدیث کے بارے میں فرماتے : لاادری۔پھرجب سواحادیث ختم کی توامام بخاری کہنے لگے : پہلی حدیث کامتن یہ ہے اورسندیہ ہے ، دوسری حدیث متن یہ ہے سندیہ ہے۔حافظ ابن حجرفرماتے ہیں کہ اس پرتعجب نہیں ہے کہ امام بخاری نے صحیح احادیث کوبیان کیا، تعجب اس پرہے کہ ان کاغلط بھی امام بخاری کویادہوگیاکہ آپ نے یہ غلط بیان کیاتھا، صحیح یہ ہے۔

16سال کی عمرمیں عبداللہ بن مبارک کی کتابوں کوحفظ کرلیاتھا۔

بعض ساتھیوں نے امام بخاری سے کہاکہ آپ نہیں لکھتے اپناوقت ضائع کرتے ہیں۔امام بخاری نے کہاآپ مجھ سے پوچھ لیں۔جب لوگوں نے امام بخاری سے پوچھاتوانھوں نے 15000احادیث کواپنے حافظہ سے سنادی، اس کے بعدان کے ساتھی اپنی لکھی ہوئی احادیث کی تصحیح امام بخاری کے حافظہ سے کراتے تھے ، کہ کتابت میں غلطی ہوسکتی تھی ، لیکن ان کے حافظہ میں غلطی نہیں ہوتی تھی۔

امام بخاری کے اساتذہ: اِبراہیم بن المنذرالمکی، مکی بن ابراہیم، محمدبن سلام بیکندی ، جب امام بخاری ان کے پاس آتے تووہ مرعوب ہوجاتے کہ اتنے بڑے محدث میرے سامنے آگئے۔اَبوعاصم النبیل ، احمدبن ولیدان سب سے بخاری میں روایات موجودہیں۔

اسفار: آپ نے شام، بغداد، مکہ مکرمہ ، مدینہ منورہ، خراسان سب جگہوں میں علم کوحاصل کیا۔

آپ کے تلامذہ:امام مسلم ، (امام مسلم امام بخاری کے اتنے معتقدتھے کہ آپ نے فرمایا:یاسیدالمحدثین یااستاذالاستاذین،یاطبیب الحدیث فی علله دعنی اَقبل رجلیک۔اورجب امام بخاری کے استاذمحمدبن یحیی ذہلی امام بخاری کے مخالف ہوئے توامام مسلم نے محمدبن یحیی ذہلی کی احادیث کوواپس کردیااورامام بخاری کے ساتھ لازم وملزوم رہے۔اسی طرح امام ترمذی امام بخاری کے قول کواکثرعلل الحدیث میں نقل کرتے ہیں، لیکن امام بخاری کے مذہب کونقل نہیں کرتے ، یعنی امام ترمذی بھی سمجھتے ہیں امام بخاری امام فی علل الحدیث ہیں ، امام فی الفقہ نہیں۔چنانچہ آپ سنن ترمذی میں دیکھتے ہیں کہ امام ترمذی ، سفیان ثوری امام مالک امام شافعی امام احمداوردیگرحضرات کے مذاہب کونقل کرتے ہیں ، لیکن امام بخاری کامذہب نقل نہیں کرتے۔

اسی طرح امام نسائی ، اَبوحاتم رازی اوراَبوزرعہ رازی دونوں نقل الرجال کے امام ہیں۔ابراہیم بن اسحاق وغیرہ۔

محمدبن یحیی ذہلی امام بخاری کے پاس آکرسوالات کرتے اورامام بخاری اس طرح جواب دیتے تھے جس طرح تیرہوامیں چلتاہے۔ یعنی فرفرسب ان کویادتھا۔

-ثناء مشائخہ علیہ:

-امام بخاری کے اساتذہ نے ان کی تعریف کی ہے۔امام احمداورابوحاتم رازی رحمہااللہ تعالی فرماتے ہیں: ماأخرجت خراسان مثل محمدبن اِسماعیل البخاری۔خراسان نے ان کی مثال کوپیش نہیں کیا۔ اس زمانے میں خراسان کبیربہت جگہوں پرمشتمل تھا، ازبکستان،تاجکستان اورافغانستان کامغربی وشمالی علاقہ ، ایران کاموجودہ خراسان، ہرات یہ سب خراسان میں شامل تھا، اوراب خراسان کبیرموجودنہیں۔اورخراسان صغیراس وقت ایران میں ایک صوبہ ہے اوربس، باقی کوآج کل خراسان نہیں کہتے۔پہلے زمانے میں ازبکستان کوبھی خراسان کہتے تھے اورازبکستان سے جانب شمال میں واقع علاقے جیسے تاجکستان وغیرہ اس کواُس زمانے میں خوارزم کہتے تھے۔

-اسحاق بن راہیویہ کہتے ہیں : یامعشراَصحاب الحدیث اَنظرواإلی ہذاالشاب واکتبواعنہ فإنہ لوکان فی زمن الحسن البصری لاحتاج إلیہ فی معرفۃ الحدیث وفقہہ۔اے اصحاب حدیث تم اس جوان کودیکھواوران سے احادیث کولکھو، کیونکہ اگریہ حسن بصری کے زمانے میں ہوتے تووہ بھی حدیث اورفقہ کی معرفت میں ان کے محتاج ہوتے۔

-قتیبۃ بن سعیدفرماتے ہیں: جالست الفقہاء والعبادفمارأیت مثل محمدبن اِسماعیل البخاری، وہوکعمر ۔میں فقہاء اورعابدین کے ساتھ بیٹھا، لیکن امام بخاری کامثل نہیں دیکھا، اوروہ ایسے تھے جیسے حضرت عمر۔یعنی حضرت عمررضی اللہ تعالی عنہ نے قرآن کریم کی حفاظت کی تدبیرکی جب کہ مختلف لوگ مختلف قراء تیں پڑھتے تھے اورایک دوسرے کی تغلیط کرتے تھے ، توحضرت عمررضی اللہ تعالی عنہ نے حضرت ابوبکررضی اللہ تعالی عنہ کوقرآن کریم ایک قراء ت پرجمع کرنے کی طرف توجہ دلائی۔حضرت ابوبکررضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا: میں وہ کام کیسے کرسکتاہوں جس کورسول اللہ ﷺ نے نہیں کیا۔حضرت عمررضی اللہ تعالی عنہ باربارکہتے رہے یہاں تک کہ اللہ تعالی نے حضرت ابوبکررضی اللہ تعالی عنہ کے سینے کوکھولااورحضرت ابوبکرصدیق رضی اللہ تعالی عنہ نے

حضرت عمرؓ کی تقلید شخصی کی (بخاری میں یہ روایت موجود ہے)اور حضرت عمرؓ قرآن کریم کی حفاظت کا ذریعہ بن گئے۔اسی طرح اللہ تعالی نے امام بخاریؒ کے ذریعہ صحیح احادیث کی حفاظت فرمائی۔انھوں نے صحیح احادیث کو ضعیف احادیث سے الگ کر دیا۔اگرچہ صحیح بخاری کے بعض راویوں پر کلام ہے، لیکن اکثر راوی صحیح ہیں۔اور دوسری بات یہ ہے کہ جہاں کوئی ضعیف راوی ہے وہ اکثر فضائل اعمال میں ہے اور فضائل اعمال میں ضعیف روایت قبول ہے، نیز ممکن ہے کہ امام بخاری کے نزدیک وہ ضعیف نہ ہو۔تو امام بخاری نے حدیث کی حفاظت میں وہ کام کیا جو حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے قرآن کریم کی حفاظت میں کیا تھا۔

-ابن خزیمہ فرماتے ہیں: ماتحت أديم السماء أعلم بالحديث من محمد بن إسماعيل البخاری۔

محمد بن بشار کہتے ہیں:دنیا میں حافظین حدیث چار ہیں: امام مسلم ہیں نیشاپور میں ، امام دارمی ہیں سمرقند میں ، ابوزرعہ رازی میں ری میں ، محمد بن اسماعیل بخاری ہیں بخاری میں۔

رجاء بن مرجع فرماتے ہیں :فضل البخاری علی الناس کفضل الرجال علی النساء۔

فلاس کہتے ہیں: کل حدیث لایعرفہ محمد بن إسماعيل البخاری فلیس بحدیث۔

-امام بخاری تقوی کے بڑے مقام پر فائز تھے

-ان کے والد صاحب جو بہت چیزوں کے مالک تھے فرماتے تھے : ماترکت فی مالی درہما مشتبہا۔ان کی جائداد کا ہر مہینہ پانچ سو درہم کرایہ آتا تھا جسے امام بخاری فقرا مساکین اور طالب علموں پر خرچ کرتے تھے۔

-امام بخاری کے ایک شاگرد نے خواب میں دیکھا کہ : یضع قدمہ علی قدم النبی ﷺ۔وہ رسول اللہ ﷺ کے قدم پر قدم رکھتے تھے یعنی آپ ﷺ کی اتباع کرتے تھے۔

صدقہ کرنے کی وجہ سے کبھی اتنے فقیر ہوتے تھے کہ ایک مرتبہ درس کے لئے نہیں نکلے ، معلوم ہوا کہ آپ کے پاس کپڑے نہیں ہیں ، پھر آپ کے لئے کپڑوں کا انتظام کیا گیا اور آپ درس کے لئے نکلے۔

ایک مرتبہ بیمار ہوئے ، جب ان کے قارورے (پیشاب) کو دیکھا گیا تو طبیب نے کہا کہ یہ پیشاب اس راہب کے پیشاب کے ساتھ مشابہ ہے جو کھانا نہیں کھاتا۔

-امام بخاری علمی مشغلہ کے باوجود سنت کی اتباع میں تیر کو نشانہ پر مارتے تھے اور فرماتے تھے کہ چونکہ رسول اللہ ﷺ نے یہ کام کیا ہے اس لئے میں بھی کرتا ہوں۔

-ایک مرتبہ حجامت کرائے اور حجامت میں حجام کو ایک درہم دیا اور کہا کہ چونکہ رسول اللہ ﷺ نے درہم دیا تھا اس لئے میں بھی درہم دیتا ہوں۔ شیخ شعیب ارناؤوط نے لکھا ہے کہ یہ تو ثابت نہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حجام کو درہم دیا، بلکہ ایک صاع کھجور دیا تھا۔لیکن ممکن ہے ایک صاع کھجور ایک درہم کے برابر ہو۔

-اسی طرح کشتی کا واقعہ مشہور ہے کہ امام بخاری کشتی میں جارہے تھے اور ان کے پاس دراہم تھے ، کسی نے دراہم دیکھ لیا پھر چیخنے لگا کہ میرے پاس اتنے دراہم تھے وہ گم ہوگئے پتہ نہیں کس نے چوری کرلیا۔امام بخاری سمجھ گئے کہ اس نے میرے دراہم دیکھے ہیں اور اس کو حاصل کرنے کے لئے ایسا کر رہا ہے امام بخاری رحمہ اللہ تعالی نے وہ سب کے سب سمندر میں ڈال دیا۔جب تلاشی لی گئی تو کسی کے پاس نہیں ملا۔پھر اس آدمی نے امام بخاری سے کہا کہ آپ کے پاس تو دراہم تھے ، کہاں گئے ؟امام بخاری نے کہا کہ میں علم حدیث کی خدمت کرتا ہوں، میرے پاس جو دراہم تھے اگرچہ وہ میرے تھے لیکن اگر اس وقت مل جاتے تو میرے

اوپر تہمت لگ جاتی اورپوری زندگی میں حدیث کے بیان سے رہ جاتا، کیونکہ تہمت کی وجہ سے لوگ میری حدیث کوقبول نہیں کرتے ، اس لئے میں نے دراہم کے نقصان کوقبول کیالیکن اپنے محدث ہونے اوراپنی عزت کوخراب نہیں کیا۔

یہ بھی ان کے تقوی میں لکھاہے کہ ایک مرتبہ بھڑنے ان کوسترہ مرتبہ کاٹا، لیکن نمازمیں منہمک رہے اورنمازنہیں توڑی، نمازسے فارغ ہونے کے بعدجب کپڑادیکھاتومعلوم ہواکہ اس میں بھڑہے۔

-یہ بھی لکھاکہ امام بخاری کے کسی پرپچیس ہزاردرہم تھے۔لوگوں نے کہاکہ آپ کے پاس ثبوت ہے آپ محکمہ میں جاکرطلب کریں۔ امام بخاریؒ نے فرمایا: میں پچیس ہزاردرہم کی وجہ سے محکمہ اورعدالت کاچکرنہیں لگاسکتا۔آپ نے پچیس ہزاردرہم چھوڑدیااورمعاف کردیا۔

-ایک مرتبہ امام بخاریؒ نے اجازت کے بغیرکسی کی دیوارمیں کیل لگائی پھربعدمیں یادآیاکہ میں نے توان سے اجازت نہیں لی تھی ، آپ صاحب دیوارکے پاس گئے اوراس سے معافی مانگی۔

-قرآن کریم کی تلاوت کے ساتھ آپ کواس قدرمحبت تھی کہ رمضان میں نمازتراویح میں روزآنہ ایک قرآن کریم ختم کرتے تھے اورتراویح کے علاوہ ہرتیسرے روزایک قرآن کریم ختم کرتے۔

جوشخص علم کی خدمت کرتاہواس پرابتلاء ات بھی آتی ہے ، امام بخاری رحمہ اللہ تعالی پربھی آزمائشیں آئیں ، یہاں تک کہ آپ کوچارمرتبہ نکالاگیا۔

-خروج اول: امام بخاری کوزمانے کے فقہانے منع کیاتھاکہ آپ فتوی نہ دیاکریں ، لیکن امام بخاری نے یہ فتوی دیاکہ اگرایک بچہ اوربچی دونوں نے ایک بکری کادودھ پیاتوان میں رضاعت ثابت ہوجائے گی۔یہ واقعہ مشکوک ہے کہ اتنے بڑے محدث کویہ مسئلہ معلوم نہیں کہ بکری کی وجہ سے رضاعت ثابت ہوتی ہے یانہیں۔بہرحال خروج اول یہ لکھاہے اگرچہ یہ واقعہ مشکوک ہے۔

دوسراخروج جویقینی ہے :امام بخاری رحمہ اللہ تعالی نے ایمان کومخلوق کہا، توکسی نے کہاکہ دیکھوایمان کومخلوق کہتے ہیں، تواس وجہ سے امام بخاری کونکالاگیا۔

ایمان کومخلوق کہنے کی تفسیریہ ہے کہ اگرایمان کے معنی ہوں لاالہ الااللہ۔تولاالہ الااللہ، اللہ تعالی کی صفت ہے اوراللہ تعالی صفت مخلوق نہیں ہے اس لئے ایمان مخلوق نہیں ، لیکن اگرایمان کامطلب یہ ہوکہ انسان اقرارکرے یاآدمی تصدیق کرے یاآدمی یقین کرے۔تویہ حادث۔اس معنی میں ایمان مخلوق وحادث ہے۔مثلاہماراایمان یہ ہے کہ ہم نے اللہ کے ایک ہونے کی تصدیق کی ، جب ہم پیدانہیں ہوئے تھے توتصدیق نہیں تھی ، جب ہم پیداہوئے توتصدیق کرلی توہم بھی حادث ہیں اورہماری تصدیق بھی حادث ہے۔اوریہ کوئی ایسی بات نہیں جوباعث خروج ہو۔لیکن یہ لکھاہے کہ ایمان کومخلوق کہنے کی وجہ سے ان کونکالاگیا۔

-خروج ثالث: اس زمانے کے بخاریٰ کے حاکم نے کہاکہ آپ آکرہمارے بچوں کوپڑھائیں۔امام بخاری نے فرمایا: العلم یؤتی ولایأتی۔یعنی آپ کے بچوں کوآناچاہئے میں نہیں آؤں گا۔پھراس نے درخواست کی کہ جب میرے بچے ہوں توآپ دوسروں کودرس میں شرکت کی اجازت نہ دیں۔امام بخاری نے فرمایا: العلم لایُمنع۔اس کی وجہ سے حاکم عباسی (شایداحمدبن خالدنام تھا)ناراض ہوااوراس نے امام بخاری کونکالا۔

-خروج رابع: محمدبن یحیی ذہلی امام بخاری کے استاذتھے اورآپ ان سے بخاری میں روایات لے تے ہیں لیکن کبھی دادکانام لے تے ہیں محمدبن عبداللہ اور کبھی دادکے باپ کانام لے تے ہیں محمدبن خالداور کبھی صرف محمدکہتے ہیں محمدبن یحیی نہیں کہتے۔باوجوداس

کے کہ محمد بن یحیی کے ساتھ امام بخاری کی تلخی پیداہوگئی اوران سے ناراض ہوگئے تھے پھر بھی ان سے روایات لیتے ہیں۔امام مسلم ان سے روایت نہیں لیتے۔

محمد بن یحیی ذہلی نیشاپورکے رہنے والے تھے اورامام بخاری سے درخواست کی کہ آپ یہاں آجائیں تاکہ لوگ آپ سے استفادہ کریں۔امام بخاری بخاریٰ سے نیشاپورآئے اورشہرسے کئی میل باہرلوگوں نے امام بخاری کااستقبال کیااوربہت اکرام کے ساتھ امام بخاریؒ کولے آئے ، جب امام بخاری کادرس شروع ہواتوان کے درس میں بے شمارلوگ آئے تومحمد بن یحیی ذہلی کے اشارے پریااتفاقاکسی نے سوال کیاکہ قرآن کریم مخلوق ہے یاغیرمخلوق؟ امام بخاری نے جواب دینے سے اعراض کیا۔جب باربارراس نے سوال کیاتوامام بخاری نے کہا: القرآن کلام اللہ غیرمخلوق وافعال العبادمخلوق۔اورایک روایت ہے کہ آپ نے یہ کہا: لفظی بالقرآن مخلوق وألفاظنامن أفعالناوأفعالنامخلوقۃ۔ان الفاظ میں بظاہرکوئی حرج نہیں ، یعنی قرآن کریم اللہ تعالی کاکلام ہے اورغیرمخلوق ہے اورالفاظ ہمارے افعال ہیں اوروہ مخلوق ہیں۔بہرحال لوگوں نے یہ بات مشہورکردی کہ امام بخاری قرآن کریم کومخلوق کہتے ہیں۔ اس وجہ سے محمد بن یحیی ذہلی نے اپنے تلامیذکومنع کیاکہ آپ بخاری کے پاس نہ جائیں ، انھوں نے امام مسلم کوبھی منع کیا، لیکن امام مسلم نہ رکے اورامام بخاری کے ساتھ رہے اورذہلی سے کٹ گئے۔یہ سلسلہ کچھ مدت تک چلا،پھرامام بخاری کوکسی نے مشورہ دیاکہ اس علاقہ یعنی نیشاپوروغیرہ میں محمد بن یحیی ذہلی اوران کے تلامیذکااثرورسوخ زیادہ ہے اس لئے آپ کویہاں سے نکل جاناچاہیے ، چنانچہ امام بخاری رحمہ اللہ تعالی وہاں سے نکل کربخاریٰ واپس آگئے۔

پھرسمرقندوالوں نے آپ کوبلایا، امام بخاری سمرقندجانے کی تیاری کررہے تھے کہ معلوم ہواکہ سمرقندوالوں کااس بات میں اختلاف ہے کہ بخاری کوبلائیں یانہ بلائیں۔اس لئے امام بخاری نے سمرقندجانے کاارادہ موقوف کردیاہے۔پھربخاری کومعلوم ہواکہ سمرقندوالوں نے اتفاق کرلیاہے کہ امام بخاری کوآناچاہئے۔پھرامام بخاری رحمہ اللہ تعالی جانے کے لئے تیارہوئے ، لیکن اس کے ساتھ ہی آپ نے چندد عائیں کی، ایک دعایہ کی : اللھم إن الأرض قدضاقت علی فاقبضنی إلیک غیرمفتون۔یہ دعاان کی قبول ہوئی اور ان کے سامنے سواری لائے جانے سے پہلے ہی امام بخاری رحمہ اللہ تعالی بیمارہوگئے اوربہت پسینہ نکلااوروہیں پرچنددن کے اندرلیلۃ العیدمیں آپ کاانتقال ہوگیااورعیدکے روزآپ کودفن کیاگیا۔یہ مشہورواقعہ ہے کہ دفن آپ کودفن کرنے کے بعدآپ کی قبرسے کئی دنوں تک ایسی خوشبوآتی رہی جودنیاوالی خوشبونہیں تھی۔لوگ وہاں سے مٹی اٹھانے لگے اورکافی دنوں کے بعدبعض حضرات کی دعاسے یہ سلسلہ بندہوا۔اوریہ ایساہی ہے جیساکہ پاکستان میں مولانااحمدعلی لاہوری رحمہ اللہ تعالی کی قبرسے کئی دن تک خوشبوآتی اورجنھوں نے اس خوشبوکوسونگھاتھاان میں سے آج بھی بہت سے باحیات ہیں ، پھربعدمیں بعض بزرگ مولاناعبداللہ درخواستی وغیرہ کی دعاؤں سے یہ سلسلہ بندہوگیا۔

اوریہ بھی مشہورہے کہ کسی نے خواب میں دیکھاکہ رسول اللہ ﷺ صحابہ کے ساتھ انتظارمیں کھڑے ہیں ، خواب دیکھنے والے نے پوچھاکہ آپ یہاں کیوں کھڑے ہیں ؟ آپ ﷺ نے فرمایا: امام بخاری آرہے ہیں میں ان کے استقبال کے لئے کھڑاہوں۔

خالدبن احمدحاکم بخاریٰ جوامام بخاری کامخالف تھااس کے اوپربھی عتاب اورآزمائشیں آئیں ، عباسی بادشاہ نے اس کومعزول کیااورسزادی۔

اگر کوئی اشکال کرے کہ موت کی دعامانگنامنوع ہے ، حدیث میں آتاہے :موت کی تمنامت کرواوراگر کرتے ہوتویوں کہو: اے اللہ مجھے حیات دے جب تک کہ میرے لئے حیات بہترہے ، اورموت دے دے جب میرے لئے موت بہترہے۔اللھم احینی مادامت الحیاۃ خیرالی وتوفی إذاکانت الوفاۃ خیرالی۔

جواب: اگرموت کی تمناکسی دنیوی مصیبت کی وجہ سے ہوتوممنوع ہے اوراگرموت کی تمنالوگوں کے ایمان بچانے یااپنے آپ کوفتنے سے بچانے کے لئے ہو،یاآخرت اوراللہ تعالی کی ملاقات کے شوق میں ہوتوممنوع نہیں ہے۔امام بخاری کی دعا لوگوں کوفتنے سے بچانے کے لئے تھی ، کیونکہ لوگ امام بخاری سے بغض وعنادمیں مبتلاہورہے تھے۔حضرت علیؓ کے زمانے میں جوفتنے تھے ، سب کومعلوم ہے، اسی زمانے میں جنگ جمل جنگ صفین ہوئی۔حضرت علیؓ نے فرمایا: اے اللہ مجھے وفات دے دے اس لئے کہ میں ان سے تنگ آگیااوریہ مجھ سے تنگ آگئے۔آپ نے فرمایا: اللھم توفنی فقدسئمونی وسئمت۔اورحضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا: توفنی مسلماوألحقنی بالصالحین۔اورحضرت مریم کاقول: یالیتنی مت قبل ہذاوکنت نسیامنسیا۔انھوں نے موت کی تمناکی کہ لوگ فتنے میں پڑیں گے۔اورفتنہ ظاہرہے کہ لوگ ان کی طرف غلط نسبت کریں گے ، بعض لوگ ان کوالوہیت تک پہنچائیں گے اوربعض لوگ ان کوگناہ کی طرف منسوب کریں گے۔اسی طرح آخرت کے شوق میں موت کی تمناکرنے میں کوئی حرج نہیں ہے، حضرت ابوہریرہ اورحضرت بلال رضی اللہ تعالی عنہماسے مروی ہے کہ انھوں نے موت کی تمناکی اورفرماتے تھے : غدانلق الأحبۃ محمداوحزبۃ۔اورحضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ ایک جہادمیں بغیرتلوارکے گھوم رہے تھے ، کسی نے کہاآپ توایسے گھوم رہے ہیں ، جیساکہ آپ اپنے گھرمیں ہوں۔حضرت علی نے فرما: مجھے پرواہ نہیں ہے کہ میں موت پرگرجاؤں یاموت میری طرف آئے ۔ایک توشاعرلوگ ہیں جوخامخواہ موت کی تمناکرتے ہیں ، مثلا:

ألا موت يباع فأشتريه	فهذا العيش ما لا خير فيه
ألا موت لذيذ الطعم يأتي	يخلصني من العيش الكريه
إذا أبصرت قبرا من بعيد	وددت بأنني مما يليه
ألا رحم المهيمن نفس حر	تصدق بالوفاة على أخيه

- امام بخاری کی مصنفات :

امام بخاریؒ تعالی کی مشہورتصانیف میں: 1)" الأدب المفرد" ہے جوچھپی ہوئی ہے، جس کے اخلاقیات سے متعلق احادیث مذکورہیں۔

2)التاریخ الصغیر، التاریخ الکبیر، قضائے صحابہ جس کومصنفؒ نے 18سال کی عمرمیں چاندکی روشنی میں لکھاتھا۔

اسی طرح التاریخ الکبیر، التاریخ الاوسط ،الجامع الکبیر، المسندالکبیر، خلق افعال العباد، جزء رفع الیدین، جزء قراء ۃ خلف الإمام، کتاب العلل ، کتاب الوحدان،کتاب الکنی،برالوالدین ، کتاب الرقاق۔ یہ سب امام بخاری کی تصنیفات ہیں اوران میں سب سے زیادہ مشہورتصنیف آپ کی صحیح بخاری ہے۔

امام بخاریؒ دومرتبہ نابیناہوگئے تھے۔ایک مرتبہ بچپن مین نابیناہوئے توان کی والدہ نے بہت گڑگڑاکردعائیں کیں اوران کی والدہ کی دعاؤں کی برکت سے آپ کی بصارت لوٹ آئی۔اورپھرجوانی میں ایک مرتبہ نابیناہوگئے تھے ، پھردعائیں کرکرکے ان کی بینائی واپس آئی اورایسی واپس آئی کی چاندکی روشنی میں کتاب لکھتے تھے۔

- صحیح بخاری کانام: الجامع المسند الصحیح المختصر من أمور رسول اللہ ﷺ وسننہ وأیامہ۔
یا: الصحیح الجامع المسند من أقوال رسول اللہ ﷺ وأفعالہ یہ نام ہے۔

-امام بخاری کامسلک:تاج الدین سبکی اورابن ابی یعلی حنبلی نے امام بخاری کو حنبلی لکھاہے۔لیکن حقیقت میں آپ نہ حنبلی تھے نہ شافعی ، نہ حنفی تھے ،بلکہ مجتہدتھے۔اوربعض حضرات کاحنبلی یاشافعی کہنابعض مسائل مشہورہ میں ان کے ساتھ موافقت کی وجہ سے ہے۔جیسے امام مسلم کوصدیق حسن خان اورتاج الدین سبکی نے شافعی کہاہے ، حالانکہ وہ بھی نہ شافعی تھے نہ حنفی تھے بلکہ اپنے مسلک کے مجتہدتھے۔

-کتاب کی تصنیف:امام بخاری نے اس کتاب کی تصنیف ۲۱۷ھ میں شروع کی اور233ھ ختم کی۔اس لئے کہ اس کتاب کوجن حضرات پرپیش کیاہے ان میں یحیی بن معین بھی شامل ہیں جنھوں نے234ھ میں وفات پائی۔معلوم ہواکہ234ھ سے پہلے233ھ میں یہ کتاب مکمل ہوئی۔آپ نے اس کتاب کی تصنیف میں 16سال لگائے۔

-تعدادروایات بخاری: اس میں مرفوع غیرمکرّرروایات 2602ہیں۔معلق روایات۱۵۹ہیں اورمکررات کوملاکر۲۶۲۷ہیں۔اوربعض ۷۴۳۷کہتے ہیں۔اورمرفوعات تعلیقات مکررات سب ملاکر9082ہیں۔بہرحال اس تعدادمیں بہت زیادہ اختلاف ہے کہ مکررکتنی ہیں اورغیرمکررکتنی ہیں،تعلقات کتنی ہیں۔آج کل یہ مسئلہ آسان ہیں اس لئے کہ ہرحدیث کانمبرہوتاہے ، آخری حدیث کانمبردیکھ لیں پتہ چل جائے گاکہ کل حدیث کتنی ہیں۔
امام بخاری کی اپنی کتاب صحیح بخاری کو23سال پڑھایااوران سے ان کے90000 تلامیذنے یہ کتاب پڑھی اوررسول اللہ ﷺ کوابوزیدمحدث نے دیکھا، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یاأبازیدإلی ماتدرس کتاب الشافعی ولاتدرس کتابی۔توابوزیدنے کہا: ماذاکتابک یارسول اللہ۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری کتاب صحیح بخاری ہے۔
-اس کتاب کی چندخصوصیات:
1)اس میں مصنف نے تراجم الابواب کورکھاہے جودقیق ہے اورلطائف ومذاہب سے بھرے ہوئے ہیں ، اس لئے علماء فرماتے ہیں کہ فقہ البخاری فی تراجمہ۔اس جملے کے دومطلب ہیں : 1)اگرآپ بخاری کے مذہب اوران کی فقاہت کومعلوم کرناچاہتے ہیں توان کے تراجم کودیکھیں۔2) اگرآپ امام بخاری کی لطفات، نزاکت ،دقت فہم اورحکمت کودیکھناچاہتے ہیں توتراجم کودیکھو۔اسی لئے علماء فرماتے ہیں کہ : تمام تراجم الابواب میں امام بخاری کے تراجم سب سے مشکل ہیں۔حضرت شیخ زکریاؒ نے تراجم الابوب کے لئے اپنی تقریربخاری میں تقریبا50اصول لکھے ہیں۔
2) بخاری شریف کی تلاوت کے بعددعاقبول ہوتی ہے۔خصوصااسماء بدریین کی تلاوت کے وقت۔
3) امام بخاری یسمی عندالفترۃ۔یعنی امام بخاری بیماری وغیرہ کی وجہ سے اگردوران تصنیف وقفہ ہوجاتاتوبسم اللہ سے دوبارہ شروع کرتے ہیں۔

4)جہاں کسی کے قول کوبطورمذاکرہ نقل کرتے ہیں وہاں قال فلان کہتے ہیں ، حدثنی نہیں کہتے۔اورضعیف روایت کے لئے صیغہ تمریض استعمال کرتے ہیں اور کبھی کبھی روایت بالمعنی کے لئے بھی تمریض کاصیغہ استعمال کرتے ہیں۔

5)جہاں ایک کتاب ختم ہوتی ہے اوردوسری کتاب یاباب شروع ہوتاہے تواس کے آخرمیں ایساکلمہ لاتے ہیں جوکلمہ کتاب کے ختم ہونے پردال ہویابقول حضرت شیخ مولانامحمدزکریارحمہ اللہ تعالی کے وہ کلمہ انسان کے ختم ہونے اوراس کی موت پردال ہو۔اس عمل کوبراء ۃ الاختتام کہتے ہیں۔براء ت کی دوقسمیں ہیں براعۃ الاستہلال اوربراعۃ الاختتام۔

براعۃ الاستہلال اس کوکہتے ہیں کہ کتاب کے خطبہ میں ایسے کلمات لائے جائے جوکتاب کے مضمون پردلالت کرتے ہوں۔استہلال کے معنی ہیں: بچے کاولادت کے وقت رونا۔جس طرح بچے کارونااس کی حیات پردلالت کرتاہے اسی طرح براء ۃ الاستہلال آنے والے مضامین پردلالت کرتاہے۔

اسی طرح استہلال کے معنی ہیں: چاند تلاش کرنا، دیکھنا۔اورچاندکاتلاش کرنااس باب پردلالت کرتاہے کہ چاندہے۔اورجوشخص پہلی رات کاچاندیکھتاہے وہ دوسروں کوبھی دکھاتاہے۔اوربراء ت کے معنی ہیں : تفوق۔اورایساخطبہ جس میں کتاب کے مضامین کی طرف اشارہ ہودوسرے خطبوں پرفائق ہوتاہے۔

6) اس میں بائیس (22) ثلاثیات ہیں ، جن میں گیارہ مکی بن ابراہیم سے مروی ہے جوامام ابوحنیفہ کے براہ راست شاگردہیں۔ں دوسری صحاح میں اتنی ثلاثیات موجودنہیں۔اورثلاثی حدیث میں کمال یہ ہے کہ وہ خیرالقرون : صحابی ، تابعی اورتبع تابعی پرمشتمل ہوتی ہے۔

7) اس میں احادیث مکررہ کم ہیں اورجواحادیث بظاہرمکررہیں ان میں حقیقت میں تکرارنہیں ، یاسندالگ ہوگی ، یامتن میں فرق ہوگا، یاکچھ اضافہ وترمیم ہوگی۔اس لئے امام بخاری نے ایک جگہ فرمایاہے کہ میں نے فلاں حدیث کواس جگہ اس لئے درج نہیں کیاتاکہ مکررنہ ہو۔

8)ابواب کے درمیان مناسب پائی جاتی ہے۔

9)اس میں جومتکلم فیہ راوی ہیں وہ اکثرامام بخاری کے اساتذہ ہیں۔اوراستاذکوآدمی اچھی طرح جانتاہے ، اس لئے اگرلوگ اسے ضعیف کہتے ہیں توکہتے رہیں ،مصنف کومعلوم ہے کہ اس روایت میں کوئی ضعف نہیں۔

- اس کتاب کے چارمشہورراوی ہیں:

1)محمدبن یوسف فربری، ان سے یہ کتاب بہت زیادہ پھیلی ، اس لئے کہ انھوں نے مصنف کی وفات کے بعد۶۴ سال تک تدریس کی اوربہت سے لوگوں نے ان سے فائدہ اٹھایا۔

2)حمادبن شاکر۔

3)إبراہیم نسفی۔

4)أبوطلحہ بزدوی۔

اس کتاب کومصنف نے چھ لاکھ احادیث سے منتخب کیا، گویاکہ مصنف کوچھ لاکھ احادیث متون واسانیدکے ساتھ محفوظ تھیں۔

- وجہ تصنیف

اس کتاب کو تصنیف کرنے کی دو وجوہات ہیں :

1)امام بخاری فرماتے ہیں : میں اسحاق بن راہویہ کے پاس موجود تھا، انھوں نے کہا:
کتنا اچھا ہوتا اگر کوئی ایسی کتاب لکھتا جس میں صرف صحیح روایات ہوں۔ امام بخاری فرماتے ہیں کہ میں نے قصد کیا کہ میں صحیح روایات کو جمع کروں گا، چنانچہ انھوں نے یہ کتاب لکھی۔

2)دوسری وجہ یہ لکھی ہے کہ خواب دیکھا کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے بدن مبارک سے میں مکھی دفع کر رہا ہوں۔اس کی تعبیر یہ ہوئی کہ میں رسول اللہ ﷺ کی احادیث سے کذب کو دور کروں گا۔

امام بخاری ہر حدیث کو درج کرنے سے پہلے غسل کرتے دو رکعت نفل پڑھتے پھر حدیث لکھتے ، اس طرح آپ نے سولہ سال کی مدت میں اس کتاب کو مکمل کیا۔اس کتاب کے ابواب کو مسجد حرام میں ، اور مسجد نبوی میں قبر اطہر اور منبر کے درمیان مسودہ سے مبیضہ بنایا، پھر مختلف جگہوں پر سولہ سال کی مدت تک احادیث کا اضافہ کرتے رہے۔

-مصنفؒ نے ای کتاب کی ابتداء میں حمد کا ذکر نہیں کی تو اسکی کئی وجوہات ہیں:

1)عند البعض: حمد کی حدیث ضعیف ہے سنداً (قرۃ بن عبد الرحمن ہے)اور موصول اور مرسل ہونے میں اختلاف ہے
ابو ھریرۃؓ سے یا ابی بن کعب سے مروی ہے، معلوم نہیں
متناً بھی مضطرب ہے: بحمد اللہ، الحمد للہ، بسملہ ؛ ذکر اللہ
لیکن یہ بات غلط ہے کہ بڑے محققین نے اس حدیث کی تصحیح کی ہے۔ ابو عوانہ، ابن حبان، تاج الدین سبکی

- سعد بن عبد العزیز: مطابق حدیث موجود ہے اور ہو سکتی ہے کہ دونوں صحابی سے مروی ہو اور اگر چہ ضعیف ہے تب بھی عمل کے لئے کافی ہے اور مزید مصنف نے بعض ایسے عمل کیا جو کسی حدیث میں مذکور نہیں۔

2)اکتفی علی التلفظ لسانًا وھذا الدلیل مبنی علی حسن الظن

3)اظھار الصفات الکمالیۃ للہ تعالی، چاہے بسم اللہ بالحمد للہ کی شکل میں تو مصنفؒ نے بسم اللہ لکھی ہے تو حمد پر عمل ہوا لیکن یہ بھی جواب سمجھ میں نہیں آتا اسلئے کہ کوئی اپنی کتاب کو اللہ اکبر سے شروع کرے تو عامل بالحدیث کوئی نہیں کہے گا

4)بسم اللہ کی حدیث ایک اور خلاصہ: ذکر اللہ تو ذکر اللہ تو آگیا بسم اللہ میں لیکن یہ بھی سمجھ میں نہیں آتا اسلئے کہ تینوں روایات ایک ہے اسلئے کہ عام طور پر ایک حدیث پر عمل کرتے۔

5)حمد کی حدیث منسوخ ہے حدیث بسملہ سے اسلئے کہ حدیبیہ کے موقعہ پر صرف بسم للہ لکھا لیکن یہ بات صحیح نہیں اسلئے کہ ممکن ہے کہ حمد کی حدیث حدیبیہ کے بعد کہی گئی ہو۔

6)انما لم یذکر الحمد اقتداءً بالقرآن اسلئے کہ قرآن میں بسم اللہ اور پھر اقرأ بسم ربک لیکن یہ بھی سمجھ میں نہیں آتا اسلئے کہ اقتداء بالقرآن کے ساتھ اقتداء بالحدیث بھی ہونا چاہئے

7) الحمد للہ کا ذکر نہیں کیا تواضعًا اسلئے کہ میری کتاب اس قابل نہیں کہ اسکو کتاب کہا جائے لیکن یہ صحیح نہیں اسلئے کہ یہ خود تواضع کے خلاف ہے۔

8) حضرت زکریاؒ نے خواب میں دیکھا کہ بخاری شریف پڑھا رہا ہوں اور امام بخاریؒ پاس بیٹھے ہیں اور میں ترک حمد کی توجیہات ذکر کر رہا تھا، پھر امام بخاریؒ نے کہا کہ آپ نے ٹھیک کہا لیکن میں نے اصل کتاب کو مرتب ہی نہیں کیا بلکہ اجزاء تھے پہلے۔

-فرابری سے 12 راوی اور بخاری شریف کے نسخے 19 جن میں کریمہ بنت احمد تلمیذۃ ہیثم بن احمد کشمینی

سب سے اچھا جواب 9) کتابیں 2 قسم کی ہیں: 1) جو خطبہ پر مشتمل ہو

2) جو خطبہ پر مشتمل نہ ہو اور دیباچہ بھی نہ ہو تو حمد و صلوۃ بھی نہیں جیسے کہ خط میں

خطبہ: حمد کو ذکر کرتے علم کی شان کا ذکر

مثلاً کہتے کہ کتاب میں 5 چیزیں: 1) خطبہ: بسم اللہ حمد و صلوۃ

2) دیباچہ: فن کی تعریف، مقدمات

3) مقدمہ: کتاب کے موقوف علیہ چیزوں کا ذکر

4) مقاصد

5) خاتمہ

آپ ﷺ خطوط لکھتے تھے اور صرف بسم اللہ لکھتے تھے اسلئے کہ خطبہ پر مشتمل نہیں ہے بلکہ خط ہے جس طرح قرآن میں ہے تو جو کتاب خطبہ اور دیباچہ پر مشتمل ہے تو حمد و صلوۃ بھی ہے جیسے مسلم شریف میں۔

لما نقض الروم الصلح مع المسلمین وعزلوا ملکتہم وملکوا علیہم نقفور کتب إلی ھارون یطلبہ بر دما دفعتہ إلیہ الملکۃ السابقۃ من أموال و قال: افد نفسک بہ وإلا فالسیف بیننا وبینک، فغض ب ھارون غضبًا شدیدًا وکتب علی ظھر الکتاب: "بسم اللہ الرحمن الرحیمن من ھارون أمیر المؤمنین إلی نقفور کلب الروم قد قرأت کتابک یا ابن الکافرۃ والجواب ما تری لا ما تسمعہ"۔

شاعر:.....إذا ما أرسل الأمراء إلی الأعداء أرسلنا الکتاب

-اساتذہ کی لڑی(زنجیر):

-اساتذۂ دیوبند: مولانا بادشاہ گلؒ، مولانا معاذؒ، مولانا فضل رحیمؒ، مولانا صفدرؒ، مولانا نصیر خانؒ

مولانا حسین احمد مدنیؒ

شیخ الھند مولانا محمود حسنؒ

مولانا قاسم نانوتویؒ

شاہ عبد الغنیؒ

شاہ محمد اسحاقؒ

شاہ عبد العزیزؒ

شاہ ولی اللہؒ

-مفتی رضاء الحق حفظہ اللہ تعالی اور انہوں نے اجازت حاصل کی مولانا عاشق اِلہی بلند شہریؒ سے اور انہوں نے اجازت حاصل کی مولانا زکریاؒ سے اور انہوں نے اجازت حاصل کی مولانا خلیل احمد سہارنپوریؒ سے اور انہوں نے اجازت حاصل کی مولانا مظہر نانوتویؒ سے اور انہوں نے اجازت حاصل کی حضرت شاہ محمد اسحاقؒ سے اور انہوں نے اجازت حاصل کی شاہ عبد العزیزؒ سے اور انہوں نے اجازت حاصل کی شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ سے۔

-مولانا عبد الرحمن کامل پوریؒ اور ان سے اجازت حاصل کی شیخ الھندؒ اور مولانا خلیل احمدؒ نے

-مفتی رضاء الحق حفظہ اللہ تعالی: انہوں نے اجازت حاصل کی مولانا فضل الہیؒ اور مفتی فریدؒ سے اور انہوں نے اجازت حاصل کی مولانا نصیر الدین غرغشتویؒ سے اور انہوں نے اجازت حاصل کی مولانا قمر الدینؒ سے اور انہوں نے اجازت حاصل کی مولانا احمد علی سہارنپوریؒ سے اور انہوں نے اجازت حاصل کی شاہ محمد اسحاقؒ سے اور انہوں نے اجازت حاصل کی شاہ عبد العزیزؒ سے

-عالی سند: مفتی رضاء الحق حفظہ اللہ تعالی: انہوں نے اجازت حاصل کی مولانا نصیر خانؒ اور مولانا محمد قاسمؒ سے اور انہوں نے اجازت حاصل کی مولانا عبد الرحمن امروہیؒ سے اور انہوں نے اجازت حاصل کی شاہ فضل رحمن گنج مراد آبادیؒ سے اور انہوں نے اجازت حاصل کی شاہ عبد العزیزؒ سے اور انہوں نے اجازت حاصل کی شاہ ولی اللہؒ سے۔

-مولانا عبد الرحمن امروہیؒ نے اجازت حاصل کی حسین بن محسن یمانی بوپالی سے .....حازمی .....علامہ شوکانی

-مفتی رضاء الحق حفظہ اللہ تعالی: انہوں نے اجازت حاصل کی شیخ عبد الفتاح ابو غدہؒ سے اور انہوں نے اجازت حاصل کی شیخ زاہد کوثریؒ سے

-مفتی رضاء الحق حفظہ اللہ تعالی: انہوں نے اجازت حاصل کی شعیب محمد ارنؤوط اور انہوں نے اجازت حاصل کی شیخ حبشیؒ سے (لبنان مین رہتے تھے)۔

-مفتی رضاء الحق حفظہ اللہ تعالی: انہوں نے اجازت حاصل کی شیخ صابونی حفظہ اللہ تعالی اور شیخ عوامہ حفظہ اللہ تعالی سے اورانہوں نے اجازت حاصل کی شیخ عبد اللہ سراج الدینؒ سے۔

- عند ذکر الصالحین تنزل الرحمۃ
- محمد بن سیرینؒ:لولا الاسناد لقال من شاء ما شاء

- بسم اللہ الرحمن الرحیم ابتدائی جملہ اسمیہ
- بسم اللہ أبدأ جملہ فعلیہ یہ بہتر ہے (جیسے بسم اللہ أرقیک)
- اسم کی کیا ضرورت ہے اسلئے کہ اللہ کا نام خود اسم ہے ؟!

جواب: 1) بائی اسمٍ کان؛ 2) باللہ ہوتا تو قسم سے التباس ہوتا

- اللہ کا ذاتی نام اللہ ہے اور رحمن رحیم صفاتی نام ہیں۔
- اللہ: ذات واجب الوجوب المستجمع لصفات الکمالیۃ المنزہ عن العیوب
- اللہ: تعلق المخلوق بالخالق: اللہ معبود ہے اور ہم عابد
- تعلق الخالق بالمخلوق: 1) فی الدنیا: الرحمن؛ 2) فی الآخرۃ: الرحیم
- بسم اللہ کبھی فرض مثلاً عند الذبح؛ کبھی سنت جیسے نماز میں عند قراءۃ الفاتحۃ، کبھی مستحب جیسے کل امر ذی بال لم یبدأ ببسم اللہ....
- کبھی مکروہ کما فی مواضع النجاسۃ القذرۃ اور کبھی حرام ہوگا جیسے حرام کھانا کھاتے وقت
- قرآن کریم کا خلاصہ فاتحہ میں اور فاتحہ کا خلاصہ بسملہ میں ہے
- موضوع قرآن: حاجۃ الإنسان إلی الرحمن
- اور بسملہ کا خلاصہ باء میں ہے اسلئے کہ باء استعانت کے لئے
- العلم نقطۃ کسّرھا الجاھلون
- الرحمن بجلال النعم الرحیم بدقائق النعم

الرحمن علی المؤمن والکافر الرحیم علی المؤمن (وکان بالمؤمنین رحیما)

الرحمن بالرحمۃ العامۃ الرحیم بالرحمۃ التامۃ

الرحمن: پدری شفقت (کہ کمالات تک پہنچے) الرحیم: ماں والی شفقت (کھانا پینا لباس، رہن سہن سب اچھا ہو)

وما من دابۃ فی الأرض إلا علی اللہ رزقھا...

الرحمن: جوش والی رحمت الرحیم: دائمی رحمت

سوال کے بغیر عطا کرے (ہوا پانی روشنی وغیرہ) جس سے سوال نہ کرے تو ناراض ہو جاتے

شعر: اللہ یغضب إن ترکت سوالہ ھذا ابن آدم إن سألتہ یغضب

سبحان اللہ، الحمد للہ، اللہ اکبر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

1- بَابُ بَدْءِ الوَحْيِ(حدیث:1-7)

باب كَيْفَ كَانَ بَدْءُ الوَحْيِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟

- سوال:وحی کو کیوں مقدم کیا؟

جواب:1)اول خیر نزل من السماء ھو الوحی اسی لئے اسکو ابتداء میں رکھا

2)وحی کو اس لئے مقدم کیا کہ وہ موقوف علیہ ہے اسلئے کہ اعمال موقوف ہے علم پر اور علم موقوف ہے ایمان پر اور ایمان موقوف ہے وحی پر؛ 3)امام بخاریؒ کو تکلیف پہنچی وحی سے اسلئے کہ قرآن کو غیر مخلوق کہا تھا اور انکو نکالا گیا، تو جس مسئلہ سے انکو تکلیف پہنچی تو اسکو پہلے ذکر کیا اور آخر میں بھی۔

-کتاب:جو مشتمل ہو مختلف انواع و مضامین پر مثلاً:کتاب الزکوۃ میں زکوۃ البقر ہے، پھر زکوۃ الفصل وغیرہ

باب:جو ایک نوع پر مشتمل ہو یا ایک مضمون پر

فصل:جو ایک مسئلہ کی تفصیل پر مشتمل ہو۔

- سوال:یہاں صرف بابٌ کہا حالانکہ کتاب مشتمل ہے جواب پر

جواب:1)یہاں ابواب نہیں بلکہ صرف ایک باب ہے جو 6 احادیث پر مشتمل ہے

2)باب کہا مصنفؒ نے تفاؤلاً وبشارۃً کہ طالب علم یہ نہ سوچے کہ دن رات فجر بعد بھی پڑھیں گے بلکہ جو مضامین آپ پڑھیں گے مشابہ ہے ایک باغ سے جسمیں مختلف قسم کے محلات و عمارتیں و درخت تو جو میری کتاب مشابہ ہے ایک بہترین فارم کے ساتھ جسمیں پھل وغیرہ ہو۔

استعارہ مکنیہ:ذکر المشبہ ویراد المشبہ بہ اور

باب لازم ہے استعارۃ تخیلیہ اور باب کے مناسب یہ ہے کہ اسمیں داخل ہو کہ پھل پھول قصور و محلات بھی ملیں گے، گویا باب لغوی معنی کی طرف اشارہ ہے۔ استعارۃ ترشیحیۃ:واذا المنیۃُ أنبتت أظفارھا

باب:

- 1)ھذا بابٌ یا مضاف کے طور پر بابُ کیف کان بدء

2)اگر باب مضاف ہو تو اشکال:باب مفرد کی طرف اضافت ہے اور یہاں جملہ کی طرف

جواب:یہاں جملہ مفرد کے معنی میں ہے یعنی باب ھذا القول (باتاویل مفرد) یا باب جواب قول القائل کیف کان بدء

3)بابٌ:من قبیل التعداد

ایک نسخہ میں بدء ہے اور ایک میں بدوٌ (ظہور و وجود)

تو وحی کی ابتداء مراد ہے یا وحی کا وجود یا وحی کی حالت یا جمیع أحوال الوحی مراد ہے۔

- عند البعض:بدء الوحی میں اضافت بیانیہ کہ دین کی ابتداء
- بدء الوحی أی کیف کان ابتداء الوحی بعد انقطاعہ (أی بعد زمن عیسیٰؑ) یعنی استمرار الوحی تو اشکال نہ ہوگا کہ صرف ایک حدیث میں بدء الوحی کا ذکر ہے۔

- مصنفؒ نے 30 ترجمۃ الباب کو کیف سے شروع کیا
- الوحی لغۃً: الإشارۃ الخفیۃ أو الإشارۃ (الخفیۃ) السریعۃ
- شعر: نظرت إلیھا نظرۃً فتحیرت دقائق فکری فی بدیع صفاتھا فأوحی إلیھا الطرفُ أنی أحبھا فأثر ذلک الوحی فی وجناتھا
- وجہ تسمیہ: دیر نہیں لگتی ہے وحی انبیاء تک اور مخفی بھی ہے کہ کسی کو پتہ نہیں چلتا
- اصطلاحًا: ما القی اللہ تبارک وتعالی نبی من الأنبیاء
- اوحی اور أوحینا کا لفظ غیر أنبیاء کے لئے بھی آتا ہے: 1) اوحی ربک إلی النحل أن اتخذی.....
- والوحی یکون خاصًا إلی النبی
- وحی کی لغۃً کئی قسمیں: 1) وحی فطری: اللہ نے القاء کیا اس چیز کی فطرت وطبیعت میں جیسے اوحی ربک إلی النحل أن اتخذی

2) وحی ایجادی: کسی چیز کے بنانے کا دل میں القاء ہونا جیسے کلًّا نمدُّ ھٰؤلاء وھٰؤلاء من عطاء ربک

3) وحی عرفانی: اس القاء کو کہتے جو اللہ کے اولیاء کے دل میں ہوتی ہے،

4) وحی نبوی بندوں کی ہدایت کے لئے یہ مخصوص ہے انبیاء کے ساتھ

مؤمنین کاملین کے ساتھ جیسے مریم علیھا السلام کو فجاءھا المخاض إلی جذع النخلۃ.....

وھزی إلیک.....

- موسیٰؑ کے والدہ کو: أرضعیہ.....فألقیہ فی الیم.....یأخذہ عدو لی ولک۔
- الوحی اصطلاحًا: کلام اللہ المنزل علی نبیؐ من الأنبیاء
- السفارۃ من اللہ تعالی بین الخالق والمخلوق
- قرآن میں اصطلاحی وحی کی تین قسمیں ہیں: 1) وَما كانَ لِبَشَرٍ أَنْ يُكَلِّمَهُ اللَّهُ إِلاَّ وَحْياً (غیر مسموع غیر مرئی، بالإلھام أو بالکلام فی القلب) أَوْ مِنْ وَراءِ حِجابٍ (مسموع ہے اور مرئی نہیں اور فی الیقظۃ جیسے معراج أو فی المنام) أَوْ يُرْسِلَ رَسُولاً (فرشتہ اپنی شکل میں یا انسان کی شکل میں تو کلام مسموع یا صاحب کلام مرئی ہے) فَيُوحِيَ بِإِذْنِهِ مَا يَشاءُ إِنَّهُ عَلِيٌّ حَكِيمٌ.
- وحی کے اور 40 تک اقسام بیان کیا گیا لیکن بعض اقسام مشہور ہیں جو ایک جملہ میں جمع ہے اور وہ جملہ یہ ہے: کان صوتًا
- ک: کلام من وراء حجاب؛ ا: اسرافیل (جب وحی کا وقفہ تھا 3 سال تک تو وہ آتے رہے)؛ ن: وحی فی حالۃ النوم اور النفث فی الروع؛ اور ص: صلصلۃ الجرس اور صو: مأصورۃ جبریل جیسے سورۃ مدثر نازل ہونے سے پہلے یا لیلۃ المعراج اور ت: تمثل جبریلؑ بإنسان آخر
- نبی اور رسول میں فرق:
- 1) نبی وہ ہے جس پر نئی شریعت نازل ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو (عام) اور رسول وہ ہے جو نئی شریعت کو لے کر نئی قوم کے پاس بھیجے گئے (خاص)
- 2) نبی عام ہوتا ہے اور رسول خاص ہوتا ہے

3) من یکون مبعوثًا لإصلاح العباد نبی والرسول: من یکون مبعوثًا لقھر العباد (حافظ ابن تیمیہ)

4) جو رسول ہے وہ نبی نہیں ہے اور جو نبی ہے وہ رسول بھی ہے تو رسول دوسروں تک پہنچاتے اور نبی اوپر سے لیتے لیکن یہ مرجوح قول ہے اسلئے کہ قرآن کریم میں دونوں کا واضح فرق ہے اور احادیث میں بھی فرق ہے کہ ایک لاکھ چوبیس ہزار نبیوں کو بھیجے اور ان میں سے 313 رسول تھے۔

- آپ ﷺ کا نام سن کر درود پڑھنے کا حکم:

بعض کے نزدیک عمر بھر میں ایک مرتبہ درود پڑھنا فرض ہے لیکن احتیاط یہ ہے کہ مجلس میں کم از کم ایک مرتبہ پڑھے اور اللہ لفظ الجلالۃ کے ساتھ عزوجل کہنا مستحب ہے (یا تعالی کہنا واجب ہے ایک قول کے مطابق) کیونکہ اللہ کثیر الاستعمال ہے بہ نسبت آپ ﷺ کے نام سے

- اکثر ترجمۃ الباب میں تائید ہوتی ہے جیسے اِنا اَوحینا اِلیک کما اَوحینا
- جنگ یمامۃ میں بہت صحابہ شہید ہوئے تو عمرؓ نے جمع قرآن اور اسکی حفاظت کی تدبیر بتائی
- توسب سے پہلے حدیث حضرت عمرؓ کی ہے اسلئے کہ وہ حافظ القرآن تھے اور آخر میں ابو ھریرۃؓ کی حدیث لائے اسلئے کہ انکو 5374 حدیثیں یاد تھیں تو وہ حافظ الحدیث ہوئے۔
- ابوامامۃ سے مروی ہے کہ عمرؓ امیر المؤمنین فی الحدیث ہے
- آدمؑ نبی ہے تو پھر کیوں نوحؑ کا ذکر ہوا؟

جواب: 1) نوحؑ کا ذکر اسلئے ہوا کیونکہ آپ ﷺ انکے مشابہ تھے کہ دونوں مبعوث ہوئے جب شرک پھیلا ہوا تھا

2) نوحؑ اولوا العزم انبیاء میں سے ہے اسلئے انکا ذکر ہوا

3) نوحؑ آدم ثانی کہلاتے تو آدم اول کی جگہ پر آدم ثانی کو ذکر کیا اسلئے کہ آپ ﷺ سے زیادہ قریب ہیں

4) نوحؑ نبی الشریعۃ تھے اور اسی طرح آپ ﷺ بھی اور آدمؑ کے زمانے میں احکام کم تھے

5) نوحؑ کا ذکر اسلئے کہ انہوں نے بہت اذیت پائی اپنی قوم سے تو آپ ﷺ کو تسلی گو یا دی گئی کہ پہلے نبیوں کو بھی قوموں نے اذیت دی 6) نوحؑ نے ہجرت کی اور جودی پہاڑ پر رکے تو آپ ﷺ نے بھی ہجرت کی مدینہ منورہ کی طرف

7) نوحؑ کی قوم پر عذاب عام آیا اور آپ ﷺ کی قوم پر عذاب خاص جیسے بدر میں

- سب سے پہلی حدیث لائے حمیدی کی کیونکہ کتاب کو شروع کیا تو چھوٹی سی حمد بھی ہو جائے اور آخری حدیث میں بڑی حمد لائے اور یہ حمیدی صاحب الجمع والفوائد ہیں اور انکا نام محمد بن عبد اللہ الحمیدی ہے
- پہلی حدیث 4 طبقے میں منقسم ہے اسی طرح آخری حدیث بھی
- ص (2) اِنما الأعمال بالنیات
- اشکال: اس حدیث کو کیوں پہلے ذکر کی اور اسکی کیا مناسبت وربط ہے ترجمۃ الباب سے یعنی اخلاص نیت اور بدء الوحی کے درمیان؟

جواب: 1) یہ حدیث دین کی بنیاد ہے اور بعض کہتے کہ یہ ثلث الدین ہے یا ثلث العلم ہے

2) یہ حدیث بطور نصیحت ہے طلبہ کے لئے تو یہ بطور خطبہ یا دیباچہ ہے گویا

پہلی حدیث بہ منزلہ دیباچہ یا خطبہ ہے لیکن اشکال ہے کہ خطبہ تو مقاصد میں سے ہے تو باب سے پہلے ہونا چاہئے

جواب: 1) بدء الوحی اَول خیر نزل اسی لئے بعد میں نہیں لاسکتے

2) بدء الوحی بالمدینۃ المنورۃ کان بھذا الحدیث

3) بدء الوحی کان بالھجرۃ اِلی غار حراء اسلئے کہ ہجرت: ترک اَرض اِلی اَرض اَخری ابتغاءً لرضاء اللہ

4) اس حدیث کا تعلق ترجمۃ الباب کے دوسرے حصے سے ہے

5)وحی تمام اعمال کے لئے موقوف علیہ اور اخلاص بھی تو اخلاص مشابہ ہے وحی کے ساتھ اس بارے میں کہ یہ دونوں موقوف علیہ اعمال کے لئے

6)الأعمال مشروعۃ بالوحی ومقبولۃ بالإخلاص

7)وحی ان حضرات پر نازل ہوئی جو اخلاص کے اعلی درجے پر پہنچے ہیں، الوحی عظیم لاینزل إلا علی من وصل إلی انتہاء الإخلاص

-آدمؑ پر 10 مرتبہ وحی اتری، نوحؑ پر 50 مرتبہ، ابراہیمؑ پر 48، عیسیٰؑ پر 10 مرتبہ اور آپ ﷺ پر 24000 مرتبہ

-سفیان: ہوا کا چلنا اور سفیان 2 ہیں ایک ثوری اور ایک بن عیینہ تو یہاں سفیان بن عیینہ مراد ہے، انکے تلامیذ اور اساتذہ سے

-علقمہ: کڑوے پھل (عرب کا طریقہ تھا کہ بچوں کا نام کڑوے رکھتے تھے اور غلاموں کا نام میٹھے رکھتے تھے اور وجہ یہ ہے کہ بچوں کے نام دشمن کو ڈرانے کے لئے تھے اور غلام بار بار گھر میں بلانا تھا)

-ابن وقاص: گردن توڑنے والے کو کہتے

-عمر بن الخطاب بن نوفل بن عبد العزی، م 22ھ 537 مرویات اور کنیت ابو حفص

-منبر: وہ آلہ جس پر آدمی چڑھتا ہے بیان وخطابت کے لئے اسکے 3 زینے اور ابو داؤد میں 2 زینے کا ذکر ہے اور تطبیق یوں ہو سکتا ہے کہ چھٹ کو شمار کرے تو 3 ورنہ 2 ہے

-تو یہ عظیم الشان والی حدیث ہے اور بعض محدثین کہتے کہ یہ نصف العلم ہے

-علم کی 2 قسمیں: 1) علم القلب؛ 2) علم القالب اور نیت کا تعلق قلب سے ہے

-بعض کہتے کہ ثلث العلم: 1) جنان؛ 2) لسان؛ 3) ارکان (دوسرے اعضاء) اور اسکا تعلق.....

-عمدۃ الخیر عندنا اربعۃٌ: قالھن خیر البریۃ: اتق الشبہات؛ مالیس یعنیک

-زندگی میں: ز: زلفوں کے لئے؛ ن: نظروں کو مت دوڑاؤ؛ د: دال کھاؤ اگرچہ مطبخ میں دال ہو تو اسکو بھی کھاؤ اور گ: گپ شب مت کرو اور گالی سے بھی بچو؛ ی: یاران ودوست مت کرو۔

- امام ابو داؤدؒ نے 5 لاکھ احادیث میں سے 4 کا انتخاب کیا:

1)إنما الأعمال بالنیات

2)لایؤمن أحدکم حتی یحب لأخیہ مایحب لنفسہ

3)من حسن اسلام المرء ترکہ مالا یعنیہ

4)الحلال بین والحرام بین وبینھما امور مشتبہات

-امام اعظمؒ نے ایک پانچویں کو ذکر کیا: المسلم من سلم المسلمون من لسانہ ویدہ

- 1) تصحیح النیات؛ 2) تحسین المعاملات؛ 3) حفظ الأوقات؛ 4) ترک المشتبہات وبالأولی ترک الحرام؛ 5) حفظ اللسان عن الجنایات (تمام گناہوں کو چھوڑ دے)

اسلئے محدثین اس حدیث کو اپنی کتاب کے شروع میں رکھتے ہیں

اسمیں اخلاص کا بھی ذکر ہے یعنی صرف اللہ ہی کے لئے کام کرنا

- پہلی حدیث: إنما الأعمال بالنیات

- شان ورود: مہاجر ام قیس نے ہجرت کی مدینہ منورہ تک
- اِن، "ما" کافۃ جو عمل کو روک دیتا ہے
- اِنما مفرد ہے عمل: فعل اختیاری جو دائمی ہو حسین خوبصورت بنایا جاتا ہے
- عمل قول (دائمی) فعل (جو احیانًا الذین ھم للزکوۃ فاعلون) والذین اِذا فعلوا فاحشۃ
- غیر اختیاری / اختیاری اور غیر اختیاری ہے
- تو افعال اور اقوال دونوں میں خلوص چاہئے
- نیۃ: القصد اِلی الفعل (أو الشیء)
- اصطلاحًا: الإرادۃ المتوجہۃ اِلی الفعل ابتغاءً لمرضاۃ اللہ
- اچھی نیت اور بُری نیت دونوں کو شامل ہے لغوی نیت
- بالنیات میں متعلقات: شوافع: اِنما الأعمال صحیحۃ بالنیات / نیت نہ ہو تو عمل بے کار جیسے وضو
- وضو میں پانی ہے اور وہ مطہر ہے "وأنزلنا من السماء ماء طھورًا"
- لانیۃ للکافر تو عمرؓ نے قرآن کو ہاتھ لگانے کے لئے وضو کیا
- اختلاف کا فائدہ: کسی نے غسل کیا تو اسکا وضو ہو جائے گا لیکن ثواب نہیں ہو گا
- کافر نے غسل کیا تو اسکا اعتبار نہیں لیکن وضو مقبول ہے جیسے کپڑا دھونے کے لئے دیا تو بغیر نماز پڑھنے کی نیت سے کپڑے پاہو گیا
- امانت واپس کرنے کا مسئلہ وہی ہے کہ امانت واپس ادا ہو گی اگر چہ نیت نہ ہو
- عدت بغیر علم کے گزر جاتی ہے، اذیت کی چیز کو راستے سے ہٹایا تو ثواب ملتا ہے
- تو بہت سی جگہوں میں یہ تعبیر فِٹ نہ ہو گا۔
- جو ہمارے افعال واعمال اسکی متعدد قسمیں:

1) اعتقادات جو 5 چیزوں پر ہے: آمنتُ باللہ وملائکتہ وکتبہ ورسلہ (ان میں نیت ضروری ہے اسلئے کہ دل میں.....)

2) عبادات، صلوۃ، شہادت، صوم، حج زکوۃ: ان میں بھی نیت ضروری ہے بالاتفاق

3) عقوبات: حد زنا، حد شرب خمر، حد قذف، حد سرق، حد ارتداد، نیت کی ضرورت نہیں ہے

4) معاملات: 1) معاوضات: بیع وشراء؛ 2) ترکات: میراث وغیرہ؛ 3) امانات؛ 4) مناکحات؛ 5) خصومات (نیت ضروری نہیں)

- دوسری تأویل: اِنما الأعمال صحیحۃ بالنیات فی العبادات المقصودۃ
- اکثر: "اِنما الأعمال مثوبۃ تُثاب بالنیات" احناف استعمال کرتے
- ثواب کی تخصیص کیوں؟ عقوبت کا بھی ذکر ہونا چاہئے!

جواب: احکام کو مقدر کرو تو دونوں شامل ہونگے لیکن اس پر بھی ایک اور اشکال ہے کہ بہت مرتبہ بغیر نیت کے ثواب ملتا ہے۔

- مثالیں: 1) حدیث: التاجر الصادق الأمین مع الشھداء والنبیین حالانکہ تجارت کی اور اسنے نیت نہیں کی ثواب کی

2) روایات میں آتا ہے کہ جالب الطعام کو ثواب ہے حالانکہ وہ تو بیچنے کے لئے لایا

3)گھوڑا رکھا جہاد کے لئے تو پاخانہ پیشاب وغیرہ سب ثواب ہو گا

4)اگر کسی کاشت کارنے کاشتکاری کی اور جو پرندے چرندے بندے کھاتے ہیں تو اسکو ثواب ہو گا تو یہ بھی بغیر نیت کے۔

5)اسی طرح حج کے ساتھ تجارت کی نیت کی

-احناف کی طرف سے ایک جواب ہے کہ نیت اجمالی ہے لیکن ینت تفصیلی نہیں۔

قربات اور طاعات میں نیت کی ضرورت نہیں

ثواب کی نیت چلتا ہے عبادات میں، مباحات میں لیکن معصیات میں نہیں۔

- تیسری تأویل: إنما الأعمال توجدُ شرعًا وإن لم توجد حسًّا بالنیات
- ومن یخرج من بیتہ مھاجرًا إلی اللہ ورسولہ ثم یدرکہ الموت فقد وقع أجرہ علی اللہ، تو ہجرت پوری نہیں ہوئی لیکن ثواب مل گیا
- حدیث: إذا مرض العبد أو سافر کتب لہ ماکان یعلمہ وھو مقیم صحیح
- حدیث: إن اقوامًا بالمدینۃ حبسھم العذرُ
- حدیث: من ھمّ بحسنۃ فلہ بھا حسنۃ ومن عمل بحسنۃ فلہ عشر أمثالھا إلی سبعمئۃ ضعف
- إنہ قد نوی
- حدیث: آپ ﷺ فرماتے: لایستوی القاعدون من المؤمنین غیر اولی الضرر (بیماری والے برابر)

اس سے معلوم ہوا کہ جو قاعدین ہیں یا بیمار ہیں تو انکو جہاد کا اجر ملتا ہے نفس ثواب انکو بھی مل گیا۔

- حدیث: جب آدمی عادی ہے تہجد پڑھنے کے، ثم غلبتہ العین تو فرمایا کہ اللہ اسکے لئے صلوۃ لکھ لیتے
- حدیث: لقد ترکتم بالمدینۃ أقوامًا، ماسرتم مسیرًا ولا قطعتم وادیًا ولا أنفقتم نفقۃً إلا وھم معکم تو صحابہؓ نے پوچھا..... قال النبی ﷺ : حبسھم العذر
- اس تقدیر پر اشکال ہے کہ جو اعمال غیر موجود کہا گیا اور جو عمل موجود اسکا ذکر نہیں!؟

جواب میں یہ کہا جائے کہ دلالۃ النص سے ثابت ہو گا۔

- چوتھی تاویل: إنما الأعمال تتمیز فیما بینھا بالنیات، فإن کانت النیۃ حسنۃ فالعمل حسنۃ، فإن کانت النیۃ قبیحۃ فالعمل قبیح، فإن لم تکن نیۃ فلا تعرض علیہ اور یہ تاویل حدیث کی توجیہ کے موافق ہے اسلئے کہ حسنہ و قبیح کی تمیز ہو گئی (نیت کے اعتبار سے)
- عالم نے علم حاصل کیا، مجاہد نے جہاد کیا اور سخی نے سخاوت کی لیکن نیت قبیحہ کی وجہ سے جہنم رسید ہونگے
- غار والے لوگ (ریاض الصالحین میں روایت ہے)
- منافقین نے مسجد ضرار بنائی تھی لیکن قبیح نیت سے تو گرانے کا حکم دیا گیا
- حاطب بن ابی بلتعۃ نے فتح مکہ کے موقع پر مسلمان کی راز کو پہنچانے کی کوشش کی تو انکو عتاب ملی لیکن سزا نہیں دی اسلئے کہ نیت اپنے مال کو بچانا ہے
- علامہ سندھیؒ: فعل عام کو مقدر کیا جائے مثلاً: إنما الأعمال تکون بالنیات عرفًا وتجربۃً
- فھذہ جملۃ عرفیۃ تجربیۃ، تو پھر آپ ﷺ نے اسکی تفصیل بتائی کہ عام طور پر جب تم نیت کرو تو نیت حسنہ کرو، نیت قبیحہ مت کرو۔
- اسکی مثال ایسی ہے: لکل أمۃ أمینٌ وأمین ھذہ الأمۃ عبیدۃ ابن الجراح

جملۃ تجربیۃ　　جملۃ شرعیۃ

لکل شیء عروس (زینۃ)　　وعروس القرآن سورۃ الرحمن

- اس حدیث کو جوامع الکلم کہا گیا ہے: الفاظ یسیرۃ تحتھا معان یا الفاظ قلیلۃ تحتھا معان جزیلۃ
- نیت، عزم اور ارادہ تقریباً ایک ہی چیز ہے
- عند البعض: العزم یکون قبل الفعل والنیۃ تکون لغرض والإرادۃ عامۃ
- فلھذا یقال نوی اللہ اور عزم پکے ارادے کو کہتے ہیں۔
- نیت کی تین قسمیں ہیں: 1) النیۃ لتمیز العبادۃ من العبادۃ مثلاً ظہر اور عصر کی نیت

2) النیۃ لتمیز العادۃ من العبادۃ مثلاً روزی کی نیت کی تو روزہ ہے نہیں کی تو امساک

3) النیۃ لتمیز المعبود عن المعبود: مسلمان اللہ کی عبادت کرتا ہے کافر صنم کی کرتا ہے (ومن الناس من یتخذ إلھہ ھواہ)

-حوض: متن؛　　نہر: متن اور حاشیہ کے درمیان؛　　جنگل: حاشیہ؛　　صحراء: خالی جگہ

-النیۃ لا تحتاج إلی نیۃ جیسے کہ خود متکلم مستثنی ہے

-نیۃ المؤمن خیر　　من عملہ (حدیث ہے، اگر ضعیف ہے)

عمل القلب بہتر ہے　　عمل الجوارح سے

ریاء نہیں　　ریاء ہو سکتا ہے

عمل دائم ہے　　عمل دائم نہیں

- منافق جب کام کرتا ہے: الریاء
- فاسق جب کام کرتا ہے: الحفظ من الآفات کے لئے
- عوام جب کام کرتا ہے تو الحفظ من العذاب کے لئے
- اولیاء جب کام کرتے ہیں تو القرب الی الحق تعالی ووصول الجنۃ کے لئے ہے۔
- وإنما لامرء مانوی: اشکال: دونوں جملوں کا خلاصہ ایک ہی ہے اسلئے کہ پہلے یہ ہے کہ انسان کو نیت کرنا چاہئے اور دوسرا بھی وہی ہے

جواب: 1) کیونکہ عمل کی نیت انتہائی اہم وضروری ہے تو دو مرتبہ بیان کیا تاکیداً تو دوسرا جملہ تأسیس کے لئے نہیں بلکہ تاکید کے لئے

2) دوسرے جملے میں تاسیس ہے یعنی دوسرا معنی، تعددنیات میں تعدد ثواب کی طرف اشارہ ہے یا اشارہ ہے مباحات کی طرف (إنما لامرء مانوی) حتی اللقمۃ تضعھا فی فی امرأتک

3) علامہ سندھیؒ: إنما الأعمال بالنیات تجربۃً وإنما لامرء مانوی شرعًا

4) النیۃ لا نیابۃ فیھا (إنما لامرء مانوی) جیسے کسی نے آپ کی طرف سے قربانی کی بغیر بتائے ہوئے تو قربانی نہیں ہوگی سوائے یہ کہ نیت اجمالی ہو یا جو عادت ہے کہ ہر سال وہی کرتے ہیں

5) إنما الأعمال میں عمل کا ذکر ہے (علت غائیہ) اور إنما لامرء میں عامل کا ذکر ہے (علت فاعلیہ)

-علت کی چار قسمیں ہیں: 1) علت غائیہ؛　2) علت فاعلیہ؛　3) علت مادیہ؛　4) علت صوریہ

تو یہاں امرء آیا اسلئے کہ بعد میں امر أۃ کے مناسب ہے۔

- ھجر یھجر لغۃً: چھوڑنا اصطلاحًا: الخروج إلی أرض أخری ابتغاءً لمرضاۃ اللہ
- پھر ہجرت کی دو قسمیں ہیں: 1) ہجرت حقیقیہ: المھاجر من ترک ما نھی اللہ عنہ

2) ہجرت ظاہریہ: اسکی بھی دو قسمیں ہیں: 1) فراری: جس میں وجہ: پہلی زمین کے اعمال سے نفرت

2) قراری: پہلی زمین کی نفرت نہیں بلکہ دوسری زمین کی محبت ہے

پھر ہجرت فراری کی متعدد قسمیں ہیں: 1) الھجرۃ من دار الحرب إلی دار الاسلام من القبائل (مکۃ) إلی المدینۃ

2) من دار البدعۃ إلی دار السنۃ: إنی مھاجر إلی ربی

کؒ: جس زمین میں صحابہؓ کو گالی دی جاتی ہے تو لا ینبغی أن یسکن فیھا

3) من دار المعصیۃ إلی دار الطاعۃ جیسے لوطؑ کی قوم کے بعض افراد

4) من دار الأذی إلی دار السلامۃ: فخرج منھا خائفًا یترقب

5) من دار الحرام إلی دار الحلال اسلئے کہ طلب الحلال فریضۃ بعد الفریضۃ

6) من دار المرض إلی دار الصحۃ والسلامۃ والعافیۃ جیسے عرنیین کا قصہ

- ہجرت قراری: الھجرۃ للحج أو العمرۃ أو لطلب العلم أو لزیارۃ الوالدین والأساتذۃ
- دنیا: 1) دنایدنو دنوًّا سے: القربُ ویسمی الدنیا لأنھا قریبۃ إلی القلوب أو لأنھا قریبۃ إلی الزوال والفناء
- الدنیا لنا مثل البحر للحوت
- یہاں فمن کانت ھجرتہ لتحصیل الأموال.....

2) دنیٔ یدنأ سے: ناقص وذلیل ہونا اسلئے کہ دنیا ناقص وذلیل ہے بہ نسبت آخرت کے۔

- دنیا اصل دنو سے بروون فعلی اور فعلی جب صفتیں ہو تو واؤ یا سے بدلے گا تو دنیا ہوا اور اگر صفتی نہیں بلکہ اسمیں ہو تو واؤ نہیں بدلے گا جیسے حُزوی اور قصوی مستثنی ہے
- امر أۃ کی تخصیص کیوں ہے؟

جواب: 1) عورت کی تخصیص نظرًا إلی شأن الورود یعنی مھاجر أم قیس

2) عورت کا فتنہ سب سے زیادہ ہے

- عورت اسکے باوجود یہ کہ ناقصۃ العقل ہے پھر بھی مرد کو اپنے جیب میں ڈال لیتی ہے

شعر: اکبر کبھی ڈبے نہیں سلطان کی فوج سے لیکن شہید ہو گئے بیگم کی نوچ سے

شعر: طاقتیں دو ہی ہیں زمانے میں جن سے سارا نظام جاری ہے ایک خدا کی ذات برحق ہے اور ایک ہے عورت کی ذات یہت پیاری ہے

- حواء: حواء لأنھا خلقت من ضلع حی أو لأنھا أم کل حی أو لأنھا حاویۃ علی الرجل
- اشکال: زین للناس حب الشھوات من النساء والبنین تو اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ عورت کا فتنہ مرد سے بڑھا ہوا ہے!

جواب: 1) نوحؑ

لوطؑ

ابراھیمؑ

2)موسیٰؑ:لوگ شفاعت کبری کے لئے آئیں گے تو کہے گا کہ لوگوں نے غلط نسبت کی میری ماں کی طرف

آپ ﷺ ایک مہینے تک پریشان رہے عائشہؓ پر تہمت کی وجہ سے

3)انصار مہاجرین کو لڑکیاں دیتے تھے نکاح میں تو کہا کہ ہجرت اس نیت سے نہ کرنا

-اشکال:مصنفؒ نے حدیث کو مختصر کیوں ذکر کیا؟

جواب:1)مصنفؒ نے پہلے جزء کو حذف کیا تواضعًا اسلئے کہ مصنفؒ نے بھی ہجرت کی لیکن اس پر اشکال ہوتا ہے کہ حدیث کو ذکر کرنے میں تواضع ہے نہ کہ حذف کرنے میں۔

2)مصنفؒ کے پاس پہلا جزء موجود نہیں تھا لیکن یہ صحیح نہیں اسلئے کہ ص13 پر موجود ہے

3)حمیدی کی سند چاہتے تھے لیکن مصنفؒ کے پاس نہیں (لیکن یہ صحیح نہیں)

4)اس حدیث کے 2 جزء:1)سلبی (دفع مضرت) اور 2)ایجابی (جلب منفعت) یعنی اللہ کے لئے ہجرت کرنا

دفع مضرت اولی ہے جلب منفعت سے

مصنفؒ نے وہ جزء ذکر کیا جو دفع مضرت کے لئے ہو اسلئے کہ اگر جلب منفعت ممکن نہیں ہے

5)الخرم یجوز فی الحدیث یعنی اپنے مقاصد کے لئے ایک صرف ایک ٹکڑا کو ذکر کرنا

-اشکال:پہلی حدیث میں کیوں کیا بعد میں کرسکتے تھے؟

جواب:حذف ایک مسئلہ کی طرف اشارہ کرنے کے لئے کہ تین قسم کے مأمورات ہیں:

1)عبادات (عبادت مقصودۃ:معرفۃ المعبود ونیۃ المقصود) (نیت ضروری)

2)قربات:عبادت غیر مقصودۃ:لا تختص بالمسلم (امداد کرنا مسافر خانہ بنانا، خدمت، علم کا حصول)

3)علامات، نہ نیۃ المقصود نہ عبادۃ المقصود ضروری بلکہ وسیلہ ہے مثلاً تفکر فی خلق اللہ

یہ دو آخری قسم میں ترک النیۃ القبیحۃ تکفی للثواب۔

قربات میں صرف نیۃ المعبود ہے اور نیۃ العبادۃ کی ضرورت نہیں ہے۔

- اشکال:ام سلیمؓ نے پہلے سے اسلام قبول کی تھی اور ابو طلحۃ مسلمان نہیں تھے تو شرط لگائی
- اسلام لأجل النکاح مقبول ہے تو پھر.....

جواب:1)یہ قصہ مخدوش ہے اور اسپر اشکال ہے کہ اس زمانے میں نکاح جائز تھا غیر مسلمانوں کے ساتھ لیکن یہ اشکال سمجھ میں نہیں آتا اسلئے کہ انہوں نے جو بہتر ہے وہی تلاش کیا

نکاح سرعت اسلام أبی طلحۃؓ بنا اسلئے کہ پہلے سے انہوں نے ارادہ کیا تھا اسلام کا

2)یا دونوں نیتیں کی اسلام کی اور نکاح کی جیسے حج اور تجارت دونوں کی نیت کرسکتے

3)ابتداءً نکاح کی وجہ سے اسلام قبول کیا اور انتہاءً اور بقاءً نیت خالص ہوگئی اور فدا ہوئے آپ ﷺ پر اور اسلام پر اور إنما الأعمال بالخواتیم (یعنی خاتمۂ اعمال کا اعتبار ہے)

امام نوویؒ کے اربعین اور ابن ماجہ میں وہ حدیث ہے جو پوری زندگی اہل شر کے ساتھ رہے پھر ارادہ کیا ارض صالح کا اور راستے میں مرگئے

4)اسلام لأجل النکاح میں کوئی حرج نہیں جیسے مؤلفۃ القلوب کو مال دیا جاتا تھا اسلام طی طرف مائل ہونے کے لئے تو نکاح سبب بنا قلب کے مائل کرنے کے لئے

اور ہجرت کی تعریف صادق نہیں آتی ہے اسلئے کہ ہجرت ترک وطن ابتغاءً لمرضاۃ اللہ ہے

- اشکال: نکاح کے لئے ہجرت کی تو یہ کیوں قبیح ہے ؟(ہجرت قبیحہ کیوں کہا گیا؟)

جواب: اصل نکاح کا عبادت ہونا اپنی جگہ، مسنون ہونا اپنی جگہ پر ہے لیکن نکاح عبادت دنیویہ ہے اور من وجہ عبادت اور معاملہ اور من وجہ لذت وخواہش ہے۔

توجو شخص دنیا کو طلب کرتا ہو تو فی صورۃ الدین تو اوپر عبادت کا نام ہے اور اندر سے لذت مقصود ہے اور یہ پڑھتا ہے کہ النکاح من سنتی

- أربع من سنن المرسلین، فانکحوا ماطاب لکم
- تو طلب الدنیا فی صورۃ الدین کی ممانعت ہے، یہ قبیح ہے جیسے کوئی ساؤتھ افریقہ اگر کہے میں تو دین کے لئے آیا ہوں اور پھر تجارت اور چوری میں لگ جائے تو یہ جھوٹ ہو گا
- قصہ: ایک بہہ روپیہ تھا ھارون رشید کے زمانے میں اور آکر کہا ھارون رشید سے کہ میں اپنے افعال کو دکھانے آیا ہوں تا کہ آپ سے کچھ لوں، تو ھارون رشید نے واپس کر کے کہا کہ مجھے تمہاری ضرورت نہیں، اگر تو ایسی شکل میں آجائے جس میں نہ پہچان سکوں کہ تو بہہ روپیہ ہے تو میں کچھ دونگا۔

تو بہہ روپیہ بیٹھ گیا جنگل میں اور بڑا بزرگ بنا اور مشہور ہوا تو آخر بادشاہ بھی اس کے پاس ایک دن گزرے اور متأثر ہوا تو بادشاہ نے ایک تھیلا بھر روپیہ دیا تو واپس کر دیا اور کہا کہ مجھے اسکی ضرورت نہیں اور پھر جب ھارون رشید اپنے گھوڑے پر سوار ہوا تو وہ سامنے آکر کہنے لگا مجھے انعام دو اسلئے کہ میں وہی بہہ روپیہ ہوں اور میں کامیاب ہوا تو بادشاہ تعجب میں پڑ گیا کہ اب انعام مانگ رہا اور ابھی اتنے روپیہ دے دیا تھا اور نہیں لیا! تو جواب دیا کہ اگر میں لیتا تو طلب الدنیا بصورۃ الدین ہوتا جو بزرگوں کا طریقہ نہیں ہے۔

- اشکال: شرط اور جزاء ایک ہے تو غیر مفید ہے!

جواب: 1)جو مذکور ہے جزاء پر دال ہے: فھجرتہ مقبولۃ إلی اللہ ورسولہ

فھجرتہ غیر مقبولۃ فإنہ ھاجر إلی ماھاجر إلیہ

2)دونوں میں قید مقدر ہے: نیۃً وثوابًا: فمن کانت ھجرتہ إلی اللہ ورسولہ نیۃ

عدم قبول وردًّا۔

3) کبھی شرط اور جزاء ایک ہو مبالغۃً، حمل الشیء علی نفسہ یفید المبالغۃ: زید تو زہد میں ہے یعنی باکمال ہے

شاعر: ابو النجم: للہ دری ما أحسَّ صدری تنام عینی و قلبی یسری مع العفاریت بأرض قفری

أنا أبو النجم وشعری شعری (یعنی میرا شعر تو کامل ہے تو یہ مبالغہ پر محمول ہے)

دِرٌّ خیر ہے کہ اگر خیر میں خرچ کرے تو دِرٌّ ہے اور اگر شر میں تو سَمٌّ ہے یہی دین نار میں أولہ دینٌ وآخرہ نارٌ

- اشکال: پہلے جزء میں تخصیص ہے فھجرتہ إلی اللہ ورسولہ اور دوسرا جزء فھجرتہ إلی ماھاجر إلیہ مجمل کیوں رکھا؟

جواب:1) أبھمہ لکثرۃ أنواعہ اسی لئے کہ اگر غیر اللہ کے لئے ہجرت کرتا ہے تو کبھی سونا چاندی موتی، لڑکی، باغات یا دوسرے مقاصد کے لئے کرے گا 2) پہلے جزء میں صراحت کی لذت کے لئے اور دوسرے جزء میں دنیا حقیر ہے یا پتہ نہیں کونسی قسم کی عورت ہوگی تو اسمیں لذت نہیں

شعر: أعد ذکر نعمان لنا .....یتضوع

زباں پر بار خدایا کس کا نام آیا کہ میرے نطق نے.....

- دوسری حدیث (ص2)
- عائشۃؓ: لمبی برکت والی زندگی وفات: 58ھ یا 57 اور انکی 2210 مرویات ہیں، ام المؤمنین، حرمۃ النکاح اور حجاب میں: وإذا سألتموھن متاعا فاسألوھن من وراء حجاب
- سوال: ام المؤمنین کیوں ہے اسلئے کہ ام المؤمنات بھی تو ہے!

جواب:1) ام المؤمنین وارد ہے اور ام المؤمنات وارد نہیں (عینی کا جواب)

2) ام المؤمنات جائز ہے کہنا اور روایات میں روایت موجود ہے اور عائشۃؓ کا جو انکار ہے وہ اسلئے کہ کوئی اسکو حرمت نکاح پر محمول نہیں کہ انکی بہن سے نکاح جائز نہیں (علامہ ابن تیمیہ کا جواب وھو أصح)

-جب وحی صلصلۃ الجرس کی طرح ہے تو وعیتُ ماضی کہا اسلئے کہ اسکا فہم مشکل ہے اور وعیتُ بعد الجرس جب وحی فرشتے کی شکل میں تو اسکا فہم آسان ہے اور "فأعی" استعمال کیا أی حال التکلم أعی عنہ۔

جبینٌ: جانبی الجبھۃ

- ترجمۃ الباب میں کیف کان بدء الوحی اور یہاں کیف یأتیک الوحی تو بہ ظاہر مناسبت وربط نہیں ہے!؟

جواب:1) کیف کان بدء الوحی یہ اضافت بیانی ہے

2) بدء الوحی أی وجود الوحی

3) کیف کان بدء الوحی بعد انقطاعہ برفع عیسیٰؑ

4) کیف کان بدء الوحی أی عظمۃ الوحی یعنی اتنی عظمت والی ہے کہ آپ ﷺ اسکو جلدی یاد کرتے تھے

5) کیف کان بدء الوحی میں ھو کنایۃ عن جمیع أحوال الوحی ہے

-اشکال: حدیث میں ہے کہ جرس تو مزمار الشیطان ہے تو قبیح چیز کے ساتھ خیر کو کیسے تشبیہ دی؟

جواب:1) یہاں تشبیہ خاص چیز میں یعنی فی التسلسل والتتابع

إن من البیان لسحرًا کا مطلب تاثر میں

2) وحی کی ابتداء میں جرس کی ممانعت نہیں تھی۔

3) جرس کی ممانعت ہر وقت نہیں ہے بلکہ لھو لعب میں یا دشمن کے باخبر ہونے کے خوف میں، لیکن اگر بکری یا بیل کے آگے جانے کے لئے ابھارنا مقصود ہوتا کہ زیادہ کام کرے تو اس وقت قباحت نہیں ہوگی اور ٹھیک ہے یا پہلے چکھی چلانے کے لئے بیل استعمال کرتے تھے اور گلے میں گھنٹی لگاتے تھے تاکہ پتہ چلے کہ بیل گھوم رہا ہے یا مصلحت کی وجہ سے استعمال کرے تو پھر جائز ہے جیسے یہاں گھنٹی بجتی ہے تو سب کو معلوم ہو جاتا ہے گھنٹا بدلتا ہے۔

-صلصلۃ الجرس کی وجہ: 1) تعطل حواس کے لئے (صوت الموحی)

2) فرشتے کے پیروں کی آواز (صوت الموحی بہ)

3) تنبیہ کے لئے کہ وحی آرہی ہے۔

-دوسری روایت میں وحی کے نزول کو تشبیہ دی: دوی کدوی النحل یا کسلسلۃ علی صفوان، تو اسمیں تعارض ہے بہ ظاہر!؟

جواب: 1) اسمیں کوئی تعارض نہیں بلکہ مقصود الصوت المسلسل المتتابع ہے یا الکیفیۃ المسلسلۃ

2) یا تطبیق یوں ہو سکتا ہے کہ آپ ﷺ کے لئے صلصلۃ الجرس اور صحابہؓ کی نسبت سے دوی کدوی النحل اور سلسلۃ علی صفوان بالنسبۃ إلی الملائکۃ۔

-اشد کا مطلب بھاری ہے یہاں جیسے کہ حدیث میں: فقیہ واحد أشد علی الشیطان من ألف عابدٍ

شیخ الھند کا قصہ: انہوں نے وہی حدیث بیان کی مسجد میں اور اشد کا ترجمہ بھاری کیا تو کسی مولوی نے کھڑے ہو کر کہا کہ حضرت اشد کا مطلب سخت ہے تو خاموش رہے اور کہا کہ میں نے کہا تھا کہ مجھے کچھ نہیں آتا، بیان ختم ہونے کے بعد انکو بلایا اور کہا کہ حدیث میں وحی کے بارے میں اشد کا لفظ آیا ہے تو اسکا کیا ترجمہ کریں گے؟ تو کہا بھاری تو کہا کہ اس حدیث میں بھی وہی ترجمہ ہے۔

یا بھاری اسلئے کہ حواس معطل ہو جاتے یا اسلئے کہ روحی ملکی کا اتحاد ہوتا ہے روح نبوی کے ساتھ یا فرشتہ کے جلال کی وجہ سے۔

- قرآن میں وحی کو قولاً ثقیلاً کہا گیا (یعنی نزولہ و تلاوتہ و عملہ و أجرہ و دعوتہ) اور دوسری جگہ فرمایا: لو أنزلنا ھذا القرآن علی جبل..... / ترکت فیکم ثقلین
- انسان جب انسان ہی سے استفادہ کرے تو بہت آسان ہے اور یہاں انسان استفادہ کر رہا ہے فرشتے سے
- فصم: توٹنے کو کہتے جس میں ٹکڑے نہ ہو (CRACK)
- قصم: وہ توٹنا جس میں ٹکڑے ہو
- وعیتُ: وعاء سے جو برتن کے معنے یہاں محفوظ کرنے کا مطلب ہے۔
- فی الیوم الشدید البرد: سوال: مضاف پر (ال) نہیں آتا ہے تو یہ قاعدہ اضافت لفظی کے لئے اور اضافت معنی میں جائز ہے اور وہ اضافت منقطع کے حکم میں ہے۔
- اشکال: التزمل اور پسینہ تو دو تضاد جمع ہوئے!؟

جواب: 1) خواب ورعب کی وجہ سے تزمل کیا لالأجل البرد

2) پسینہ کا آنا: ابتداء میں سردی ہے پھر بعد میں بخار کی طرح پسینہ چھوٹ جاتا تھا۔

3) سردی دو یا ایک مرتبہ ہوئی بعد میں ثقل کی وجہ سے پسینہ آیا تھا۔

-اشکال: دو قسم کی وحی بیان کی حدیث میں اور قرآن میں تین قسم ہیں: ماکان لبشر أن یکلمہ اللہ إلا وحیًا....

جواب: 1) ایک اور 3 میں منافاۃ نہیں ہے تو 3 کا ذکر قرآن میں ہے اور حدیث میں 2 کا تو 3 میں 2 شامل ہے

2) إلا وحیًا او من وراء حجاب لقتہ و قوعہ

3) أو یرسل رسولاً

-قرآن میں جو 3 قسمیں ہیں تو دونوں پہلی قسم کو چھوڑا اور تیسری قسم کو بیان کر کے اسکی دو قسمیں بیان کیا: ارسال رسول

-ملک: جس نورانی یتشکل بأشکال مختلفۃ سوی الکلب والخنزیر

اور وحی بھی نور ہے تو جب دو نور جمع ہوئے آپ ﷺ کے قلب پر تو ثقیل ہے

- تیسری حدیث: بدء الوحی صراحۃ
- خواب کم از کم 6 مہینے تک آئے تو نبوت سے پہلے اچھے سچے خواب تھے اور خواب نبوت کا 1/46 واں حصہ ہے
- الاعتقادات التی یخلقھا اللہ تعالی فی قلب النائم تسمی بالرؤیۃ اور رؤیا صادقۃ
- الرؤیۃ علی قسمین: 1): جس کی کوئی حقیقت ہو الرؤیا الصادق

2) الرؤیا غیر الصادقۃ

-پھر رؤیا غیر صادقۃ کی 4 قسمیں ہیں: 1) حدیث النفس: اسکا تعلق ماضی سے جو چیز نیند سے پہلے دیکھا تو نفس نے وہی لے کر خواب میں دکھایا

2) أضغاث أحلام: بکھرے خواب مثلاً: چھونٹی پیدا ہوئی پھر درخت بنا پھر ہاتھی بنا

3) الرؤیۃ التی ناشئۃ بالمرض: صاحب البلغم یری فی منامہ الماء

4) وہ رؤیا جس کے نتیجے احتلام ہوتا ہے۔

اور دوسری قسم جو الرؤیا الصادقۃ ہے اسکی دو قسمیں ہیں: 1) مایحتاج إلی التعبیر جیسے انی رأیت أحد عشر کوکبًا والشمس والقمر تو تعبیر 11 بھائی اور ماں باپ یا پھر آپ ﷺ نے خواب دیکھا احد سے پہلے کہ تلوار توٹ گئی اور بقرۃ ذبح ہوئی تو تعبیر تکلیف تھی۔

2) ومالا یحتاج جیسے ابراھیمؑ کا خواب: ذبح اسماعیلؑ

-پھر صادقۃ کی دو اور قسمیں ہیں: 1) نافعۃ: ستارے سجدے کریں گے تو معلوم ہوا کہ وہ تابع فرمابردار ہیں

2) ضارۃ: تلواروں کا توٹنا

-معلوم ہوا کہ انبیاءؑ کا خواب بھی وحی کے درجے میں: آپ ﷺ نے فرمایا کہ آنکھ سوتی ہے لیکن دل نہیں سوتا

-اشکال: ابراہیمؑ نے جب خواب دیکھا اور وہ وحی کے درجے میں، پھر کیوں مشورہ کیا اسماعیلؑ سے؟

جواب: 1) بچے کا امتحان مقصود تھا

2) ھذا لیستعد للذبح

3) لتعیین طریقۃ الذبح

-اشکال: خواب سچا تھا لیکن پھر اسکی تکمیل نہیں ہوئی تو قد صدقت الرؤیا کیسے فرمایا گیا؟

جواب: 1) حکم ہوا ذبح کا پھر منسوخ ہوا لیکن یہ جواب صحیح نہیں اسلئے کہ قد صدقت الرؤیا فرمایا گیا۔

2) تعبیر میں غلطی ہوئی کہ اصل دنبہ ذبح کرنے کا حکم تھا لیکن یہ بھی صحیح نہیں اسلئے کہ جب چھری پھیر دیا تو فرمایا اللہ نے قد صدقت الرؤیا 3) ابراہیمؑ نے عمل الذبح کو دیکھا تھا أی امرار السکین علی الحلق

-سوال: إنی أری فی المنام تو خواب نیند ہی میں دیکھا جاتا ہے تو پھر کیوں نوم کی تصریح کی اسکا کیا فائدہ ہے اور نقطہ ہے؟

جواب: رؤیا کبھی یقظۃ پر بھی بولا جاتا ہے (کتاب الصلوۃ میں آئے گا)

ورؤیاک أحلی فی العیون من الغمز (نیند سے)

وماجعلنا الرؤیا التی أریناک إلا فتنۃ للناس تو یہاں رؤیا کے دونوں معنے: 1) منام میں یا 2) معراج میں جو یقظۃ کی حالت میں۔

اور جو چیز عجیب و غریب ہو اسکے لئے بھی رؤیا استعمال کیا جاتا

- فکان لایری رؤیا إلا جاءت مثل فلق الصبح (صبح کال پھٹنا یعنی روشنی کا ظاہر ہونا)
- خواب کو کیوں تشبیہ دی فلق الصبح کے ساتھ: 1) أمافی الظھور؛ 2) أوفی سرعۃ الوضوح؛ 3) اشارۃ إلی زوال الکفر؛ 4) آپ ﷺ کی نبوت سورج کی طرح، نبوتہ کالشمس تزیل الظلمات
- اور آپ ﷺ کی دعوت مشابہ ہے شمس کے ساتھ کہ اسمیں: 1) اخلاص، 2) احاطہ؛ 3) استمرار عمل (إن لک فی النھار سبحًا طویلا)؛ 4) اطاعت (اپنے وقت پر طلوع ہوگا)؛ 5) احراق اور 6) اشراق ہے: احراق الباطل واشراق الحق
- فلق الصبح کی روشنی میں سکون ہوتا ہے: شعر: سکوں سکوں ہے خوشی خوشی ہے تیرا غم سلامت مجھے کیا کمی ہے
- ثم حبب إلیہ الخلاء: تو خلوت کا کام احیانًا ہے اسلئے کہ یہ عمل دائمی نہیں بلکہ کبھی کبھی جس طرح فتنہ سے بچنے کے لئے لوگ غار میں جائیں گے
- غار حراء میں: 1) 40 دن رہے؛ 2) 3 دن؛ 3) ایک مہینہ
- سوار بن مصعب والی روایت جو متروک ہے: 40 دن
- آدمی کی تکمیل 40 دن سے ہوتی ہے جیسے حدیث میں 40 دن تکبیر اولی سے نماز پڑھنے سے 2 پروانے ملتے ہیں: براءۃ من النار و من النفاق
- موسیٰؑ نے بھی 40 روزہ رکھا وأتممناھا عشرًا، نطفہ وغیرہ کے مراحل بھی 40، 40 دن کے ہیں۔
- حافظ شیرازی: شنید ہمیں گفتی معمہ.....
- میں نے ایک مسافر سے راستے میں اپنے ساتھی کو ایک معمہ سنا رہے تھے کہ شراب اچھی ہوتی جب 40 دن شیشہ میں بند رہتی ہے
- حراء:..... تانیث باتاویل بقعۃ
- کیوں غار حراء منتخب کیا؟: 1) آپ ﷺ کے دادا وہاں عبادت کرتے
  2) وہاں سے اس زمانے میں کعبہ کو دیکھ سکتے تھے
  3) لم یکن قریبًا ولا بعیدًا

-حنث: الاجتناب عن الحنث أی عن الإثم

القول الذی لا یکون بحق

فاضرب بہ ولا تحنث: اور فاحشہ کلمہ نہ بولے

سوال: عبادت کیسے کرتے جبکہ کوئی شریعت نہیں تھی اس وقت؟

جواب: 1) العبادۃ علی طریق الأنبیاء 2) او کان یتفکر فی خلق السموات والأرض؛ 3) أو کان یعبد علی طریق علی طریق ابراھیمؑ وموسیٰؑ وعیسیٰؑ؛ 4) او کان یعبد بما القی اللہ فی قلبہ

- 1) رات کی عبادت میں زیادہ لذت ہے
- 2) رات کی عبادت میں مجاہدہ زیادہ ہے
- 3) رات کا ذکر تو ایام بہ طریق اولی ہوگا۔
- التزود لا ینافی التوکل: الاعتماد علی اللہ تعالی مع اختیار الأسباب جیسے کاشتکار بیج بھی ڈالتا ہے اور پانی کو بھی دیتے

- حضرت خدیجہؓ نے شادی کی تھی ابو عتیق بن عائذ سے اور ابو ھالۃ سے اور پھر آپ ﷺ سے
- آپ ﷺ کے سب اولاد خدیجہؓ سے سوائے ابراھیمؑ جو ماریہ قبطیہ سے ہوا
- خدیجہ اگر خدد سے مطلب ناقص ہے اور خِداجٌ: ناقص تو ناقص ہونا لازم ہے اور منقطع ہونا ملزوم ہے تو خدیجہؓ: المنقطعۃ عن الشر اور فاطمۃؓ کا یہی معنی ہے، فطم: دودھ چھڑانا منقطع ہونا؛ 2) المنقطعۃ عن الرجال
- فجاءہ الملک: فرشتہ آیا علی غیر صورتہ
- اور اگر کوئی اشکال بھی کرے کہ یہ تو مسلم شریف کی روایت ہے لیکن ترمذی شریف میں اپنی اصلی شکل میں آنے کا ذکر ہے

جواب: 1) مسلم کو ترمذی پر ترجیح ہو گی

2) دونوں میں منافاۃ نہیں ہے کیونکہ ترمذی میں بھی 2 مرتبہ دیکھنے کا ذکر ہے

3) بعض صورتہ یعنی جبریلؑ کی شکل کا ایک حصہ کو دیکھا اور ایک حصہ نہیں۔

- آپ ﷺ نے جبریلؑ کو 2 مرتبہ دیکھا اصلی شکل میں ایک زمانہ، فترۃ وحی کے بعد سورۃ مدثر کے نزول کے وقت اور ایک دوسری مرتبہ لیلۃ المعراج کے وقت۔
- صحف ابراہیمؑ: یکم رمضان؛ توراۃ: 6 رمضان؛ انجیل: 12 رمضان؛ زبور: 18 رمضان اور قرآن: 24 یا 17 رمضان یا 23 ابتداءً نزول شروع ہوا۔
- ابن عباسؓ کے دو قول ہیں: 1) لوح محفوظ سے بیت العزۃ میں ایک مرتبہ، پھر 23 سال آپ ﷺ پر

2) یا ابتداء رمضان میں ہوئی

-اقرأ: سوال: "اقرأ" کہنے کا کیا مطلب ہے جب آپ ﷺ پڑھ نہیں سکتے تھے؟

جواب: 1) المکتوب الذی کان ملفوفًا فی الحریر

2) اقرأ معی تو کیوں کہا: ما أنا بقارئ یعنی اتنا خوف ورعب ہے کہ میں آپ کے ساتھ نہیں پڑھ سکتا ہوں

3) آپ ﷺ نے سمجھا اقرأ لنفسک ولغیرک، اپنے لئے اور دوسروں کو پڑھانے کے لئے (شاہ ولی اللہؒ)

4) تجوید کے ساتھ پڑھئے تو فرمایا آپ ﷺ نے کہ میں قاری نہیں ہوں (تجوید الحروف ومعرفۃ الوقوف)

-اشکال: فرشتے کی طاقت اتنی ہے کہ لوطؑ کی بستی کو اٹھا کر پٹخ دیا تو آپ ﷺ کو کتنا زور سے دبایا ہو گا اور کچھ نہیں ہوا؟

جواب: 1) فرشتہ کی نورانی طاقت ہے لیکن آپ ﷺ کو کچھ نہیں ہوا اسلئے کہ مقصد یہاں اور تھا

2) من تزی بزی الغیر فأخذ بحکمہ یعنی دوسری شکل میں متشکل ہو جائے تو اسی شکل کا حکم لیتا ہے

3) بلغ کی ضمیر غطّ کو راجع ہے یعنی مجھے دبانے کی وجہ سے مشقت ہوئی

4) فرشتہ کی طاقت مسلم ہے لیکن انبیاء علیہم السلام کی بھی بڑی طاقت ہے جیسے موسیٰؑ نے طمانچہ مارا فرشتہ کو تو آنکھ نکل گئی (معجزۃً تھا)

- 3 مرتبہ دبانے کی حکمتیں:

1) ایک مرتبہ للتخلی من الدنیا اور دوسری مرتبہ للتوجہ إلی الآخرۃ اور تیسری مرتبہ لإنشاء الأُنس

2) صوفیہ کے نزدیک: پہلی مرتبہ: عالم ناسوت سے نکالنے کے لئے؛ دوسری مرتبہ: عالم ملکوت تک پہنچانے کے لئے؛ تیسری مرتبہ عالم لاھوت تک پہنچانے کے لئے

3)پہلی مرتبہ: مشرکین کی عداوت کی طرف اشارہ؛ دوسری مرتبہ: ارادۃ القتل کی طرف اشارہ؛ تیسری مرتبہ: ہجرت کی طرف اشارہ

4)مشرکین (منکرین دین) یعنی آپ ﷺ کے دین کو دبائیں گے یعنی کوشش کریں گے؛ دوسری مرتبہ: یہود کے دبانے کی کوشش کی طرف اشارہ اور تیسری مرتبہ: نصاری کے دبانے کی کوشش

5)اشارۃ اِلی حصول علم القرآن والحدیث (مقام العلم)، اشارۃ ہے عمل کے دبانے کی طرف (مقام العمل)؛ اشارۃ اِلی تعلیم و تبلیغ القرآن والحدیث (مقام العلم والعمل) تو نفس کو دبانا پڑے گا کچھ حاصل کرنے کے لئے۔

-شاہ عبد العزیزؒ: اس دبانے میں ان نسبتوں کی طرف اشارہ ہیں جو 4 ہیں: پہلی مرتبہ دبانے سے 1)انعکاسیہ؛ دوسری مرتبہ دبانے سے (چراغ سے ڈراغ جلایا) 2)القائیہ؛ 3)اصلاحیہ (نسبت فیضانیہ)؛ تیسری مرتبہ دبانے سے 4)اتحادیہ

- 1)نسبت انعکاسیہ: جیسے کوئی آئینہ میں اپنی شکل کو دیکھے کہ تھوڑی دیر اس سے فائدہ اٹھایا یا کوئی مجلس میں کسی خوشبو لگائے

2)نسبت القائی: فائدہ مستقل دائم جیسے چراغ جلانا اور پھر دوسرا (نسبت انتقالی بھی کہتے)

3)نسبت اصلاحیہ: جو بہت پکی ہو اور ختم کرنا مشکل ہے، استفادہ کا تعلق: نسبت

4)نسبت اتحادیہ: استفادہ کا تعلق اتنا مضبوط ہو گیا کہ مستفید اور مستفاد ایک ہو گیا جیسے آپ ﷺ اور ابو بکرؓ (نخواجہ باقی باللہ کا قصہ اور نان بھائی کا)

ہر چیز دین کے لئے، سر تا پا دین ہی دین دیا جل رہا ہے ہوا چل رہی ہے

سورۃ مدثر سب سے پہلے نازل ہوئی اَی بعد فترۃ الوحی

بعض کہتے کہ سب سے پہلے فاتحہ نازل ہوئی جواب: 1)لا علی شکل القرآن؛ یا 2)سب سے پہلے پوری سورت جو نازل ہوئی

امی کو معلم امت بنایا

اقرأ پڑھئے اور پھر دو مرتبہ پڑھایئے

- فؤاد: دل کے پردے؛ قلب: دل، دل کے کانپنے کی وجہ: 1)قراءت کے ثقیل ہونے کی وجہ سے

2)روح انسانی کی ملاقات روح ملکوت سے

دل جو روشن ہو رہا ہے جس میں حرارت و روشنی ہو

- کلا واللہ مایخزیک اللہ أبدًا
- فیہ جواز المدح إذا لم یکن بباطل ولم یؤد إلی باطل (تکبر) ص 3
- اگر کسی کی تعریف کرنا ہے تو آخر میں کہنا: أحسبہ کذا ولا أزکی علی اللہ أحدًا
- مستشرقین کہتے کہ آپ ﷺ کو اپنی نبوت میں شک تھے

جواب: 1)یہ غلط ہے اسلئے کہ حکمت تھی اپنی بیوی خدیجہؓ کے سامنے نہیں بتایا کہ کبھی اپنی تعریف کرنے سے بیوی نہیں مانتی اسی لئے نبوت کی بات انکے سامنے نہیں رکھی اور جب ورقہ بن نوفل کے سامنے بات رکھی تو مان لی

2)نبوت کی تصدیق اگر خود فرماتے یا خود اہل خانہ تصدیق کرتے تو اتنا اثر نہیں ہوتا جتنا اثر ہے کہ کوئی باہر اقرار کرے الشھادۃ تکون من الخارج لا من الداخل

1)إنک لتصل الرحم: رشتہ داروں سے حسن سلوک؛

2)وتحمل الکل

3)وتکسب المعدوم: 1)خود کماتے اور دوسروں پر بوجھ نہیں

2)کما کر دیتے ہیں یا دیتے ہیں وہ مال جو معدوم ہے کسی کے پاس مال نہیں یا نایاب ہے تو وہ دیتے ہیں یعنی فقراء اور محتاجوں کو وہ مال دیتے ہیں جو انکے پاس نہیں یا بہت کم ہے۔

3)یا معدوم سے مراد محتاج یعنی تعطی المال الرجل المحتاج

4)وتقری الضیف: مہمان نوازی

5)وتعین علی نوائب الحق: ایسے حادثات میں مدد کرتے جس میں صاحب حادثہ حق پر ہو

شعر: نوائب من خیر وشر علیھما ولا الخیر ممدوٌ ولا الشر لازب

اس سے خدیجہؓ کی فطانت، عقلمندی معلوم ہوتی ہے اور معلوم ہوا کہ پریشانی کے وقت انہی آدمی کے پاس جانا چاہئے جو پریشانی میں معین ہو سکتے ہیں۔

ان 5 نمبروں میں آٹھ بڑے اصول کی طرف اشارہ ہے جو آپ ﷺ کی زندگی میں موجود تھے:

- 1 اور 2)الصلۃ إلی الأقارب والصلۃ إلی الأجانب (تقری الضیف)

3)إعانۃ بالبدن؛ 4)إعانۃ بالمال 5)اور 6)تعین القادر والعاجز؛ 7 اور 8: المقیم والمسافر (ضیف)

قصی: عبد مناف: ھاشم: عبد المطلب: عبد اللہ: آپ ﷺ

قصی: عبد العزی: اسد: ورقۃ بن نوفل

قصی: عبد العزی: أسد: خدیجۃؓ

- جاھلیۃ: فناء الدین السابق وعدم الدین اللاحق
- أربًّا واحدًا أم ألف ربٍّ
- ترکت اللات والعزی جمیعًا کذلک یفعل الرجل البصیر
- ھو فی حکم الصحابی لأنہ تصدق النبوۃ قبل ظھورہ۔
- لا تسبوا ورقۃ..... فإن لہ جنۃ أو جنتان
- خدیجۃؓ: إنہ تصدق علیک ولکنہ مات قبل أن تظھر
- رأیتہ وعلیہ ثیاب بیضٌ ولو کان من أھل النار لکان ثیابہ غیر ذلک
- حلۃ خضراء أو وعلیہ ثیاب حریر
- زملونی: خوف کی وجہ سے تھا
- اشکال: یہ جمع مذکر کا صیغہ اور مخاطب خدیجہؓ

جواب: جمع مذکر کے صیغے کی دو قسمیں: 1)جمع مذکر جس کا مقصود جمع مذکر ہی ہے واقعۃً

2)جمع مذکر تعظیم کے لئے اور یہ کثرت سے استعمال ہوتا ہے

جیسے: إنما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس أھل البیت ویطھرکم تطھیرا

رحمۃ اللہ وبرکاتہ علیکم أھل البیت

نساء: ولا تخشعی وإنی تخشعت بعد کم لشیء ولا أنی من الموت أخوف

تومؤنث کے لئے جمع مذکر مستعمل ہے بتأویل اکرام: فقال لأھلہ امکثوا إنی.....

- سریانی زبان میں ابراھیمؑ کی اور اسلئے کہ سوریا کی زبان تھی؛ سریانی: لأنھا علمت سرًّا، کان قدیمًا فی سوریا
- اور انجیل تورات سب عبرانی زبان میں تھیں؛ عبوانی: عبور نہر؛ جب پولیس ابراھیمؑ کو پکڑنے آئے تو انکی زبان بدل گئی نہر کو پارنے سے
- اشکال: قدعمی تو کیسے لکھتے تھے پھر؟

جواب: 1) قدیکتب قبل العمی؛ 2) ضعف بصرہ؛ 3) یکتب أی یستکتب: لکھواتے تھے؛

- سوال: آپ ﷺ کو ابن الأخ کہا خدیجہؓ نے ورقہ سے

جواب: 1) آپ ﷺ کی عمر کی وجہ سے 40 سال اور ورقہ بہت بوڑھے تھے

2) نسب میں ابن الأخ لگتے تھے

-اشکال: موسیٰؑ کا تذکرہ کیا حالانکہ عیسیٰؑ کہنا چاہئے تھا انکے عیسائی ہونے کی وجہ سے!

جواب: 1) آپ ﷺ کی مشابہت موسیٰؑ کے ساتھ: إنا أرسلنا إلیکم رسولاً شاھدًا علیکم کما أرسلنا إلی فرعون رسولاً

2) آپ ﷺ وحی کی ابتداء میں ڈر گئے تو موسیٰؑ بھی ولّی مدبرًا ولم یعقب

3) موسیٰؑ صاحب الھجرۃ اور مصر سے شام گئے

4) وہ صاحب الأحکام اور.....

5) دونوں کے دشمن قتل ہوئے

6) دونوں کی نبوت متفقہ اور عیسیٰؑ کی نبوت یہود نہیں مانتے

-معلوم ہوا کہ محال کی تمنا ممکن ہے اگر فائدہ ہو: یالیتنی أکون حیًّا یا تمنی مقصود نہیں بلکہ تصدیق

-سوال: إذ ماضی کے لئے اور اذا مستقبل کے لئے تو یہاں إذا ہونا چاہئے

جواب: امر یقینی کے لئے ماضی مستعمل ہے؛ اخبرھم إذ قضی الأمر

- أو مخرجیھم میں مخرج: خبر مقدم اور ھم مبتداء مؤخر اور اصل مخرجون لی ہے، لام کو حذف کیا اضافت کی وجہ سے تو مخرجوی بن گیا

ھمزۃ مقدم من المؤخر أو ھم مخرجیّ

- ہمزہ اور واؤ کے درمیان معطوف علیہ محذوف أمعادیّ و مخرجیّھم
- إزر: قوت: أشد بہ أزری
- سوال: انقطاع الوحی کیوں؟ (دو یا ڈھائی یا تین سال تک وحی منقطع ہوئی)

جواب: 1) وحی بھاری ہے

2) یا وحی ہو چکی (اس میں تفکر و تدبر کا موقع دیا)

3) یا شوق پیدا کرنے کے لئے

4) یا خوف ختم کرنے کے لئے

تو آپ ﷺ کبھی ایک پہاڑ پر اور کبھی دوسرے پہاڑ پر جاتے تھے اور چڑھتے چڑھتے اوپر دیکھتے تھے، گویا اپنے کو گرانا چاہتے تھے تو خودکشی کا اشکال نہ ہو

اسکی مثال: کوئی 250 کیلومیٹر فی گھنٹہ چلائے گاڑی کو تو ہم نہیں کہیں گے کہ یہ تو خودکشی ہے

-رعب: خوف مع التعظیم

شعر:.....

- جب عقبہ بن ابی معیط نے اوجھری ڈالی تھی آپ ﷺ پر پھر.....
- مدثر: اشارہ إلی العمل والشغل، آرام نہیں یا مطلب یہ ہے کہ کفار کی اذیت سے نہ ڈرو اور کپڑا نہ اوڑھو
- کپڑا نہ اوڑھو بلکہ کام کرو یا نہ ڈرو کفار سے کام کرو
- فکبر: اللہ اکبر کہنا واجب ہے اور اگر اللہ اعظم کہا تو فرض ادا ہو گا
- جس اسکا مفعول موجود ہے تو تعظیم کے لئے اور اگر نہ ہو تو مطلب اللہ اکبر کہنا (جیسے کبر اللہ أی عظم اور کبر أی قل اللہ اکبر)
- شعر: کبرتُ من فرط الجمال وقلتُ ماھذا البشر فأجابنی لا تنکر ثوب السماء علی القمر
- اور یہاں تعظیم ہی مراد ہے کہ اسمیں تعمیم ہے (یعنی تعظیم قولی فعلی بدنی اور مالی) بہ نسبت کبر کے اسمیں صرف تعظیم قولی ہے
- وثیابک فطھر: طہارت ظاہری یا باطنی
- متابع: ایک راوی دوسرے راوی کے ساتھ شرکۃ الراوی الأخر فی السند
- شاھد:.....شرکۃ الراوی الآخر بمتنٍ آخر
- اسکی 2 قسمیں: 1) متابعۃ تامۃ: مایکون من أول السند

2) متابعۃ ناقصۃ: مایکون من وسط السند

اور پھر متابعت کی اور 2 قسمیں ہیں: 1) متابع عنہ موجود نہ ہو (اسکا پہچاننا مشکل ہے)

2) متابع عنہ موجود ہو

-چوتھی حدیث:

شاھد: قول الشاعر وإنا لمما نضرب الكبش ضربة على وجهه يلقي اللسان من الفم.(فتح الباری)

کبھی مما "ربما" کے معنے میں آتا ہے اور کبھی "مما" "من" کے معن میں آتا ہے

- سوال: شفتین کا کیوں ذکر ہے حالانکہ لسان سے اسکا تعلق ہے (تحریک)
- 1) یہاں شفتین کا ذکر ہے اور کتاب التفسیر میں لسان آیا ہے من طریق جریر عن موسی بن ابی عائشۃ: "کان رسول اللہ ﷺ إذا نزل جبریل بالوحی فکان ممایحرک بہ لسانہ وشفتیہ"

2) ذکر الشفتین یلزم بحرکۃ اللسان (ذکر لازم مراد ملزوم)

- شاھد: واعلم- فعلم المرء ینفعہ -(جملہ معترضہ ہے) أن سوف یأتیک قد قدِّر

-یہ حدیث ایک حد تک مسلسل بالشفتین ہو گی

-وحی کی عظمت کی وجہ سے اور اسلئے کہ بھول نہ جائے اور شوق کی وجہ سے شفتین ہلایا

- مسلسل حدیث کے فوائد: 1) یاد رکھنا آسان؛ 2) تدلیس کا خطرہ ختم ہوتا ہے

- اشکال: آپ ﷺ نے کسی اور کو تحریک شفتین دکھائی اسلئے کہ ابتداء وحی ابن عباسؓ سے پہلے تھی اور سورۃ قیامۃ مکی ہے ابن عباسؓ پیدا ہوئے تین سال قبل الھجرۃ تو آپ ﷺ نے تحریک شفتین کو بعد میں دکھائی ورنہ تسلسل نہیں رہتا

- صدر سے مراد دماغ ہے لیکن قلب کی طرف اشارہ کہ وہ اصل ہے

- سوال: بیان کی تفسیر "تقرأہ" کیسے صحیح ہے؟

جواب: 1) أی ان تقرئہ للغیر وھو البیان

2) بیان المجملات وتوضیح المشکلات مراد

- جبریل نام کے 4 قراءات ہیں: جَبرَئیل مثل سلسبیل؛ جبرئل مثل فانتظر؛ جبریل مثل مندیل اور جَبریل مثل زنبیل اور جبریل کا مطلب عبد اللہ ہے یا جبر: پٹی ملانا اور ئیل: اللہ

- عمدۃ القاری میں علامہ عینیؒ کہتے (1/72) : ورأيت في أثناء مطالعتي في الكتب أن اسم جبريل عليه الصلاة والسلام عبد الجليل وكنيته أبو الفتوح واسم ميكائيل عبد الرزاق وكنيته أبو الغنائم

واسم إسرافيل عبد الخالق وكنيته أبو المنافخ واسم عزرائيل عبد الجبار وكنيته أبو يحيى.(ملك الموت)

- اس آیت کا کیا تعلق ہے بدء الوحی سے؟

1) ھذہ الکیفیۃ کانت فی بدء الوحی

2) بدء الوحی کا ایک ترجمۃ عظمۃ الوحی تو وحی اتنی عظیم الشان ہے کہ خود اسکی حفاظت اللہ نے اپنے ذمہ پر لیا ہے

3) جمیع احوال الوحی مراد تھا بدء الوحی سے تو وحی کے تمام حالات میں سے ایک حالت یہ بھی تھی جب آپ ﷺ سرعت سے پڑھتے تھے

4) کان بدء الوحی میں مقصود مضاف إلیہ یعنی ابتداء دین اور دین شروع ہوا تھا وحی سے

5) بدؤ الوحی کا مطلب وجود الوحی تو اسمیں آگیا

6) بدء الوحی میں مضاف اور مضاف إلیہ دونوں آئے تو وحی اور ابتداء وحی دونوں کا ذکر ہے۔

- سوال: لا تحرک بہ لسانک: ایک دم لائے حالانکہ قیامت کے احوال ذکر کئے جارہے تھے تو کیا تعلق ہے اس سے؟

جواب: 1) ما قبل کے ساتھ مناسب نہیں بلکہ موقع کے ساتھ مناسب

2) ما قبل کافرین مجرمین قیامت کا ذکر تو لا تحرک کا خطاب کافر سے مطلب یہ ہے کہ نامۂ اعمال بہترین ربط 3) ما قبل میں جمع کرنے کا ذکر ہے "أیحسب الإنسان ألن نجمع عظامہ" شمس وقمر، انسانوں کو انگلیوں کو اور سب کچھ ہم جمع کرتے آرہے ہیں تو قرآن کریم بھی ہم آپ کے سینے میں جمع کریں گے۔

یہ سورۃ 3 مضمون پر مشتمل ہے

4) الترغیب فی الآخرۃ اور آخرت میں ذم العاجلۃ ہے

تو ابتداء میں حب الآخرۃ ہے، درمیان میں ذم التعجیل اور آخر میں ذم العاجلۃ

5) ما قبل میں فرمایا قیامت کا ہونا انسانوں کو اور ہڈیوں کو اور پوروں کا جمع کرنا خلاف عادت تو اسی طرح قرآن کریم کو جمع کریں گے فی صدر الأمیؐ خلاف عادت

6)کتاب الأعمال کا ذکر ہے ینبأ الإنسان یومئذ، اسکے بعد کتاب الرحمن ہے: لا تحرک بہ لسانہ اسی طرح سورۃ بنو اسرائیل میں آیت 71 میں کتاب الإعمال کا ذکر اور اور بعد کتاب الرحمن کا ذکر آیت 88

اسی طرح سورۃ الکھف میں آیت 49 اور بعد میں کتاب الرحمن کا ذکر آیت 54 میں

7)ے قال اللہ ینبأ الإنسان یومئذ بما قدّم وآخّر اور فرمایا: لا تحرک بہ.....لأن التعجیل یؤخرک فھذا لیس شانک فإنہ یؤخرک

8)اعضاء کے نطق کا ذکر "بل الإنسان علی نفسہ بصیرۃ" تو جس طرح یہ قدرت إلہی اسی طرح قرآن کا جمع کرنا قدرت إلہی سے ہو گا (معجزہ) 9)قیامت کا ذکر تو دل میں یہ سوال پیدا ہوا کہ متی تکون الساعۃ؟ تو فرمایا لا تحرک بہ.....(ھذا مما لا یفھم) کہ اسکا سوال نہ کر بلکہ ہم قرآن کو جمع کریں گے اور قیامت کو قائم کریں گے

10)ما قبل نفوس کا ذکر: بل الإنسان، وَلا أُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ، اور آخر میں اشرف النفوس کا ذکر

11)ما قبل میں اعراض کرنے والوں کی حالات کا ذکر اور لا تحرک بہ لسانک.... میں الترغیب فی قراءۃ الآیات

-پانچویں حدیث:

سند میں ح کس کے لئے آتا ہے؟ اسمیں مختلف اقوال ہیں:

1)اقرء الحدیث إلی آخرہ؛ 2)صحّ؛ 3)حائل؛ 4)تحویلٌ من اسناد إلی إسناد آخر؛ 5)خاء: إلی آخر الحدیث، إلی آخر الکلام، مخفف

-جود کس کو کہتے؟

1)وہ ملکہ جو آدمی استعمال کرتا ہے: قوۃ السخاوۃ اور سخاوت اسکا نتیجہ ہے، فالسخاوۃ ثمرۃ الجود

2)مبالغہ زیادہ ہے جود ممیں بہ نسبت سخاوت کے

3)جود خاص لرضاء اللہ اور سخاوت عام ہے

4)سخا کو کہتے جو طبیعت میں ہے اور اللہ کے لئے طبیعت نہیں

-الجود: إعطاء ما ینبغی لمن ینبغی لا لغرض

حدیث میں ہے کہ: ما سئل رسول اللہ ﷺ شیئا فقال لا قط

- رسول اللہ ﷺ سے کسی نے بھیڑ مانگا تو آپ ﷺ نے کہا کہ ما بین الجبلین کے جتنے بھیڑ ہیں تو سب کچھ آپ کا ہے
- ما ترک دینارًا ولا درھما ولا شاۃ
- من ترک مالاً فھو لورثتہ و من ترک دینًا فعلیّ
- ترکیب: 1)اگر اجودُ میں "ما" مصدریہ تو مایکون بہ تاویل مصدر یعنی وکان أجود أکوانہ أی أحوالہ حاصلاً فی رمضان (خبر کان)

2)اور اگر اجودَ تو مایکون میں "ما" مصدریہ: وکان رسول اللہ ﷺ أجودَ مدۃ کونہ فی رمضان

-سخاوت کی وجہ رمضان میں:

1)تشبہ بأخلاق اللہ اسلئے کہ لیلۃ القدر 84 سال 4 مہینے کے برابر

2)رمضان کے بعد مزدور کو پوری کی پوری اجرت دی جاتی ہے یعنی جنت

یہ اعلان ہوتا 3)یا باغی الخیر اقبل ویا باغی الشر أقصر وما بکم من نعمۃ فمن اللہ

4) 10 دن رحمت، 10 دن مغفرت اور 10 آخری دن اعتاق من النار

-رمضان: 1) رمضَ سے یعنی گناہوں کو جلانا

2) اس وقت شدید حرارت کی وجہ سے یہ نام رکھا گیا

-اشکال: رمضان کا نام تو اسلام سے پہلے سے ہے؟

-رمضان اور قرآن میں مناسبت: توریت 13 یا 6 رمضان؛ انجیل: 12 رمضان؛ زبور 18 رمضان اور قرآن 24 یا 23 رمضان

- 1) ابتداء نزول القرآن فی رمضان

2) لوح محفوظ سے دنیوی آسمان تک ایک مرتبہ نازل ہوا رمضان میں

-الریح المرسلۃ: 1) الریح المرسلۃ: 1) بالسحاب؛ 2) تیز ہوا جو چلتی ہے اور کسی چیز کو نہ چھوڑتی: الریح التی لا تبقی ولا تذر

-ہوا سبب ہے بادل کا اور بادل سبب ہے بارش کا اور بارش بے حساب ہے تو آپ ﷺ کی سخاوت بھی بے حساب ہے

-اشکال: تشبیہ کیوں ریح مرسلہ سے ہوئی اور نہ کہ سمندر سے؟

جواب: 1) البحر خاص لمن ینتفع بہ والمطر عامٌ اسلئے کہ ہر جگہ اس سے فائدہ ہے

2) عرب لوگ ریح الصبا کو بہت استعمال کرتے تھے اپنے اشعار میں

شعر: لو جئتَ یا ریح الصبا یومًا إلی أرض الحرم بلّغ سلامی روضۃً فیھا النبی المحترم

اس ہوا کو نسیم الصبا بھی کہتے

- امرء القیس: شعر: إذا قامتا تضوع المسکُ منھا..... نسیم الصبا.....بریح الفرنفل (لونگ)

3) دریا اپنے راستے پر ہے اور لوگ آتے ہیں تو البحر یُوتی والسحاب یأتی تو بتادیا کہ آپ ﷺ تبلیغ کا کام کریں گے اور ہر جگہ پہنچیں گے

4) الریح الملقِحۃ: وہ ہوائیں جو ثمرات اور پھلوں کو ترقی دیتے ہیں تو اسی طرح آپ ﷺ کی سخاوت لوگوں کو خوب ترقی دیتی

-بالخیر: مال، علم، حکمت: 1) آپ ﷺ نے بلالؓ کے لئے قرضہ لیا تھا اور یہودی نے قبل از وقت مطالبہ کیا تو آپ ﷺ کے پاس باہر سے مال آیا تو قرض چُکایا اور فورًا تقسیم کیا

2) عصر کے وقت سونے کا ایک ٹکڑا رہ گیا تھا تو عصر کے بعد جلدی چلانگ لگا کر گئے اور فورًا تقسیم کرنے لگے

اسی طرح اور متعدد قصے ہیں۔

- اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تجوز المبالغۃ فی التشبیہ
- اس حدیث کی مناسبت کیا ہے بدء الوحی سے؟

1) وحی کی تلاوت کا ذکر ہے رمضان میں اور نور بدء الوحی بھی رمضان میں ہے

2) عظمۃ الوحی تو آپ ﷺ جبریلؑ کے ساتھ تلاوت کرتے تھے۔

3) کان یلقی جبریلؑ فی ابتداء الوحی وفی آخر الوحی

4) فیہ بیان للأوصاف التی تنبغی أن توجد فی الموحی إلیہ

5) جمیع أحوال الوحی من الموحی إلیہ کا ذکر بھی ہے

6) بدء الوحی کی جگہ وحی کا ذکر لأن القرآن من أولہ إلی آخرہ وحیٌ (اضافت بیانیہ)

-عناوین أحادیث الباب:

1)الھجرۃ لأجل الوحی؛ 2)بیان کیفیۃ الوحی وشدۃ الوحی؛ 3)بیان ابتداء الوحی؛ 4)بیان محبۃ الوحی؛ 5)عظمۃ الوحی وثمرۃ محبۃ الوحی السخاوۃ؛ 6)حدیث ھرقل: بیان عظمۃ الوحی (آپ ﷺ کی صفات جمیلہ کا ذکر)

-عبد مناف بن قصی کے 4 بیٹے تھے: 1)عبد شمس؛ 2)ھاشم؛ 3)مطلب؛ 4)نوفل

-ابوسفیان بن حرب بن امیۃ بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی بن کلاب

ابوسفیان کی وفات 31ھ، عثمانؓ نے جنازہ پڑھایا اور غزوۃ طائف میں انکی ایک آنکھ چلی گئی اور دوسری آنکھ غزوہ یرموک میں اور والد کا نام صخر تھا۔

- ھرقل کا لقب: قیصر: 1) جس کے ماں کے پیٹ کے چیرنے سے پیدا ہوا اور اس پر وہ فخر کرتا تھا، بعض کہتے کہ آپ ﷺ کے زمانے میں ھرقل دادا تھا اور عمرؓ کے زمانے میں اسکا پوتا تھا
- روم کے بادشاہوں کو قیصر کہتے، فارس کے کسری کہتے اور حبشی کے نجاشی کہتے اور ترک کے پاچین کے خاقان کہتے، مصر کے عزیز کہتے، قبطی کے فرعون کہتے، صائبین کے نمرود کہتے، افریقہ کے جرجیر کہتے، اسکندریہ کے موقوقس کہتے اور ہندوستان کے رائے کہتے۔
- حدیث میں آیا ہے کہ إذا ھلک کسری فلا کسری بعدہ وإذا ھلک قیصر فلا قیصر بعدہ
- اشکال: تو یورپ وغیرہ میں انکی حکومت چل رہی ہے!

جواب: 1) إذا ھلک قیصر فی الشام فلا قیصر بعدہ فی الشام

2) فی قرب القیامۃ مراد ہے

-رکبٌ: 10 یا 10 سے زیادہ افراد اور قریش: 1) کسبٌ کے معنے میں ہے کیونکہ وہ لوگ اکثر اتجارت کرتے تھے

2) الجمع بعد التفرق: قصی بن کلاب نے سب کو جمع کیا تھا

3) وہ مچھلی جو دوسری کو کھاتی اور دوسری اسکو نہیں کھا سکتی

-شام: شامۃ: نقطہ، داغ؛ وجہ تسمیہ: 1) لکثرۃ شاماتھا: بہت سے دیہات ہیں

2) اصل سام ہے، نوحؑ کے بیٹے کی طرف منسوب ہے

3) من الید شؤمۃ: خانہ کعبہ کے بائیں طرف پر ہے

-یمن: خانہ کعبہ سے دائیں طرف پر ہے تو یمنی سے ہے

-آپ ﷺ 4 مرتبہ شام تشریف لے گئے: 1) 12 سال کی عمر میں، چچا ابو طالب کے ساتھ پھر بحیرۃ راھب نے واپس کرایا

2) 25 سال، خدیجہؓ کے مال تجارت لے کر

3) لیلۃ المعراج میں

4) غزوہ تبوک کے موقع پر (دمشق اور مدینہ منورۃ کے درمیان) اس وقت شام میں داخل تھا۔

-یروشلم: یرو: زمین کو کہتے اور شلم: سلام یعنی سلامتی کی زمین

-ایلیا: بیت اللہ مراد یا بلدۃ اللہ اسلئے کہ یعقوبؑ یا ابراھیمؑ کے زمانے سے بیت المقدس عبادت کا شہر رہا

-ھرقل ایلیا میں آیا تھا شکریہ کے طور پر

-روم کا بادشاہ ماریس تھا، اس پر حملہ کیا فوکاس نے اور پھر کسری نے حملہ کیا فوکاس پر تو ھرقل نے کہا کہ میں کسری اور فارس کا سیلات ختم کرونگا، تو لڑ کر تھک گیا اور ارادہ کیا قسطنطنیہ میں بھاگنے کا تو سب پادری جمع ہوئے اور ھرقل کو مشورہ دیا کہ بحری راستے سے (ایران سے) حملہ کرے تو کامیاب ہوئے، اسی طرح فتوحات ہونے لگے اور 4 سال میں کسری کے 10 بادشاہ مارے گئے تو پھر ھرقل نے منت مانی تھی کہ میں اگر کامیاب رہا تو پیدل بیت المقدس جاؤنگا تو جیسا ہی بیت المقدس پہنچا تو آپ ﷺ کا خط اسکو پہنچا۔

-اس قصے میں 4 حصے ہیں اور ایک حصہ وہی ہے جو خط کے وصول کا۔

-بیت المقدس کی مسجد سب سے پہلے ابراہیمؑ نے یا یعقوبؑ نے بنائی اور موجودہ مسجد سلیمانؑ نے بنائی اور نچلا والا حصہ تو مشہور ہے کہ جوں کا توں ہے سلیمانؑ کے زمانے سے اور اوپر والا حصہ عبد الملک بن مروان

اور مروان انکا بیٹا.....نے بنایا

- ترجمان: ایک زبان سے دوسرے زبان میں تعبیر کرنے کے لئے؛ بادشاہ کی زبان یونانی افرنجیۃ اور انکی زبان عربی تھی
- زعم: قول کے معنے میں بھی آتا ہے
- شعر: زعم العوازل
- کان أولُ (اسم) الذی ماسألنی، اگر "ما" نکرہ ہے تو اضافت ہے تو کان أولَ أن قال
- نسب: سلسلۃ الآباء والأجداد اور حسب: مایعد من مفاخر الآباء والأجداد
- اشکال: اسماعیلؑ کے والدہ جاریۃ تھی:

جواب: 1) النسب من الآباء دون الأمهات

2) کانت بنت ملکٍ آخر فی الحقیقۃ فغصبہ ملکُ مصر

-سوال: قط نفی کی تاکید کے لئے آتا ہے تو یہاں مثبت کیسے؟

جواب: أم لم یقلہ اصل مقدر ہے

- اشکال: ضعفاء تابعداری کرتے حالانکہ ابو بکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ سب مضبوط لوگ ہیں قریش کے

جواب: 1) ھذا محمول علی الغالب

2) ضعفاء سے مراد غیر متکبرین

3) ضعفاء ھم فی زعمہم اسلئے کہ قوم انکے ساتھ نہیں تھی۔

4) الضعفاء من لا یحمیہم قومہم

-اشکال:.....دین سے نفرت کی وجہ سے مرتد نہیں ہوئے

جواب: عبد اللہ بن خطل مرتد ہوا تھا پھر بھاگا (انصاری عورت کے غلام کو قتل کیا تھا)

جواب: یہاں سخطۃ لدینہ نہیں ہے اور وہ قصاص سے بھاگا

اسی طرح عبد اللہ بن جحش نصرانی بن گیا!

جواب: وہ کسی نصرانی لڑکی کی محبت کی وجہ سے نصرانی بنا نہ کہ سخطۃً لدینہ

عبد اللہ بن سعد بن سرح: لکھ رہا تھا وحی کو اور فتبارک اللہ أحسن الخالقین خود نکلے زبان سے تو کہا میں نے بھی وحی بنائی

جواب: پشیمان ہوا اپنے بے وقوفی پر اور دوبارہ مسلمان ہو کر فتوحات کو خوب جاری کیا افریقہ میں۔

- سجالٌ: 1) بدر پر مسلمان غالب تو 2) احد میں مسلمان کو نقصان ہوا تھا اور 3) خندق میں تقریباً برابر ہے تو ڈول کبھی ایک کے پاس اور کبھی دوسرے کے پاس۔
- السجلُ: وہ ڈول جس میں پانی کبھی نیچے اور کبھی اوپر
- واحدٌ ینزل وواحد یعلو؛ سجلٌّ: رجسٹر اور سجال کہ رجسٹر کو لپیٹ کر رکھتے تھے؛ کطی السجل للکتب تو مشابہ ہے ڈول سے
- ماذا یأمرکم: اعبدوا اللہ ٹھیک ہے امر ہے لیکن لا تشرکوا نہیں ہے

جواب: 1) مطلب: ماذا یطالب منکم تو امر اور نہی دونوں شامل ہے

2) لا تشرکوا کا مطلب وحدوا

3) النھی عن الشیء أمرٌ بضدہ والأمر عن الشیء نھیٌ بضدہ

-عبادت: 1) نھایۃ التذلل وغایۃ التذلل، تو پھر ایک سجدہ عبادت ہونا چاہئے تو انتہائے ذلت مع الخوف والرجاء

2) التعظیم والتذلیل مع اعتقاد التصرف الغیبی فیہ (تفسیر منار میں اسکی طرف اشارہ ہے)

مشرکین اللہ متصرف بالغیب سمجھتے ہیں لیکن شریک کرتے تھے غیبی صفات میں

شرک کی کئی قسمیں: 1) شرک استقلالی: مستقل 2 معبود ماننا جیسے مجوس: یزدان اور أھرمن مانتے

2) شرک تثلیث: جیسے آج کل کے عیسائی: اللہ عیسی اور مریم یا روح القدس کو مانتے۔

3) شرک تقلید: بل نتبع ما ألفینا علیہ آباءنا

4) شرک تقریب: مانعبدھم إلا لیقربنا إلی اللہ زلفی

5) شرک الاسباب: اسباس کو مؤثر سمجھنا

شرک مجازی: 6) شرک الإغراض: عمل میں ریاء، دوسروں کو راضی کرنے کے کی کوشش کی

- حدیث میں آیا ہے: من عمل عملاً أشرک فیہ غیرہ، فإنا بری ء منہ
- شرک کی ایک اور تقسیم ہے:

1) شرک فی الذات جیسے مجوسی کرتے

2) شرک فی الصفات جیسے اللہ کی صفات مخصوصہ کو کسی اور کے لئے ثابت کرنا

3) شرک فی العبادۃ اور اسکی چار قسمیں ہیں: 1) قلبی: خوف اور رجاء مافوق الاسباب صرف اللہ سے

2) قولی: صرف اللہ سے مدد مانگنا ہے: أمن یجیب المضطر

3) بدنی: صرف اللہ کے لئے رکوع وسجود ہے: لا تسجدوا للشمس ولا للقمر

4) مالی: صرف اللہ کے لئے: وما أھل لغیر اللہ

- حقیقی معنی وہ ہے جو مافوق الاسباب مدد کرے اور وہ صرف اللہ عزوجل ہے۔

-صلوۃ: عبادۃ فعلیۃ لنفسہ صدقۃ: عبادۃ فعلیۃ نافعۃ للغیر؛ العفاف: عبادۃ فعلیۃ نافعۃ لنفسہ وکذلک للغیر؛ الصلۃ: عبادۃ فعلیۃ نافعۃ للغیر

اور یہ تمام عبادات موقوف ہیں ایمان پر تو ابوسفیان کا مطلب یأمرنا بجمیع خصال الخیر

- حدیث کا تعلق بدء الوحی سے

1) آپ ﷺ کے حالات یعنی موحی إلیہ کے حالات کا بیان: جمیع أحوال الوحی

2) اصلاح العقائد والأخلاق کان فی بدء الوحی

-صلوۃ ایسی بابرکت عبادت ہے جو کسی شریعت اس سے خالی نہیں: لا خیر فی دینٍ لا صلوۃ فیہ

3) ایک ترجمہ عظمۃ الوحی: تو عظمۃ الوحی موحی إلیہ کی عظمت کے ساتھ جیسے کہ بادشاہ بھ آپ ﷺ .....

4) وحی کی عظمت: وحی کی اتنی عظمت تھی کہ تمام لوگوں کو اسکے بارے میں پتہ لگا

5) إنا أوحینا إلیک کما أوحینا: وحدانیت، شرک سے بچنا تو تمام ادیان میں یہ وحی تھی

-دین میں: الترقی من الضعفاء الی الاقویاء اقوی ہے، والترفی من الاقویاء إلی الضعفاء ابعد ہے

ضعفاء میں تواضع ہے اور تواضع میں برکت ہے اور انکی قبولیت اقویاء تک پہنچے تو یہ زیادہ مضبوط ہے

- اسی لئے حدیث میں: الإسلام بدء غریبًا وسیعود غریبًا فطوبی للغرباء
- اجنبی طی طرح پھرتے تھ اسلام کی دعوت کے لئے اور فسیعود غریبًا کا مطلب مسافر لوگ اجنبی کی طرح پھرتے رہیں گے اسلام کی دعوت کے لئے۔
- اسمیں امتحان مالداروں کے لئے اور اقویاء کے لئے کہ قبول کرتے ہو یا نہیں؟
- الکبریاء ردائی والعظمۃ ازاری فمن نازعنی شیئًا منھما فسأدخلہ فی النار
- ایمان کی حلاوت اور لذت جب دل میں داخل ہوتا ہے پھر اسکو نہیں چھوڑ سکتے، پھر غار میں پناہ لینا پسند ہے (اصحاب کھف) مالداری چھوڑنا پسند[1] ہے (ابو بکرؓ، عمرؓ وغیرہ) گرم پتھر پہ لیٹنا پسند ہے (بلالؓ)، گرم تیل میں کودنا پسند ہے اور اصحاب الاخدود کا مرنا پسند ہے لیکن ایمان نہیں چھوڑ سکتے۔
- سوال: الحرب بیننا وبینھم سجال پر یہاں تبصرہ نہیں آیا بلکہ ص 413 میں آیا، کیوں؟

1) یہاں ان علامات ذکر کیا ہے جو پورے طور پر نبوت پر دال ہیں یعنی کھلی ہوئی نبوت کی نشانیوں کو ذکر کیا

-بیت اللحم میں بھی عمرؓ کو درخواست کی لیکن عمرؓ نے باہر پڑھا تو باہر مسجد بنی اور اسی طرح بیت المقدس کے پاس ایک گرجہ تھا تو درخواست کی لیکن باہر پڑھی تو مسجد بنی باہر

-6ھ صلح حدیبیہ کے بعد بادشاہوں کو خطوط لکھے اسلئے کہ صلح کی وجہ سے قریش سے فارغ ہوئے۔

-روم کے بادشاہ کو ذی الحجۃ 6ھ میں لکھا اور پھر کسری کو خط لکھا اور عبد اللہ بن حُذافۃ خط لے گئے تو کسری نے خط کو پھاڑ دیا تو آپ ﷺ نے بد دعا کی تو انکے خاندان ہی کے لوگ میں قتل قتال ہوا آپس کے اختلافات میں۔

-اسکا نام پرویز (کامیاب) تو اسکے بیٹے نے اسکو مارا اور پھر ایک دوا ملی قوت جماع کے لئے جو اصل زہر تھا تو وہ بھی مر گیا، پرویز کی بیوی شیرین نے خودکشی کی اور پھر 10 سال میں 14 حکام مرے شاہی خاندان میں تلوار چلنے کی وجہ سے

-معاویۃ: دعوت دینے والا

[1] اس لفظ کے بجائے "منظور" لفظ شاید بہتر ہو۔

عثمان: محنت کرنے والا

- دحیۃ الکلبی (1) سردار؛ 2) عظیم البطن): گورے خوبصورت تھے تو معلوم ہوا کہ کسی قوم کے پاس قاصد اسی کو بھیجنا چاہئے جو زیادہ مشابہ ہے اس قوم سے۔
- سوال: دعا بکتاب میں "دعا" ذوی العقول کے لئے مستعمل ہونا چاہئے یہاں خط کے لئے کیسے استعمال ہوا؟

جواب: عظیم خط ہونے کی وجہ سے ذوی العقول کا درجہ دیا

دحیۃ الکلبی کا واقعہ ہے روح البیان میں: جب اسلام قبول کرنے کے لئے حاضر ہوئے اور کہتے کہ میں نے ایک بڑا گناہ کیا میں قوم کا سردار تھا اور 70 لڑکیوں کو زندہ درگور کیا تو آپ ﷺ کے پاس جبریلؑ نے یہ بات بتائی: الإسلام یھدم ما قبلہ (حقوق اللہ) اور پھر جب اپنے قصے سناتے تھے تو خود روتے تھے۔

- دحیۃ نے عظیم بصری حارث بن ابی سمر (اصل عرب قبیلہ سے تھا لیکن پھر عیسائی بنا) کو خط دیا
- معلوم ہوا مع معاملہ.....
- کاتب کا نام پہلے لکھا
- زید بن حارث محمد بن حنفیۃ، ابن عمر معاویۃ وغیرہ کہتے کہ مکتوب إلیہ کا نام پہلے
- محققین کے نزدیک کاتب کا نام پہلے اور بعد مکتوب إلیہ کا لکھنا چاہئے۔
- ماکان أحدٌ أعظم حرمۃً من رسول اللہ ﷺ، فإن أصحابہ کتبوا إلیہ
- کتبوا من فلان إلی رسول اللہ ﷺ اور بسم اللہ بعد میں
- قرآن میں ہے ھ إنہ من سلیمان وإنہ بسم اللہ الرحمن الرحیم تو معلوم ہوا کہ بسم اللہ بعد میں ہے (اشکال)

جواب: 1) لعلہ کان ھذا فی شریعتہ

2) إنہ من سلیمان مضمون بیان کرنے کے لئے ہے خط نہیں۔

3) کان علی الخطاب (لفافہ پر لکھا تھا) اور بسم اللہ فی الخطاب (خط میں)

-روایات میں آتا ہے کہ پرویز کے بیٹے نے اعتراض کیا کہ دیکھو انہوں نے اپنا نام پہلے لکھا تو اس نے جواب دیا، اگر وہ سچے پیغمبر ہے خدا کا تو وہ مستحق ہے کہ اپنا نام پہلے لکھے

لا تدعونی إلا بیا عبدیا فإنہ اشرف من اسمائیا

- ھرقل: غیر منصرف، عظیم الروم سے پتہ چلتا ہے کہ کوئی بڑا منصب والا ہو تو اکرام کے کلمات کہا جا سکتا ہے، پھر ابتداء بالسلام کرنا چاہئے۔
- مھما یکن شیء بعد البسملۃ، امابعد تاکید کے لئے کہ اگر بسم اللہ کے بعد کوئی چیز ہے تو دعوت اسلام ہے اور ہے ہی تو دعوت پکی
- دعایۃ: 1) إنی أدعوک إلی الإسلام

2) إنی أدعوک بالمدعوّ الذی ھو الإسلام

- أسلِم: تابعدار ہو جاؤ۔ اسلام اس دین کا لقب ہے

-اشکال: پہلے سے وہ مسلمان ہے اسلئے کہ ہر ایک مذہب میں اپنے نبی کے تابعداری ضروری ہے

جواب: وہ اسلام کو قبول کرو جو ہمارے دین کا خاص نام ہے، باقی ادیان میں اسلام لغوی طور پر ہے

اِن الدین عند اللہ الاِسلام: الیوم اکملت لکم دینکم.....ورضیت لکم الاسلام دیناً

- تسلم، اسلم کا پہلا جواب اور دوسرا جواب یؤتک اللہ أجرک مرتین اسلئے کہ دو رسولوں پر ایمان لائے: 1) عیسیٰؑ اور آپ ﷺ
2) آپ کا اجر اور آپ کی رغبت
3) دو اجر، مشقت برداشت کرنے کی وجہ سے کہ ایک سماوی دین سے
نکل کر دوسرے میں جانا مشکل ہے۔

-یریسیین: 1) کاشتکار، 2) أھل الریف، 3) دیہاتی لوگ؛ 4) خدام؛ 5) اجراء اور ملازمین

مولانا ابو الحسن علی ندویؒ لکھتے ہیں کہ یہ نصاری کا ایک فرقہ ہے جو آریوس کی طرف منسوب اور قائل تھے کہ خالق آسمان پر ہے اور مخلوق زمین پر

- اشکال: ولا تزر وازرۃ وزر أخری: جواب: 1) سبب بننے کا گناہ تجھے ملے گا؛ 2) فإن علیک اثم ھلاک الیریسیین
- سوال: کلمۃ سواء کیسے اس لئے کہ وہ عیسائی تثلیث کے قائل ہیں!؟
جواب: 1) التوحید المنزل من الکتب السماویۃ
2) اصل توجید: ادعاء التوحید

- 1) بعض کہتے کہ یہ آیت آپ ﷺ نے پہلے لکھا پھر بعد میں قرآن کے طور پر نازل ہوئی بطور آیت
2) اگر پہلے سے بطور آیت نازل ہوئی تو یہ حکم نہیں تھا کہ جنبی مسّ کر سکتا ہے یا نہیں: النھی عن القراءۃ للجنب لم یأت بعدُ
3) جب جنابت یقینی ہو تو ہاتھ میں نہیں دینا چاہئے خط کو
4) یہ دعوت و تبلیغ کے لئے ہے جس طرح بطور دعاء آیۃ الکرسی جنبی پڑھ سکتا ہے
5) وہ تو کافر تھا اور مکلف بالفروع نہیں ہے۔

-ولا تشرک بہ شیئًا: 1) توحید الوہیت؛ 2) توحید ربوبیت

-وہ اپنے پادری کو "رب" بناتے تھے اور ہفتہ میں ایک دن آتے تھے ہدیہ لے کر اپنے گناہوں کو معاف کروانے کے لئے

-بعض کہتے کہ یہ آیت مکرر النزول: 1) صلح حدیبیہ کے وقت؛ 2) وفد نجران کے وقت

-ارباب جمع رب ہے: من یحل الحرام ویحرم الحلال ویخالف النص القطعی حالانکہ تحریم و تحلیل کا اختیار رب کا ہے۔

-خط میں امر بھی ہے (اسلم تسلم)، نہی بھی (لا تشرک بہ)، ترغیب، بشارت: یؤتک اللہ أجرک مرتین، اور انذار بھی ہے (تخویف) اور مختصر خط

-شور کیوں ہوا؟
جواب: 1) بادشاہ مائل ہونے لگے اسلام کی طرف
2) خط کے جواب میں کیا جواب دے

- أمر: کثرو عظم: اہمیت حاصل کی؛ أمرنا مترفیھا: زیادہ کر دیتے ہیں

-ابن ابی کبشۃ: 1) غیر معروف نام کی طرف
2) ابو کبشۃ جدہ من أمہ 3) ابو کبشۃ جد حلیمۃ
4) ھذہ کنیۃ زوج حلیمۃ؛ 5) بنو خزاعۃ کا ایک آدمی تھا جس نے قریش کی مخالفت کی عبادت اوثان میں

-سوال: رومیوں کو کیوں بنی الأصفر کہا؟

جواب: 1) انکے اجداد میں اصفر بن روم بن عیسی بن اسحاق

2) سونے کے سکے استعمال کرنے کی وجہ سے اور ایران چاندی کے سکے استعمال کرتے تھے تو بنی الأبیض کہتے تھے ان کو

3) انکے ملک پر کچھ حبشی غالب ہوئے تھے تو انکی عورتوں سے، پہلے پہلے بچے پیدا ہوئے

4) سارہؓ (جو اسحاقؑ کی ماں ہے) نے اپنے پوتے کو پہلے زیورات پہنائے

مفتی صاحب کی رائے: 5) "اصفر" عرب لوگ حسین و جمیل آدمی کے لئے اصفر استعمال کرتے اور عرب لوگ پہلے اس سفیدی کو پسند کرتے جو صفرت کی طرف مائل ہو (بنو اسرائیل کے لئے بقرۃ صفراء..... تسر الناظرین) اور ص 8 پر بھی: الم تر أنھا تخرج صفراء کا مطلب خوبصورت اور بہت ساری جگہیں ہیں۔

- قرآن میں ہے: کأنھن بیض مکنون: اور انڈے سفید مائل صفرت ہیں
- "وکان ابن الناطور..." یہ زہری کا مقولہ ہے اور یہ دوسرا حصہ ہے 4 حصوں سے اور ابن الناطور ایلیاء کا گورنر اور ھرقل کا ساتھی تھا
- ناطور: زراعت کا نگران
- اشکال: یہاں مشترک کے 2 معنے جمع ہو گئے: ساتھی اور گورنر اور اگر حقیقی اور مجازی معنی پر محمول کریں گے تو جمع بین الحقیقۃ والمجاز ہو گا!؟

جواب: صاحب کا مطلب المصاحب والمقارن، جب بلد کی طرف منسوب تو گورنر مراد اور انسان کی طرف منسوب تو معنی ساتھی۔

- اور صاحب بمعنی مصاحب ہے اور المصاحب للبلد ھو الرئیس والمصاحب للإنسان ھو الرفیق
- سقف: دینی رئیس؛ حزّا: کاھن مستقبل کی خبروں پر مطلع ہونا۔
- کہانت کی تین قسمیں: 1) کہانت شیطانی: شیاطین وجنات کے تعلق سے مستقبل کی خبر کو معلوم کرے

2) کہانت نجمی: ستاروں کے حساب کتاب سے سعادت وشقاوت وواقعات کو معلوم کرلے مثلاً وہ کہتے کہ شمس وقمر جب برج عقرب پر ہے تو مطلب کوئی ذہین شخصیت پیدا ہوئے

3) کہانت فطری: موھوب من للہ، بصیرت فطری سے آدمی کوئی بات بتائے مستقبل کا

- سوال: صرف یہود ختنہ کرتے؟ حالانکہ عرب بھی ختنہ کرتے تھے

جواب: 1) انکو خوش کرنے کے لئے یہود کمزور ہیں، ہم ان کا خاتمہ کریں گے۔

2) ان کو معلوم نہیں تھا۔

4 واقعات: 1) پہلے ھرقل نے ستاروں سے

2) عظیم بُصریٰ ملک غسان نے ایک آدمی بھیجا آپ ﷺ کی خبر دینے کے لئے

3) دحیۃ کلبی کا خط آیا

4) ضغاطیر رومی نے خط لکھا کہ سچے نبی کا ظہور ہوا اور ان پر ایمان لانا چاہئے

- ایک تاریخی روایت میں ہے کہ اسکے پاس ایک تھیلی تھی جس میں 313 تصویریں تھیں اور پوچھا کہ ان میں سے کون محمد ہے؟
- عربی میں جو فصاحت ہے اسکا مقابلہ کوئی زبان نہیں کر سکتی اسلئے کہ عربی میں علم تجوید ہے جو دوسری زبان میں مفقود ہے۔
- سردی میں شام یعنی حمص میں ھرقل رہتا تھا اور گرمی میں استانبول میں رہتا تھا۔

-استانبول پہلے قسطنطنیہ تھاجو منسوب ہے سب سے پہلے بادشاہ کی طرف جس نے عیسائیت کو قبول کیا تھااور پھر جب اسلام کا غلبہ ہوا تو اسلام بول ہوا جس سے استانبول بنا۔

-حِمص: اصح البلاد تُربةً، لیس فیھا عقربٌ ولا حیةٌ

-سوال: فأذن کیوں آیا اور نہ "أمر"؟

جواب: امر طبیعت کے خلاف حکم کے لئے مستعمل ہے اور بادشاہ کے ہال میں آنا طبیعت کے موافق اور سب تیار ہیں آنے کے لئے۔ اس واقعہ کو کتاب الایمان سے پہلے مصنفؒ لائے تو اس طرف اشارہ ہے کہ ایمان جاننے کا نام نہیں ہے بلکہ ماننے کا نام ہے اسلئے کہ ھرقل کو پتہ تھا کہ آپ ﷺ نبی ہیں اور ابوسفیان سے، ملک غسان کے قاصد سے، ضغاطیر رومی سے بھی تصاویر سے جانتا تھا۔

- غزوہ تبوک کے موقع پر ھرقل نے خط لکھا آپ ﷺ کو کہ میں مسلمان ہوں تو آپ ﷺ نے فرمایا: کذب إنہ لیس بمسلم
- ایمان اور اسلام مصنفؒ کے نزدیک ایک ہے، یہاں کتاب کا ذکر اور وحی میں باب کا ذکر ہے۔
- دین: ماشرعہ اللہ تعالی لنفع العباد فی الدنیا
- إنہ اختار الملک علی الإیمان یا اختار النار علی الملک
- فکان ذلک آخر شان: براعت اختتام: یعنی جو کتاب کے اختتام پر دال ہے
- شیخ زکریاؒ: موت کی طرف اشارہ ہے۔

2 – كِتَابُ الإِيمَانِ(حدیث:8-58)

- الإیمان لغۃً: امن دینا، محفوظ کرنا، آخرت کے عذاب سے محفوظ
- باب إفعال سے: امن والا بنانا
- 4طریقے سے متعدی ہے: 1)"مِن" سے جیسے وآمنھم من خوف

2) "باء" سے تصدیق کے معنے میں جیسے فإن آمنوا بمثل ما.....

3) "لام" اقرار کے معنے میں جیسے أنؤمن لک واتبعک / فآمن لہ لوط

4) "علی" لزوم کے لئے جیسے ما من بنی من الأنبیاء إلا آمن علیہ البشر

-ایمان کی مختصر تعریف: التصدیق بجمیع المغیبات التی جاءت من سید الکائنات

مفصل: التصدیق بجمیع ماجاءبہ النبی ﷺ من ضروریات الدین اجمالاً فیما عُلم اجمالاً وتفصیلاً فیما علم تفصیلاً، ایماناً تقلیدیًّا او استدلالیًّا أو تصدیقاً جازمًا لا ظنًّا من غیر أمارۃ التکذیب (کإلقاء القرآن فی القاذورۃ)

- تصدیق منطقی میں ظن چلتا ہے اور بے اختیار یقین بھی اور وہ تصدیق شرعی سے بالکل الگ ہے۔
- رُحؒ: الإیمان أی التصدیق والإقرار رکنٌ زائدٌ لإجراء الأحکام
- تصدیق کی مثال جڑ اور اقرار تنا کی اور اعمال شاخ کی۔
- ایمان مرکب: فقھاء: التصدیق والإقرار

محدثین: التصدیق بالجنان والإقرار باللسان والعمل بالأرکان (چنانچہ عمل کو ترک کرنے سے کافر نہیں ہو گا)

- اور امام ابو حنیفۃؒ کے مقابلے میں: معتزلہ: ان کی تعریف بھی محدثین کی طرح ہے اور وبترک العمل منزلۃ بین المنزلتین مانتے

خوارج: بترک الأعمال یخرج من الإیمان

عطان: الإقرار بشرط التصدیق؛ رقّاشی: الإقرار بشرط المعرفۃ

- ایمان بسیط: متکلمون: تصدیق مع الحاجۃ إلی العمل
- محدثین کا مقابلہ تھا دوسرے فرقوں سے اسلئے انہوں نے یہ تعریف کی

مثلاً: جھمیۃ معرفت اصل ہے تو یہ باطل ہے اسلئے کہ ھرقل، ابو طالب (جیسے کہ انکے اشعار میں ہے: ودعوتنی وعلمت أنک صادقُ)، فرعون وغیرہ کو بھی معرفت حاصل تھی (ولقد علمت ما أنزل.....واستیقنتھا انفسھم)

کرامیۃ: اقرار کافی ہے؛ مرجئۃ: التصدیق من غیر حاجۃ العمل

- سوال:

جواب: 1) العرب یعرف من الإیمان التصدیق: یؤمنون

2) اولئک کتب فی قلوبھم الإیمان: تو دل میں تصدیق ہے

-اسامۃ بن زیدؓ نے متکلم بالکلمۃ کو قتل کیا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: أفلا شققت قلبہ

آمنا بأفواھھم ولم تؤمن قلوبھم؛ إن الذین آمنوا وعملوا الصالحات (عطف میں مغایرت ہے)

- اشکال: یہاں عطف اہمیت کے لئے (وجبرئیل ومیکال...)

جواب: وإن طائفتان من المؤمنين اقتتلوا فأصلحوا...

یاایھاالذین آمنوا کتب علیکم القصاص....

الذین آمنوا ولم یلبسوا إیمانھم بظلم

-زکوۃ میں عند الأداء اور الگ کرنے کے وقت اور اگر مسلمان حکومت میں ڈاکو نے لیا مال تو دوبارہ ادا کرنا ہو گا۔

صوم بالاتفاق نیت ہے

- احکام: معاوضات مناکحات، معاملات
- قل کل یعمل علی شاکلتہ: شِکال: مایقید بہ الدابۃ: مراد وہ عادت جس میں آدمی محبوس رہتا ہے
- عادی چیزوں میں بھی نیت کرو؛ مشاکلۃ: عادۃ مع النیۃ
- نفقۃ الرجل علی أھلہ حِسبۃ اور و لکن جھادٌ ونیۃ: لکل امرء مانوی (مستقبل کے لئے نیت کرے)
- ردودیعت میں نیت کی ضرورت نہیں تو معلوم ہوا کہ نیت موقوف علیھا نہیں بلکہ ثواب کی چیز ہے
- عدی بن ثابت کو بھی شیعہ لکھا
- نیۃ المؤمن خیر من عملہ و عمل المنافق خیر من نیتہ
- 3احادیث: لکل امرء مانوی (یہ نیت بہ ظاہر غیر محل پر ہے لیکن مباح میں نیت ثواب کا باعث)
- سعدؓ نے کہا میں اگر مکہ میں مر جاؤں تو ڈر ہے کہ میری ہجرت باطل ہو گی تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ آپ زندہ رہیں گے اور لوگ آپ سے فائدہ اٹھائیں گے۔

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " الدِّينُ النَّصِيحَةُ: لِلَّهِ وَلِرَسُولِهِ وَلِأَئِمَّةِ المُسْلِمِينَ وَعَامَّتِهِمْ(حدیث:57)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1)فرق باطلہ یا.....کی تردید کی تو جن کی تردید کی نصیحت و خیر خواہی کے طور پر ہے

2) عمل بھی ہو اور نیت بھی ہو تو نصیحت للہ یعنی وفاداری اللہ کے لئے اور وفاداری اللہ کے احکام پر پابندی کے ساتھ چلنا

شعر: وفاء کے واسطے میری تلاش ہوتی ہے....

نصح: خالص عسل

- یا منصحۃٌ: سوئی (اِبرۃٌ) اور نصیحت جس طرح خیاطت و سلائی مل جائے تو اسی طرح مخلوق کو خالق سے ملائے
- توبوا اِلی اللہ توبۃً نصوحًا کا مطلب ایسا توبہ جس سے مخلوق خالق سے جُڑ جائے
- أئمۃ المسلمین: علماء؛ آپ ﷺ نے سرداروں سے نصیحت کی بیعت لی (النصح لکل مسلم)
- آپ ﷺ نے عورتوں سے ترک نیاحت کی بیعت لی تو بیعت میں أخذ العھود فی بذل المجھود ہے

- عام لوگوں کے لئے: تبلیغ انکو کرو؛ حق انکے سامنے پیش کرو
- إذا نصحوا اللہ ورسولہ
- عبادت غیر مقصودہ میں نیت کی ضرورت نہیں
- الحمد للہ صفت ایجابیہ وأثنی علیہ صفت سلبیہ
- امیر کم: زیاد بن سفیان؛ تعزیتی جلسہ کا ثبوت
- مسجد کوفہ یا کعبہ مراد؛ ھذا المسجد الحاضر فی الذھن
- نزل: براعت اختتام: کام ختم ہوا تو اتر گئے
- حضرت شیخؒ: اشارہ ہے موت کی طرف
- مغیرۃؓ کی وفات ہے تو اپنی وفات کو بھی یاد کرو
- عمل موقوف ہے علم پر اور علم.....
- جریر بن عبد اللہ البجلیؓ: آپ ﷺ کی وفات سے 6 مہینے پہلے اسلام لائے اور جب بھی آپ ﷺ انکو دیکھتے تو مسکراتے، یوسف ھذہ الأمۃ اور عمرؓ اپنی مجلس میں رکھتے تھے اور سب کو وضوء کرنے کا مشورہ دیا عار سے بچانے کے لئے۔

3 – كِتَابُ العِلْمِ(حدیث:59-134)

- علم جب معرفہ مراد ہو تو ایمان سے مقدم ہے اور جب اضافت ہو تو علم الدین مراد ہے تو اس وقت اسکا محل ایمان کے بعد ہے۔
- العلم:1)إدراک الشیء بحقیقتہ

2)حصول صورۃ الشیء فی الذھن

3)الحاضر فی المدرک

4)الاعتقاد الجازم الثابت لایزول بتشکیک

5)اصول کلیۃ

6)صفۃ یتجلی بہ الشیء لمن قام بہ

7)دانستن: سمجھنات، جاننا

8)صفۃ توجب التمیز لایحتمل النقیض

-ابن قیم کی تعریف: علم: نقل صورۃ المعلوم من الخارج وإثباتھا فی الذھن۔

اور عمل کی تعریف: نقل صورۃ علمیۃ من الذھن وإثباتھا فی الخارج۔

- فضیلۃ العلم: ابو حنیفہؒ اور امام مالکؒ: علم افضل الاشغال ہے؛ فؒ: الاشتغال بالنفل أولی
- آدمؑ کو فضیلت ملی علم مع العمل کی وجہ سے، انابت، خشوع وعاجزی کی وجہ سے؛ إنی جاعل فی الأرض خلیفۃ اور خلافت کے لئے علم کی ضرورت ع ہے۔

بَابُ فَضْلِ العِلْمِ(ص14)(حدیث:.....)

- اشکال: یہ باب کیوں مکرر آتا ہے؟

جواب:1)ایک نسخہ میں مکرر نہیں ہے

2)یہاں زیادۃ العلم مراد ہے اور آنے والا باب میں کثرۃ الثواب مراد ہے

3)فضیلۃ العلم مراد ہے یہاں اور آنے والے باب میں فضیلۃ العلماء مقصود ہے۔

4)یہاں فضیلۃ العلم ہے ارو آنے والے باب میں قدر زائد کو خرچ کرنے کی ترغیب ہے۔

-فضیلت: یہاں بقاء العالم بتفویض الأمر إلی أہلہ و تفویض الأمر إلی أھلہ یکون بالعلم تو نتیجہ یہ ہے کہ: فبقاء العالم یکون بالعلم۔

-سوال: حدیث کیوں ذکر نہیں کی؟

جواب:1)ھذا اکتفاء بالأقوی(قرآن)

2)لایوجد الحدیث علی شرطہ

3)یمکن إدراج الحدیث الآتی ھھنا

4)اختبارًا اوامتحانًا: کہ تم یہاں کچھ ذکر کرو: إن الملائکۃ لتضع اجنحتھا، العلماء ورثۃ الأنبیاء

-آیت میں تخصیص بعد التعمیم فضیلت کی وجہ سے اور علم مع العمل اور واللہ بما تعملون خبیر: اعمال کی فضیلت

-علم اتنی اونچی چیز ہے کہ اسکی دعا کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) علم کے زیادہ کرنے کا طریقہ حسن سوال ہے۔

2) یہ مقصود ہے کہ بعض جوابات کو چھوڑ دے (کتمان علم کے قبیل سے نہیں) فی الحال مناسب نہیں، اولئک یلعنہم اللہ میں داخل نہیں 3) تاخیر الجواب جائز، ہاں اگر سال اہم ہے تو فی الفور دینا چاہئے یا موقت ہو تو فورًا جواب دے۔

-دوسرا جواب دیا (محذوف جواب کا) تو یہ جواب علی اسلوب الحکیم (جائز ہے) کہ علامات پوچھو

یسألونک عن الأھلۃ؛ یسألونک ماذا ینفقون

بَابُ مَنْ سُئِلَ عِلْمًا وَهُوَ مُشْتَغِلٌ فِي حَدِيثِهِ، فَأَتَمَّ الحَدِيثَ ثُمَّ أَجَابَ السَّائِلَ(حدیث:59)

- مقصود کو پہلے ختم کرنا چاہئے
- فإذا ضیعت الأمانۃ: 1) شریعت کے احکام کو ضائع کریں گے: التکلیف الشرعیۃ
- إنا عرضنا الأمانۃ علی السماوات والأرض الجبال..... فحملہا الإنسان أنہ کان ظلومًا جھولاً: 1) نتیجہ سے بے خبر تھا؛ 2) باعتبار اولاد
- امانت کو اٹھایا آدمؑ نے
- زجاج: امانت میں خیانت کرنا؛ خیانت کی انسان نے
- امانت: شریعت یا تبلیغ الشریعۃ یا حقیقی امانت
- حدیث: لا إیمان لمن لا أمانۃ لہ
- إن الأمانۃ نزلت فی جزر قلوب الرجال ثم نزل القرآن
- إذا وسد الأمر: 1) رشوت یا رشتہ داری یا کوئی قرض کی وجہ سے نااہل کو کام سپرد کرے اہل کو چھوڑ کر

2) فانتظر الساعۃ علی ھذا الشیء (أی ھذا الأمر)

-مسائل کے ساتھ نرمی کرنا چاہئے اور اسبق واہم کو مقدم کیا جائے گا۔

بَابُ مَنْ رَفَعَ صَوْتَهُ بِالعِلْمِ(حدیث:60)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) معلم کو کبھی رفع الصوت کی ضرورت ہے تبلیغ یا تنبیہ یا زجر یا اہمیت کے لئے
- سوال: لم یکن صخابًا بالأسواق آپ ﷺ کے بارے

جواب: مصنف کہتے کہ کوئی خاص وجہ ہو تو ممکن ہے اور رفع الصوت جائز ہے

- علم کی فضیلت ہے تو اسکو حاصل کرو پھر عمل ہے، تو عمل کرو پھر الأھم فالأھم اور پھر جب مدرس بیٹھ جائے تو لاؤڈ اسپیکر کا انتظام کرو پھر حدثنا وأخبرنا وغیرہ چلتا رہے گا جبتک کہ امتحان ہو گا
- ماھک: کاف تصغیر کے لئے، قمیر مطلب پیارا چھوٹا سا چاند اور بعض کہتے: المبالغۃ فی الضحک أو فی الجماع
- أرھقنا الصلوۃ وأرھقتنا الصلاۃ: فجعلنا نمسح أی نغسل خفیفًا
- اشکال: ارجلنا: رِجل کی جمع ہے تو جمع کے مقابلے جب جمع ہو تو افراد پر تقسیم ہوتا ہے تو نمسح علی أرجلنا

جواب: أرجل، رِجل کی جمع نہیں بلکہ جنس رِجل مراد

- مقصود: إبلاغ الصوت اگرچہ مسجد میں
- معلوم ہوا کہ پورا پاؤں کا دھونا فرض ہے۔

بَابُ قَوْلِ المُحَدِّثِ: حَدَّثَنَا، وَأَخْبَرَنَا، وَأَنْبَأَنَا(حدیث:61)

- یہاں 5 الفاظ کا بیان: حدثنا، اخبرنا، أنبأنا، وسمعتُ وعن تو امام کے نزدیک یہ سب الفاظ ایک ہے
- مسلمؒ کے نزدیک فرق ہے ان الفاظ میں
- استاد نے پڑھایا شاگرد نے تو حدثنا، اخبرنا کہہ سکتے
- 1) حدثنا، وأخبرنا، وأنبأنا ایک ہے (عن مستعمل غیر مدلس کے لئے تو سماع پر محمول ہے)

2) یہ منقول ہے پہلے سے

3) علم حدیث اس وقت ہو گا؛ العلم ماکان فیہ حدثنا

المصدوق الذی یلقی إلیہ الصدق

- غیر مدلس کا عن سمعتُ کے برابر
- ایک روایت میں عن ربہ، ایک میں نہیں ہے دونوں برابر ہے
- صحابہ ہو یا آپ ﷺ دونوں حدثنا مستعمل ہے: قراءۃ الشیخ أو التلمیذ ہو دونوں حدثنا مستعمل
- ایک روایت میں اخبرونی اور دوسری میں انبئونی تو یہ 3 ایک ہے
- شجرۃ میں تنوین کو تنکیر کے معنے میں لیا اور آپ ﷺ نے تنوین کو تعظیم کے لئے مراد لیا
- تقی الدین سبکی سے کسی نے کہا کہ انکے بیٹے تاج الدین کا درس بہتر ہے
- دروس ابنی خیرٌ من دروس أبیہ وذاک عند أبیہ غایۃ الأمل
- فاستحییت اسلئے کہ بڑے بڑے صحابہؓ موجود ہیں مجلس میں
- مسلمان مشابہ ہے کھجور کے درخت سے:

1) انسان کا سر کو کاٹا جائے تو ختم تو اسی طرح کھجور

2) انسان پانی میں ڈوب جائے تو ختم تو اسی طرح کھجور کے درخت

3) دونوں کی منی ایک جیسی

4) مذکر و مؤنث کے ملاپ سے زبردست بچے پیدا ہوتے ہیں

5) کھجور خلق من بقیۃ الطین آدم یہ روایت ضعیف ہے اسلئے کہ سند میں سعید بن مسرور ہے وھو ضعیف

- مسلمان مشابہ ہے کیسے؟

1) کھجور میں چار چیزیں ہیں: ایک جڑ (عرق) اور پھر تنا ہے اور پھر شاخ ہے اور پھر پھل ہے تو مسلمان میں تصدیق ویقین پھر اقرار لا إلہ إلا اللہ اور پھر اعمال ہے جن پر جنت مرتب ہے

2) کھجور کے تمام اجزاء مفید ہیں: پھل پتے شاخیں (جلاتے ہیں) لکڑی، شحم، گٹھلی تو اسی طرح مسلمان کے تمام اجزاء وصفات مفید ہیں پیشاب، پاخانہ سے بھی اسکو ثواب ملتا ہے اسلئے کہ تیاری کرتا ہے نماز کے لئے اور صحت و بیماری ہر حالت میں رحمت ہے

حتی اللقمۃ یضع فی فی امرأتہ، نیند، جاگنا، پڑھنا سب عبادت ہیں۔

دعا، ذکر: کثیر الخیر والنفع ہے

3) جب پانی نہیں ملتا تو کھجور کا درخت سوکھ جاتا ہے اور کم ملے تو کمزور رہتا ہے تو مسلمان کے پاس اگر وحی والے اعمال نہ ہو تو ایمان سوکھ جائے گا اور اگر کم وحی والے اعمال ہو تو کمزور رہے گا

الإیمان یخلق کما أن الثوب یخلق فجدّدوہ

4) کھجور کے اطراف جب گھاس زیادہ ہو تو خراب ہوتا ہے تو اسی طرح مسلمان کے اطراف جب معاصی اور وسوسہ زیادہ ہیں تو برباد ہوتا ہے

5) کھجور ہمیشہ ملتے ہیں تو اسی طرح مسلمان کے اعمال ہمیشہ رہتے ہیں

6) کھجور طیب المنظر ہے چھوٹے ہو یا بڑے تو اسی طرح مسلمان داڑھی وغیرہ رکھ کر، خوبصورت کپڑے پہن کر تو کوئی بھی ہو افریقی ہو یا یورپ کا ہو اسکے چہرے پر نور ہوتا ہے

7) پتے نہیں گرتے تو مسلمان کی دعا نہیں گرتی اور انگلیاں بھی

8) کھجور میں تفاوت عمدگی میں ہے: عجوۃ، سکری تو اسی طرح مسلمان میں بعض اولیاء اللہ ہوتے ہیں

9) کھجور نرم اور گٹھلی سخت تو اسی طرح مسلمان کی صفت ہے: اشداء علی الکفار، رحماء بینھم

10) کھجور کو جتنی طویل العمر اتنا ہی طیب الثمر ہوتا ہے تو مسلمان طویل العمر ہو تو اسکے اعمال بہترین ہو جاتے (حدیث میں ہے کہ خیر الرجل من طال عمرہ وحسن عملہ)

11) کھجور کثیر الصبر (تیز ہوا ہو یا پانی کی کمی ہو وغیرہ) تو مسلمان بھی بیماری یا مصیبت کی حالت میں ہر وقت صبر کرتا ہے

12) کھجور میٹھا اور لذیذ ہوتا تو مسلمان کے بارے میں بھی کہا گیا (ص 7) پر کہ ثلاث من کن فیہ وجد حلاوۃ الإیمان

13) انسان بھی کاربون دائیو کسید نکالتا ہے اور آکسیجن لیتا ہے جس طرح کھجور کے درخت کرتا ہے۔ اسی لئے مدینہ منورہ میں زیادہ بیماری تھی پھر آپ ﷺ نے دعا فرمائی: اے اللہ یہاں کے بخارات کو جحفہ میں لے جاؤ۔

اسکے بارے میں تفصیل دیکھئے: التوضیح والبیان فی لشجرۃ الإیمان (عرب کا ایک عالم ہے: عبد الرحمن آل سعدی)

الكتاب: التوضيح والبيان لشجرة الإيمان

المؤلف: أبو عبد الله، عبد الرحمن بن ناصر بن عبد الله بن ناصر بن حمد آل سعدي (المتوفى: 1376هـ)

بَابُ طَرْحِ الإِمَامِ المَسْأَلَةَ عَلَى أَصْحَابِهِ لِيَخْتَبِرَ مَا عِنْدَهُمْ مِنَ العِلْمِ (حدیث:62)

- امام: شیخ، یا استاد
- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) ذہن کو تیز کرنے کے لئے اور طالب علم کی محنت واجتہاد کو بڑھانے کے لئے اسکا امتحان لینا چاہئے تاکہ اور محنت کرے۔

- اشکال: نھی رسول اللہ ﷺ عن الاغلوطات (ایسے اقوال جو دوسروں کو مغالطہ میں ڈالے اور وہ جواب نہ دے سکے)

جواب: 1) اسکی سند میں عبد اللہ بن سعد ہے جو ضعیف ہے

2) جن اغلوطات سے منع فرمایا وہ ہے جو دوسرے کی تعجیز و تحقیر و شرم دلانا مقصود ہو

3) یا مطلب یہ ہے کہ مکمل سوال نہ ہو

4) یا وہ ہے جسمیں تعلی و تکبر مقصود ہو

5) یا جسمیں ابہام کثیر ہو

6) یا جسمیں کوئی فائدہ نہ ہو

7) یا جس اغلوطات میں غلط عقائد کی ترویج ہو اور گمراہ کرنا مقصود ہو؛ مثال: کوئی کہے کہ دیکھو عیسیٰؑ کلمۃ اللہ اور کلمۃ اللہ غیر مخلوق ہے تو نتیجہ یہ ہے کہ عیسیٰؑ غیر مخلوق ہے، حالانکہ کلمہ "کُن" مقصود ہے اور اللہ کا کلمہ صفت کلام غیر مخلوق ہے

کوئی کہے کہ یحذرکم اللہ نفسہ اور کل نفس ذائقۃ الموت تو اللہ ذائقۃ الموت (العیاذ باللہ)

جواب: نفسہ بمعنی ذات ہے اور کل نفس سے مراد کل متنفس

یا کوئی کہے کہ اللہ تعالی شیء ہے اور قرآن میں ہے وإن من شیء إلا عندنا خزائنہ تو بے شمار اللہ ہے

جواب: پہلے شیء بمعنی شائی ہے اور دوسرے جملے میں شیء بمعنی مشیءٌ، مخلوق ہے

یا کوئی کہے کہ الطلاق موقوف علی النکاح والنکاح موقوف علی الشھادۃ تو نتیجہ یہ ہے کہ طلاق موقوف علی الشھادۃ ہے

جواب: مطلب طلاق موقوف ہے علی بقاء النکاح اور بدء النکاح موقوف علی الشھادۃ تو دونوں الگ الگ ہے: ایک بقاء اور ایک ابتداء مراد

8) اسی طرح معمہ جسمیں دوسرے کے عقل کا امتحان مقصود اور تیز کرنا ہو تو جائز ہے

الأشباہ والنظائر کے آخر میں الغازات ہیں (معمہ) أی بیع یجوز لیلاً ولا یجوز نھارًا

جواب: بیع الحمامات اسلئے کہ رات اپنے مستقر پر ہیں اور دن میں اڑ رہے ہوتے ہیں

یا أی ماء لا یجوز شربہ ویجوز بہ تطھیر الثوب: جواب: ماء تفتت فیہ الضفدع

یا أی بئر تنجس ویجوز بہ الوضوء باخراج دلو واحد؟

جواب: وہ کنویں جسمیں 40 ڈول نکالنا واجب ہے تو چالیسویں ڈول مراد ہے

خذ الیمین من میم ولا تنقط علی الأمر (حد) وأدرجہ (م ح م د) فذاک اسم لمن کان بہ فخری

چشم بُکشا (افتح العین) زلف بشکن (موڑو).....

بَابُ مَا جَاءَ فِي العِلْمِ. وَقَوْلِهِ تَعَالَى: {وَقُلْ رَبِّ زِدْنِي عِلْمًا} [طه: 114] (حدیث:63)

- ما قبل باب کا عکس ہے، قراءۃ التلمیذ و عرض علی الشیخ

- 1) قراءت و عرض کبھی مترادف ہے کہ قراءت کرنا اور اسی کو پیش کرنا محدث پر: القراءۃ و عرض القراءۃ علی المحدث

2) متغایر: قراءت بمعنی مقروء اور عرض: مکتوب کو پیش کرنا

3) عموم خصوص من وجہ: 1) قراءت میں عرض المکتوب بھی ہے؛ 2) قراءت ہے اور عرض المکتوب نہیں ہے؛ 3) قراءت نہیں ہے اور عرض المکتوب ہے

سفیان ثوریؒ: ثور بن منام انکے اجداد میں سے ہے اور عرب کا دستور تھا کہ جانور کے نام اپناتے تھے۔

- قراءت علی الشیخ جائز اور قراءۃ الشیخ بھی جائز لیکن کونسا افضل ہے؟

تو بعض کہتے کہ: قراءۃ الشیخ أولی من قراءۃ التلمیذ ہے اسلئے کہ آپ ﷺ حدیث سناتے تھے اور صحابہؓ سنتے تھے

بعض: کل ماکان فیہ الأمن من الخطأ فھو أولی

بعض: إن کان من حفظ فقراءۃ الشیخ أولی وإن کان من مکتوب فقراءۃ التلمیذ أولی

- امام مالکؒ دونوں کو جائز کہتے تھے لیکن قراءۃ التلمیذ کو أولی سمجھتے تھے
- بعضھم: ابو سعید حداد: قراءۃ الصک علی الشاھد معتبر ہے (تکفی للشھادۃ إن لم یقرء الشھادۃ) تو اسی طرح قراءۃ المقری کافیۃ لاتصال السند وإن لم یقرء الشیخ، ھکذا للقراءۃ۔
- حدیث کا درجہ قرآن سے کم ہے تو جو قرآن میں جائز ہے حدیث میں بہ درجہ اولی جائز ہے۔
- نسائی میں لیث اور مقبری کے درمیان محمد بن عجلان ہے تو ممکن ہے کہ پہلے بالواسطہ سنا، پھر مباشرۃً، لیث کی روایت اوثق و مضبوط ہے سعید کی روایت سے۔
- اکثر کہتے کہ نجدی جسکا ذکر طلحہ بن عبید اللہ کی روایت میں مذکور ہے ص 11 پر اور ضمام بن ثعلبۃ ایک ہے
- قرطبی کہتے کہ دونوں الگ ہیں: اسلم قبل وفودہ او بعد وفودہ اور إعلاء سند کے لئے آئے تھے اور قرطبی اور ابو داؤد کے لئے اسلم بعد وفودہ
- ~~5، 8، 9~~ (اصح قول کے مطابق)
- مسجد میں اونٹ بٹھایا تو امام کؒ کہتے کہ بول الإبل پاک
- امامۃ بنت زینب کی روایت: آپ ﷺ نے داخل کیا مسجد میں اور دوسری روایت مسند احمد میں ہے کہ أناخہ علی باب المسجد اور ایک روایت میں اناخہ ثم دخل فی المسجد
- اکثر کہتے کہ ضمام پہلے سے مسلمان تھے اور ابو داؤد: یہ مسافر.....
- ظھرانین: تثنیۃ التثنیۃ علی خلاف القیاس اور اصل بین ظھرَیھم
- محمد کہا یا ابن عبد المطلب تو انکو آداب معلوم نہیں یا خود کرنے کی وجہ سے یا قوم نے الفاظ ادا کئے اور وہی استعمال کیا
- آپ ﷺ نے أجبتک: 1) قد سمعت کلامک؛ 2) جلستُ؛ 3) قد تکلمتُ
- مشددعلیک: 1) دیہاتی ہونے کی وجہ سے کہ انکی زبان سخت ہے

  2) الفاظ ادا کیا امتحان کے لئے

  3) قوم نے جن الفاظ کو استعمال کیا وہی استعمال کیا
- اللھم: 1) کبھی نداء کے لئے

  2) مستثنی کے نادر ہونے کی طرف اشارہ: طالب سے کہا جائے کہ تم حاضر ہو: اللھم إن کنت مریضًا أشد المرض

  3) تیقن جواب کے لئے: مجیب کو اپنے جواب پر یقین

- نشد: آواز کو بلند کرنا/ سوال کرنا جیسے انشدتُ شعراً کہ شعر بلند آواز سے پڑھا جاتا ہے
- فقراء: 1) کثرت کی وجہ سے

2) غیر اغنیاء مراد ہے

-سوال: حج کا ذکر نہیں؟ جواب: آنے والی روایت میں حج مذکور ہے

-بعض بنی سعد کے قبیلے سے تھے، ھوازن کے تو یہی قبیلہ جسمیں ثویبہ اسلمیہ بھی تھی

-رواہ موسی: حدثنا کیوں نہیں کہا؟ تو ممکن ہے کہ بالواسطہ سنا اور بلاواسطہ

-لاتسألوا عن اشیاء: 1) قبیح غرض نہ ہو/ متشابہات نہ ہو

2) دوسروں کو چُپ کرنا مقصود نہ ہو

3) تعمق فی السوال مت کرو جیسے بنی اسرائیل نے کیا تھا

4) بے فائدہ سوال نہ کرو

5) اغلوطات و معمہ مراد

-لا أزید فی السؤال ولا انتقص فی العلم

-ضمام بن ثعلبۃ کا ایمان تقلیدی تھا تو جب آپ ﷺ کے پاس آئے تو تحقیقی بن گیا۔

بَابُ مَا يُذْكَرُ فِي المُنَاوَلَةِ، وَكِتَابِ أَهْلِ العِلْمِ بِالعِلْمِ إِلَى البُلْدَانِ(ص15)(حدیث:64-65)

- ما قبل میں 5 الفاظ بیان کیا حدیث نقل کرنے کے لئے اور چھٹا طریقہ: وجادۃ ہے: شیخ کی کتاب پالے اور بیان کرے اس سے
- شروع کرے تو یہ جائز نہیں سوائے کہ مقرون بالاجازۃ ہو
- اور ساتواں طریقہ: اجازۃ ہے؛ کؒ: جائز نہیں یعنی نااہل کو اگر اہل بن جائے تو جائز ہو گا اسی پر عرف وعادت ہے
- آٹھواں طریقہ: المناولۃ المقرونۃ بالإجازۃ
- نواں طریقہ: کتاب اھل العلم بالعلم: خط لکھنا اور اجازت دینا
- مصنفؒ کے نزدیک مناولۃ اور کتاب ایک ہی چیز ہے اور بعض نے مناولۃ کو ترجیح دی ہے
- حؒ: کتابت فی الحدیث، کتاب إلی القاضی کی طرح ہے اور اسکے لئے بھی شاھدین چاہئے
- شیخ الہندؒ: مصنفؒ کا مقصد مناولۃ کو ثابت کرنا ہے لیکن انکو حدیث نہیں ملی اس پر تو کتابت کے احادیث سے ثابت کر دی
- مناولۃ اور قراءۃ میں فرق ہے: حؒ فؒ: المناولۃ منحطۃ عن القراءۃ

کؒ اور شعبہ: اجازت کا انکار یعنی نااہل

- آپ ﷺ نے خط لکھا اور دحیۃ کلبی کو بھیجا، بحرین کے گورنر کی وساطت سے کسری تک پہنچایا
- فارس (پرویز) کے بادشاہ نے آپ ﷺ کو پکڑنے کے لئے 2 آدمی کو بھیجا تو آپ ﷺ نے ان دونوں کو خوشخبری دی کہ شیرویہ نے پرویز کو قتل کیا۔
- کتابت حجت ہے تو حدیث میں بھی۔

- مصاحف کو بھیجا: کوفہ، بصرہ، یمن، بحرین، شام، مکہ، مدینہ (7 نسخے تھے) اور بعض کہتے کہ صرف 4 تھے: مکہ شام بحرین اور مدینہ
- اعتماد علی المکتوب کا حکم دیا عثمانؓ نے۔

جمع ابی بکرؓ و عثمانؓ کے درمیان میں چند فروق:

1) ابو بکرؓ نے مصحف کو لکھا اور دونوں قراءات یعنی متواتر و غیر متواتر شامل تھیں اور عثمانؓ نے صرف متواتر کے لکھنے کا حکم دیا

2) ابو بکرؓ کے دور میں ترتیب نہیں تھی اور عثمانؓ کے دور میں ترتیب کے مطابق جمع کیا گیا

3) ابو بکرؓ کے دور میں متابت عام تھی اور عثمانؓ کے دور میں کتابت علی جمع القراءۃ تھی

4) ابو بکرؓ کے دور میں قریش کی لغت کا خیال نہیں رکھا گیا تھا اور عثمانؓ کے دور میں اسکی رعایت کی گئی

5) ابو بکرؓ کے دور میں صرف ایک نسخہ تیار ہوا اور عثمانؓ کے دور میں 7 یا 4 نسخے وبعث بھا إلی الآفاق

-ورآی عبد اللہ بن عمرو ہے یعنی واؤ ساقط ہے اور بعض کہتے کہ عبد اللہ بن عمر عُمری ہے جو ضعیف ہے۔

-اعتماد علی الکتابۃ جائز

-عبد اللہ بن جحشؓ المجدّع: أول سریۃ غنم فیھا المسلمون اور عمرو بن الحضرمی کو قتل کیا؛ 8 یا 12 آدمی تھے

2 دن کی مسافت طے کر کے مقام نخلہ پر پہنچ کر پھر خط کو کھولے؛ معلومات حاصر کریں کہ قریش کی کیا حرکت تو عمرو بن الحضرمی ملا تو اسکو قتل کیا اور پھر مشرکین نے اعتراض کیا کہ اول رجب میں قتل کیا اسکو۔

- یسألونک عن الشھر الحرام پھر نازل ہوا
- کہتے ہیں کہ یہ لکھا تھا کہ نیا کوئی کام نہ کرے بلکہ صرف تلاش کرے لیکن بعض کہتے کہ جہاد کا حکم دیا تھا۔
- حدیث: بعث بکتابہ رجلاً: عبد اللہ بن حذافۃ (اسیر الروم) رومی بادشاہ نے کہا تھا کہ آپ ہمارا سجدہ کرے اور ہمارا ہو جاؤ تو آپکو حکومت دیں گے تو انکار کیا، تو تیل ابالا بادشاہ نے اور ایک ساتھی کو ڈالا تو کہا کہ ڈالتے جاؤ لیکن سجدہ نہیں کرونگا پھر کہا ٹھیک ہے تو بوسہ دے دو
- عظیم البحرین: منذر بن ساوی اور کسری کا نام: پرویز (کامیابی) بن ھرمُز (إلہ الخیر) بن نوشیروان (نوشین روان: جان بہت پیاری)
- شعر: وکلما أبصرت عیناہ من رجل إلا ومعناہ إن فطشت فی لقبہ
- 4 سال میں 10 آدمی بادشاہ بنے، پھر ایک عورت حاکمہ بنی تو آپ ﷺ نے فرمایا: لن یفلح قوم ولّوا أمرھم امرأۃً
- منکرین حدیث اعتراض کرتے صحابی (ابو بکرۃؓ) پر وغیرہ کہ ان پر حد قذف واقع ہوا۔
- حدیث: انس بن مالکؓ: خاتمًا: انگوٹھا اور مہر کو کف کی طرح رکھتے۔
- ابو بکرؓ کے خاتم پر لکھا: نعم القادر اللہ؛ عمرؓ کے خاتم پر لکھا: کفی بالموت وعظًا
- عثمانؓ کے خاتم پر لکھا: لتصبرن أو لتندمنّ؛ علیؓ: الملک للہ؛ ابو حنیفۃؒ: قل الخیر أو اسکت؛ سؒ: من عمل برأیہ ندم
- مؒ: الحمد للہ
- احناف، مالکیہ اور حنابلہ: بائیں ہاتھ افضل انگوٹھا رکھنے کے لئے اور شافعیہ: دائیں ہاتھ افضل
- انسؓ عبد اللہ بن جعفر: دائیں ہاتھ پر رکھتے۔ اور ابن عمرؓ بائیں ہاتھ پر۔
- اگر بائیں ہاتھ رکھے تو اتارنے اور لگانے میں دائیں ہاتھ استعمال کرنے کی فضیلت ہو گی۔ بہر حال دونوں کی گنجائش ہے جیسے معانقہ
- عثمانؓ کے زمانے میں بئر أریس میں آپ ﷺ کے مہر گر گئے اور برکت ختم ہونے کی علامت تھی۔

بَابُ مَنْ قَعَدَ حَيْثُ يَنْتَهِي بِهِ المَجْلِسُ، وَمَنْ رَأَى فُرْجَةً فِي الحَلْقَةِ فَجَلَسَ فِيهَا(حدیث:66)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: علم کے حلقے میں خالی جگہ دیکھے تو وہاں بیٹھ جائے تو یہ اولی ہے
  مجلس علم کے آداب طالب علم کے لئے
- ماقبل سے ربط: مناولۃ مجلس میں اور یہ مجلس کے آداب معلم و متعلم کے لئے ہے۔
- ابو واقد: 1) یہ ہے جو صرف ایک ہے پورے بخاری میں اور نام: حارث بن مالک
  2) مولی رسول اللہ ﷺ
  3) ابن نمیر

-مستدرک حاکم میں ہے کہ دوسرا چلا گیا تھوڑی دیر کے لئے پھر دوبارہ آیا۔

- 3 آدمی آئے تھے: 1) واپس گیا منافق یا صاحب حاجت تھا تو ثواب سے محروم
  2) ایک نے فرجۃ پایا تو بیٹھ گیا
  3) ایک پیچھے بیٹھا (یعنی حیا کی اور حیاء شعبۃ من الإیمان اور تخطی الرقاب نہیں کیا) اسی لئے بعض کے نزدیک یہ بہتر ہے۔

-بعض کہتے کہ دوسرا آدمی بہتر اسلئے کہ آپ ﷺ کے قرب کو پایا اور خلا پُر کرنے کی سنت ادا کی اور تخطی رقاب ضرورت کی بنا پر جائز ہے اور اسنے بھی حیا کی لیکن حیا شرعی اور تیسرے نے حیا عرفی کی۔

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «رُبَّ مُبَلَّغٍ أَوْعَى مِنْ سَامِعٍ»(حدیث:67)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: غیر فقیہ اور فقیہ دونوں سے علم حاصل کرو، جو فقیہ نہ ہو تو ممکن ہے کہ وہ متعلم فقیہ ہو اور آپ ﷺ کے احادیث جامع الکلمات
- 1) جواز الحمل علی من لیس بفقیہ تو جو فقیہ ہے یا نہیں ہے اسکو متعلم یا معلم بنادو
  2) جو حلقے میں بیٹھے وہ مبلغ تو یہ آداب مبلغ کو بیان کرے:
  من آداب المبلغ أن یبلّغ الکامل والناقص
  مبلَّغ ایسا لفظ جو مشترک ہے مبلغ شامل ہے مبلغ إلیہ
- رب: (حرف) اسم (بصریین کے نزدیک) المبالغون الکثرون أو عی من سامع یوجد فی الناس اور کوفیین کے نزدیک (مبتداء)
- زمامگ نکیل؛ الحطام: الحبل الذی یتصل
- سکتت طائفۃ وأجابت جماعۃ: تو اشکال نہ ہو کہ 2 روایت میں بولے یا ابتداءً ساکت بھے پھر بولنے لگے۔
- امسک انسانٌ: 1) بلالؓ یا عمرو بن خارجۃ یا ابو بکرۃ (اصح)
- سوال کیوں کیا آپ ﷺ نے؟ جواب: 1) تاکہ اوقع فی الذھن اور متوجہ ہو جائے
- عام طور پر مشبہ بہ اقوی ہوتا ہے؛ انسان کی حرمت
  جواب: مشبہ بہ اقوی نہیں بلکہ مشبہ بہ اشہر ہوتا ہے
- کبھی غیر صحابی افضل ہو سکتا ہے فضیلت جزئی کی بنا پر اور علو درجات و کثرت ثواب حاصل ہے صحابہؓ کو اور یہ فضیلت کلی ہے۔

بَابٌ: العِلْمُ قَبْلَ القَوْلِ وَالعَمَلِ (حدیث:....)

- 1)علم مقدم ہے عمل اور تبلیغ پر اویہ معلم کے آداب میں سے اور آداب معلم کو بیان کیا

واضع العلم عند غیرہ أھلہ کمقلد الخنازیر اللؤلؤ

2)دوسرا ادب: اے معلم علم پہلے اور تبلیغ بعد میں

ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) آداب العلم اور 2) تقدم العلم ذاتاً و شرفاً۔

- تقدم کی کئی قسمیں ہیں: 1) تقدم علت: وجود الشمس مقدم تقدم نہار پر

2)تقدم زمانی جیسے موسیٰؑ مقدم ہے عیسیٰؑ پر

3)تقدم طبعی: مؤخر مقدم کا محتاج ہو کتقدم الواحد علی اثنین

4)تقدم وضعی: ایک چیز دوسری پر مقدم ہو بالنسبۃ إلی مکان معین کتقدم الصف الأول إلی المنبر

5)تقدم شرفی: ابو بکرؓ کا تقدم عمرؓ پر

-علم علت ہے تبلیغ کا اور علم زمانہ میں بھی مقدم ہے اور تقدم طبعی بھی ہے

-العلم قبل القول: علم کو مت چھوڑو اس بہانے سے کہ عمل نہیں کرتا

-علم پہلے استغفار بعد یعنی عمل استغفار

-سابق گناہوں پر ندامت فی الحال چھوڑ دے اور آئندہ نہ کرے اور حقوق اللہ اور حقوق العباد کو ادا کرے: واستغفر لذنبک: وسوسہ دل سے مٹا دے واللہ یعلم متقلبکم و مثواکم تو یہ نہ سوچے کہ کام کرتا ہوں لوگ نہیں مانتے

-وإن العلماء ورثۃ الأنبیاء حدیث میں اور أنّ ہو تو باب پر عطف ہے

-انبیاء کی وراثت علم و عمل تبلیغ ہے اور ابو داؤد کی روایت: من سلک طریقاً یلتمس فیہ علماً سھل اللہ لہ طریقاً إلی الجنۃ (اعمال صالحہ کی توفیق یا عمل کا راستہ آسان ہو گا)۔

-وراثۃ العلم مقدم ہے وراثۃ العمل سے

-علماء أمتی کنبی بنی إسرائیل والحدیث لیس ثابت بھذا اللفظ

-بعض روایت میں: إنما یخشی اللہ أی یعظّم اللہ من عبادہ العلماء اور تجوید میں یہ روایت نہیں ہے

-وما یعقلھا إلا العالمون عالمین سمجھتے آیات کو (تو اسکے مطابق عمل کرتے) وما یتذکر إلا أولوا الألباب

-نسمع (تقلید کی طرف اشارہ ہے) أو نعقل (اجتہاد کی طرف اشارہ): یہ کافی نہیں بلکہ سننا سمجھنا اور اس پر چلنا یہ کامیابی

-عالم أفضل: إنما یتذکر أولوا الألباب

-من یرد اللہ بہ خیراً یفقھ فی الدین (دین کی گہری و عمیق سمجھ خیر ہے) (مصنفؒ نے اسکو ترجمۃ الباب میں ذکر کیا اسلئے کہ انکی شرائط پر نہیں)

-فقہ: 1) علم استدلالی جو علم دلائل سے ثابت

2)العلم العمیق الدقیق

1) وَلِلَّهِ خَزَائِنُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَلَكِنَّ الْمُنَافِقِينَ لَا يَفْقَهُونَ (7)(سورة المنافقين)

2) وَلِلَّهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُولِهِ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَلَكِنَّ الْمُنافِقِينَ لا يَعْلَمُونَ (8) (سورة المنافقين)

-ایک شعور ہے جو حواس خمسہ سے حاصل ہو

3)العلم الراسخ الظاھر اثرہ علی البدن

4)فھمُ مراد المتکلم(آپ ﷺ نے ابن عباسؓ کے لئے فقاہت کی دعا کی: اللھم فقھہ فی الدین وعلمہ التأویل)

-حکمۃ:1)فراسۃٌ یوضع بھا کل شیء فی محلہ

2)السنۃ المحکمۃ القائمۃ فی الناس

3)اتقان العلم والعمل

4)استخراج العلل واللطائف والنکت(گویا حکمت فقہ سے بھی اونچی چیز ہے)

-ھل یستوی الذین یعلمون(الدین)والذین لایعلمون

-دنیا کے علم کو صنعت کہتے اور اصل علم علم دین ہے

-یاٰیھا الناس تعلموا فإن العلم بالتعلم(یہ حدیث مرفوع کا ایک ٹکڑا ہے جو مصنفؒ کے شرائط پر نہیں اترتا)

-تبلیغ کی اہمیت کا بیان شروع ہوتا: قال ابو ذرؓ:.....

معاویہؓ شام کے گورنر تھے تو عثمانؓ سے شکایت کی کہ وہ مال کے خلاف بیان دیتا رہتا ہے کہ مال جمع مت کرو سوائے زکوۃ کے تو ربذہ مقام میں ٹھہرایا اور حج وعمرے کے لئے آتے تھے اور پھر مال کے خلاف تقریر کرتے تھے(اور یہ آیت بطور مقدمہ پڑھتے تھے والذین یکنزون الذھب والفضۃ.....)تو کسی نے کہا کہ آپکو تو منع کیا ہے تو کہا کہ تقریر تبلیغ ہے اور تبلیغ کو کیسے روکوں؟!

-صمصامۃ:مضبوط تلوار جو ٹیڑھی نہ ہو یا جسکی ایک تیز جانب ہو

-"لو" دوام کے لئے، تلوار رکھو گے تو تب بھی تبلیغ کرونگا تو بغیر تلوار کے بدرجہ اولی کرونگا

-نعم العبد صھیبٌ لو لم یخف اللہ لم یعصہ

-قفا:گدّی:سر کے آخری حصے

-ابو ذرؓ کا نام:جندب بن جنادہؓ اور امیر کی اطاعت ان چیزوں میں نہیں سمجھتے تھے او اشکال پیدا نہ ہو۔

-لیبلّغ الشاھدُ الغائبَ:بعد العلم؛شاھد جو آپ ﷺ کی مجلس میں حاضر ہو

-علم قبل العمل آیات پیش کیا اور قال ابو ذرؓ سے علم قبل التبلیغ کو ثابت کیا

-ربّانی:1)اللہ والے(الف اور نون دونوں خلاف قیاس جیسے نور نورانی)؛ 2)جو لوگوں کی تربیت کرتا ہے چھوٹے علم سے(مقدمات یا علوم آلیہ یا فروع یا واضحات)بڑے علم سے پہلے(مقاصد یا علوم عالیہ یا اصول یا مشکلات)جیسے عرب کا طریقہ:مثال سمجھائیں گے پھر تعریف بتائیں گے

-فقہاء گ اتقان العلم والعمل

-حکماء:حکمۃ سے:لوہے جو گھوڑے کے لگام سے لگایا جاتا ہے اور گھوڑے کے منہ میں رکھتے اس پر قابو پانے کے لئے یا اسکی تربیت کرنے کے لئے اور مالک کے تابعدار بنتا ہے تو اسی طرح آدمی حکمت میں لگا ہو تو اللہ اور اسکے رسول کی تابعداری کرتا ہے

-حکمت:السنۃ المحکمۃ

-مولانا بنوریؒ کا واقعہ:مصر سے کوئی قاری بغیر ڈاڑھی کے آئے تو لوگ تعجب میں پڑ گئے تو مولانا نے فرمایا قاری صاحب کے باطن مجھ سے اچھا اور میرے ظاہر ان سے اچھا ہے تو اللہ توفیق دے ہم کو بدلنے کی تو قاری صاحب نے کہا کہ آج سے میں ڈاڑھی مولانا کی طرح رکھونگا۔

-شاہ عبد العزیزؒ کا واقعہ: کسی کو دیکھا جسکا ازار ٹخنوں سے نیچے تو اس آدمی کو بلایا اور کہا کہ میں نماز پڑھتا ہوں اور آپ دیکھو کہ میرے ازار ٹخنوں سے نیچے تو نہیں

-یتلو علیھم آیاتہ: مکاتب اور تلی علی دعوت کی طرف اشارہ

ویزکیھم: خانقاہ کی طرف اشارہ اور و یعلمھم الکتاب: مدارس کی طرف اشارہ والحکمۃ: جامعات کی طرف اشارہ جسمیں لطائف و نکات بیان کرتے تو ایسی بات کہے جسمیں سختی نہ ہو اور کام بھی ہو جائے

- اِنہ لمجنون (سورۃ ج) ما انت بنعمۃ.....اس آیت کے ذیل میں شاہ عبد العزیزؒ نے بہت سے واقعات بیان کیا جو آپ ﷺ کی حکمت و عقلمندی پر دال ہیں
- حجر اسود کا واقعہ بھی ایک نمونہ ہے
- سوال: حکمت تو بعد کی چیز ہے تو پہلے کیوں ذکر کیا؟ جواب: حکمت اعلی درجے کی چیز ہے

بَابُ مَا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَخَوَّلُهُمْ بِالْمَوْعِظَةِ وَالعِلْمِ كَيْ لاَ يَنْفِرُوا(ص16)(حدیث:68-69)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: وقت مقرر ہو تا کہ لوگ نہ اکتائے اور جو تبلیغ میں نکلتے یا علم سیکھنے جائے تو انہوں نے اپنا وقت اسی کے لئے فارغ کیا ہے اسی لئے وقت متعین کرنے کی ضرورت نہیں، صبح شام پڑھتے رہو!
- مخافۃ السامۃ علینا: تعب کے خوف سے شفقۃً علینا (الواقعۃ علینا یا حال کونہ واقعۃً علینا)
- علم کی مجلس عوام کے لئے احیاناً اور خواص کے لئے زیادہ لمبا ہو
- بُندار: محمد بن بشار: حافظ و محافظ کے معنے میں
- سوال: یسروا آیا تو ولا تعسروا کی کیا ضرورت ہے؟

جواب: 1) یسروا امر ہے تو ایک مرتبہ آسانی کر کے پھر جو بھی کرو

2) یسروا علی الکلام ولا تعسروا علی الأشخاص

-نہی عن المنکر میں آسانی کرو، نرمی کرو قریب البلوغ یا قریب التوبۃ کے ساتھ

-سوال: بشروا ولا تنفروا آیا تو بشارت کے بعد ولا تنذروا ہونا چاہئے اور رغبوا کے مقابل میں لا تنفروا آنا چاہئے!؟

جواب: 1) تقدیر علی سبیل الاحتباک، بشروا کے قرینے سے اسکے بعد لا تنذروا مقدر ہے اسی طرح لا تنفروا سے پہلے مقدر ہے انذار کیوں نہ ہو کہ قرآن میں اسکا حکم آیا ہے: مطلب مؤلفۃ قلوب، قریب البلوغ التوبۃ سے

2) یا لا تنذروا اِنذاراً یوجب التنفیر

3) شیخ الھندؒ: لوگوں کی طبیعت مختلف ہیں، کسی کے لئے بشارت، کسی کے لئے بشارت بمعنی انذار

تو مطلب یہ ہے کہ أخبروا الناس بالبشارات ولا تنفروا

- بِشر: تغیر الوجہ۔

بَابُ مَنْ جَعَلَ لِأَهْلِ العِلْمِ أَيَّامًا مَعْلُومَةً(حدیث:70)

- جب علم یا تعلیم کی مجلس ہو تو دن مقرر کرے تاکہ لوگوں کے لئے آنا اور مستفید ہونا آسان ہو، تو یہ مصلحت ہے
- 1)دن مقرر کرے اور اسکو ثواب سمجھے یہ بدعت ہے: الزیادۃ والنقصان بمالم یأذن بہ الشارعُ (جعل غیر الشریعۃ شریعۃً)
  2)دن مقرر کرنا آسانی کے لئے

-رجل: یزید بن عبد اللہ نخعی

-وعظ: جسمیں وعید اور دانٹ ہو، عام وعظ کو نصیحت کہتے۔

بَابٌ: مَنْ يُرِدِ اللَّهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ(حدیث:71)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: مذکر کو چاہئے کہ فقیہ ہو یعنی یہ سمجھے کہ کونسی بات کس وقت اور کہاں کہنی ہو اور کس طریقے سے، دقائق ودخائل کو جانے اور دلائل کو سمجھے۔
- اشکال: کوئی غیر مکلف مر جائے (مجانین وصبیان) یا نیا مسلمان ہو اولم یتفقہ تو خیر پر نہیں مرا!؟
  جواب: خیر میں تنوین تعظیم کے لئے تو وہ خیر پر مرے لیکن خیر عظیم نہیں
  فقیہ واحد أشد علی الشیطان من ألف عابد
- سوال: قسمت کو رسول کی طرف منسوب کیا اور إعطاء اللہ کی طرف، کیوں؟ حالانکہ حقیقی معطی و قاسم اللہ ہی ہے!
  جواب: 1)إعطاء جو أعلی ہے اور تقسیم ادنی ہے
  2)اعطی الغنیمۃ ھذہ الأمۃ شرافۃً لھم ورسول اللہ ﷺ یقسم
  3)واللہ یعطی الفھم ورسول اللہ ﷺ یقسم الحدیث
  4)آپ ﷺ یقسم العلوم واللہ ینزّل العلم

-ہذہ الأمۃ: 1)اہل سنت والجماعۃ، محدثین، فقھاء، مجاھدین مفسرین۔
2)طائفۃ من ہذہ الأمۃ

-أمر اللہ أی دین اللہ؛ لایضرھم من خالفھم

-اشکال: اہل حق کو ضرر تو دیا جاتا ہے!
جواب: 1)اپنے موقف سے نہیں ہٹا سکیں گے
2)یعنی دلیل وحجت کی رو سے مخالفت نہیں کر سکیں گے

-حتی یأتی أمر اللہ أی قیامت تو کیسے کہ حدیث میں ہے کہ قرب قیامت میں دین اٹھائی جائے گی اور ریح آئے گی
جواب: 1)حتی یأتی قرب القیامۃ
2)یہاں تک کہ ریح طیبۃ آئے
3)حتی یأتی کا تعلق لایضرھم سے اللہ کا حکم یعنی مصیبتیں اور تکالیف ان پر آئے گی
4)کنایۃ عن مکث الطویل یا دوام کے لئے

-معاویہؓ: عام الفتح مسلمان ہوئے، وحی کے کاتب 61ھ 78 سال کی عمر۔

بَابُ الفَهْمِ فِي العِلْمِ(حدیث:72)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)تفقہ نہ ہو تو فہم حاصل کرو

2)الفھم فی المناسبات مقدمۃٌ للتفقہ

3)اللہ اسی کو فقہ دیتے جسکو فہم ہو

-جُمار: کھجور کے خوشے سے سفید مغز۔

کھجور کی صفت ھاضم ہے تو مسلمان فتح کرے گا(تآکل القری)

- باغ ہی میں مؤنث کھجور عاشق ہو جاتی ہے مذکر پر اور دوسرے باغ کی بیوی سے تعلق نہیں رکھتے

بَابُ الِاغْتِبَاطِ فِي العِلْمِ وَالحِكْمَةِ(ص17)(حدیث:73)

- 1)فقہ و فہم کا نتیجہ رشک کریں گے دوسرے پر اور خود رشک کرے گا دوسروں پر

2)بتایا کہ حسد یہاں مراد غبطۃ ہے اور حسد: تمنی زوال النعمۃ من الغیر (چاہے ہمیں وہ نعمت ملے یا نہ ملے)

3)علم کے طلب میں ترغیب سردار بننے سے پہلے.....

-حسد: 1)نعمت زائل اور میرے پاس آئے

2)نعمت زائل اور میرے پاس آئے یا نہ آئے

3)نعمت زائل اور میرے پاس نہ آئے مجھ میں اہلیت نہیں(حِقْدٌ)

-شماتۃ: تمنی نزول المصیبۃ علی العدو

-خیر میں کوشش کرے گا، خیر میں تو منافست ہو گا۔

-غبطۃ و منافست(جائز فی العلم والحکمۃ)طاعات میں محمود اور معصیت میں مذموم اور مباحات میں مباح ہے

-عمرؓ: تفقھوا قبل أن تسوَّدوا

- 1)جوانی میں حافظہ قوی ہو گا؛ 2)اشتغال کم ہو گا؛ 3)علم بہترین چیز ہے تو اسمیں استعمال کرنا چاہئے؛ 4)پھر حیا نہیں ہو گی سردار بننے کے بعد۔

- قبل أن تسودوا أی قبل أن تتزوجوا(عند البعض) یا قبل أن تسوّدوجوھکم باللحیۃ

-امام بخاریؒ: قید احترازی نہیں بلکہ قید ترغیبی بعد میں بھی حاصل کر سکتے

-حسد: تمنی زوال النعمۃ من الغیر کافر شدید یا عاصی سے کرنا جائز ہے

- 2چیز:1)کمال عملی خارجی استثناء متصل ہو گا اگر حسد غبطہ مراد لے۔

2)کمال باطنی علمی(کمال علمی داخلی) یا استثناء منقطع، اگر حسد اپنے ہی معنے میں ہے، پھر تقدیر یوں ہو گی.....

-ص751 پر یہی حدیث ہے اور حسد کی جگہ غبطۃ کا ذکر ہے، لا حسد و لکن الغبطۃ فی اثنتین

-آتاہ اللہ الحکمۃ: یہاں حکمت آئی نہ کہ علم اسلئے کہ حکمت اونچی چیز ہے۔

بَابُ مَا ذُكِرَ فِي ذَهَابِ مُوسَى صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي البَحْرِ إِلَى الخَضِرِ(حدیث:74)

- 1)جو قابل رشک آدمی ہو گا تو لوگ اسکی ملاقات کے لئے مشقت برداشت کریں گے جیسے موسیٰؑ نے برداشت کی خضرؑ کی ملاقات میں
2)علم حاصل کرو مقتدا بننے کے بعد بھی اسلئے کہ موسیٰؑ علم تکوینی حاصل کرنے گئے تھے خضرؑ کے پاس

-اِلی الخضر پر متعدد اشکال کہ موسیٰؑ تو ساتھ گئے بحر میں خضر کے.....

جواب:1)اِلی مقصود الخضر یا اِلی تعلیم الخضر

2)تبعًا اِلی الخضر.....(سوراخ بنا سمندر میں اور مچھلی چلی گئی اندر تو سمندر ہی کے پاس تھے)

3)مع الخضر 4)اِلی ساحل الخضر 5)فی جزائر الخضر 6)فی البحر والبرّ اِلی الخضر

-خضر کا وجہ تسمیہ:1)انکا لباس سبز تھا؛ 2)حسن وجمال کی وجہ سے؛ 3)جہاں نماز یا بیٹھتے تھے تو سبز ہو جاتی

-ترجمۃ الباب کا مقصد:اگرچہ بحر میں سفر خطرناک لیکن علم کی وجہ سے جاسکتے

-حدیث میں آیا:اِن تحت البحر نارٌ

-لا یرکب البحر اِلا حاج أو معتمر

-أعلی علم موجود ہو تو أدنی علم کے لئے سفر کر سکتے

-علم کی راہ میں مشقت کو برداشت کو:لقد لقینا من سفرنا ھذا نصبًا

-موسیٰؑ تقریر کر رہے تھے تو کسی نے پوچھا آپ سے زیادہ کوئی عالم ہے تو کہا نہیں،تو اللہ کو یہ بات پسند نہیں آئی تو عتاب آیا

-موسیٰؑ نے سوال کیا اللہ سے:أی الناس أحب اِلیک،قال:من ذکرنی ولم ینسانی

أی الناس أقضی قال الذی یقضی بالحق،أی الناس أعلم:الذی یبتغی علم الناس مع علمہ

- اس روایت میں موسیٰؑ کے ساتھی کو خضرؑ کو بتایا ہے ابن عباسؓ نے اور ص 23 نوف بکالی نے کہا موسی بن میشا بن یوسف ہے۔
- نام خضر یا بلیا بن ملکا اور کنیت ابو العباس
- کہتے کہ قابیل کے بیٹے یا فرعون کے یا آدمؑ کے الیاس کے بھائی،ابراہیمؑ کے زمانے میں تھے۔
- ولی یا نبی تھے؟ولی ہونا مردود اسلئے کہ بار بار کہتے کہ وما فعلتہ من أمری،وقولہ تعالی:وآتیناہ رحمۃً منا؛وعلمناہ من لدنا علماً
- ولی کی ولادت سے یہ قتل سوراخ وغیرہ ممکن نہیں،تو معلوم ہوا کہ ولی نہیں ہے۔
- جب نبی تھے رسول تھے تو کیا بشر یا فرشتے تھے؟

جواب:عام مفسرین:بشر انسان تھے۔اکثر صوفیاء حضرات کہتے کہ زندہ ہے اور کہتے کہ دجال جو قتل کرے گا وہ خضر ہو گا پھر قدرت نہیں رکھے گا اسکو قتل کرنے پر

- 1)قالہ معمر مسلم بن سفیات(راوی)

2)عمر بن عبد العزیز کے ساتھ کوئی چل رہے تھے،پھر غائب،جب پوچھا کہ کون تو کہا کہ خضر تھے(روایت ضعیف ہے اور سند میں رباح سری ضمری ہے)

3)آپ ﷺ کے وفات کے بعد تعزیت کے لئے آئے اور پھر غائب ہوئے:اِن للہ عزاءً من کل مصیبۃ(سند میں عباد بن عبد الصمد وکان شیعیًا اور وہ یہ عقیدہ رکھتے کہ قیامت تک زندہ ہے)

4)صوفیاء حضرات ان سے ملاقات کرتے، مجدد الف ثانیؒ نے کہا کہ میں نے ملاقات کی تو میں نے پوچھا کہ آپ زندہ ہیں یا مر چکے؟ تو جواب دیا کہ میں مر چکا ہوں لیکن اللہ نے میری روح کو اجازت دی ہے۔

- قائلین وفات کے دلائل:

1)وفات ہوگئی (ص22) سے استدلال کرتے کہ 100 سال بعد کوئی زندہ نہیں رہے گا اگرچہ اسکا جواب دیا گیا ہے

2)وماجعلنا لبشر من قبلک الخُلد اور خُلد: ہمیشہ یا عادت کے خلاف مکث طویل کو کہتے

3)لوکان حیًّا لجاء إلی النبی ﷺ و آمن بہ تو کیوں نہیں آئے؟ وإذ أخذنا میثاق النبیین لما آتیتکم..... لتؤمنن بہ ولتنصرنہ

4)لوکان موسی حیًّا لما وسعہ إلا اتباعی

5)بدر میں دعا فرمائی: إن تُھلک ھذہ العصابۃ لن تُعبد فی الأرض أبدًا

6)وما محمد إلّا رسول قد خلت من قبلہ الرسل، ہاں عیسیٰؑ باقی ہیں دوسری دلائل سے

7)نوح أطول الأنبیاء عمرًا 1060 سال

- ابن جوزی کا رسالہ ہے (عجالۃ المنتظر فی شرح حال الخضر) اور حافظ ابن حجر کا: الزھر النضر فی حیاۃ الخضر اور ابن کثیر نے قصص الأنبیاء میں وفات کے دلائل دی ہے۔ اور ملا علی قاری کا رسالہ ہے: کشف الخذر عن أمر الخضر

- اگر کہے کہ فرشتہ ہے جیسے مولانا حبیب احمد کیرانوی نے اپنی تفسیر حل القرآن میں لکھا ہے جو مولانا تھانویؒ کی نظر سے حرفًا حرفًا گزری ہے

- مخلوقات میں سے انسان ہیں، فرشتے، جنات اور چوتھی مخلوق برزخی میں ایک مخلوق ہے جو فرشتہ اور انسان کے درمیان ہے جیسے خضرؑ اور پانچویں مخلوق وہ ہے جو انسان اور جنات کے درمیان جیسے دجال

- فرشتہ ہونے کے دلائل:

1) حتی إذا رکبا فی السفینۃ خرقھا..... تو سوال یہ ہے کہ کسی نے نہیں دیکھا کہ کشتی میں سوراخ کر رہے ہیں؟ تو یہ جواب ہو سکتا ہے کہ فرشتہ کا کام انسان نہیں دیکھ سکتے ورنہ انکی پٹائی کرتے اور فرشتے نظر نہیں آتے إلا أحیانًا

2) فلقیا غلامً فقتلہ تو دوسرے بچے نے نہیں دیکھا نہ یہ کہا کہ اسکو پکڑو؟ إذا جاء أحدکم الموت توفتہ رسلنا

3)فوجدا فیھا جدارًا..... فأقامہ بیدہ تو یہ بھی فرشتہ کرتے اسلئے کہ صاحب المعجزات موسیٰؑ موجود تھے

4)فاستطعما أھلھا تو ممکن ہے کہ موسیٰؑ کے لئے مانگا تھا۔

طبقات الحنابلۃ میں (1/187) میں لکھا ہے کہ امام احمدؒ کو شوق تھا حج کو جانے کا لیکن وسائل نہیں تھے پاس تو کوئی آئے اور کہا کہ میرے ساتھ چلو تو کہا کہ بہت دور تک لے گئے اور میرے ساتھی لذیذ کھانا لاتے تھے اور خود الگ ہوتے تھے، حج بھی میرے ساتھ کیا، پھر جب میں نے پوچھا کہ کون ہو تو کہا کہ لوگ مجھے خضر کہتے۔

تو اگر فرشتہ مانا جائے، اکثر مسائل حل ہو جاتے اور صحابہؓ سے دحیۃ کلبی کی شکل میں جبریلؑ کی ملاقات ہوئی تھی۔

- الملأ: الجماعۃ المختارۃ یملأ قلوب الناس رُعبًا
- یہ واقعہ بائبل میں مذکور نہیں تو تحریف کی وجہ سے ہے یا یہ کہ موسیٰؑ نے انکو مصلحت کی وجہ سے یہ واقعہ انکو نہیں بتایا یا پھر تورات نازل ہوئے واقعہ کے ساتھ ساتھ۔
- مچھلی کے تمام نام اس لفظ میں جمع ہے: ف محسن (فاء سے فِش، میم سے ماھی، حاء سے حوت، سین سے سمک اور ن سے وذالنون)

- مچھلی کا زندہ ہونا اور سرنگ کا ہونا یہ سب خلاف عادت ہے تو اسکے لئے خلاف قیاس لفظ لایا
- نبغِ حالانکہ نبغی ہونا چاہئے (جیسے مسجِد کا اصل مسجَد ہونا چاہئے)
- قصصًا: تلاش کرتے ہوئے اپنے قدموں کی نشانات پر واپس آنا
- جو کہتے ہیں کہ ولی تھے تو کہتے کہ کشتی میں سوراخ وغیرہ کرنا، نبی کے حکم سے تھا
- موسیٰؑ کو علم الظاھر اور خضرؑ کو علم الباطن عطا کئے گئے تو یہ کہنا صحیح نہیں اسلئے کہ شریعت میں دونوں شامل ہیں
- محی الدین ابن عربی: ولی کی ولایت نبی کی ولایت سے افضل کیسے تو اسنے جواب دیا کہ نبی کے تعلق کی 2 حیثیت ہیں: ایک تعلق..... الفرق بين أولياء الرحمن وبين أولياء الشيطان

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «اللَّهُمَّ عَلِّمْهُ الكِتَابَ»(حدیث:75)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: آپ ﷺ نے ابن عباسؓ کے لئے دعا کی علم کی کیونکہ مشقت اٹھائی انہوں نے جیسے موسیٰؑ نے تکوینی علم کے حصول کے لئے مشقت اٹھائی تھی۔
- ابن عباسؓ پوری رات تقریبًا جاگے میمونہؓ کے گھر پر تاکہ آپ ﷺ کے اعمال کو دیکھے (تو جاگتے رہنے میں بھی مشقت ہے)
- پھر جس طرح آپ ﷺ نے کیا تو اسی طرح کیا (اطاعت)
- آپ ﷺ کے لئے پانی لوٹا میں بھرا (خدمت اور سلیقہ سے خدمت کی کہ پانی کو نہ دور نہ قریب میں رکھا)
- ساتھ کھڑا کر دیا آپ ﷺ نے انکو (ادب اور عزت) حالانکہ وہ پیچھے ہٹے تھے
- آپ ﷺ خوش ہوئے تو دعا دی (انکے حق میں دعائے نبوی)
- اللہ کے لئے گئے تھے تو یہ اخلاص (حسن نیت)
- جس طالب علم میں ابن عباسؓ والی صفات ہو تو انکے لئے یہ دعا ہو گی اسلئے کہ ضمیر سے پہلے علمہ ہے اور ابن عباسؓ کا ذکر نہیں ہے۔
- افصح الناس إذا تكلم وأجود الناس وأعلم الناس (مسروق نے انکے حق میں کہا تھا)

انکے بارے میں حسان بن ثابتؓ نے چند اشعار کہے تھے:

إذا قال لم يترك مقالا لقائل ... بملتقطات لا ترى بينها فصلا

كفى وشفى ما في الصدور ولم يدع ... لذي اربة في القول جدا ولا هزلا

سموت إلى العليا بغير مشقة ... فنلت ذراها لا دنيا ولا وغلا

وقد جاءت هذه القصيدة بتمامها في ديوان حسان، قال:

إذا ما اِبنُ عَبّاسٍ بَدا لَكَ وَجهُهُ رَأَيتَ لَهُ في كُلِّ أَحوالِهِ فَضلا

إِذا قالَ لَم يَترُك مَقالاً لِقائِلٍ بِمُلتَقَطاتٍ لا تَرى بَينَها فَصلا

كَفى وَشَفى ما في النُفوسِ فَلَم يَدَع لِذي إِربَةٍ في القَولِ جَدّاً وَلا هَزلا

سَمَوتَ إِلى العَليا بِغَيرِ مَشَقَّةٍ فَنِلتَ ذُراها لا دَنِيّاً وَلا وَغلا

خُلِقتَ خَليقاً لِلمَوَدَّةِ وَالنَدى فَليحاً وَلَم تُخلَق كَهاماً وَلا جَهلا

- محمد بن حنفیہ نے انکا جنازہ پڑھایا اور کہا کہ قرآن کریم کا ترجمان اور جسر ھذہ الأمۃ کا انتقال ہوا
- ضمَّنی إلی صدرہ یعنی معانقہ کیا
- اشکال: معانقہ منع ہے

جواب: وہ معانقہ جسمیں قمیص حائل نہ ہو اور فتنہ کا خوف ہو تو منع ہے ورنہ نہیں

- ایک روایت میں اللھم فقھہ فی الدین وعلمہ التأویل، ص753 تو فی رسول اللہ ﷺ وأنا ابن عشر سنین اور ایک روایت میں 13 سال
- انہوں نے مشقت فی الحضر کو برداشت کیا اور ترمذی میں اللھم علمہ الحکمۃ بھی ہے

بَابٌ: مَتَى يَصِحُّ سَمَاعُ الصَّغِيرِ؟(حدیث:76-77)

- ما قبل میں دعاء الصغیر، یہاں سماع الصغیر کا ذکر ہے
- ابن عباسؓ نے احادیث سنی جبکہ صغیر تھے تو اسی طرح عبد اللہ بن زبیرؓ، نعمان بن بشیرؓ، محمود بن ربیعؓ
- امام نوویؒ: اگر مشاہدہ سے تعلق ہو تو مشاہدۃ الصغیر صحیح ہے ورنہ اگر عقل سے متعلق ہو تو صحیح نہیں ہو گا (لیکن یہ صحیح نہیں ہے)۔
- یحیی بن معین: بالغ ہونا ضروری، تو ممکن کہ بالغ ہونا ضروری ادائے گی کے لئے، خود دیکھنے کے لئے بالغ ہونا ضروری نہیں۔
- ابن لبان: میں مقری ابو بکر کے پاس تھا تو کوئی آیا اور کہا کہ یہ قرآن کریم کے حافظ ہے اور میری عمر 5 سال کی تھی تو قاری ابو بکر کو شک ہوا تو سوالات کرنے لگے۔
- سوال کرتے رہو والعُھدۃ علی تو بہت سے نابالغ بالغ ہونے سے پہلے ہوشیار ہیں
- بعض کہتے کہ حد 4 سال یا 5 سال کی عمر ہے اور اصح قول یہ ہے کہ تحدید نہیں بلکہ فہم اور حافظہ کر سکے تو ٹھیک ہے۔
- یا جب بالغ ہو تو علم ضروری اسکے لئے حاصل کرنا ہو گا۔
- حمارۃ نہیں آیا بلکہ حمار أتان زیادہ صحیح و فصیح ہے۔
- بزار کی روایت لیس شیء یسترہ: روایت بالمعنی یا دیوار نہیں تھی بلکہ سترہ تھا۔
- ص527 عبد اللہ بن زبیرؓ کی حدیث موجود ہے لیکن یہاں یہ حدیث ذکر کیا کہ مشتمل ہے حکم من أحکام الشریعۃ
- سترۃ الإمام کافیۃ للمقتدی
- مجھانی وجھی: 1) برکت کے لئے؛ 2) شفاء کے لئے؛ 3) مزاح کے لئے۔

بَابُ الخُرُوجِ فِي طَلَبِ العِلْمِ(حدیث:78)

- متعلمین کے آداب کا ذکر: اگر بحری سفر کی ضرورت تو موسیٰؑ نے بحری سفر کیا ہے۔
- ابن عباس کی طرح بننا چاہئے (6 نمبر صفات)
- طلب العلم فی الصغر کالنقش علی الحجر
- الخروج عام ہے چاہے بحری ہو یا بری
- اگرچہ السفر قطعۃ من العذاب اور فإذا قضی أحدکم نھمتہ فلیرجع یا فلیتعجل إلی أھلہ
- ما قبل: صرف بحر کا ذکر تھا اور یہاں دونوں کا ذکر ہے
- ما قبل بعید یا قریب کا سفر ہو جابرؓ: ایک مہینے کا سفر کیا شام تک ایک حدیث کے لئے

- یحشر اللہ العباد فینادیھم
- ابو ایوب انصاریؓ مصر گئے عقبہ بن عامرؓ کے پاس ایک حدیث کے لئے
- محمد بن مسلمہ نے کہا عقبہ بن عامر کے پاس پہنچاؤ من ستر علی مسلم فی الدنیا.....
- اوزاعی: تبع تابعی دمشق میں رہتے، پھر بیروت آئے اور سرحد پر رہتے تھے، حمام میں آئے متوسداً یمینہ اِلی القبلۃ
- اوزاع حمیر یمن کا ایک قبیلہ اور 157ھ وفات ہوئی۔
- سرنگ میں داخل ہوئے سمندر میں اپنے قالین کو بچھا کر سوئے ہوئے
- فرشتے کی دو قسمیں ہیں: 1) علوی: آسمانی فرشتے؛ 2) سفلی: اسکی بھی دو قسمیں: 1) جو فرشتے کی حالت میں رہتے
  2) اکثر انسانی شکل میں متشکل ہوتے اور انکو رجال الغیب کہتے۔

-ابن مبارکؒ: میں جہاد میں تھا میرا گھوڑا گرا اور مر گیا تو ایک آدمی آیا اور کہا کہ آپ بڑے مشکل میں پڑ گئے تو گھوڑا کو اٹھایا، پھر جب جنگ ختم ہوئی تو گھوڑا مرا، دوسرے دن وہی آدمی ملے تو کہا کہ میں خضر ہوں

- 2 سبق پڑھا: 1) کشتی میں سوراخ (تاکہ ظالم بادشاہ انکی کشتی نہ چھین لے) نبی والا کام یہ ہے کہ ظلم کا مقابلہ کرے اور نہ کر سکے تو مظلوم کو بچائے ظالم سے اور اصلاح المعاش
  2) نفس کو قتل کیا جو والدین اور دوسروں کی بربادی کا باعث: نبی والا کام یہ ہے کہ جو لوگ نسلوں کو بگاڑ رہے ہو تو انکا صفایا کرنا چاہئے 2.1) نفس اَمّارۃ کو دفع کرنا چاہئے: دفع مضرّت۔
  3) بستی میں دیوار ٹھیک کر دی حالانکہ کھانا نہیں دیا: کیونکہ انکے والد یا دادا اچھے تھے

سبق: نبوت والا کام یہ ہے کہ جو دین کا خزانہ ہمارے پاس ہے تو مستحقین تک پہنچائے، صرف اللہ کی رضامندی کے لئے نہ اسمیں کوئی غرض ہو کہ لوگ ہمیں کھلائے، تبلیغ جماعت کی اہمیت کہ اپنا خرچہ کرتے اور دین کو پہنچاتے، یہ اصل مقصد ہے۔

- اَرَأیت: کیا آپکو معلوم ہو؟ یا اَخبرنی کے معنے میں

بَابُ فَضْلِ مَنْ عَلِمَ وَعَلَّمَ (ص18) (حدیث:79)

- ترغیب التعلیم بعد التعلم
- آداب المعلمین میں پہلے فضیلت ہے چونکہ متعلم کے بعد معلم بنتے
- علم کو پھیلانا ہے
- علم کو تشبیہ دی بارش سے
- ھدی: عمل؛ دین کی مثال بارش کثیر
- مطر عام ہے اور غیث: نافع مفید بارش کو کہتے
- نقیۃ: عمدہ زمین؛ کلأ: عام تازہ یا سوکھا گھاس؛ عشبٌ: تازہ حشیش
- أجدب: سخت زمین؛ 1) پہلی زمین منتفع بھا: زمین پانی، گھاس، فصل
  2) دوسری زمین: زمین سے فائدہ لیکن نباتات نہیں

3) تیسری قسم کی زمین: منتفع بھا زمین نہیں

- مولانا بنوریؒ: إن الإمام البخاری صنف کتابًا فی الدین قبل أن صنف کتابًا فی الحدیث قاعًا صفصفًا قرآن میں آیا

- اشکال: اس حدیث میں 3 مشبہ بہ مذکور اور مشبہ کی جانب میں دو چیزیں ہیں۔

جواب: 1) مثل من فقہ.....وعلم وعلّم میں تعمیم یعنی عمل اولم یعمل: زمین میں پانی یعنی تعلیم اور عمل تو اسکی مثال یہ ہے کہ زمین میں خوبصورت پھول درخت اور تیسرا لم یرفع بذلک رأسًا: علم ضائع یا جاھل یا دین کو سرے سے نہیں مانتا

2) اجتھد أولم یجتھد، استنبط اولم یستنبط: زمین میں پھل پانی سے فائدہ اٹھایا، ہر قسم کے اناج اگاتی تو اسی طرح مجتھد سے ہر جگہ فائدہ اٹھاتے۔

-لم یجتھد: جیسے محدث معلم پانی سے فائدہ اٹھاتے لیکن اجتھادات سے نہیں اسلئے کہ ہے ہی نہیں۔ اور تیسرا عالم یا معلم جو بے فائدہ یا جاہل ہے۔

3) بلّغ ام لم یبلّغ: اگر تبلیغ کرے تو پہلی زمین کی طرح اور اگر نہ کرے تو اصل دین کا مغز و عمل نہیں پہنچاتا

4) مثل من فقہ و من نفعہ بما میں "من" مقدر ہے یعنی مثل من فقہ: ھ پہلی قسم کی زمین اور دوسری قسم؛ جامع بین العلم والعمل؛ من نفعہ: تعلیم کرتا لیکن عمل نہیں تو فائدہ دیتے؛ فمن یھجر رسول اللہ منکم ویمدحہ وینصرہ سواء

5) حدیث میں اعلی کا اور ادنی کا ذکر اور متوسط محذوف: اعلی فقہ و علم و علّم (پہلی قسم کی زمین)

ادنی: بے کار زمین، عالم غیر معلم اور غیر عمل اور متوسط زمین پانی ہے لیکن نباتات نہیں تو اسکا مشبہ محذوف ہے: علم و معلم لیکن فقاہت نہیں۔

سب سے اچھا جواب: 6) مشبہ 2 ہیں اور مشبہ بہ بھی لیکن نمبر 1 کی دو شاخ مذکور: 1) أرضًا منتفعةً بھا کی 2 قسمیں: 1) ینتفع بما ھا ونباتھا

2) منتفع بھا بماءھا (أجادب)

اسی طرح مثل من فقہ و علم و علّم کی 2 قسم: 1) اسکے احادیث و بیان و اعمال سے فائدہ اٹھاتے لوگ

2) لوگ اسکے پانی سے فائدہ اٹھاتے لیکن اسکے عمل و نتیجہ سے نہیں، عالم و معلم لیکن دین پر چلنے والا نہیں۔

بَابُ رَفْعِ العِلْمِ وَظُهُورِ الجَهْلِ (حدیث: 80-81)

- اشکال: جب علم اٹھ جائے گا تو خود بہ خود جہالت ہو گی تو کیوں ظہور الجہل ذکر کیا؟

جواب: ایسی جہالت ظاہر ہو گی کہ لوگ اسکو علم سمجھیں گے

- ما قبل کی ضد: ما قبل علم کے پھیلنے کا ذکر اور یہاں علم کے ختم ہونے کا ذکر

ما قبل میں ترغیب فی العلم اور یہاں تنفیر عن الجھل

ما قبل میں علم سبب بقاء العالم اور یہاں علم نہ ہو گا تو قیامت قریب

- رفع علم کا مطلب: علم ختم یا قلیل ہو جائے

- ربیعۃ الرائی: امام مالکؒ کے استاذ، انکے والد نے 30 دراھم چھوڑ دیا اور جہاد میں گئے، پھر 30 سال بعد آئے تو سوال کیا دراھم کے بارے میں تو بیوی نے کہا کہ جاؤ مسجد میں دیکھو.....
- رائی کہتے لکثرۃ اجتھاداتہ (شیخ عبد الفتاح نے اس قصے کا انکار کیا)
- تضییع العلم: 1) علم کو مستحقین سے روکے اور غیر مستحقین کو دے
تضییع نفس: 2) علم کی مشغولیت کو چھوڑ دے

3) اپنا تعارف نہ کرے؛ تعارف کا ایک طریقہ یہ ہے کہ شہروں میں منتقل ہو

- امام طحاویؒ طحا کو چھوڑ کر قاہرہ میں آئے اور شیخ عبد القادر نے جیلان کو چھوڑ کر بغداد میں آئے۔

الحمد اللہ الذی.....وأعلی حزبہ فی الأمصار (کنز کا مقدمہ)

4) علم کی تعظیم نہ کرے؛ نعم الأمیر علی باب الفقیر وبئس الفقیر علی باب الأمیر

- علم کا ختم ہونا: اختلال فی الدین ہے اور پھر انسان کا بنایا ہوا قانون چلے گا تو یہ جہل ہے۔

دین عقل نسب نفس مال 5 بنیادی چیز ہیں تو رفع علم سے اختلال فی الدین

شرب خمر سے خلل فی العقل، زنا سے اختلال فی النسب، پھر قتل سے اختلال فی النفس، پھر ایک کے مال کو چھین لینا یہ اختلال فی المال

- اشکال: یہ ہر زمانے میں ہوتے! جواب: 1) اتنی کثرت سے نہیں ہوگی؛ 2) اجتماع ھذہ الأمور فی قرب القیامۃ
- رفع العلم: 1) علماء ختم ہونگے:.....ولکن یقبض العلم بقبض العلماء

2) بترک العمل

3) بترک الجُھد لہ والمحنۃ

4) قرب قیامت میں خالی اوراق دیکھیں گے جب صبح اٹھیں گے: محو الحروف عن المصاحف فی قرب الساعۃ

- انسؓ آخر صحابی موتًا فی بصرۃ 93ھ اور ابو الطفیل آخر الصحابی موتًا ص 20 110ھ

- لڑائی ہوگی جسمیں مرد زیادہ قتل ہونگے یا زیادہ فتوحات کی وجہ یا باندیاں زیادہ ہونگے یا ولادت لڑکیاں کی زیادہ ہوگی یا موطوءۃ زیادہ ہونگی، زیادہ جماع کریں گے۔

- القیم الواحد لخمسین: 1) جماع کرے گا؛ 2) یقوم بأمرھن یعنی نگرانی کرے گا؛ 3) خمسین کثرت کے لئے

- ایک مرد متعدد عورتوں کے ساتھ جماع کر سکتا اور طاقت رکھتا ہے

- مرد اقوی عقلاً (حرارت زیادہ جسکی وجہ سے کثرت جماع کی طرف مائل) وشرعًا (ایک مرد کے لئے 4 بیویاں کی اجازت دی ہے) وتجربۃً: مرد بلاتا ہے جماع کے لئے۔ اور قیاسًا: مرد کو قیاس کرے بھیڑ بکریوں پر اور اونٹوں پر اور گائیوں پر

- مفسرین کے یہاں مشہور ہے کہ عورت میں شہوت زیادہ: الزانیۃ والزانی تو زانیہ مقدم کیا

محققین کا جواب: تقدیم کا مطلب ملامت کرنا اسلئے کہ اے عورت تم میں اللہ نے شہوت کم رکھی، پردہ رکھا تو کتنی بری بات ہے کہ تم زنا کرے؟!

اسی طرح والسارق میں سارق کو مقدم کیا اسلئے کہ مرد کما سکتا ہے کام کر سکتا ہے تو یہ بہت شرم کی بات ہے!؟

- وہ روایات جسمیں عورت میں زیادہ شہوت تو ضعیف ہیں یا تاویل کی گئی یعنی عورت میں زیادہ رغبت ہوتی۔
- شفقت غالب مودت پر اور مرد کی قوت زیادہ اور شہوت مبنی ہے قوت پر

- ایک مرد کے لئے 4 بیویوں کی اجازت ہے اسلئے کہ عورت 4 مہینے صبر کر سکتی، الگ الگ بیوی اگر نوبت ایک مہینہ کا ہو۔
- اس پر ایلاء ہے، عدت وفات 4 مہینے ہے اور حفصہؓ کا قول: عمرؓ جارہے تھے گشت کے لئے تو ایک عورت کو سنا جو اشعار پڑھ رہی تھی

واللہ لولا اللہ یُخشی عواقبہ لزحزح عن ھذا السریر جوانبہ

تو عمرؓ بہت پریشان ہوئے تو صبح جب بلایا تو کہا میں کوئی فاحشہ عورت نہیں ہوں لیکن میرے شوہر ایک فوج میں ہے تو عمرؓ نے حفصہؓ سے مشورہ کیا تو 4 مہینے کے بعد ہر سپاہی ہو چھٹی دی جاتی تھی

- مرد ایک مرتبہ جماع کرے مہینے میں تو اسکا کام چل جائے گا اور عقل کا بھی یہی تقاضا ہے کہ مہینے میں حیض ہے جب پاک ہو جاتی تو رغبت ہوتی ہے کہ جماع کرے۔
- خمسین پر اگر نگران مرد لے لے تو کوئی اشکال نہ ہو مگر اگر جماع مراد لے لے تو پھر سوال پیدا ہوتا ہے تو جوب دیتے کہ اگر جوانی محفوظ کرلی تو اسمیں اتنی قوت ہو گی۔
- قتال کا مطلب حروب اور صراحت ایک اور روایت میں ہے تو اختلال النفس والمال ہو گا۔

بَابُ فَضْلِ العِلْمِ (حدیث:82)

- یہ باب مکرر ہے (یہاں فضل العلم ہے اور پہلے فضل العلماء کا بیان تھا)
- القدر الزائد من العلم یعنی زائد علم کو سیکھ لو کہ فتوی میں کام آجائے یا دوسرے حکمت کے مسائل
- علم کی حفاظت بھی ہو گی، فرائض وواجبات کو سیکھنا اور علاوہ مندوبات بھی
- زائد علم سیکھ لو تا کہ لوگوں پر تقسیم کرے (زائد کتاب بھی ہو تب بھی رکھ لو)
- منھومان لایشبعان: منھوم فی العلم و منھوم فی المال
- ما قبل سے ربط: رفع العلم ہے پہلے اور یہاں حفظ العلم کہ قدر زائد کو سیکھ لو
- فضل: جو بچا ہے تقسیم کرو کہاں؟ آگے باب الفتیا اور یہ کام کی چیز ایسا نہیں ہے کہ لایعنی میں داخل ہے
- ایک روایت میں ہے کہ میرے زائد علم کو میں نے ابو بکرؓ کے سینے میں ڈالا
- اور یہاں عمرؓ: علم سیاست اور علم نظام حکومت ہے: دفاتر قائم کیا، فوج، فتوحات وغیرہ
- دودھ علم کے مشابہ: 1) مقوی؛ 2) لذیذ؛ 3) دودھ غذاء الجسم اور علم غذاء الروح
- اشکال: ماذا یفعل بالقدر الزائد من العلم؟

جواب: مصنف کا باب الفتیا ہے آگے اسلئے کہ علم زائد کی ضرورت ہو گی فتاوی میں۔

بَابُ الْفُتْيَا وَهُوَ وَاقِفٌ عَلَى الدَّابَّةِ وَغَيْرِهَا (حدیث:83)

- علی ظھر الدابۃ: 1) اسلئے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ لا تجعلوا دوابکم مراکبَ
- یہاں وقوف علی ظھر الدابۃ نہیں بلکہ دوسری روایت میں ص234 پر اسکا ذکر ہے (باب الخطبۃ أیام منی)
- فتوی: الإخبار بحکمٍ شرعیٍّ قویٍّ اور قوی کہاں سے؟ فتوی فتی سے اور فتی مضبوط ہے اور راجح قول بتائے گا

- قضاء: الفصل بین الخصومات

1) القاضی یقضی فی الواقعات والمفتی یفتی فی المفروضات

2) القاضی مُجبر والمفتی مُخبر

3) القاضی یقضی بالیقین والمفتی یفتی بالدِّین (اَی بالاحتیاط)

4) القاضی یحل کلَّ اِشکال والمفتی لایجیب عن کل سؤال

5) القاضی یقضی فی الخلفۃ والمفتی یفتی فی الخلوۃ

6) القاضی یقضی بالیمین والشھادۃ والمفتی یفتی بالدیانۃ

مثال: کسی نے اپنی بیوی سے کہا کہ بچہ ہو تو ایک طلاق اور بچی ہو تو 3 طلاق

.....

جواب: تتمہ اور جگہ پر ہے ؛ 2) اَو غیر ھا ذکر کیا۔

- امام مالکؒ کھڑے کھڑے جواب نہیں دیتے تھے
- امام ابو یوسفؒ نے سوال کیا اور امام مالکؒ کھڑے تھے تو فرمایا: ھذا اِذا جلسنا للبُغاۃ (اَی للطالبین)
- رنحط: رمی، نحر، حلق اور طواف زیارت (ترتیب لازم ہے) حؒ: ترتیب واجب، باقی ائمہ کہتے کہ سنت اور استدلال کرتے اس حدیث سے؛ احناف: لاحرج کا مطلب لااثم فی الآخرۃ۔
- لاحرج فی الصلوۃ: گناہ نہیں، فساد نہیں اور لاحرج فی الحج کا مطلب گناہ نہیں۔
- لاحرج فی من اقترض.....المسلمین یعنی گناہ
- لاحرج: احناف: لامعصیۃ ولا اِثم
- ابن عباسؓ کے قول سے استدلال کرتے: من قدّم شیئًا اَو اَخرہ فلیُھرق دمًا تو معلوم ہوا کہ تقدیم و تاخیر میں دم ہے
- لیکن سوال یہ ہے کہ ابن عباسؓ کے موقوف روایت کو مرفوع کے مقابلے میں کیوں لائے؟ اور ابراھیم بن مھاجر سند میں ضعیف ہے لیکن طحاوی نے جواب دیا کہ دوسری سند موجود ہے۔
- لم اَشعُر میں مبالغہ ہے کہ بالکل احساس نہیں ہوا۔

بَابُ مَنْ أَجَابَ الفُتْيَا بِإِشَارَةِ اليَدِ وَالرَّأْسِ (حدیث: 84-85-86)

- کبھی کبھی فتوی میں اشارہ بھی ہے اور وہ وضاحت کے لئے اگرچہ بیان باللسان مطلوب ہے لیکن ضرورت کی وجہ سے اشارہ سے کام چلتا ہے جبکہ وہ واضح ہو مثلاً نماز میں اشارہ ضرورۃً سے ہو گا یا اشارہ تاکید کے لئے آتا ہے تو یہاں لاحرج کہا اور اشارہ بھی فرمایا۔
- اسماءؓ (عائشہؓ کی باپ شریک بہن اور 100 سال کی عمر پائی اور جب وفات ہوئی اس وقت بھی سب دانت صحیح سالم تھے) روایت میں اشارۃ الرأس ہے اسی لئے یہاں ذکر کیا اور پہلی حدیث میں اشارۃ باللسان ہے۔
- ابو بکرؓ کی 5 بیویوں کا ذکر: 1) ام بکر ہجرت نہیں کی اور نہ مسلمان ہوئی

2)ام رمان (عائشۃ اور عبد الرحمن کے والدہ)؛ 3) اسماءؓ جنکا بیٹا محمد بن أبی بکر (عثمانؓ کی داڑھی کو پکڑا اور طعنہ دیا اور واپس آیا لیکن صحیح یہ ہے کہ عثمانؓ نے انکو سمجھایا اور پھر آرام سے چلا آیا، طبری کی روایت ہے)

4)ام حبیبۃ: بیٹی: کلثوم (معنی موٹی تازی لڑکی یعنی صحتمند) اور 5) قیلہ یا قتیلہ، اولاد: عبد اللہ بن ابی بکر اور اسماء

-کسوف ہوا تھا 27 جنوری 633، 8 بجکر 30 منٹ تقریباً (29 شوال)

-سبحان اللہ: بتانے کے لئے کہ میں نماز میں ہوں

-کوئی کہے کہ یہ حضرت عائشہؓ کا فعل ہے تو آپ ﷺ نے اسپر انکار نہیں کیا

-الغشی: یعنی بے ہوشی کی کیفیت نہ کہ مکمل بے ہوشی

-آپ ﷺ کی رؤیت ہوئی برفع الحجاب یا عالم مثال میں دکھایا آپ ﷺ کو دیوار کے سامنے (تصویر کی شکل)

-عالم کی متعدد قسمیں: 1) عالم ارواح: سرخ چھونٹیاں کی طرح: عالم ذرّ بھی کہتے؛ من بنی آدم من ظھورھم

2)عالم دنیا؛ 3)عالم آخرت؛ 4)عالم ارحام؛ 5) عالم رؤیا؛ 6)عالم مثال: غیب میں جو چیزیں ہیں تو اسکی شکل وصورت یا فلم (یعنی عکس ہوتی ہے)

-جنت اور نار کو دیکھا آج حالانکہ معراج میں دیکھا تھا مکہ مکرمہ میں تو حتی الجنۃ والنار کیوں آیا؟

جواب: 1) اس عالم میں دیکھا جنت ونار (عالم مثالی) آج دیکھا

2)امور عظام کے ساتھ اسکا تعلق ہے: ما من شیء من أمور العظام / حتی الجنۃ والنار من أمور العظام

بَابُ مَسْحِ الرَّأْسِ مَرَّةً(ص32)

حقیقت میں یہ نیاباب نہیں بلکہ باب فی الباب ہے اسلئے کہ ماقبل باب سے غسل چل رہاہے اور اسلئے وہی حدیث عبداللہ بن زید کی، ذکر کی۔

اور چونکہ یہاں مسئلہ نکلتاہے اسلئے نیاباب قائم کیا۔

أئمہ ثلاث: مسح الرأس مرۃ۔

امام فؒ: مسح الرأس ثلاث مرات۔ دلیل:1) أبوداؤد کی روایت ہے۔

"فمسح رأسہ ثلاثًا" اسکی2سند ہے:1) ایک سند میں عبدالرحمن ابن وردان جو ضعیف ہے۔

2)اور دوسری سند میں عامر بن شقیق ہے جو ضعیف ہے۔

اسی لئے أبوداؤد نے فرمایا کہ جو روایات صحیحہ ہم تک پہنچے ہیں مسح الرأس کے بارے میں تو وہ مرۃً واحدۃً ہے اور اسمیں 3مرتبہ کا ذکر نہیں ہے۔

2)قیاس کرتے ہیں مسح رأس کو مغسولات پر

جواب: مسح الرأس کو دوسرے أعضاء کے مسح پر قیاس کرناچاہئے جیسے مسح علی الخف، مسح علی الجبیرۃ وغیرہ۔

مقصد: ماء مستعمل اس وقت ہوگا جب زمین پر گرجائے۔

-اشکال: اس حدیث میں "مرۃ" کا ذکر نہیں ہے!؟

جواب: مصنف نے جواب دیا کہ وھیب کی روایت میں "مرۃ" کا ذکر ہے۔

اصل بات یہ ہے کہ مصنف نے پہلے مبہم روایت کو ذکر کیا پھر اسکی تفصیل کے لئے دوسری روایت لائے جیسے مصنف کی عادت ہے۔

-امام نوویؒ: مسح علی العنق بدعت ہے۔

اور جن روایتوں میں مسح عنق ثابت ہے وہ.....(ابونعیم نے أتاریخ اصبہان میں ذکر کیا)۔

-ایک اور روایت ہے کہ حضور ﷺ: "توضأو مسح علی قفاہ" لیکن یہ روایت ضعیف ہے۔

بَابُ وُضُوءِ الرَّجُلِ مَعَ امْرَأَتِهِ، وَفَضْلِ وَضُوءِ المَرْأَةِ

-مقصد ترجمۃ الباب:-مرد یاعورت ایک دوسرے کے بچے ہوئے پانی سے وضوء کرسکتے ہیں۔

-امام دؒ کی تردید ہے کہ ان کے نزدیک "لایجوز" ہے، حدیث کی وجہ سے:"لایتوضأالرجل بفضل ماء المرأۃ"، دوسری روایت بھی ہے کہ مرد عورت کے بچے ہوئے پانی سے وضوء نہ کرے اور اسکا عکس جائز ہے۔

"نھی أن یغتسل الرجل بفضل المرأۃ وتغتسل بفضل الرجل"۔

-علماء: اسمیں 16 اصورتیں ہیں:

1)فضل الرجل للرجل، 2)فضل المرأۃ للمرأۃ، 3)فضل الرجل للمرأۃ، 4)فضل المرأۃ للرجل۔

پھر یہ 4وضوء بعد الوضوء، غسل بعد الغسل، وضوء بعد الغسل، غسل بعد الوضوء۔

-بعض روایتوں میں غسل کی ممانعت آئی ہے جیسے اوپر امام دؒ کے دلائل میں سے ذکر کی۔

-جوابات:1) ممانعت بالماء المتقاطرۃ ہے(یہ جواب صحیح نہیں)۔

2)شاہ صاحب کا قول: عورتوں میں قلت احتیاط کی وجہ سے(وہذا ممالایفہم)۔

3) أجنبیہ پر محمول ہے۔

ہمارے دلائل: 1) مولا شبیر احمد عثمانی: یہاں اپنی بیوی یا محارم کا ذکر ہے نہ کہ اجنبیات، یعنی میاں بیوی میں بے تکلفی ہونی چاہئے حتی کہ ساتھ بھی وضوء کر سکتے ہیں۔

2) "ھن لباس لکم وأنتم لباس لھن" اسلئے تکلفات نہ کرے۔

3) أم سلمہؓ: میں اور حضور ﷺ ساتھ وضوء کرتے تھے (تو یہ بے تکلفی ہے)۔

4) حضرت عائشہؓ والی روایت: یضع فمہ من حیث أتعرق (تو یہ بے تکلفی ہے)۔

شعر: تیرے بغیر وضو بھی ثقیل بیوی — اور ہوں تیرے ساتھ تو نالہ بھی ہے نیل بیوی

وضو کا نور ہے ظاہر تیرے چہرے پر — اور میں دیکھتا ہوں تیرا چہرہ ہے جمیل بیوی۔

ترجمۃ سے مناسبت: پانی کو گرم کرتی ہے عورت اور ہاتھ لگاتی ہے پانی میں درجۂ حرارت کو دیکھنے کے لئے (temperature)۔

احناف اور شوافع کے نزدیک، مشرک کا پانی استعمال کرنا جائز ہے جبکہ اسکا پاک ہونا یقینی ہو۔

-اشکال: "کان الرجال والنساء یتوضؤون فی زمن رسول اللہ ﷺ جمیعًا"؟!

جواب: 1) ہذا کان قبل الحجاب۔

2) درمیان میں حجاب تھا۔

3) یہاں محارم اور زوجات کا ذکر ہے تو یہی مراد ہے۔

بَابُ صَبِّ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَضُوءهُ عَلَى المُغْمَى عَلَيْهِ

-ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) حضور ﷺ کا پانی استشفاء کے لئے مریض پر ڈال سکتے ہیں۔

-اشکال: یہ مسئلہ گذر چکا ہے!

جواب: وہ قلیل تھا، یہ کثیر ہے۔

2) استشفاء کے 2 طریقے ہیں: 1) وضوء کا پانی کو ڈالنا جبکہ قلیل ہو۔ 2) غسل کرنا اس پانی سے۔

-کلالۃ: 1) وہ میت ہے جو: لا أصل لہ ولا فرع۔

2) وہ وارث جو: لا أصل لہ ولا فرع۔

3) وہ مال جس میت کا کوئی اصل یا فرع نہ ہو۔

بَابُ الغُسْلِ وَالوُضُوءِ فِي المِخْضَبِ وَالقَدَحِ وَالخَشَبِ وَالحِجَارَةِ

4 چیزوں کو ذکر کیا اور چند چیزوں کی طرف اشارہ ہے: بڑا ہو جیسے مخضب، یا چھوٹا ہو جیسے قدح، تعمیم المادۃ جیسے لکڑی اور شاذ و نادر چیز کی طرف اشارہ کہ پتھر کا ہو تب بھی۔

-ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) اشارہ إلی تعمیم الظروف۔

2) ابن عمرؓ کے قول کی تردید: وضوء پیتل کے برتن سے مکروہ ہے۔

3) آپ ﷺ نے خاتم الحدید کو دیکھا تو فرمایا: "مالی أری حِلیۃ أھل النار" تو بتایا کہ یہ حکم خاص انگوٹھی میں ہے نہ کہ برتن میں۔ 4) آپ ﷺ نے خاتم الصُفر کو دیکھا تو فرمایا کہ بت کی بو محسوس کر رہا ہوں۔ تو مصنف بتانا چاہتے کہ برتن میں جائز ہے۔

عورتوں کے لئے انگوٹھی استعمال کرنا جائز ہے اور مردوں کے لئے پیتل وغیرہ مکروہ تنزیہی ہے۔

تمریض: مریض کی خبر گیری اور اسکی خدمت۔

سوال: آپ ﷺ کتنی نمازوں کے لئے نکلے تھے؟

جواب: حضرت شاہ صاحب: 4 نمازوں کے لئے نکلے تھے: مغرب، عشاء، فجر اور ظہر کے لئے۔

فؒ: عصر کے لئے نکلے تھے، علامہ عراقی اور ہمارے اکثر حضرات: صرف ظہر کے لئے نکلے تھے۔

جمعرات کے دن آپ ﷺ کی بیماری سخت ہوئی، امّ فضل کہتی کہ گھر پر نماز پڑھی اور جن روایتوں میں "خرج" کا لفظ ہے تو خروج من الغرفۃ إلی الصحن مراد ہے، تو حساب یوں ہے: جمعرات کو 2 نماز: مغرب اور عشاء اور جمعہ سے اتوار تک 15 نمازیں تو 17 ہیں اور پیر کے دن فجر کی نماز کے بعد انتقال کر گئے تو کل 18 نمازیں بنتی ہیں۔

ایک روایت میں ہے کہ فجر کی نماز أبو بکرؓ کے پیچھے پڑھی اور دوسری رکعت میں شرکت کی، تو یہ روایت صحیح نہیں اسلئے کہ سند میں ابن لھیعہ ہے اور دوسری روایتوں کے خلاف ہے۔

- محققین کے نزدیک آپ ﷺ ایک نماز کے لئے نکلے تھے 18 نمازوں میں اور أبو بکرؓ نے امت کو 17 نمازیں پڑھائی۔

- عصر، مغرب اور عشاء بھی ثابت نہیں تو صرف ظہر باقی ہے سنیچر یا اتوار کے دن۔

- ص94، 95 پر صلوۃ الظھر کے لئے نکلے اور پیر کے فجر کے لئے نہیں نکلے تھے بلکہ صرف پردے کو ہٹایا ص94۔

- جب آپ ﷺ نکلے تو آپ ﷺ جالسًا تھے اور أبو بکرؓ پیچھے آئے تو آپ ﷺ نے ابو بکرؓ کے پیچھے نماز شروع کی پھر آگے بڑھے۔

- تبوک کے سفر میں آپ ﷺ حضرت جابرؓ (روایت میں مغیرۃ کا نام ملا مجھے، ممکن کہ دوسری روایت ہو) کے ساتھ قضائے حاجت کے لئے گئے تھے (مسلم کے اخیر میں طویل روایت ہے) تو عبد الرحمنؓ نے فجر کی نماز شروع کی اور جب پیچھے ہٹنا چاہا تو آپ ﷺ نے اشارہ کیا کہ جاری رکھے تو انکے پیچھے ایک رکعت پڑھی۔

مسلم 1/317: 105 - (274) حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، وَحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ، جَمِيعًا عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، قَالَ ابْنُ رَافِعٍ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ حَدِيثِ عَبَّادِ بْنِ زِيَادٍ، أَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، أَخْبَرَهُ أَنَّ الْمُغِيرَةَ بْنَ شُعْبَةَ «أَخْبَرَهُ أَنَّهُ غَزَا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَبُوكَ» قَالَ: الْمُغِيرَةُ «فَتَبَرَّزَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِبَلَ الْغَائِطِ فَحَمَلْتُ مَعَهُ إِدَاوَةً قَبْلَ صَلَاةِ الْفَجْرِ، فَلَمَّا رَجَعَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيَّ أَخَذْتُ أُهَرِيقُ عَلَى يَدَيْهِ مِنَ الْإِدَاوَةِ وَغَسَلَ يَدَيْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهُ، ثُمَّ ذَهَبَ يُخْرِجُ جُبَّتَهُ عَنْ ذِرَاعَيْهِ، فَضَاقَ كُمَّا جُبَّتِهِ فَأَدْخَلَ يَدَيْهِ فِي الْجُبَّةِ، حَتَّى أَخْرَجَ ذِرَاعَيْهِ مِنْ أَسْفَلِ الْجُبَّةِ، وَغَسَلَ ذِرَاعَيْهِ إِلَى الْمِرْفَقَيْنِ، ثُمَّ تَوَضَّأَ عَلَى خُفَّيْهِ»، ثُمَّ أَقْبَلَ قَالَ: الْمُغِيرَةُ «فَأَقْبَلْتُ مَعَهُ حَتَّى نَجِدُ النَّاسَ قَدْ قَدَّمُوا عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ فَصَلَّى لَهُمْ فَأَدْرَكَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِحْدَى الرَّكْعَتَيْنِ فَصَلَّى مَعَ النَّاسِ الرَّكْعَةَ الْآخِرَةَ، فَلَمَّا سَلَّمَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ قَامَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُتِمُّ صَلَاتَهُ فَأَفْزَعَ ذَلِكَ الْمُسْلِمِينَ فَأَكْثَرُوا التَّسْبِيحَ فَلَمَّا قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهُ أَقْبَلَ عَلَيْهِمْ» ثُمَّ قَالَ: «أَحْسَنْتُمْ» أَوْ قَالَ: «قَدْ أَصَبْتُمْ» يَغْبِطُهُمْ أَنْ صَلَّوُا الصَّلَاةَ لِوَقْتِهَا.

-عصر کی نماز کے وقت آپ ﷺ بنی عمرو بن عوف کے درمیان صلح کرانے گئے تھے تو آپ ﷺ نے فرمایا تھا کہ اگر دیر ہو تو ابو بکرؓ نماز پڑھائے، چنانچہ اسی طرح ہوا اور ابو بکرؓ نے نماز شروع ہی کی کہ اتنے میں آپ ﷺ تشریف لائے تو فوراً ابو بکرؓ پیچھے ہٹے تو معلوم ہوا کہ آپ ﷺ نے ابو بکر ﷺ کے پیچھے کوئی نماز نہیں پڑھی۔

-"رجل آخر": علیؓ یا اسامہؓ یا فضل بن عباسؓ۔ ممکن کہ باری باری تھی، بریرہؓ کا بھی ذکر ہے ایک روایت میں لیکن ابن ماجہ میں ہے کہ وہ روایت ضعیف ہے، بریرہؓ آپ ﷺ کی باندی نہیں تھی۔

-ھریقوا علیَّ، دوسری روایت میں اُھریقوا علیَّ: ھاء زائد ہے خلاف قیاس تاکہ حال اور قول برابر ہو جائے۔

اصل أَرْيَقَ ہے یاء کو ساکن کر دیا اور راء کو ھاء بنا دیا۔

-لم تحلل: حاشیہ نمبر 1 ص 32،

سبع قربٍ کی تخصیص: 1) کثرت کے لئے

2) 7 کنویں مراد ہیں (1) عریس، 2) غرس، 3) بُضاعۃ، 4) بیر بسا، 5) بیر حُاء، 6) عبس، 7) بیر رَوما)

3) بعض: 7 کے عدد میں برکت ہے: 7 آسمان و زمین، 7 سیّارات، 7 برّ اَعظم۔

7 کے بعد واؤ ثمانیہ آتا ہے: سورۃ عبس:

فَأَنْبَتْنَا فِيهَا حَبًّا (27) وَعِنَبًا وَقَضْبًا (28) وَزَيْتُونًا وَنَخْلًا (29) وَحَدَائِقَ غُلْبًا (30) وَفَاكِهَةً وَأَبًّا (31) مَتَاعًا لَكُمْ وَلِأَنْعَامِكُمْ (32)۔ تو "أَبًّا" "فاکھۃ" میں داخل ہے تو تخصیص بعد التعمیم ہو گئی۔

(1) سلالة من طين ،2) نطفة 3) علقة في قرار مكين 4) مضغة 5) عظاما 6) لحمًا 7) خلقًا آخر.

بَابُ الوُضُوءِ مِنَ التَّوْرِ

-ما قبل فی الوعاء اور یہاں من الوِعاء وضوء کا ذکر ہے۔

پانی برتن سے لینے میں کم خرچ ہوتا ہے اور اوپر ڈالنے سے، زیادہ خرچ ہوتا ہے۔

-دوسری روایت میں "قدح" ہے اور ترجمۃ الباب میں "تور" ہے تو کیسے مطابقت ہے؟

جواب: القدح یصدق علیہ التورُ أیضا۔

بَابُ الوُضُوءِ بِالْمُدِّ

-حدیث میں ہے کہ آپ ﷺ وضوء فرماتے تھے 2 رطل سے اور غسل کو 8 رطل سے؛ ایک مُدّ[2] میں تقریباً 2 رطل ہیں اور ایک صاع میں تقریباً 4 مُدّ ہیں۔

-ایک روایت میں "صاعنا أصغر الصاعَین" (بالنسبۃ إلی الصاع الشام جو تقریباً 1.32 litre ہے)۔

-صاع مدنی یا حجازی * 5 رطل اور 1/3=30 استار = 160۔

-صاع عراقی * 20 استار x 8 رطل = 160۔

[2] قاموس الفقه(216/4) اور شامي(365/2) علامة شامي كي تحقيق .

-مسلم کی روایت: 10 - بَابُ الْقَدْرِ الْمُسْتَحَبِّ مِنَ الْمَاءِ فِي غُسْلِ الْجَنَابَةِ، وَغُسْلِ الرَّجُلِ وَالْمَرْأَةِ فِي إِنَاءٍ وَاحِدٍ فِي حَالَةٍ وَاحِدَةٍ، وَغُسْلِ أَحَدِهِمَا بِفَضْلِ الْآخَرِ 41 - (319) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا لَيْثٌ، ح، وَحَدَّثَنَا ابْنُ رُمْحٍ، أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ، ح، وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، وأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، وَعَمْرٌو النَّاقِدُ، وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالُوا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ كِلَاهُمَا عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: «كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْتَسِلُ فِي الْقَدَحِ وَهُوَ الْفَرَقُ، وَكُنْتُ أَغْتَسِلُ أَنَا وَهُوَ فِي الْإِنَاءِ الْوَاحِدِ» وَفِي حَدِيثِ سُفْيَانَ مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ، قَالَ قُتَيْبَةُ: قَالَ سُفْيَانُ: «وَالْفَرَقُ ثَلَاثَةُ آصُعٍ»(255/1).

بَابُ المَسْحِ عَلَى الخُفَّيْنِ(ص33)

مسح علی الخفین کی روایات حدّ تواتر کو پہنچی ہیں۔امام رحؒ:"ما قلت بالمسح حتی جاءنی مثل ضوء النہار"اور جو اسکے قائل نہ ہو،اس پر مجھے کفر کا اندیشہ ہے۔

حسن بصریؒ:70 صحابہؓ کو دیکھا اور سب مسح علی الخفین کے قائل تھے۔

ہمارے عقائد میں سے ہے:نفضل الشیخین،ونحب الختنین ونری المسح علی الخفین۔

-خوارج اور روافض مسح علی الخفین کا انکار کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ قرآن سے ثابت نہیں۔

- مسح علی الخفین کی روایت جریرؓ سے مروی ہے (حاشیہ 10 ص 33)[3]۔

-کؒ:صرف مسافر کے لئے مسح اور مقیم کے لئے نہیں ہے اور کوئی حد نہیں وقت میں۔

اشکال:روایت میں ہے"ولو استزدناہ لزادہ"تو معلوم ہو کہ 3 دن حرف آخر نہیں ہے۔

جواب:1)زیادہ طلب نہیں کیا۔

2)ایک روایت میں ہے کہ 2 دن،3 دن،وماشئت۔

جواب:1)یحیی ابن ایوب انتہائی ضعیف ہے۔

اور عبد الرحمن،محمد ابن یزید اور ایوب ابن قطن تینوں مجہول ہیں۔

2)اسکے شرائط کے ساتھ زیادہ کر سکتے ہو چاہے ایک ہفتہ یا ایک سال ہو،یہ اسی طرح جیسے کوئی کہے کہ تیمم جائز ہے؟تو جواب یہ ہے کہ جائز ہے اسکے شرائط کے ساتھ یعنی پانی نہ ہو تو معلوم ہوا کہ ہر چیز کے ساتھ شرائط مقرر ہوتے ہیں۔

-وقّاص:وقص:گردن کو توڑنا،ایک کتاب کا نام ہے:الوھص والوقص فی حرمۃ الرقص

-اشکال:ابن عمرؓ اتنے بڑے صحابی،پھر بھی انکو مسح کی روایت معلوم نہیں اور پوچھنے کی نوبت آئی؟

[3] الكتاب: فتح القدير(143/1) المؤلف: كمال الدين محمد بن عبد الواحد السيواسي المعروف بابن الهمام (المتوفى: 861هـ). (حاشیہ 10 ص 33):

جواب:1) ممکن کہ ابن عمرؓ سفر پر محمول کرتے اسکو۔

2) ممکن کہ ابن عمرؓ اسکو منسوخ سمجھتے تھے آیۃ غسل سے۔

3) ممکن کہ روایت مراسیل سے ہو اور روایت لی تا کہ قوت کو پہنچے۔

-عمامہ پر مسح کا مسئلہ: ائمہ ثلاث: نہیں ہے۔

دؒ: جائز ہے شرائط کے ساتھ؛ اور شرائط: 1) طھارت پر پہنا ہو، 2) پورے س ر کو چھپایا، 3) کونھا مُحَنَّکَۃً، 4) مقیم یوماً ولیلۃً اور مسافر: 3 دن ورات۔

-روایت مسح علی العمامۃ میں ائمہ ثلاث تاویل کرتے:

1) مسح اس شخص کے لئے تھا جسکے سر میں زخم یا شدید درد تھا۔

---

١ قوله: باب المسح على الخفين قال ابن الهمام فى فتح القدير والاخبار فيه مستفيضة قال أبو حنيفة ما قلت بالمسح حتى جاء نى فيه مثل ضوء النهار وعنه اخاف الكفر على من لم ير المسح على الخفين لان الآثار التى جاءت فى حيز التواتر وقال أبو يوسف خبر المسح يجوز نسخ الكتاب به لشهرته انتهى كلام ابن الهمام وفى العينى لا ينكره الا المبتدع الضال وقال الحسن البصرى ادركت سبعين من الصحابة كلهم يرى المسح على الخفين ولهذا راه أبو حنيفة من شرائط السنة والجماعة فقال نحن نفضل الشيخين ونحب الختنين ونرى المسح على الخفين وحديث المغيرة كان غزوة تبوك فسقط قول من يقول ان آية الوضوء مدنية والمسح منسوخ بها لان المائدة نزلت قبل غزوة تبوك ويدل عليه حديث جرير انه رأى النبى ﷺ مسح على الخفين وهو اسلم بعد المائدة وكان القوم يعجبهم ذلك انتهى .

"ویسقط مسحُ الرأس عمن برأسہ من الداء إن بلّہ یتضرّر"

2) یہاں عبارت کی تقدیر یوں ہے: یمسح بالرأس متعمّمًا و یمسح علی الخف متخففًا۔

3) امام محمدؒ: بلغنا أن المسح علی العمامۃ کان فُنِسخَ۔

4) ہذا من قبیل خطأ النظر کہ مسح کے بعد عمامہ کو ٹھیک کیا تھا۔

اور صحابہؓ غلطی و خطا سے پاک نہیں: 1) الخیط الأبیض، 2) امامت کا شف الاست، 3) بعل تک مسح کرنا۔

اصل 5) بعض مسح سر پر اور بعض عمامہ پر تو مسح علی الرأس کی تکمیل عمامہ پر کرتے تھے یعنی مقدم الرأس کا مسح اور باقی عمامہ پر۔

علی العصائب والتثاخین (موزے) پر مسح کیا تو عصائب کو بعض نے عمامہ مراد لیا۔

6) اکثر روایتوں میں مسح علی العمامۃ نہیں اسلئے بعض نے کہا کہ یہ شاذ ہے۔

یہ روایت 60 طرق سے زیادہ مروی ہے لیکن اور صرف اس روایت میں مسح علی العمامۃ کا ذکر ہے ، لیکن اسکے متابع موجود ہے۔

اور بعض کے نزدیک: یہ زیادت راوی ہے۔

بَابُ إِذَا أَدْخَلَ رِجْلَيْهِ وَهُمَا طَاهِرَتَانِ

-ترجمۃ الباب کا مقصد: اختلافی مسئلہ کی طرف اشارہ کیا: مسح خفین کے لئے شرط ہے کہ حدث سے پہلے طہارت موجود ہو یا طہارت کاملہ موجود ہو، یہ امام أبو حنیفہؒ کا مسلک ہے یا طہارت عند اللُّبس عند الشافعیؒ۔

-فؒ: آپ ﷺ ترتیب سے وضو کرتے تھے پھر موزے پہنتے تھے۔ احناف کا جواب: آپ ﷺ کا طہارت کاملہ کے بعد پہننا اور چیز ہے لیکن دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی نے بغیر ترتیب وضوء کیا (أبو داؤد میں مذکور ہے) اور خفین پہنا تو کیا مسح کر سکے گا یا نہیں: تو احناف کے نزدیک کر سکے گا، اگر کسی نے ترتیب سے وضوء کیا لیکن ایک پاؤں دھو کر موزہ پہنا پھر دوسرے پاؤں دھو کر پہنا تو احناف کے نزدیک مسح کر سکے گا۔

-فؒ کی دوسری دلیل: طہارت حدث کے بالمقابل اور وہ غیر منقسم ہے، تو صرف ایک قسم یعنی طہارت کاملہ اور صرف پاؤں دھو کر پہننا طہارت کاملہ نہیں ہے۔

-جواب الأحناف: طہارت نجاست کی ضد ہے اور نجاست کے اقسام ہیں: خفیف، شدید، غلیظ تو طہارت خفیفہ اور کاملہ بھی ہو گا (اس مسئلہ میں مصنفؒ احناف کے موافق ہیں)۔ تو ایک طہارت من النجاسۃ ہے اور ایک طہارت من الحدث بھی ہے۔ "أدخل رجليه حال كونهما طاهرتين"۔

بَابُ مَنْ لَمْ يَتَوَضَّأْ مِنْ لَحْمِ الشَّاةِ وَالسَّوِيقِ وَأَكَلَ أَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَعُثْمَانُ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ، «فَلَمْ يَتَوَضَّئُوا»(ص34)

-ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) ان چیزوں کا بیان ہے جو ناقض وضوء نہیں۔

2) "مَن" سے اشکال کا جواب کی طرف اشارہ ہے۔

-سوال: مما مست النار سے وضوء نہیں؟

جواب: 1) جابرؓ کی روایت میں موجود ہے کہ ترک کیا آپ ﷺ نے آخر میں تو منسوخ ہوا۔

2) وضوء لغوی مراد ہے یعنی ہاتھ، منہ کا دھونا ان چیزوں سے جسمیں دسومت ہے (ترمذی کی روایت میں اسکی تشریح ہے: عکراش)۔

مصنفؒ نے لحم الشاۃ کا ذکر کیا، تو ممکن ہے کہ یہ قید احترازی ہو کہ لحم الإبل سے وضوء ہے اور لحم الشاۃ سے نہیں ہے۔

-یہی امام دؒ کا مسلک ہے اور ان کے نزدیک ممّا مست النار کی قید نہیں ہے۔

عبداللہ بن مسلمہ کی روایت[4] میں ہے: «صَلَّى العَصْرَ، ثُمَّ دَعَا بِالأَزْوَادِ فَلَمْ يُؤْتَ إِلَّا بِالسَّوِيقِ، فَأَمَرَ بِهِ فَثُرِّيَ، فَأَكَلَ وَأَكَلْنَا، ثُمَّ قَامَ إِلَى المَغْرِبِ، فَمَضْمَضَ وَمَضْمَضْنَا، ثُمَّ صَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ»

-(اور جابرؓ کی روایت[5]): فَأَتَتْهُ بِعُلاَلَةٍ مِنْ عُلاَلَةِ الشَّاةِ، فَأَكَلَ، ثُمَّ صَلَّى العَصْرَ وَلَمْ يَتَوَضَّأْ.

.....

-جوابات: 1) المراد بہ الوضوء اللغوی۔

2) منسوخ ہے۔

3) مستحبات پر محمول ہے (کہ دنیا کی چیزوں سے تعلق ہو گیا اور دسومت والی چیزوں میں حکم مضبوط ہے)۔

-حدیث 208: "فألقى السكين" سے معلوم ہوا کہ چھُری سے کاٹ کر کھانا جائز ہے۔

بَابُ مَنْ مَضْمَضَ مِنَ السَّوِيقِ وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

-ترجمۃ الباب کا مقصد: 1 وضوء لغوی کی طرف اشارہ ہے۔

-واقعہ ردّ شمس وہیں ہوا تھا "صہباء" مقام پر، امام بخاریؒ نے یہ قصہ مشکل الآثار میں ذکر کیا۔[6]

---

[4] بخاری میں: 4195 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، أَنَّ سُوَيْدَ بْنَ النُّعْمَانِ، أَخْبَرَهُ: أَنَّهُ خَرَجَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ خَيْبَرَ، حَتَّى إِذَا كُنَّا بِالصَّهْبَاءِ، وَهِيَ مِنْ أَدْنَى خَيْبَرَ، «صَلَّى العَصْرَ، ثُمَّ دَعَا بِالأَزْوَادِ فَلَمْ يُؤْتَ إِلَّا بِالسَّوِيقِ، فَأَمَرَ بِهِ فَثُرِّيَ، فَأَكَلَ وَأَكَلْنَا، ثُمَّ قَامَ إِلَى المَغْرِبِ، فَمَضْمَضَ وَمَضْمَضْنَا، ثُمَّ صَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ»

[5] ترمذی میں: 80 - حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، سَمِعَ جَابِرًا، قَالَ سُفْيَانُ: وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا مَعَهُ، فَدَخَلَ عَلَى امْرَأَةٍ مِنَ الأَنْصَارِ، فَذَبَحَتْ لَهُ شَاةً، فَأَكَلَ، وَأَتَتْهُ بِقِنَاعٍ مِنْ رُطَبٍ فَأَكَلَ مِنْهُ، ثُمَّ تَوَضَّأَ لِلظُّهْرِ وَصَلَّى، ثُمَّ انْصَرَفَ، فَأَتَتْهُ بِعُلاَلَةٍ مِنْ عُلاَلَةِ الشَّاةِ، فَأَكَلَ، ثُمَّ صَلَّى العَصْرَ وَلَمْ يَتَوَضَّأْ.

وَفِي البَابِ عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ وَفِي البَابِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، وَأَبِي هُرَيْرَةَ، وَابْنِ مَسْعُودٍ، وَأَبِي رَافِعٍ، وَأُمِّ الحَكَمِ، وَعَمْرِو بْنِ أُمَيَّةَ، وَأُمِّ عَامِرٍ، وَسُوَيْدِ بْنِ النُّعْمَانِ، وَأُمِّ سَلَمَةَ''

-وأیضاً فی الترمذی: 1836 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلاَنَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ أُمَيَّةَ الضَّمْرِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ رَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَزَّ مِنْ كَتِفِ شَاةٍ فَأَكَلَ مِنْهَا ثُمَّ مَضَى إِلَى الصَّلاَةِ وَلَمْ يَتَوَضَّأْ. هَذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ.وَفِي البَابِ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ.

[6] (بَابُ بَيَانِ مُشْكِلِ مَا رُوِيَ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَسْأَلَتِهِ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يَرُدَّ الشَّمْسَ عَلَيْهِ بَعْدَ غَيْبُوبَتِهَا وَرَدِّ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ إِيَّاهَا عَلَيْهِ , وَمَا رُوِيَ عَنْهُ مِمَّا يُوهِمُ مَنْ تَوَهَّمَ مُضَادَّ ذَلِكَ ص3/92شرح مشکل الآثار)۔

ابن تیمیہ نے موضوع کہا حالانکہ اسکے 3 سند ہیں: 1).....جو صدوق ہے۔

2)ابن عقدۃ: مختلف فیہ (حسن کے درجے میں)، 3)داؤد ہے (وہ بھی مختلف فیہ ہے)۔

-"فأكل وأكلنا": شرکت فی الطعام کا ثبوت، اسی لئے فقہاء نے لکھا کہ قربانی میں اگر مثال کے طور پر:.....

.....

1)بعض نے کہا کہ کاتب کی غلطی ہے کہ "کتف" کی جگہ پر "سویق" لکھا (ہذا الاصح)۔

2)جب کتف سے ثابت.....

اصل جواب 3) یہ باب فی الباب ہے، تو اصل مسئلہ "شاۃ" ہی کا ہے اور یہاں اہم اور نیا مسئلہ ثابت کرنا تھا، تو نیا باب قائم کیا۔

بَابٌ: هَلْ يُمَضْمِضُ مِنَ اللَّبَنِ؟(ص34)

-ترجمۃ الباب کا مقصد: 1)ان لوگوں کی تردید ہے جو کہتے ہیں کہ مضمضہ واجب ہے، دودھ پینے کے بعد۔

2)"ھل" اسکی طرف اشارہ ہے کہ اگر دسومت ہو تب مضمضہ کرے، ورنہ نہیں۔

-یہاں تک ان چیزوں کو بیان کیا جو أئمہ أربعہ کے یہاں ناقض وضوء نہیں۔

بَابُ الوُضُوءِ مِنَ النَّوْمِ، وَمَنْ لَمْ يَرَ مِنَ النَّعْسَةِ وَالنَّعْسَتَيْنِ، أَوِ الخَفْقَةِ وُضُوءًا[7]

1)اس پر اتفاق ہے کہ نوم ناقض وضوء ہے، پھر نوم میں سے کونسی قسم ناقض ہے؟ اسمیں اختلاف ہے!

-اصل، نوم کے مختلف درجات ہیں:

1)وَسَن (العیون قد ینفتح)، 2)نعاس (سر جھوم جائے)، 3)نوم فی القلب (دل ودماغ غافل)، 4)رُقاد (گہری اور لمبی نیند)، 5)کریٰ (شوق کے بعد یا بعد سَهَرٍ طویل)۔

-کٌ: نوم کثیر وقلیل کا فرق کرتے؛ فٌ: ممکّن مقعد کا فرق کرتے؛ فٌ: مقعد اچھی طرح زمین پر لگا ہو تو نیند ناقض نہیں۔

دٌ: قائم اور قاعد کی نیند ناقض نہیں اگرچہ کثیر ہو۔

احناف: نوم إذا کان من إحدیٰ هیئات الصلوۃ فلا ینقض وأیضا إذا نام مُتربّعًا، اگر ٹیک لگایا تو دیکھا جائے گا کہ اگر ٹیک کو ہٹا دیا جائے تو گر نہ جاتا تب ناقض نہیں اور اگر سیٹ پر بیٹھا اور مقعد اچھی طرح لگا ہوا ہے تو ناقض وضوء نہیں (جیسے شامی میں مذکور ہے) تو ہوائی جہاز میں.....

.....

- احادیث میں مختلف روایات ہیں: مثلًا 1)کان أصحاب النبی ﷺ ینامون ولا یتوضؤن، تو ہلکی نیند ہو گی۔

2)کان أصحاب النبی ﷺ ینتظرون الصلوۃ حتی یخفق رؤسهم ثم یصلون ولا یتوضؤن۔

3)وِکاء السّہا العینان فمن نام فلیتوضأ۔

4)إنما العینان وکاء السہ أی وکاء الاست فإذا نام استطلق البطن۔

5) آپ ﷺ: لیس علی من نام مضطجعًا - فلیس علیه الوضوء

---

[7](توضیح السنن ص344)

6).....إذاا ضطجع استرخت مفاصله

7)كان أصحاب النبی ﷺ یوقظون.....حتی إنی لأسمع خطیطا.....

8)كان أصحاب النبی ﷺ ینامون ثم یضطجعون ثم یصلون ولا یتوضؤن۔

ؒ:راوی کی طرف سے إضافہ ہے(یضطجعون)۔

9).....فمنهم من یتوضأ ومنهم من لا یتوضأ

10)أنه رأی النبی ﷺ ساجدا.....فقال إن الوضوء لا یجب إلا علی من نام مضطجعا۔

-تونوم مضطجعا یا مستلقیا سے وضوء توٹ جائے گا۔

-اشکال:ترجمۃ الباب سے کیا مناسبت ہے؟

جواب:1) حضرت شیخ الہندؒ:حدیث کا مطلب یہ ہے کہ تم جلدی نماز پورا کرو اور باقی نماز بعد میں پڑھے یعنی باقی وضوء

2)شاہ ولی اللہؒ:بلکہ نیند سے وضوء نہیں توٹتا کہ وہ ناعس اور مصلی بھی ہے،سماہ مصلیا والمصلی ہو مع الوضوء۔

3)نوم المصلی کالنعاس اور اس سے استرخاء مفاصل نہیں ہے۔

4)نماز کا فاسد ہونا 2 سبب سے:1)علت قریب جیسے نقض الوضوء

2)علت بعیدہ:جیسے سب النفس(گالی یا لعنت)۔

تو حدیث میں علت بعیدہ کو بیان کیا،اور معلوم ہوا کہ علت قریبہ نہیں ہے۔

-آدمی کو منقول دعاء کرنا چاہئے کہ اسمیں خرابی نہیں اور اچھی دعاء ہے اور خود کی دعاء میں ضروری نہیں کہ اسمیں خیر اور بھلائی ہو اور نقصان کا بھی احتمال ہو سکتا ہے۔حدیث کی دعائیں جامع ہیں اور نقصان کے احتمال سے خالی ہے(حضرت شیخؒ نے قصہ نقل کیا ہے:کسی آدمی نے گھوڑے ملنے کی دعاء کی)۔

-فلیتم:جلدی ختم کرو۔

بَابُ الوُضُوءِ مِنْ غَيْرِ حَدَثٍ

وضوء علی الوضوء کا بیان ہے اور وہ نور علی نور کی طرح ہے اور مندوب ہے إذا فعل بالوضوء الأول ما یتوقف أو تبدل المجلس۔

جامع صغیر میں روایت[8] ہے کہ وضوء علی الوضوء پر 10 حسنات ہیں۔

ابتداء میں وضوء علی الوضوء واجب تھا پھر مسواک آئی تو منسوخ کر دیا وضوء علی الوضوء کو۔

- آپ ﷺ نے مختلف نمازوں کو ایک وضوء سے ادا کی:خیبر،فتح مکہ اور خندق میں،جواز بتلانے کے لئے۔

بَابٌ: مِنَ الكَبَائِرِ أَنْ لاَ يَسْتَتِرَ مِنْ بَوْلِهِ[9] (ص34)

- ما قبل بول کے نجس ہونے کا ذکر ہے یعنی حدث ہے،اور یہاں بول الانسان نجس ہے۔

---

[8] نمبر 12314 - مَنْ تَوَضَّأَ عَلَى طُهْرٍ كُتِبَ لَهُ عَشْرُ حسنات. (د ت ه) عن ابن عمر. الكتاب: صحيح وضعيف الجامع الصغير وزيادته -المؤلف: عبد الرحمن بن أبي بكر، جلال الدين السيوطي (المتوفى: 911هـ).

[9] انعام الباری(2/343)۔

- غیر ماکول اللحم کا پیشاب نجس ہے۔
- دؒاور کؒ: ماکول اللحم کا پیشاب پاک ہے (استدلال کرتے قصۂ عرنیین سے)۔
- حؒ اور فؒ: ناپاک ہے اور عرنیین کا واقعہ مخصوص اور بطور علاج تھا۔
- حکم دیا آپ ﷺ نے کہ "صلوا فی مرابض الغنم ولا تصلوا فی مرابض الجمل"
- اشکال: حدیث میں 'مِن بولہ' آیا تو غیر کا پیشاب پاک ہو گا حالانکہ کوئی اسکے قائل نہیں ہے!

جواب: البول عام ہے، بول الانسان والحیوان، وزیادۃ الثقۃ مقبولۃ۔

- آپ ﷺ : نهى عن أكل الجلالة (جو گندگی کھاتے رہتے ہیں)۔
- گناہ کبیرہ کی تعریف:

1) جس پر لعنت آئی ہو یا وعید یا حد یا جس پر شدید.....

ابن عباسؓ کی روایت[10]: وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: كُلُّ مَا نَهَى اللهُ عَنْهُ فَهُوَ كَبِيرَةٌ.

- قرآن میں: الَّذِينَ يَجْتَنِبُونَ كَبَائِرَ الْإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ إِلَّا اللَّمَمَ[11]

إِنْ تَجْتَنِبُوا كَبَائِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ(سورة النساء)

وَكُلُّ صَغِيرٍ وَكَبِيرٍ مُسْتَطَرٌ (سورة القمر).

- کبائر کی تخصیص شریعت میں نہیں تاکہ آدمی مطلق طور پر گناہوں سے بچے:

خَلِّ الذنوبَ صغيرها ..... وكبيرها ذاك التقى

واصنع كَمَاشٍ فوق أرض الشوك ... يَحْذرُ ما يرى

لا تحقِرَنَّ صغيرةً ..... إن الجبالَ من الحصى.

- کشف القبور و کشف الامور والصدور
- یہ واقعہ متعدد بار پیش آیا: ابن عباسؓ کا واقعہ فی الحضر اور جابرؓ کی روایت حالت سفر پر۔
- سبب عذاب کا ذکر ہے.....
- شاخ لگانا آپ ﷺ کی خصوصیت ہے (قول قاضی عیاض)۔
- یہ خصوصیت نہیں (.....)۔
- اشکال: یعذبان ہے اور آگے "ومایعذبان فی کبیر"!

جواب: 1) ومایعذبان علی عقیدتہم

2) کبیرہ نہیں محسوس اور شریعت میں بڑا گناہ ہے

3) قبل الوحی.....اور بعد الوحی

---

[10] المعجم الکبیر میں (منقطع روایت): 293 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا أَبُو الْجَمَاهِرِ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ التَّنُوخِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: «أَرَأَيْتُمُ الزَّانِي وَالسَّارِقَ وَشَارِبَ الْخَمْرِ مَا تَقُولُونَ فِيهِمْ؟» قَالُوا: اللهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: «هُنَّ فَوَاحِشُ وَفِيهِنَّ عُقُوبَةٌ، أَلَا أُنَبِّئُكُمْ مَا أَكْبَرُ الْكَبَائِرِ؟ الْإِشْرَاكُ بِاللهِ» ثُمَّ قَرَأَ: {وَمَنْ يُشْرِكْ بِاللهِ فَقَدِ افْتَرَى إِثْمًا عَظِيمًا "} [النساء: 48] ، وَعُقُوقُ الْوَالِدَيْنِ، ثُمَّ قَالَ: {اشْكُرْ لِي وَلِوَالِدَيْكَ إِلَيَّ الْمَصِيرُ} [لقمان: 14] ، وَكَانَ مُتَّكِئًا فَاحْتَفَزَ فَقَالَ: «أَلَا وَقَوْلُ الزُّورِ» وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: كُلُّ مَا نَهَى اللهُ عَنْهُ فَهُوَ كَبِيرَةٌ.

[11] (سورة الشورى)

4)اکبر الکبائر یا سبع الموبقات میں شمار نہیں ہے۔

5)یعنی اجتناب اس سے مشکل نہیں ہے۔

- نمیمۃ: نقل الحدیث لأجل الخبیث

-غیبت: ذکر العیب فی حالۃ الغیب

-ایک نسخہ میں: لایسابر أمن بولہ / اور نمیمۃ: مقدمۃ القتل اور مفضی إلی النزاع۔

قبر مقدمۃ القیامۃ تو مقدمۃ میں مقدمۃ پوچھا گیا۔

اسی طرح طہارت مقدمۃ الصلوۃ ہے اسی لئے قبر میں مقدمۃ الصلوٰۃ کے بارے میں پوچھا گیا۔

-جریدۃ، جب تر و تازہ ہے تو تسبیح قوی ہے جسکی وجہ سے سفارش قوی ہے۔

-شاخوں کا رکھنا: اسی پر اعتماد نہیں کرنا چاہئے اسلئے کہ اصل آپ ﷺ کی دعاء کے نتیجے میں عذاب میں تخفیف ہوئی۔

-قرآن میں دعاء کا ذکر ہے: رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ....

-بہ ظاہر یہ دونوں مسلمان تھے اسلئے کہ تازہ قبر تھیں اور ایک روایت میں حائط کا ذکر ہے اور ایک اور روایت میں بقیع کا ذکر ہے۔

-سوال: سعد بن أبی وقاصؓ: مبشّر بالجنۃ میں سے ہیں لیکن ان پر ضغطۃ القبر[12] پھر بھی ہوا!؟ اور حدیث میں بھی انکی بڑی فضائل ہے مثلاً آپ ﷺ نے فرمایا[13]: لَمَنَادِيلُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فِي الجَنَّةِ أَحْسَنُ مِنْ هَذَا.

جواب: قبر میں ایک حیثیت کے اعتبار سے، دنیا سے ملحق ہے اور ایک حیثیت کے اعتبار سے، آخرت سے ملحق ہے، یہ حالت برزخ ہے کہ کوئی برزخ میں پہنچ جاتا اور حج نہیں کیا مثلاً یا زکوۃ ادا نہیں کیا تو اگر کوئی اسکی طرف سے ادا کرے تو صفایا ہو گا برزخ ہی میں۔

دنیا میں کوئی اجتہادی غلطی کرے یا نامناسب کام کرے تو قبر میں جب سزا ہو گی گویا مکفّر ہے آخرت کے لئے، تو برزخ کا کفّارہ گویا اسکے لئے آخرت کے بچاؤ کا ذریعہ ہے۔

- تو پیشاب کے قطرے کو گناہ نہیں سمجھتا تھا حالانکہ گناہ تھا تو برزخ میں سزا ملی اور صاف ہو گیا۔
- اسی طرح نمیمہ اور جس نے چادر لی تو مشترک مال سمجھ کر لیا تھا اسلئے کہ مال غنیمت مال مشترک ہے۔
- اسی طرح مرنے والا "بِمِشْقَصٍ" یہ سمجھتا تھا کہ مرنے والا ہی تو ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي غَسْلِ البَوْلِ

-ترجمۃ الباب کا مقصد:-1)پیشاب سے بچنے کا طریقہ یہ ہے کہ بول کو دھویا جائے۔

-2)بول نفسہ والغیر، بول الانسان وبول الحیوان، جو بول غسل کیا جاتا ہے وہ بول انسان ہے مصنف کے یہاں بول مایؤکل لحمہ پاک ہے۔

سوال: اس باب میں قضائے حاجت کا ذکر ہے حالانکہ مقصود بول ہے۔

---

[12] الجزء اللطیف ص76

[13] بخاری کی روایت ہے (اور 5 جگہوں میں یہ حدیث مذکور ہے) 2615- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ، حَدَّثَنَا أَنَسٌ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: أُهْدِيَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جُبَّةُ سُنْدُسٍ، وَكَانَ يَنْهَى عَنِ الحَرِيرِ، فَعَجِبَ النَّاسُ مِنْهَا، فَقَالَ: «وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، لَمَنَادِيلُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فِي الجَنَّةِ أَحْسَنُ مِنْ هَذَا».

جواب: عام طور پر قضائے حاجت کے ساتھ بول بھی ہے، چنانچہ قضائے حاجت کا جو ذکر ہے اسمیں بول بھی شامل ہے۔

.....کہا جاتا ہے کہ 3 احجار میں ایک ڈھیلہ بول کے لئے، باقی 2 محل استنجاء کی صفائی کے لئے۔

بَابُ

1) باب اَی باب الاستنجاء بالحجر 2) باب اَی باب وجوب غسل البول، 3) باب اَی البول یوجب عذاب القبر (اگر اس سے نہ بچے)، 4) باب اَی باب کون البول نجاسۃ غلیظۃ۔

1) بول الإنسان، بول الآدمی الکبیر (نجاست غلیظہ)

2) بول الصبی الصغیر الذی لا یأکل: شوافع: نجاست خفیفہ – احناف: نجاست غلیظہ ہے۔

3) ماکول اللحم کا پیشاب: کؒ، حؒ، فؒ: ناپاک ہے / مؒ: پاک ہے۔

پہلے زمانے میں گیہوں کو پیسا جاتا تھا بیل کے ذریعہ اور کبھی اس پر بیل کا پیشاب بھی لگتا تھا، تو پاک کرنے کا طریقہ یہ تھا کہ اسکو تقسیم کیا جائے اور بعض کے نزدیک: ضرورت کی وجہ سے پاک سمجھا جاتا تھا اسلئے کہ اس زمانے میں آلات جیسے "تریشر" وغیرہ نہیں تھے۔

اور یہی امام محمدؒ کا قول ہے اور اسی پر فتوی ہے آج کل۔

4) بول مالا یؤکل لحمہ۔

سمؒ: نجاست خفیفہ کے سبب میں اختلاف المجتہدین ہے۔

حمار اور فرس کے فضلی کو "روث" کہتے، اور فیل وبقر کے فضلی کو "خثی" کہتے، اور کتے کے فضلے کو "نجُبٌ" اور انسان کے فضلے کو "عذرۃ" کہتے اور "غائط" کنایۃ مستعمل ہے اور اونٹ اور غنم کے فضلے کو "بعر" کہتے اور پرندوں کے لئے "خرءٌ" مستعمل ہے۔

بَابُ تَرْكِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسِ الأَعْرَابِيَّ حَتَّى فَرَغَ مِنْ بَوْلِهِ فِي المَسْجِدِ

-ترجمۃ الباب کا مقصد:-1) جب پیشاب نجاست غلیظہ ہے تو حضور ﷺ نے ان کو پھر بھی نہیں روکا درمیان میں، مصلحت کی وجہ سے۔

2) اگر ان کو اٹھایا جاتا تو بول اور زیادہ پھیل جاتا۔

3) یکدم پیشاب بند کرنے سے بیماری پیدا ہوتی ہے۔

4) کشف عورت کا خیال رکھا کہ کشف عورت نہ ہو جائے۔

بعض کے نزدیک: یہ ذوالخویسرۃ تھا لیکن یہ صحیح نہیں اسلئے کہ ذوالخویسرۃ منافق تھا اور یہ خالص مؤمن تھا اور حضور انہوں نے حضور ﷺ کی تعریف بھی کی کہ آپ نے مجھے ڈانتا بھی نہیں۔

اور دار قطنی میں روایت ہے جسمیں المعلی ہے اور وہ مجہول ہے۔

اصل روایت وہی ہے "المرء مع من أحب" والی اور یہ وہی صحابی ہے جنہوں نے قیامت کے بارے میں سوال کیا تھا۔

بَابُ صَبِّ المَاءِ عَلَى البَوْلِ فِي المَسْجِدِ

معلوم ہوا کہ پیشاب صاف کرنے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ اسکو دھو دیا جائے۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ اسکو سکھایا جائے کما قال محمد بن حنفیہ: "وأمنا عائشۃؓ ....."

احناف کے یہاں اور بھی طریقے ہیں:

1)کوئی مائع چیز بہادے جیسے پیٹرول وغیرہ

2)اسکو کرچ ڈالنا

3)پونچھ لینا جیسے چھڑی پر نجاست لگی ہو۔

4)کپڑے پر اگر.....

5)احراق مثلاً کسی جانور کا خون ہے تو آگ پر جلانے سے پاک ہو گا

6)ومنہ النحت: چھیلنا جیسے لکڑی پر ناپاکی ہو تو چھیلنے سے پاک ہو گا

7)گھی کے اطراف والے حصوں کو نکال دے جہاں چوہا گرا ہے، اسکو تکویر کہتے (کھدائی)

8)دخول الماء من جانب وخروج الماء من جانب آخر (جیسے ٹنکی میں جسکے 2 ٹیپ ہو)

9)دباغت چاہے بالتراب یا بالشمس

10)کنویں سے پانی نکالنے سے پاک ہو جاتا ہے

11) الندف: اڑانا

بَابُ: يُهَرِيقُ المَاءَ عَلَى البَوْلِ

سنجلًا: ڈول کے معنے میں آیا اور سِجل: رجسٹر کو کہتے، تو دونوں میں کیا مناسبت ہے؟

جواب: 1) رجسٹر میں حصے لکھنے جاتے ہیں اور ڈول میں حصے ہوتے ہیں کہ ایک ڈول فلاں کے لئے وغیرہ

2) رجسٹر لپیٹ دیتے ہیں تو گول ہو جاتے اسی طرح ڈول بھی گول ہوتا ہے

-ذَنُوبٌ: 1)دلو من الماء 2)دلو عظیم

-قضی کا لفظ آیا کہ اتنی دیر پیشاب کر رہا تھا گویا وہ قضا کر رہا تھا۔

بَابُ بَوْلِ الصِّبْيَانِ

- بالاتفاق نجس ہے؛ كٌ فٌ: يُرَشُّ

حٌ كٌ: غسل خفیف یعنی پانی بہہ جائے اور دلک نہ ہو: صبّ، رشٌّ، نَضْحٌ، اِتباع الماء

صبّ: صریح ہے غسل میں اور اِتباع الماء بھی صریح ہے، رش و نضح محتمل ہیں۔

روایت[14]: قَالَتْ: بَالَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ فِي حِجْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: اعْطِنِي ثَوْبَكَ وَالْبَسْ ثَوْبًا غَيْرَهُ، فَقَالَ: «إِنَّمَا يُغْسَلُ مِنْ بَوْلِ الْأُنْثَى، وَيُنْضَحُ مِنْ بَوْلِ الذَّكَرِ».

- آپ ﷺ کے گود پر متعدد بچوں نے پیشاب کیا: بعض لوگوں نے ایک نظم میں[15] ان کا نام پیش کیا:

---

[14] المعجم الکبیر میں روایت ہے(25/26) 40- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ قَابُوسِ بْنِ الْمُخَارِقِ، عَنْ لُبَابَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ، قَالَتْ: بَالَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ فِي حِجْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: اعْطِنِي ثَوْبَكَ وَالْبَسْ ثَوْبًا غَيْرَهُ، فَقَالَ: «إِنَّمَا يُغْسَلُ مِنْ بَوْلِ الْأُنْثَى، وَيُنْضَحُ مِنْ بَوْلِ الذَّكَرِ».

[15] أوجز المسالک (ط: دار القلم) "حواشی الاقناع" کے حوالے سے (1/644-645).

قَـــــدْ بَـــــالَ فِيْ حِجْـــــرِ النَّبِـــــيِّ أَطْفَـــــالُ حَسَـــــنٌ حُسَـــــيْنُ ابْـــــنُ الـــــزُّبَيْرِ بَـــــالُوْا
وَكَـــــذا سُـــــلَيْمَانُ بَنِـــــيْ هِشَـــــامِ وَابْـــــنُ أُمِّ قَـــــيْسٍ، جَـــــاءَ فِـــــي الْخِتَـــــامِ

-ام قیس کا نام: 1) آمنہ یا 2) جذامۃ لکھا؛ ابن ماجہ میں ص 38: إنما یکفیک والی روایت میں نضح غسل کے معنے میں۔

-مذی کے بارے میں انتضح فرجک یعنی پانی بہاؤ

- الغسل من غیرہ بہاء النضح؛ ص 45 پر نضح کا ذکر ہے جو غسل کے معنے میں ہے۔

-خون پر چھڑکنا نہیں کہ نجاست زیادہ پھیل جائے۔

نضح کے 2 معنے: 1) چھڑکنا (تو اس سے پیشاب اور پھیل جائے گا)۔

2) بہانا: تو اسمیں احناف اور شوافع کا مسئلہ قریب قریب ہے۔

فؒ دؒ: نضح: اسپرے کرنا (SPRAY) اور ایک إسالۃ الماء ہے۔

سوال: بچے اور بچیوں میں کیا فرق ہے؟

جواب: 1) عرب، بچوں کو زیادہ گود میں لیتے ہیں بہ نسبت بچیوں کے تو اسی لئے بچوں میں تخفیف ہے۔

2) لقلۃ تنتہ کہ بچہ کی حرارت اوپر ہے غالبًا اور بچی میں زیادہ برودت ہے جسکی وجہ سے بدبو زیادہ ہے۔

3) لڑکا اصل کے اعتبار سے مٹی ہے اور لڑکی پسلی سے خون لہذا اصل کے وجہ سے تشدید ہے۔

4) انتشار ہے، پھیل گیا تو پھر تخفیف ہو گی۔

بَابُ البَوْلِ قَائِمًا وَقَاعِدًا

پہلی حدیث سے احناف کی تائید ہوتی ہے اور ان کی طرف مصنف کا رجحان لگتا ہے۔

دوسری حدیث سے شوافع کی طرف میلان لگتا ہے۔

فؒ حؒ: بول قائما مکروہ ہے؛ دؒ: جائز ہے (ولیہ مال الامام البخاری)؛ کؒ: قیام کا جواز بشرط عدم تطیر البول۔

-اشکال: مصنف نے قاعدًا اور قائمًا دونوں کو ترجمۃ الباب میں ذکر کیا حالانکہ میں صرف قائمًا کا ذکر ہے؟

جواب: 1) ممکن ہے کہ حدیث انکی شرط پر نہیں اترتی تھی۔

2) حوالۃ علی حدیث آخر جیسے بال النبی ﷺ جالسا فقال المشرکون انظروا إلی ہذا.....

مثال: -عائشہؓ کی روایت قاعدًا: ماکان یبول إلا قاعدًا۔

-حضرت عمرؓ سے بھی بیٹھنے کی روایت مروی ہے۔

- أبو عبیدہ: إن من الجفاء أن تبول قائما (دیہاتی اور جنگلی ہونے کی علامت ہے)۔

-کان النبی ﷺ إذا...

بیت الخلاء میں جاتے وقت سر چھپانے اور جوتا پہننے کی ترغیب ہے جیسے حدیث میں موجود ہے:

حکمت: سر چھپانے اور جوتے پہننے میں حیاء پر دال ہے، اتنا حیا ہے کہ سر کو چھپایا اور جوتا پہننا اور کشف عورت ضرورۃً ہے۔

بول قائم کے وجوہات:

1)نجاست سے بچنے کے لئے کیونکہ گندگی تھی۔

2)جواز بیان کے لئے لیکن خلاف أولی ہے۔

3)تحصیناللدبر

4)اتفاقاًکان المکان مرتفعًاتو پیشاب واپس آتا ہے۔

5)دواءًایسے کیاجیسے گھٹنوں میں تکلیف تھی یاپیٹھ میں۔

6)للبس الدِّرع تو بیٹھنا مشکل تھا۔

*توجو لوگ کہتے کہ ہم صرف امام بخاری کو مانتے ہیں تو انکے مرد وعورت کو کھڑے ہو کر پیشاب کرنا چاہئے، اسلئے کہ قاعداً کی حدیث ذکر نہیں کیا۔

بَابُ البَوْلِ عِنْدَ صَاحِبِهِ، وَالتَّسَتُّرِ بِالحَائِطِ(ص 35)

-ترجمۃالباب کا مقصد: اگرچہ ساتھی قریب ہو تو قضائے حاجت ممکن ہے اور خالی میدان میں ہو تب بھی ممکن ہے اور یہ پردہ رکھنے سے تاکہ کشف عورت نہ ہو۔

*کمایقوم أحدکم: ان لوگوں کی تردید کی دلیل ہے جو کہتے ہیں کہ جلدی جلدی پیشاب کرنے کے لئے کھڑے کھڑے پیشاب کیا۔

-سوال: آپ ﷺ قضائے حاجت کے لئے دور تک جاتے تھے تو یہاں سباطۃ قوم کے پاس کیوں گئے؟

جواب:1)تقاضاغالب ہونے کی وجہ سے۔

2)السباطۃ کانت لذلک اسی لئے وہاں گئے۔

3)گذرنے کاراستہ تھااور قریب یہ جگہ واقع تھی۔

4)بیان جواز کے لئے۔

5)ضروری کام تھااسلئے یہاں پیشاب کیاقریب میں تاکہ جلدی کام کرے۔

بَابُ البَوْلِ عِنْدَ سُبَاطَةِ قَوْمٍ

-ترجمۃالباب کا مقصد: ایک اشکال کا جواب ہے کہ حضور ﷺ نے سباطۃ قوم کے پاس کیسے پیشاب کیابغیر قوم کی اجازت؟۔

جواب:1)اجازت عرفی تھی۔

2)حضور ﷺ کا پیشاب پاک ہے تو وہاں پیشاب کرنے سے کوئی نقصان نہیں تھا۔

3)سباطہ سب لوگوں کے لئے مشترک تھا۔

4)سباطۃ قوم کا مطلب یہ ہے کہ لوگ اسکو استعمال کرتے تھے اور یہ نہیں کہ ان کی ملکیت تھی۔

*دوسری روایت میں ہے: إذا أصاب جسد أحدهم قرضہ(کاٹ دیتے)

-اشکال: پھر تو سب مرجاتے اگر کاٹنے کا حکم تھا!

جواب:1)یہ روایت بالمعنی ہے، اصل یہ ہے کہ إذا أصاب جلدَ أحدهم، اور مراد کپڑے ہیں۔

2)یایہ کہ قبر میں وہ عضو کاٹا جاتا تھا۔

3)ذُکر المحل ویراد بہ الحال، أی ذکر الجسد ویراد بہ الملابس۔

* قبال قائما من غیر سعی واجتہاد: بأن البول کان فی القاذورۃ(بوٹل میں نہیں کیا)۔

بَابُ غَسْلِ الدَّمِ(ص36)

-ترجمۃ الباب کا مقصد:-الدم نجس کالبول

-لابد فیہ من الغسل کما فی البول بالاتفاق نجس ہے۔

-فؒ: لیس فی الدم قدرٌ معفوٌ إلا دم البراغیث

احناف: قدر درہم یا قدر درہم سے کم معفو عنہ ہے اور زیادہ ہو تو مکروہ تحریمی ہے، جرم والی نجاست 4.5 ماشہ تک اور بہنے والی نجاست: بقدر الکف اور استدلال کرتے: 1)ابن عباسؓ کے قول سے، 2)ودمًا مسفوحًا؛ معلوم ہوا کہ مسفوح ہو تو ناپاک ورنہ نہیں، 3) قلیل معاف ہے اکتفاء بالحجر فی الاستنجاء کے جواز کی وجہ سے، 4)اور اگر مچھر کاٹے تو معاف ہے بالاتفاق، تو معلوم ہو کہ قلیل وکثیر کا فرق ہے۔

اور قدر درہم کو مستنبط کیا"موضع نجاست" سے۔

-سوال: کرچنے اور رگڑنے کا حکم کیوں دیا"تحتُّہ ثم تقرصہ"؟

جواب:1) یہ تدبیر بتلائی تاکہ کم پانی خرچ ہو

2)تاکہ اچھ طرح نجاست نکل جائے(دھاگے سے وغیرہ)

3)نجاست جیسے خون میں چکناہت ہے تو اسکو نکالنے کے لئے صرف دھونا کافی نہیں۔

* لفظ"استحاض" مجہول آتا ہے کیوں؟

حکمت: کیونکہ اسکے أیام بھی معلوم نہیں ہوتے کہ کب آئیگا تو معنی کا لحاظ کرتے ہوئے لفظ کو بھی مجہول لائے۔

*عِرقٌ: سے پتہ چلتا ہے کہ إحدی السبیلین کی تخصیص نہیں ہے اور خون کا نکلنا سبب نقض وضوء ہے۔

بَابُ غَسْلِ المَنِيِّ وَفَرْكِهِ، وَغَسْلِ مَا يُصِيبُ مِنَ المَرْأَةِ

- 1)ترجمۃ الباب کا آخری حصہ بہ ظاہر اسکا حدیث کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے!

جواب:1)مصنف کی خطاء ہے۔

2)کاتب کی غلطی ہے۔

3)مصنف کو نظر ثانی کا موقع نہیں ملا(وہذا الاصح)۔

*2)تو مایصیب من المرأۃ سے کیا مراد ہے؟

جواب: جو آلہ عضو کو لگے اور منی یا مذی یا رطوبت نکلے تو بالاتفاق دھونا چاہئے، اور منی المرأۃ یخرج أولاً ومنی المرء یصل إلی الرَّحم، تو مایصیب من المرأۃ"کنت أغسل الجنابۃ من ثوب النبی ﷺ میں آگیا"۔

3)رطوبۃ الفرج کے لئے غسل متعین ہے، فرک کافی نہیں ہے۔

-کؒ: منی نجس ہے، دھونا واجب ہے؛ فؒ اور دؒ:1)منی پاک ہے اور 2)ایک روایت میں مرد کی پاک اور عورت کی نجس ہے 3)دونوں کی ناپاک(جب فرک آیا تو معلوم ہوا کہ پاک ہے)۔

رحؒ: منی نجس ہے اور اگر خشک ہو تو فرک کافی ہے اسلئے کہ تقلیل نجاست واقع ہو گی اور اگر تر ہو تو دھونا لازم ہے۔

- قائلین طہارت کے دلائل:

1) منی أصل الأنبیاء ہے اور ناپاکی کا حکم ان کی شان کے مناسب نہیں ہے۔

جواب: منی نجس ہے اصلاً لیکن تغیر آ گیا اسلئے نجس کا حکم لگانے میں کوئی حرج نہیں اور اصل قریب مراد ہو تو خون بھی شامل ہے اور اصل بعید مراد ہو تو منی ہے۔ اور اصل بات یہ ہے کہ موجودہ حالت کو دیکھنا چاہئے۔

2) ابن عباسؓ کا قول ہے: "المنی کالمخاط" تو دونوں پاک ہے؛ جواب: تشبیہ لزوجت میں ہے کہ دونوں چپک والی مادّے ہیں اور سند میں محمد بن عبد اللہ ہے جو ضعیف ہے۔

3) أفرک المنی عن ثوب رسول اللہ ﷺ:

جواب: اگر پاک ہوتا تو فرک کیوں ہے؟ تو ہم کہتے تقلیل نجاست کے لئے۔

امام طحاویؒ جواب دیتے کہ تفریک کان فی ثوب النوم لا فی ثوب الصلوۃ اور ثوب الصلوۃ کے لئے غسل ہوتا تھا۔

لیکن پھر امام طحاوی پر اعتراض ہے کہ حدیث میں: "کنت أفرک المنیّ من ثوب رسول اللہ ﷺ ثم یصلّی فیہ" اور "ثم" تعقیب کے لئے ہے!

جواب: تعقیب کل شیء بما یناسبہ جیسے کہتے ہیں کہ تزوج فلان فوُلد لہ یعنی 9 مہینے کے بعد فی الفور بچہ پیدا ہوا تو "فیصلی فیہ" کا مطلب یہ ہے کہ درمیان میں زقفہ تھا، یا یہ بھی ہو سکتا کہ ہم غسل کی روایات غسل پر محمول کرے اور فرک کی روایات غسل کے ضمن میں مان لے جیسے امام کؒ، تو اس صورت میں مطابقت ہو گی.

- ام حبیبہؓ سے سوال کیا گیا: "ھل کان رسول اللہ ﷺ یصلی فی الثوب الذی یجامع فیہ؟" قالت نعم إذا لم یری فیہ أذًی۔

- ایک مہمان آیا عائشہؓ کے یہاں تو صبح کو چادر دھونے لگے تو عائشہؓ نے کہا: إنما تکفیک أن تغسل مکانہ۔

- نضحت ما حولہ، ولقد رأیتنی أنی أفرکہ من ثوب رسول اللہ ﷺ فرکًا تو فرک ضمن الغسل ہوا۔

- قل ہو أذی: حیض نجس ہے۔

بعض: مصنفؒ امام کؒ کے ساتھ ہیں؛ احناف کہتے کہ مصنفؒ ہمارے ساتھ ہیں اسلئے کہ فرک اور غسل دونوں کا ذکر آیا ہے۔

شافعیہ کہتے ہیں کہ مصنف ہمارے ساتھ ہیں اور اگر فرک فی ضمن الغسل مان لے تو مالکیہ کی طرف میلان ہو گا۔

غسل: وہ ہے جسکے ساتھ رگڑنا بھی ہو۔ بعض کہتے کہ بُقعُ الماء فرک کی دلیل ہے اسلئے کہ فرک سے دھبہ رہ جاتا ہے۔

منی: أبیض اور صفر تخین یخرج عند الشہوۃ بدفق، رائحتہ کرائحۃ العجین۔

مذی: ماء یخرج عند ملاعبۃ أہلہ أو عند الشہوۃ ولا یحسبہ۔

ودی: ماء یخرج بعد البول (لعاب کی طرح)۔

بَابُ إِذَا غَسَلَ الجَنَابَةَ أَوْ غَيْرَهَا فَلَمْ يَذْهَبْ أَثَرُهُ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: غسل کے بعد أثر باقی رہے تو کوئی حرج نہیں۔

أبو داؤد کی روایت ہے کہ عورتیں سوال کرتی تھی أثر حیض کے بارے دھونے کے بعد تو آپ ﷺ نے فرمایا "إصبغن" تاکہ شک نہ رہے۔

دوسری صریح روایت ہے کہ اصل منی کے دھبہ رہے، تو مجمل روایت کے بعد محکم روایت لائے۔

ماقبل میں احتمال تھا کہ پانی کہ پانی کے دھبوں میں منی کا احتمال ہے۔

بَابُ أَبْوَالِ الإِبِلِ، وَالدَّوَابِّ، وَالغَنَمِ وَمَرَابِضِهَا

-ترجمۃ الباب کا مقصد: اس باب سے معلوم ہوتا ہے کہ مصنفؒ امام مالکؒ کے مذہب کی طرف مائل ہے۔

-ظاہریہ: ماکول اللحم أو غیر ماکول اللحم کا بول پاک ہے۔ کؒ دؒ: ماکول اللحم کا بول پاک اور ایک روایت میں براز بھی ہے۔

رؒ اور فؒ: بول و براز سب ناپاک ہے؛

-دلائل: 1) یحل لکم الطیبات ویحرم علیکم الخبائث

2) استنزہوا من البول عام ہے

3) نسقیکم مما فی بطونہا من بین فرث ودم لبنا.....تو فرث کو نجاست شمار کیا۔

4) آپ ﷺ نے دونوں ڈھیلے لیے اور "ألقی الروثۃ" و قال إنہا رِکسٌ۔

5) اکا جلالۃ سے منع فرمایا آپ ﷺ نے۔

-دار البرید پہلے خچر گھوڑے سب آتے تھے، برید اصل فارسی ہے بُریدن سے جو کاٹنے کے معنے میں ہے۔ اور جانور کے دم کو کاٹ دیتے تھے تاکہ معلوم ہو کہ برید کا جانور ہے۔

-سوال:.....

جواب: 1) محل پاک یا سجدہ کی جگہ، گھٹنوں کی جگہ اور بیٹھنے کی جگہ پاک ہو تو کوئی حرج نہیں۔

2) سرقین قریب میں تھا اور انہوں نے پاک جگہ پر نماز پڑھی.

3) ممکن کہ وہ سوکھا ہوا ہو اور اس پر کپڑا بچھایا تھا۔ اور جب بدبو نہیں آتی موٹے کپڑے لگانے سے تو کوئی حرج نہیں۔

-دوسری روایت: عرنیین والا واقعہ 6ھ کا ہے اور مُثلہ 3ھ میں واقع ہوا (ترمذی میں ہے: کان قبل أن تنزل الحدود)۔

-7 یا 8 آدمی تھے ص 423 میں 8 کا ذکر ہے اور "أو" تقسیم کے لئے: 4 عرینہ کے اور 3 عکل کے تھے۔

فاجتووا: پیٹ کی بیماری بلقاحٍ أو بلزوم۔

-ایک روایت میں ألبان مقدم ہے۔

-راعی کا نام: یسار یا بلال بن أبی ذر ہے اور اونٹ آپ ﷺ کے تھے یا صدقہ کے اونٹ تھے۔

-آپ ﷺ نے 20 آدمی کو بھیجا اور کُرز بن جابر کو امیر بنایا۔

اشکال: تداوی بالحرام کا حکم کیسے دیا؟

جواب: 1) یہ حدیث منسوخ ہے جیسے کہ اسمیں مثلہ کا ذکر ہے جو منسوخ ہے۔

مثلہ اسمیں مذکور ہے اور منسوخ یہ ہم تسلیم نہیں کرتے کہ مثلہ.....یہ منسوخ ہوا احد میں اور عرنیین کے ساتھ قصاص کا معاملہ ہوا۔

2)شفاء یقیناً معلوم تھا اسی لئے انکو کہا کہ پی لو (وہذا محمول علی التداوی بالمحرم جو جائز ہے جبکہ اسکا بدل نہ ہو کلُبس الحریر فی الحرب یا أنف الذہب وغیرہ)۔

سوال یہ بات بہ ظاہر اس اصول کے خلاف ہے: إن اللہ لم یجعل شفاء أمتی فی الحرام اور خمر کے بارے کہا: إنہا داءٌ ولا دواء۔

جواب: 1) حرام چیز اضطرار کے وقت حلال ہو جاتا ہے

2) نہی کے معنے میں ہے: یعنی حرام استعمال مت کرو

3) یہ مخصوص بالخمر ہے دوسرے محرمات کبھی دوا بن سکتے۔

4) مطلب یہ ہے کہ داء غالب ہے اسمیں چنانچہ اسکا لحاظ رکھو إلا کہ مجبوری ہو تو پھر الگ بات ہے۔

* تداوی بالمحرم پر کچھ روشنی۔[16]

3) وحی کے ذریعہ سے معلوم ہوا کہ وہ لوگ خبیث ہیں اسلئے خبیث چیز ان کے لئے مقرر کی گئی۔

4) تضمین ہے: وأن یستنشفوا من أبوالہا یاوأن یدّہنوا من أبوالہا۔

5) آپ ﷺ نے دودھ پینے کو کہا تھا تو انہوں نے اپنے تجربہ سے (استسقاء کی بیماری میں) اور رواج کے مطابق پیشاب کو بھی پینے لگے (ص 423 پر یہی مذکور ہے اور ص 1005 پر بھی.....)

راوی کا تصرف ہے کہ دودھ پینے کو کہا تھا: أمر ہم بلقاحٍ (دودھ والی اونٹنی)۔

- فاجتووا بالمدینۃ: بیمار ہوئے یا مدینہ کے آب وہوا ان کے موافق نہ ہو گی۔

- یستسقون ولا یُسقون: ہذا لیس.....

- أبو قلابۃ: عبد اللہ بن زید جَرَمی

- ان لوگوں کی تردید ہے جو کہتے کہ مدّعی علیہ پر قصاص ہے عرنیین والا قصہ جیسا۔ تو وہ کہتے کہ ارتداد اور محاربۃ اللہ ورسولہ کی وجہ سے قصاص ہے، تو یہ بات صحیح نہیں اسلئے کہ 50 آدمی سے قسم لی جائے پھر مدعی علیہ پر قصاص ہے۔

فؒ: اگر لوٹ ہو (گواہ ہیں جو عورتیں ہیں مرد نہیں) تو أہل بلد سے 50 آدمی کی قسم لی جائے گی پھر مدعی علیہ پر دیت ہو گی۔

اگر لوٹ نہ ہو.....

---

[16] درس ترمذی میں مذکور ہے (١/ ٢٩١-٢٩٢):

دوسرا مسئلہ تداوی بالمحرم کا ہے، یعنی کسی حرام چیز کو بطور دوا استعمال کرنا جائزہ ہے یا نہیں؟ اس میں تفصیل ہے یہ ہے کہ اگر حالت اضطرار کی ہو، یعنی وہ محرم استعمال کئے بغیر جان کا بچنا مشکل ہو تو بقدر ضرورت تداوی بالمحرم بالاتفاق جائز ہے، لیکن اگر جان کا خطرہ نہ ہو بلکہ مرض کو دور کرنے کیلئے تداوی بالمحرم کی ضرورت ہو تو اسمیں ائمہ کا اختلاف ہے، امام مالکؒ کے نزدیک اس صورت میں بھی تداوی بالمحرم مطلقاً جائز ہے، جبکہ امام شافعیؒ کے نزدیک اس صورت میں بھی تداوی بالمحرم مطلقاً ناجائز ہے، امام بیہقیؒ کے نزدیک تمام مسکرات سے تداوی ناجائز ہے، جبکہ باقی محرمات سے جائز ہے، حنفیہ میں سے امام اعظم ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ بھی امام شافعیؒ کی طرح مطلقاً عدم جواز کے قائل ہیں، جبکہ امام طحاویؒ کا مسلک یہ ہے کہ خمر کے علاوہ باقی تمام محرمات سے تداوی جائز ہے، حنفیہ میں سے امام ابو یوسفؒ کا مسلک یہ ہے کہ اگر کوئی طبیب حاذق یہ فیصلہ کرے کہ تداوی بالمحرم کے بغیر بیماری سے چھٹکارا ممکن نہیں ہے، تو اس صورت میں تداوی بالمحرم جائز ہو گا، حدیث باب ان لوگوں کی دلیل ہے جو مطلقاً جواز کے قائل ہیں، حنفیہ کے مفتیٰ بہ قول کے مطابق اس حدیث کی توجیہ یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کو بذریعہ وحی یہ بات معلوم ہو چکی تھی، کہ ان کی شفاء ابوال ابل میں منحصر ہے، اسلئے آپ ﷺ نے ابوال ابل کا استعمال کا حکم فرمایا.

فالخلاصة أن بول مأكول اللحم عند الأحناف و الشوافع نجس خلافا للمالكية و الحنابلة ولأجل هذا الاختلاف يُعَدُّ بول مأكول اللحم عند الأحناف نجس نجاسةً مخففةً .

- و استخدام بول الإبل للعلاج يصار إليه فقط في حالة الضرورة الشديدة عند فقد علاج آخر بتصريح طبيب حاذق مسلم.

فتاوی دار العلوم زکریا میں بھی انسان کے پیشاب سے علاج کرنے کا حکم مذکور ہے (٦/ ٧٧٦).

کؒ: مدّعی پر قسم ہے؛ دؒ: اگر لوٹ ہو تو 50 مدّعی علیہم پر قسم ہے اور لوٹ نہ ہو تو ایک آدمی کی قسم لی جائے گی۔

احناف: مدّعی علیہم پر قسم ہے اسلئے کہ عمرؓ کا قول ہے اور قانون بھی وہی ہے کہ گواہ.....

رافع بن خدیج کی روایت أبوداؤد میں موجود ہے جہاں مدعی علیہ سے قسم لینے کا ذکر ہے:.....فاستحلفوہم.....

اور جہاں مدّعی سے قسم لینے کا ذکر ہے تو صحیح تصویر کے لئے یا استفہام کے طور پر، تو بیجا.....

مدّعیٰ.....

حارث: لا أیماننا دفعت عن أموالنا ولا أموالنا دفعت عن أیماننا۔

قسامۃ میں مدعی علیہم سے قسم لینا زمانۂ جاہلیت سے تھا اور آپ ﷺ نے اسکو برقرار رکھا۔

مرابض الغنم الگ ہے معاطن الإبل سے اسلئے کہ إبل میں شرارت زیادہ ہے اور چھینٹیں کا زیادہ امکان وخوف ہے۔

بَابُ مَا يَقَعُ مِنَ النَّجَاسَاتِ فِي السَّمْنِ وَالمَاءِ(ص37)

-ترجمۃ الباب کا مقصد: نجاسۃ الماء وطھارۃ الماء کے مسئلہ کا بیان ہے۔

ظاہریہ: نجس نہیں ہے۔ کؒ: نجس ہے جب متغیر بالنجاسۃ ہو ورنہ نہیں (جو متغیر ہوا وہ قلیل، بیر بضاعۃ سے استدلال کرتے)

ائمہ ثلاث: کثیر لا یتنجس و قلیل یتنجس۔

- قلیل اور کثیر کا فرق: کؒ: پاک ہے مالم یتغیر أحد أوصافہ: الماء طھور لا یتنجس إلا إذا تغیر لونہ وطعمہ

فؒ: إذا بلغ القلتین فھو کثیر (320 لیٹر) اور ایک قلہ: 160 لیٹر

احناف: 1) مبتلا بہ کی رائے کا اعتبار ہے؛ 2) ما یتحرک بجانب لا یتحرک بہ الآخر فھو کثیر؛ 3) عشر فی عشر (10 ذراع) کثیر ہے

مالکیہ کی دلیل: بیر یضاعۃ کہ آپ ﷺ نے فرمایا: إن الماء طھور لا ینجسہ شیء

جواب: اس روایت پر بہت کلام ہے اور اسمیں اضطراب وضعیف راوی ہیں

1) سند میں عبید اللہ بن عبد اللہ ضعیف ہے اسلئے کہ عبید اللہ بن عبد الرحمن کا بھی ذکر ہے دوسری روایتوں میں۔

2) معنی میں اضطراب ہے اسلئے کہ "قلۃ" کے کئی معانی ہیں: 1) رأس الجبل؛ 2) قامۃ الإنسان؛ 3) مٹکا۔

3) قلۃ کی روایت کی سند میں ولید بن کثیر (خارجی) محمد بن جعفر سے روایت کرتے۔

دوسری سند میں محمد بن اسحاق ہے جو خوب متکلم فیہ ہے۔

زہری.....عبید اللہ

- صحیح بات یہ ہے کہ حدیث حسن ہے۔

4) الفاظ میں بھی اضطراب ہے: 1) قلتین آیا، 2) 3 قلۃ آیا، 3) ذنوب أی دلو عظیم بھی آیا۔

احناف کے دلائل: 1) زمزم کے کنویں میں حبشی کے گرنے سے عبد اللہ بن زبیر نے تمام پانی نکلوایا تھا۔

آثار طحاوی میں ہے موجود ہے کہ اگر چوہا گرے تو اتنے ڈول نکالے یا مرغی گرے تو اتنے ڈول۔

إذا استیقظ أحدکم من نومہ فلا یغمسن یدہ فی الإناء

اور احناف تطبیق کا راستہ اختیار کرتے: 1) لا ینجسہ شیء / بیر یضاعۃ: بڑا کنواں تھا اور جاری پانی کے حکم میں تھا۔

2)ماء البحار پر محمول۔

اور یہ روایت:لایحمل خبثًا أی لم یحتمل /

اور "لا یبولن أحدکم فی الماء الدائم": بیر بضاعۃ یا برتن یا صغار الحیاض پر محمول ہے یا علی الآبار الصغار۔

-بعض کے نزدیک: مصنفؒ امام کؒ کے ساتھ ہیں جو تغیر اور عد تغیر الماماء کا اعتبار کرتے تو جامد چیزوں سے تغیر نہیں اور.....

-الرِّیش المقطوع نجسٌ اگر فیل مر جائے تو اسکے سینگ پاک ہے۔

فؒ دؒ: عظام المیتۃ نجس ہے؛ اور کؒ حؒ: پاک ہے۔

-تجس تیل: دؒ: لا یباع ولا یستعمل؛ حؒ: یُباع ویستعمل؛ فؒ: لایُباع ولکن یستعمل

-معلوم ہو کہ اعتبار نجاست کے پہنچنے اور نہ پہنچنے کا ہے۔

-کل کَلمٍ یکلمہ أی کل زخم یُجرح بہ..... تا کہ اسکی مظلومیت ظاہر ہو جائے۔

-العَرْفُ: خوشبو(شاہ صاحب کی تقریر ہے ترمذی پر: العرف الشذی کے نام سے)تو پتہ چلا کہ خون جب متغیر ہوا تو پاک ہوا اسلئے کہ مشک کو کوئی ناپاک نہیں کہتے۔

"ما أبین من المیتۃ" کے قاعدہ سے مستثنیٰ ہے، مشک(نافہ)اسکو رکھ کر مشک سے متغیر ہو جاتا ہے۔

-شعر مشک پر: متنبی: فإنْ تَفُق الأنَامَ وأنْتَ مِنْهُمْ ... فإنَّ المِسْكَ بَعْضُ دَمِ الغَزَالِ

-اگر کوئی اشکال کرے احناف پر: تم حدیث قلتین کو چھوڑتے ہو اگر چہ ضعیف ہے تم اسکو مقدم کرتے قیاس پر، تم دوسری چیز.....

جواب: مبتلا بہ کی رائے کا اعتبار ہے اور تحریک جانب، اور حقیقت یہ ہے کہ یہ بھی حدیث سے مأخوذ ہے کہ چوہا کی تأثیر کو دیکھا جائے گا اور خود حدیث قلتین رائے مبتلا بہ پر دال ہے کہ کبھی قلتین، کبھی 4 غرفًا اور تأثیر و تغیر۔

بَابُ البَوْلِ فِي المَاءِ الدَّائِمِ

ترجمۃ الباب کا مقصد:-احناف کے مذہب کی طرف اشارہ ہے۔

-پہلی حدیث اور دوسری: لا یغتسلن أحدکم یدہ.....

تیسری دلیل: طھور إناء أحدکم إذا ولغ الکلب فیہ.....

-ماء راکد: الذی ینقطع أصلہ کماء المطر۔

-ابن تیمیہ: کثیر البول سے تغیر ہے۔

"نحن الآخرون فی الدنیا والسابقون فی الجنۃ" اسکا کیا تعلق ہے بول سے؟

جواب:1)ایک جواب حاشیہ میں کہ 2 باتیں ایک ہی ہیں، مجلس میں سستی تو ابو ھریرۃؓ نے دونوں کو ملایا تو راوی نے بھی(لایفہم ہذا)۔

2)حدیث موجود ہے اور پہلی حدیث صحیفہ أبی ھریرۃؓ بواسطہ أعرج ہے۔

-"ثم یغتسل فیہ": 1)تبعید کے لئے کہ کتنے عجیب بات ہے؟.....

بَابُ إِذَا أُلْقِيَ عَلَى ظَهْرِ المُصَلِّي قَذَرٌ أَوْ جِيفَةٌ، لَمْ تَفْسُدْ عَلَيْهِ صَلاَتُهُ[17]

-اشکال: یہ کتاب الصلوٰۃ کا مسئلہ ہے ؟!

جواب: یہ کتاب الطھارۃ سے تعلق رکھتا ہے اس طرح کہ کثیر پانی میں تھوڑی نجاست ہو تو پاک ہے ں تو اسی طرح اگر مصلّی کی پیٹھ پر نجاست یا لاش ڈالا جائے تو نماز فاسد نہیں امام کؒ (ابتداءًیا بقاءً) اور امام اوزاعیؒ (بقاءً فاسد نہیں) کے نزدیک اسلئے کہ کپڑے کی طہارت من قبیل المسنونات اور مصنفؒ اسی کی طرف مائل ہے۔

-أئمہ ثلاث: تفسد علیہ صلوٰتہ۔

-اصل روایت مصنف ابن أبی شیبہ میں ہے کہ ابن عمرؓ جب خون دیکھتے تو نکالتے اور اگر نہ نکال سکتے تو نکال کر دھو لیتے۔

پھر آکر بناء کرتے تھے یا انکے نزدیک 2) بقدر اداء رکن تک فاسد نہیں، 3) یا خون قلیل تھا، "وإن لم یستطع خرج فغسلہ ثم جاء یبنی علی ماکان صلّٰی"[18]

حؒ: لایعید الصلوٰۃ؛ شافعیہ: اعادہ ہے۔

لا إغنی شیئا: معلوم ہوا کہ جہاں آدمی عاجز ہے تو خواہ مخواہ بہادر بننے کی ضرورت نہیں۔

-عیسیٰؑ کوہ طور پر مسلمان کو لے جائیں گے، یا جوج ماجوج سے بچنے کے لئے، اسی طرح موسیٰؑ اور خضر کے قصے: ظالم بادشاہ کے سامنے کشتی کو عیبدار بنایا۔

-منعۃ: قوت والی جماعت، تو اس روایت سے کؒ یا اوزاعیؒ.....

جوابات: باطن نجس تھا لیکن اوپر سے پاک، نجاست نہیں تھی، تو جبتک نجاست فی محلہ ہے تو ناپاک نہیں۔

-اشکال: ذبیحۃ المشرک ناپاک ہے!

جواب: 1) ذبیحۃ المشرک کے خون نکالنے کی وجہ سے پاک ہے (خون دم مسفوح نکالنے کی وجہ سے) اور بعض کے نزدیک ناپاک ہے۔

2) آپ ﷺ نے نماز جاری رکھا کہ آپ ﷺ کو معلوم نہ تھا تو یہ عدم علم کا نتیجہ تھا۔

اشکال: بعد میں جب معلوم ہوا تو قضاء ثابت نہیں!

3) سؒ: ایک رکن سے کم میں نجاست زائل ہو جائے تو نماز جاری رکھ سکتے، رکن بدلنے سے فساد آتا۔

4) فؒ: آپ ﷺ نفل پڑھتے تھے اور اسکا اعادہ نہین اگر باطل ہو جائے، لیکن نماز کا نفل ہونا ثابت نہیں۔

5) نماز باقی نہیں رہی لیکن آپ ﷺ نے سجدہ باقی رکھا لإغاضۃ الکفار بعدم ترک الصلوٰۃ۔

6) آپ ﷺ نے نماز کی شکل کو باقی رکھا لإثبات مظلومیتہ تاکہ اللہ کی رحمت آپ ﷺ پر متوجہ ہو جائے۔

7) ہذا کان قبل آیۃ: "وثیابک فطھّر" (یہ جواب کمزور) کیونکہ یہ ابتداء نازل ہوئی جب فاطمہؓ پیدا ہوئی یا 2 سال کی تھی۔

8) سجدہ کو باقی رکھا لاشتغالہ بلذۃ الصلوٰۃ۔

لیکن جب آپ ﷺ اٹھے اور بد دعاء شروع کی تو معلوم ہوا کہ ترک صلوٰۃ ہوا۔

سوال: کیا بد دعاء آپ ﷺ کی شان کے خلاف نہیں؟

جواب: بد دعاء حق اللہ کے توڑنے کی وجہ سے یار کاوٹ پیدا کرنے کی وجہ سے درمیان میں۔

---

[17] انعام الباری (ص 287)

[18] انعام الباری (ص 288)

-معاذ بن عفراء اور معاذ بن عمرو بن جموح نے ابو جہل کو قتل کیا۔

-حمزہؓ نے شیبہ اور عتبہ کو قتل کیا، عبیدہ بن حارثؓ نے ولید بن عتبہ یا حمزہ یا علیؓ نے قتل کیا۔

-اُمیۃ بن خلف کو علیؓ نے یا حمزہؓ نے قتل کیا؛ عقبہ بن ابی معیط کو علیؓ یا عاصم نے قتل کیا۔

-عمارہ بن ولید بھاگا اور حبشہ آیا، تو بادشاہ کی بیوی کے ساتھ ملوث ہوا جس کی وجہ سے بادشاہ نے اس پر ساحر مسلط کیا: اور سحر کی وجہ سے آلہ تناسل میں درد محسوس کرنے لگا تو صحراء میں بھاگا اور مر گیا۔

بَابُ البُزَاقِ وَالمُخَاطِ وَنَحْوِهِ فِي الثَّوْبِ(ص38)

-آخر میں جنازہ کا ذکر ہے براعت اختتام کے طور پر: جنازہ آخری عبادت ہے۔

جب آدمی مرتا ہے تو نماز نہیں پڑھتا..... مفترشتہ جنازہ کی لاش امام کے سامنے رکھا جاتا ہے۔

7 – كِتَابُ التَّيَمُّمِ[25]

- ایک نسخہ میں باب ہے۔
- تیمم: لغۃً: القصد شعر: تیممتکم لما فقدت أولی النهی... ومن لم یجد ماء تیمم بالتراب
- اصطلاحًا: القصد إلی الصعید الطیب لاستباحۃ الصلوٰۃ۔
- مٹی پانی کے ساتھ شریک فی الأنبات؛ انسان وحیوان پانی کے محتاج اسی طرح مٹی بھی۔
- تیمم میں 2 آیتیں: 1) سورۃ مائدۃ 2) سورۃ نساء
- کونسی پہلے نازل ہوئی: 1) مصنفؒ نے کہا سورۃ مائدۃ اسلئے کہ لفظ "منہ" کا ذکر کیا اور ص 663 پر سورۃ مائدۃ کی پوری آیت مذکور ہے۔
- اشکال: سورۃ نساء نزولًا 92 ہے اور سورۃ مائدۃ 112 ہے۔
- اور سورۃ نساء میں "لا تقربوا الصلوٰۃ وأنتم سکٰری" جیسی آیت ہے جو احد میں نازل ہوئی۔
- یہ آیت ذات الرقاع میں نازل ہوئی اور ابو ھریرۃؓ موجود تھے حالانکہ اسلام لائے آخر میں۔

[25] انعام الباری (2/522)۔

- اشکال:لوگ کیوں پریشان اسلئے کہ تیمم کا حکم نازل ہو چکا تھا سورۃ نساء میں!؟
- مسلم میں عائشہؓ کی روایت کہ جب گم ہوئی تو سورۃ مائدۃ کی آیت نازل ہوئی۔

جواب:1)سورۃ النساء کی آیت میں جنبی کی صراحت نہیں اسی لئے لوگ پریشان تھے کہ جنبی کیا کرے؟(لایفہم)

اسلئے کہ دونوں آیتوں میں جنبی کا ذکر نہیں ہے(سورۃ نساء میں صرف حکم،ابتداء نہیں تھا اور سورۃ مائدۃ کے نزول کے بعد اضافہ ہوا)۔

2)پہلے سورۃ نساء کے بعض آیات نازل ہوئی پھر سورۃ مائدۃ(تو اضافہ اسلئے ہوا تا کہ کوئی نہ سمجھے کہ سورۃ نساء کی آیت نے تیمم للجنب کو منسوخ کیا)سورۃ نساء میں غسل کا حکم تھا پھر سورۃ مائدۃ میں تیمم کا ذکر آیا پھر اللہ نے سورۃ نساء کو مکمل کیا۔

3) تیمم کا حکم پہلے موجود تھا،پھر جو لوگ احد میں زخمی ہوئے،ان کے لئے آیت نازل ہوئی کہ سورۃ نساء میں اور سورۃ مائدۃ حالت سفر کے لئے وغیرہ۔تو آیۃ التیمم پہلے نازل ہو چکا تھا سورۃ نساء میں لیکن صحابہؓ جب 12 درہم کے ہار کے لئے رُکے اور تلاش کرے تو معمولی حالت میں تیمم کرنا انکے لئے محل نظر تھا اسلئے کہ وہ سمجھتے تھے کہ تیمم شدید حالت پر منحصر ہے۔

4)التحیر لعدم الماء لالأحکام التیمم۔

سوال:تکرار کیوں ہوا پھر سورۃ مائدۃ،اور سورۃ نساء میں بھی؟

جواب:1)یہ حکم غیر مدرک بالعقل ہے چونکہ تراب کا مطہّر ہونا خلاف قیاس ہے تکرار ہوا تا کہ ذہن نشین ہو جائے۔

2)مٹی تلویث کا باعث ہے تو بتایا کہ مٹی پاک ہے۔

3)مسافر ہو تو پانی تک نہیں پہنچ سکتا تو شیء قلیل کی وجہ سے رک سکتے۔

-فامسحوا بوجھکم میں باء کا کیا فائدہ ہے؟ مسح شرعی مراد ہے أی فامسحوا مسحًا شرعیًا۔

- "منہ"

جواب:4 اقسام کا ذکر ہوا:طہارت صغریٰ اور کبریٰ

سورۃ مائدۃ میں "منہ" آیا اور یہ طہارت کی تفصیل ہے کہ مٹی سے شروع کرے یعنی ابتداء سے إلی الانتہاء کی طرف اشارہ ہے یعنی ابتداء من التراب والانتہاء علی الیدین۔

-قولہ "فی بعض أسفارہ"[26] یہ واقعہ سفر میں پیش آیا(حاشیہ 1):غزوۃ بنی المصطلق یا مریسیع کا ذکر ہے(جو 4 یا 5ھ میں واقع ہوا)۔

اور "عِقد" کا گم ہونا ذات الرقاع میں جو بعد کا واقعہ ہے 6 یا 7ھ،تو دونوں الگ واقعہ ہیں۔

-اور اسکے کئی دلائل موجود ہیں:

1)جب تیمم نازل ہوا تو اسیدؓ کا قول:ما ھی بأول برکتکم یا آل أبی بکر۔

2) عائشہؓ کا بیان ہے:فلما وقع ماوقع خرجتُ مع رسول اللہ ﷺ فی غزوۃ أخریٰ،تو معلوم ہوا کہ واقعہ افک کے بعد ہے۔

3)لما نزلت آیۃُ التیمم لا أدری کیف أفعل(أبو ھریرۃؓ)تو وہ 7ھ میں اسلام لائے۔

4)ابو بکرؓ:فی کل سفر تکونین:ہر سفر میں تو باعث مشقت بنتی ہے۔

---

[26] قوله فتح الباری (432/1): في بعض أسفاره قال بن عبد البر في التمهيد يقال إنه كان في غزاة بني المصطلق وجزم بذلك في الاستذكار وسبقه إلى ذلك بن سعد وبن حبان وغزاة بني المصطلق هي غزوة المريسيع وفيها وقعت قصة الإفك لعائشة وكان ابتداء ذلك بسبب وقوع عقدها أيضا فإن كان ما جزموا به ثابتا حمل على أنه سقط منها في تلك السفرة مرتين لاختلاف القصتين كما هو مبين في سياقهما

5)بنی مصطلق کا واقعہ: عائشہؓ پیچھے رہ گئی اور ہار کو خود تلاش کی اور ملی، اور ذات الرقاع میں سب نے مِل کر تلاشی لی، اور اسید بن حضیرؓ امیر تھے تلاش کرنے والوں کے۔

-معلوم ہوا کہ اگر معمولی سی چیز گم ہو جائے تو حتی الوسع اسکو تلاش کرنا چاہئے۔

-یزید الفقیر: فقیر اسلئے کہ ان کے ریڑھ کی ہڈی میں تکلیف تھی۔

-سوال: رعب جب پڑ جاتی ہے دشمن پر تو پھر مقابلہ میں کیسے آئے احد اور خندق میں کیوں اقدام ہوا؟

جواب: رعب تو تھا لیکن ملامت اور شرم اور عیب لگنے کی وجہ سے آئے۔

-اشکال: حضرت عیسیٰؑ کے بارے میں آتا ہے کہ "کان سیاحا" تو پھر آپ ﷺ کا فرمان کیسے؟ کہ یہ میری خصوصیات میں سے (جعلت لی الأرض مسجدا وطھورًا)۔

جواب:1)حضرت عیسیٰؑ کے لئے پوری زمین مسجد تھی لیکن طھور نہ تھی اور دونوں کا مجموعہ خصوصیت ہے۔

2)یا یہ کہ اس سے مراد أرض الشام ہے کہ حضرت عیسیٰؑ کے لئے شام انکی خصوصیت تھی، اور حضور ﷺ کی پوری دنیا خصوصیت تھی۔

-"احلت لی الغنائم".....

یعنی پہلے آگ کھالیتی تھی اور یہ مقبولیت کی علامت ہوتی تھی۔

شاید اسی وجہ سے کبش ابراہیمؑ کو آگ نے کھالیا یا پرندوں نے (کمافی حاشیۃ الجلالین)۔

-سوال: حضرت نوحؑ بھی سب کی طرف مبعوث ہوئے تھے!؟

جواب:1)وہ اتفاق سے ایسا ہوا اور لوگ اتنے نہیں تھے اس وقت۔

2)یا یہ کہ ان کی بعثت عام تھی مکانًا نہ کہ زمانًا اور حضور ﷺ کی بعثت عام ہے مکانًا وزمانًا۔

بَابُ إِذَا لَمْ يَجِدْ مَاءً وَلاَ تُرَابًا

- فاقد الطھورین کا مسئلہ: حؒ: یقضی فقط۔ دؒ: یؤدی ولا یقضی۔
  فؒ: یؤدی ویقضی۔ کؒ: لا یؤدی ولا یقضی۔
- مولانا اسد اللہ سہارنپوری نے اسکو ایک شعر میں جمع کیا: مالک ہے شافعی ہے احمد ہے اور ہم (لالا)(نعم نعم)(نعم لا)(ولا نعم)۔
- سمؒ: تشبہ بالمصلین اور اسی پر فتوی ہے جیسے امساک (عن الطعام وغیرہ) نیا بالغ کے لئے اور تحریک الشفتین گونگے کے لئے اور امرار الموسیٰ اس آدمی کے سر پر جسکے بال نہ ہو۔
- مصنفؒ اس مسئلہ امام احمدؒ کے ساتھ ہیں۔
- ہلکت: ذی روح کے لئے مستعمل ہے تو ہار کے گم ہونے کو ذی روح کا درجہ دیا۔
- ایک روایت میں ہے: وجدنا العقد تحتہ: ابن طیب کہتے کہ یہ محفوظ نہیں۔
- بعضوں نے کہا: کہ یہ حضرات فاقد الماء تھے نہ کہ تیمم کی حاجت میں!

جواب:1)بھائی! اس وقت ان کو تیمم کے احکام معلون نہ تھے تو وہ بھی گویا مفقود تھے۔

2)یہ ان کی خصوصیت تھی(ہذا الاصح)

3)ان سے زیادہ سچا حضرت عمرؓ ہیں اور انہوں نے نماز نہیں پڑھی جب جنابت ہوا(وہذا الاصح ایضا)

4)اسمیں تقدیم وتاخیر ہے کہ فصلوا کو بعد میں کر دیا اور فشکوا کو پہلے کر دیا اسلئے کہ پہلے آیت نازل ہوئی پھر نماز پڑھی۔

لیکن یہ سمجھ میں نہیں آتا اسلئے کہ ص532 پر پورا واقعہ مذکور ہے اور بغیر تیمم کے نماز پڑھی تھی اور پھر شکایت کی اور پھر آیت تیمم نازل ہوئی۔

(یہ سارے جواب دینے کی کوشش میں ہے لیکن ناکام ہے تو ہم کہتے: کوئی بات نہیں اسلئے کہ فتوی صاحبین کے قول پر ہے)۔

بَابُ التَّيَمُّمِ فِي الحَضَرِ، إِذَا لَمْ يَجِدِ المَاءَ، وَخَافَ فَوْتَ الصَّلاَةِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)حالت سفر کا ہونا ضروری نہیں، تیمم کے لئے(امام زفرؒ اور سؒ کی ایک روایت کا ایک قول کی تردید ہے)۔

2)امام زفرؒ کے قول پر فتوی دیا۔وضوء کرنے سے نماز میں قوت ہوگی تو تیمم سے نماز ادا ہوگی امام زفرؒ کے نزدیک

-حؒ:پانی قریب تو قضاء نماز کرے گا اور پانی سے وضوء کرنا چاہئے تو نماز قضاء ہو جائے گی۔

-نماز کے وقت میں پانی مل گیا جبکہ تیمم سے نماز پڑھی توفؒ:یعید وجوبًا۔اور کؒ:لا یعید(مصنفؒ کا یہی مسلک ہے)۔

-اگر مقطوع الیدین وبوجھ جراحۃ: تیمم نہیں کر سکتے کہ زخم ہے اور تیمم کرانے والا بھی نہیں تو بغیر وضوء کے پڑھے گا اور فاقد الطھورین اور معذور سمجھا جائے گا۔

-القادر بقدرۃ الغیر لیس بقادر عندحؒ ؛نماز اور وضوء مستثنی ہے۔

-اشکال:مدینہ منورۃ میں پانی تھا تو تیمم سے کیوں نماز پڑھی ابن عمرؓ نے؟ حالانکہ وقت ابھی باقی تھا جب کام سے فارغ ہو کر پہنچے۔

جواب:1)انکا خیال تھا کہ کام لمبا ہے لیکن کام جلدی ہوا۔

2)جس حاجت کے لئے ٹھہرے تھے، چھوڑ دیا۔

3)کان من عادتہ الوضوء علی الوضوء لیکن پانی نہ تھا تو تیمم کیا۔

اچھا جواب4)ابن عمرؓ نے یہ کام کیا مسئلہ بتانے کے لئے کہ پانی ایک میل دور ہو تو تیمم کر کے نماز پڑھ سکتے اگرچہ وقت ختم ہونے سے پہلے ہے(اگرچہ بہتر تو یہ ہے کہ نماز کو مؤخر کرے لیکن تیمم کر کے نماز پڑھے تو جائز ہے)۔

-کؒ:اعادۃ استحبابًا ہے۔ فؒ:اعادۃ واجب چونکہ شہر میں پہنچ گئے اور وقت باقی۔

-ابواب التیمم اور ابواب السترۃ میں ابو جہیم مصغر اور اگر ابواب اللباس میں ہو تو ابو جہم مکبر مراد ہے۔

-دار قطنی میں: فمسح علی ذراعیہ إلی مرفقیہ۔

-التیمم مع وجود الماء کا جواز معلوم ہوا کہ کام فوت ہونے کا اندیشہ ہے: جیسے جنازہ میں یا جیسے یہاں سلام کے جواب دینے کے لئے(اگرچہ جواب دینے کے لئے وضوء ضروری نہیں ہے)۔

بَابٌ: المُتَيَمِّمُ هَلْ يَنْفُخُ فِيهِمَا؟

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1)اختلاف کی طرف اشارہ ہے:فؒ اور کؒ:الصاق التراب لازم ہے؛ حؒ اور دؒ:لازم نہیں(استحباب کے درجے میں ہے)اور مصنفؒ کا یہی مسلک ہے۔

2)اگر تیمم کرے تو ضروری نہیں کہ مٹی رہ جائے ہاتھوں اور چہرے پر۔

-صعید:فؒ:التراب المنبت؛ احناف: مطلق تراب (منبت ہو بانہ ہو)،زمین کی سطح سے یعنی مایکون من جنس الأرض اور اسکی تفصیل یہ ہے:جو گلانے سے گلتا نہیں اور جلانے سے جلتا نہیں۔

-اشکال:جب غبار فی سبیل اللہ لگے تو یحرم النار،تو یہاں بھی صاف نہیں کرنا چاہئے کہ نماز فی سبیل اللہ ہے ؟!(من اعبرت قدماہ فی سبیل اللہ لم تمسہ النار)۔

جواب:1)غبار کو ہٹادے تو کوئی حرج نہیں۔

2) تیمم وضوء کا خلیفہ ہے اور وضوء میں تقاطر ہے تو تیمم میں ضروری نہیں کہ غبار کو باقی رکھے تا کہ تقاطر ہو بلکہ مصنفؒ نے بتایا کہ خود حضور ﷺ نے جھاڑ دیا(نفض)۔

-سوال:مصنفؒ نے ترجمۃ الباب میں "ھل" کیوں استعمال کیا؟

جواب:1) ممکن ہے کہ پھونکا غبار ہٹانے کے لئے۔

2)یا تنکا ہٹانے کے لئے۔

3) تقلیل الغبار مقصود تھا۔

4)یہاں بیان تشریع کے لئے۔

5)اراءۃ التیمم مقصود تھا۔

6)طریقہ کی طرف اشارہ ہے۔

-تو نفخہ امر شرعی ہے یا نہیں تو ان احتمالات کی وجہ سے ھل استعمال کیا۔

-اشکال: تیمم نازل ہو چکا تھا یا نہیں ؟اگر نازل ہو چکا تو عمرؓ نے کیوں نہیں کیا اور اگر نازل نہیں ہوا تو عمارؓ.....

جواب:1)عمرؓ کا گمان یہ تھا کہ (لمستم النساء فلم تجدوا ماء) کو لمس بالید پر محمول کرتے تھے (ہذا الاصح) اسلئے کہ ان کے نزدیک لمس سے جماع ہی مراد ہے۔

2)نازل ہو چکا تھا لیکن عمرؓ نے تیمم کا طریقہ نہیں دیکھا تھا اور عمّارؓ نے دیکھا تھا اور مبالغۃً تمعک کیا۔(وہذا مما لا یفہم ایضا) اسلئے کہ عمرؓ موجود تھے آیت تیمم کے نازل ہوتے وقت۔

3)عمرؓ نے یہ آیت سنی نہیں (ہذا الاصح)۔

4)لظنہ أنہ یجد الماء اور عمارؓ نے تیمم کو قیاس کیا غسل پر۔

بَابُ التَّيَمُّمِ لِلْوَجْهِ وَالكَفَّيْنِ

- تیمم میں: دؒ:ضربۃٌ دونوں کے لئے۔ ائمہ ثلاث:ضربتان۔ ابن ابی لیلی:ضربتان واحد لہما وواحد لہما۔

ابن سیرین:3ضرب:ضربۃ للوجہ وضربۃ للیدین وضربۃ لہما۔ ابن بزاز:4ضرب۔ مقصد: امام احمدؒ کی موافقت۔

- دؒ:پہنچے تک وجوبًا(رسغٌ)۔ ائمہ ثلاث:مرفقین تک۔ فؒ حؒ: مرفقین تک وجوبًا۔ کؒ:مرفقین تک استحبابًا۔

دلیل: کفین کا ذکر ہے حدیث میں۔ الزامی جوابات: ابو داؤد میں صرف ایک کف ہے اور مسلم میں ظاہری کف ہے تو کیا ایسے کریں گے ؟۔

- اشارۃ إلی طریقۃ التیمم
- احناف اور شوافع کے دلائل:
- جابرؓ: التیمم ضربتان: ضربۃ للوجہ وضربۃ للذراعین إلی المرفقین۔ عائشہؓ اور ابو جہیم سے بھی یہی مروی ہے۔
- ابن عمرؓ: التیمم ضربتان: ضربۃ للوجہ وضربۃ للکفین إلی المرفقین۔
- اسلع: التیمم ضربتان: ضربۃ لوجہک وضربۃ لذراعیک۔
- یکفیک الوجہ والکفین أی مع الکفین، یکفیک الوجہ والکفان۔
- یکفیک الوجہ أی أن تمسح الوجہ
- اشکال: عمارؓ کی حدیث میں اضطراب ہے تو مصنف کیسے ایسی روایت کو لائے ؟!۔

جواب: اضطراب اس حدیث میں جسمیں تیمم کی ابتداء ہے نہ کہ عمر اور عمار والی حدیث میں۔

- اشکال: یہ اشارہ إلی التیمم المعلوم ہے لیکن یہاں تو قولی حدیث ہے!

جواب: 1) ہذہ روایۃ فعلیۃ اصلا جعلہا بعض الرواۃ قولیۃ، اس روایت کے علاوہ باقی روایات میں اشارۃ إلی التیمم۔

2) ہذا من قبیل الروایۃ بالمعنیٰ

3) یہ ذکر جزء اور مراد الکل ہے یعنی کفین کا ذکر ہے اور مراد مرفقین جیسے کباسط کفیہ إلی الماء لیبلغ فاہ.... میں حدیث میں: أمّا أنا فأفرغُ علی رأسی ثلاث حثیات (ذکر الرأس مراد کل بدن ہے)۔

4) یا فقال بمعنی "ضرب" ہو اور ضرب بمعنی "اشار" اور اسکی تشریح یکفیک الوجہ والکفین۔ یہ معنی اگر لیا جائے تو دوسری روایت کے موافق ہو گا۔

-کف کے قائلین قیاس کرتے قطع الید پر جو کہ کف پہنچوں تک ہے!

جواب: طہارت کو عقوبت پر قیاس نہیں کرنا چاہئے بلکہ طہارت ہی پر کرنا چاہئے یعنی وضوء پر۔

اور سرقہ میں قطع الید سے مراد قطع الکف ہے اور اسکے مقابلہ میں کوئی حدیث نہیں اور یہاں سارے احادیث ہیں تو مرفقین ثابت ہے احادیث متواترہ سے اور عقوبت میں اسقاط ہے اور طہارت میں احتیاط ہے۔

تیسری حدیث فعلی اور تشریح ہے دوسری حدیث کے لئے۔

بَابٌ: الصَّعِيدُ الطَّيِّبُ وَضُوءُ الْمُسْلِمِ، يَكْفِيهِ مِنَ الْمَاءِ

- وجہ الأرض: مایصعد علی الأرض یا کل مایکون من جنس الأرض۔
- ابن عباسؓ: مُنبت۔ ابن مسعودؓ: طاہر۔ طیب طاہر کے معنے میں۔

ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) اختلاف کی طرف اشارہ ہے کہ طیب سے منبت مراد ہو یا طاہر، تیمم کر سکتے۔

2)صعید: مطلق زمین جیسے جعلت لی الأرض مسجداً وطھورًا اور علیک بالصعید الطیب۔

3) تیمم طہارت ضروریہ جیسے شوافع کہتے اور احناف: تیمم طہارت مطلقہ وکاملہ ہے اور مصنف کا یہی رجحان ہے(مایرید اللہ لیجعل علیکم من حرج)۔

- کؒ: فرض مع السنن پڑھ سکتے تیمم سے۔ فؒ: صرف ایک فرض نماز۔
- حسنؒ: یجزئ التیمم الواحد مالم یحدث
- بیہقی کی روایت:.....ولو إلی عشر سنین
- ابن عباسؓ نے نماز کی امامت کی.....
- السبخۃ: نمکین زمین جو نہیں اگاتی۔
- لیلۃ التعریس: متعدد بار یا زائد بار پیش آیا تھا، مختلف روایات سے پتہ چلتا ہے کہ مختلف بار پیش آیا تھا۔
- کوئی مسئلہ پیش آئے تو امام کے پاس جانا چاہئے۔ ورفع صوتہ بالتکبیر: تنبیہ کے طور پر معلوم ہوا کہ اگر cellphone میں اذان رکھے alarm کے لئے تو جائز ہے۔
- ینبغی الارتحال من مثل أماکن الغفلۃ
- رجل منعزل: 1) تیمم انکو معلوم نہیں۔

2)خیال کہ پانی ملے گا۔

3)طریقہ معلوم نہ تھا جنابت کے تیمم کے لئے۔

4)

-یہ قصہ تبوک یا خیبر یا جیش الامرا کے واپسی سے واقع ہوا۔

-مزادتین: مشکیزہ چمڑے سے چمڑا ملاتے۔ سطیعنتین: ایک چمڑے کو دوسرے چمڑے پر لگاتے مضبوطی کے لئے۔

-نفرنا خلوفا: 1)مرد کا کام ہے کہ باہر نکلے اور ہمارے مرد غائب یا2) یہ کہ وہ غائب اسلئے میں آئی ورنہ مرد ہی آتے۔

-پانی سے مضمضہ کیا اور دوبارہ مشکیزہ میں ڈالا۔

-اشکال: دوسرے کے مال میں کیسے تصرف کیا؟!

جواب: 1)حربی کے مال میں تصرف کیا۔

2)برکت کی وجہ سے زائد پانی آیا تو اس زائد پانی میں تصرف کیا۔

-افواھھما: جب مضاف مضاف إلیہ کا جزء ہو تو جمع لائیں گے جیسے فقد صغت قلوبکما: اشتباہ نہ ہو گا کہ آدمی کے پاس 2 دل نہیں ہے۔

-جب جزء نہ ہو اور تثنیہ ہو تو تثنیہ ہی لائیں گے جیسے سیفاکما

فاباہما:.....ہے اسلئے تثنیہ نہ لائے۔

-ویم اللہ اصل وایمن اللہ ہے

-صابی: 1)سورج کی عبادت کرنے والے 2)ستاروں کی عبادت

3)روحانیات کی پرستش کرتے تھے۔

بَابٌ: إِذَا خَافَ الجُنُبُ عَلَى نَفْسِهِ المَرَضَ أَوِ المَوْتَ، أَوْ خَافَ العَطَشَ، تَيَمَّمَ

- اگر اکثر بدن مجروح تو بھی تیمم کرے گا۔
- یُذکر: ضعف روایت کی طرف اشارہ ہے یا روایت بالمعنی ہے: اے عمرو: صلیتَ الناسَ وأنت جنُبٌ
- روایت میں ہے کہ آپ ﷺ مسکرائے جب انکو معلوم ہوا۔
- ترجمۃ الباب کا مقصد: تیمم استطاعت نہ ہونے کی وجہ سے بھی ہے نہ صرف فقدان الماء پر اور عمرو بن العاص والی روایت غزوۃ ذات السلاسل میں۔
- لایُصلی کا مطلب یہ ہے پانی کو طلب کرے، تلاش کرے۔
- شھرًا: یعنی تھوڑی سی عذر میں تیمم نہ کرو اور خود تشریح کی۔
- قال ھکذا أی ضرب (اسی طرح ص 49)۔
- فتح: عبد اللہ بن مسعودؓ کی روایت لائے مفصلاً۔
- بھذا الآیۃ: أو لمستم النساء فلم تجدوا ماءً: لمستم مراد جماع ہے اسلئے کہ مفاعلۃ جانبین سے۔
- اور آیت کریمہ تمام اقسام کو شامل ہے (حدث اکبر اور حدث اصغر)۔
- فقال انالو رخصنا: ابن مسعودؓ کا قول بطور سدّ باب (اسکا مستقل باب ہے جدید اصول کی کتابوں میں)۔

بَابٌ: التَّيَمُّمُ ضَرْبَةٌ

- عمارؓ کی روایت میں ایک ضرب کا ذکر ہے! جواب: اشارۃ إلی التیمم المعلوم المعروف۔
- کہتے ہیں کہ اس روایت میں تقدیم و تاخیر ہے: پہلے عمّارؓ کے قول پیش کیا پھر آیت کریمہ (خاتمہ مسک کی حیثیت سے)۔
- عائشہؓ اور ابو ھریرۃؓ وغیرہ، سب سے مروی ہے کہ کفین سے مراد ذراعین ہے۔
- ثم مسح بھما وجھہ اسمین بھی تقدیم و تأخیر ہے۔
- و مسح وجھہ وکفیہ واحدۃ أی مسحۃً واحدۃً۔

بَابٌ:

- ما قبل کے لئے بہ منزلہ فصل ہے۔ - شاہ ولی اللہؒ: یہ باب یہاں خطأ ہے۔
- ذہن کے امتحان کے لئے: باب المصلی إذا لم یجد الماء تیمم (اشکال: اتنی بدیہی بات لائے آخر میں)۔
- باب الاکتفاء بضربۃ واحدۃ عزیمۃٌ لا رخصۃٌ (ادنیٰ درجہ) کہ میں نے ضربتین للیدین کا ذکر ہی نہیں کیا۔
- رجلاً معتزلاً: الگ: براعۃ الاختتام کہ ایک دن تم بھی سب سے الگ تلگ رہو گے قبر میں۔
- لم یصل: براعۃ الاختتام کہ ایک دن تم بھی نماز نہ پڑھ سکو گے۔ - بالصعید: براعۃ الاختتام کہ تمکو زمیں میں رکھا جائے گا۔

8 – كِتَابُ الصَّلاَةِ

بَابٌ: كَيْفَ فُرِضَتِ الصَّلاَةُ فِي الإِسْرَاءِ؟

صلوات خمسہ کی طہارت کو بیان کیا پہلے اور شرائط یعنی نیت، طہارت مکان ولباس اور ستر عورن بعد میں بیان کریں گے۔

سوال: طہارت کو کیوں مقدم کیا؟

جواب: 1) اسلئے کہ طہارت کی بہت اہمیت ہے، اسکے بغیر نماز ہی نہیں پڑھ سکتے، فاقد الطھورین کو بعد میں قضاء کرنا ہے۔

2) یا اسلئے مقدم کیا طہارت لکثرۃ اقسامہ ووقوعہ۔

-صلوۃ: لغۃً:

-شافعیہ: صلوۃ اللیل پہلے فرض تھی پھر صلوات خمسہ۔

-احناف: فجر اور عصر کی نماز پہلے فرض تھی: " وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ "۔

-قرآن میں صلوات خمسہ کی طرف اشارہ ہے: " فَسُبْحَانَ اللَّهِ حِينَ تُمْسُونَ وَحِينَ تُصْبِحُونَ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَعَشِيًّا وَحِينَ تُظْهِرُونَ "۔

"وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا": فجر اور عصر کی طرف اشارہ ہے

"وَمِنْ آنَاءِ اللَّيْلِ فَسَبِّحْ وَأَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضَى ": ظہر کی طرف اشارہ ہے۔ 3 کنارہ اور مغرب کی طرف اشارہ ہے۔

-احادیث میں صلوات خمسہ مذکور ہیں:.....

-ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) بعد یا قبل الھجرۃ مشروع ہوئی؟ کہاں فرض ہوئی، آسمان یا زمین پر؟ جبریلؑ کی وساطت سے یا کوئی اور؟ 5 ابتداءً یا 50؟ تو کیف میں ان تفصیلات کی طرف اشارہ ہے۔ 2) فرضیت اور کیفیت کی طرف اشارہ ہے۔

-لیلۃ المعراج میں 3 تحفے: 1) صلوات خمسہ؛ 2) جو لا إلہ إلا اللہ پڑھے آخر میں تو جنت میں ہو گا اور 3) سورۃ بقرۃ کے آخری آیات (کا مضمون) کہ وہ مدنی ہے۔

-اسراء: لے جانا کسی کو اسکے بدن کے ساتھ: مثال: "فأسر بأهلك"۔

-ایک روایت: معاویہؓ: "كانت رؤيا من الله صادقة" رؤیۃ عین یعنی بیداری رؤیا مراد ہے۔

-روي عن عائشة، رضي الله تعالى عنها: ما فقد جسد رسول الله صلى الله عليه وسلم. سند میں بعض آل ابی بکر مجہول ہے اور اس وقت آپ ﷺ عائشہؓ کے پاس نہیں تھے۔

-متنبی کا شعر ہے: مضى الليلُ والفضلُ الذي لك لا يمضي ... ورؤياك أحلى في العيون من الغُمْضِ (نیند سے)

- معراج کا واقعہ کب واقع ہوا؟: 1) بعض: قبل الھجرۃ بثلاث سنین (یہی تحقیقی بات ہے)۔

2) بعض: قبل الھجرۃ بسنۃٍ

شعر: فكبر للرؤيا وهشّ فؤاده رؤیا یعنی رؤیا عین۔

- معراج کے تمام احادیث انسؓ کی وساطت سے۔

- سوال: چھت سے کیوں آیا فرشتہ؟

جواب: 1) سقف البیت کھولنے میں شق صدر کی طرف اشارہ ہے۔

2)خلاف عادت چیز کی طرف اشارہ ہے یعنی عروج اِلی السماء۔

3)آپ ﷺ اپنے گھر میں تھے، دوسری روایت سے پتہ چلتا ہے کہ امّ ھانیٔ کے گھر پر تشریف فرما تھے (تطبیق: اپنے گھر جیسے تھے)(لایفھم)۔اور جس روایت میں ام ھانیٔ کے گھر کا ذکر مراد یہ باعتبار مایؤول یعنی آپ ﷺ اپنے گھر پر تشریف فرما تھے، بعد میں ام ھانیٔ کا گھر بنا۔

-شق صدر 4 مرتبہ ہوا: 1)بچپن جبکہ حلیمہ سعدیہ کے پاس تھے۔

2) 10 سال کی عمر میں تاکہ بالغ ہونے سے قریب خیالات سے پاک ہو۔

3)نبوت سے پہلے تاکہ نبوت کے اثقال کو برداشت کرے۔

4)معراج سے پہلے تاکہ عالم بالا کا متحمّل ہو جائے۔

-الم نشرح لک صدرک: تو شرح صدر اور چیز ہے اور آپ ﷺ کے دل کا وسیع ہونا یعنی ظرف والے تھے۔

-شاہ عبد العزیزؒ: آپ ﷺ کی شان ایک بڑے محل جیسے جسمیں بڑے بڑے کمرے۔

-ایک مین قاضی اور ایک معلم (قال اللہ قال الرسول کہتا ہے) ایک میں مبلغ ایک میں مُرشد (تزکیہ) ایک میں محتسب، ایک میں عارف اور ایک میں جمیل خوبصورت آدمی۔

-سب سے بہتر پانی وہ ہے جو آپ ﷺ کی مبارک انگلی سے نکلا پھر 2)زمزم کا پھر 3)حوض کوثر کا، 4)اسی لئے آسمان سے پانی نہ لائے بلکہ زمزم ہی استعمال کیا۔

-تطھیر القلب تطھیر الثیاب کی طرح ہے اور دونوں کو پاک کرنا ضروری ہے۔

-طستٍ من ذھب: ذھبٌ ناجائز: 1)حرمت مدینہ منورہ میں ہوئی۔

2)ذھب الدنیا ممنوع ہے۔

3)یہ عالم مثال ہے اور حقیقی سونا نہ تھا۔

-یہاں حکمت کا مطلب استحکام و مضبوطی ہے اور ایمان سے مراد قوت و توکل۔

-شق صدر کی مثال یہ ہے کہ آپریشن کرادی دل کو صاف کرنے کے لئے اور injection لگایا تاکہ دوسرے ملک یا عالم میں چلے جائے (اِلی السماء الدنیا القریبۃ)۔

-دنیا کا وجہ تسمیہ: 1)قرب ہے اور آخرت بعید ہے۔

2)دَنِیٔ یدنأ دناءۃً (خساست والی چیز)

3)قریبۃ الزوال: الدنیا حلوۃ خضرۃ، فإن اللہ مستخلفکم فیہ فناظر فیہ کیف تعملون۔

4)قریبۃ اِلی القلب۔

-حدیث میں دنیا کی حقیقت و تصویر پیش کی گئی: ''مالي وللدنيا إنما أنا والدنيا كراكب استظل تحت شجرة ثم راح وتركها'' الحديث

-شعر: ھی الدنیا.....

5) قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «وَاللهِ مَا الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ إِلَّا مِثْلُ مَا يَجْعَلُ أَحَدُكُمْ إِصْبَعَهُ هَذِهِ - وَأَشَارَ يَحْيَى بِالسَّبَّابَةِ - فِي الْيَمِّ، فَلْيَنْظُرْ بِمَ تَرْجِعُ؟»[27]

- اشکال: اگر آپ ﷺ بلائے گئے تو دروازے پہلے سے کھولنا چاہئے تھا تاکہ استقبال اور اعزاز بھی ہو۔

جواب: 1) معلوم نہ تھا کہ کس دروازے سے آئیں گے۔

2) دروازہ کھولنا اور بند کرنا انتظام کی مضبوطی کی طرف اشارہ ہے۔

3) تاکہ دروازے کے حسن کو بھی دیکھے۔

- خازن السماء کا نام اسماعیل، اور اسکو معلوم نہ تھا کہ آپ ﷺ تشریف لانے والے تھے، ہاں رسالت معلوم تھی لیکن دعوت سے ناواقف تھا۔

- بیت المقدس تک بُراق پر گئے بہت تیز کہ اپنا قدم رکھتا تھا حد نظر پر تو گویا برق کا ایک نمومہ تھا اور اتنی طاقت و قوت سے کہ ایک جگہ دوسری جگہ تک بہت تیز رفتار سے جاتا۔ تو "برق" استعمال کروگے تو کام جلدی ہوگا۔

- سوال: اتنی لمبی سیاحت کیسے ہوئی کم مدت میں؟

جواب: 1) برق کے ذریعہ۔

2) البرق کانت قوۃ ملکیۃ ، 3) کبھی بدن روح کا حکم لیتا ہے۔

4) انجذاب کی قوت کے ذریعہ آسمانوں تک کھینچ لیا۔

یہ تینوں ممکن ہے تطبیقی شکل میں۔

- أَسوِدۃٌ: اشخاص سائے کی طرح اور پہچان نہیں کرسکتے۔

- آدمؑ اور إبراھیمؑ نے ابن کا لفظ استعمال کیا: آدمؑ أبو الناس ہیں اور إبراھیمؑ أبو الأنبیاء سے مشہور ہیں۔ إدریسؑ عمودُ النسب میں ہیں

- أعیاھا: آپ ﷺ نے دونوں (براق اور جبریلؑ کو تھکا دیا): 1) آدمؑ، 2) عیسیٰؑ، 3) یوسفؑ، اور یحییٰؑ، 4) ادریسؑ، 5) ھارونؑ، 6) موسیٰؑ، 7) ابراہیمؑ۔

- معراج رات کے وقت اسلئے کہ دن دن کے واقعات دکھانے کے مناسب ہے اور رات کو آسمان کو دیکھنے کے مناسب ہے۔

اور دن میں مشغولیت زیادہ ہے: إِنَّ لَكَ فِي النَّهارِ سَبْحاً طَوِيلاً اور رات کو اہم واقعہ ہوا کرتا ہے: فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ اللَّيْلُ رَأى كَوْكَباً تو محبوب کو دکھانے کے لئے رات کو لے گئے۔

- مسئلہ رؤیت إلٰھی: 1) عائشہؓ اور ابن مسعودؓ: رؤیت کے قائل نہیں ہیں۔

2) ابن عباسؓ حسن بصریؒ، ابو الحسن الأشعریؒ رؤیت کے قائل ہیں۔

تطبیقی جواب: 1) جسم کی آنکھوں سے نہیں بلکہ دل کی آنکھوں سے دیکھا۔

2) رؤیت ذات نہیں بلکہ رؤیت تجلی ہوئی۔

- آدمؑ کو پہلے ملاقات کرنے کی حکمت: 1) پہلے نبی تھے۔

2) کان أول الأنبیاء مھاجرا فی الأرض۔

3) آدمؑ نے شیطان سے تکلیف اٹھائی اور آپ ﷺ نے شیاطین الإنس سے تکلیف اٹھائی اور ہجرت پر مجبور ہوئے۔

---

[27] مسلم (نمبر 2858)

-سوال: آسمان میں اہل یمین علیین میں ہونا چاہئے اور اہل شمال سجین میں ہونا چاہئے!؟

جواب: 1) آدمؑ کے پاس سجین کو حاضر کر دیا گیا آپ ﷺ کی سیاحت کے وقت۔

2) اس وقت ارواح کو حاضر کر دیا گیا۔

3) یہ عالم مثالی کا واقعہ ہے اور اسکی فِلم دکھائی گئی۔

4) ارواح کی 3 قسمیں ہیں: 1) ارواح منتظرۃ (یہاں یہی مراد ہے جو ابتک دنیا میں نہیں آئے) 2) داخلۃ فی الأرحام (یہ دنیا میں)، 3) ارواح منتقلۃ إلی الآخرۃ (سجین و علیین میں)۔

-مالک بن صعصع کی روایت میں منازل ثابت و معین ہے (أعیاھما) کے مطابق۔

-دوسرے آسمان پر عیسیٰؑ اور یحییٰؑ ساتھ تھے کہ دونوں ابناخالۃ اور معاصر تھے۔

-ملاقات کی حکمت: عیسیٰؑ دوبارہ آئیں گے دنیا میں آپ ﷺ کے دین پر چلیں گے اور مشقت اٹھائیں گے۔

-یوسفؑ: حسن و جمال میں أعلیٰ درجے کے تھے تو آپ ﷺ بھی؛ بھائیوں نے یوسفؑ کو اذیت دی تو اسی طرح مشرکین قریش نے آپ ﷺ کو اذیت دی: اور دونوں نے "لاتثریب علیکم الیوم" (أنتم الطلقاء)۔ اور یوسفؑ نے مصر کی حکومت کی تو آپ ﷺ نے مدینہ منورہ کی حکومت کی بلکہ عرب کی حکومت کی۔

-إدریسؑ: سب سے پہلے خط انہوں نے لکھا تو آپ ﷺ نے بھی بادشاہوں کو خطوط لکھے تبلیغ کے لئے؛ ورفعناہ مکانًا عالیا اور آپ ﷺ کے لئے فرمایا گیا "ورفعنا بعضھم درجات" تو دونوں رفع درجات کی نعمت سے نوازے گئے۔

-ھارونؑ: بنی إسرائیل نے بچھڑے کی پوجا کی تو 70000 قتل ہوئے اسی طرح جنگ بدر میں 70 مارے گئے اور 70 قید کئے گئے۔

ھارونؑ افضل بنی إسرائیل؛ وہ آپ ﷺ کے مشابہ تھے اور بیت المقدس انکے خلیفہ یوشع بن نون سے فتح ہوا، تو اسی طرح عمرؓ نے فتح کیا تھا۔

- إبراھیمؑ: کعبہ بنایا تو آپ ﷺ نے بھی شرکت کی تعمیر میں؛ کاسر الأصنام ہیں تو آپ ﷺ بھی۔

إبراھیمؑ نے آپ ﷺ کی آمد کی پیشن گوئی دی تھی تو محبت رکھتے تو تقاضا یہ تھا کہ ملاقات ہو (إبراھیمؑ نے حج کے احکام بھی جاری کئے)۔

- مرحبًا: رحبت مرحبًا: آپ کشادہ جگہ میں آئے۔
- إدریسؑ کو أخ الصالح کہا آپ ﷺ کی تعظیم و اکرام کی وجہ سے اور یہ اخوّت اسلامی و نبوّت اور اسلئے کہ تمام أنبیاء علاتی بھائی ہوتے ہیں۔
- بعض کہتے کہ إدریسؑ: أجداد میں سے نہیں تھے بلکہ بنو إسرائیل سے تھے اور وہی الیاسؑ؛ (إدریسؑ خط کا موجد أول)۔
- ایک روایت میں إبراھیمؑ چھٹی آسمان پر تھے (جواب: ملاقات کے لئے)، اور ایک روایت میں ساتواں آسمان پر تھے تو متعدد معراج میں الگ الگ آسمان پر تھے یا روح سادسہ پر اور روح مع الجسد ساتواں آسمان پر۔
- زمین میں کہا گیا آپ ﷺ سے کہ یہاں نماز پڑھے اور فرمایا کہ یہ یثرب ہے یا آپکی ہجرت کی جگہ پھر دوسری جگہ بتلایا کہ مدین ہے اور ایک درخت کے پاس کوہ طور کے پاس اور ایک جگہ بیت اللحم عیسیٰ کے جائے پیدائش۔
- اور روایات میں ہے کہ معذّبین کو دیکھا: 1) ہونٹ کو پھاڑا جارہا تھا تو بتلایا کہ خطیب جو عمل نہ کرتا تھا اپنی بات پر۔
- خمسین صلوٰۃ کی تفصیل ہی نہیں تو یہ نسخ قبل العمل ہے۔
- سوال: راستے میں إبراھیمؑ نے کچھ نہیں کہا، کیوں؟

جواب: خلیل اللہ ہے تو خلت کا تقاضا ہے کہ جو دوست کہے وہی کرے: شعر (متنبی): ما الخل إلا من أود بقلبهِ ... وأرى بطرفٍ لا يرى بسَوائه.

سوال: اور موسیٰؑ بولنے لگے؟ جواب: کلیم اللہ تھے اور تجربۃً بولے۔

- نسخ قبل العمل کی مثال: اسماعیلؑ کے ذبح کو نسخ کر دیا: وفدیناہ بذبح عظیم۔
- جس روایت میں ہے کہ 10 کم کر دیا تو مراد 10 بمرّتین۔
- شطر: ہمیشہ نصف کے معنے میں نہیں بلکہ کبھی ایک حصے کے معنے میں آتا ہے:

حیض کے مسئلہ میں: تقعُدُ شطرَ عمرها لا تصلی (سند موجود نہیں) اور شطر حصے کے معنی میں بھی ہے۔

- استحییتُ: 1) چونکہ تمام أنبیاء کے دین میں نماز ہوتی تھی۔

2) 5 کم ہوتا جارہا ہے تو اگر میرے لئے نہ ہو تو لا خیر فی دینٍ لا صلوٰۃ فیہ۔

3) ہدیہ ہاتھ سے نکل جائے گا تو ناشکری و ناقدری ہوگی۔

- السدرۃُ: بیری کے درخت۔

المنتھی: 1) لإقدام الملائکۃ: نیچے والے فرشتے آگے نہیں جاسکتے۔

2) لعلوم الملائکۃ

3) لأرواح الشھداء أولأرواح المؤمنین۔

- آخری روایت میں مرّتین مراد نہیں: 2 کو 4 پھر 4 کو 2 کیا بلکہ 2 کو برقرار رکھی گئی۔
- جس طرح حضر میں 4 کی جگہ 2 نہیں ہے اسی طرح سفر میں 2 کی جگہ 4 نہیں ہے۔
- اشکال: عائشہؓ راویہ ہے اور وہ خود اتمام کرتی تھی!؟

جواب: 1) میں أمّ المؤمنین ہوں تو ہر جگہ پر گویا میں حضر میں ہوں۔

2) قصر اس سفر میں ہے جو چلتا رہے اور نہ رُکے۔

3) یا ممکن ہے کہ اتمام سے مراد سنن۔

4) ہذہ صدقۃ اللہ ما فاقبلوا صدقتہ۔

- لاجناح علیکم ان تقصروا: تو لاجناح کا مطلب واجب ہے۔
- صلوٰۃ کی تعداد رکعات کا ذکر: جب 5 نمازیں ہیں تو وتر کہاں سے واجب ہوگئی؟

جواب: 1) واجب کا مطلب: ادائے گی قطعی ہے اور ثبوت قطعی نہ ہو (اور یہ أخبار آحاد سے ثابت ہے مثلاً)۔

اور فرض میں ادائے گی قطعی اور ثبوت بھی قطعی۔ تو وتر واجب ہے فرض نہیں۔

2) لایُبَدَّل بالنقصان تو وتر سے زیادتی ہوئی۔

3) لایُبَدَّل القول "إن الخمس بالخمسین"۔

بَابُ وُجُوبِ الصَّلاَةِ فِي الثِّيَابِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) ستر عورۃ کا بیان (عام مقدم)، طہارت بدن، ثوب بعد میں۔ نماز لازم وجوب بمعنی فرض ہے۔

- مصنفؒ کے لئے کوئی فرق نہیں۔

2) کؒ کے قول کی تردید: خارج الصلوٰۃ فرض اور نماز میں سنت

جواب: جبکہ خارج الصلوٰۃ فرض ہے تو داخل الصلوٰۃ بہ درجۂ اَولیٰ۔

- الثوب زینۃٌ والعری شھوۃ۔ - کل مسجد اَی صلوۃٍ۔
- 3 کپڑے سنت اور بہتر۔
- ایک کپڑے میں بعض کمروہ سمجھتے: وإن کان أوسعُ من السماء، تو اسکی تردید کی۔
- ابن مسعودؓ خلاف اَولی سمجھتے تھے: إذا وسع اللہ فوسعوا۔
- ابن عمرؓ: إذا وسع اللہ فزیّنوا۔
- جابرؓ ایک کپڑے میں پڑھتے تھے تاکہ لوگ ناجائز نہ سمجھے (وسعت کے زمانے میں)۔
- جبکہ ستر چھپانا عین مصلی سے تو دوسروں سے چھپانا بدرجہ اَولیٰ ہے۔
- نظر: موسیٰ بن محمد منکر الحدیث: ابن حجر کہتے کہ یہ مخزومی ہے وہ نہیں جو منکر ہے۔
- ترجمۃ الباب کا مقصد: الطواف بالبیت کالصلوٰۃ تو جب طواف کے لئے کپڑے کی ضرورت ہے تو نماز کے لئے بدرجہ اَولیٰ۔
- عورتیں آتی تھیں اسلئے کہ آپ ﷺ فقط مبلغ اور معلم تھے۔
- ایک مرتبہ آپ ﷺ نے بلال کی معیت سے عورتوں کے پاس جاکر تبلیغ کی اور چندے بھی کی۔
- حائضہ مسجد میں نہ آئے تاکہ انقطاع صفوف نہ ہو۔

بَابُ عَقْدِ الإِزَارِ عَلَى القَفَا فِي الصَّلاَةِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: ایک کپڑے میں کیسے نماز پڑھے؟
- قفا: سر کے آخری حصے؛ فودَین: جانب یمین و شمال۔
- کپڑے کے تین درجے: 1) قصیر (إزار بناوے)؛ 2) طویل (التحاف)؛ 3) متوسط (اشتمال)۔
- اشکال: لوگ استدلال کرتے بغیر ٹوپی کے نماز پڑھی (اس حدیث سے)!؟

جواب: 1) لباس ضرورت تھا۔

2) عمامہ سے خاموش ہے۔

3) صلّٰی فی ثوب واحد اور قلنسوۃ لباس عادت تھی (عمامہ کے لئے علی کا لفظ استعمال کرتے)۔

4) سر کا ذکر نہیں۔

جواب: 1) کانوا یسجدون علی قلنسوتہم وعمامتہم

2) کساعلیًّا..... تسمی الصحاب۔

3) یسجد الرجل منہم علی قلنسوتہ وعمامتہ۔

4) یلبس قلنسوۃً بیضاء ور بّما یضعہ بین یدیہ؛ -لباس کے آداب میں دیکھنا چاہئے.....

بَابُ الصَّلَاةِ فِي الثَّوْبِ الوَاحِدِ مُلْتَحِفًا بِهِ

- اشتمال: دونوں کندھوں کو چھپائے۔ ؒ: واجب ہے کہ ایک کندھا چھپا ہوا ہو۔ ائمہ ثلاث: مستحب ہے۔
- قسطلانی: دائیں طرف کا کپڑا بائیں طرف پر اور بائیں طرف بغل کے نیچے سے گزار کر دائیں کندھے پر رکھے (التحاف)
- یہ بیان الثوب الطویل ہے، عقد کی ضرورت نہیں اسلئے کہ گرنے کا اندیشہ نہیں ہے۔
- ام ھانی کا نام: فاختہ؛ شوہر کے اقارب کے لئے امان لینے آئی یا اپنے اولاد کے لئے یا اپنے ربیب کے لئے۔
- لحاف کو سر پر ڈالتے سردی کے زمانے میں۔ 8 رکعات منسوخ یا ضحیٰ اور صلوٰۃ شکر بھی تھا۔

بَابٌ: إِذَا صَلَّى فِي الثَّوْبِ الوَاحِدِ فَلْيَجْعَلْ عَلَى عَاتِقَيْهِ

ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) اختلاف کی طرف اشارہ: امر وجوب کے لئے عند ؒ اور ائمہ ثلاث: استحباب ہے۔
2) ما قبل کے لئے تتمّہ ہے۔

بَابٌ: إِذَا كَانَ الثَّوْبُ ضَيِّقًا (فاجعله إزارًا)

- دوسری روایت میں آتا ہے کہ کپڑا چھوٹا ہونے کی وجہ سے میں جھکا ہوا تھا تو آپ ﷺ نے نماز سے فارغ ہو کر فرمایا: ازار بنادے۔
- ازار: نصف اسفل کے لئے؛ رداء: نصف اعلیٰ کے لئے؛ جبّہ: آستین کھلا ہوا اور پورے بدن کو دھانپ لے (مشقوق القُدام)۔
- قباء: قمیص پر پہنتے (مضموم الجانبین)؛ قمیص: نصف اعلی کے لئے جسمیں دخریص ہو: کپڑا لگایا گیا اور پھٹی بھی ہو۔

بَابُ الصَّلَاةِ فِي الجُبَّةِ الشَّامِيَّةِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) غیر مسلم نے جو رنگ کیا وہ کپڑا استعمال کر سکتے۔
2) امام کؒ کی تردید: اگر کافروں کا بنایا ہوا ہو تو اعادۃ فی الوقت ہے۔
3) سم: جبتک نجاست یقینی نہ ہو نماز پڑھ سکتے۔
4) کافروں نے کپڑا پہنا ہو تو اس کپڑے کو پہن سکتے؛ فوقانیہ پہن سکتے۔
- ؒ: 1) تحتانیہ کپڑا انجس؛ 2) مکروہ ہے کہ وہ استنجاء بالماء نہیں کرتے۔
- اشکال: پیشاب سے رنگا ہوا ہے تو کیسے اجازت دی: 1) ماکول اللحم کے بول پاک ہے۔
2) مسبوغ بالبول سے مشہور تھا لیکن اسکی تحقیق نہیں تھی۔
3) مصبوغ بالبول تھے پھر دھو لئے گئے۔
4) وقت النسج مستثنی ہے نجاست سے تو اسی طرح پہننے کے وقت۔
- مقصور: المغسول والمدقوق بالقُصارۃ۔

بَابُ كَرَاهِيَةِ التَّعَرِّي فِي الصَّلَاةِ وَغَيْرِهَا

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) ستر عورت صلوۃ اور غیر صلوۃ دونوں کو شامل ہے۔

2)جب غیر صلوۃ میں ستر عورت تو صلوۃ میں بدرجہ اَولیٰ۔

3)جو بدن عادۃً چھپایا جاتا ہے تو اسکو ننگا نہیں کرنا چاہئے۔

-ناجائز ہے صلوۃ میں اور غیر صلوۃ میں کہ ننگا ہو۔

-عمر:15، 25یا35سال(اصح قول کے مطابق)۔

-اشکال:لباسًایواری سواٰتکم وریشًا یہ تو انسانیت کی ابتداء سے رائج ہے!؟ولقد آتینا اِبراھیم رشدہ من قبل۔

جواب:عام طور پر ازار کے ساتھ ردا ءیا قمیص پہنتے ہیں لوگ،تو جس وقت ازار کھولا تو قمیص یا ردا ء تھا تو کشف عورت نہ تھا بلکہ خطرہ تھا اور خطرۂ کشف عورت کو بھی برداشت نہیں کیا اپنے نبی کے لئے۔

-قمیص:.....جیب الشاق النازل علی الصدر۔

-دخریص:جو شق دامن والا ہو۔

-بعض لوگ کہتے کہ قمیص میں شق نہیں تھا بلکہ گول تھا اور دلیل پکڑتے کہ سلمۃ بن الاکوع شکار کرتے تھے ایک قمیص میں:تو اگر شق رُکبۃ کے نیچے ہو تو کشف عورۃ نہیں ہے۔

بَابُ الصَّلاَةِ فِي القَمِيصِ وَالسَّرَاوِيلِ وَالتُّبَّانِ وَالقَبَاءِ

(چوغا:سردی میں پہنتے اور جو پتی سے بند کیا جاتا اور جبہ کھلا ہوا ہوتا ہے)۔

- ترجمۃ الباب کا مقصد:مقصود صلوۃ فی ثوب واحد(ہذا الاصح)۔

1)صلوۃ فی ثوبین مقصود ہے۔

2)کپڑوں کی تخصیص نہیں بلکہ جسمیں تشبہ بالغیر نہ ہو تو جائز ہے یہاں تک کہ تبّان میں بھی۔

-سائل رجل:ابن مسعودؓ قائل تھے کہ متعدد کپڑے ہونا چاہئے اور اختلاف تھا اُبی بن کعبؓ سے۔

-جب محرم نہین پہنیں گے ان کپڑوں کو تو غیر محرم پہنیں گے:اشارہ ہے کہ نماز کے لئے محیط کپڑے ضروری نہیں کیونکہ محرم بھی نماز پڑھے گا

بَابُ مَا يَسْتُرُ مِنَ العَوْرَةِ

- "ما"مصدریہ:ستر کے معنے:باب ستر جمیع العورۃ۔
- "ما"موصولہ:بابٌ الذی یستر من العورۃ۔ مِن:تبعیضیہ یا بیانیہ۔
- مصنفؒ جمہور کے ساتھ کہ ستر عورت لازمی ہے؛یا ظاہریہ کے ساتھ جو کہتے کہ ستر عورت غلیظہ ہونا چاہئے(باب مایستر من بعض العورۃ)۔
- یہ بہتر ہے کہ مِن بیانیہ مراد لے اَی الذی یستر اَی من جمیع العورۃ۔
- اشکال:یہ باب ابتداء میں ہونا چاہئے!؟

جواب:1)ما قبل بتایا کہ جس کپڑے کے ساتھ اور کپڑا مقدمہ ہے ستر عورت کے لئے اور ستر عورت نتیجہ ہے۔

2)مقصود ستر العورۃ الغلیظۃ۔

-ران ائمہ اربعہ کے نزدیک چھپانا ضروری ہے:

-شاہ ولی اللہؒ: مزدوروں کے لئے تخفیف ہے جو سمندر کے پاس کام کرتے ہیں۔

اور فرماتے ہیں کہ 3 چیزوں میں دل مجبور ہے (بطور الہام): 1) دل چاہتا تھا کہ علیؓ کو فضیلت دے دوں لیکن تفضیل شیخین کو ہے۔

2) دل چاہتا ہے کہ اپنے اجتہاد پر چلوں تو بتلایا کہ التجلی بمذھب أبی حنیفۃؒ، تو تقلید پر مجبور ہوا۔

3) اسباب کو ترک کرنے کا خیال تھا لیکن مجھے ترک کرنے سے منع کیا۔

-اشتمال الصمّاء: 1) اپنے کو چادر میں لپیٹ لے ہاتھ سمیٹ (الصمّاء: ہو پتھر جسمیں سوراخ نہ ہو)۔

2) ایک چادر اوڑھ لے اور ایک کنارے کو کندھے پر رکھے۔

-احتباء: 1) بالید؛ 2) بالثوب؛

-لیس علی فرجہ منہ شیءٌ: بعض لوگ اس سے استدلال کرتے کہ مصنفؒ کشف عورت خفیف کو جائز سمجھتے، صرف عورت غلیظہ کو ڈھانپنے کے قائل ہیں!

-مشرکین کی چار قسمیں تھیں: 1) ناقضین عہد: حکم: اشہر حرم کے علاوہ تم سے قتال ہو گا۔

2) المعاہدون إلی مدۃ: بنو مدلج، بنو حمزۃ (9 مہینے کا معاہدہ تھا 10 رمضان تک)۔

3) المعاہدون بغیر مدۃ۔

4) غیر معاہدین (4 مہینے کی مدت: 10 ذی الحجۃ سے 10 ربیع الثانی تک)۔

-براءۃ: معاہدہ ختم اور تعلق ختم-اعلان 9ھ میں ہوا۔

بَابُ الصَّلاَةِ بِغَيْرِ رِدَاءٍ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: صلوۃ کے لئے رداء اور چادر مسنون نہیں اگرچہ آپ ﷺ استعمال کرتے۔

نماز کے مندوبات میں عمامہ داخل ہے: المندوب للرجل أن یصلی فی ثلاثۃ أثواب: قمیص وإزار وعمامۃ۔

- ازار ہو یا شلوار ہو (ابن ماجہ میں 4 درہم میں خریدا تھا شلوار)۔
- عمارؓ رئیس الکوفۃ اور جمعہ کے دن سیاہ عمامہ پہنتے، آپ ﷺ نے فتح مکہ پر سیاہ عمامہ پہنے تھے۔
- علیؓ عید کے دن داخل ہوئے 4000 لوگ کے ساتھ اور سیاہ عمامہ پہنے ہوئے تھے۔

بَابُ مَا يُذْكَرُ فِي الفَخِذِ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ(53)[28]

- کؒ اور فؒ: رکبۃ خارج ہے عورت سے؛ حؒ: داخل ہے۔ سُرَّۃ: فؒ، کؒ: داخل ہے اور حؒ: خارج ہے۔ (ابو ھریرۃؓ نے حسینؓ کے سرۃ کو بوسہ دیا)۔
- فخذ: اتفاق ہے کہ عورت میں داخل ہے۔ دؒ: 2 روایت: 1) فخذ عورت ہے اور..... 2) فخذ عورت نہیں ہے۔
- کؒ: عورت غلیظہ کا چھپانا نماز میں فرض ہے اور عورت خفیفہ نہ چھپانا نماز میں إعادۃ فی الوقت کا باعث ہے جو کہ مستحب ہے۔
- (نظر کے بارے میں دوسروں سے متفق ہے یعنی ناجائز ہے)۔

---

[28] انعام الباری (3/70) اور فتاوی دار العلوم زکریا میں اسکے دلائل ہیں ج 5 ص 678۔

- قائلین: فخذ عورت کے دلائل: 1) آپ ﷺ نے جرھد کو دیکھا : وَقَدْ انْكَشَفَ فَخِذُهُ فَقَالَ: إِنَّ الفَخِذَ عَوْرَةٌ[29] (ترمذیؒ نے سند کو حسن غریب کہا اور سند میں ابو یحیی قتات ہے) / ایک روایت میں: غطِ فخذک فإن الفخذ من العورۃ۔

2) معمر کے پاس سے گزرے اور وہ مسجد کے فناء میں تھے محابیاً..... حمِّر فخذک یا معمر فإن الفخذ من العورۃ۔

3) یا علیّ لاتنظر إلی فخذ حیّ ولا میت۔

- قائلین: فخذ عورت نہیں، کے دلائل: 1) حسر النبی ﷺ ثم حسر الإزار عن فخذہ (انسؓ کی روایت ہے)۔

2) عثمانؓ کے واقعہ میں جب وہ آئے تو آپ ﷺ نے فخذ کو چھپایا حیا کی وجہ سے۔

3) زید بن ثابتؓ کی روایت سے فخذہ علی فخذی نزول وحی کے وقت۔

جوابات: 1) حسر، انْحَسَرَ کے معنے میں ہے یعنی لازم ہے اور اسکی تشریح دوسری جگہ پر ہے: ص458 مسلم میں: انحسر الإزار عن فخذ النبی ﷺ، خیبر کی گلیوں میں سورای دوڑ رہی تھی اور ہوا تیز چل رہی تھی، اور اس روایت کے راوی عبد العزیز عن انسؓ۔

- احتیاط للمجتہد: لازم، واجب کے درجے میں ہے اور دوسرا احتیاط: فی المسئلۃ ہے جسمیں گنجائش ہے۔

2) کا جواب: 1) ایک روایت میں رکبتین یا رُکبتہ کا ذکر ہے یا فخذہ (اور وہ حوض پر تھے) اور وہی روایت بخاری میں ص 1051 جسمیں ساقہ کا ذکر ہے۔

2) پہلے چھپا ہوا تھا تو مزید چھپایا یعنی اسپر توجہ دی یا برابر کیا اسکو۔

3) رکبتین کا ذکر قرب کی وجہ سے ہے اصل ساق ہی کو چھپایا: مثال: والذی کفّ آیدیہم عنکم ببطن مکۃ (سے مراد حدیبیہ)، وکان رسول اللہ ﷺ یضحی بالمصلی أی قریب منہ۔

4) جب یہ سب الفاظ آئے تو احتیاطی طور پر ساق مراد لینا چاہئے۔

3) کا جواب: کپڑے کے ساتھ ہو یا نہ ہو دونوں کو فخذ ہی کہیں گے۔

کپڑا ہو اور شہوت کا خوف نہ ہو تو خادم دَبا سکتا ہے۔

- بغلسٍ: ضروری کام کی وجہ سے اندھیرے میں نماز پڑھ لی۔
- إن فخذی لتمسُّ فخذ النبی ﷺ، ص86 میں: إن قدمی لتمسّ قدم النبی ﷺ اور دوسری روایت میں حسر الإزارُ۔
- خربت خیبر: 1) بد دعاء ہے،؛ 2) خبر ہے؛ 3) اشتقاق کبیر (جو مشتق ہو اور مصدر کے حروف ایک ہو لیکن ترتیب حروف میں فرق ہو) کی وجہ سے تفاؤلا کہا جیسے جَبَذَ اور جَذَبٌ؛ اور اشتقاق اکبر: مثلا: نعق سے نہقٌ۔
- وجہ تسمیہ خمیس: 1) لأجل خُمس مال الغنیمۃ (لایصح)؛ 2) زمانہ جاہلیت کا اصطلاح ہے اسلئے کہ 5 حصے ہوتے لشکر میں: مقدمۃ الجیش، میمنۃ، میسرۃ، ساق اور قلب۔
- عنوۃً: بعض علاقہ پر اور ابو داؤد میں صلحًا، تو بعض علاقہ پر محمول ہو گا۔
- صفیۃ کا نام: زینب اور صفیۃ اسلئے کہتے کہ آپ ﷺ نے پنے لئے چُن لیا تھا۔
- حُیَیُ بن احطب: سردار بنی قریظہ و بنی نظیر؛ شوہر: کنانۃ ابن ابی الحقیق بھی سردار تھے۔

---

[29] ترمذی (2795)

- دحیا کو دیا خُمس الخمیس سے یا ابھی دیا اور بعد میں قیمت لی۔
- مسلم میں: اشتری صفیۃ بسبعۃ أرؤسٍ[30]
- دؒ: اعتاق مہر بن سکتا ہے؛ ائمہ ثلاث: لا یجوز اسلئے کہ مہر مال ہونا چاہئے (أن تبتغوا بأموالکم)۔
- أعطاھا رزینۃ (سند میں قلیلۃ ہے اور اسکی ماں آمنہ اور تیسری عورت أمۃ اللہ ہے اور تینوں مجہولۃ ہیں)۔
- دؒ کی دلیل: ایک روایت میں: جعل عتقی.....
- النکاح بغیر مھر من خصائص النبی ﷺ (خالصۃ لک من دون المؤمنین) تو ترجی من تشاء وتؤوی إلیک من تشاء۔
- اشکال: ولیمہ شوہر کے مال سے ہوتا ہے!؟

جواب: 1) صحابہؓ نے آپ ﷺ کو ہدیہ دے دیا تھا۔

2) آپ ﷺ نے انکو کھانے پینے کی چیزوں کو دیا مالِ غنیمت سے تو واپس لے لیا۔

- حیسًا: تمر، پنیر اور أقِط اور گھی کا مجموعہ ہے۔ (ہدایہ میں شعر ہے: وإذا تکون کریھۃ أدعی لھا ... وإذا یحاس الحیس یدعی جندب)۔

بَابٌ: فِي كَمْ تُصَلِّي المَرْأَةُ فِي الثِّيَابِ (54)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) عورت کے لئے بھی کپڑے کی تعداد متعین ہے، ہاں کامل کپڑا ہونا چاہئے؛ دؒ: صرف وجہ مستثنیٰ
- حؒ: قدمین بھی مستثنیٰ ایک روایت (اصح: قدمین بھی حرج کی وجہ سے)۔ سمؒ: قدمین اور وجہ مستثنیٰ

2) ان لوگوں کی تردید جو کہتے ہیں کہ ثوبین لازم قمیص اور ازار۔

- کپڑے کی چار قسمیں: 1) لباس فضیلت: ساتر ہو، 2 یا 2 سے زائد کپڑے جیسے ابن عمرؓ نے نافع کو دیکھا ایک ہی کپڑے میں نماز پڑھتے ہوئے تو فرمانے لگے: إن اللہ حق أن تتزین لہ۔

2) لباس کفایت: ایک کپڑا ہو لیکن ساتر ہو۔

3) لباس کراہت: ٹخنوں کے نیچے تک پہنا۔

4) لباس حرمت: مغصوب یا چوری یا ریشم کے کپڑے میں ہو۔

ننگا نماز پڑھنے کی صورت میں: 1) قائمًا لکونہ مؤدیًا الأرکان۔ 2) قاعدًا پڑھے گا لکونہ أستر۔

- مرط: بڑی چادر جو اون سے بنی ہوئی ہو: کساء من صوف أو خزٍّ۔
- سوال:.....

جواب: 1) ممکن ہے کہ تنگی کا زمانہ تھا تو ایک ہی کپڑے میں تھا۔ 2) لم یثبت ثوبٌ آخر تحتہ۔

- "مایعرفھن احدٌ" سے بعض استدلال کرتے کہ غلس میں نماز پڑھے گی!؟

جواب: 1) نسائی کی روایت میں تعنی "مایعرفھن احدٌ" ہے تو معلوم ہوا کہ راوی کا درج ہے اور یہ روایت بالمعنی ہے۔

2) یہاں اوقات بیان کرنا مقصود نہیں بلکہ عورتوں کے پردے اور حیا کا ذکر ہے۔

3) یا یہ ہے کہ معلوم نہ کر سکے کہ زینبؓ ہے یا فاطمہؓ ہے۔

---

[30] مسلم (1365)

4)یا یہ کہ مسجد میں غلس تھا اگرچہ باہر اسفار ہو چکا تھا۔

-ماقبل میں عورتوں کے کپڑوں کی تعداد متعین نہیں بلکہ ساتر ہونا چاہئے۔

لکا مقام مقال: تو پیچھلے والے باب میں حیاء کا بیان کرنا مقصود تھا اور اسکی نظیر احادیث میں کثیر ہے۔

-حدیث: اس حدیث کا موضوع یہ ہے کہ گلیوں کے دروازے بند مت کرو جس وقت کوئی آنا چاہے تو آسکے۔

- حدیث: اگر گناہ نہیں کروگے تو اللہ تعالی ایسی مخلوق پیدا کریں گے جو گناہ کرے اور پھر توبہ کرے، تو اس حدیث کا موضوع یہ ہے کہ اللہ تعالی استغفار قبول کرتا ہے۔

- حدیث: پہلی نظر تو آپکے لئے نہ کہ ہمارے لئے تو اسکا مطلب یہ نہیں ہے کہ عورتوں کو دیکھنا چاہئے ایک مرتبہ بلکہ اسکے لئے دوسری آیات واحادیث موجود ہیں۔

- حدیث: غریق شہید ہے، تو اسکا مطلب یہ نہیں کہ ایک دوسرے کو سمندر میں ڈال دو، بلکہ اسکا مقصد یہ ہے کہ اتفاقا کوئی ڈوب گیا تو شہید کے حکم میں ہوگا، ورنہ لاتقتلوا النفس وغیرہ جیسے آیتوں کا کیا جواب دیں گے؟

-شعر: حسدوا الفتی إذ لم ینالوا سعیه ... فالقوم أعداء له وخصوم

کضرائر الحسناء قلن لوجهها ... حسداً وبغیاً إنه لدمیم

یلقی اللبیب مشتماً لم یحترم ... شیم الرجال وعرضه مشتوم

بَابُ إِذَا صَلَّى فِي ثَوْبٍ لَهُ أَعْلاَمٌ وَنَظَرَ إِلَى عَلَمِهَا

- ماقبل سے ربط: یہ بھی عورتوں کے کپڑے کی طرح جو منقش ہو اس سے بچنا چاہئے کہ توجہ نہ ہٹائے۔
- خمیصۃ: کالی چادر جسکے کنارے پر نقش ونگار ہو۔
- یہاں "اَلھتنی" اور 2 روایت میں "کادت تلھینی" کا ذکر ہے!؟

جواب: اسی معنٰی پر مراد لیں گے کہ اگے میں "اَخاف" آیا؛ تو معلوم ہوا کہ اس قسم کے کپڑے میں نماز ہو جاتی ہے لیکن بہتر نہیں؛ آج کل عادت کی وجہ سے قالین پر نقش ونگار میں کوئی زیادہ حرج نہیں اسلئے کہ ذہن اسکی طرف نہیں جاتی۔

- سوال: اگر نماز پڑھے اس کپڑے پر جس پر صلیب ہو یا عام تصویر ہو یا ذی روح والی تصویر ہو تو کیا حکم؟ آگے اسکا باب آرہا ہے۔
- سوال: جب آپ ﷺ نے استعمال نہیں کیا تو ابو جہم کیسے استعمال کرسکتے؟

جواب: 1) غیر صلوۃ میں استعمال کرے۔

2) انکو غافل نہیں کرتے (قلب کا فرق)۔

3) کسی اور کو ہبہ کرسکتا ہے۔

بَابُ إِنْ صَلَّى فِي ثَوْبٍ مُصَلَّبٍ أَوْ تَصَاوِيرَ، هَلْ تَفْسُدُ صَلاَتُهُ؟ وَمَا يُنْهَى عَنْ ذَلِكَ؟

- حؒ اور فؒ: کراہت کے ساتھ نماز صحیح؛ دؒ: لا تصح۔ کؒ: تصح ولکن تعاد فی الوقت۔
- ص 880 کی روایت میں تصالیب کا ذکر ہے اور یہاں نہیں؛ یا یہ کہے کہ تصویر والے کپڑے میں جب کراہت ہے تو صلیب والا بہ درجۂ اَولٰی ہے (دلالۃ النص کے ذریعہ)۔
- اس حدیث مین آپ ﷺ نے یہ نہیں کہا کہ نماز کو فاسد کرتی یا اعادہ کیا ہو۔

بَابُ مَنْ صَلَّى فِي فَرُّوجِ حَرِيرٍ ثُمَّ نَزَعَهُ

- اگر کپڑا حریر کا ہو اور نکالا نماز ہی میں بعملِ قلیلٍ یا بعد الصلوۃ.....
- بعض کہتے کہ حرمت آچکی تھی پہلے تو آپ ﷺ نے پڑھی اسمیں تا کہ بتلادے کہ نماز ہو جاتی ہے یا آپ ﷺ کی خصوصیت ہے۔
- بعض کہتے کہ اسی وقت حرمت نازل ہوئی تو اسی لئے اتارا۔
- ماتکون لُحمتہ (عرضًا: بانا) وسداہ (طولًا: تانا) حریرًا اِلّاقدر اَصابع ولا یُجمع المفرق۔ } یہ دونوں پہن نہیں سکتے۔
  ماتکون لُحمتہ حریرًا وسداہ غیر حریرٍ
- اَکثرہ حریر تو پہن نہیں سکتے ورنہ پہن سکتے اور غیر حریر و لکن سداہ حریر اتو پہن سکتے۔
- فُرُج: مایکون الشقُّ فی الخلف۔
- لاینبغی ہذا: مسلمانوں کے لئے جائز نہیں ہے۔

بَابُ الصَّلاَةِ فِي الثَّوْبِ الأَحْمَرِ

- ثوب احمر اگر حریر سے زعفران سے یا عصفر سے تو پہننا جائز نہیں اگر سُرخ رنگ عمیق یا جاذب النظر یا عورتوں کے مشابہ ہو تو مکروہ ہے اور اگر یہ سب باتیں نہ ہو تو خلاف اَولیٰ ہے (یعنی لال رنگ)۔
- ابن حجرؒ: یہ ترجمۃ الباب احناف کی تردید کے لئے جو مکروہ کے قائل ہیں۔
- جواب: بہت ساری روایات ہیں: بعض کراہت پر دال ہیں اور بعض جواز پر۔
- حضرت گنگوہیؒ: فتوی کی رو سے جواز ہے اور تقوی کی رو سے خلاف اَولیٰ ہے۔
- ذلک الوضوءَ: 1) مابقی من الماء یا 2) مایُترشح من الأعضاء؛ ص 503 پر حدیث مذکور ہے اور مابقی مذکور ہے۔
- محل ترجمۃ الباب: حُلّۃ حمراء: جواب: داری رھار خطوط والے کپڑے تھے۔
- ایک روایت میں آپ ﷺ 2 آدمیوں کے پاس سے گزرے اور ایک سُرخ کپڑا پہنا تھا تو سلام نہیں کیا (فتح القدیر نے ضعیف کہا)۔

بَابُ الصَّلاَةِ فِي السُّطُوحِ وَالمِنْبَرِ وَالخَشَبِ

- پلین میں (Plane) سب کہتے کہ نماز جائز ہے اسلئے کہ پلین (Plane) موقوف ہے ہوا پر اور ہوا زمین پر۔
- ابن عمر بن عبد العزیز: مٹی رکھتے تھے اپنے سامنے.....
- مالکیہ کی تردید جو کہتے کہ نماز علی المنبر مکروہ اور ابن سیرین اور حسن بصری کی تردید جو کہتے ہیں کہ خشب پر نماز جائز نہیں ہے۔
- سجدۃ: وضع الجبھۃ علی الأرض، تو "علی الأرض" قید اتفاقی ہے۔
- پیشاب کا رائحہ کریھہ نہ پہنچے تو پڑھ سکتا ہے ورنہ مکروہ ہے۔
- صلوۃ علی المنبر: 1) تا کہ کیفیت نماز دیکھ لے لوگ۔ 2) برکت کے لئے۔
- 3 قدم بغیر توالی الحرکات پیچھے ہٹے، بعض کہتے کہ یہ عمل کثیر کے مقابل ہے۔
- قال الشیخ زکریاؒ: قال سے امام دؒ مراد ہے اسلئے کہ مجتہد ہی یہ بات کہہ سکتے۔

- حؒ: ایک ذراع تک گنجائش ہے۔ کؒ: مطلقاً ارتفاع مکروہ ہے۔ دؒ اورفؒ: بکرہ قدرًا زائدًا من قدامۃ الرجل۔
- سوال: مسند احمد میں سفیان بن عیینہؒ کی وساطت سے حدیث مروی ہے تو امام احمدؒ نے کیسے کہا کہ نہیں سنی!؟

جواب: 1) لم یسمعہ إلی ہذا الوقت ثم سمعہ بعدُ؛ 2) مختصر والی روایت سنی ہو۔

- 5ھ سقوط الفرس کا واقعہ ہوا اور ایلاء 4 مہینے سے کم یعنی ایلاء لغوی 9ھ میں واقع ہوا۔
- مشربۃ: بالاخانہ جہاں پانی کو محفوظ رکھتے تھے۔
- سوال: 2 الگ واقعہ کو مصنف (راوی) نے کیسے جمع کیا؟
- جواب: 1) ایلاء کا واقعہ تبعًا ہے۔ 2) دونوں مشترک ہے مشربہ میں بیٹھنے کے اعتبار سے؛ سقوط عن الفرس کے بعد دن ورات مشربۃ میں تشریف رکھتے تھے، اور ایلاء کے موقعہ پر رات کو تشریف رکھتے تھے اور دن کبھی گھر اور کبھی شجرۃ الإراک کے نیچے۔
- ص256 پر مذکور کہ آپ ﷺ کی ہڈی بھی ہٹ گئی تھی۔
- جذعٌ: (ج) جذوع: شاخ یا کھجور کے تنے۔
- صلوٰۃ جالسًا کے 3 واقعات ہیں: 1) غزوۂ احد سے واپسی کے بعد سب زخمی تھے۔

2) جب صحابہؓ عیادت کے لئے آئے اور آپ ﷺ بیٹھتے تھے مشربہ میں تو یا نفل ہے یا منسوخ ہے (صلوۃ القائم خلفَ القاعد والا مسئلہ)

3) ناسخ آپ ﷺ کا عمل ہے اور وفات سے پہلے آپ ﷺ بیٹھتے تھے اور صحابہؓ قائم تھے۔

بَابُ إِذَا أَصَابَ ثَوْبُ الْمُصَلِّي امْرَأَتَهُ إِذَا سَجَدَ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) اگر کپڑا عورت سے لگ جائے تو کوئی کراہت نہیں یہ مسّ المرأۃ نہیں ہے۔

2) سامنے تصویر ہو تو مکروہ ہے اور اگر سامنے عورت ہو تو کیا حکم ہے؟ مکروہ نہیں اسلئے کہ شہوت نہیں۔

3) محاذات کے مسئلہ کو رد کرتے، کہ کپڑا الگ جائے یا عورت سامنے تو حرج نہیں، تو محاذات میں بھی وہی۔

- ابن مسعودؓ: أخروھن من حیث أخرھن اللہ[31]۔
- انسؓ کا واقعہ گھر کا: ام سلیم کو پیچھے کھڑا کر دیا[32]۔

بَابُ الصَّلاَةِ عَلَى الحَصِيرِ

- چٹائی پر جائز ہے نماز پڑھنا؛ لغۃً: محصور کرنا، گھیرنا؛ وجعلنا جھنم للکافرین حصیرا: یہاں گھیرنے کے معنی میں۔
- نماز کی توہین نہیں؛ سفینہ میں اکثر چٹائی بچھاتے تھے (تو اشکال نہ ہو کہ باب سے کیا تعلق ہے)۔
- ائمہ ثلاث اور سمؒ: کشتی میں قیام پر قادر ہے تو قیام ضروری ہے؛ حؒ: قاعدًا جائز ہے اگرچہ قیام پر قادر ہے لمظنّۃ الدوَران بخلاف ہوائی جہاز اور ٹرین[33] میں؛ اگر سفینہ میں حصیر نہیں تو سفینہ اور حصیر دونوں مشابہ ہے، کہ زمین اور مصلّی کے درمیان حائل ہے۔

---

[31] مصنف عبد الرزاق: 149/3 نمبر 5115

[32] بخاری: 55/1 (فتاوی دار العلوم زکریا: 346/2)

[33] جہاز: (فتاوی دار العلوم زکریا: 133/2) اور ٹرین: (فتاوی دار العلوم زکریا: 127/2)

- جدّتہ کی ضمیر اسحاق کی طرف راجع ہے یا ام سلی کی طرف؛ اسحاق کے والد عبد اللہ اور عبد اللہ کی والدہ ام سلیم ہے ص101، ص119 ملیکۃ یا انسؓ کی طرف راجع ہے لیکن اصح یہی ہے کہ ام سلیم مراد ہے تو اسحاق کی طرف راجع جیسے کہ دوسری روایت میں صراحت ہے: ص120 پر۔
- فقہاء لکھتے ہیں کہ جب 4 افراد ہو تب تداعی ہے۔
- لُبِسَ کا مطلب استعمال، تو اگر کسی نے قسم کھایا کہ استعمال نہیں کرونگا حریر اور سواری پر رکھ دی تو کیا حانث ہو گا؟
جواب: أیمان عرف پر مبنی ہے اور اوپر بیٹھنا استعمال نہین کہا جائے گا کیونکہ استعمال پہننا ہے۔
- یتیم: ضمیرۃ بن روح بن أبی ضمیرۃ۔

بَابُ الصَّلاَةِ عَلَى الخُمْرَةِ

- یعنی جسم اس پر بعض خارج ہو گا۔

بَابُ الصَّلاَةِ عَلَى الفِرَاشِ(ص55)

- الفراش: مایفرش علی الأرض۔
- نماز پڑھنا قالین پر یا بچھونے پر جائز ہے چاہے متصل ہو یا منفصل۔
- ترجمۃ الباب کا مقصد: صلوۃ علی الحصیر اہانت نہیں ہے اور علی الفراش تکبر نہیں ہے۔
- شیعہ کی تردید ہے جو ڈھیلے پر سجدہ کرتے؛
- ترب وجہک کا مطلب یہ ہے کہ اگر زمین پر چہرہ لگاؤ تو پیشانی نہ بچھاؤ۔
- معلوم ہوا کہ تہجد فرض نہیں اسلئے کہ صرف وتر کے لئے اٹھاتے تھے۔
- حضرت تمیم داریؓ نے 9ھ میں سب سے پہلے چراغ لگایا مسجد میں، تو آپ ﷺ نے ان کو دعاء دی کہ اللہ آپ روشن کردے جس طرح آپ نے مسجد کو روشن کیا۔
- معلوم ہوا کہ نماز میں روشنی کو آپ ﷺ نے پسند فرمائی تو آنکھوں کو نہیں بند کرنا چاہئے نماز میں چاہے دن یا رات (بند کرنا مکروہ ہے)۔
- غمزنی: معلوم ہوا کہ مس مرأۃ سے وضوء ناقض نہیں ہے۔

بَابُ السُّجُودِ عَلَى الثَّوْبِ فِي شِدَّةِ الحَرِّ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: امام فؒ کے قول کی تردید ہے: کپڑا متصل ہو تو سجدہ ممکن نہیں إلّا یہ کہ کپڑا اتنا لمبا ہو کہ حرکت کرنے سے، دوسری طرف حرکت نہ ہو۔
- سجدے میں اطمینان ہونا چاہئے۔

بَابُ الصَّلاَةِ فِي النِّعَالِ

- ما قبل میں جبہۃ کی حفاظت چادر سے اور یہاں صلوٰۃ فی النعال رجلین کی حفاظت کے لئے ہے۔
- یہود لایصلون فی النعال، تو ان کی تردید ہے کہ اللہ نے موسیٰؑ کو فرمایا: اخلع نعلیک کہ یہ طریقہ زیادہ ادب اور اوفق بالتعظیم ہے لیکن یہودیوں نے اسے واجب سمجھا تو آپ ﷺ نے یہود کی مخالفت کی۔
- سوال: تو پھر اس زمانے میں بھی نعال میں پڑھنا چاہئے مخالفت کے لئے!؟ کیوں نہیں پڑھتے؟

جواب:1)اس زمانے میں کنکریاں یا مٹی پر پڑھتے تھے اور اس زمانے میں قالین پر پڑھتے ہیں۔

2)اکثر جوتے آج کل ایسے ہیں کہ پاؤں اور انگلیاں زمین پر نہیں لگتے جیسے بوٹ وغیرہ۔

3)اس زمانے میں یہود کی مخالفت اس میں ہے کہ جوتے بغیر پڑھے۔

4)تطہیر مکان کا تقاضا ہے۔

5)ادب کا تقاضا بھی ہے فاخلع نعلیک۔

6)جہاں کسی قوم کی مخالفت کا حکم ہو اور دوسری روایت اسکا برعکس بھی ثابت ہو تو مخالفت وجوب پر محمول نہ ہو گا بلکہ استحباب پر۔(حافیاًصلوٰۃ پڑھنا بھی ثابت ہے اور جوتے کے ساتھ بھی:کان النبی ﷺ یصلی حافیاًومتنعلًا)توجب دونوں ثابت ہے تو صلوٰۃ فی النعال استحباب پر محمول ہو گا۔

- اس زمانے میں اکثر قدم معلق ہوتا ہے اور وہی حکم ہے ڈاڑھی اور کپڑے کو رنگنے کا۔

بَابُ الصَّلَاةِ فِي الخِفَافِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد:شیعوں کی تردید ہے جو مسح اور صلوٰۃ فی الخفاف کو ناجائز سمجھتے ہیں۔
- خف:رجل کی حفاظت کے لئے ٹھنڈک سے۔
- جریرؓ نے مسح علی الخفین کو دیکھا تو معلوم ہوا کہ غسل رجلین کا حکم ناسخ نہیں مسح علی الخفین کے لئے۔
- مصنف ابن ابی شیبۃ کی روایت:«كَانَتْ الْأَنْبِيَاءُ إِذَا أَتَتْ عَلَى الْحَرَمِ نَزَعُوا نِعَالَهُمْ»[34]۔

بَابُ إِذَا لَمْ يُتِمَّ السُّجُودَ

- اشکال:مصنفؒ سجدے تک کیسے پہنچے اسلئے کہ ابتک طہارت مکان کی بات ہو رہی تھی اور یہ مکرر بھی ہے(ص112 پر آیا)!؟

جواب:1)جب سخت اور شدید حرارت کو کپڑے پر نماز پڑھو تو اسی طرح جوتے میں سجدہ کرو لِاِتمام السجود(یعنی جلدی نہ ہو)۔

2)شاہ صاحب:اتمام السجود کا تعلق مکان اور صلوٰۃ سے ہے کہ نماز میں سجدہ مکمل ہونا چاہئے۔

-ترجمۃ الباب کا مقصد:اگر کپڑا اصغیر ہو تب بھی اتمام سجود نہ چھوڑو۔

یہاں یہ باب اس حیثیت سے کہ اتمام سجود کا تعلق کپڑا سے ہے اور بعد میں بھی آئے گا کہ تعلق صلوٰۃ سے بھی ہے۔

- ترک الستر کترک السجود

بَابُ يُبْدِي ضَبْعَيْهِ وَيُجَافِي فِي السُّجُودِ

- یہ بھی مکرر ہے ص112، تعلق ماقبل سے کہ اتمام سجود کا طریقہ یہ ہے کہ بازو کو دور رکھے پہلو سے۔
- اِبعاد العضُدین عن الفخذین یا بازو کو دور رکھے اپنے پیٹ سے۔

[34] مصنف ابن ابی شیبۃ(3/238/ 13803)

- عبد اللہ بن مالک ابن بحینۃ: عبد اللہ والد ہے اور بحینۃ والدہ ہے، تو اشکال نہ ہو کہ ابن کا ہمزہ لکھا ہوا ہے حالانکہ باپ بیٹے کے درمیان اگر ابن آئے تو ہمزہ نہیں لکھا جاتا ہے اور نہ ہی پڑھا جاتا ہے تو یہاں ابن باپ بیٹے کے درمیان نہیں بلکہ والد اور والدہ کے درمیان آیا اسلئے لکھا گیا۔

بَابُ فَضْلِ اسْتِقْبَالِ القِبْلَةِ

- استقبال قبلہ بھی شرط صلوٰۃ ہے، پہلے طہارت بدن و مکان کا بیان ہو چکا تو یہ شرائط کی فہرست میں ہے۔
- اگر کوئی اشکال کرے کہ مصنفؒ اطرافِ رجلین سے استقبال کرے سجدہ میں تو کیسے سجدے میں پہنچے جبکہ ابھی تک استقبال قبلہ کا بیان ہو رہا ہے!؟
- دوسرا اشکال یہ ہے کہ یہ باب بھی مکرر ہے ص112۔
- تیسرا اشکال: یستقبل.....القبلۃ یہ ترجمۃ الباب میں شامل ہے حالانکہ اسکا ذکر نہیں ہے تو تینوں اشکالات کا جواب یہ ہے کہ یستقبل ما قبل کے لئے بطور دلیل ہے، مدّعٰی نہیں ہے بلکہ بتلانے کے لئے کہ استقبال اتنا اہم ہے کہ سجدہ میں بھی انگلیوں کو قبلہ کی طرف رُخ کرنا ہے۔
- تکرار کی بات سجدہ کی حیثیت سے ہے اور یہاں استقبال کی حیثیت سے اسکا ذکر ہے، اور سجدے تک کیسے پہنچے تو یہ مبالغہ فی الاستقبال کے لئے ورنہ سجدے کا ذکر مستقل بعد میں آنے والا ہے۔
- فلا تُخفروا: اللہ کی دی ہوئی امان و ذمّہ کو مت توڑو اور نہ خیانت کرو اسمیں
- اگر کوئی اشکال کرے: من صلی صلوتنا یعنی صلوتہم لیس کصلوتنا اور انکا قبلہ ہمارے قبلہ کی طرح نہیں تو صحیح لیکن یہ نہیں کہیں گے کہ انکا ذبیحہ ہمارے ذبیحہ کی طرح نہیں۔ تو ذبیحتہم لیس کذبیحتنا:

1) بأنھم لا یذکرون اسم اللہ عند الذبحۃ

2) اشارۃ إلی شعائر الإسلام یعنی قربانی فی إظھار شعائر الإسلام، ہماری طرح نہیں اسلئے کہ ہم ظاہر کرتے ہیں اور وہ نہیں۔

3) وہ غیر اللہ کی نذر کھاتے اور ہم نہیں۔

4) وہ خنزیر بھی کھاتے اور ہم نہیں۔

- دوسری حدیث: اشکال: اسمیں آپ ﷺ کی رسالت کا ذکر نہیں ہے!؟

جواب: 1) رسالہ اسمیں مندرج ہے "صلوا صلوتنا" یعنی رسالت کا عقیدہ رکھتے۔

2) لا إلٰہ إلّا اللہ عنوان ہے تمام مقدمات سے، تمام عقائد پر ایمان رکھتا ہو أی یُصَدِّقُون بجمیع ما یصدق بہ۔

- اس روایت کو ما قبل کی تائید کے لئے مصنفؒ نے ذکر کیا۔

بَابُ قِبْلَةِ أَهْلِ المَدِينَةِ وَأَهْلِ الشَّأْمِ وَالمَشْرِقِ

- یہاں 2 نسخے ہیں: 1) ایک میں یوں ہے: "قبلۃ أھل المدینۃ وأھل الشام والمشرق لیس فی المشرق ولا فی المغرب (یعنی جنوب میں ہے)" اور بابٌ تنوین کے ساتھ ہو گا۔

2) اور ایک میں قبلۃ نہیں ہے تو باب منون نہ ہو گا۔ تو لیس فی المشرق ولا فی المغرب قبلۃٌ الگ ہو گا۔

-شرقوا أو غربوا: 1)قبلۃ الصلوۃ نہیں اس لئے یہ حکم دیا۔

-اشکال: اہل مدینہ اور اہل شام کے لئے یہ بات تو صحیح ہے کہ لیس فی المشرق ولا فی المغرب قبلۃ لیکن والمشرق یعنی مشرق والوں کے لئے کیسے ؟

جواب: 1)اصل میں والمشرقُ ہے یعنی حکم أھل المشرق بخلافھما(لایصح اسلئے کہ مجرور بھی آیا، تو اگر مشرق خلاف ہے تو مغرب بھی)

2)والمغرب أیضا یعنی والمشرق والمغرب أیضا بخلاف أھل المدینۃ ہے اسلئے کہ جو مشرق میں رہتا ہے اور جو مغرب میں رہتا ہے ان کا قبلہ مشرق و مغرب میں ہے تو یہ من قبیل "سرا ویل تقیکم الحر "یعنی والبردَ محذوف ہے۔(لایصح)

3)مشرق میں آبادی زیادہ تھی اسلئے اسکا حکم بیان کیا اور مغرب کا نہیں(لایصح)

4)یہاں غائط مراد ہے تو قبلۃ الغائط کا ذکر ہے، اہل مشرق و مغرب قبلۃ نہیں ہے غائط کے لئے(لایصح اسلئے کہ یہاں قبلۃ الصلوۃ کی بات)

5)تخصیص قبلۃ الصلوۃ أی لیس فی المشرق ولا فی المغرب تخصیص(لایصح اسلئے کہ جس طرف کعبہ ہو دیکھا جائے گا)

6)لیس فی المشرق ولا فی المغرب تخصیص قبلۃ الغائط

7)مشرق الأرض کمشرق أھل المدینۃ وأھل الشام تو صرف اہل مدینہ کی مشرق نہیں(لایصح)

اصل 8)مشرق سے مراد وہ لوگ جو مشرقِ شمال میں واقع ہیں(خراسان:Ouzbekistan آج کل، تو انکا قبلہ جنوب مغرب میں ہے)۔

اسکو امام ترمذیؒ نے بیان کیا: اہل مَرُو وغیرہ کے لئے قبلہ جنوب مع التیاسر ہے یعنی جنوب مغرب میں ہے۔

- سوال: اگر کوئی جماع کرے اور مستقبل القبلۃ ہو تو کیا حکم ؟

جواب: 1)اگر ممانعت کشف عورت ہو تو پھر استقبال واستدبار نہیں ہونا چاہئے من باب الأولی۔

2)اگر ممانعت اسی لئے کہ باہر نجاست گرتی ہے تو یہاں نجاست نہیں ہے۔

-ص26پر یہ حدیث بیان نہیں کی حالانکہ یہ حدیث مناسب تھی!؟

جواب: 1)انکی شرائط پر نہیں اترتی تھی

2)جو حدیث انکے مسلک کے خلاف ہو تو فی غیر محلہ اسکو ذکر کرتے۔

-سوال: استغفار کیوں کیا انہوں نے ؟

جواب: 1)یا اللہ ہمیں معاف کر دے اور ہمیں کافروں کی طرح نہ بنائیں۔(بعید توجیہ)

2)یا یہ کہ جو مسلمان باقی تھے ان کے لئے دعاء مغفرت کی۔(بعید توجیہ)

اصل 3)انحراف کامل نہ ہونے کی وجہ سے استغفار کیا۔

بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى: {وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى} [البقرة: 125]

- ترجمۃ الباب کا مقصد: استقبال قبلہ کا ذکر اور اس قول کی تشریح: {وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى}

- 5 تفسیر: 1)مقام ابراھیم سے مراد کعبہ یعنی نماز کی جگہ وتوجہ۔

2) مقام ابراھیم کو محل دعاء بناؤ: کعبہ، صفا، مروۃ، منی، مزدلفۃ.....

3) مقام ابراھیم اور ماحول کو طواف کے دو رکعات کا محل بناؤ۔

4)یعنی نماز کی ابتداء مقام ابراھیم سے ہو۔ 5)مقام صلوۃ بناؤ لا ممسوحًا۔

-خانہ کعبہ کی اہمیت کو محل توجہ بناؤ۔

-ابن عباسؓ کہتے تھے کہ جب آدمی خانہ کعبہ کا طواف کرلیتا ہے تو بیوی حلال ہو جاتی ہے تو اسی لئے انہوں نے ابن عمرؓ سے سوال کیا۔

-بعض تاویل کرتے: 1)طاف البیت مع تکمیل السّعی۔

2)ابن عمرؓ فسخ الحج بالعمرۃ کے قائل تھے۔

3)تمکّن فی الحِلّ بعد قلیل۔

بعض حقیقت پر محمول کرتے 4)ابن عباسؓ جماع کو جائز کہتے تھے: مثلاً: جمرات کی رمی نہیں کی لیکن طواف زیارت کے بعد جماع کر سکتا ہے، قربانی کے بعد حلق کرا سکتا ہے اگرچہ طواف اور رمی جمرات باقی ہے، تو یہ انکا تفرد و مسلک ہو گا (مولانا بنوریؒ)۔

- وصلی خلف المقام رکعتین محل ترجمہ ہے جسکو مصنفؒ نے منتخب کیا۔
- دوسری روایت میں ہاتھ سے اشارہ کیا "نعم" کے بجائے یا 2 رکعات کہا معتمداً علی القدر الیقینی تو اشارۃ بالید یا اشارۃ الی القدر المتیقن یا مختلف موقعوں پر بتایا تو اشکال نہ ہو کہ ابن عمرؓ نے کہا کہ میں تعداد رکعات پوچھنا بھول گیا۔

- بین الساریتین اللتین علی یسارہ: 6 ستون تھے تو مختلف روایات ہیں اسکے بارے میں۔
- تو یہاں لم یصل ہے اور بلالؓ کی روایت میں ہے کہ پڑھی ہے!؟

جواب: 1)مثبت مقدم ہے منفی روایت پر۔

2)بلالؓ موجود تھے اور ابن عباسؓ نہیں تھے تو موجود کے قول کا اعتبار ہو گا۔

3)بعض مواقع پر نماز پڑھی اور بعض پر نہیں جیسے عمرۃ القضاء میں نہیں پڑھی اسلئے کہ دار الأصنام تھا ص218 پر مذکور ہے، فتح مکہ پر نماز پڑھی (ابن ماجہ ص220) اور حجۃ الوداع میں پہلے دن یعنی یوم النحر میں نہیں پڑھی اور دوسرے دن پڑھی۔

بَابُ التَّوَجُّهِ نَحْوَ القِبْلَةِ حَيْثُ كَانَ

- حیث کان: بعید قریب، زمین، پہاڑ پر جہاں بھی۔
- ترجمۃ الباب کا مقصد: آیت کی طرف اشارہ ہے: اینما تولوا فثم وجہ اللہ: محمول ہے خاص معانی پر۔
- اندھیرے میں یا دابّۃ پر یا کعبہ پر یا کعبہ میں، اسی طرح جو معلوم نہیں کہ قبلہ کس طرف ہے تو تحری کرے۔
- کوئی خائف ہو اور سواری پر پڑھتا تھا اور مطلوب ہے یا قبلہ کے تحری میں غلطی ہوئی۔
- اصل اس آیت میں تحویل قبلہ پر تسلی دی ہے۔
- آپ ﷺ کے سہو کا ذکر اور 5 واقعات: 1)ظہر میں 4 کی جگہ 5 پڑھی۔ 2)ظہر میں 4 کے بجائے 2 پڑھی۔

3)قاعدہ أولیٰ کو ترک کیا۔ 4)آیت کریمہ بھول گئے۔ 5)مغرب میں قاعدہ أولیٰ بھول گئے۔

-إنما أنا بشر مثلکم: 1)فی النسیان، 2)لا أعلم باطن الأمور۔

-التحری: طلب الصواب بالإجتہاد یعنی ظنّ غالب (یعنی احناف کا مسلک)۔

-شوافع اور مالکیہ: بناء علی الأقل؛ ؒ: امام تحری اور ظنّ غالب پر عمل کرے اور منفرد بناء علی الأقل کرے گا۔

-یہاں سلام قبل السجدتین اور بعد السجدتین ہے جیسے احناف قائل ہیں۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي القِبْلَةِ، وَمَنْ لَمْ يَرَ الإِعَادَةَ عَلَى مَنْ سَهَا، فَصَلَّى إِلَى غَيْرِ القِبْلَةِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: یہ باب حضرت شیخؒ نے بیان کیا کہ مسائل شتی پر مشتمل ہے۔
- مفتی صاحب: 2 جزء کو بیان کرنا ہے: 1) قبلہ کبھی ساقط ہے (یعنی وہ معبود نہیں ہے)؛ اور 2) قبلہ کی اہمیت۔
- مولانا قاسم نانوتویؒ پر ہندوؤں نے اعتراض کیا تھا کہ تم پتھر ہی کی تو عبادت کرتے ہو تو پھر ہم اور تم میں کیا فرق ہے!؟

جواب: 1) جب ہم نماز پڑھتے تو اللہ تعالی کی تعظیم کے الفاظ کہتے نہ کہ کعبہ کی تو یہ اتحاد کے لئے۔

2) جب حجاج کے زمانے میں کعبہ کو شہید کیا گیا تب بھی وہ مرکز توجہ رہا۔

3) کعبہ کی چھٹ پر بھی نماز صحیح ہے تو معبود پر کون نماز پڑھے گا؟

4) فاتحہ میں کعبہ کی معبودیت پر کوئی لفظ نہیں ہے۔

5) اللہ کو متصرف سمجھتے ہیں نہ کہ کعبہ کو، اسی لئے عمرؓ نے فرمایا تھا حجر اسود کو بوسہ دیتے ہوئے: لولا رأیت النبی قبلک لما قبلتک۔

6) خانہ کعبہ کیا نام بیت اللہ تو معلوم ہوا کہ یہ دون اللہ ہے۔

- پھر بھی خانہ کعبہ کی اہمیت وفضیلت اپنی جگہ پر مسلم ہے، اور انحراف ° 45 تک گنجائش ہے۔
- اگر انحراف عن القبلۃ سہواً ہو تو کیا حکم ہے؟
- مصنفؒ نے احناف کی موافقت کی ہے اس مسئلہ میں؛ مالکیہ إعادۃ فی الوقت کے قائل ہیں إن سہی فصلی فی غیر القبلۃ۔
- ؒ: الإعادۃ فی الحضر ولا إعادۃ فی السفر۔
- ابن حجرؒ نے 15 موافقات گنے عمرؓ کے، اور تاریخ الخلفاء میں امام سیوطیؒ نے انکو ذکر کیا؛ تو بعض نے 18 اور بعض نے 21 موافقات گنے ہیں۔
- یہ 2 کی تخصیص ہے کہ حدیث میں ایک ہی جگہ مذکور ہے۔
- شیعہ استدلال کرتے کہ دیکھ ازواج مطہرات افضل نہیں: "یانساء النبی لستن کأحد من النساء" اور خیراً منکن اس وقت ہے جب زوجیت میں نہ رہے (العیاذ باللہ من الشیعۃ)۔
- موافقات عمرؓ: حجر اسود کو کعبہ کے کونے میں رکھا جائے؛ اساری بدر؛ قرطاس (خط نہ لکھا جائے)؛ کہا تھا منافقین کے بارے کہ استغفر لہم أو لا تستغفر لہم تو یہی آیت نازل ہوئی؛ ایلاء میں موافق آیت نازل ہوئی: فإن تظاھر اعلیہ فإن اللہ ھو مولاہ وجبریل و.....؛ نطفۃ اور علقہ ومضغۃ کے بارے میں کہا تھا فتبارک اللہ أحسن الخالقین تو اسی طرح نازل ہوئی؛ سبحانک ہذا بھتانٌ عظیم فرمایا تھا واقعۂ افک میں۔
- اللیلۃ کا مطلب: بعد الظھر قبل العصر۔
- سوال: آپ ﷺ نے کیوں انتظام نہیں فرمایا کہ ہر ایک کے پاس قاصد بھیجے بتانے کے لئے تحویل قبلہ کے بارے!؟ بلکہ اہل قباء کو فجر کے وقت بتایا اور بنو سلمہ کو عصر کے وقت بتایا۔

جواب: اشارہ لطیف ہے کہ قبلہ کی جہالت کے باوجود نماز پڑھی تو سابقہ نمازوں کا اعادہ نہیں ہوگا (بنو سلمہ نے نماز کو جاری رکھا تھا)۔

- کعبہ: اونچائی کو کہتے ہیں تو کعبہ کا درجہ بہت اونچا ہے؛ یا مربع کو کہتے تو کعبہ بھی مربع ہے (صورۃً)۔
- یحیی بن أیوب پر کلام ہے لیکن اسکے متابع موجود ہے اسی لئے مصنفؒ نے اسکو ذکر کیا۔
- غیرت: امر مخصوص میں کسی کی شرکت کو برداشت نہ کرنا۔
- ثنی رِجلہ: محل ترجمۃ الباب۔

بَابُ حَكِّ البُزَاقِ بِاليَدِ مِنَ المَسْجِدِ

- أبواب آداب المساجد یہاں سے شروع ہورہا ہے: اور یہ تقریباً 55 ابواب پر مشتمل ہے۔
- قاضی عیاضؒ: انتھاءِ مجرم ہے؛ امام نوویؒ: ابتداءِ مجرم ہے۔ (مصنفؒ دونوں کے قول کی طرف اشارہ کرتے اگرچہ دونوں مصنفؒ کے زمانے میں نہیں تھے لیکن اقوال موجود تھے بعد میں ان دو حضرات کی طرف یہ اقوال منسوب ہوئے)
- حک البزاق کے وجوہات: 1) کاتب الحسنات کے احترام میں۔

2) لاحترام المسجد والقبلۃ۔

3) مسلمانوں کو اذیت سے بچانے کے لئے۔

- بزاق: ویُصاق: من الفم (Saliver)؛ مخاط: من الأنف؛ نخامۃ: من الصدر والنخاعۃ: من الرأس وقیل عکسہ۔
- قبلہ کا شدید تعلق ہے مسجد سے اسی لئے مسجد کے ابواب یہاں لائے۔
- فحکہ بیدہ: ممکن ہے کہ عصا سے؛ مناجاۃ: چھپے ہوئے مشورہ کرنا۔
- تشابہات: إن ربہ أی رحمۃ ربہ یا مقصود بینہ وبین القبلۃ یا عظمۃ اللہ بینہ وبین القبلۃ۔
- سلَف: 1) تفویض کرتے جیسے امام صاحبؒ (لا ندری معناہ): مثلاً: امر الروح علی الظاھر۔

2) تأویل کرنے والے: لہ وجہٌ لا کو جھنا والمراد بہ الذاتُ والرضا والنعمۃ یا یہ کہ لہ یدٌ لا کأیدینا اور اس سے قوت مراد لے لے (یہ تأویل تفصیلی ہے) / اور تأویل اجمالی: لیس لہ وجہ کو جو ھنا ولیس لہ ید کأیدینا۔

- کؒ: 1) الاستواء غیر مجھول والکیفیۃ غیر معقول والسؤال عنہ بدعۃ والإیمان بہ واجبٌ؛ 2) لا یقال عنہ کیفَ! والکیف عنہ مرفوعٌ۔
- تاویل قریب تو کرنی چاہئے جیسے "نسوا اللہ فنسیھم"، "أقرب ما یکون العبد إلی اللہ وھو ساجدٌ" تو تأویل والے تأویل قریب کرتے نہ کہ بعید۔
- اللہ تعالی سامنے ہیں کما یلیق بشأنہ؛ وھو معکم أینما کنتم (علم کے اعتبار سے)؛ نحن أقرب إلیہ من حبل الورید۔

بَابُ حَكِّ المُخَاطِ بِالحَصَى مِنَ المَسْجِدِ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: «إِنْ وَطِئْتَ عَلَى قَذَرٍ رَطْبٍ، فَاغْسِلْهُ وَإِنْ كَانَ يَابِسًا فَلاَ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) مخاط کو صاف کرے بنفسہ أو بید الغیر۔

2) مخاط نہ کرے مسجد میں، نجس تو نہیں ہے لیکن احتراماً اور نظافت کی بناء پر۔

- عینی: گندی چیز رطب ہو تو ڈھنا چاہئے جیسے مخاط اور اگر یابس ہو تو دھونے کی ضرورت نہیں۔
- ابن حجرؒ: مخاط اور قذر کا فرق ہے: مخاط کو دھونے کی ضرورت نہیں، کرچنا کافی ہے۔
- بُزاق - تفل - نفث اور پھر نفخ ہے جو سب سے کم درجہ ہے۔

بَابُ لاَ يَبْصُقُ عَنْ يَمِينِهِ فِي الصَّلاَةِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اختلاف کی طرف اشارہ ہے کہ دائیں طرف تھوکنا ممنوع ہے صلوۃ میں (امام کؒ کی تائید کی)۔
- امام نوویؒ: صلوۃ کے ساتھ مخصوص نہیں ہے بلکہ عام ہے۔
- کاتب الحسنات کا درجہ اونچا ہے واعلی ہے اور ہو دائیں طرف پر ہے یا وہ امیر ہے اور کاتب السیئات مأمور ہے تو اسکی رعایت کرنی چاہئے۔

- اور بائیں طرف شیطان ہے؛ سوال: دائیں طرف بھی فرشتہ ہے تو بائیں طرف بھی ہے اور دونوں محترم ہیں!؟ حالانکہ حدیث میں ہے کہ:
إن اللہ قدر ملکا یحفظ العبد ویقوم عن یمینہ وعن شمالہ الشیطان۔
جواب: یہ ایک فرشتہ ہے جو قلب پر مقرر ہے اور نماز میں دائیں طرف پر ہے۔

بَابٌ: لِيَبْزُقْ عَنْ يَسَارِهِ، أَوْ تَحْتَ قَدَمِهِ اليُسْرَى

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 2 اقوال میں سے ایک کی طرف اشارہ ہے جو قاضی عیاض کا قول ہے کہ بزاق فی المسجد جائز ہے بشرط اَن یدفنہ اور اسکی تائید بعض روایات سے ہوتی ہے: جیسے مسلم میں روایت[35] ہے: «عُرِضَتْ عَلَيَّ أَعْمَالُ أُمَّتِي حَسَنُهَا وَسَيِّئُهَا، فَوَجَدْتُ فِي مَحَاسِنِ أَعْمَالِهَا الْأَذَى يُمَاطُ عَنِ الطَّرِيقِ، وَوَجَدْتُ فِي مَسَاوِي أَعْمَالِهَا النُّخَاعَةَ تَكُونُ فِي الْمَسْجِدِ، لَا تُدْفَنُ»
- مَنْ تَنَخَّمَ فِي الْمَسْجِدِ فلم یدفنہ فسیئۃ وإن بدفنہ فحسنۃ.
- دوسری روایت[36] میں: «مَنْ تَنَخَّمَ فِي الْمَسْجِدِ طَاهِرًا كُتِبَتْ عَلَيْهِ خَطِيئَةً، فَلْيُغَيِّبْ أَحَدُكُمْ نُخَامَتَهُ»
- عبیدۃ بن جراح نے تھوکا تھا اور دفن کرنا بھول گئے تو رات کو چراغ لے کر آئے اور کہا: الحمد للہ الذی لم یکتب علیّ خطیئۃ اللیلۃ؛ تو معلوم ہوا کہ دفن نہ کرنا جرم ہے۔
-

بَابُ كَفَّارَةِ البُزَاقِ فِي المَسْجِدِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: امام نوویؒ کے قول کی طرف اشارہ ہے اور تائید ہے۔
- کفارہ کا مطلب یہ ہے کہ پہلے سے غلطی کی تو دونوں کے اقوال میں تطبیق ممکن ہے:
إذا لم تکن ضرورۃ إلی الإلقاء تو امام نوویؒ کا قول زندہ باد وإذا کان حاجۃ فقول قاضی عیاضؒ اصح۔
- مسجد: شرعی یا لغوی (جسکو مصلّی کہتے) اور یہاں یہی ہے بہ ظاہر۔

بَابُ دَفْنِ النُّخَامَةِ فِي المَسْجِدِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: رویانی کی تردید ہے: دفن کرنا مسجد اس لئے کہ ماتحت الثری إلی السریا ہے، تو دفن کرنا اہانت اور بے عزتی تو مصنفؒ نے بتایا کہ بے عزتی جب ناپاکی ہوگی یہ ناپاک نہیں ہے۔
- دفن کا مطلب کہ نیچے دبائے اچھی طرح کما یدفن المیتُ
- جو لوگ کہتے ہیں کہ بائیں طرف پر بھی فرشتے ہیں تو کہتے کہ دائیں طرف میں ملک عظیم۔

بَابُ إِذَا بَدَرَهُ البُزَاقُ فَلْيَأْخُذْ بِطَرَفِ ثَوْبِهِ

- یہ تیسرا طریقہ ہے یعنی کپڑے کے دامن میں، نیچے بھی نہیں تھوک سکتے تو چادر زندہ باد؛ پہلے طریقہ: عن یسارہ اور دوسرا: تحت قدمہ۔
- بدر: غلب یعنی تھوک غالب آجائے منہ میں۔

---

[35] مسلم (390/1؛ نمبر 553)
[36] مصنف عبد الرزاق (123/5؛ نمبر 9145)

بَابُ عِظَةِ الإِمَامِ النَّاسَ فِي إِتْمَامِ الصَّلاَةِ، وَذِكْرِ القِبْلَةِ

- یہ بھی آداب مسجد سے کہ لوگوں کو منکرات سے روکے۔
- وعظ: منع کے معنے میں ہے: فلان یَعِظُ أخاہ فی الحیاء أی یمنعہ۔ -تُرُوْنَ: تُظُنُّونَ
- خشوع: 1) عاجزی (سجود میں) اور رکوع: صلوۃ اور رکوع کا ذکر اہم ہے اسلئے کہ لوگ جلدی کرتے رکوع میں، اور مدرک الرکوع، مدرک الرکعۃ ہے۔
- إنی لأراکم من وراء ظھری: 1) بالالتفات؛ ابن عباسؓ: کان الناس یری النبی ﷺ .....

2) الجدار لہ کالمرآۃ۔

3) بالوحی أو بالإلھام

4) بالعینین فی الکتفین (لایصح: لو کانتا لاشتھر فی کتب السیرۃ)

5) بإلقاء الجھۃ أحیانًا (اللہ جہت کو کبھی ختم کر دیتے)

-ایک آدمی نے دوڑ کر سب سے پہلے رکوع کیا تو آپ ﷺ نے پوچھا کہ کس نے ایسا کیا تو فرمایا: لاتعُد زادک اللہ حرصًا۔

-اسی طرح قومہ کی حالت میں کسی نے الحمد للہ حمدًا کثیرًا طیبًا مبارکًا فیہ کما تحب وترضی تو آپ ﷺ نے پوچھا کہ کون ہے؟

-کما أراکم فی القدام أو فی الأمام۔

بَابٌ: هَلْ يُقَالُ مَسْجِدُ بَنِي فُلاَنٍ؟

- ترجمۃ الباب کا مقصد: ابراہیم نخعی کی تردید جو کہتے کہ نہیں کہہ سکتے۔
- اشکال: منسوب کرنے میں شرک کی بو ہے اور قرآن میں فرمایا گیا: إن المساجد للہ فلا تدعو مع اللہ أحدا!

جواب: 1) نہیں بلکہ اضافت تعارف کے لئے ہے،

2) یا بانی کی طرف نسبت

3) یا نسبت ان لوگوں کی طرف جو اس مسجد میں نمازی ہیں

4) یا احترام کے لئے جیسے مسجد شیخ زکریا اور اسکی نظیر: بلال رسول اللہ خیر بلال

5) یا برکت وعظمت کے لئے جیسے ناقۃ اللہ اور بیت اللہ۔

-سوال: ترجمۃ الباب میں ھل کیوں لائے؟

جواب: 1) حدیث میں جو نام آیا، مسجد بنی زُریق، تو ہو سکتا ہے کہ آپ ﷺ کے زمانے میں اس نام سے مشہور تھا یا نہیں؟

2) کثیر بن صلت کے دار کے قریب نماز پڑھی حالانکہ اس وقت وہ دار نہ تھا۔

3) یا نسبت کرنے میں خوب غور وفکر کرے کہ ایسا نہ ہو کہ وہ لوگ قابض ہو جائے جن کے نام پر مسجد رکھی۔

-بنی زُریق کی نسبت اسلئے کہ وہاں نماز پڑھتے یا کبھی محبت کی وجہ سے بھی نسبت۔

بَابُ القِسْمَةِ، وَتَعْلِيقِ القِنْوِ فِي المَسْجِدِ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ: «القِنْوُ العِذْقُ وَالِاثْنَانِ قِنْوَانِ وَالجَمَاعَةُ أَيْضًا قِنْوَانٌ مِثْلَ صِنْوٍ وَصِنْوَانٍ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: بیان المأذونات بعد بیان المندوبات۔

- حنابلہ کی تردید ہے: جائز نہیں کہ کسی چیز کو تقسیم کرے مسجد میں؛ ائمہ ثلاث: خلاف أولی ہے۔
- مسجد میں تقسیم یعنی صحن میں یا مطلب یہ ہے احیانًا تقسیم کرتے۔
- شاہ صاحب: بخاری کے تراجم الأبواب مفید بھی ہے اور مضر بھی ہے اس اعتبار کہ جزئی واقعہ سے استدلال کرتے اور کلی طور پر قانون لگاتے تو کبھی نقصان ہو جاتا ہے۔
- مُحبس الأسیر کی وجہ سے مسجد کو جیل خانہ نہیں بناسکتے اور استعداد طعام المعتکفین کی وجہ سے مسجد کو ہوٹل نہیں بناسکتے۔
- صنوٌ: ایک جڑ سے 2 درخت نکلے۔
- لانے والے ابوعبیدہؓ تھے (بحرین سے): 1) مسجد سے مراد: احاطۂ مسجد۔
2) یہ تقسیم احیانًا اور مجبورًا مسجد میں رکھی گئی کہ اتنا مال کہاں رکھے؟
- عباسؓ: اصح قول: فتح مکہ پر اسلام لائے یا ہجرت سے پہلے اور بطور جاسوس رہے مکہ مکرمہ میں۔
- تعلیق القنو کا ذکر نہیں ہے حدیث میں:
1) التمر کالقنو اور جب دراھم کو تقسیم کرسکتے تو تمر بھی (دراہم مقیس علیہ اور قنو: مقیس)
2) دوسری احادیث: کان الناس یعلقون الأقناء فی المسجد تو حضرت نے ردی کھجور دیکھ کر فرمایا کہ اگر آدمی چاہتا تو اَچھی کھجور لٹکاتا۔
3) ام بین کل حائط قنوٍ..... لیأکل منہ من لا شیء عندہ یعنی دیواروں کے درمیان کھجور کے شاخ کو لٹکاتے تاکہ فقراء اس سے کھائے۔ تو ان روایتوں کی طرف گویا اشارہ ہوا۔
- جنّبوا مساجدکم صبیانکم ومجانینکم وشراءکم وبیعکم وصل..... یعنی جسمیں شور وشغب ہے تو مسجد سے دور رکھو۔

بَابُ مَنْ دَعَا لِطَعَامٍ فِي المَسْجِدِ وَمَنْ أَجَابَ فِيهِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اگرچہ طعام کی دعوت امور دنیویہ میں سے ہے لیکن چونکہ امور مستحبّہ میں سے ہے اسلئے دے سکتے اگرچہ ولیمہ کی دعوت نہ ہو۔ انسؓ نے آپ ﷺ کو دعوت دی تو آپ ﷺ نے قبول فرمایا۔

بَابُ القَضَاءِ وَاللِّعَانِ فِي المَسْجِدِ بَيْنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: امام شافعیؒ کے قول کی تردید: کہ قضاء مسجد میں مکروہ ہے۔
- لعان میں قضاء ہے تو کیا ضرورت ہے الگ ذکر کرنے سے اور لعان میں أحدھما کاذب ہے تب بھی مسجد میں جائز ہے۔
- مابین الرجال والنساء کا تعلق قضاء سے تو معلوم ہوا کہ عورتیں مسجد آسکتی ہیں اور حیض کی حالت میں بھی۔
- نہیں آئیں گی تو قاضی دروازے پر آئے گا۔
- رجلًا: عویمر عجلانی یا ھلال ابن أمیۃ مراد ہے۔

بَابُ إِذَا دَخَلَ بَيْتًا يُصَلِّي حَيْثُ شَاءَ أَوْ حَيْثُ أُمِرَ وَلاَ يَتَجَسَّسُ

- المرء أدری بما فی بیتہ اسلئے لا یتنحس۔ مسجد کا افتتاح کے لئے گھر میں کسی کو بلانا بہتر ہے۔
- مدعو للصلوۃ تھے آپ ﷺ اسی لئے پوچھا کہ کہاں چاہتے کہ میں نماز پڑھوں۔

- کسی مکان میں برکت کی نیت سے کسی کو بُلانا جائز ہے، نماز پڑھنے کے لئے یا مکان میں چکر لگانے کے لئے (جابرؓ نے آپ ﷺ کو اپنے باغ میں بلایا چکر لگانے کے لئے)۔

بَابُ المَسَاجِدِ فِي البُيُوتِ(ص61)

- بیوت: (محلہ یا گھر میں)؛ گھر میں مسجد لغوی؛ مسجد شرعی: وقف اور اذن عام ہو؛ مسجد محلہ: مسجد شرعی۔
- ابو داؤد کی روایت ہے: أمر نا رسول اللہ ﷺ أن نضعہا فی دورنا؛ مسجد کی اتنی اہمیت ہے کہ محلہ میں اور گھر میں سب جگہ مسجد بنانی چاہئے۔
- قد أنکرت بصری: کمزور ہو گئی؛ ایک روایت میں نابینا ہونے کا ذکر ہے اور ایک روایت میں: أنا ضریر البصر آیا!؟
- تو تطبیق یوں ہو سکتی ہے کہ: پہلے سے نہیں دیکھتا تھا تو بینائی اور خراب و کمزور ہو گئی، یا یہ کہ ضریر البصر کا مطلب یہ نہیں کہ نابینا ہوئے بلکہ بینائی کمزور ہو گئی۔
- نابینا کی امامت جائز ہے جبکہ طہارت کا لحاظ رکھتا ہو اور نجاست سے بچتا ہے۔
- سوال: آپ ﷺ نے ابن ام مکتوم کو گھر میں نماز پڑھنے کی اجازت نہیں دی حالانکہ عتبان بن مالک کو اجازت دی؟!

جواب: 1) انہوں نے مسجد نبوی کے بارے میں پوچھا تھا اور عتبان نے مسجد محلہ کے بارے میں پوچھا تھا۔

2) ابن ام مکتوم مادر زاد نابینا تھے تو آنا جانا آسان تھا ان کے لئے۔

3) ابن ام مکتوم کا تعلق آپ ﷺ سے جو موجود تھا وہ تعلق عتبان بن مالک سے نہیں تھا۔

4) آیت عبس و تولی نازل ہوئی ابن ام مکتوم کے لئے اسی لئے آپ ﷺ بہت خیال رکھتے تھے: اور ھل ترید من شیء؟ کہتے تھے اور مرحبًا بمن عاتبنی ربی کے جیسے الفاظ (جو جلالین میں مذکور ہے) نہ موقوفًا ثابت ہے نہ مرفوعًا۔

5) ابن ام مکتوم کو عزیمت پر عمل کرنے کا حکم دیا اور عتبان کو رخصت پر عمل کرنے کا حکم دیا۔

- معلوم ہوا کہ جو چیز مقصود ہے اسکو پہلے ادا کرنا چاہئے المقصود یکون سابقًا علی غیر المقصود؛ تبرّک بالصالحین ثابت ہے؛ اجازت دینی چاہئے اگرچہ دعوت نہ ہو۔
- فصففنا: ابتداءً بغیر تداعی کے یعنی لوگوں کو بلائے بغیر اور بعد میں فصفّنا: یعنی جب لوگ آتے گئے تو پھر صف ٹھیک کرنے کا حکم دیا۔

تداعی: 1) 3 سے زیادہ کو بلائے تو تداعی کہا جائے گا۔ 2) 3 سے زیادہ خود بہ خود آجائے تو تداعی نہیں اسلئے کہ نماز کے لئے نہیں بُلایا۔

- خزیرۃ: 1) حلوی: آٹا، دودھ وغیرہ ملا کر۔ 2) حلیم: گوشت اور آٹا، اور اگر گوشت نہ ہو تو عضیرۃ۔
- معلوم ہوا کہ اگرچہ کسی کو دعوت نہیں دی ہو لیکن کھانے کا وقت ہو تو کچھ حاضر کر کے دے دے۔
- معلوم ہوا کہ ختمِ قرآن کے بعد کھانا کھلا سکتے۔
- دعوت کے ناموں کا مجموعہ: أنعِمُوا مُخًّا:

أ: إعذار (ختنے کی دعوت)؛ ن: نقیعہ (سفر سے واپسی پر دعوت)؛ ع: عقیقہ اور عتیرۃ؛ م: مائدۃ (دوست واحباب کی دعوت)؛ و: ولیمہ اور وکیرۃ (مکان بنانے کی دعوت) اور وضیعۃ (مصیبت کو دفع کرنے کے وقت) اور ملاک: نکاح کے وقت خ: خُرسٌ (ولادت کے وقت) اور حِذاق: جب بچہ ہوشیار ہو کر قرآن ختم کرے۔

- نکتہ: حلیم اسلئے کہتے کہ بہت صبر چاہئے اسکو بنانے کے لئے۔

- فثاب:لوٹے یعنی تفر قوا ثم اجتمعوا یا اجتمعوا ہے(سب تفسیر.....)
- ذوعدد: کثیرون یا قلیلون کے معنی میں۔
- فتح الباری اور فیض الباری میں ایک روایت ہے: والخرص والاعذار والتوکیر انت فی الاختیار، لیکن سند میں یحیی بن عثمان جسکو بخاری نے ضعیف کہاہے۔اور ابوزرعہ رازی نے ثقہ بتایا۔
- منافق:1)غصہ کی وجہ سے کہا کہ نہیں آیا حالانکہ اتنی بڑی شخصیت آئے تھے(عضبًا)

2)لم یعلم

3)تاب من النفاق۔

4)لمودّتہ بالمنافقین وتعلّقہ

5)نفاق عملی

-منافقین کے ساتھ تعلق:1)موالات: گہری دوستی؛مسلمانوں کے راز بتلانا اور مسلمانوں پر انکو ترجیح دینا(حرام ہے)۔

لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُودَ وَالنَّصَارَى أَوْلِيَاءَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ وَمَنْ يَتَوَلَّهُمْ مِنْكُمْ فَإِنَّهُ مِنْهُمْ/لَا تَتَّخِذُوا بِطَانَةً مِنْ دُونِكُمْ.

2)مؤاسات: جیسے مہمان کا اکرام، عیادت و مدد: جائز ہے سوائے ان لوگوں جو بالکل ہمارے مقابلے میں اڑے ہوئے دسمن ہو۔لَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ لَمْ يُقَاتِلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَلَمْ يُخْرِجُوكُمْ مِنْ دِيَارِكُمْ أَنْ تَبَرُّوهُمْ وَتُقْسِطُوا إِلَيْهِمْ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ.

3)مدارات: حسن اخلاق؛ 4)مداہنت؛ 5)معاملات

-مداہنت اور مدارات میں 3 فروق ہیں:1) مدارات: التلطف لإخراجہ من المعصیۃ؛ والمداہنۃ: التلطف لإثباتہ علی المعصیۃ

2) مدارات: اظہار الرفق بالفاسق؛ والمداہنۃ: اظہار الرفق بفسقہ وکفرہ۔

3) مدارات: بذل الدنیا لأجل الدین؛ والمداہنۃ: بذل الدین لأجل الدنیا۔

یہ 3 فروق رسالۃ المسترشدین کی تعلیق میں مذکور ہیں

- مالک بن دُخشم کو آپ ﷺ نے مسجد ضرار کو گرانے کے لئے بھیجا تاکہ الزام ان پر ختم ہو جائے اور معنؓ کو۔
- قد حرم علی النار أی خلودہ فی النار یا حرمہ علی نار الکفار۔
- محمد بن ربیع کی روایت میں ہے کہ بعض نے تردد کیا کہ وہ جھوٹے تھا اسلئے دوسرے حضرات سے نقل کی یہ حدیث۔

بَابُ التَّيَمُّنِ فِي دُخُولِ المَسْجِدِ وَغَيْرِهِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اچھے اور زینت اور عزت کے کاموں میں تیامُن ہونا چاہئے۔
- یہ بھی آداب مسجد میں سے ہے۔

بَابٌ: هَلْ تُنْبَشُ قُبُورُ مُشْرِكِي الجَاهِلِيَّةِ، وَيُتَّخَذُ مَكَانُهَا مَسَاجِدَ

- تتخذ: یجعل کے معنے میں ہے اور دو مفعول چاہتا ہے۔
- سوال: ھل کیوں استعمال کیا ترجمۃ الباب میں؟

جواب:1)ھل بمعنی قد ہے جیسے ھل أتی علی الإنسان.....

2)اپنے معنے میں ہے یعنی پہلے غور کرے اگر اکھاڑنے میں فتنہ ہو گا تو نہ اکھاڑے۔

-ترجمۃ الباب کا مقصد:1)لایُصلّٰی فی مقبرۃ الرسول تو یہاں کیسے پڑھیں گے؟

2)انکی ہڈی اکھاڑنے کے بعد مسجد بنائے تو لعنت ختم ہو گی ورنہ محل لعنت ہے اور مسجد محل رحمت ہے۔

معلوم ہوا کہ قبور المشرکین کو مسجد بنا سکتے بعد محو الآثار۔

3)مقبرۃ کو مسجد نہ بنائیں اسلئے کہ مسجد اور مقبرۃ جمع نہیں ہو سکتے، اگر مسجد ہی بنانا ہو تو قبروں کو اکھاڑ کر منتقل کیا جائے گا۔

-جبکہ انبیاء کی قبروں کو مسجد بنانا ناجائز ہے تو مشرکیں کی قبروں کتہ بہ درجۂ أولی۔

-انسؓ نے سوچا کہ تمر کہہ رہے ہیں پھر جب سمجھے تو قتقدّم۔

-اصل جائز ہے لیکم بعض لواحق کی وجہ سے (خارج سے عارض) ناجائز ہو جاتی ہے (نھی عن الأفعال الشرعیۃ)۔

-ام حبیبۃ کا نام: رَملَۃ اور ام سلیم: ہندؓ۔

-تصویروں سے دل کی تسلی ہوتی تھی پھر کچھ مدت بعد اسکی پرستش کرنے لگے اسی لئے ہر انبیاء کے زمانے میں تصویر کو منع کیا گیا۔ یہی وجہ ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ شرار الخلق نے بنایا نہ کہ خیار الخلق۔

-شام کی کھدائی میں بنو إسرائیل کے انبیاء کے اجساد ملنا چاہئے!؟

جواب: انبیاء کو اللہ تعالی نے بچایا لوگوں کی نظروں سے۔ یعنی تبتلعھم الأرض: زمین ان کو نگل لیتی ہے۔ جیسے بلیع الأرض: عاصم بن عبد اللہؓ۔

- مدینہ منورۃ یوم الإثنین آئے اور عوالی میں ارترے قباء مقام پر، 24 دن رہے ص555 اور ص560 پر 14 دن رہے اور تاریخ کی کتابوں میں ہے کہ 4 دن رہے۔ اور جمعہ نہیں پڑھا تو معلوم ہوا کہ دیہات میں جمعہ نہیں ہے۔
- راستے میں بنو سالم کی مسجد میں (یعنی مسجد جمعہ) جمعہ کی نماز پڑھائی تو اگر 24 دن کا حساب لگائے تو بدھ یا جمعرات کو نکلے تھے تو یہ حساب نہیں بنتا! ہاں، اگر یوم الدخول اور یوم الخروج (پیر اور جمعہ) کو شمار نہ کرے تب 24 دن بن سکتا ہے۔
- اشکال:14 والی روایت بہ ظاہر نہیں بنتا ورنہ حساب یوں ہو گا کہ اتوار کے دن آئے قباء میں حالانکہ جمعہ کا دن تھا!؟

جواب: یوم الدخول اور یوم الخروج کو شمار کرے تو آپ ﷺ پیر کی رات کو پہنچے یعنی اتوار کے شام کو قباء میں تو سنیچر کی رات کو پہنچے مدینہ منورہ میں کہ جمعہ پڑھانے کے بعد تبلیغ، ملاقات، دعوت وغیرہ کے کام میں لگے تو پہنچتے پہنچتے سنیچر کا دن تھا۔

- 3 تاریخی روایت: 4 دن (پیر سے جمعرات 4 دن) اور جمعہ کو نکلے تھے۔
- جن لوگوں نے 14 دن کہا تو مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ تک 10 دن لگے تو 10 اور 4 کا حساب 14 بنتا ہے۔
- حضرت شاہ صاحبؒ: جمعہ کو گئے اور جمعہ پڑھایا اور واپس آئے اور 14 دن قیام کیا پھر نکلے مدینہ منورہ کے لئے۔
- اگرچہ ابو بکرؓ کی اونٹنی تھی لیکن انکو اپنے پیچھے لگایا آپ ﷺ نے تاکہ خلافت کی طرف اشارہ ہو اور قرب کی وجہ سے۔
- أبو أیوبؓ کا نام: خالد بن زید بن کلب، تو حضور ﷺ ان کے گھر پر ٹھہیر گئے۔ تاریخ میں لکھا ہے کہ اصل تبع حمیری نے مکان بنایا تھا بہت پہلے کچھ آثار دیکھ کر اور پھر یہی گھر أبو أیوبؓ کو ملا۔
- حضور ﷺ نے سب سے پہلے مکان کی فکر نہیں کی بلکہ مسجد کی فکر کی۔
- حائط: وہ باغ جس کے ارد گرد میں دیوار ہو۔

- ملأ:تعاون: 1)یتعاونون فیما بینھم

2)لأن بیوتھم مملوء بالأمتعۃ

3)یملأ قلوب الناس بالرعب

- سہل اور صھیب 2 یتیم کی میراث میں یہ زمین تھی اسی آپ ﷺ نے مفت میں نہیں لیا۔

- مسلمانوں کے قبروں کو دوسری جگہ منتقل کرسکتے یا اگر ذاتی ملکیت ہو تو تعمیر کرسکتے فصل کے ساتھ۔

- ثمر والے درخت کاٹ سکتے ضرورت کی وجہ سے۔

- رجز: چھوٹے اشعار جیسے مُسْتَفْعِلٌ مستفعل مستفعل مستفعل (یا مفاعل)

لقد قعدنا.....یعمل لذاک منا العمل المضلل.....

لایستوی من یعمر المساجد ید فأفیھا قاعدًا و قائمًا.....

ھذا الحمال لا حمال خیبرا ھذا ابر ربنا وأطھر

اللھم لا خیر إلا خیر الآخرۃ فاغفر الأنصار والمھاجرۃ (یعنی جماعۃ المھاجرۃ)

- 1)چند اشعار بنانے سے شاعر نہیں بنتا؛ 2)انشاء الشعر نہیں ہے بلکہ انشادٌ؛ 3)والمھاجرۃَ اور پہلے الآخرۃِ میں وزن نہیں بنتا۔

- قرآن میں وزن فاعل کی مثال: لن تنالوا البر حتی تنفقوا۔

بَابُ الصَّلاَةِ فِي مَرَابِضِ الغَنَمِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1)جوازًا و استحبابًا مقام تواضع پر نماز پڑھو اور مستی کی جگہ پر نہ پڑھو اسی لئے مواضع ابل میں نہ پڑھو (یعنی بہتر نہیں چونکہ زیادہ پیشاب؛ غصہ و سرکشی اور تکبر عام طور پر غالب ہے اونٹ میں)۔

- مربَض: لٹانے بٹھانے کی جگہ؛ گائے کی جگہ میں اختلاف ہے۔

- 2)حنابلہ کی تردید ہے: مرابض الغنم میں نماز پڑھنا جائز نہیں۔

- غنم: غنیمت سے رکھنا آسان ہے کہ چرتی رہتی ہے تو خدمت آسان (مال غنیمت میں اصل ثواب ہے)۔

- قبور المشرکین کی جگہ پر نماز نہیں پڑھنا چاہئے اور چونکہ اسکا حکم مرابض کے حکم سے زیادہ سخت ہے اسلئے پہلے ذکر کیا۔

بَابُ الصَّلاَةِ فِي مَوَاضِعِ الإِبِلِ

- معاطن: وہ جگہ جہاں پانی پینے کے لئے لے جاتے۔

- احادیث میں مختلف الفاظ آئے ہیں: معاطن؛ مبارک؛ مرابض۔ تو مصنفؒ نے مواضع کا لفظ استعمال کیا بطور شمولیت۔

- لا تصلوا فی معاطن الإبل والبقر ضعیف روایت ہے۔

بَابُ مَنْ صَلَّى وَقُدَّامَهُ تَنُّورٌ أَوْ نَارٌ، أَوْ شَيْءٌ مِمَّا يُعْبَدُ، فَأَرَادَ بِهِ اللَّهَ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: احناف و حنابلہ کی تردید ہے: صلوۃ إلی النار یا إلی ما یُعبد مکروہ ہے۔

- مصنفؒ کے نزدیک یہ نماز سے ہٹانے والی چیز نہیں ہے جیسے تصویر وغیرہ۔

- تو اس حدیث کا کیا جواب ہے، ہمارا؟

1) یہ آگ غیر اختیاری تھی اور ہمارا کلام اختیاری آگ میں ہے۔

2) ہمارا کلام نار الدنیا میں ہے اور یہ نار الآخرۃ تھی۔

3) ہمارا کلام نار قریب میں ہے اور یہ نار بعید تھی۔

4) ہمارا کلام اس نار میں ہے جو قُدامًا ہو، تو ممکن ہے کہ یہ نار یمینًا یا شمالًا میں تھی۔

5) ممکن کہ یہ آگ چھپی ہوئی تھی اور رَآھَا بِعَیْنِ الکَشْفِ۔

بَابُ كَرَاهِيَةِ الصَّلاَةِ فِي المَقَابِرِ(ص62)

- دؒ: حرام ہے مقبرۃ میں نماز؛ حؒ: مکروہ ہے؛ فؒ: اگر قبور منبوش ہو تو جائز ورنہ مکروہ ہے۔ کؒ: لا بأس بہ۔
- سنت نفل گھر میں پڑھو تا کہ گھر زندہ رہے۔
- ولاتتخذوھا قبورًا کا مطلب: 1) جیسے قبر میں نماز نہیں تو گھر میں بھی نماز نہیں پڑھتے (تو ایسا نہ کرو)۔

2) موتی کو دفن نہ کرو گھروں میں۔

3) گھروں کو قبر کی طرح نہ بناؤ مہمانوں کے لئے۔

4) مقبرۃ میں گھر نہ بناؤ: ورنہ عبرت فوت ہو گی چونکہ مانوس ہونگے اور عادت پڑ جائے گی۔

- دوسری روایت: «الْأَرْضُ كُلُّهَا مَسْجِدٌ إِلَّا الْحَمَّامَ وَالْمَقْبَرَةَ»[37] (رواہ ابو داؤد عن أبی سعید الخدریؓ)

بَابُ الصَّلاَةِ فِي مَوَاضِعِ الخَسْفِ وَالعَذَابِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) محل زحمت وعذاب کو محل رحمت نہ بناؤ تو خسف اور عذاب کی جگہ پر نماز نہ پڑھو۔

2) خسف وعذاب کا محل، محل فرار ہے تو اسکو محل قرار نہ بناؤ۔

3) آپ ﷺ نے ان مقامات کو محل بُکاء فرمایا تو نماز میں رونا، ہر ایک کو نہیں آئے گا۔

- وَيُذْكَرُ أَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: «كَرِهَ الصَّلاَةَ بِخَسْفِ بَابِلَ» علیؓ نے نماز پڑھنا مکروہ سمجھا بخسف بابل: نہانی النبی ﷺ اَن اُصلی بخسف بابل[38]۔

- نمرود نے کہا تھا کہ میں آسمان میں دیکھنا چاہتا ہوں تو 40000 گز لمبا منار بنایا پھر جب ختم ہوا تو میلا لگایا.....وہ منار گر گیا اور سب ہلاک ہوئے- سب مجرم تھے اس اعتبار سے کہ انہوں نے نمرود کو نہیں روکا نہ ہی اختلاف کیا بلکہ سوچا کہ اچھا کام کیا (گویا وہ مؤیدین میں سے تھے)۔

- اگر وہ مؤیدین نہ ہوتے تو اس آیت پر عمل کرتے وَاتَّقُوا فِتْنَةً لا تُصِيبَنَّ الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْكُمْ خَاصَّةً وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ.

- یا بعض کی ہلاکت تعذیبًا ہوئی اور بعض کی ہلاکت اَجلًا جیسے کہ حدیث میں ہے کہ پھر ہر ایک اپنی اپنی نیت پر اٹھائے جائیں گے[39]۔

---

[37] أبو داؤد(132/1/ نمبر 492)

[38] السنن الكبرى للبيهقي(632/2): 4364 - أنبأ أَبُو عَلِيٍّ الرُّوذْبَارِيُّ، أنبأ أَبُو بَكْرِ بْنُ دَاسَةَ، ثنا أَبُو دَاوُدَ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ، أنبأ ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ، وَيَحْيَى بْنُ أَزْهَرَ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ سَعْدٍ الْمُرَادِيِّ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ الْغِفَارِيِّ، أَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللهُ عَنْهُ مَرَّ بِبَابِلَ وَهُوَ يَسِيرُ، فَحَانَتْ الْمُؤَذِّنُ يُؤْذِنُهُ بِصَلَاةِ الْعَصْرِ، فَلَمَّا بَرَزَ مِنْهَا أَمَرَ الْمُؤَذِّنَ فَأَقَامَ الصَّلَاةَ، فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ: " إِنَّ حَبِيبِي صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانِي أَنْ أُصَلِّيَ فِي الْمَقْبَرَةِ، وَنَهَانِي أَنْ أُصَلِّيَ فِي أَرْضِ بَابِلَ فَإِنَّهَا مَلْعُونَةٌ "

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) یہ تعمیم بعد التخصیص ہے: ما قبل مقابر الکفار سے منع کیا گیا اور اب مقبرۃ کے علاوہ مقام خسف و عذاب سے۔
2) ما قبل میں مقابر کا ذکر ہے اور یہاں موضع العذاب والخسف کا ذکر ہے (عموم خصوص من وجہ)

- احناف کا مذہب: طحاوی نے مراقی الفلاح میں لکھا: جہاں اللہ کا عذاب ہوا تو وہاں نماز مکروہ ہے جیسے أرض ثمود پر، جب آپ ﷺ مدائن صالح سے گزرے تو فرمایا: پانی مت لو اور آٹا نہ گوندو تو جنہوں نے گوندلیا تھا تو جانوروں کو کھلانے کا حکم دیا۔
ایک آدمی قوم لوط کی جگہ سے پتھر اٹھالایا اور انگھوٹی بنایا تو آپ ﷺ نے انکی طرف نظر نہیں کی۔

- بحر میت قوم لوط کے عذاب کا مقام ہے: ہو سکتا ہے کہ نیا پانی.....

- اشکال: عذاب کی جگہ پر نماز نہیں پڑھنا چاہئے تو عراق میں نماز نہیں پڑھنا چاہئے اسلئے کہ قوم لوط پر عذاب آپڑی وہاں!؟
جواب: نماز پڑھنا جہاں اثرات باقی، وہ مکروہ ہے اور یہاں نوحؑ کے عذاب کا پانی ختم ہو گیا: وغیض الماء۔

- رونے کا مطلب یہ ہے کہ عبرت لے لے تو ایسی جگہوں پر آدمی عبرت حاصل کرنے کے لئے جائے، نہ کہ سیاحت کے لئے تو جائز ہے۔

بَابُ الصَّلاَةِ فِي البِيعَةِ

- بعض کے نزدیک بیعۃ وکنیسۃ دونوں نصاری کے لئے استعمال کرتے لیکن کبھی بیعۃ یہود کے معبد کے لئے بھی مستعمل ہے۔

- صومعۃ: پادری، تارک و قاطع من الدنیا۔

- دٌ: ناجائز؛ کٌ: جائز ہے بشرط عدم التصاویر؛ احناف بھی تقریباً یہی ہے، طحاوی نے مراقی الفلاح میں نماز مکروہ کہا لِمافیھا من التماثیل اور اگر نہ ہو تو ممکن ہے۔

- صنم: جو انسان کی شکل پر ہو عام طرز پر؛ اور وثن: جو پتھر سے بنا اور بھاری ہو؛ تمثال: کسی کے مشابہ بنائے؛

- پھر تمثال کا استعمال کبھی تصویر کے لئے بولا جاتا ہے؛ اور تصویر: جو قائم بالغیر ہو (دیوار پر مثلاً) اور کبھی قائم بذاتہ بھی ہے (فی أی صورۃ ماشاء رکبک)۔

- ماریۃ: عربی ہو تو گوری، چمکدار یا پتھر کہتے ہیں؛ یا ممکن کہ مریم کا بگڑا ہوا ہو۔

- کنیسۃ: قد یُنسب إلی النصاری و قد یُنسب إلی الیہود۔

بَاب (ص62)

- 1) ہذا باب فی الباب؛ 2) مسائل شتی؛ 3) کراھۃ الصلوۃ فی معابد اھل الکتاب (یہ گزر چکا)۔

- مفتی صاحب کا خیال: باب کراھیۃ الصلوۃ إلی سید أھل القبور۔

- تجوز اللعنۃ علی الکفار و علی صفۃ قبیحۃ (کلعنۃ اللہ علی الکافرین) و علی شخص معین إذا تیقن موتہ علی الکفر (کأبی لھب وأبی جھل)۔

- ولا تجوز اللعنۃ علی المسلم و من لم یعلم موتہ علی الکفر۔

- إشکال:.....

---

[39] 2 – وعن أمِّ المؤمنينَ أمِّ عبدِ اللهِ عائشةَ رضي الله عنها، قالت: قالَ رسول الله – صلى الله عليه وسلم: «يغْزُو جَيْشٌ الْكَعْبَةَ فإذَا كَانُوا بِبَيْدَاءَ مِنَ الأَرضِ يُخْسَفُ بِأَوَّلِهِمْ وآخِرِهِمْ». قَالَتْ: قلتُ: يَا [ص:10] رَسُولَ اللهِ، كَيْفَ يُخْسَفُ بأَوَّلِهِمْ وَآخِرِهِمْ وَفِيهِمْ أَسْوَاقُهُمْ (1) وَمَنْ لَيْسَ مِنْهُمْ؟! قَالَ: «يُخْسَفُ بِأَوَّلِهِمْ وَآخِرِهِمْ ثُمَّ يُبْعَثُونَ عَلَى نِيَاتِهِمْ». مُتَّفَقٌ عَلَيهِ. (2) هذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

جواب:1)یہود ونصاری ملکر سب کے لئے انبیاء.....

2)یاانکا نبی ایک لیکن سب انبیاء کو مانتے تھے۔

3)عیسائی کے ایک ہی نبی عیسیٰؑ لیکن وہ بہ منزلہ اہل.....

4)عیسیٰؑ کے بعد انکے رسول کا ذکر (خلیفہ)۔

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " جُعِلَتْ لِي الأَرْضُ مَسْجِدًا وَطَهُورًا

- ترجمۃ الباب کا مقصد: ماقبل کا خلاصہ اور بیان قاعدہ کلیہ ہے اور بعض مستثنیات لأجل العوارض۔

ماقبل صلوۃ مکروہ کا بیان اور یہاں صلوۃ جائز ہے لیکن مت پڑھو کراہت کی وجہ سے۔

بَابُ نَوْمِ المَرْأَةِ فِي المَسْجِدِ

- سوال: نوم المرأۃ کو پہلے کیوں ذکر کیا؟

جواب: دلالۃ النص کی طرف اشارہ ہے کہ عورت باوجود حیض ونفاس اور احتمال فتنہ، پھر بھی جائز ہے تو مرد کے لئے بہ درجۂ أولی جائز ہو گا۔

اور مسکوت عنہ کا حکم منطوق سے دلالۃ النص میں أولی ہے۔

- کؒ: جائز نہیں؛ ائمہ ثلاثہ: مکروہ (خلاف أولی) فتنہ کے خوف سے۔
- سرخ دھاگے سے اور سفید پتھر و موتیاں تھی تو جیل نے سمجھا کہ گوشت ہے جس پر چربی ہے۔
- معلوم ہوا کہ مظلوم کی دعاء مقبول ہے اگرچہ کافر ہے۔
- إذا اشتدت بک البلوی ففکر فی ألم نشرح فعسرٌ بین یسرین إذا فکرتہ فافرح
- بلد المحنۃ سے بلد العافیۃ میں جانا چاہئے۔
- خیمہ مسجد میں لگایا لیکن اصل یہ ہے کہ مسجد کی صحن تھی۔ حفشٌ: جھونپڑی۔

بَابُ نَوْمِ الرِّجَالِ فِي المَسْجِدِ

- احناف: معتکف یا مسافر جسکے پاس کوئی جگہ نہیں تو اعتکاف ان کے لئے جائز ہے۔
- (مسند جابر) أتانا رسول الله صلى الله عليه وسلم ونحن مضطجعون في مسجده فضربنا بعسيب كان في يده وقال: "قوموا لا ترقدوا في المسجد". (کنز العمال)[40] تو اس روایت کو مرجوح قرار دیا ہے
- مصنفؒ نے نوم الرجال کو صحیح قرار دیا اگرچہ احتلام کا قوی امکان ہے۔
- اصحاب صفہ مسجد میں رہتے تھے، ابن عمرؓ مسجد میں رہتے تھے۔
- أین ابن عمک؟ اشکال: این ابن عم أبیک ہونا چاہئے!؟

جواب:1) راوی نے اختصار کیا۔

[40] کنز العمال(325/8 نمبر 23126): (عب وفيه: حرام بن عثمان الأنصاري متروك باتفاق).

2) عرف میں والد کا ابن العم اور اپنا ابن العم ایک ہی حکم میں ہے اور شرعًا بھی ایک ہی حکم ہے۔

3) آپ ﷺ کو جھگڑا کے بارے میں معلوم ہو چکا تھا تو استرحام کے طور پر ابن عمک کہا۔

-این؟ کہا تو پتہ چلا کہ آپ ﷺ عالم الغیب نہیں۔

شیعہ کہتے کہ ابو بکرؓ نے فاطمہؓ کو غصہ دلایا اور کہا کہ فاطمۃ بضعۃ منی اور من آذاھا فقد آذانی، تو یہاں علیؓ اور فاطمہؓ کا واقعہ ہے، تو اصل یہ ہے کہ یہ شیعہ کا غلط عقیدہ ہے جسکا کوئی اصل نہیں ہے۔

- قم یا اباتراب فرمایا، تو پتہ چلا کہ بہتر نہیں مسجد میں سونا (یعنی خلاف اَولی ہے)۔
- کنیت کا حکم: جائز ہے جب غصّہ کا سبب نہ ہو؛ باپ بیٹے کے گھر جاسکتے بغیر اجازت۔
- اصحاب صفہ: تقریبًا 200 یا 400 یا کم از کم 70 یا کثرت پر دال اور یہ ان 70 کے علاوہ جو بیر معونۃ پر شہید ہوئے تھے۔
- یہ واقعہ ابو ھریرۃؓ کے اسلام لانے سے پہلے ہے۔
- معلوم ہوا ان روایات سے کہ مسجد میں سونا جائز ہے معتکف یا مسافر یا متعلمین کے لئے۔

بَابُ الصَّلاَةِ إِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: صلوۃ القدوم من السفر یا تحیۃ المسجد: إذا قدمت من السفر فابدأ بالرکعتین۔
- تو یہ بھی آداب مسجد میں سے ہے۔

بَابُ إِذَا دَخَلَ أَحَدُكُمُ المَسْجِدَ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ أَنْ يَجْلِسَ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: تحیۃ المسجد کا بیان ہے؛ ظاہریہ: امر وجوب کے لئے؛ ائمہ: سنت مؤکدیا استحباب کے لئے، اسی طرح احناف کا قول ہے۔
- اکثر فقھاء کی عبارات استحباب پر دال ہے اور شامی نے سنت کہا؛
- فمنہم من یصلون و منہم من لا یصلون
- جمعہ کی نماز میں ایک صحابی جو تخطی رقاب الناس فقال لہ رسول اللہ ﷺ : اجلس۔
- کب پڑھنا چاہئے؟

فؒ: یہ صلوۃ ذات السبب ہے: ہر وقت پڑھ سکتے (اوقات مکروھۃ تب بھی)

کؒ: جلوس کے ارادے کے وقت ہو تو پڑھ سکتے اور اگر صرف مرور ہو تو نہیں

دؒ: عند خطبۃ الصلوۃ

حؒ: عند الأوقات المکروھۃ و عند خطبۃ الصلوۃ نہیں پڑھ سکتے۔

- یکفی مرۃ واحدۃ فی یوم واحد؛ محدث کا گزر ہو تو سبحان اللہ والحمد للہ ولا إلہ إلا اللہ پڑھے۔
- إذا جلس ثم قام وصلی: حؒ: لا تفوت التحیۃ؛ حؒ اور کؒ: عمدًا بیٹھا یا سہوا کوئی حرج نہیں۔ فؒ: عمدًا بیٹھا تو باطل؛ دؒ: عمدًا بیٹھا لیکن فی الفور کھڑا ہوا تو باطل نہیں ہو گا (انکے مذہب میں اقوال میں اضطراب ہیں)۔

متأخرین: فؒ اور رحؒ: بیٹھ گیا اور فی الفور کھڑا ہوا تو لا تفوتہ اگرچہ قصداً ہو۔

مصنفؒ نے قبل اَن یجلس کی قید لگا کر بتلایا کہ اگر بیٹھ گیا تو باطل ہو گا۔

ابو ذرؓ بیٹھ گئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: قم فارکع رکعتین (اس سے استدلال کرتے جو کہتے کہ بیٹھنے سے باطل نہ ہو گا)

بَابُ الحَدَثِ فِي المَسْجِدِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) خلاف اَولی لیکن جائز ہے۔

2) الحدث فی المسجد یعنی مُحدِث فرشتوں کی دعا سے محروم

3) تردید ان لوگوں کی جو کہتے ہیں کہ نہیں جاسکتے مسجد

-مالم یُحدث: 1) سوءً؛ 2) مالم یؤذی اَحدًا (کمافی مسلم)؛ 3) جبتک حدث لاحق نہ ہو۔

-اشکال: آیت کریمہ سے معلوم ہوتا ہے کہ فرشتے رحمت اور استغفار مانگتے ہیں تمام مسلمانوں کے لئے:

الذین یحملون العرش..... / ویستغفرون للذین آمنوا، ربنا وسعت کل شیء رحمۃ.....

اور یہاں فرشتے ان کے لئے دعاء مانگتے جو محدِث نہیں!؟

جواب: 1) عرش والے فرشتے تمام مسلمان کے لئے دعاء کرتے اور مسجد والے فرشتے مغفرت مع الرحمۃ کی دعاء کرتے۔

2) جب فرشتوں نے (عرش والے) دعاء مانگی تمام مسلمانوں کے لئے تو مسجد میں جو بیٹھے انکے لئے رفع درجات ہو گی۔

المغفرۃ اِذا تصادف محلاًّ مغفورًا لہ فترفع الدرجات۔

3) عرش والے (general) جینرل دعاء کرتے اور مسجد کے فرشتے (special) خاص دعاء کرتے۔

-مغفرت: 1) گناہوں کا بخشنا اور پردہ ڈالنا۔

2) اللہ نے معاف کیا یعنی خصوصی رحمت میں چھپایا

-فرشتوں کی دعاء مقبول (ولایشفعون اِلا لمن ارتضی) اور انبیاء کی دعا بھی قبول، تو جب تمام مسلمانوں کے لئے دعا قبول ہے تو پھر عذاب کی احادیث کا کیا بنے گا؟ ص 185 کی لمبی حدیث میں، سب مسلمان ہیں!

جواب: 1) مغفرت کی 3 قسمیں: 1) رفع الدرجات؛ 2) تخفیف العذاب؛ 3) تقلیل العذاب؛

1) فرشتوں کی دعا اور انبیا کی دعا کے نتیجے میں بعض سے رفع العذاب اور بعض سے تخفیف العذاب (مثلا بچھو کے بجائے سانپ) اور بعض سے تقلیل العذاب ہو گا (مثلا 150 سال کے بجائے 100 سال)۔

-جالس فی المسجد اِذا اَخرج الریح: 1) بعض کے نزدیک نہیں کرنا چاہئے اسلئے کہ بدبو ہو گی مسجد میں اور 2) بعض کے نزدیک: لا بأس بہ۔

بَابُ بُنْيَانِ المَسْجِدِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) مسجد بنانے کی اہمیت؛ 2) اِحکام المسجد ولکن اجتناب من التزخرف والتزین؛

3) بناء مسجد النبوی اور آنے والے باب میں باب زیادۃ بناء المسجد (عمرؓ کے زمانے 2 صف بڑھایا)

-جرید: شاخ بغیر پتے کے؛ سَعَف: پتوں کے ساتھ شاخ۔

-لایعمر ونہار وحانیاً؛ عثمانؓ نے خوبصورتی پیدا کی مسجد میں تو ان پر اعتراض کیا (جانب قبلہ نہیں پڑھایا)

1)ریاکاری 2)اسراف؛ 3)زینۃ الدنیا سے محبت؛ 4)شیخین کے طریقہ کار سے اعراض؛ 5)التفات عن الصلوۃ؛

توجواب: "من بنی بیتاللہ بنی اللہ لہ بیتا فی الجنۃ"

اور دوسری وجہ: اونچی عمارت کی وجہ سے مسجد کی توہین واہانت نہ ہو جائے

تیسری وجہ: لمبی مدت تک رہ جائے۔

- ولید بن عبد الملک بن مروان کی مسجد اب تک کھڑی ہے 1300 سال بعد۔

بَابُ التَّعَاوُنِ فِي بِنَاءِ المَسْجِدِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1)مسجد کے بنانے میں تعاون واشتراک کرنا چاہئے خاص طور پر فضیلت کی چیزوں میں آدمی کو حصہ لینا چاہئے

2) أولیۃ التعاون فی بناء المسجد۔

3)ینبغی أولا التعاون فی بنائہ للمصلین فیہ کلہم لأن بنائہ حق مشترک علیہم أجمعین لا علی المتولی فقط والثانی رفع مایتوہم من قصۃ بنائہ..... اور حدیث میں: "لا نطلب ثمنہ إلا إلی اللہ" تو ثواب اللہ دے گا اور لوگ شرکت کریں۔

- آیت: ماکان للمشرکین.....: بعض لوگ کہتے کہ یہ آیت مناسب نہیں اس باب کے لئے چنانچہ علامہ عینی کہتے کہ بہتر یہ تھا کہ اس سے اگلی آیت کا ذکر کرتے یعنی إنما یعمر مساجد اللہ من..... کیونکہ ظاہر کہ مسجد کے لئے تعاون مشرکین نہیں کریں گے بلکہ مسلمان ہی کریں گے۔

- آیت: ماکان للمشرکین کا مطلب: 1) آیت مناسب نہیں

2) بعض یہ مطلب بیان کرتے کہ متولی نہیں بن سکتے

3) یا باطنی تعمیر نہیں کر سکتے۔

باقی نفس تعمیر میں اگر حصہ لے تو کوئی حرج نہیں اگر وہ اسکو کار خیر سمجھتا ہو (خانہ کعبہ کی تعمیر جدید مشرکین نے کی اور آپ ﷺ نے شرکت فرمائی)۔

اور کافر کیوں مسجد بنائے جبکہ وہ نماز نہیں پڑھتے: "وماکان صلوتہم عند البیت إلا مکاء وتصدیۃ"

- ابن حجرؒ: اسمیں 2 احتمال ہیں: 1) نفس عمارت کی تعمیر

2) مساجد مطلق: وہ جگہیں جہاں نماز پڑھی جاتی اور عمارت سے مراد ذکر اللہ، نماز اور عبادت سے آباد کرنا تو امام بخاریؒ نے پہلے احتمال کو ترجیح دینے کے لئے یہ آیت ذکر کی (لیکن یہ توجیہ دور از کار ہے)۔

- بعض حضرات: مفہوم مخالف مراد ہے کہ مساجد کی تعمیر تو مؤمنین کا کام ہے اور اسمیں تعاون کرنا باعث اجر وثواب ہے۔

- اور یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ الآیۃ ذکر کرکے دوسرا حصہ مقصود جس سے ترجمۃ الباب کے ساتھ مطابقت ہو گی۔

- دوسری روایت میں فاسمعا من حدیثہ فی الخوارج؛ حدیث سنانے کے لئے زینت کا اہتمام کرنا چاہئے۔

- عمارؓ: (الذی عذب فی اللہ أشد تعذیباً) اور 2، 2 اینٹ اٹھاتے تھے، ایک اپنے لئے اور ایک آپ ﷺ کے لئے۔

تو الفئۃ الباغیۃ سے کیا مراد ہے؟ الباغیۃ سے مراد جو اما حق سے بغاوت کرے تو تقتلہ الفئۃ الباغیۃ سے بعض لوگ یہ مراد لیتے کہ حضرت معاویہؓ کے گروہ مراد ہے لیکن یہ سراسر غلط ہے اور غلطی انکو ہوئی حضرت معاویہؓ کے قول کو سمجھنے میں اسلئے کہ معاویہؓ نے کہا: قتلوہ الذین جاءوابہ اور انکی مراد یہ تھی کہ قتلوہ الجماعۃ المعروفۃ بالبغاوۃ یعنی جنہوں نے عثمانؓ کو شہید کیا تھا اور مل گئے علیؓ کے فوج میں۔

- آپ ﷺ نے عثمانؓ سے فرمایا تھا: «يَا عُثْمَانُ، إِنْ وَلَّاكَ اللَّهُ هَذَا الْأَمْرَ يَوْمًا، فَأَرَادَكَ الْمُنَافِقُونَ أَنْ تَخْلَعَ قَمِيصَكَ الَّذِي قَمَّصَكَ اللَّهُ، فَلَا تَخْلَعْهُ»[41]
- ابو عاصم نے کتاب السنۃ میں نقل کیا: کہ آپ ﷺ نے یہ مراد لیا جو خارجی قتل کیا گیا (ذو الثدیۃ)
- علیؓ کے مقابلے میں آپ ﷺ نے بتایا کہ وہ فتنہ باغیۃ مین قتل ہو گا (یُقتل فی الفئۃ الباغیۃ)۔
- معاویہؓ کا مطلب یہ نہیں تھا کہ جو لائے وہی انکے قتل کا سبب بنے ہیں بلکہ ان کا مطلب یہ تھا کہ جو لائے انکو انہی کے لوگ میں سے یعنی خوارج قتل کرے گا؛ ذلک فعل الأشقیاء الأشرار (کنز العمال) اور ایک روایت میں: لاتقتلک أصحابی۔
- ابو سعید خدریؓ، ابن عمرؓ ابو ایوب انصاریؓ، سب نے اجتناب کیا اس قتل قتال سے حالانکہ.....
- فقاتلوا التی تبغی حتی تفیء.....اور جریر بن عبد اللہؓ (جو جلیل القدر صحابی تھے معاویہؓ کے ساتھ تھے تو پھر انکو علیؓ کے گروہ میں ہونا چاہئے تھا)۔
- معاویہؓ کے لئے آپ ﷺ نے دعا فرمایا (اللھم اجعلہ ھادیًا مھدیًا واھد بہ)؛ لاتمسہ نار من رآنی أو أری من رآنی۔
- باغی: جسنے بیعت کی اور عہد شکنی کی۔ تو معاویہؓ نے تو بیعت کی ہی نہیں، انکا موقف یہ تھا کہ پہلے قاتلین عثمانؓ سے قصاص لیا جائے۔
- تو الفئۃ الباغیۃ سے مراد باغی منافقین اور انکے ساتھ کچھ مسلمان بھی مل گئے غلط فہمی کی وجہ سے جیسے عمرو بن الجموح، عمار بن یاسر وغیرہ۔
- سوال: باغی لوگ اور عمارؓ ایک ہی فوج میں تھے تو قتل کنے کا کیا فائدہ؟!

جواب: تاکہ الزام معاویہؓ پر لگ جائے اسلئے کہ سب کو آپ ﷺ کی حدیث معلوم تھی۔

- یدعوہم إلی الجنۃ ویدعوہ إلی النار: عمارؓ انکو بلاتے رہے جنت کی طرف؛ اس عبارت کا کیا مطلب؟

جواب: 1) لولا عفو الاجتہاد تو عمارؓ داعی إلی الجنۃ اور مخالفین داعی إلی النار ہوتے (لایصح)

2) علامہ کشمیریؒ: اسکا تعلق الفئۃ الباغیۃ سے نہیں بلکہ مشرکین سے: ابتداء اسلام میں عمارؓ کو بہت اذیت پہنچائی تھی تو گویا آپ ﷺ نے عمارؓ کو دیکھ کر 2 جملہ فرمائے: ایک کا وقوع آئندہ سے متعلق کہ الفئۃ الباغیۃ ان کو قتل کرے گا اور دوسرا جملہ کا تعلق ماضی سے ہے کہ صرف کلمہ پڑھنے کی وجہ سے مشرکین نے أنکو أذیت دی۔ (فیض الباری)

3) علامہ کرمانیؒ: اس جملہ کا تعلق خوارج سے ہے یعنی علیؓ نے عمارؓ کو بھیجا تھا خوارج کو سمجھانے کے لئے اور اسکے نتیجے میں یہ آیا کہ وہ انکو برابر جنت کی طرف بلاتے رہے اور اور خوارج انکو جھنم کی دعوت دے رہے (لایصح اسلئے کہ خوارج صفین کے بعد ظاہر ہوئے جب تحکیم کا مسئلہ آیا)۔

4) یہ فقرہ اس حدیث میں موجود ہی نہیں بلکہ ناسخ کی غلطی ہے۔

---

[41] ابن ماجہ (41/1): 112 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَرَجُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيدَ الدِّمَشْقِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «يَا عُثْمَانُ، إِنْ وَلَّاكَ اللَّهُ هَذَا الْأَمْرَ يَوْمًا، فَأَرَادَكَ الْمُنَافِقُونَ أَنْ تَخْلَعَ قَمِيصَكَ الَّذِي قَمَّصَكَ اللَّهُ، فَلَا تَخْلَعْهُ» ، يَقُولُ: ذَلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، قَالَ النُّعْمَانُ: فَقُلْتُ لِعَائِشَةَ: مَا مَنَعَكِ أَنْ تُعْلِمِي النَّاسَ هَذَا؟ قَالَتْ: أُنْسِيتُهُ

5)جنت کنایہ ہے حق سے اور نار کنایہ ہے باطل سے کہ حق کا تقاضا یہ ہے کہ جنت تک لے جائے اور باطل کا تقاضا یہ ہے کہ نار تاک لے جائے(لیکن یہ بات ممکن ہو گی جب کوئی مانع نہ ہو اور یہاں مانع یہ ہے کہ ہر گروہ نے اجتہاد کیا)۔

-مفتی صاحب کے نزدیک اصل جواب:

نار کو "حرب" کہتے جیسے کلما أوقدوا نارًا للحرب اور جنت سے مراد تابعداری و صلح ہے، تو عمارؓ جب مصر گئے باجب علیؓ کے فوج میں تھے تو ان غلط قسم کے لوگوں کو دعوت دیتے رہے صلح اور تابعداری کی اور مخالفین عثمانؓ نار یعنی حرب کی تلقین دیتے رہے جسکے سبب سے لڑائی ہوئی اور چونکہ عمارؓ انکے ساتھ ہو گئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: "ویح": افسوس ہے عمارؓ پر۔

- اصل تشریح البدایۃ والنہایۃ میں ہے(7/287 دار الافتاء کے نسخے میں نشان لگایا مفتی صاحب نے)
- ابو دجندل کے بارے میں، بخاری ثانی: مِسْعَرُ حربٍ
- علیؓ سے پوچھا گیا: ما حملہم علی قتل عثمانؓ؟ تو جواب دیا حسد نے (ابن سبا وغیرہ) چونکہ انکا مطالبہ تھا کہ عثمانؓ خلافت سے برخواست ہو جائے اور امراء کے تقرر و عزل کے معاملہ کا اختیار انکو دے دے۔

بَابُ الِاسْتِعَانَةِ بِالنَّجَّارِ وَالصُّنَّاعِ فِي أَعْوَادِ المِنْبَرِ وَالمَسْجِدِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: نجار کو مسجد میں لا سکتے تا کہ لکڑی کا کام کرے اور صناع کو بھی تا کہ اپنی صنعت کرے۔
- ایک روایت کی طرف اشارہ: جنبوا مساجد کم عما لکم
- مصنفؒ نے کہا: یعنی محل تجارت نہ بناؤ لیکن بنانے کے لئے لا سکتے۔
- ایک عورت نے کہا کہ منبر بنائے گی تو تاخیر ہونے کی وجہ سے آپ ﷺ نے بھیجا مطالبہ کرنے کے لئے یا یہ کہ صنعت بتانے لئے (یعنی کیا کیفیت ہونی چاہئے)
- أجلس علیھن: معلوم ہوا کہ اصل خطبہ بیٹھ کر ہے: نکاح کا خطبہ (جب تک قیام ثابت نہ ہو (جیسے عید کے خطبہ کے لئے)۔
- تو اشکال نہ ہو کہ بعض روایت مین عورت نے کہا تھا اور یہاں آپ ﷺ نے مطالبہ کے لئے بھیجا (بَعَثَ)۔

بَابُ مَنْ بَنَى مَسْجِدًا

- ترجمۃ الباب کا مقصد: فضیلۃ المسجد المستحکم المزیَّن۔

ما قبل مسجد نبوی کا ذکر تھا اور یہاں عام مسجد کا ذکر ہے۔

- 13ھ میں انہوں نے بنایا: اکثر تم الاعتراض
- یہاں: من بنی مسجدا: ابن ماجہ میں: ولوکَ مُحفص قطاۃ: کبوتر کے گھونسلے کی طرح: کنایۃ ہے صغیر ہونے میں یا زیادتی کے لئے۔
- سوال: مثلہ فی الجنۃ کا کیا مطلب ہے۔

جواب: 1)بنی اللہ مثلہ أی فی کونہ بناءً وإن کان اضعافًا مضاعفًا: مثال: آدمی بادشاہ کو تحفہ دے کھانے کی کوئی چیز اور بادشاہ بھی اسکو کھانے کی کوئی چیز بھیج دے تو دونوں میں آسمان وزمین کا فرق ہو گا اگرچہ دونوں نے کھانا دیا (ہر ایک اپنے حیثیت کے مطابق دے گا)

2) بنی اللہ مثلہ أی فی الجودۃ والاستحکام

3)بنی اللہ مثلہ أی فی کونہ أفضل (یہ اچھا جواب ہے)

4)بنی اللہ مثلہ أی لاینفی الزیادۃ

5)بنی اللہ مثلہ أی فضل ہے اور دوسری جگہ عدل آیا

6)ہذا قبل نزول الآیۃ: من جاء بالحسنۃ فلہ عشر أمثالہا

-جس نے زمین دی وقف کے طور پر اسکو بھی فی الجملۃ شمار کیا جائے گا اور جسنے مسجد میں مزدوری کی اخلاص کے ساتھ تو اسکو بھی اجر ملے گا اگرچہ مفت میں کام کرنے والے کے اجر کی طرح نہیں تو ہر ایک اپنے عمل کے حساب سے اجر ملے گا۔

بَابُ يَأْخُذُ بِنُصُولِ النَّبْلِ إِذَا مَرَّ فِي المَسْجِدِ(ص64)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: کسی کو اذیت نہیں پہنچانا چاہئے مسجد میں جاکر۔
- متنبی کا شعر ہے: رماني الدهر بالأرزاء حتى ... فؤادي في غشاء من نبال

فصرت إذا أصابتني سهام ... تكسرت النصال على النصال

بَابُ المُرُورِ فِي المَسْجِدِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: مرور جنبی کے لئے جائز ہے (یہ مقصد نہیں بنتا ترجمۃ الباب کا) یہ لازم نہیں کہ مرور خاص ہو (جنبی کے لئے)۔
- مسجد کو ممر بنانے کا حکم: احناف: مکروہ (ابن ماجہ: نزھوا المساجد ولا تتخذوھا طرقًا)؛ ائمہ ثلاث: جائز
- ایک روایت میں ہے: لا تتنبی المساجد أن تتخذ طرقًا
- ممکن کہ یہاں مرور سے مراد دخول ہو ورنہ استدلال تام نہیں۔

بَابُ الشِّعْرِ فِي المَسْجِدِ[42]

- ترجمۃ الباب کا مقصد: شعر حسن مسجد میں پڑھ سکتے
- نھی عن تناشد الأشعار فی المسجد اور عمرؓ منع کرتے تھے اور مسجد کے باہر ایک جگہ بنائی گئی تھی شعر وغیرہ پڑھنے کے لئے؛
- اشعار نہیں پڑھنا چاہئے جب
- مسجد میں اشعار نہیں محمول ہے بعض عوارض پر: 1)زمانۂ جاہلیت کے اشعار؛ 2)فخر ومفاخرۃ کے لئے ہو؛ 3)غلبۃً نہیں پڑھنا چاہئے 4)جبکہ شور وشغب کا اندیشہ ہو۔ 5)تشویش المصلین ہو۔ 6)مشاعرہ ہو (یعنی اشعار کا مقابلہ)

-تو اگر یہ کیفیات نہ ہو اور آپ ﷺ کی تعریف ہو تو پڑھ سکتے

-عمرؓ نے عبد اللہ بن رواحۃ کو روکا تھا تو آپ ﷺ نے چھوڑنے کا حکم دیا۔

-فإنہ احد علیہ من شدۃ النبل.....

-اللھم ایدہ بروح القدس، تو روح القدس کا کیا تعلق ہے شعر سے؟!

جواب: اشعار بطور القاء ہوتا ہے دل ودماغ پر تو وہ جبریلؑ کے مناسب ہے کہ وہ القاء کرے۔

بَابُ أَصْحَابِ الحِرَابِ فِي المَسْجِدِ(ص65)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: مسجد سے ملحق صحن کو استعمال کرنا جائز ہے جیسے کہ یہاں اصحاب حراب نے استعمال کیا۔
- مسجد کے ساتھ ہاسپٹال، ٹریننگ سنٹر وغیرہ بنا سکتے؛ ابن ماجہ میں روایت[43] ہے: وَلَا يُشْهَرُ فِيهِ سِلَاحٌ

[42] فتاوی دار العلوم زکریا(696/4)

- عبادت کی نیت ہو اور خطرہ نہ ہو وغیرہ تو پھر جائز ہے حراب کے ساتھ ٹریننگ۔
- مسجد کا مطلب ملحقات المسجد جسکو مجازًا و توسعًا مسجد کہا گیا۔
- عائشہؓ کا دیکھنا لَعب ہے نہ کہ مردوں کو دیکھنا۔ اصل ٹریننگ کو دیکھنا تھا۔
- عورتوں کے ساتھ کلام کرنے کے بارے میں اصول یہ ہے: triple خاء: 1) خوف فتنہ نہ ہو۔ 2) اختلاط نہ ہو۔ 3) خلوت نہ ہو۔
تو اگر یہ تین چیزیں نہ ہو تو گنجائش ہے۔
- جہاں تک نظر کا حکم ہے: 1) نظر إلیھا: خواہش کی تکمیل وہم کے درجے میں۔
2) نظر إلیہ: خواہش کی تکمیل ظن کے درجے میں ہے تو اسمیں زیادہ کراہت ہے۔

- ابتدؤھا بالسلام وجوابھا بالسلام: زیادہ سے زیادہ مکروہ لکھا (جبکہ زیادہ فتنہ کا خوف ہو) اور اسکے برعکس اس درجہ کی کراہت نہیں ہے۔
- فتنہ نہ ہو تو سلامہ وسلامھا کی گنجائش ہے جیسے کہ بخاری ثانی میں مقبلین من عرس سے سلام کیا یعنی پوری جماعت کو سلام کیا۔
- حبشی تیروں کے پھل کو نہیں پکڑ رہے تھے اسلئے کہ ہجوم نہیں تھا تو اندیشہ زخم نہ تھا۔

بَابُ ذِكْرِ البَيْعِ وَالشِّرَاءِ عَلَى المِنْبَرِ فِي المَسْجِدِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: البیع والشراء یُمنع فی المسجد ولا حرج فی ذکر البیع والشراء فیہ جیسے کہ ذکر المسئلۃ فی المسجد مطلوب لا ممنوع اور ذکر مسئلۃ البیع کذکر الفاظ البیع۔
- البیع بالکلام یغیر إحضار المبیع لا حرج فیہ أحیانًا۔
- ہم کہتے ہیں کہ ذکر بیع وشراء بھی نہ کرے اسلئے کہ کلام کبھی لمبا ہو جاتا ہے (الکلام یجرُّ)

بَابُ التَّقَاضِي [ص:99] وَالمُلاَزَمَةِ فِي المَسْجِدِ

- دین کے مطالبہ میں مدیون کا پیچھا کرنا
- ترجمۃ الباب کا مقصد: مسجد میں ملازمت اور فیصلہ اور صلح سب کر سکتے (دار الشوری والمصالحۃ)
- یہ سب مسجد کے ملحقات میں جائز ہے تو مسجد مسلمانوں کے لئے ایسا ہے جیسے دار العاصمۃ (capitale) یعنی مرکز۔
- اشکال: یہاں ملازمت کا ذکر نہیں ہے؟!

جواب: 1) ص 373 پر یہ حدیث مذکور ہے اور ملازمت صریح مذکور ہے (.....فلزمہ.....)
2) ارتفاع الأصوات بھی ملازمت کی ایک شکل ہے۔

- اشکال: جدیث[44] میں اسکی ممانعت ہے: جنبوا مساجدکم.....رفع الأصوات، تو یہاں کیسے؟!

جواب: 1) رفع الأصوات قصدًا مکروہ ہے اور تبعًا ہو جیسے مطالبۂ دین میں تو گنجائش ہے۔
2) یا رفع الصوت بے فائدہ ہو تو ناجائز ہے۔

---

[43] ابن ماجہ (247/1): 748 - يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ كَثِيرِ بْنِ دِينَارٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرَ قَالَ: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ جَبِيرَةَ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " خِصَالٌ لَا تَنْبَغِي فِي الْمَسْجِدِ: لَا يُتَّخَذُ طَرِيقًا، وَلَا يُشْهَرُ فِيهِ سِلَاحٌ، وَلَا يُنْبَضُ فِيهِ بِقَوْسٍ، وَلَا يُنْثَرُ فِيهِ نَبْلٌ، وَلَا يُمَرُّ فِيهِ بِلَحْمٍ نَيِّئٍ، وَلَا يُضْرَبُ فِيهِ حَدٌّ، وَلَا يُقْتَصُّ فِيهِ مِنْ أَحَدٍ، وَلَا يُتَّخَذُ سُوقًا "

[44] ابن ماجہ (247/1): 750 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُوسُفَ السُّلَمِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ نَبْهَانَ قَالَ: حَدَّثَنَا عُتْبَةُ بْنُ يَقْظَانَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: «جَنِّبُوا مَسَاجِدَكُمْ صِبْيَانَكُمْ، وَمَجَانِينَكُمْ، وَشِرَاءَكُمْ، وَبَيْعَكُمْ، وَخُصُومَاتِكُمْ، وَرَفْعَ أَصْوَاتِكُمْ، وَإِقَامَةَ حُدُودِكُمْ، وَسَلَّ سُيُوفِكُمْ، وَاتَّخِذُوا عَلَى أَبْوَابِهَا الْمَطَاهِرَ، وَجَمِّرُوهَا فِي الْجُمَعِ»

3) یہاں مسجد کی حیثیت سے یہ حدیث ذکر کی اور بعد میں خصومت کی حیثیت سے ذکر ہو گی۔

4) یا یہ بتلانا ہے کہ رفع الصوت متخاصمین کرتے۔

- فخرج إليهما: اور ایک روایت میں مرّ بہما؛ تطبیق: فخرج ومر بہما۔

- معلوم ہوا کہ دین کو کم کرنا جائز ہے۔

بَابُ كَنْسِ المَسْجِدِ وَالتِقَاطِ الخِرَقِ وَالقَذَى وَالعِيدَانِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: مسجد کی صفائی وخدمت محمود ہے اور اگر کوئی چیز پڑی نظر آئے تو اٹھانا چاہئے، بلکہ وہ عمل موجب ثواب ہے۔
- بیہقی کی روایت[45]: فَقَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَأَةً سَوْدَاءَ كَانَتْ تَلْتَقِطُ الْخِرَقَ، وَالْعِيدَانَ مِنَ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: " أَيْنَ فُلَانَةُ؟ " قَالُوا: مَاتَتْ وَذَكَرَ الْحَدِيثَ لیکن مصنفؒ کی شرط پر نہیں۔
- معلوم ہوا کہ حاضری لینی چاہئے کہ فلاں کہاں ہے؟
- اور یہ بھی معلوم ہوا کہ آپ ﷺ عالم الغیب نہیں تھے!
- اشکال: ابوداؤد میں[46] ہے کہ کنکریوں کو نہ اٹھائے!؟ «إِنَّ الْحَصَاةَ لَتُنَاشِدُ الَّذِي يُخْرِجُهَا مِنَ الْمَسْجِدِ»

جواب: کبھی کنکریاں مقصود جیسے اس زمانے میں اور کبھی مقصود نہیں جیسے اس زمانے میں۔

- امام سیوطیؒ نے انموذج اللبیب[47] میں لکھا کہ بغیر ان کی نماز جنازہ کی فرضیت ساقط نہ ہوتی۔
- وصلِّ علیہم إن صلاۃ سکن لہم؛ حدیث میں: ان ہذہ القبور ظلمۃ.....
- آپ ﷺ نے دوبارہ قبر پر جنازہ کی نماز پڑھی! کیوں؟

جواب: 1) لأنہ کان مأمورًا بالطہارۃ؛ 2) لأن الظلمۃ تتبدل بالنور بصلوتہ؛ 3) لأنہ ولیٌّ وللولی حق الإعادۃ۔

بَابُ تَحْرِيمِ تِجَارَةِ الخَمْرِ فِي المَسْجِدِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: محرمات کا ذکر ممنوع نہیں مسجد میں بلکہ مطلوب ہے۔
- ربا یربو، واوی ہے اور زکایزکو بھی اور صلی یصلی یائی ہے لیکن تعظیم کی وجہ سے واؤ کے ساتھ لکھتے۔
- خمر اور خمر کی بیع وشراء کی حرمت 3ھ غزوہ احد میں نازل ہوئی اور ربا کی حرمت فتح مکہ کے بعد تو ثم حرم تجارۃ الخمر کیسے بنے گا؟!

جواب: 1) بینہما مرّۃ ثانیۃ؛ 2) پہلے پینے کی ممانعت تھی اور اب تجارت خمر کی حرمت بیان کیا۔ 3) أی جعلہا مشبہۃً بالربوٰ

بَابُ الخَدَمِ لِلْمَسْجِدِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) مسجد کے لئے خادم رکھنا اسراف نہیں چاہے مسجد کے مال سے یا اپنے مال سے، مجانًا کان أو بالأجرۃ۔

---

[45] السنن الكبرى للبيهقي(52/4): 6918 - أَخْبَرَنَا أَبُو طَاهِرٍ الْفَقِيهُ، أنبأ أَبُو عُثْمَانَ عَمْرُو بْنُ عَبْدِ اللهِ الْبَصْرِيُّ، ثنا أَبُو أَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، أنبأ خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، حَدَّثَنِي الْعَلَاءُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: فَقَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَأَةً سَوْدَاءَ كَانَتْ تَلْتَقِطُ الْخِرَقَ وَالْعِيدَانَ مِنَ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: " أَيْنَ فُلَانَةُ "، قَالُوا: مَاتَتْ، قَالَ: " أَفَلَا آذَنْتُمُونِي "، قَالُوا مَاتَتْ مِنَ اللَّيْلِ وَدُفِنَتْ فَكَرِهْنَا أَنْ نُوقِظَكَ، فَذَهَبَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى قَبْرِهَا، فَصَلَّى عَلَيْهَا وَقَالَ: " إِذَا مَاتَ أَحَدٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ فَلَا تَدَعُوا أَنْ تُؤْذِنُونِي "

[46] سنن أبي داود (125/1): 460 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ أَبُو بَكْرٍ يَعْنِي الصَّاغَانِيَّ، حَدَّثَنَا أَبُو بَدْرٍ شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، حَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ أَبُو بَدْرٍ: أُرَاهُ قَدْ رَفَعَهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: «إِنَّ الْحَصَاةَ لَتُنَاشِدُ الَّذِي يُخْرِجُهَا مِنَ الْمَسْجِدِ»

[47] انموذج اللبيب (151/1): وذكر بعض الحنفية: أن في عهده لا يسقط فرض الجنازة إلا بصلاته، فيؤول إلى أن صلاة الجنازة في حقه فرض عين، وفي حق غيره فرض كفاية.

- 12 جماعات: کھانے والے مسلمان تھے یا کافر: 1) بعض مسلمانوں نے کھایا کہ معاہدہ ختم تو فتوحات کے لئے جارہے ہیں۔

2) کافروں نے کھایا اور 12 آدمی انکے سردار اور معاہدہ کی تجدید کے لئے آئے۔

---

[83] شعب الإیمان (441/7): وَفِي حَدِيثِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: رَآنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدْ أَكَلْتُ فِي الْيَوْمِ مَرَّتَيْنِ فَقَالَ: " يَا عَائِشَةُ " أَمَا تُحِبِّينَ أَنْ يَكُونَ لَكِ شُغْلٌ إِلَّا فِي جَوْفِكِ الْأَكْلُ؟ فِي الْيَوْمِ مَرَّتَيْنِ، مِنَ الْإِسْرَافِ، وَاللهُ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِينَ "

10 – كِتَابُ الأَذَانِ

- أذان: 1) إيصال الكلام إلى الأُذُن۔ 2) الإعلام (خبر دینا)۔
- کیوں؟: 1) الإعلام بدخول الوقت۔ 2) للدعوة إلى الجماعة؛ 3) فيه إظهار شعائر الإسلام
  4) فيه إظهار التوحيد والرسالة؛ 5) فيه تعيين لمكان الصلوة؛ 6) فيه فرار الشيطان
  7) فيه تعظيم اسم الله تبارک وتعالى۔

بَابُ بَدْءِ الأَذَانِ (ص85)

- مصنف کی عادت ہے جب کتاب شروع کرتے تو "بدء" کا لفظ استعمال کرتے۔
- اشارہ ہے کہ اذان مدنی ہے چونکہ 2 مدنی آیت کو ذکر کیا۔
- اشارہ ہے: جو لوگ کہتے کہ لیلۃ الإسراء میں صلوۃ کے ساتھ اذان بھی پہنچائی تھی جبریلؑ کے وساطت سے، تو یہ انکار ہے۔

ایک اذان عام: نادیتم إلى الصلوة اور ایک اذان خاص: جمعہ کی۔

نادی (إلى) نودی (للصلوة)

- ناقوس (لکڑی پر لکڑی بجانا) نصاری کا طریقہ۔ بوق: تو بتایا کہ یہ یہود کا طریقہ ہے اور نار مجوس کا طریقہ ہے۔
- عبد اللہ بن زید بن عبد ربہ نے خواب دیکھا تھا اور 20 دن پہلے عمرؓ نے بھی خواب دیکھا تھا لیکن بھول گئے۔
- اصل یہ ہے: واللذين جاهدوا فينا لنهدينهم سبلنا تو عبد اللہ بن زیدؓ بہت متفکر تھے اِس معاملہ میں۔
- بلالؓ کو بلایا اذان کے لئے: 1) لأنه أندى صوتًا۔ 2) لأنه عُزِّز بالتوحيد فعزِّز بإعلان التوحيد۔
- اذان ایک دعوت ہے: اور ومن أحسن قولا ممن دعا إلى الله کی تفسیر میں مؤذن داعی ہونے میں شامل ہے۔
- اللہ أکبر 4 مرتبہ: اللہ کی عظمت کو پہنچاؤنگا چاروں اطراف پر۔
- پھر شہادت 4 مرتبہ (ہر ایک شہادت کے ساتھ دوسری لازم (توحید اور رسالت))۔
- اشارہ: اللہ کی توحید اور آپ ﷺ کی رسالت وپیغام کو چاروں اطراف کو پھیلاؤنگا اور پوری کائنات تک۔
- پھر صلوۃ اور فلاح 4 مرتبہ: صلوۃ کے ساتھ کامیابی لازم اور کامیابی کے ساتھ صلوۃ لازم تو اے بھائیو آپ بھی اس کامیابی کے لئے آجاؤ
- اللہ أکبر 2 مرتبہ: اسلئے کہ لوگ چاند پر اور نیچے امریکہ تو اگر اوپر کوئی مخلوق ہو یا نیچے تو وہاں بھی اللہ کی عظمت پہنچاؤنگا۔
- لا إله إلا الله: دین کا خلاصہ پیش کیا۔
- سننے والا جب وہی کلمات کہتا ہے تو خطاب اپنے نفس کو ہے کہ میں بھی یہ پیغام لوگوں کو پہنچاؤنگا۔
- یا حو قلہ پڑھیں گے: جب اللہ کے راستے میں جاؤنگا تو مشکل ہے۔
- لا حول عن المعصية ولا قوة إلا بالله: اکثر یہ کہتے: لا صرف (حول) عن المعصية ولا قوة على العبادة إلا بالله۔
- لا حركة في سبيل الدعوة ولا قوة إلا بالله
- یا تبدیلی نہیں ہ مگر اللہ کی مدد سے اور توفیق سے (لا تغير.....ولا مهارة)
- مہارت نہیں ہے دعوت کے کام میں مگر اللہ کی مدد اور توفیق سے۔

- 1)یابلال قم فنادبا"لصلوۃ جامعۃ" اور اب تک اذان نازل نہ ہوئی تھی۔
2)فقال رسول اللہ ﷺ بعد مانزل الأذانُ یابلال قم فناد، تو اسمیں اختصار ہوا۔

بَابٌ: الأَذَانُ مَثْنَى مَثْنَى

- احناف اور حنابلہ کی موافقت: ترجیع بدون ترجیع۔
- اور شافعیہ اور مالکیہ کی تردید: فؒ: ترجیع اور ترجیع ہے؛ کؒ: ترجیع بدون ترجیع۔
- فؒ: اذان کے 19 کلمات ہیں؛ کؒ: ترجیع نہ ہونے کی وجہ سے 2 کم ہے تو 17 کلمات۔ اور احناف وحنابلہ: 15 کلمات (ترجیع بدون ترجیع)
- عبداللہ بن زید بن عبد ربہ اور فرشتے جو نازل ہوئے اور بلالؓ اور عبداللہ بن اُم مکتومؓ اور زیاد بن حارث صدائیؓ (قباء کے مؤذن) کی اذان میں ترجیع نہیں تھی۔
- أبو محذورہؓ نے پست آواز سے شہادتین کہا تھا تو حکم دیا آپ ﷺ نے دہرانے کا اور مکہ مکرمہ چونکہ شرک کی جگہ تھی تو اسی لئے ترجیع کرتے تھے اذان میں تو یہ بھی طریق من طرق الأذان ہے لیکن مرجوح ہے اور احیاناً ہے اور خاص ہے۔
- احناف: اقامت: 2،2 مرتبہ جیسے اذان اور اقامت کے 17 کلمات ہیں؛ فؒ اور دؒ: 11؛ کؒ: 10۔
- أن یوتر الإقامۃ: عند الأحناف: إیتار فی الصوت مراد ہے اور اقامت 2،2 مرتبہ کی دلیل مسند أبی عوانہ میں۔ اور اقامت 2-2 مرتبہ عبداللہ بن زید بن عبد ربہ سے مروی ہے جو اس باب کا (Specialist and authority) ہے۔
- پھر اشکال کرنا سند پر کہ عبدالرحمٰن ابن أبی لیلی ہے متوفی (17ھ) اور انہوں نے ملاقات نہیں کی عبداللہ بن زید سے ہے متوفی (32ھ) صحیح نہیں ہے۔
- اور بعض اصحاب النبی ﷺ سے بھی مروی: کان أذان رسول اللہ ﷺ شفعًا والإقامۃ شفعًا (مسند أبی یعلی موصلی)
- طحاوی: بلالؓ سے تثنیۃ الأذان مروی ہے اور سلمے بن الأکوع سے بھی اور ابن ماجہ میں أبو محذورۃ سے تثنیۃ الأذان مروی ہے۔
- أن یوتر الإقامۃ: 1) اذان اول قبل الفجر بلالؓ دیتے تھے اور اذان ثانی عبداللہ بن ام مکتوم فجر کی اذان دیتے تھے تو اقامت میں ایتار کا مطلب ایک آدمی دے گا بجائے 2۔ (لایصح)

2) ایتار فی الصوت مراد کہ 2 کلمات ایک سانس میں لیکن إلا الإقامۃ پھر نہیں بنے گا کہ قد قامت الصلوۃ میں ایتار فی الصوت نہیں ہے تو یہ صحیح نہیں اور إلا الإقامۃ کی یہ تاویل کرنا کہ اقامت کے کلمات بخلاف الأذان یعنی اذان میں نہیں ہے، یہ ذرا دور کی بات ہے۔

- البرہان فی شرح مواھب الرحمٰن: اذان اور اقامت کے کلمات میں جو اختلاف ہے أولی اور غیر اولی کا ہے۔
- اقامت میں تثنیہ ہے اور ایتار بھی ہے دونوں اقامت کے طریقے ہیں لیکن احناف نے وہ طریقہ اختیار کیا جسمیں زیادت ہے اور جو عام طریقہ تھا، اور ایتار فی الإقامۃ بھی ایک طریقہ ہے لیکن مرجوح جیسے ترجیع۔
- تو جو اکثر صحابہؓ سے مروی ہے اسکو قانون بنایا اور ابو محذورۃ کے لئے ترجیع مخصوص ہے (سب سے اچھا جواب ہے جسکو مشکوۃ کے حاشیہ پر مولانا نصیر الدین غُستوی نے ذکر کیا)۔
- کؒ: إلا الإقامۃ: مدرج من أیوب سختیانی ہے۔

-احناف کے نزدیک ایتار مرجوح ہے اور دیگر ائمہ کے نزدیک تثنیہ مرجوح ہے۔
-سوید بن غفلہؓ/ سلمۃ بن الاکوعؓ اور بلالؓ سے یہی روایت کرتے کہ کان یثنی.....

بَابٌ: الإِقَامَةُ وَاحِدَةٌ، إِلَّا قَوْلَهُ قَدْ قَامَتِ الصَّلاَةُ

- احناف کی تردید جو کہتے کہ اقامت 2.2 مرتبہ ہے اور مالکیہ کی تردید جو کہتے کہ قد قامت الصلوۃ ایک ہی مرتبہ ہے۔
- احناف: لا فرق بین الاذان والاقامۃ الّا فی قول قد قامت الصلوۃ۔

بَابُ فَضْلِ التَّأْذِينِ(ص85)

- اذان کی فضیلت: سبب لفرار الشیطان و مردۃ الجن۔
- اشکال: صلوۃ اذان سے بہتر ہے تو پھر شیطان کیوں نہیں بھاگتا ہے صلوۃ سے؟

جواب: 1) شیطان سے پوچھنا چاہئے

2) اذان میں اللہ تعالی کی کبریائی اور رفع الصوت ہے۔

3) ہر چیز کی اپنی خاصیت ہے اور ضروری نہیں کہ خاصیت والی چیز افضل ہے۔

4) اذان میں غفلت نہیں تو اسمیں قوت ہے تو شیطان پر بوجھ ہے، غلطی بہت کم ہے اذان میں اور صلوۃ میں کبھی غفلت کبھی غلطی۔

-جیسے گاؤ والی دوا سے پیٹ جاری نہیں۔
-یا مچھر مارنے کی دوا: 10 رینڈ اور عود کی شیشی 500 رینڈ تو مچھر کی دوا سے مرتے نہ کہ عود سے تو یہ نہیں کہ وہ مفضول بنا۔
-شیطان کی آواز کی وجہ: 1) اسپر اذان ثقیل ہے۔ 2) یا ضراط اسوجہ سے کہ اذان کو نہ سنے۔
3) یا استہزاءً کرتا ہے۔ 4) تاکہ قیامت کے دن شہادت نہ دے۔ 5) اذان کی ہیبت کی وجہ سے۔
-حتی 5 مرتبہ آیا: 3 مرتبہ غایت کے لئے انتہاء اور 2 مرتبہ حتی ثمرۃ و نتیجہ کے لئے ہے۔
-تثویب کا معنی یہاں: اقامت ہے۔
-ان روایت کو ذکر نہیں کیا جو اذان کی فضیلت پر صریح طور پر دال ہیں اسلئے کہ انکی شرط پر نہیں اترتی۔

بَابُ رَفْعِ الصَّوْتِ بِالنِّدَاءِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اذان کا طریقہ ہے کہ آواز کو بلند کرے نہ اتنی بلند کہ کھانسی ہو جائے اور نہ اتنی پست کہ نہ سنائی دے۔
- بعض کہتے کہ یہ باب فی الباب یعنی اذان کی فضیلت لیکن چونکہ ساتھ ساتھ ایک نئی بات ہے تو مستقل باب قائم کیا۔
- معلوم ہوا کہ اگر آدمی منفرد ہے تب بھی اذان اور اقامت دینا چاہئے۔
- جب آخری حصہ اذان کا سُن لیتے حالانکہ بہت پست آواز ہے تو اونچا حصہ بہ درجہ اولی سُن کر گواہی دیں گے۔

بَابُ مَا يُحْقَنُ بِالأَذَانِ مِنَ الدِّمَاءِ

- یہ اذان کا حکم ہے اور ما قبل میں اذان کی فضیلت ہے۔
- یہاں قدم ذکر کیا اور بعض روایت میں رکبۃ اور بعض میں فخذ آیا ہے۔
- خمیس: جیش عظیم جو 5 حصوں پر مشتمل ہے: میمنۃ / میسرۃ / مقدمۃ الجیش / قلب / اور ساق

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا سَمِعَ المُنَادِي

- اجابت اذان مسنون (مستحب)؛ اگر تلاوت میں مشغول ہے تو بند کر کے جواب دے یا صلوۃ میں مشغول ہے تو نماز پڑھنے کے بعد جواب دے۔
- ایک اجابت باللسان ہے جو مستحب ہے اور ایک اجابت بالفعل ہے جو: سنت و قیل واجب؛ اصل: سنت فی درجۃ الواجب ہے
- ایک طریقہ: مثل مایقول المؤذن اور دوسرا طریقہ: حوقلہ عند الحیعلتین: مسلم میں اور یہاں بھی مروی ہے: قولوا مثل مایقول المؤذن (تو اکثر کلمات پر محمول ہے)
- حافظ بن ہمام کہتے کہ دونوں کو جمع کر دے پھر الصلوۃ خیر من النوم کے جواب پر صدقت وبررت: کشف الخفاء ومزیل الالباس میں ہے کہ یہ الفاظ ثابت نہیں ہیں[84]۔
- اول أقامها الله وأدامها: فی اسنادہ مجھولان وضعیفٌ۔
- اشکال: حیعلہ کو دہرانا جواب میں مذاق ہے ایک قسم کا؟

جواب: 1) خطاب ہے اپنے نفس کو۔

2) یہ نقل اور حکایت ہے (جو آپ ﷺ نے فرمایا ہم اسکا اعادہ کرتے ثواب کے حصول کے لئے) تحصیل ثواب کے لئے۔

3) سننے والوں نے اپنا وہی مہم (mission) بنایا کہ لوگوں کے پاس جا کر صلوۃ اور کامیابی کی دعوت دیں گے۔

- بعض اخوان سے مراد علقمہ یا انکا بیٹا عبد اللہ یا عمرو یا مراد امام اوزاعی۔

بَابُ الدُّعَاءِ عِنْدَ النِّدَاءِ (ص86)

- أی بعد النداء أو بعد الأذان۔
- ہاتھ اٹھانا ہے کہ یہ من آداب الدعاء؛ بعض: نہیں اٹھانا ہے اسلئے کہ ثابت نہیں ہے[85]۔
- مولانا اشرف علی تھانویؒ: دعاء کی 3 قسمیں: 1) خاص مقامات کی دعا ذکر کے حکم میں ہے: رفع الأیدی نہیں

2) چلتے پھرتے دعا؛ 3) مجلس میں جو دعا کی جاتی اسمیں رفع الأیدی ہے اسلئے کہ دعا کے لئے بیٹھنا مقصود ہے۔

- اللھم: 1) اقصدنی بخیر۔

2) یارب ہذہ الدعوۃ التامۃ (الکاملۃ): وہ دعوت جو عہد ورسالت پر مشتمل ہے: اوپر سے نماز کی دعوت اور اندر سے پوری دین کی دعوت والصلوۃ القائمۃ: خصوصًا جو نماز قائم ہونے والی یا دائمۃً۔

- الوسیلۃ: 1) درجۂ وسیلہ؛ 2) ثواب الوسیلۃ (وسیلہ کا نتیجہ اسلئے کہ آپ ﷺ پوری کائنات کا وسیلہ ہیں)

---

[84] فتاوی دار العلوم زکریا (108/2)

[85] فتاوی دار العلوم زکریا (109/2)

- والدرجۃ الرفیعۃ مدرج ہے لیکن ابن سنیؒ کی عمل الیوم واللیلۃ (کے بعض ہندی نسخوں میں ہے اور مخطوط) اور اسکی تفصیلی بحث فتاوی دار العلوم زکریا میں ہے[86]۔
- اِنک لا تخلف المیعاد سنن کبری للبیہقی میں موجود ہے۔
- وارزقنا شفاعتہ یوم القیام یا أرحم الراحمین بھی موجود نہیں۔
- اذان میں "أشہد أن محمدا رسول اللہ" پڑھ کر یا سن کر درود پڑھنے کا حکم[87]: ثابت نہیں ہاں اذان کے بعد ہے۔
- مسلم کی روایت[88] (1/166): عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: «إِذَا سَمِعْتُمُ الْمُؤَذِّنَ، فَقُولُوا مِثْلَ مَا يَقُولُ ثُمَّ صَلُّوا عَلَيَّ، فَإِنَّهُ مَنْ صَلَّى عَلَيَّ صَلَاةً صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ بِهَا عَشْرًا، ثُمَّ سَلُوا اللهَ لِيَ الْوَسِيلَةَ، فَإِنَّهَا مَنْزِلَةٌ فِي الْجَنَّةِ، لَا تَنْبَغِي إِلَّا لِعَبْدٍ مِنْ عِبَادِ اللهِ، وَأَرْجُو أَنْ أَكُونَ أَنَا هُوَ، فَمَنْ سَأَلَ لِي الْوَسِيلَةَ حَلَّتْ لَهُ الشَّفَاعَةُ»
- تقبیل ابہام کے بارے میں[89]: من قبل إبہامیہ عند سماع "أشہد أن محمدًا رسول اللہ" أنا قائدہ إلی الجنۃ
من قال عند سماع الأولی صلی اللہ علیک یا رسول اللہ ومن قال عند سماع الثانیۃ قرۃ عینی بک یا رسول اللہ: اللہم متعنا بالسمع والبصر۔
کان رسول اللہ قائدہ ومدخلہ إلی الجنۃ یوم القیامۃ
تو یہ سب ثابت نہیں ہے اور ملا علی قاریؒ نے موضوعات کبیر میں کہا: لا یثبت اور مراد لا یصح۔
- اشکال: جب وہ درجہ آپکو ملتا ہے تو دعا کا کیا مقصد؟!
جواب: 1) ممکن ہے کہ ان دعاؤں کو اس مرتبہ ملنے میں دخل ہو۔
2) وسیلہ جنت میں ایک درجہ کلی مشکک کی طرح (تمام افراد برابر نہ ہو) اور دعاؤں کی وجہ سے علوّ ہو گا۔
- والفضیلۃ: المرتبۃ الزائدۃ علی سائر الخلق۔
- والبعثۃ مقاما محمودا: مقام شفاعت کبریٰ اسلئے کہ آپ ﷺ کے وسیلے سے ہم حامد بنتے ہیں (الحمد للہ رب العالمین)۔

بَابُ الِاسْتِهَامِ فِي الْأَذَانِ (ص86)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) اذان میں قرعہ ڈالنا جائز ہے اسلئے کہ قرعہ 2 قسم: 1) ایک مستحق محروم اور ایک مستحق کو مل جائے (یہ ناجائز)
2) سب مستحقین کو مل گیا یا سب غیر مستحقین اور ایک مستحق مل گیا۔ (یہ جائز)
جیسے قربانی کا گوشت سب کا حصہ لیکن پہلا حصہ زید کو ملا پھر فلاں کو پھر فلاں کو
اور غیر مستحق کی مثال: کوئی شخص سفر پر جائے اور بیویوں میں قرعہ ڈالا تو کسی کے حق میں نکلا
2) ان لوگوں کی تردید جو کہتے کہ ایک سے زائد مؤذن رکھ سکتے ایک مسجد کے لئے۔ (اگر بہت بڑی مسجد اور آواز نہیں پہنچتی تو متعدد اطراف پر جیسے جامع مسجد دمشق)۔

---

[86] فتاوی دار العلوم زکریا (88/2)
[87] فتاوی دار العلوم زکریا (82/2)
[88] مسلم (288/1): 11 - (384) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ الْمُرَادِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ حَيْوَةَ، وَسَعِيدِ بْنِ أَبِي أَيُّوبَ، وَغَيْرِهِمَا عَنْ كَعْبِ بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: «إِذَا سَمِعْتُمُ الْمُؤَذِّنَ، فَقُولُوا مِثْلَ مَا يَقُولُ ثُمَّ صَلُّوا عَلَيَّ، فَإِنَّهُ مَنْ صَلَّى عَلَيَّ صَلَاةً صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ بِهَا عَشْرًا، ثُمَّ سَلُوا اللهَ لِيَ الْوَسِيلَةَ، فَإِنَّهَا مَنْزِلَةٌ فِي الْجَنَّةِ، لَا تَنْبَغِي إِلَّا لِعَبْدٍ مِنْ عِبَادِ اللهِ، وَأَرْجُو أَنْ أَكُونَ أَنَا هُوَ، فَمَنْ سَأَلَ لِي الْوَسِيلَةَ حَلَّتْ لَهُ الشَّفَاعَةُ»
[89] فتاوی دار العلوم زکریا (86/2)

- قادسیہ کے جنگ میں اور سپہ سالار بعد سعد ابن أبی وقاصؓ تھے اور مؤذن مجروح ہوئے تھے(15ھ)۔

3)حدیث میں استہم کا لفظ آیا:1)قرعہ ڈالنا تو مصنفؒ نے ترجمۃ الباب میں اس لفظ کی تشریح کی۔

2)سہمؐ چلانا(فأقرع بینھم)

-صف أول:1)پہلی قطار؛ 2)پہلے آنے والے چاہے وہ پیچھے ہو(لایصح)؛ 3)امام کے ساتھ کوئی حائل نہ ہو من الجدار إلی الجدار۔

- تھجیر:اول وقت میں نماز پڑھنا:اشکال:پہلے تو ابراد کہتے تھے!؟

جواب:1)دوپہر میں تیاری اور نماز تاخیر میں(ھاجرۃ میں چلنا)

2)اصل تھجیر ہے لیکن موسم کی وجہ سے۔

- حبوًا: گھٹنوں اور ہاتھوں اور سرین کے بل چلنا

- سعدؓ اگرچہ امیر تھے تو انکو اختیار تھا کہ کسی کو مؤذن مقرر کرے لیکن قرعہ ڈالا تاکہ کسی قسم کے طعن ان پر وارد نہ ہو جاہلوں کی طرف سے۔

بَابُ الكَلاَمِ فِي الأَذَانِ

- ائمہ ثلاث:مکروہ ہے؛ دؒ:جائز ہے۔ائمہ ثلاث:اگر کلام کثیر فاصل بن جائے تو اعادہ ضروری ہے اور قلیل میں کراہت ہوگی صرف۔
- اس مسئلہ میں مصنفؒ امام دؒ کے ساتھ ہیں۔
- سلیمان بن مرد:تابعی؛ ممکن ہے کہ کوئی ضرورت کی وجہ سے؛ حسن بصریؒ:جب ہنسنے میں حرج نہیں تو کلام بہ درجہ اولیٰ۔
- یوم رَزْغٍ:کیچڑ کے دن اور اصل رزغ بادل کو کہتے۔ حیّ:ائتِ إلی الصلوۃ۔
- الصلوۃ فی الرحال أی تکون فی البیوت یا خیموں میں۔
- إنھا عزمۃٌ:إن صلوۃ الجمعۃ پکی مؤکد ہے لیکن میں نے رخصت پر عمل کیا تو یہ ابن عباسؓ کا اجتہاد تھا کہ محل اعلان(اشدُّ اجتہادا)
- ابن عمرؓ کی حدیث موجود ہے کہ اصل اذان ہونے کے بعد اعلان ہوا تھا:صلوا فی الرحال(اور یہ قول اکثر متبعً ہے)ص88اور92پر روایت

بَابُ أَذَانِ الأَعْمَى إِذَا كَانَ لَهُ مَنْ يُخْبِرُهُ

- أعمی اذان دے سکتا جب کوئی ثقہ خبر دینے والا وقت بتائے۔امام نوویؒ نے امام رحؒ کی طرف منسوب کیا کہ وہ قائل نہیں تھے لیکن یہ بات صحیح نہیں۔
- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)اعمی ہوشیار ہو تو اذان دے سکتا ہے۔

ان لوگوں کی تردید ہے جو کہتے کہ اذان اعمی جائز نہیں۔ عالم بالوقت متقی اور مخبر ثقہ کے بتانے اذان دے سکتے

- بلالؓ تہجد کی اذان دیتے تھے اور پورے سال ہوتی تھی کما قال صاحب البدائع یا رمضان میں صرف کما قال الإمام محمدؒ لیکن یہ منسوخ ہو گیا اسلئے کہ جب بلالؓ نے اذان قبل الفجر دیا تو آپ ﷺ نے انکار کیا۔
- ابراھیم:شیّعنا علقمۃ..... فسمع مؤذنا یؤذن باللیل تو علقمۃ نے کہا:أما ھذا فقد خالف سنۃ أصحاب محمد ﷺ۔
- شرعۃ الإسلام:تصوف کی ایک کتاب ہے جسمیں لکھا ہے کہ اذان قبل الفجر مستحب ہے۔

- اذان باللیل[90]: تاکہ تہجد پڑھنے والے لوٹے سحری کے لئے اور سونے والے جاگ جائے۔
- حی علی الصلوۃ کا کیا مطلب ہے رات کو: تہجد کے لئے آؤ اگرچہ مندوب ہے یا فجر کی تیاری کرو۔
- ابن ام مکتوک کا نام: عبد اللہ یا عبد الرحمٰن۔
- اصبحتَ: دخلتَ فی الصباح۔
- اشکال: فکلوا واشربوا

جواب: 1) حتی یقرُبَ أذان ابن أم مکتوم

2) نفس صباح کا اعتبار نہیں بلکہ انتشار صباح معتبر ہے (لایصح اسلئے کہ معاملہ برعکس ہے)۔

3) جملہ کا خلاصہ: ابن ام مکتوم کی اذان حرمت اکل کی علامت ہے جب انکی اذان ہو تو حرمت پہلے ہو چکی ہے۔

- 6 مرتبہ اللہ اکبر کی حکمت اذان میں: 1) اللہ بہت بڑا تو اسکی عبادت کریں گے۔ 2) عالم الغیب ہے؛ 3) اللہ متصرف فی الکائنات ہے۔ 4) مختار کل ہے؛ 5) قاضی الحاجات ہے؛ 6) دافع البلیات ہے۔

بَابُ الأَذَانِ بَعْدَ الفَجْرِ (ص86-87)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اذان بعد دخول وقت الفجر بالاتفاق جائز، ہاں اگر پہلے ہے تو فؒ کؒ دؒ کے نزدیک کافی ہو گا۔
- حؒ: اعادہ لازم ہو گا۔
- اعتکف: یعنی بیٹھ جاتا تھا / بیٹھنا اور انتظار کرنا اور انتظار اسی لئے تاکہ اذان بعد الفجر کے لئے ہو۔
- اکثر روایت: إذا سکت المؤذن صلی رکعتین۔
- طحاوی[91] : عَنْ حَفْصَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا بِنْتِ عُمَرَ «أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ بِالْفَجْرِ قَامَ فَصَلَّى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ , ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الْمَسْجِدِ وَحَرَّمَ الطَّعَامَ , وَكَانَ لَا يُؤَذِّنُ حَتَّى يُصْبِحَ.
- عائشہؓ کی روایت[92]: أَنَّ عَائِشَةَ، قَالَتْ: «كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَكَتَ المؤَذِّنُ بِالأُولَى مِنْ صَلاَةِ الفَجْرِ قَامَ، فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ قَبْلَ صَلاَةِ الفَجْرِ، بَعْدَ أَنْ يَسْتَبِينَ الفَجْرُ، ثُمَّ اضْطَجَعَ عَلَى شِقِّهِ الأَيْمَنِ، حَتَّى يَأْتِيَهُ المؤَذِّنُ لِلْإِقَامَةِ»
- بلالؓ رمضان کے بعد فجر کے بعد اذان دیتے تھے اور رمضان میں قبل الفجر۔

بَابُ الأَذَانِ قَبْلَ الفَجْرِ (ص87)

- سحری کی مصلحت کی وجہ سے؛ دؒ: رمضان میں قبل الفجر مکروہ ہے؛ اعادہ کرنا چاہئے۔
- امام ترمذیؒ نے اشکال کیا کہ احناف کہتے کہ اذان قبل الفجر کا اعادہ ہونا چاہئے۔
- آپ ﷺ نے بلالؓ کو اعادہ کا حکم دیا: إن العبد قد نام تو یہ اس حدیث کے منافی ہے جو کہتے کہ بلالؓ یؤذن باللیل۔

---

[90] فتاوی دار العلوم زکریا (88/2)

[91] شرح معانی الآثار (865/140/1)

[92] بخاری (626/128/1)

جواب: بلالؓ سحری کے لئے اذان دیتے تھے رمضان میں اور رمضان کے بعد جب قبل الفجر اذان دی فجر کے لئے تو اعادہ کا حکم دیا اسی طرح ابن عمرؓ نے اپنے مؤذن کو حکم دیا اذان کے اعادے کا (اور امام ترمذیؒ کہتے کہ یہ سند منقطع ہے) تو ابو داؤد میں 2 صحیح سند ہیں۔

- شوکانی کہتے کہ اذان معروف نہ تھی بلکہ الصلوۃ جامعۃ کے قبیل کے الفاظ تھے (قوموا للسحر) اور جمہور: اذان معروف تھی۔
- امام طحاویؒ: 2 اذان بعد الفجر تھیں (یہ خلاف ظاہر ہے)۔
- رجوعًا: واپس ہونا (لازم) اور رجعًا: واپس کرنا (متعدی)۔
- ولیس أن یشیر الرجل الفجر أو الصبح ہکذا طولا بل عرضًا۔

بَابٌ: كَمْ بَيْنَ الأَذَانِ وَالإِقَامَةِ، وَمَنْ يَنْتَظِرُ الإِقَامَةَ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اذان اور اقامت کے درمیان فاصلہ ہونا چاہئے، ہاں مغرب میں نہیں سوائے یہ کہ امام دیر سے آئے تو 2 رکعت
- اجعل بین اذانک واقامتک: کہ آدمی کھانا سے فارغ ہو جائے اور قضائے حاجت سے۔
- فٌ: اباحت واستحباب؛ احناف: نہیں پڑھنا چاہئے (رکعتین قبل المغرب)۔
- ابن عمرؓ: سُئِلَ ابْنُ عُمَرَ، عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْمَغْرِبِ، فَقَالَ: «مَا رَأَيْتُ أَحَدًا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيهِمَا، وَرَخَّصَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ»[93]
- مسند بزار میں[94]: وقد رویت عَن أَنَس من وجوه وعارضها حدیث بریدة أنه قَالَ: بَيْنَ كُلِّ أَذَانَيْنِ صَلاةٌ إلاَّ الْمَغْرِبَ.
- اس پر اشکال کیا کہ سند میں یحیی بن عبد اللہ واضع الحدیث ہے تو جواب یہ ہے کہ اصل یحیی عن عبد اللہ ہے جو کہ صدوق ہے۔
- احناف تطبیق دیتے دونوں روایتوں کے درمیان: رکعتین أحیانًا تھا عادی نہیں بلکہ اتفاقًا۔
- ابن ھمام کے نزدیک وقت کے اعتبار سے نماز کی 3 قسمیں: 1) نماز مندوب۔ 2) وقت کے اعتبار سے مکروہ۔ 3) وقت کے اعتبار سے مباح تو 2 رکعات پڑھ سکتے (لمن شاء: واجب نہیں بلکہ مستحب ہے)۔

بَابُ مَنِ انْتَظَرَ الإِقَامَةَ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) اقامت سے پہلے نکلنا چاہئے لیکن انتظار الاقامۃ جائز ہے امام کے لئے چونکہ امام مُنتَظَر اور مقتدی نہیں یا اگر امام کا گھر متصل ہو مسجد سے تو اقامت کے وقت نکل سکتے۔
- صلوۃ أولی سے فجر مراد یہاں اور ظہر کے لئے اسلئے کہ جبریلؑ نے پہلے پڑھائی۔
  2) صف اول کا اہتمام۔

بَابٌ: بَيْنَ كُلِّ أَذَانَيْنِ صَلاَةٌ لِمَنْ شَاءَ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: ہذہ الصلوۃ لیست واجبۃً۔

---

[93] ابو داؤد (1284/26/2)

[94] (7436/28/14).

بَابُ مَنْ قَالَ: لِيُؤَذِّنْ فِي السَّفَرِ مُؤَذِّنٌ وَاحِدٌ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) مصنف حدیث کا مطلب بیان کرتے: ایک اذان دے اور ایک اقامت: "أذنا اور أقیما" کی تشریح۔
2) الردّ علی أذان الجوق: اجتماعی اذان

-ابن عمرؓ کی روایت جو بخاری میں جلد 2 فی ابواب الحدود میں۔

3) سفر میں 2 اذان کی ضرورت نہیں فجر ہو یا غیر فجر۔

4) شافعیہ کے ایک قول کا رد کہ اذان بعد الاذان ہو۔

5) یجوز الاکتفاء بالإقامۃ فی السفر۔

بَابُ الأَذَانِ لِلْمُسَافِرِ، إِذَا كَانُوا جَمَاعَةً، وَالإِقَامَةِ، وَكَذَلِكَ بِعَرَفَةَ وَجَمْعٍ، وَقَوْلِ المُؤَذِّنِ: الصَّلاَةُ فِي الرِّحَالِ، فِي اللَّيْلَةِ البَارِدَةِ أَوِ المَطِيرَةِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: کؒ کی تردید: 1) اگر امام ہو مزدلفہ اور عرفہ میں تو اذان اور اقامت ہونا چاہئے اور اگر امام نہ ہو تو اقامت کافی ہے۔
2) اذان اور اقامت دونوں مستحب ہیں جب جماعت ہو اور اگر منفرد ہو تو نہیں، یہ معنی مصنفؒ کی روایت کے مطابق نہیں ہے۔ مالک بن حوریث کا واقعہ الگ سے اگلی روایت میں۔

- "أو" شک کے لئے تو یہ ایوب سختیانی کا قول ہے۔

-اگر "أو" تقسیم کے لئے تو ابو قلابۃ کا قول ہے جو مالک نے بیان کیا: بعض مجھے یاد ہوا.....

-صلوا فی الرحال: اپنے خیموں میں جماعت کر سکتے (یہ سفر کا واقعہ)۔

-عنزۃ: رمح فیہ سلاحٌ۔

بَابٌ: هَلْ يَتَتَبَّعُ المُؤَذِّنُ فَاهُ هَا هُنَا وَهَا هُنَا، وَهَلْ يَلْتَفِتُ فِي الأَذَانِ

- 1) ادھر ادھر منہ کرے مؤذن؛ 2) آدمی بھی مؤذن کی نقل اتارے۔
- اختلاف: مصنفؒ اور کؒ: التفات مستحب نہیں؛ ائمہ ثلاث: مستحب ہے۔
- کانوں میں انگلی: 1) اگر رفع الصوت مطلوب۔ 2) داعی اپنے کانوں کو بند کرے گا، سب و شتم کو نہیں سنے گا۔
- ابن عمرؓ:.....

بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ: فَاتَتْنَا الصَّلاَةُ

- ابواب الجماعۃ شروع ہو رہا ہے؛ لغت کا مسئلہ ہے کہ فاتتنا الصلوۃ۔
- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) فاتتنا الصلوۃ کہنا جائز؛ 2) ابن سیرین کی تردید کہ تقصیر صلوۃ کی طرف منسوب جیسے کہ کوئی کہے: اوہو نماز جلدی ہوئی! تو ہذا من قبیل تھذیب الألفاظ: مثال: آپکے والد کہاں رہتے؟ 1) میرے ساتھ رہتے؛ 2) میں انکے ساتھ رہتا ہوں تو یہ کہنا چاہئے کہ اوہو ہم دیر سے آئے لیکن یہاں حدیث میں فاتتنا الصلوۃ موجود اور مطلب یہ نہیں کہ نماز جلدی ہوئی بلکہ فاتتنا صلوتنا

- قول النبی ﷺ اصح بہ نسبت قول ابن سیرین۔

بَابُ ما أدركتم فصلوا وما فاتكم فأتموا

- اختلافی مسئلہ کی طرف اشارہ: کہ مسبوق اول الصلوۃ کو پاتا ہے یا آخر الصلوۃ
- فؒ دؒ: جو آدمی امام کے ساتھ پڑھتا وہ اَول الصلوۃ اور جو اکیلا پڑھتا تو وہ آخر الصلوۃ اور انکی تائید "فَاتِمُّوا"۔
- حؒ: امام کے ساتھ آخر الصلوۃ اور اکیلا تو اَول الصلوۃ اور انکی دلیل دوسری روایت ہے: "فاقضوا" کا لفظ آیا ہے۔
- اس زمانے میں نزاع لفظی رہ گیا ہے اور فتوی کؒ اور مؒ کے قول پر ہے اور شوافع (قسطلانی نے لکھا بخاری کی شرح میں) کا فتوی بھی اسی پر ہے۔ امام کے ساتھ اول الصلوۃ فی حق القاعدۃ اور آخر الصلوۃ فی حق القراءۃ۔
- "فأتموا" ما قبل کی تکمیل کرو فی حق القعدۃ اور "فاقضوا": ما قبل کی قضاء کرو فی حق القراءۃ۔
- اسی طرح معلوم ہوا من أدرک الرکوعَ فقد أدرک الرکعۃَ۔
- اسی طرح جمعہ میں قعدۃ ملا تو ما فاتکم "فأتموا" پر عمل کرو عند الاحناف اور یہ نہیں کہ ظہر کو مکمل کرو جیسے ائمہ ثلاث کے نزدیک ہے۔
- یہ بھی روایت: إذا کان أحدکم یمشی إلی الصلوۃ فھو فی الصلوۃ تو سکون واطمینان کا اظہار کرے
- بیہقی کی روایت ہے: ما ادرکت مع الإمام فھو أول صلوتک۔
- السکینۃ فی الحرکات والوقار فی الھیئۃ۔

بَابٌ: مَتَى يَقُومُ النَّاسُ، إِذَا رَأَوُا الْإِمَامَ عِنْدَ الْإِقَامَةِ(ص88)

- آپ ﷺ نے اپنی زندگی میں نہ اذان دی نہ اقامت دی اور جو روایت میں أذّن النبی ﷺ ہے اسکی تشریح دوسری روایت میں آئی ہے کہ أمر بلالاً أن....
- مختلف وجوہات وحکم کی بناء پر (اکثر وجوہات زُرقانی نے مواہب لدنیہ میں ذکر کیا ہے):

1) آپ ﷺ مشغول ہیں امامت، تعلیم، جہاں ہر دم مشغول...

2) جب آپ ﷺ ایک کام کرتے تو مواظبت کرتے اسپر ہمیشہ۔

3) آپ ﷺ نے اذان نہیں دی تاکہ مشابہ بالتزکیۃ نہ ہو یعنی خود اپنی تعریف وشہادت نہ ہو۔

4) یا أیھا الذین آمنوا استجیبوا للہ وللرسول۔ تو اجابت فرض ہوتی ہے۔

5) آپ ﷺ مرتبہ امامت پر فائز تھے اور اذان نائب امامت ہے۔

6) آپ ﷺ نے اپنی زندگی میں دعوت کا کام لوگوں کو سکھایا اور انکے حوالے کر دی تو اذان بھی دعوت تامہ۔

-اختلاف کی طرف اشارہ: 1) حؒ: حی الصلوۃ کے وقت۔ 2) دؒ: قد قامت الصلوۃ کے وقت۔ 3) فؒ: بعد الفراغ۔ 4) کؒ: فی بدء الإقامۃ۔

5) طحاوی نے در مختار کے حاشیہ میں لکھا: اختلاف کا خلاصہ یہ ہے کہ جو بیان کیا اس سے تاخیر نہ ہو۔

-کتب فقہ میں لکھا ہے کہ اگر امام جانب محراب سے آجائے تو کھڑے ہو جائے اور اگر پیچھے سے آجائے تو جس صف سے گزر جائے تو وہ صف کھڑا ہو جائے اور یہی حدیث کا تقاضا ہے۔

- تو مصنفؒ نے ان اقوال کے علاوہ وہ رائے لی جو حدیث کے زیادہ موافق ہے

- اگر امام پہلے سے مصلی کے پاس موجود ہے تو حی علی الصلوۃ کے وقت یا بدء الإقامۃ کے وقت کھڑا ہو تا کہ تسویۃ الصفوف بھی صحیح طور پر ہو جائے۔

بَابٌ: لاَ يَسْعَى إِلَى الصَّلاَةِ مُسْتَعْجِلًا، وَلْيَقُمْ بِالسَّكِينَةِ وَالوَقَارِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) فاسعوا إلی ذکر اللہ: جمعہ کے لئے اور مطلب یہ نہیں کہ دوڑے بلکہ فامشوا إلی...
2) سعی بمعنی اطاعت وعبادت اور عمل أی فاعملوا جیسے وسعی لها سعیها أی عمل لها عملها۔

بَابٌ: هَلْ يَخْرُجُ مِنَ المَسْجِدِ لِعِلَّةٍ؟

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) مسجد میں داخل ہونے کے بعد جماعت کے بغیر نہیں نکلنا چاہئے سوائے کہ ضرورت ہو۔
أبو ھریرۃؓ نے کہا اس شخص کے بارے جو نکل گئے: أما ہذا فقد عصا سنۃ أبی القاسم
- عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «لَا يَسْمَعُ النِّدَاءَ فِي مَسْجِدِي هَذَا ثُمَّ يَخْرُجُ مِنْهُ، إِلَّا لِحَاجَةٍ، ثُمَّ لَا يَرْجِعُ إِلَيْهِ إِلَّا مُنَافِقٌ»[95]
- ضرورت: حدث، جنابت، حائضہ یا دوسری مسجد کا امام ہو مثلاً۔
- سوال: ھل کیوں لگایا جبکہ حاجت کی وجہ سے نکل سکتا ہے؟
جواب: یہاں جنابت کا ذکر ہے حدیث میں تو غیر جنابت کے لئے نکلنا کیسے ہے؟ کیا حاجت میں شمار ہو گا یا نہیں؟
- أن یکبر أی أراد التکبیر یا اللہ کہا اور اکبر نہیں کہا۔

بَابٌ: إِذَا قَالَ الإِمَامُ: مَكَانَكُمْ حَتَّى رَجَعَ انْتَظَرُوهُ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) ینبغی أو یجوز الانتظار اگر امام کہے کہ میں واپس آجاؤنگا اور یہ نماز کے شروع کرنے سے پہلے۔
- اگر نماز میں حدث لاحق ہو تب تو استخلاف لازم (من الامام یا من المقتدی بنفسہ)
- فصل کثیر ہو تو اعادہ ہو گا اقامت کا ورنہ نہیں۔
- آپ ﷺ کا انتظار کیا اسلئے کہ آپ ﷺ منصب امامت کے درجہ پر فائز تھے تو اسوقت تک جب آپ نہ ہو کسی کو اجازت نہیں ہے اسی لئے دوسرے عام لوگوں سے فرق ہے۔

بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا صَلَّيْنَا

- ترجمۃ الباب کا مقصد: ابراہیم نخعی اور ابن سیرین کی تردید جو کہ مکروہ سمجھتے یہ کہنا: "ماصلینا" اسلئے کہ اسمیں جرأت ہے ترک صلوۃ پر تو مصنفؒ نے کہا کہ کہہ سکتے۔
- ائمہ ثلاث کے نزدیک: تارک الصلوۃ کے لئے قضاء ہے[96] اگرچہ عمداً ہو اور امامؒ کے لئے بھی لیکن ابن تیمیہؒ کہتے کہ نہیں اگر عمداً ہو اور نوم ونسیان کی صورت میں قضاء ہے۔

---

[95] المعجم الأوسط (3842/149/4).
[96] فتاوی دار العلوم زکریا (758/2).

- 1)اقتضاء النص سے بہ درجہ اولی قضاء ہونا چاہئے اسلئے کہ نوم ونسیان کی صورت میں قضاء ہے۔
2)لایصلینّ أحدکم العصر إلا فی بنی قریظۃ تو بعض نے راستے ہی پر ادا کی اور بعض نے قصداً قضاء کی۔
3)سیکون فی أمتی أمراء یؤخرون الصلوۃ من میقاتھا قالوا أفنقضیھا قال نعم۔
4)ایک عورت نے آپ ﷺ کو پوچھا اپنے والد کے بارے میں حج: فدین اللہ أحق أن یقضی تو نماز بھی اللہ کا دین ہے۔
سلفی کہتے کہ قضاء نہیں تارک صلوۃ عمداً کے لئے۔
- "واللہ ماصلیتھا" آیا تو ماصلینا بھی جائز ہے؛ بعض روایت میں عمرؓ نے بھی کہا: ماصلیت نو دونوں کو ملائے تو ماصلینا بنے گا۔

بَابُ الإِمَامِ تَعْرِضُ لَهُ الحَاجَةُ بَعْدَ الإِقَامَةِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: امام جاسکتا ہے کسی ضرورت کی وجہ سے اور وہ منتظر ہو گانہ کہ مقتدی اور اقامت کے لئے فصل کو دیکھا جائے گا۔
- ابن حجرؒ کہتے کہ میں انکے نام پر مطلع نہیں ہوا لیکن اپنی قوم کے بڑے ہونگے یا فرشتے ہیں جو قوم کی تہذیب کے لئے آیا تھا۔
- صحابہؓ کے صبر کو پولش کیا جائے اور بعض کہتے کہ اعرابی آیا تھا۔

بَابُ الكَلاَمِ إِذَا أُقِيمَتِ الصَّلاَةُ

- احناف: بغیر ضرورت کے کلام مکروہ ہے اقامت کے وقت۔

بَابُ وُجُوبِ صَلاَةِ الجَمَاعَةِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اشارہ اختلاف کی طرف اور بیان کرنا کہ واجب ہے: داؤد ظاہری: فرض اور شرط بھی ہے اور اکیلے پڑھنے سے ادا نہ ہو گی؛ دؒ: فرض عین (لیکن جماعت سے ادا نہیں کی تو نماز ادا ہو گی)۔
فؒ: 1)فرض کفایہ؛ 2)سنت؛ عام فقھاء: واجب مفتی بہ قول: سنۃ فی درجۃ الواجب۔
- عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: «مَنْ سَمِعَ النِّدَاءَ فَلَمْ يَأْتِهِ، فَلَا صَلَاةَ لَهُ، إِلَّا مِنْ عُذْرٍ»[97]
- ما من ثلاثۃ فی بلد أو قریۃ لا تقام فیہ الصلوۃ إلا استحوذ علیہ الشیطان
- فلتقم طائفۃ: وجوب جماعت پر دال نہیں ہے؛ جب شرط کے ساتھ مشروط ہو تو لازم نہیں بلکہ متحقق ہونے کے لئے ہوتا ہے۔
- گھر کو جلانا: 1)منافق ہیں تو انکے گھر جلانے کے قابل ہیں 2)تو بیخا فرمایا۔
- اھل وجوب اس سے استدلال کرتے یعنی ان روایتوں سے۔
- حسن بصریؒ: ہاں اگر شفقۃ منع کر دے عشاء سے: لا تطعھما لأن صلوۃ الجماۃ أقوی من إطاعۃ الوالدین اور ترک اطاعت وجوب میں نہیں ہے۔
- ہاں سنت و مستحب کے لئے ترک اطاعت ممکن نہیں اور واجب کے لئے ممکن کہ اطاعت نہ کرے۔

[97] ابن ماجۃ(793/260/1).

- آپ ﷺ کا خود پیچھے رہنا لکڑیوں کو جمع کرنے کے لئے عدم وجوب کی دلیل ہے اور منافقین کا ذکر ص90 پر: أثقل علی المنافقین..... / ثم أخالف المصلین ذاهبًا إلی
- مرقًا: ہڈی جس پر تھوڑا گوشت۔(یہ بھی نفاق کی علامت ہے کہ اگر ہڈی بھی ملے تو فوراً بھاگے اور یہاں نماز کے لئے نہیں جائیں گے
- اسلئے کہ دلچسپی نہیں ہے انکو ثواب میں)۔
- مرماتین: 1)ظلف الشاة؛ 2)سہمٌ: آلۃ الرمی۔ 3)کُھر کے درمیانی وال حصہ۔

بَابُ فَضْلِ صَلاَةِ الجَمَاعَةِ وَكَانَ الأَسْوَدُ: «إِذَا فَاتَتْهُ الجَمَاعَةُ ذَهَبَ إِلَى مَسْجِدٍ آخَرَ» وَجَاءَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: «إِلَى مَسْجِدٍ قَدْ صُلِّيَ فِيهِ، فَأَذَّنَ وَأَقَامَ وَصَلَّى جَمَاعَةً»

- جماعت: صلوۃ کی فضیلت ہے اور اقامت اور اذان کے جواب کا ذکر اسلئے کہ وہ جماعت ہے اور تحیۃ المسجد کا ذکر کا ربط یہ ہے کہ اذان کا مطلب یہ ہے کہ آؤ مسجد میں اور تحیۃ المسجد پڑھو۔
- فوائد جماعت: 1)اذان کا جواب دیا؛ 2)اقامت کا جواب ملا؛ 3)تحیۃ المسجد خود فرض نماز میں آئے گی اگر نہ پڑھے۔
4)فرشتوں کی دعا کا حصول۔ 5)تکثیر الجماعۃ والمسلمین کی فضیلت۔ 6)عیادت آسان اگر کوئی بیمار ہو۔
7)تعلیم و تعلم آسان؛ 8)اللقاء: ملاقات اور بے شمار فوائد ہیں

-ترجمۃ الباب میں فضیلت سے پتہ چلتا ہے کہ یہ واجب نہیں بلکہ اشارہ عدم وجوب کی طرف۔

-جماعت ثانیہ[98] کرنا چاہئے یا نہیں؟ مصنفؒ کہتے کہ کرسکتے (مسجد سے باہر تمام جائز کہتے)؛ ائمہ ثلاث: نہیں، مکروہ ہے۔
تو مسجد میں مکروہ اور باہر بالاتفاق جائز؛ دؒ: مسجد میں بھی جائز (مستحب)۔

انکے دلائل: 1)سوال: انس بن مالکؓ مسجد میں آئے اور اذان اور اقامت کہہ کر جماعت قائم کی!

جواب (عندنا): 1)مسجد الطریق تھی جسکا امام مقرر نہیں ہے۔ 2)اذان و اقامت کسی مذہب میں نہیں اور ایسی مسجد میں رواج نہیں، معمول بہ نہیں۔ 3)اس روایت میں اضطراب ہے: ایک روایت میں: امام تقدم فصلی بہم اور روایت میں قام فی وسطھم۔
4)مقتدی متطوع تھے اور امام مفترض تو جائز ہے پھر۔

2)ابن مسعودؓ نے نماز پڑھائی علقمہ اور اسود کو!

جواب: تو وہ بھی مسجد الطریق ہو گا ورنہ خود ابن مسعودؓ سے نہ پڑھنا ثابت ہے۔

لوگ ابن مسعودؓ کو اپنے گھر لے گئے تو گھر میں پڑھایا اور ایک کو بائیں طرف اور ایک کو دائیں طرف رکھا۔

3)آپ ﷺ نے فرمایا: أکیم یتجر علی ہذا؟ تو ابو بکرؓ نے پڑھائی جماعت ثانیہ!

جواب: 1)امام مفترض تھے اور مقتدی متنفل۔

لا تصلوا صلوۃ مرتین کا یہ بھی مطلب ہو سکتا ہے کہ جماعت ثانیہ مب پڑھو۔

2)صحابہ کرامؓ (ابن ابی شیبہ فی مصنفہ) إذا خلوا فی مسجد قد صُلّی فیہ صلوا فرادیٰ فرادیٰ

[98] فتاوی دار العلوم زکریا (335/2): جماعت ثانیہ کے احکام۔

3)کان عمر یکرہ أن یصلی صلوۃ الجمعۃ بعد ھا أی بعد الجمعۃ مثلھا(طحاوی میں روایت ہے)

4)آپ ﷺ صلح کے لئے گئے تھے تو أقبل من نواحیھا المدینۃ یرید الصلوۃ تو اپنے گھر واپس آئے اور فجمع مع أہلہ (باوجود مسجد نبوی کی فضیلت)تو جماعت کی نماز نہیں پڑھی۔

5)ذہب سالم بعد الجمعۃ إلی مسجد جعفۃ فقیل لہ صلّ.....لا تجمع صلوۃ مرتین۔

-تو احناف، خاص طور پر علماء دیوبند بلکل قائل نہیں ہیں جماعت ثانیہ فی المسجد کے اور حنابلہ اسمیں بہت نرمی برتے ہیں۔

اور اگر مسجد ہی میں پڑھنا ہے تو بتغیر الھیئۃ سے پڑھتے تھے۔(قالہ شمس الدین السرخسی)یعنی امام کی جگہ پر نہیں اور صف اول کو چھوڑ کر امام ابو یوسفؒ کے قول پر فتوی دیتے کہ اگر لوگوں کی عادت نہ بنے تو جائز۔

- صلوۃ باجماعت صلوۃ منفرد سے 27 درجہ زیادہ ہے لیکن معلوم ہوا کہ نماز تو ہو جاتی ہے تو یہ جاماعت کے سنت ہونے کی دلیل ہے۔
- بعض روایت مین 27 اور بعض میں: 25 ہیں! تو فرق کیوں ہے!؟

جواب: 1)اخلاص زیادہ تو 27 درجد اور کم ہو تو 25 مرتبہ؛ 2)جماعت قلیلۃ پر 25

3)فجر اور عشاء مشقت ہے تو 27 اور بقیہ میں 25

4)جھری نمازوں میں 27 اور سری میں 25

5)دور سے آنے والوں کے لئے 27 اور قریب والوں کے لئے 25

6)پہلے اللہ نے 25 بتایا بعد میں 27

7)اعداد میں منافات نہیں اسلئے کہ 27 میں 25 موجود ہے۔

- قائلین سنیت جماعت 1)اس رویت سے استدلال کرتے اور

2)دوسری دلیل ابن مسعودؓ نے کہا: علمنا سنن الھدی وإن من سنن الھدی الصلوۃ بالجماعۃ۔

3)صلوۃ الرجل مع الرجل أزکی من صلوتہ وحدہ تو معلوم ہوا کہ اکیلا بھی نماز جائز ہے لیکن جماعت اعلی ہے۔

4)عمرؓ: لأن أشہد صلوۃ الصبح أحب إلی من أن أقوم اللیل تو احبّ دلیل سنیت جماعت پر دال ہے۔

5)اگر عَشاء اور عِشاء ہو تو عَشاء مقدم کرو عِشاء پر، تو اگر جماعت فرض ہوتی تو طعام کیسے مقدم ہوتا؟

6)إذا ابتلت النعال فصلوا فی الرحال۔

7)ص90 پر: حتی یصلیھا مع الإمام أعظم أجرا.....

8)تفضل صلوۃ الجماعۃ والی روایت میں فضیلت کی بات ہے

-حضرت شیخؒ: خمسٍ وعشرین ضعفًا ہے ایک روایت میں تو حساب لگایا: 33554000 تین کڑوڑ پینتیس لاکھ چون ہزار۔

2^{25}=33554432(فتاوی دار العلوم زکریا میں اسکا حساب ہے[99])

بَابُ فَضْلِ صَلاَةِ الفَجْرِ فِي جَمَاعَةٍ

- فجر کی تخصیص: 1)مشقت زیادہ؛ 2)فرشتے حاضر ہوتے(مشہودًا)

[99]فتاوی دار العلوم زکریا(460/3).

- ماقبل میں وجوب کا باب ہے اور یہاں فضیلت ؟جواب: کوئی منافات نہیں بلکہ وجوب وفضیلت میں زیادہ ثواب ہے نفل سے۔اور شامی میں لکھاہے کہ عام طور پر فرض اور واجب کی فضیلت وثواب زیادہ ہے۔
- اختلاف کی طرف اشارہ ہے:پہلے ان لوگوں کا مسلک ذکر کیاجو وجوب کے قائل اب جو سنت کے قائل ہے
- یہ باب فی الباب ہے۔
- ترجمۃالباب کا مقصد:1)فجر کی فضیلت کا بیان۔ 2)اختلاف کا بیان؛ 3)باب فی الباب(بہتر ہے)
- اشارت کلیبٌ بالأکف الأصابع أی بالأصابع جیسے یہاں خمسٍ آیااور "باء" محذوف اور جزءً سے مراد درجۃً
- ام الدرداء سے مراد ھُجیمہ جو تابعیہ ہے؛ ابو الدرداء:عُویمر بن قیس اور ام الدرداء صحابیہ انتقال کر گئی تھی اور نام:خَیرۃ تھا۔
- نماز ہر جگہ اسی لئے اسکو ذکر کیا،حج ایک مرتبہ زندگی میں اور صوم وزکوۃ امور مخفی ہیں۔
- اس حدیث میں فجر کی تخصیص نہیں تو ہم نے کہا تھا کہ باب فی الباب ہے تو اصل ترجمۃالباب کے ماتحت جو نفس صلوۃ کی فضیلت ہے۔
- یادلالۃ النص ہے جبکہ مطلق صلوۃ کے لئے فضیلت ہے تو دلالت فجر کے لئے بھی(مسکوت عنہ بہ درجہ اولی مراد ہے منطوق سے)۔

بابُ فَضْلِ التَّهْجِيرِ إِلَى الظُّهْرِ

- دوپہر یاھاجرۃ تو تھجیر بہتر جانے کے لئے اور إبراد بہتر ہے نماز پڑھنے کے لئے۔
یاغیر گرمی میں تھجیر بہتر اور إبراد بہتر گرمی میں
یا تھجیر خواص کے لئے اور إبراد عوام کے لئے۔
- غرق سے پناہ مانگا آپ ﷺ نے اسلئے کہ موت فجأۃً ہے یا کبھی مسخ ہو جاتا ہے۔
- 5 بتایااور یہاں صرف 4 کا ذکر ہے:! جواب:1)الشھید شھیدٌ(لایصح)
2)شھید سے مراد قتیل؛ 3)والشھید فی سبیل اللہ شھیدٌ کاملٌ

-شہادت کا مدار 3 چیزوں پر ہے:1)کلفت؛2)فجأۃً؛3)خوف

بابُ احْتِسَابِ الآثَارِ

- ترجمۃالباب کا مقصد:1)جب حرارت میں چلتے ہو تو چھوٹے چھوٹے قدم پر چلو(لاتُبَعِّدِ خُطواک فإن الآثار تکتب)
2)عبادت کے نشانات کا احتساب۔
3)گرمی کی وجہ سے مسجد کو مت چھوڑواسلئے کہ ایک طرف گرمی ہے اور دوسری طرف قدم کے نشانات کا ثواب لکھاجاتا ہے۔

-احتساب کا لفظ اسلئے آیا کہ جب آدمی ثواب کا استحضار رکھتا ہے تو بہت آسان ہو جاتا ہے عمل۔

-لم یرفع قدمہ الیمنیٰ إلا کتب اللہ لہ حسنۃ ولم یضع قدمہ الیُسری إلا حط لہ سیئۃً۔

بابُ فَضْلِ العِشَاءِ فِي الجَمَاعَةِ

- یہ باب ص.....پر گزرا لیکن الگ مقصد کے لئے،وہاں عشاء کی فضیلت اس حیثیت سے تھی کہ اس امت کی خصوصیت ہے۔

بابٌ: اثْنَانِ فَمَا فَوْقَهُمَا جَمَاعَةٌ

- جمع 2 سے ہے یعنی جمع لغوی مراد اور تثنیہ کے لئے کبھی جمع مستعمل ہے: "إذ تسوروا المحراب" اور "فإن كان له اخوةٌ فلأمه السدس" تو 2 بھائی بھی کافی ہے۔
- ترجمۃ الباب میں ابن ماجہ کی حدیث ہے:
- مالک بن حویریث کے 2 واقعات: 1) نوجوان کی جماعت جو آپ ﷺ کی خدمت میں آئے تو آپ ﷺ نے محسوس کیا کہ وہ گھر جانے کے مشتاق ہیں۔

2) مالک بیٹھے تھے آپ ﷺ کے پاس اور دو آدمی آئے جیسے ص 88 پر۔

بابُ مَنْ جَلَسَ فِي المَسْجِدِ يَنْتَظِرُ الصَّلاَةَ وَفَضْلِ المَسَاجِدِ(ص90)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) جالس فی المسجد کو مغموم نہ ہونا چاہئے اسلئے کہ انتظار میں بڑا ثواب ہے۔

2) مسجد کی فضیلت کہ أحب البلاد إلی اللہ ہے اور جسکا دل معلق بالمسجد تو قیامت کے دن عرش کے سائے میں ہو گا۔

- سبعۃ میں حصر نہیں ہے بلکہ 90 تک تعداد جاتی ہے اور 1) فی ظلہ أی خصوصی سایہ اور دوسری روایت میں سایہ 2) ظل المخلوق۔
- ظلہ مرفوع کہ کلام غیر موجب میں ہے (مغرب کے بعد سنت کے 2 رکعات کے بعد 2 رکعات پڑھنے والا بھی اسمیں شامل ہے)۔
- امام عادل کو مقدم کیا لعموم حکومتہ ونفعہ؛ نشأ: تربّی مشتغلاً فی عبادۃ ربہ۔
- معلق: یکون حبُّہ شدید للمسجد یعنی مسجد سے نکلتا ہے تو بے قرار رہتا ہے کہ کب واپس مسجد میں جاؤں۔
- تحابا فی اللہ أی فی نشر وخدمۃ دین اللہ وو تفر قا علیہ: کہ مرتے وقت بھی محبت باقی ہے اللہ کے لئے۔
- اجتمعا قلبًا وجسمًا و تفر قا جسماً (قالبًا) أو بالموت۔
- طلبتْہ: جاریۃٌ ذات منصب کی تخصیص اسلئے کہ زیادہ رغبت ہے اسمیں۔
- لا تعلم شمالہ: مبالغہ فی الإخفاء۔

بابُ فَضْلِ مَنْ خرج(غَدَا) إِلَى المَسْجِدِ وَمَنْ رَاحَ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: مسجد کی طرف جانا اور نکلنا بھی فضیلت (علی نیۃ الرجوع)
- مشہور حدیث[100]: عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ: كَانَ رَجُلٌ بِالْمَدِينَةِ، لَا أَعْلَمُ رَجُلًا كَانَ أَبْعَدَ مِنْهُ مَنْزِلًا، أَوْ قَالَ: دَارًا، مِنَ الْمَسْجِدِ مِنْهُ، فَقِيلَ لَهُ: لَوْ اشْتَرَيْتَ حِمَارًا فَرَكِبْتَهُ فِي الرَّمْضَاءِ وَالظُّلَمَاتِ، فَقَالَ: مَا يَسُرُّنِي أَنَّ دَارِي، أَوْ قَالَ: مَنْزِلِي، إِلَى جَنْبِ الْمَسْجِدِ، فَنُمِيَ الْحَدِيثُ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: "مَا أَرَدْتَ بِقَوْلِكَ مَا يَسُرُّنِي أَنَّ مَنْزِلِي، أَوْ قَالَ: دَارِي، إِلَى جَنْبِ الْمَسْجِدِ؟ " قَالَ: أَرَدْتُ أَنْ يُكْتَبَ إِقْبَالِي إِذَا أَقْبَلْتُ إِلَى الْمَسْجِدِ، وَرُجُوعِي إِذَا رَجَعْتُ إِلَى أَهْلِي. قَالَ: "أَعْطَاكَ اللهُ ذَلِكَ كُلَّهُ " أَوْ " أَنْطَاكَ اللهُ مَا احْتَسَبْتَ أَجْمَعَ " أَوْ " أَنْطَاكَ اللهُ ذَلِكَ كُلَّهُ مَا احْتَسَبْتَ أَجْمَعَ "
- مصنفؒ نے غدا کی جگہ خرج کا لفظ استعمال کیا!

جواب: 1) غدا پر خرج رکھا تا کہ راب بھر شامل خروج اللیل بھی شامل۔

[100] مسند أحمد(21214/139/35).

2) صبح مراد نہیں بلکہ مطلقاً نکلنے پر دلالت کرنے کے لئے جیسے "واِذ غدوتَ" بمعنی خرج۔
-جب راح خرج کے مقابلے میں آیا تو معنی رجع ہے (گھر کو لوٹنے میں شام کو)
-النُّزُلگ مایعد للضیف أول مانزل۔
-یا غدا معنی نکلنا اور اس پر رات کے لئے قیاس کیا جائے گا۔

بابٌ: إِذَا أُقِيمَتِ الصَّلاَةُ فَلاَ صَلاَةَ إِلَّا المَكْتُوبَةَ

- ظہر اور عشاء میں اتفاق ہے کہ نماز کھڑی ہونے کے بعد سنت نہ پڑھی جائے گی۔
- فجر میں اختلاف ہے: کؒ رحؒ اور فؒ اور دؒ: یکمِّلُ ھُما عاجلاً اِذا شرع؛ ظاہریہ کے نزدیک سنت فاسد۔
- اگر شروع نہیں کی تو فؒ اور دؒ: سنت نہیں پڑھے گا اور کؒ اور رحؒ: سنت پڑھ سکتا ہے شرائط کے ساتھ اور رحؒ: اگر اِدراک الرکعۃ الأولی ہو سکتا ہو اور خارج المسجد ہو۔
- پھر امام محمدؒ نے توسیع کی پہلی شرط میں آخری قعدہ تک پھر امام طحاوی نے اور توسیع کی دوسری شرط میں کہ داخل المسجد بھی پڑھ سکتا ہے۔ تو امام فؒ اور دؒ اس حدیث سے استدلال کرتے جو ترجمۃ الباب میں ہے۔
- احناف: حدیث میں استثناء رکعتین کا آیا لیکن سند میں حجاج بن نُصیر ہے جو ضعیف ہے اور دوسری سند میں عباد بن کثیر ہے جنکے بارے میں لکھا: کان من الصالحین اور ابن معین نے صدوق کہا۔
- ابن عباسؓ میمونہؓ کے گھر پر سنت فجر پڑھتے تھے۔
- ابو الدرداءؓ: صلاھما فی ناحیۃ المسجد؛ ابن عمرؓ: صلاھما فی بیت حفصۃ (اپنی بہن)
- ابن مسعودؓ کی روایت: سعید بن العاص جو گورنر تھے، انہوں نے ابو موسی اشعریؓ اور ابن مسعودؓ کو بلایا تو ابن مسعودؓ نے ستون کے پیچھے 2 رکعات پڑھ لی (صلاھما اِلی سارِیۃ المسجد)۔
- فلا تصلوا صلاۃً أخری مخلوطۃً بالصفّ اور اسکی تائید آگے آنے والے باب ہی میں۔
- عبد اللہ ابن مالک بن بُحینۃ: مالک شوہر ہے اور بُحینۃ بیوی ہے اسلئے بن پر ہمزہ نہیں آیا۔
- عمرؓ، معاذ بن جبلؓ، حذیفۃؓ، ابو الدرداءؓ اور ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ انہوں نے رکعتین پڑھا تھا۔
- مالک بن بُحینۃ خطا ہے اصل اسمیں بتلانا کہ عبد اللہ مسلمان ہے ورنہ مالک کا اسلام لانا ثابت نہیں۔
- سنۃ الفجر اور دوسری سنت میں فرق: 1) یہ سنت مشابہ بالواجب ہے؛ (آپ ﷺ: لا تدعھما ولو طردتکم الخیل)؛ 2) اور جتنی پابندی کی فجر کی سنت کے لئے کسی اور کے لئے نہیں کی۔

بَابٌ: حَدُّ المَرِيضِ أَنْ يَشْهَدَ الجَمَاعَةَ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: جماعت میں حاضر ہونے کی ترغیب۔
- حدّ: حدۃ سے: 1) مشقت پر اسکا اطلاق ہے یا 2) حدٌّ: بمعنی انتھاء، جب سہارا ہو کہ آسکتا ہے (اِلی ہذا الحدّ)۔
- ایک نسخے میں جِدٌّ: کوشش۔
- حضرت شیخؒ: اگر دوسرے کے سہارے پر آسکتا ہے تو آجائے تاکیداً اور اگر نہ ہو تو استحباب پر محمول ہے۔
- مریض آسکتا ہے مسجد میں اگر: 1) تلویث کا خطرہ نہ ہو؛ 2) ضرر پہنچانے کا خطرہ نہ ہو۔

- اِ نکن صواحب:1)جس طرح عورتوں نے پریشان کیا تھا یوسفؑ کو تو تم بھی پریشان کرتے ہو۔

2)جس طرح انہوں نے اصرار کیا تو تم بھی....

3)ایک چیز کو ظاہر کرتی اور اندر سے کچھ اور چھپاتی ہو(جیسے کہ یوسفؑ کے زمانے میں اوپر سے ضیافت اور اندر سے زیارت)اوپر سے پھل کی دعوت اور اندر سے رؤیت۔

سوال:مقتدی امام کے دائیں طرف ہونا چاہئے،کیوں؟

جواب:1)جب کوئی قیمتی چیز ہو تو اسکی حفاظت کے لئے داہنی طرف رکھی جاتی ہے۔

2)مقتدی ایک صف کے قائم مقام ہے تو صف دائیں طرف سے شروع ہوتا ہے۔اور دائیں طرف کو زیادہ فضیلت حاصل ہے۔

-رجلین:کون تھے؟1)عباسؓ اور2)فضل بن عباسؓ(ابن ماجہ میں بریرۃ تھی لیکن یہ صحیح نہیں ہے)۔

بَابُ الرُّخْصَةِ فِي المَطَرِ وَالعِلَّةِ أَنْ يُصَلِّيَ فِي رَحْلِهِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد:ترک جماعت جب زور کی بارش ہو جائز ہے تو اسی طرح ہے جب بیماری ہے۔
- خلاصہ یہ ہے کہ اعذار ترک الجماعۃ کو بیان کیا کہ ان دو کی وجہ سے یعنی بیماری یا شدید بارش ہو اور اسی پر قیاس کرو۔
- مدافع الأخبثین،لنگڑا،خوف علی النفس والمال وغیرہ
- شامی میں 20 اعذار تک بیان کیا[101]:اور میں نے اسکو ایک جملہ میں جمع کیا:" جمع الخوف والظلمۃ"

ج:جوع؛ م:مطر،مرض،مدافع الأخبثین(اور مطر کے ساتھ ریح،برد بھی متعلق ہے)؛خ:خوف علی النفس والمال اور ظلمت خود ایک وجہ ہے۔

- حضرت عتبانؓ کو گھر پر نماز پڑھنے کی اجازت ملی لیکن ابن ام مکتوم کو نہیں!کیسے؟[102]

جواب:1)ابن ام مکتوم قریب رہتے اور اذان سن سکتے تھے۔

2)عتبان کے بدن بھاری تھا اور ابن ام مکتوم دبلے پتلے تھے۔

3)عتبان امام قومہ تھے اور ابن ام مکتوم مسجد نبوی میں پڑھتے تھے

4)عتبان اصل أعمی نہیں تھے اور ابن ام مکتوم مادر زاد اندھے تھے۔

5)ابن امکتوم کا تعلق آپ ﷺ سے زیادہ تھا۔

بَابٌ: هَلْ يُصَلِّي الإِمَامُ بِمَنْ حَضَرَ؟ وَهَلْ يَخْطُبُ يَوْمَ الجُمُعَةِ فِي المَطَرِ؟

- ترجمۃ الباب کا مقصد:صلوا فی الرحال:امر وجوب کے لئے نہیں لیکن جو مسجد میں آئیں گے تو باجماعت نماز ادا کریں گے۔
- بمن حضر:1)فی المسجد؛ 2)فی البیت۔
- "ھل"1)اختلاف کی طرف اشارہ ہے:جو اصحاب عذر انکے ساتھ جمہ منعقد ہوتا ہے یا نہیں؟
- ائمہ ثلاث:منعقد ہے۔ کؒ:لاینعقد بالمرضٰی(ہاں مسافر سے منعقد ہو سکتا ہے)۔

---

[101] شامی(306/1)اور فتاوی دار العلوم زکریا(630/2).

[102] یہ سوال ص115پر بھی گزر چکا.

- بارش کی وجہ سے خطبہ ساقط نہیں ہے۔

2)اشارہ ہے کہ جنکے نزدیک نماز نہیں تو خطبہ بھی نہیں

-اذان کا حکم: محل ترجمہ ہے کہ اذان جماعت کے لئے۔

- اِنھا عزمۃٌ: اِن الجمعۃ لازمۃٌ لیکن یہ رخصت ہے۔

-اَو تلکم:1)حرج؛ 2)اَو تعکم فی الضرر؛ 3)گناہ میں(اثمٌ کبیر ومنافع: گناہ کے معنے میں نہیں)؛ 4)بارش میں کپڑے گیلے جس سے نجاست کا خوف۔ اور کثیر بھاری تو یہ ثقیل ہو گا تم پر۔

-رجلاً ضخمًا: عتبان بن مالک ہے یا نہیں؟ بعض کہتے کہ عتبان کے لئے ضریر البصر آیا تھا اور عتبان اپنی مسجد کے امام تھے اور یہ مسجد نبوی ہے۔

-اکثر محققین: تطبیق: اپنی مسجد میں آسکتے تھے کثیرًا وغالبًا اور مسجد نبوی میں اَحیانًا۔

-چٹائی پر پانی چڑکا تو یہ مطر کی طرح نہیں(مطر بھی عذر اور آنکھوں کا خراب ہونا بھی عذر)۔

-حصیر: حصر سے ہے: اپنے آپکو محبوس رکھنا اور پہلے پردے کے لئے مستعمل تھی۔

-مسلم: من صلی الضحی بنی اللہ لہ بیتًا فی الجنۃ

-مارأیتہ صلاھا:1)جلوت میں عند الناس؛ (تداعی نہیں ہے) 2)بالجماعۃ اِلا یومئذ۔

بَابٌ: إِذَا حَضَرَ الطَّعَامُ وَأُقِيمَتِ الصَّلاَةُ

- عشاء کو عِشاء پر مقدم کرے؛
- ترجمۃ الباب کا مقصد: اشکال: صلوۃ اہم ہے تو مناسب یہ ہے کہ اسکو مقدم کرے! تو بتایا کہ نہیں۔
- شرائط: رحٌ: مقدم کرے اِذا کان الطعامُ شاغلاً(اور وقت تنگ نہ ہو)

کٌ: اِذا کان الطعام قلیلاً والطاعم کثیرًا؛ فٌ: طعام کے خراب ہونے کا خطرہ ہو تب مقدم کر سکتے۔

- اور یہ حالت اکثر صوم میں پیش آتی ہے اسی لئے بعض نے مخصوص کیا روزے کے ساتھ۔
- امر ظاہر یہ کے نزدیک وجوب کے لئے ہے اور ہمارے نزدیک اباحت۔

بَابٌ: إِذَا دُعِيَ الإِمَامُ إِلَى الصَّلاَةِ وَبِيَدِهِ مَا يَأْكُلُ

- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)امام کو چاہئے کہ صلوۃ کو مقدم کرے طعام پر اسلئے کہ سب اسکا انتظار کر رہے۔

2)اتنا کھائے کہ چلنے کے قابل رہے۔

3)کھانا مقدم کرنا امر واجب نہیں بلکہ مباح ومستحب کے درجے میں ہے۔

4)اسمیں عزیمت(نماز کو مقدم کرنا)اور رخصت یہ ہے کہ کعام کو مقدم کرے۔

5)امام تو قان(شدید خواہش)ہو تو تقدیم الطعام ہے۔

بَابٌ: مَنْ كَانَ فِي حَاجَةِ أَهْلِهِ فَأُقِيمَتِ الصَّلاَةُ فَخَرَجَ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اشکال کا جواب: یہ ایسا ہے کہ تیمم کا مسئلہ معلوم ہوا تو ہر وقت تیمم کرتا ہے، کھانا اور پینا الگ بات ہے!

جواب: فخرج وفرغ من سائر الحاجات؛

بَابٌ: مَنْ صَلَّى بِالنَّاسِ وَهُوَ لاَ يُرِيدُ إِلَّا أَنْ يُعَلِّمَهُمْ صَلاَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسُنَّتَهُ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: ماقبل سے مناسبت: نماز پڑھاتا ہے لیکن دل مشغول ہے کھانے میں (بھوک کی وجہ سے) تو پھر بھی نماز ہوگی۔
- مادوسرے کو سکھائیں گے تو ریاکاری نہیں کہیں گے، اگر کسی مصلحت دینیہ کی وجہ سے نماز یا روزہ رکھے تو پھر بھی مقبول ہے۔
- ابوابوالإمامۃ چل رہا ہے اور یہ نہیں، ریاء الشیخ اولی من إخلاص المرید۔
- شیخ: عمرو بن سلمۃؓ؛ جلسہ استراحت مالک بن حوریث کرتے اور آپ ﷺ نے انکو سکھایا تھا عذر کے موقع پر یا آپ ﷺ کے بدم بھاری ہو گیا تھا یا یہ بھی ایک طریقہ ہے لیکن غیر معروف اسلئے کہ کوئی نہیں کرتا تھا۔
- مسیء الصلوۃ کی حدیث میں ہے کہ سجدتین کے بعد سیدھے قائم ہوئے (ج2/ص986) تو وہاں بیان کیا فی غیر محلہ۔
- ایک روایت میں: لاتبادرونی فی الرکوع فإنی قد بدّنت۔

بَابٌ: أَهْلُ العِلْمِ وَالفَضْلِ أَحَقُّ بِالإِمَامَةِ (ص93)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: کون احق بالإمامۃ ہے؟؛ دسؒ ف ؒ (غیر مشہور قول): اقرء أحق ہے؛ حؒ کؒ فؒ: أعلم أولی ہے۔
- درجات: أعلم پھر أسن، أحسن خلقًا، أحسن وجھا: أقرؤھم لکتاب اللہ کا مطلب اکثر قراءۃ لکتاب اللہ۔
- ابو بکرؓ أعلم تھے (ص67)
- ماکنت لإصیب منک خیرا (یہ بات حفصہؓ نے محض عائشہؓ کی موافقت کے لئے کہا)۔
- انسؓ نے آپ ﷺ کی خدمت کی 10 سال۔
- برؤیۃ النبی ﷺ: اسکو توجہ کہتے؛ آپ ﷺ کی وقات پیر کو ہوئی۔
- ابن لھیعۃ کی روایت قابل توجہ نہیں جسمیں آپ ﷺ نے ایک رکعت کی نماز پڑھائی۔

بَابُ مَنْ قَامَ إِلَى جَنْبِ الإِمَامِ لِعِلَّةٍ

- جگہ کی تنگی کی وجہ سے کھڑے ہونے میں دشواری ہو گی امام کے پیچھے۔
- لوگ ابو بکرؓ کی آواز اور نقل وحرکت کی تابعداری کرتے تھے کہ آپ ﷺ جو اصل امام کی آواز بہت پست تھی۔
- آپ ﷺ بائیں طرف بیٹھے اور صفوں کو چیر کر آئے تو معلوم ہوا کہ آپ ﷺ امامت چاہتے تھے اور آپ ﷺ کا قول مخالف "إن کما کنت" تو گویا فعل اور قول میں تضاد ہے!؟

جواب:1) جب آدمی کے لئے کوئی جگہ متعین ہے تو وہیں جانا چاہئے کہ اسمیں بے تکلفی وآسانی ہے (جیسے کوئی استاد آئے اور پیچھے بیٹھے)۔

2) ینبغی للإنسان أن یستعدّ لما وسیقع: دل کی بات تھی کہ آپ ﷺ آگے رہے لیکن اگر ابو بکرؓ آگے نہ رہنا چاہے تو کیا ہو گا؟ تو اسلئے آگے بڑھے (جیسے مؤذن صاحب کو تیار رہنا چاہئے کہ اگر امام نہ ہو تو کیا پڑھیں گے) الاستعداد لما سیقع اور ممکن ہے کہ فعلاً مجھے آگے کر دیں گے (اور یہی ہوا یہاں) اسلئے کہ آپ ﷺ نے کہا کہ آگے رہے تو پیچھے ہٹے اور عبد الرحمن بن عوف سفر میں: جب آپ ﷺ نے کہا کہ آگے رہے تو آگے رہے۔ (یہ کیوں؟)

جواب:1) عبد الرحمن بن عوفؓ کی امامت سفر میں تھا اور ایک رکعت ہو چکی تھی۔

2)ابو بکرؓ نے ادب پر عمل کیا اور عبد الرحمن بن عوفؓ نے امر پر عمل کیا(الأمر فوق الأدب إذا کان الأمر مؤکدًا والأدب فوق الأمر إذا کان الأمر غیر مؤکدٍ أو لإجابۃ اور خلفاء راشدین اکثر ادب پر عمل کرتے تھے (قرطاس کا واقعہ)۔

- آپ ﷺ گود میں سو رہے تھے تو اٹھایا نہیں حتی کہ نماز قضاء ہوئی تو یہ ادب ہے۔
- قریش جب عثمانؓ کو کہا کہ آپ عمرہ کرو(حدیبیہ کے موقع پر)

بَابُ مَنْ دَخَلَ لِيَؤُمَّ النَّاسَ، فَجَاءَ الإِمَامُ الأَوَّلُ، فَتَأَخَّرَ الأَوَّلُ أَوْ لَمْ يَتَأَخَّرْ، جَازَتْ صَلاَتُهُ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: خلافی مسئلہ کو بیان کرنا ہے: جب غیر امام نماز پڑھا رہا ہے تو امام راتب آگے بڑھے گا۔
- فؒ اور دؒ: امام راتب آگے بڑھے گا جیسے ابو بکرؓ خود پیچھے ہوئے۔
- احناف مالکیہ: نہیں بڑھے گا امام راتب جبکہ اجازت ہو سوائے یہ کہ امام محصور ہو جائے یا وضوء ٹوٹ جائے یا اجازت نہ ہو۔
- فؒ دؒ: ابو بکرؓ کو اجازت تھی پھر بھی پیچھے ہٹے!؟

جواب عند الأحناف: 1) آپ ﷺ کی خصوصیت کی وجہ سے۔ 2)ابو بکرؓ حصر میں مبتلا ہوئے (یعنی زبان بند ہو گئی)

- استأخر أبو بکرؓ: 1) فحمد اللہ علی أمر رسول اللہ ﷺ بالإمامۃ؛ 2)حصر کی وجہ سے۔

3)اسلئے کہ نہیں ہو سکتا کہ آپ ﷺ مقتدی بنے اور میں امام رہوں (امتی کی حیثیت سے)

- فحمد اللہ؟ کیسے؟ فعلاً: ہاتھ اٹھائے یا قولاً: سبحان اللہ یا الحمد للہ کہا۔

بَابٌ: إِذَا اسْتَوَوْا فِي القِرَاءَةِ فَلْيَؤُمَّهُمْ أَكْبَرُهُمْ

- جب سب امامت یعنی قراءت و علم میں برابر ہو تو پھر اکبر کی طرف جائیں گے۔ و أکبر أی أکثر عمرا فی الإسلام
- مصنف کی ترتیب بہ ظاہر حدیث کی ترتیب کے خلاف ہے اسلئے کہ حدیث میں أقرؤہم پھر أعلمھم بالسنۃ پھر اقدمھم ہجرۃً

جواب: 1) أکبرھم: أکثرھم عمرًا فی الإسلام اور أقدمھم ہجرۃً برابر ہے۔

2)اور ہجرت منقطع ہو گئی فتح مکہ کے بعد (اسی لئے ذکر نہیں کیا)۔

3)ہجرت کے اعتبار سے سب صحابہؓ برابر تھے اسی لئے أکبر کہا۔

بَابُ إِذَا زَارَ الإِمَامُ قَوْمًا فَأَمَّهُمْ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1)امام جب کسی جگہ یا قوم کے پاس آئے تو اجازت لینے کی ضرورت نہیں إلا استحبابًا۔

2)امام المسلمین بغیر اجازت کے پڑھائے تو اعادہ کی ضرورت نہیں۔

3)اس شبہ کو دفع کرنا ہے: إذا زار الرجل أو الإمام قومًا فلایؤمھم إلا رجل منھم۔

بَابٌ: إِنَّمَا جُعِلَ الإِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1)مقتدی امام کی تابعداری کرے گا إلا کہ امام نے کسی فرض کو چھوڑا کسی عذر کی وجہ سے مثلاً امام نے قیام چھوڑ دیا تو مقتدی نہیں چھوڑے گا۔

2)امام احمدؒ کی تردید: انکے نزدیک اگر امام بیٹھا ہے تو مقتدی بیٹھ سکتا ہے وجوبًا یا استحبابًا یا اِباحۃً

3)مقتدی فرض کو نہیں چھوڑے گا اگر امام سے پہلے سر اٹھایا تو واپس آئے گا امام کے ساتھ موافق ہونے کے لئے۔

-حسن بصریؒ کا قول: اگر 2 رکعات کے سجدے نہ کئے اسلئے کہ بہت سے لوگ تھے (ہجوم) یا کسی اور وجہ سے اور اگر سجدہ چھوٹ گیا پھول کی وجہ سے تو آخر میں ادا کرے گا۔

-معلوم ہوا کہ فرائض معاف نہیں ہوتے؛ احناف کے نزدیک اگر ہوجوم ہو تو یسجد علی ظھر المصلّی؛ کؒ: زمین پر سجدہ کرے گا۔

-اگر ایک رکعت میں امام سے پہلے رکوع وسجدہ کیا اور موافقت نہیں ہوئی امام کے ساتھ تو سلام کے بعد ایک رکعت بڑھادے گا، گویا وہ رکعت ہوئی ہی نہیں تو اسکی دوسری رکعت پہلی شمار ہوگی۔

-اگر سب سجدے امام سے پہلے کئے اور موافقت نہ ہوئی تو دو رکعات کو قضاء کرے گا اسلئے کہ پہلا سجدہ شمار نہیں کیا جائے گا۔

-اگر سب رکوع امام سے پہلے کیا تو شامی میں لکھا کہ 4 رکعات قضاء کرے گا اسلئے کہ رکوع نہیں ہوا پھر سجدہ ہوا اور یہ شکل پیدا ہوا کہ سجدہ قبل الرکوع تو کوئی بھی رکعات نہیں ہوئی، لیکن علامہ رافعی نے لکھا کہ 2 رکعات قضاء کرے گا اسلئے کہ دوسرے رکوع پہلی رکعت کے لئے شمار ہوگا، اور یہ معقول ہے۔ (مسئلۃ السجدۃ کو حضرت شیخؒ نے لامع کے حاشیہ پر بیان کیا ہے)

-اگر امام کے ساتھ رکوع کیا اور 2 سجدے نہیں کئے اور دوسری رکعات میں 4 سجدے کئے تو ایک رکعت لازم، وہ 2 سجدے شمار نہیں ہونگے

دلیل: لأن الثانیۃ حصلت قبل اِتمام الأولی۔ (شامی نے لکھا کہ 4 رکعات کی قضاء کرے گا)

- دوسری حدیث: امامؒ کا مستدل ہے کہ قیام لازم نہیں اور یہ مرض وفات کا واقعہ ہے۔
- مرض وفات کے قصے سے اتنا پتہ چلتا ہے کہ صحابہؓ نے قیام کیا لیکن فرضیت کہاں سے ثابت ہے؟!

جواب: جبکہ انہوں نے کھڑے ہوکر نماز پڑھی تو معلوم ہوا کہ قعود منسوخ ہے ورنہ چند صحابہؓ بیٹھ کر پڑھتے۔

- صلی قائمًا فإن لم تستطع فقاعدًا فإن لم تستطع فإلی جنبک (یہ اس واقعہ کے بعد ہے) اور قوموا للہ قانتین بھی حکم آیا ہے تو شیخ البانی کا اشکال دفع ہوا (مشکوۃ کے حاشیہ میں لکھا انہوں نے)
- کؒ: قاعد کے پیچھے معذورین نماز پڑھیں گے۔ دؒ: ایک روایت: جلوس جائز ہے امام راتب کے پیچھے جو ابتداء سے بیٹھے اور بیماری کے زوال کی امید ہو۔
- رکوب فرس والا واقعہ 5ﷺ فجحش: چمڑا اتر جائے؛ انسؓ: بیان الافعال کے لئے۔ اور بیان الأقوال والافعال کے لئے ابو موسیٰؓ اور ابو ھریرۃؓ کی روایت ہے جسمیں: وإذا قرأ فأنصتوا۔
- اشکال: فصلینا وراءہ قعودًا، وہاں ص 95 میں وصلی وراءہ قومٌ قیامًا!؟

جواب: 1) وہاں بعض لوگ کھڑے تھے تو انکو کہا بیٹھ جاؤ اور بعض.....

2) قیامًا ابتداء پر محمول ہے اور قعودًا انتہاء پر محمول ہے۔

3) یہ 2 واقعات ہیں کہ کھڑے تھے تو کہا اجلسوا فرض نماز میں اور قیامًا والی بات نفل میں تو انکو قائم رکھا بر قرار رکھا۔

-امام بخاریؒ ائمہ ثلاث کے موافقت کرتے یعنی امامؒ کے مخالف (قال ابو عبد اللہؒ...)

بابٌ: مَتَى يَسْجُدُ مَنْ خَلْفَ الإِمَامِ؟(ص96)

- مقتدی کے لئے 3 اوقات: 1) ابتداء یعنی اگر امام سے پہلے کیا تو نہیں ہو گا۔

2) وقت السلام: اگر تقدیم کیا امام پر سلام میں تو فؒ کے نزدیک: فاسد؛ کؒ: مقارنت یا تقدیم کی صورت ہو تو نہیں ہو گی۔ حؒ: تقدیم کی صورت میں ہو جائیگی اگرچہ کراہت ہے اور مقارنت میں بھی ہو گی۔

-احناف: مقارنت ہے حیث یشعر بالحرکۃ؛ معاقبت: امام پہنچ گیا سجدہ میں تو پھر شروع کرے گا۔

-احناف کا اصل مذہب مقارنت کا ہے اسلئے کہ "إذا" ظرفیہ ہے: إذا سجد فاسجدوا أی وقت سجودہ۔

مثال: إذا قرئ القرآن فاستمعوا أی وقت القراءۃ لیکن مقارنت میں چونکہ تقدیم کا اندیشہ ہے تو اسی لئے فتوی معاقبت پر ہے (سمؒ کے قول پر) اور مقارنت حؒ اور کؒ کا مسلک ہے، تو اس حدیث کو محمول کریں گے اس پر کہ آپ ﷺ کے بدن بھاری ہو گیا تھا.

بَابُ إِثْمِ مَنْ رَفَعَ رَأْسَهُ قَبْلَ الإِمَامِ

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) اگر سر اٹھایا امام سے پہلے تو گناہ ہے لیکن نماز فاسد نہیں

2) تقدم نہیں ہونا چاہئے امام پر

3) امام کے ساتھ موافقت ہونا چاہئے ابتداءً وانتہاءً

-ابن خزیمہ کی روایت میں سجود کا ذکر ہے۔

-یجعل اللہ صورتہ صورۃ حمار: 1) حمار کی شکل پر اسکو اٹھایا جائے گا۔

2) ممکن کہ دنیا میں حمار کی شکل بنادے (جیسے کہ ملا علی قاریؒ نے ذکر کیا مرقاۃ میں[103])

3) مثل فی الحماقۃ: امام کو چھوڑا اور خود امام بن گیا گویا

بَابُ إِمَامَةِ العَبْدِ وَالمَوْلَى

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) کؒ کی تردید جو کہتے ہیں کہ امامۃ العبد مکروہ ہے۔

2) فؒ دؒ سمؒ: مکروہ ہے مصحف سے پڑھنا؛ دؒ کی دوسری روایت اور کؒ: نوافل میں ممکن ہے۔ اور حؒ: عمل کثیر کی وجہ سے ناجائز ہے۔ ہاں اگر تقلیب اوراق نہ ہو اور پہلے سے یاد ہو تو صرف کراہت رہے گی۔

-عائشۃؓ: یؤمّها عبدها: 1) پڑھتے تھے پھر رجوع کرتے تھے۔

2) مصحف میں پڑھتے تھے نہاراً او بالحفظ لیلاً

-مصحف: مکتوب بین الجلدین۔

-یہ معمہ ہے(یعنی جس کا سمجھنا مشکل، عربی میں لُغز کہتے اور اسکی جمع اَلغاز ہیں)تو معمہ یوں ہے کہ کونسی باب ایسی ہے کہ صحابہ کرام نے آپ ﷺ سے اور آپ ﷺ نے اللہ سے اور اللہ نے بندے کے کلام کو نقل کیا؟ تو اسکا جواب یہی حدیث ہے جسمیں یہ واقعہ ہے کہ جنات نے سُنا اور فوراً ایمان لائے تو آپ ﷺ نے جنات کو نہیں دیکھا تھا اور اللہ تعالی نے ان کی بات نقل کی قرآن میں(سورۃ الجن).....اس سے پتہ چلتا کہ فجر میں جہر تھا۔

بَابُ الجَمْعِ بَيْنَ السُّورَتَيْنِ فِي الرَّكْعَةِ(حدیث:775)

- قراءت کے مختلف مسائل کا بیان۔
- ایک ہی رکعت میں 2 سورت کو ملانا اگر احیاناً ہو تو ٹھیک ہے لیکن ہمیشہ کرنے سے کراہت پیدا ہوتی ہے: ابو بکر بن عبد الرحمن بن الحارث: لا يُجمع بين سورتين في ركعة واحدة۔ حدیث: أعط كل ركعة حظها من السورة (أو كما قال)
- زید بن ثابتؓ: ما أحبّ أن أجمع بين سورتين في ركعة واحدة۔
- والقراءة بالخواتيم: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک صحیح اور احناف بھی کہتے کہ جائز ہے یعنی گنجائش ہے۔ اور بعض کے نزدیک مکروہ ہے لیکن الأصح أنه لا يكره (جیسے شامی میں اور منیۃ المصلی میں ہے)۔
- تیسرا مسئلہ: سورۃ قبل سورۃ پڑھنا: کؒ: مکروہ ہے؛ فؒ دؒ: جائز ہے پھر جب ترتیب عثمانی پر اجماع ہوا تو یہ مروج ہو گیا۔
- ما استدل به المصنف كان قبل الإجماع على ترتيب العثماني۔
- چوتھا مسئلہ: ابتداء سورت کی قراءت صرف: جہور کے نزدیک کراہت نہیں اور کؒ کے نزدیک کراہت ہے۔
- عبد اللہ بن السائبؓ نے آپ ﷺ کے پیچھے فجر کی نماز پڑھی یہاں تک کہ حضرت موسیٰؑ اور حضرت ہارونؑ کا ذکر یا حضرت عیسیٰؑ کا ذکر آیا تو کھانسنے لگے اور رکوع کر لیا۔
- کؒ کی تردید ہے جو اول السورۃ کے قائل
- دونوں روایت ہے: فجر اور ظہر میں طوال اور عصر و عشاء میں اوساط مفصل اور مغرب میں قصار مفصل پڑھنا چاہئے: عمرؓ نے اپنے گورنر کو لکھا (مؤطا امام مالک میں مذکور ہے صحیح سند کے ساتھ بامصنف ابی شیبہ میں)۔
- اور احیانا دوسری جگہ سے بھی پڑھنا چاہئے تاکہ قرآن کا ترک کرنا لازم نہ آجائے (جیسے مفتی سعید نے تحفۃ الألمعی میں لکھا)۔
- تو فجر میں 40 سے 50 آیتیں پڑھنا چاہئے تو کہیں سے بھی ہو اور بہت سی روایت ہیں جہاں غیر مفصل میں سے پڑھنا صحابہؓ سے بھی ثابت ہے: صحابی جب فجر کی نماز میں زخمی کئے گئے تھے تو اس وقت غیر مفصل سے پڑھ رہے تھے؛ آپ ﷺ نے مغرب میں أعراف بھی پڑھا ہے؛ ابو بکرؓ نے بقرۃ کا کچھ حصہ پڑھا تھا اور عمرؓ نے آل عمران اور 130 آیات سورۃ بقرۃ کی۔
- مثانی میں: ڈبل یعنی آیات الرحمۃ والرحمۃ دونوں ملی ہوئی ہیں۔
- پانچواں مسئلہ: تکرار السورۃ مکروہ ہے اور ضرورت کے موقع پر جائز ہے: دلیل: وہ صحابی جو قل هو الله أحد بار بار پڑھتے تھے نماز میں یعنی شروع رکعت میں پڑھتے تھے اور پھر دوسری سورت ملاتے اور بعض روایت میں ہے کہ آخر میں پڑھتے تھے۔
- تو آپ ﷺ نے انکے عمل کو رد نہیں کیا بلکہ انکی شفقت و محبت کی تعریف فرمائی اور یہ مصلحت کی وجہ سے تھا اسی لئے بدعت نہیں کہا جائے گا۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ جو لوگ سنت نہ سمجھ کر دوسری چیزیں پڑھتے ہیں مثلاً حافظہ کے لئے پیشانی پکڑ کر یا قویؒ پڑھتے تو یہ بدعت نہیں کہا جائے گا اسلئے کہ یہ مندوب نہیں بلکہ یہ میرا محبوب ہے۔
- ص 107 پر مفصل باعتبار اکثر ہے اسلئے کہ اسمیں سورۃ دخان ہے جو مفصل سے نہیں ہے۔
- مطلب یہ ہے کہ اسرعتَ فی القراءۃ یعنی قراءت کو کاٹ دیا جیسے شعر کو کاٹا جاتا ہے (یعنی تقطیع کر کے جیسے کہ اشعار کا وزن)
- اشکال: اشعار کو تو لوگ کاٹ کاٹ کے نہیں پڑھتے بلکہ مزے لیکر اور لمبے لمبے پڑھتے ہیں!

جواب: 1) اگر شعر فخر مفاخرہ یا ضرب المثل کے طور پر پڑھتے تو جلدی پڑھتے ہیں (ہذا الایفہم)

2)حضرت شیخؒ: اگر اسکی جگہ شَعر ہوتا تو بہتر کہ شعر کو قینچی سے ٹک ٹک جلدی کاٹتے ہیں۔

3)مفتی صاحب کا خیال: شعر سے مراد تقطیع ہے کہ شعر کے بعض حروف آگے پیچھے اوپر نیچے ہو جاتے ہیں یعنی جب وزن شعری کے مطابق پڑھا جاتا ہے تو کاٹنا پڑتا ہے جیسے جرحات الـ سِّنان لها الـ تِيَامُ.ولا يلـ تام ما جرح الـ لِّسانُ.

- اشکال: تقطیع تو امام خلیل فراہیدی نے مرتب کیا تو تقطیع کا معنی کیسے مراد لیا؟

جواب: پہلے وزن شعری کا لحاظ ہوتا تھا لیکن قانون مرتب نہیں تھا جیسے کہ فاعل مرفوع ہوتا ہی ہوتا تھا اگرچہ نحو کے قواعد بعد میں مرتب کئے۔

- يُقرِنُ: 11 یا 9 بہ خلاف ظاہر کہ وتر میں 3 الگ سورتیں پڑھتے تھے (سبح اسم؛ سورۃ الکافرون اور اِخلاص) تو 8 رکعاتیں باقی بغیر وتر۔
- عشرین سورۃً میں سورۃ دخان مجازًا ہے تو مفصل کا اطلاق اسپر مجازی ہے، 2 سورت ہر رکعت تو 10 رکعات۔8 اور 2 رکعات جو وتر بعد کو شامل (حاشیہ 10)۔
- اقبال کا شعر: تند ہی باد مخالف سے نہ گھبرائے اے عقاب یہ تو چلتی ہے تجھے اونچا اڑانے کے لئے

بَابٌ: يَقْرَأُ فِي الأُخْرَيَيْنِ بِفَاتِحَةِ الكِتَابِ(ص107) (حدیث:776)

- فؒ: کی تردید جو کہتے ہیں کہ اخریین میں ضم سورت ہے۔فؒ کا قول جدید: ضم سورت مستحب آخری 2 رکعتوں میں۔
- دؒ: ضم سورت اخریین میں واجب ہے؛ احناف: اگر ضم کیا تو سجدہ سہو نہیں ہے اور فاتحہ نہ پڑھے تب بھی ٹھیک ہے اسلئے کہ علیؓ نے کہا کہ تسبیح یا سکوت ایک روایت میں۔
- فاتحہ کو "اُمُّ الکتاب" کی کیا وجہ ہے؟

1)پورے قرآن کے مضامین اسمیں موجود ہے گویا اسکا خلاصہ اور نچوڑ ہے: 1)توحید، 2)رسالت، 3) تخویف، 4)بشارت، 5)احکام، اِیاک نعبد: عبادت قلبی وبدنی ومالی وقولی سب اللہ کے لئے، 6) قیامت: مالک یوم الدین۔

2)حاجۃ الإنسان إلی اللہ تعالی: 1) ہم مدد مانگتے ہیں اللہ سے تو یہ الوہیت کا ثبوت۔2)الرحمٰن الرحیم: رحمت عامہ وخاصہ، انسان کی طرف سے عادت واستعانت اور اللہ کی طرف سے رحمانیت اور رحیمیت ہے۔

3)ترغیب وترھیب پر مشتمل ہے۔

4) قرآن کا خلاصہ اصلاح العلم والعمل ہے اور اسکا خلاصہ فاتحہ میں ہے۔

بَابُ مَنْ خَافَتَ القِرَاءَةَ فِي الظُّهْرِ وَالعَصْرِ (حدیث:777)

- ان لوگوں کی تردید ہے جو کہتے کہ سری نماز میں اگر جہر پڑھا تو سجدہ سہو واجب ہے؛ شامی میں ہے کہ سجدہ سھو واجب نہیں اسلئے کہ سری میں جہری ثابت ہے۔
- ظہر اور عصر میں کی قراءت سِرّ ہے اور اگر جہر کیا تو ایک روایت میں: 29 حروف کی مقدار عمدًا زور سے پڑھا ہے تو نماز فاسد۔

بَابُ إِذَا أَسْمَعَ الإِمَامُ الآيَةَ (حدیث:778)

وبَابُ يُطَوِّلُ فِي الرَّكْعَةِ الأُولَى (حدیث:779)

- شافعیہ کی تردید جو کہتے کہ تمام رکعات برابر اور احناف کی تردید جو کہتے کہ صرف فجر کی پہلی رکعت میں تطویل ہے۔
- معراج الدرایۃ میں، فاتوی خانیۃ، سب میں ہے کہ فتوی امامؒ کے قول پر ہے۔

بَابُ جَهْرِ الإِمَامِ بِالتَّأْمِينِ(ص107)(حدیث:780)

- مصنفؒ نے دؒاور فؒ کے قدیم قول کی موافقت کی کہ امام و مقتدی جہر کریں گے۔
- فؒ کے قول جدید صرف یہ ہے کہ امام تامین بالجھر کریں گے اور احناف: سرًّا کریں گے اور جہر تعلیم پر محمول ہے(ما أری ذلک إلا لیعلمنا)، اگر کہے کہ اس روایت میں یحیی بن أبی سلمۃ ہے تو جواب یہ ہے کہ اگر ابن روایت کرتے تو ضعیف اور غیر ابن روایت کرے تو ٹھیک ہے۔
- دعاء میں جہر کے وجوہات: 1) تعلیم؛ 2) تاثیر فی القلب؛ 3) ترغیب دوسروں کو؛ 4) دفع وساوس؛ 5) دفع غفلت 6) تشویق۔

-دعا میں اصل اخفاء ہے: "إذ نادی ربہ نداءً خفیًّا" اور واذکر ربک فی نفسک؛ آمین دعا ہے اور دعا میں سِرّ ہے تو نتیجہ یہ ہے کہ آمین بھی سرًا ہونا چاہئے اور ذکر جہری ان مصالح کے لئے؛ خیر الذکر الخفیُّ(اگرچہ روایت ضعیف ہے)

-عمرؓ: اربع یخفیھن: تعوذ، بسملہ، تسمیع اور آمین۔

-إذا قال الإمام ولا الضالین فقولوا آمین..... فإن الملائکۃ تقولھا تو معلوم ہوا کہ اسمیں سرّ ہے ورنہ کہتے کہ إذا قال الإمام آمین فقولو...

-عمرؓ و علیؓ: کانا لا یجھران بآمین اور اسی طرح ابن مسعودؓ

-وائل بن حجر جو شعبہ کی روایت: فلما بلغ ولا الضالین: قال آمین وأخفی بھا صوتہ

-سفیان کی روایت میں رفع بھا صوتہ آیا ہے!؟ جواب: انکے 9 شاگرد ہیں جو أمّد بھا صوتہ کہتے اور دسواں محمد بن کثیر اکیلے ہیں جو کہتے کہ رفع بھا صوتہ؛ عبد الجبار کہتے کہ جھر بھا لیکن روایت منقطع ہے(اسلئے کہ عبد الجبار کا اپنے والد وائل سے ملاقات نہیں ہوئی ہے)

-اسی طرح امّ حسین کی روایت میں ہے لیکن سند میں اسماعیل بن مسلم ہے۔

-سمرۃؓ: حفظ من رسول اللہ ﷺ سکتتین: ایک لمبا حین افتتح الصلوۃ اور دوسرا جب ولا الضالین کہتے تو یہ آمین کے لئے؛ فأنکر ذلک عمران بن حصین کہ دوسرا سکتہ کو سکتہ ہی نہیں سمجھا تھا اسلئے کہ وہ خفیف تھا تو انہوں نے ابی بن کعب کو لکھا سوال کے طور پر تو سمرۃ کی تصدیق کی۔

-عطاء: 200 صحابہؓ سے آمین بالجھر سنا(لیکن سند میں محمد بن اسماعیل ہے)

-فأجیبت دعوتکما: ھارونؑ آمین کہتے تھے موسیٰؑ کی دعاء پر۔

-اصل راجح مرجوح کا اختلاف ہے: احناف کے نزدیک: راجح اور اصل اخفاء ہے اسلئے کہ ابو بکرؓ عمرؓ علیؓ سب اخفاء کرتے تھے۔

-سکتہ کا مطلب خاموشی اور اسمیں خاموشی ہوگا جب اخفاء کرے؛ ادعوا ربکم تضرعا وخفیۃ۔

-جہر کی دو قسم کی روایت: 1) رفع الصوت کو(نفس جہر) تو تعلیم پر محمول ہے یا بیان جواز کے لئے یا جہر خفیف(غیر مفرط) اور 2) جہر شدید: سفیان کی روایت میں جہر آیا اسی طرح متعدد روایات میں جہر آیا جیسے فارتج المسجد کے الفاظ(لیکن سند میں بشر بن رافع اور ابن عم أبی عروبۃ ضعیف ہے لیکن متعدد روایت کی وجہ سے وہ ضعیف سے بھی استدلال کرتے)۔

- بن زبیرؓ کی روایت: مسلم بن خالد سند میں ہے / صلوۃ کا ذکر نہیں / اگر صلوۃ ہو تو قنوت نازلہ ہوگا / یا انکی رائے و تفرد پر محمول ہوگا جیسے ارسال الیدین اور عبدین کے لئے اذان دیتے تھے
- لجّۃٌ: شور مسجد میں ممنوع ہے؛ آپ ﷺ: إیاکم ولجّۃ الأسواق فی المسجد
- ابو ھریرۃؓ: اسکا مطلب یہ ہے کہ آہستہ فاتحہ پڑھے تاکہ آمین میں شرکت ہو جائے۔

- ابو ھریرہؓ کی روایت سے مصنف آمین بالجھر کا استدلال پکڑتے لیکن یہ ثابت نہیں ہے
- إذا کبر الإمال فکبروا نو جہر ثابت نہیں ہے اسی طرح إذا قال سمع اللہ لمن حمدہ فقولوا... / یہاں یہ مراد: إذا أراد الإمام آمین فأمّنوا یا إذا وصل فی مقام آمین فقولوا آمین
- احناف کہتے کہ إذا قال الإمام ولا الضالین فقولوا آمین سے پتہ چلنا فإن الإمام یقولھا
- وافق سرًّا وفی الوقت.....امام نووی وہی کہتے

بَابُ فَضْلِ التَّأْمِينِ(ص108)(حدیث:781)

- آمین اسم فعل بمعنی استجب اور اسکی فضیلت کی طرف اشارہ کہ نماز کے باہر ہو یا نماز میں ہو آمین کہنا ہے اور آمین کہنا مستحب ہے۔

بَابُ جَهْرِ المَأْمُومِ بِالتَّأْمِينِ(حدیث:782)

- ایک نسخہ میں جھر الإمام تو دونوں کو ملائیں گے تو امام دؒ اور فؒ کے قول قدیم کی موافقت ہو گی۔
- ص176: إذا قال القاری غیر المغضوب.....فقال من خلفہ آمین.....

بَابُ إِذَا رَكَعَ دُونَ الصَّفِّ(حدیث:783)

- رکوع کے آداب و شرائط آمین کے بعد
- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1)رکوع میں پہنچے تو مل جائے اگرچہ صف نہیں؛ حنابلہ کی تردید جو کہتے کہ صف بنانا چاہئے رکوع میں جانے سے پہلے؛ 2)التکبیر عند الوصول إلی الرکوع۔

بَابُ إِتْمَامِ التَّكْبِيرِ فِي الرُّكُوعِ(حدیث:784-785)

- 1)اتمام الصلوۃ بالتکبیر فی الرکوع

2)حروف کو مکمل کرو حذف نہ کرو، اعداد مکمل ہو اور تکبیر رکوع تک ہو

- بعض بنی امیہ پر رد ہے جو کہتے تھے کہ تکبیر میں اخفاء ہے اور استدلال کرتے: عثمانؓ سے جو خفیف الصوت تھے۔
- تکبیر کی تکمیل رفع الصوت اور اعداد کے ساتھ؛ التکبیر عند کل رفع و خفض۔

بَابُ إِتْمَامِ التَّكْبِيرِ فِي السُّجُودِ(حدیث:786-787)

- اگرچہ قومہ اور سجدہ تھوڑا دور ہو لیکن تکبیر کو ذرا لمبا کرنا تاکہ سجدے تک یعنی پورے انتقال میں تکبیر ہو۔
- مدّ: بعض کتاب میں 5 الف اور بعض میں 7 ألف اور بعض کہتے کوئی حد نہیں اسلئے کہ جتنا مدّ ہو گا اُتنا رفع الصوت ہو گا جو مطلوب ہے
- مکی بن أبی طالب: المدُّ برفع الصوت: فتح الفم بخروج النَّفَسِ مع امتداد الصوت (مد کی تعریف)
- بعض کتاب میں: مد جو تعظیم کے لئے ہے 14 فتحہ تک یعنی 7 الف تک۔
- لا أمّ لک: اظہار افسوس اور ملامت مقصود جیسے عقریٰ اور حلقیٰ تو بد دعاء مقصود نہیں ہے۔

بَابُ التَّكْبِيرِ إِذَا قَامَ مِنَ السُّجُودِ(حدیث:788-789)

- 1)اتمام کالفظ نہیں لایا اسلئے کہ ضروری نہیں

2)اسلئے کہ سجدے میں جاتے وقت تعجیل نہیں تو اتمام آسان اور جب اٹھتے ہیں تو جلدی سے عادۃً

-ہر رکعت میں 5 تکبیریں تو چار رکعات میں 20 اور جلسہ استراحت سے اٹھنے سے پہلے 2 تکبیر تو 2 2 بنے گی، اور پھر جلسہ سے قومہ تک تکبیر بھی کہتے تو 24 ہونگے اسلئے شافعیہ کہتے کہ سجدے سے قومہ تک تکبیر لمبا کرے جلسہ استراحت کرتے ہوئے۔

-ثلاثی نماز میں 17 اور ثنائی میں 11 تکبیریں اور صلوات خمسہ میں 94 تکبیریں ہیں

بَابُ وَضْعِ الأَكُفِّ عَلَى الرُّكَبِ فِي الرُّكُوعِ(ص109)(حدیث:790)

- ابن مسعودؓ کا رد ہے جو تطبیق کے قائل ہیں، تو وہ دوسری روایتوں کا کیا جواب دیں گے؟

1)لعلہ لم تبلغہ (ہذا بعید اسلئے کہ وہ آپ ﷺ کے ملازم تھے)؛ 2)ابن مسعودؓ کو معلوم تھا لیکن انہوں نے نہی کو شفقت پر محمول کیا کہ آپ ﷺ نے مشکل ہونے کی وجہ سے منع کیا تھا ورنہ وہی عزیمت ہے۔ مثال: مریض و مسافر کو افطار کی اجازت دی ہے شفقۃً عبد اللہ ابن عمرو بن العاص صوم الدھر رکھتے تھے اگرچہ آپ ﷺ نے منع کیا تھا۔

3)وضع الکف علی الرکب کو رخصت سمجھتے تھے اور عزیمت پر عمل کرتے تھے۔

-علیؓ کی روایت مصنف ابن ابی شیبۃ میں: إذا رکعت فإن شئت قلت ہکذا یعنی وضعت رکبتیک علی یدک وإن شئت طبّقت

-فطبقت بین کتفیّ: معلوم ہوا کہ دونوں تانگ قریب تھے ورنہ تطبیق کے بجائے تعلیق بن جاتا۔

بَابُ إِذَا لَمْ يُتِمَّ الرُّكُوعَ(حدیث:791)

- طمانینت: فؒ اور دؒ: فرض ہے اور مسیء الصلوۃ والی روایت سے استدلال کرتے
- احناف کی 2 روایات ہیں: 1) کرخی: واجب اور جرجانی: سنت اور فتوی واجب پر ہے۔
- مصنفؒ نے یعید جزاء کا ذکر نہیں کیا: 1)اختلاف کی طرف اشارہ کے طور پر؛ 2)حدیث کی طرف رجوع کرو۔

بَابُ اسْتِوَاءِ الظَّهْرِ فِي الرُّكُوعِ(ص109)(حدیث:.....)

بَابُ حَدِّ إِتْمَامِ الرُّكُوعِ وَالِاعْتِدَالِ فِيهِ وَالطُّمَأْنِينَةِ(حدیث:792)

- حدّ إتمام الرکوع مبتداء اور خبر محذوف: یعنی مساواتہ فی السجود۔
- 1) قومہ قومہ کے برابر رکوع رکوع کے اور سجدہ سجدہ کے برابر یعنی تشابہات کے ساتھ برابری

2)رکوع سجود کے برابر اور قعود جلسہ کے برابر۔؛ 3)رکوع سجود قومہ جلسہ سب برابر فی النوافل۔

بَابُ أَمْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِي لاَ يُتِمُّ رُكُوعَهُ بِالإِعَادَةِ(حدیث:793)

- رکوع اور سجدہ کا اتمام واجب عند الأحناف اور فرض عندفؒ دؒ اور سؒ اور جب اعادہ کا حکم دیا تو معلوم ہوا کہ سنت نہیں۔
- مسیء الصلوۃ کی حدیث کہتے ہیں۔

- اشکال: جب واجب الإعادۃ ہے اللہ کے یہاں یہ نماز کا اعتبار نہیں تو پہلی مرتبہ بتانا چاہئے!؟

جواب: 1) آپ ﷺ نے سکوت فرمایا اسلئے کہ فرائض کے اعتبار یا واجبات کے اعتبار سے ان لوگوں کے لئے جو طمانینت کو سنت کہتے تو صحیح تھا۔ (ایسا نہیں ہے کہ بغیر وضوء کے نماز پڑھی!)

2) آپ ﷺ نے زجراً فرمایا کہ انکو پوچھنا چاہئے کہ کہاں غلطی واقع ہوئی

3) دیکھنا تھا کہ وہ بھول سے ایسی نماز پڑھی یا عادۃً ایسے پڑھتے ہیں

- مصنف ابن ابی شیبۃ میں:.....لم یتم رکوعھا وسجودھا

- جلد 2 میں ص 986 ثم اَرفع حتی تستوی قائمًا.....

فإذا فعلت ذلک فقد تم صلوتک اور ایک روایت میں انتقصت کا لفظ آیا۔

بَابُ الدُّعَاءِ فِي الرُّكُوعِ (حدیث:794)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: کؒ کی تردید: ہر جگہ دعا ممکن لیکن رکوع میں نہ کرے
- تسبیحات پر اتفاق ہے اسی لئے اسکا تذکرہ نہیں کیا اور دعاء پر اختلاف ہے۔

بَابُ مَا يَقُولُ الإِمَامُ وَمَنْ خَلْفَهُ إِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ (حدیث:795)

- فؒ: لاھما لکلیھما: تسمیع وتحمید؛ دؒ اور سمؒ اور مصنفؒ: کلاھما للإمام فقط اور مقتدی صرف تحمید؛ حؒ: اولھما لأولھما: تسمیع امام کے لئے، وثانیھما لثانیھما: تحمید للمقتدی۔ امام طحاوی نے سم کے قول پر فتویٰ دیا۔
- روایت میں آیا کہ ابو بکر صدیقؓ رکوع میں پہنچے
- ربنا لک الحمد أی اللھم ربنا وحمدناک لک الحمد: واؤ عاطفہ
- اللھمّ.....: واؤ حالیہ
- حافظ ابن قیم: اللھمّ ثابت نہیں تو یہ بخاری میں ہے۔
- فؒ کؒ: ربنا لک الحمد؛ احناف: اللھمّ ربنا ولک الحمد۔ دؒ: ربنا لک الحمد۔
- بعض: یا اللہ اُمَّنی بغیر معنی ہے یعنی اقصدنی بخیر۔
- اس حدیث سے سمؒ کا مسلک ثابت اور إنما جعل الإمام لیؤتم بہ اور احناف کا مسلک آنے والا باب میں ثابت ہوتا ہے جو اصل فی الباب۔

بَابُ فَضْلِ اللَّهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الحَمْدُ (حدیث:796)

- اتنی بڑی فضیلت ہے کہ غفر لہ ما تقدم من ذنبہ؛ اسمیں تقسیم ہے اور التقسیم ینافی الشرکۃ

بَاب (معرّٰی) (حدیث:797-798-799)

- 1) باب فی الباب ہے: قومہ میں حمد وثنا

2)باب فی القنوت:یعنی عاجزی والی دعا قومہ میں

3)باب مایقول الإمام والمقتدی(لایصح)

4)باب ذکر الأذکار والتسبیحات التی قد تذکر فی بعض الأحیان یعنی ھی غیر معمول بھا(emergency)اور ما قبل میں معمول (regular)کا ذکر ہے۔

-آخری رکعت یعنی رکوع کے بعد قومہ میں۔

-ایک روایت میں: آپ ﷺ نے نام لے کر بد دعا کی، احد کے واقعہ کے بعد یا بئر مَعونۃ کے واقعہ کے بعد

پھر اللہ نے فرمایا لیس لک من الأمر شیء أو یتوب علیھم یعنی انکے استیصال تمہارے اختیار میں۔

1)لیس لک من الأمر: استئصالھم أو تحصیل الغلبۃ شیء اسی لئے فاصبر إلی أن یتوب اللہ علیھم۔

2)نصر کم اللہ لیقطع طرفًا من الذین کفروا أو یکبتھم أو یتوب علیھم أو یعذبھم:تو لیس لک جملہ معترضہ ہے أی لیس لک من الأمر من ھذہ الأمور الأربعۃ شیء۔

-اسی حدیث سے شافعیہ استدلال کرتے قنوت نازلہ کے لئے۔اور احناف دوسری حدیث سے استدلال کرتے جہاں جہری نماز ہو:کان القنوت فی الفجر والمغرب۔ انسؓ: آپ ﷺ نے قنوت نازلہ نہیں پڑھی مگر ایک مہینہ تک

-مالک ابن اشجعی نے کہا اپنے بیٹے سے ھذا بدعۃ اگر ہمیشہ پڑھا جائے

-ابو خالد گ میں انسؓ کے پاس ایک مہینے کے لئے تھا فلم یقنت فی صلوۃ الغداۃ

-امام طحاویؒ: قنوت نازلہ بالکل منسوخ ہے لیکن فتوی اس پر نہیں ہے۔

بَابُ الطُّمَأْنِينَةِ حِينَ يَرْفَعُ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ(حدیث:800-801-802)

- دؒ: تطویل مستحب ہے؛ احناف: مباح اگر بوجھ نہ ہو مقتدیوں پر؛ فؒ: مکروہ
- مصنفؒ: تطویل نہ کرے تمام فرائض نمازوں میں، بس اتنا کرے کہ ہر ہڈی اپنی جگہ لوٹ جائے؛
- لمبا قومہ جائز ہے لیکن نفل نماز میں انفرادی طور پر۔
- 1)رکوع وسجدہ۔ 2)جلسہ و قومہ۔ 3)قومہ و قومہ میں۔ یعنی سب میں اعتدال ہے۔

بَابٌ: يَهْوِي بِالتَّكْبِيرِ حِينَ يَسْجُدُ(ص110) (حدیث:803-804-805)

- یکبر حین یھوی ویسقط للسجود
- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)پورے انتقال میں محیط ہونا چاہئے تکبیر سے؛ 2)ہاتھوں کو پہلے یا رکبتین کو پہلے رکھے گا۔
- نافع کا قول: یہ امام کؒ کا مسلک؛ ائمہ ثلاثہ: اصل ابن عمرؓ کمزور ہو گئے تھے یا یہود نے انکو چھٹ سے پھینک دیا تھا خیبر میں
- رأیت النبی ﷺ یضع رکبتیہ قبل یدیہ؛ابو ھریرۃؓ: إذا سجد أحدکم فلا یضع یدیہ قبل رکبتیہ۔
- ویبرک بروک الجمل اور رجلین مقدمین ہاتھ کے قائم مقام ص554 اور سند میں عبد اللہ بن سعید مقبری ضعیف ہے لیکن تائید کے لئے ہے۔؛ ابو ھریرۃؓ کی دوسری روایت: إذا سجد أحدکم فلا یبرک کما یبرک البعیر ولیضع یدیہ قبل رکبتیہ
- ابن قیم: انقلب علی الراوی والأصل: ولیضع رکبتیہ قبل یدیہ

- یاولیضع یدیہ علی رکبتیہ قبل وضع رُکبتیہ ہے
- ایک روایت میں: یعمد أحدکم یبرک کمایبرک الجمل یعنی اس طرح مت کرو
- جولوگ کمزور ہیں انکے لئے گنجائش ہے؛ ربناولک الحمد: سنت مؤکدہ ہے اور زیادتی مستحب ہے نوافل میں
- حین یھوی ساجداً: حین یسقط حالَ کونہ ساجداً۔
- جلسہ میں: اللھم اغفرلی کہنا: دؒ: واجب؛ دیگر ائمہ: مستحب لیکن پڑھنا چاہئے اختلاف سے نکلنے کے لئے
- اللھم اغفرلی وارحمنی وعافنی واھدنی واجبُرنی وارزقنی بھی ثابت ہے (ترمذی)
- زہری کے تین شاگرد ہیں: سفیان، معمر اور ابن جُریج تو ابن جریج نے "شقۃ الأیمن" کے بجائے ساقُہ کہا۔

بَابُ فَضْلِ السُّجُودِ(ص111)(حدیث:806)

- سجدے کی قسمیں: 1) سجدہ صلوتیہ یا سجدہ صلبیہ؛ 2) سجدہ تلاوت؛ 3) سجدہ سھو؛ 4) سجدہ شکر (عند سم اور اسی پر فتوی ہے) جیسے مسیلمۃ کذاب کی شکست پر ابو بکرؓ نے کیا تھا؛ 5) سجدہ انابت: ھذہ إنابۃ بعد الصلوۃ فتجوز عند الشوافع و تکرہ عند الأحناف۔
- سوال: دو سجدے کیوں حالانکہ ایک ہی رکوع ہے؟

جواب: 1) ترغیماً للشیطان یعنی شیطان کو غصہ و ذلیل کرنے کے لئے کہ اسنے سجدے سے انکار کیا تھا تو اس سے بہت چھڑتا ہے۔

2) ملائکہ کی پیروی کرتے کہ انہوں نے 2 سجدے کئے تھے۔

3) ایک سجدہ اصل اور دوسرا سجدہ شکراً التوفیق الأول

4) ایک میں اشارہ ہے: منھا خلقنا کم اور دوسرے میں: وفیھا نعید کم۔

- تجلی: ظھورُ الشیء فی المرتبۃ الثانیۃ کظھور الإنسان فی المرآۃ۔

- اشکال: اسمیں امت کی فضیلت ہوئی دوسرے انبیاء پر!؟

جواب: 1) دخول الأمۃ تبعًا والأصل ہو دخول محمد ﷺ اور اسکی آسان مثال: وزیر کا درائور۔

2) انبیاء کا دخول امت پر مقدم ہے

- سعدان: افضل الطعام لِلابل (cactus)؛ اس روایت میں سجدے کی فضیلت کے مواقع سجدے محفوظ ہونگے؛ مکمل سجدے میں ثواب زیادہ ملے گا؛ السجدۃ: وضع الجبھۃ مع وضع إحدی الیدین وإحدی الرکبتین اور پاؤں کی انگلیاں تھوڑی دیر کے لئے لگائے اور جو سواری پر ہے وہ ساجد نہ ہو گا بلکہ مؤمی: اشارہ کرنے والا اسلئے کہ گھٹنے لٹکے ہوئے ہیں سواری کی حالت میں۔

بَابُ يُبْدِي ضَبْعَيْهِ وَيُجَافِي فِي السُّجُودِ(حدیث:807)

- یبدی: ظاہر کرے گا یعنی دور رکھے گا بازو پیٹ سے اور دور رکھے گا پیٹ کو ران سے

بَابُ يَسْتَقْبِلُ بِأَطْرَافِ رِجْلَيْهِ القِبْلَةَ(حدیث:....)

- یہ بھی آداب سجود میں سے کہ پاؤں قبلے کی طرف رکھے اور یہ گزر چکا اس حیثیت سے کہ استقبال قبلہ کا ذکر تھا۔

بَابُ إِذَا لَمْ يُتِمَّ السُّجُودَ(حدیث:808)

- وعید کی طرف اشارہ اور اتمام حاصل ہو گا طمانینت سے۔
- پاؤں ملا کر رکھے ساجداً راضًا عَقِبَیہ اور دوسرے حضرات: فوقعت یدی علی بطن قدمیہ کے الفاظ ہیں۔
- یہ روایت شاذہ ہے اور یحیی بن ایوب کو بعض عادل کہتے اور بعض مجروح۔
- اگر شاذہ نہ ہو تو مطلب یہی ہے کہ راضًا صف بنانے میں: سوُّوا صفوفکم، استوُوا، أقیموا صفوفکم اور رُصُّوا کا مطلب درمیان میں فاصلہ لیکن تھوڑا سا، تو ملانا یعنی الصاق مجازی ہے (فتاوی دار العلوم زکریا میں تفصیل ہے جو پہلے بھی گزر چکا: باب الزاق القدم بالقدم)

بَابُ السُّجُودِ عَلَى سَبْعَةِ أَعْظُمٍ(حدیث:809-810-811)

- مصنفؒ نے فؒ اور دؒ کا مسلک کو اختیار کیا: 7 اعضاء پر سجدہ فرض ہے اور ہم نے وہی تعریف سجدہ میں بتایا کہ پیشانی، ایک گھٹنہ اور ایک قدم کم از کم لگنا چاہئے۔
- ترجمۃ الباب کا مقصد: اختلاف کی طرف اشارہ: سجدہ 7 اعضاء پر سجدہ فرض ہے یا نہیں تو صرف فؒ اور دؒ کے یہاں فرض باقی سنت کے قائل ہیں اور ہم کہتے ہیں کہ: فرقٌ بین المأمور والمفروض۔
- حتی یضع جبھتہ باستعانۃ الأعضاء الستۃ الباقیۃ تو مطابقت ہو گی ترجمۃ الباب سے

بَابُ السُّجُودِ عَلَى الأَنْفِ(حدیث:812)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) اتمام السجود یکون بوضع الأنف؛ 2) یا ناک لگانا کافی عند أبی حنیفۃؒ (اسمیں تفصیل ہے)
3) أن الجبھۃ والأنف کلتیھما لازم وضعھما

- اکتفاء بالأنف لغیر المعذور جائز عند أبی حنیفۃؒ خلافًا للثلاثۃ اور انکا استدلال: جب آپ ﷺ نے جبھۃ لگانے کا ذکر کیا تو انف کی طرف اشارہ کیا۔
- کہتے ہیں کہ امام أبو حنیفۃؒ نے اس مسئلہ میں رجوع کیا جیسے تکبیر بالفارسیۃ سے رجوع کیا تو سمؒ ائمہ ثلاث کے ساتھ ہو گئے تو نتیجہ یہ ہوا کہ اکتفاء بالأنف لا یجوز إلا للمعذور؛ لا صلوۃ لمن لا یُمِسَّ أنفہ الأرض (مستدرک حاکم میں)
- مصنفؒ کے نے کہا کہ ناک رکھنا اتنا اہم اور ضروری ہے کہ باب قائم کیا خاص طور پر، اگر کیچڑ میں ہو۔

بَابُ السُّجُودِ عَلَى الأَنْفِ، وَالسُّجُودِ عَلَى الطِّينِ(حدیث:813)

- یہ اتنا اہم ہے کہ آپ ﷺ نے کیچڑ میں بھی ناک لگایا؛
- 1) روایت سے استدلال کرتے: جبھۃ کے ساتھ ناک لگانا فرض ہے دؒ کے نزدیک۔
2) اسکو مُثلہ نہ سمجھے بلکہ ھل أنت إلا إصبع دمیتِ وفی سبیل اللہ ما لقیتِ کے قبیل سے ہے۔
ائمہ ثلاث: ناک کے لزوم کا ذکر نہیں بلکہ لگانے کا تذکرہ ہے
- معلوم ہوا کہ پورا مہینہ آپ ﷺ نے اعتکاف کیا۔

- بعض لوگ انکار کرتے اور کہتے کہ صرف ایک مرتبہ آپ ﷺ نے اعتکاف فرمایا پورا مہینہ تو جو ایک مرتبہ آپ ﷺ نے کیا ہے تم ہر وقت اسکو لے کے بیٹھے ہو!؟

جواب: آپ ﷺ کو وحی کے ذریعہ سے لیلۃ القدر بتایا جاتا لیکن ہمیں معلوم نہیں

- إنا أنزلناہ فی لیلۃ القدر اور سب کو معلوم ہے کہ صرف آخری 10 دن کا اعتکاف سنت مؤکدہ ہے۔

بَابُ عَقْدِ الثِّيَابِ وَشَدِّهَا، وَمَنْ ضَمَّ إِلَيْهِ ثَوْبَهُ، إِذَا خَافَ أَنْ تَنْكَشِفَ عَوْرَتُهُ(حدیث : 814)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اصل سنت تجافی العضُدِ والبطن ہے لیکن اگر ستر کے کھولنے کا خوف ہو تو ضمّ کی شکل اختیار کرے گا اور قانون ہے کہ فرض مقدم ہے علی المسنون اور ستر عورت فرض ہے۔
- عاقدی أزرھم: یعنی "کانوا" مقدر ہو گا یا حال بنے گا وھم یصلون عاقدی أزرھم۔

بَابُ لاَ يَكُفُّ شَعَرًا(ص113)(حدیث:815)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) لایکف شعرہ فی السجود أو فی الصلوۃ أو مطلقا اور جوڑا باندھنا عورتوں کے لئے نماز میں بہتر ہے (اسلئے کہ أبلغ فی التستر ہے) اور غیر صلوۃ میں جائز۔
- روایت میں ابو رافع نے حسن کو دیکھا کہ اپنے زلفوں کو گردن میں باندھا تھا تو ابو رافع نے کھلوایا (غرز ضفیرہ فی قفاہ فحلّھا) اور کہا کہ میں نے حضور سے سنا کہ یہ شیطان کی بیٹھے کی جگہ ہے یعنی شیطان خوش ہوتا ہے (رواہ ابو داؤد)

بَابُ لاَ يَكُفُّ ثَوْبَهُ فِي الصَّلاَةِ(حدیث:816)

- اگر کھلا ہوا کپڑا ہے تو چھوڑ دے اسکے ساتھ نہ کھیلے ورنہ ترک التواضع لازم ہو گا یعنی خشوع سے التفات، إلا یہ کہ مشکل ہو یا مجبوری ہے شدید گرمی میں مثلا پسینہ زیادہ نکل رہا ہو تو اسکو چادر سے پونچ سکتا ہے۔

بَابُ التَّسْبِيحِ وَالدُّعَاءِ فِي السُّجُودِ(حدیث:817)

- سجدہ اہم ہے اسی لئے تسبیح کا ذکر کیا: وأما الدعاء فی السجود فقمنٌ أن یستجاب لہ
- بتأویل: قرآن کا مطلب واضح کرتے یا مصداق واضح کرتے۔

بَابُ المُكْثِ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ(حدیث:821-820-819-818)

- دؒ: مستحب جلسہ کو لمبا کرنا؛ فؒ: اگر زیادہ دیر ہو جائے تو مفسد صلوۃ ہے؛ کؒ حؒ: نہ انکار کریں گے اور نہ کریں گے
- فی الثالثۃ انتھاءً أو الرابعۃ ابتداءً

بَابُ لاَ يَفْتَرِشُ ذِرَاعَيْهِ فِي السُّجُودِ(حدیث:822)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: لا بمعنی نہی یا بمعنی خبر۔
- ابو حمید ساعدی کی حدیث کی تشریح ہے کہ انبساط کا مطلب افتراش۔
- ہجرت والی حدیث میں جب سراقۃ آپ ﷺ کے پیچھے لگے تو انکے گھوڑے کے 2 ہاتھ یعنی آگے کے پاؤں رکبتین تک ڈھنس گئے۔

بَابُ مَنِ اسْتَوَى قَاعِدًا فِي وِتْرٍ مِنْ صَلاَتِهِ ثُمَّ نَهَضَ(ص114)(حدیث:823)

- ترجمۃالباب کا مقصد: جلسہ استراحت کے اختلاف کی طرف اشارہ ہے: فؒ: ہے اور ائمہ ثلاث: نہیں ہے۔
- بعض: مصنفؒ نے شوافع کی موافقت کی اور بعض: موافقت مقصود نہیں اسلئے کہ "مَن" کا لفظ آیا یعنی انکا مسلک بیان کر رہا ہوں لیکن بہ ظاہر یہی مصنفؒ کا مسلک ہے ورنہ ص986 پر مسیء الصلوۃ کی حدیث کو یہاں ذکر کرتے!
- دلائل:1) جو لوگ جلسہ استراحت کرتے تھے تو صحابہ کرام تعجب کی نظر سے انکو دیکھتے تھے۔

2) ابو ھریرۃؓ کی روایت میں: 4 رکعات میں 22 تکبیریں اور یہ بتاتا ہے جبکہ جلسہ استراحت نہ ہو (کلما رفع وخفض)

3) حاشیہ نمبر14: کان ینھض فی الصلوۃ علی صدور قدمیہ ولم یجلس: سند میں خالد بن ابان ضعیف ہے لیکن دوسرے روایات موجود ہیں اور شیخ البانی نے اس پر اعتراض کیا کہ یہ حدیث جلسہ استراحت کے منافی نہیں۔

-جواب:1) اسکی تفصیل ابن مسعود سے مروی ہے: کان ینھض فی الصلوۃ علی صدور قدمیہ ولم یجلس۔

2) أی ینھض من السجود علی صدور قدمیہ اور نھوض کا مطلب: الإنتقال إلی القیام: ص110 / ص108: إذا نھض من الرکعتین کبّر

3) علیؓ، عمرؓ، ابو بکرؓ وغیرہ جلسہ استراحت نہیں کرتے تھے۔

4) مسیء الصلوۃ کی حدیث میں ص986 حتی یستوی قائمًا۔

5) ابو مالک اشعری نے اپنی قوم بیوی بچوں کو جمع کیا نماز کی تعلیم کے لئے... "فانتھض قائمًا" ص343 (مسند احمد)

6) ابو داؤد: عباس بن سھل کی روایت ایک مجلس میں: سھل، ابو ھریرۃؓ، ابو حمید وغیرہ موجود تھے، ثم کبّر وقام ولم یتورک ص102۔

7) صلوۃ عبادت ہے استراحت کے لئے نہیں، وہ ضرورت کے درجے میں۔

-مالک بن حویرث 20 دن کے مہمان تھے اور جلسہ استراحت کو دیکھا تو وہ محمول حالت کبر پر۔

-لاتبادرونی فی الرکوع والسجود فإنی قد بدنت تو کمزوری یا بڑھاپہ کی وجہ سے تھا۔

-یہ بھی ممکن ہے کہ آپ ﷺ نے مالک کو ہر قسم کی نماز سکھائی تو ابن مسعودؓ وغیرہ نے صلوۃ معتادۃ عامۃ کا ذکر کیا اور مالک کو آپ ﷺ نے معذورین کا طریقہ بھی بتایا۔

بَابٌ: كَيْفَ يَعْتَمِدُ عَلَى الأَرْضِ إِذَا قَامَ مِنَ الرَّكْعَةِ؟(حدیث:824)

- ترجمۃالباب کا مقصد:1) زمین پر اعتماد کی کیا کیفیت ہوگی؟ تو یہاں اسکا بیان ہے۔

2) اختلاف کو بیان کرنا: فؒ: اعتماد بالید علی الأرض ہے؛ احناف: اعتماد علی الرکبتین ہے۔

1)-ابو داؤد: کہ آپ ﷺ إذا نھض، نھض علی صدور قدمیہ وبعتمد علی فخذیہ

2)- علیؓ: من سنۃ الصلوۃ المکتوبۃ إذا رفع من السجدۃ أن لا یعتمد علی الأرض

3)-ابن عمرؓ: نھی رسول اللہ ﷺ أن یعتمد الرجل علی یدیہ (رواہ ابو داؤد وسکت عنہ) اسکی سند میں محمد بن عبد الملک ہے مختلف فیہ راوی ہے۔

-حدیث میں اعتماد علی الأرض کا ذکر ہے لیکن کیفیت نہیں تو موافقت کیا ہے ترجمۃالباب سے۔

-اشکال: مصنفؒ نے جو حدیث ذکر کی ہے اسمیں اعتماد علی الأرض کا ذکر ہے اور کیفیت کا ذکر نہیں!؟

جواب: 1)کیف کبھی اختلاف کی طرف اشارہ کے لئے ہے تو اختلاف بیان کرنا مقصود ہے۔

2)الجلوس ثم الاعتماد علی الأرض ثم القیام یہ کیفیت ہو گی۔

3)الکیفیۃ: الاعتماد عن الجلوس لا عن السجود۔

-مالک بن الحویرث کی حدیث کا جواب: ممکن ہے کہ حضور بیمار تھے یا تعب ہو یا ممکن ہے کہ کیفیت غیر معتادۃ کو بتلایا۔

-ایوب سختیانی تابعی: مالک بن حوریث نے اسی نماز پڑھائی جو ہمارے شیخ (عمرو بن سلمۃ) نے پڑھائی اور وہ اعتماد علی الأرض کرتے تھے اور شیخ معمر ہونے کے معنے مین ہونگے اس زمانے میں یعنی شیخ بمعنی بڑھاپہ۔ اور یہ بھی قابل لحاظ ہے کہ مثل صلاۃ الصحابۃ عامۃ نہیں فرمایا بلکہ مثل صلوۃ شیخنا ہذا یعنی عمرو بن سلمۃ فرمایا۔

بَابُ يُكَبِّرُ وَهُوَ يَنْهَضُ مِنَ السَّجْدَتَيْنِ (حدیث:826-825)

- کؒ کی تردید جو کہتے کہ تیسری رکعت میں تکبیر افتتاح تو بتایا کہ تکبیر انتقالیہ یہی ہے۔

بَابُ سُنَّةِ الجُلُوسِ فِي التَّشَهُّدِ (حدیث:828-827)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1)تشھد میں بیٹھنے کا کیا طریقہ ہے؟ 2)اختلاف کی طرف اشارہ: کؒ: تورک مطلقًا؛ حؒ: افتراش مطلقًا فؒ: افتراش اور تورک قید سلامیہ کے ساتھ تفرق الأولی بالثانیۃ

دؒ: سلامیہ اور ثانیہ مین ہو تو تورک ہے ورنہ نہیں ہے اور فجر میں افتراش ہے۔

أم الدرداء: کؒ فؒ: فرق نہیں مرد اور عورت کی نماز میں فرق نہیں؛ حؒ اور دؒ: فرق ہے۔

أم الدرداء ایک صحابیہ ہے: خیرہ بنت أبی.....اور ایک تابعیہ جنکا نام ھُجیمہ تو یہاں بہ ظاہر صحابیہ مراد ہے اور اگر تابعیہ ہے تو وہ حجت نہیں صحابی پر تو حجت تمام نہیں۔

- دلائل: 1)ابن عباسؓ سے سوال ہوا تو فرمایا تجتمع و تحتفزن
- 2)عطاء بن ابی رباح: إن المرأۃ لیست فی ذلک کالرجل و کرہ ذلک۔
- 3)کرہ مجاھدؒ أن یضع الرجل بطنہ علی فخذیہ کما تفعلہ المرأۃ۔
- 4)حدیث: إذا جلست المرأۃ فی الصلوۃ وضعت فخذھا علی فخذھا اور جب سجدہ کرے تو الصقت بطنھا بفخذھا کا ستر ما یکون لھا فإن اللہ ینظر إلیھا و یقول یا ملائکتی اشھدوا فإنی غفرت لھا۔
- 5)ابن عباس سے سوال کیا گیا تو پہلے فرمایا کہ یترجعن پھر حکم ہوا أن یحتفزن أی یتورکن
- 6)حضرت علیؓ: إذا صلت المرأۃ فلتحتفز و لتضمّ فخذیہا
- 7)علیؓ: مر النبی علیہ السلام علی امرأتین تصلیان فقال إذا سجد تما فضُمَّا (فتاوی دار العلوم زکریا میں بقدر ضرورت تفصیل مذکور ہے)
- تورک کے تین طریقہ ہیں: 1)سرین پر بیٹھنا اور بائیں پاؤں کو ڈباتے دائیں پیر کے نیچے۔

2)افتراش: اور دائیں پیر کو کھڑا کر دے اور بائیں پاؤں کو نکالے دائیں پاؤں کے نیچے

3)مقعد پر بیٹھے اور دونوں پاؤں کو نکالے (اکثر شافعیہ کا اسی پر عمل ہے)

-افتراش کے دلائل: 1)حاشیہ نمبر 10 اور مسلم کی روایت میں بھی ہے۔

2)مسلم کی روایت: عائشہؓ سے مروی: کان النبی ﷺ یقول فی کل رکعتین التحیات وکان یفرش رجلہ الیسری وینصب رجلہ الیمنی وکان یختم الصلوۃ بالتسلیم۔

3)ابو حمید ساعدی کی روایت ہے جو اضطراب سے خالی ہے: فلیح عن عباس عن ابی حمید: حتی فرغ ثم جلس فافترش رجلہ الیسری۔(ابو داؤد کی روایت)

-اشکال: اِن رجلای لا تحملانی (یہود نے چھیڑ سے گرائے تھے تو پاؤں کے جوڑ ہٹ گئے تھے): یہ جملہ بہ ظاہر صحیح نہیں ہے کیونکہ اِنّ کی وجہ سے رِجلَیَّ ہونا چاہئے؟!

جواب: 1)نہر میں دوسرا نسخہ ہے جو صحیح ہے تو اس پر کوئی اشکال نہیں۔

2)اسمیں ضمیر الشان مقدر ہے تو اِن مخففہ ہو گا یا اِنّ ہذان من مقدر ہے۔

-حدیث 828: محمد بن عمرو بن عطاء مدار السند ہے اور انکی ولادت 40ھ یا 38ھ ہے۔

سلمان فارسیؓ کی وفات 34ھ ہے، ایک ابو حمید ساعدی جن کی ولادت 30ھ ہے اور ابو قتادۃ کی وفات 40ھ ہے اور عمار کی وفات 38ھ ہے تو یہ حضرات جو مذکور ہیں اور جو کہتے ہیں کہ مجلس میں حاضر تھے تو انکی ملاقات ممکن نہیں ہے تو مجلس لگانا تو دور کی بات ہے۔

سمرۃ بن جندبؓ: اِن النبی ﷺ نھی عن التورک والاِقعاء اور آنے والی حدیث میں تورک کا ذکر ہے؛ فقارۃ: عظم الظھر۔

تو احناف اسپر کلام کرتے: 1)یہ روایت مضطرب ہے: محمد بن عمرو کی ملاقات ممکن نہیں

2)دوسرا اضطراب یہ ہے کہ آخر میں تورک ہے یا افتراش؟(ابو داؤد کی روایت میں افتراش ہے مطلقا اور یہ اصح ہے)۔

3)اسکی دوسری سند میں عبد الحمید بن جعفر ہے: طحاوی اور ابن قطان اور شعبی کہتے کہ محمد بن عمرو کا سماع ابو حمید سے ثابت نہیں ہے۔ 4)دوسری روایت میں محمد بن عمرو بن عطاء عن رجل عن اَبی حمید ہے تو رجل مجہول ہے

5)ایک اور روایت میں محمد بن عمرو عن عباس بن سھل عن اَبی حمید ہے

6)ایک اور روایت میں محمد بن عمرو بن عطاف عن ابی حمید

-ابو داؤد کی روایت کی سند میں جو فُلیح عباس بن سھل سے اور وہ اَبو حمید سے روایت کرتے ہیں تو اسمیں وہ تمام اضطراب نہین اور بالکل صحیح ہے اور فلیح متفرد نہیں اسلئے کہ اسکے متابع موجود ہے: عتبہ اور حسن بن حُرّ اور اس زر روایت میں افتراش الیسری ہے۔

بَابُ مَنْ لَمْ يَرَ التَّشَهُّدَ الأَوَّلَ وَاجِبًا لِأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ وَلَمْ يَرْجِعْ»(ص114)(حدیث:829)

- واجبًا کا مطلب فرضًا؛ احناف کے نزدیک 2 التحیات واجب اگرچہ قعدوں میں فرق ہے: پہلا قعدہ واجب اور دوسرا فرض۔
- کؒ: دونوں قعدوں میں سنت مؤکدہ لیکن انکے نزدیک سنت مؤکدہ چھوٗنے سے سجدہ سھو لازم ہے۔
- فؒ ذؒ: پہلا تشہد واجب اور دوسرا فرض
- ترجمۃ الباب کا مقصد: کؒ کی تردید جو تشہد اَول کو سنت سمجھتے؛ ص58 پر ثم یسلم ثم یسجد سجدتین
- معلوم ہوا کہ 2 سجدہ سھو کافی ہے اگرچہ متعدد واجبات چھوٹ گئی ہو اسلئے کہ قعدہ اور تشہد دو واجب چھوٹ گئی تھی

بَابُ التَّشَهُّدِ فِي الأُولَى(ص115)(حدیث:830)

- پہلے اور یہ میں کیا فرق؟ پہلے میں فرضیت کی نفی ہے اور یہاں میں وجوب کا اثبات ہے۔
- ترجمۃ الباب کا مقصد: پہلے تشہد میں دعاء نہیں ہے اور دوسرے میں ہے۔

بَابُ التَّشَهُّدِ فِي الآخِرَةِ(حدیث:831)

- فؒ: تشہد فرض ہے؛ احناف: آخری قعدہ فرض اور تشہد واجب؛ ابن عبد البرؒ نے تمہید میں لکھا: رکوع سجدہ قیام قعدہ اخیرہ سب کا اتفاق ہے کہ فرض ہے؛ یہاں تشہد مذکور ہے احناف اور حنابلہ کے موافق
- کؒ: وہ روایت جو موقوفًا ہے علی اور عمرؓ سے جسمیں عطف؛ فؒ: وہ روایت جو ابن عباسؓ پر موقوف ہے اور جسمیں عطف نہیں
- یہ تشہد: 1) اصح مافی الباب ہے؛ 2) متفق علیہ؛ 3) فلیقُل: امر ہے؛ 4) اسمیں "ال" یعنی السلام؛ 5) یہ منقول بأخذ الید ہے؛ 6) اسمیں واوین یعنی والصلوات والطیبات ہے اسی لئے ابو یوسف سے کسی نے پوچھا بواوٍ اَو بواوین تو فرمایا بواوین
- ایک روایت میں والسلام علی اللہ بھی ہے فقال فی جواب من قال السلام علی اللہ: اِن اللہ ھو السلام
- السلام علیک: یہ خطاب حاضر فی القلب؛ بعض کہتے کہ حکایت مافی المعراج کہ اللہ نے فرمایا تھا۔
- عباد اللہ الصالحین: فرشتے

بَابُ الدُّعَاءِ قَبْلَ السَّلاَمِ(حدیث:834-833-832)

- اشکال: دعاء سے پہلے صلوۃ ہے، آپ ﷺ پر تو کیوں چھوڑ دیا یہ اہم چیز ہے! اگر کہے کہ مصنفؒ کے پاس صلوۃ علی النبی کی حدیث نہیں تو جواب ہے کہ کتاب الدعوات میں ہے تو پھر کیوں ذکر نہیں کیا؟
- فؒ: صلوۃ یعنی درود نماز میں فرض ہے اور باقی حضرات: سنت ہے اور صلوا علیہ وسلموا تسلیمًا کے بارے مختلف اقوال ہے:
- امام کرخیؒ: فرض فی الحیاۃ مرۃً؛ امام طحاوی: کلما ذکر اسمُہ؛ مجلس میں بار بار ہو تو ایک مرتبہ کافی ہے
- جواب: 1) فرضیت کی نفی کے لئے صلوۃ کا باب کا تذکرہ نہیں کیا (لایصح) ذکر ممکن ہوتا ہے بغیر وجوب یا فرض کا لفظ اور سنت کا لفظ لگا سکتے تھے۔ 2) مفتی محمودؒ: مصنفؒ نے چونکہ تراجم الأبواب ریاض الجنۃ میں لکھا مدینہ منورہ میں روضہ مبارک کے پاس تو رعب کی وجہ سے نہیں لکھا۔

3) مفتی رضاء الحق: مصنف کی یہ عادت ہے کہ جو چیز اور جو عبادت خاص نہ ہو تو اس عبادت کو ذکر نہیں کرتے

مثال: مسواک کی حدیث مصنف کے پاس تھی لیکن مسواک کے باب میں نہیں ذکر کیا لیکن وضوء کے باب میں ذکر کیا تو یہاں بھی وہی کام کیا یعنی ذکر نہیں کیا بتلانے کے لئے کہ صرف نماز میں نہیں اور پھر چھٹی بلکہ ہر دعا سے پہلے، گویا اسکی تعمیم بتلانے کے لئے ذکر نہ کیا ہو۔

مولانا بنوریؒ کہتے تھے: اگر شاہ صاحب موجود ہوتے تو ہم یہ مسئلہ پوچھتے ان سے (اور یہ بات کہتے اس بات کو بتلانے کے لئے کہ اپنے استاد سے کوئی مستغنی نہیں ہوتا ہے)۔

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) محل دعاء کا بیان: قبل السلام یا یہ کہ دعاء پوری صلوۃ ہے ص937 پر جلد 2 دعاء مذکور ہے۔

2)اھمیۃ الدعاء: حدیث: أی الدعاء أسمع: فی جوف اللیل وخلف الصلوات المکتوبۃ

آپ ﷺ فرماتے تھے نماز کے بعد: اللھم إنی أسألک علما نافعا.....اللھم لامانع لما أعطیت

" إِنَّ اللهَ لَيَسْتَحِي أَنْ يَبْسُطَ الْعَبْدُ إِلَيْهِ يَدَيْهِ يَسْأَلُهُ فِيهِما خَيْرًا، فَيَرُدَّهُمَا خَائِبَتَيْنِ "

إذا مد يديه في الدعاء يسمع بهما على وجهه

إذا سألتم الله فاسألوه ببطن أكفكم

إن رسول الله ﷺ رفع يديه بعد ما سلّم وهو مستقبل القبلة وقال اللهم أنج الوليد بن الوليد

قد أجيبت دعوتكما...

ابن زبیرؓ ایک شخص.....ہاتھوں کو اٹھایا قبل أن یفرغ من.....

ان النبی ﷺ کان لا یرفع یدیہ قبل أن یفرغ (ترمذی)

عن الفضل بن عباس، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الصلاة مثنى مثنى، تشهد في كل ركعتين، وتخشع، وتضرع، وتمسكن، وتقنع يديك، يقول: ترفعهما إلى ربك، مستقبلا ببطونهما وجهك، وتقول: يا رب يا رب، ومن لم يفعل ذلك فهو كذا وكذا. (ترمذی 385)

- ان روایات سے پتہ چلتا ہے کہ دعا بھی ہے اور بعد الصلوات بھی ہے
- لا یجتمع قوم یدعو بعضھم.....
- سعدؓ اور عبد اللہ بن جحشؓ: احد سے پہلے دونوں بیٹھے تھے تو ایک دوسرے نے دعاء کی اور امین بھی کہے
- درود اگر زور سے پڑھے اور دوسرے آمین کہے تو آمین درود ہے یا نہیں؟

شوافع کی کتاب میں (مغنی المحتاج) ہے کہ درود ہے۔

- مسیح کا نام عیسی اور دجال دونوں کے لئے آتا ہے تو کیا فرق ہے؟

جواب: عیسیٰؑ: 1) کان ممسوحًا بالدھن؛ 2) کان یمسح المریض؛ 3) کان یمسح الأرض للتبلیغ

4) کان ممسوحا بالخیر؛ کثیر سیاحت والے

اور دجال: 1) ممسوح بالشر؛ یا 2) ممسوح العین؛ 3) یمسح فی الأرض لنشر الشر

دجل: باطل اور حق کو ملانا؛ یا تلبیس واشتباہ ڈالنا۔

- فتنۃ الممات: 1) موت کے وقت آدمی گمراہ ہو جائے؛ 2) مرنے کے بعد فتنہ پیدا ہو جائے؛ 3) عذاب قبر۔
- مغرم: 1) تاوان؛ 2) دین: جھوٹ اور بوجھ ہے
- قال محمد بن یوسف: یہاں مصنفؒ اپنے تلمیذ سے نقل کرتے
- من عندک: بغیر استحقاق کے میری مغفرت فرمائے یا اپنی طرف سے مغفرت یعنی جو مغفرت آپکی ذات کے لائق ہو

مثال: ایک بادشاہ ایک فقیر کو پیسے دے فقیر کی شان کے مطابق تو 1000 دے گا اور اگر بادشاہ اپنی حیثیت کے مطابق دے تو 20000 دے گا۔

بَابُ مَا يُتَخَيَّرُ مِنَ الدُّعَاءِ بَعْدَ التَّشَهُّدِ وَلَيْسَ بِوَاجِبٍ(حدیث:835)

- مایتخیر سے بتلایا کہ وہ دعاء دوابو بکرؓ کو بتایالازم نہیں اگرچہ اسمیں علمنی: امر کاصیغہ ہے۔
- بعض حنابلہ کارد ہے: یجب التعوذ من ہذہ الأمور الأربعۃ
- السلام علیک سے جو بریلوی استدلال کرتے صحیح نہیں!
- 1)"ک" خطاب اسلئے کہ یہ حکایت کی نقل ہے مراد قال اللہ تعالی: "السلام علیک أیھا النبی" لیکن شامی نے تردید کی اور کہا کہ یہ انشاء ہے (یا اپنی طرف سے کہا ہے)
- 2)حاضر فی القلب کے لئے مثال: ان بفراقک یاإبراھیم لمحزون یاصفیۃؓ نے آپ ﷺ کی وفات لاَر کہا تھا: الا یارسول اللہ کنت رجاءنا وکنت بنابرًّاولم تک جافیًاتو یہاں خطاب حاضر فی القلب کو ہے یعنی اظہار افسوس کے لئے۔
- اگرچہ عروۃ نے صفیہ کو نہیں پایا: خیالك في عيني وذكرك في فمي ... ومثواك في قلبي فأين تغيب؟
- 3)آپ ﷺ کو سلام ہے اسلئے کہ وہ حاضر ہے اگر قریب ہو اور اگر دور ہو تو فرشتے پہنچاتے ہیں جیسے لفظ أبلغتہ فرمایا آپ ﷺ نے توجب فرشتے پہنچائیں گے تو حضور کے پاس آکر کہیں گے تو ان کے لئے صحیح۔
- دعاء قضاء الحاجۃ میں رفع یدین ہے اور دعاء العمل میں رفع یدین نہیں مثلاً مسجد سے یا بیت سے یا بیت الخلاء سے یا سوق کی دعاء...

بَابُ مَنْ لَمْ يَمْسَحْ جَبْهَتَهُ وَأَنْفَهُ حَتَّى صَلَّى...(حدیث:836)

- تشہد کے وقت پیشانی اور ناک کو صاف نہ کرے بلکہ غایت تواضع کی دلیل ہے اگرچہ عمل قلیل سے زائل ہو سکتا ہے۔
- رأیتُ رسول اللہ (الحدیث) ؛ جب ابتداء حسن ہے تو انتہاء بھی حسن ہونا چاہئے۔

بَابُ التَّسْلِيمِ(حدیث:837)

- ائمہ ثلاث: سلام فرض ہے؛ حؒ: واجب اور دونوں سلام؛ ابن ھمام: پہلا واجب اور دوسرا سنت ہے۔ اور دلیل: تحریمھا التکبیر وتحلیلھا التسلیم۔
- احناف: 1) یہ خبر واحد ہے! چنانچہ اس سے فرضیت ثابت نہیں ہو سکتی۔

2): عبد اللہ بن محمد بن عقیل کو ضعیف کہا طبقات ابن سعد میں لیکن سب کا اتفاق ہے کہ تحلیل تسلیم ہی سے ہو گا۔

-تو2قسم کی احادیث ہیں: 1) تحلیلھا التسلیم اور 2) إذا قلت ھذا (تشہد) أوفعلت ھذا (قعود) فقد تمت صلوتک یعنی أدّیتَ ماعلیک ؛مثال: حلق فی الحج لازمٌ ولکن خارجٌ عن الإحرام لأنہ ینافی الإحرام تو اسی طرح تسلیم واجب ہے لیکن وہ خارج صلوۃ ہے اسلئے کہ وہ اسکے منافی۔

- قوم: رجال کو کہتے ہیں اور نساء تبعًا اسمیں داخل ہو گا: الذین یقومون بالأمور وحاجاتھم وحاجات النساء۔

بَابُ يُسَلِّمُ حِينَ يُسَلِّمُ الإِمَامُ (ص116)(حدیث:838)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) امام کؒ کی تردید کہ مقارنت مفسد الصلوۃ ہے۔

2)اور امام فؒ کی تردید ہے کہ ان کے نزدیک معاقبت ہے نہ کہ مقارنت، انکے نزدیک مقارنت مکروہ ہے اور احناف کے نزدیک: سلام میں اصل مقارنت ہے لیکن چونکہ تقدیم علی الإمام کا خوف ہے اسلئے تاخیر کرے کچھ۔

بَابُ مَنْ لَمْ يَرَ رَدَّ السَّلاَمِ عَلَى الإِمَامِ وَاكْتَفَى بِتَسْلِيمِ الصَّلاَةِ(حدیث:840-839)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)اگر کوئی کسی پر سلام کی نیت نہ کرے یمین یا شمال یا امام کے پیچھے تو تحویل کافی ہے یعنی إذا لم ینو السلام علی أحد فلا حرج لأن ہذا سلام التحلیل لا سلام التحیۃ اگرچہ بہتر تو یہی ہے کہ نیت کرے دائیں بائیں سلام پھیرتے وقت۔

2)بعض کے نزدیک: امام کؒ کی تردید حو 3 سلام کے قائل ہیں یعنی دائیں بائیں اور امام کو۔

3)من لم یرد السلام فلا حرج چونکہ یہ سلام تحلیل ہے نہ کہ سلام ملاقات

تو سلام کی دو قسمیں:1)سلام تحلیل اور 2)سلام ملاقات تو دونوں میں کیا فرق ہے؟

جواب:1)سلام تحلیل میں اخفاء ہے اور سلام ملاقات میں جہر ہے

2)سلام ملاقات میں جواب دینا واجب ہے یعنی وعلیکم السلام نہ کہ سلام تحلیل میں

3)اگر یہ سلام ملاقات ہوتا تو جب امام السلام علیکم کہتے تو ہمیں اسکو دیکھ کر جواب دینا تھا وعلیکم السلام۔

4)سلام تحلیل واجب ہے اور سلام ملاقات سنت ہے۔

-اشتدّ کا لفظ آیا اسمیں تضمین ہے: إذا ارتفع تو اسمیں شدت پائی یعنی ارتفعت الشمس حالَ کونہا شدیدۃً اشتدت الشمس حال کونہا مرتفعۃً

- وافق سلامُنا سلامَہ لیکن تقدم کے اندیشہ سے عقبت کو اختیار کیا۔

بَابُ الذِّكْرِ بَعْدَ الصَّلاَةِ(حدیث:844-843-842-841)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)ذکر سنن مؤکدہ سے پہلے ہونا چاہئے؛ فقہاء کہتے کہ سنن راتبہ کے بعد۔
- مصنفؒ: بعد الصلوۃ المفروضۃ اور یہی زیادہ مناسب ہے کہ صحابہؓ.....

2)علامہ ابن تیمیہ کی تردید کہ دعا نماز کا جزء ہے تو معلوم ہوا کہ الگ ہے اسلئے بعد السلام ہے یعنی فی دبر الصلوات المکتوبۃ جو روایت آئی تو وہ استدلال کرتے کہ دبُر جزء ہے صلوۃ کا جیسے دعاء۔

3)الفصل بالدعاء جائز بین الفرض والسنۃ

-ائمہ اربعہ: ذکر بالجہر بعد الصلوۃ نہیں اور یہاں جہراً ہے۔

-تاویلات:1)یہ تعلیماً تھا؛ 2)ذکر سے مراد اللہ أکبر (دشمن کو ڈرانے کے لئے میدان جنگ میں)

3)جبتک تکبیر سنتے تو نماز جاری ہونے کی علامت تھی اور جب ختم ہوا تو ختم (ہذا الاصح) فراغت کے بعد تکبیر ہوتی تھی

سب سے اچھا جواب:4)یہ مِنٰی پر محمول ہے، نماز کی بعد تلبیہ اور تکبیر لوگ سنتے تھے یہ ذکر وقتی أیام النحر جو أیام تشریق سے عبارت ہے۔

کان علی عہد النبی ﷺ : جمہور کے نزدیک یہ مرفوع کے حکم میں ہے اور بعض کہتے کہ اگر آپ ﷺ کو علم ہوا تب مرفوع

- عمرو شاگرد اور ابو معبد استاد ہے اور مسلم میں ابو معبد نے انکار کیا اپنے تلمیذ پر: ماحدثتک
- سوال: تو انکار کا کیا مطلب ہے؟

جواب:1)انکار نسیان: لا أتذکّر (تو حجت ہوگا)؛ 2)انکار تکذیب: تم جھوٹے ہو (حجت نہیں)؛ 3)انکار توقف (تو اس صورت میں تلمیذ کا کہنا حجت ہے)؛4)انکار تحدیث (ابن حجرؒ: مقبول ہے، محمول ہے استاد کی نسیان پر، ابن صلاح: مقبول نہیں)

- ایک لاکھ سے زیادہ کا مجمع تھا اور ابن عباسؓ آخری صفوف میں ہوتے تھے تو تکبیر کی آواز سن لیتے تھے؛ مصنف نے اشارہ کیا کہ حدیث بالکل صحیح ہے۔
- دَثْرٌ: المال العظیم (ج) دُثُورٌ اور فقراء حسد نہیں کرتے بلکہ غبطۃ۔
- من سبقکم زمانًا أو مرتبۃً: یہاں خلفَ کل صلوۃٍ نہ کہ دُبُر تو احتمال نہیں ہے کہ نماز کا جزء ہے۔
- معلوم ہوا کہ تسبیحات فاطمیہ آپ ﷺ نے فقراء کو بتائی اور غناء میں دخل ہے اور وہاں خادمہ کے مسئلہ میں بتایا تو وہاں میں بھی غنا دخل ہے تو یہاں 2 فریق ہیں: 1) 33/33/34 اور 2) 33/33/33 تو اسی سے....
- غنا افضل ہے یا فقیری؟ بہ ظاہر معلوم ہوتا ہے کہ غنا افضل ہے اسلئے کہ فقیر والا کام بھی کرتا ہے اور مزید جیسے اس حدیث سے معلوم ہوا۔ جواب: 1) غنا افضل (لایفھم) اسلئے کہ حدیث میں ہے فقیر صابر افضل ہے غنی شاکر سے۔

2) فقیر افضل اسلئے کہ آپ ﷺ نے فقر کو اختیار کیا: اللھم أحیني مسکینا

3) کفاف افضل ہے: آپ ﷺ : اللہ نے مجھ پر پیشی کی کہ مکہ کے کنکریوں کو تیرے لئے سونا بنادے، لیکن انکار کیا

4) توقف: فقراء، اغنیاء سے 500 سال پہلے داخل ہونگے جنت میں

5) ھذا یختلف باختلاف الرجال والأشخاص یعنی بعض لوگوں کے لئے غنا افضل ہے کہ وہ رشتہ داروں پر اور فقیروں پر وغیرہ پر خرچ کرتے ہیں اور بعض کے لئے فقیری بہتر ہے جو شکر گزار ہوتے اور نہ ہاتھ پھلاتے اور نہ کسی سے شکایت کرتے۔

آپ ﷺ نے بھی فقر کی زندگی کو اختیار کیا:- اللھم اجعل رزق آل محمد قوتا اور أللھم أحیني مسکینا وأمتني مسکینًا

-اطلبوني في ضعفائکم

-ما أوحی إلی أن أجمع المال وأکون من التاجرین بل أوحی إلی أن سبح بحمد ربک وکن من الساجدین

-ابن ماجہ میں: واحشرني في زمرۃ المساکین (سند ضعیف ہے)۔

-سعدیؒ نے واقعہ لکھا: موسیٰؑ ایک فقیر کے پاس سے گزرے جو سوال کر رہا تھا تو دعاء کی موسیٰؑ نے کہ وہ مالدار بنے پھر اس سے اگلے سال وہی راستے سے گزرے تو لوگوں نے ایک شخص کو پکڑا تھا جسنے ایک آدمی کو قتل کیا تھا یا لڑائی کی تو موسیٰؑ نے پوچھا یہ کیا ہوا؟ تو لوگوں نے بتایا کہ وہ فقیر تھا، اور پھر مالدار ہوا تو اس کے اندر مستی آئی تو موسیٰؑ نے کہا یا اللہ اسکے لئے فقیری ہی بہتر تھی۔

- 34 پر زیادتی جائز ہے؟ 1) لایزاد علی المنصوص؛ مثال: تالا کھلنا ہے اس چابی سے جو 3 دانت ہو تو اگر 4 دانت بنائے تو نہیں کھلے گا۔

دوسری مثال: ڈاکٹر نے ایک گولی لینے کو تجویز کیا تو اس سے زیادہ نہیں لیا جائے گا۔ اگر آپ 10 گولیاں لیں گے تو کیا ہو گا؟!

2) زیادہ جائز ہے اسلئے کہ یہ حسنہ ہے اور من جاء بالحسنۃ فلہ عشر أمثالھا

حدیث میں ہے کہ ایک صحابی نے دیکھا خواب میں کہ وہ 25/25/25 مرتبہ پڑھ رہا تسبیح اور 25 مرتبہ لا إلہ إلا اللہ تو آپ ﷺ نے برقرار رکھا تو تطبیق یوں ہو گی کہ اگر سنت سمجھ کر زیادتی کرے تو ناجائز ہے اور اگر سنت سمجھتے ہوئے کبھی زیادتی ہو جائے تو ٹھیک ہے۔

ولا ینفع ذا الجدِّ منک الجد: 1) اور عظمت والے کے لئے نافع نہیں اسکی عظمت یا اسکی قسمت مفید نہیں بلکہ اللہ کے فضل مفید ہے

2) یا جدٌّ کے معنی غِنًا، غنا والے کو غنا فائدہ نہیں دیتا بلکہ اللہ تعالی کا فضل اور عمل صالح نفع دیتا ہے

3) یا نسب باپ دادا فائدہ نہیں دیتا بلکہ اللہ تعالی کا فضل اور عمل صالح نفع دیتا ہے

4)یاشرافت فائدہ نہیں دیتا بلکہ اللہ تعالی کا فضل اور عمل صالح نفع دیتا ہے

جِدٌّ: کوشش اور محنت مفید نہ ہو جبتک اللہ تعالی کا فضل اور عمل صالح شامل حال نہ ہو

- "مِن" 1)ابتدائیہ جو آپکی طرف سے آئی

2)عوضیہ یابدل: لاینفع الغنافی عوضک (منک) (حاشیہ نمبر 3 میں شعر: کاش ہمارے لئے زمزم کے پانی کے بدلے میں وہ مشروب ہوتا جو ٹھنڈا کیا گیا اور طہیان پر رات گزاری؛ طہیان: ٹھنڈا کرنے کا برتن)

-ابن حزم کا مسلک: اب بھی تکبیر وغیرہ جھرًا کر سکتے بعد الصلوۃ

بَابُ يَسْتَقْبِلُ الإِمَامُ النَّاسَ إِذَا سَلَّمَ(ص117)(حدیث:845-846-847)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1)امام لوگوں کی طرف منہ کرے گا یعنی متوجہ ہو گا جب سلام پھیر دے یعنی نماز کے بعد تا کہ لوگوں کو معلوم ہو کہ نماز ختم ہو گئی؛ استقبال الناس فی جمیع الصلوات۔

2)اماک مقتدیوں کی طرف منہ کر کے بیٹھ جائے؛ فقھاء: اگر سامنے مسبوق نہ ہو تو لوگوں کا استقبال کرے گا

3) أقبل بوجھہ: صبح کی نماز پڑھ کر آپ ﷺ لوگوں کی طرف متوجہ ہو جاتے تھے۔

-1)المتانۃ فی شرح الخزانۃ میں لکھا کہ امام تمام نمازوں کے بعد لوگوں کی طرف منہ کرے گا اور مصنفؒ نے یہی قول کو اختیار کیا۔

2)امام شمال کی طرف سے یمین تک آجائے: حدیث: ہم پسند کرتے کہ ہم یمین پر بیٹھے تا کہ آپ ﷺ متوجہ ہو جائے ہماری طرف

3)امام متوجہ إلی القبلۃ رہے پھر سنت پڑھے: حدیث: إن رسول اللہ ﷺ رفع یدیہ بعد ما سلم مستقبل القبلۃ (لیکن سند میں علی بن زید بن جدعان ہے جو بہت ضعیف راوی ہے یا محمول ہے منفرد پر یا احیانًا پر یا اس نماز پر جسکے بعد سنت ہو)

اکابر کا طریقہ جو چلا آرہا ہے: جس نماز کے بعد سنت نہیں تو متوجہ إلی الناس یا منحرفًا إلی الیمین اور جسکے بعد سنت ہے تو متوجہ إلی القبلۃ رہے۔

- لوگوں کی طرف متوجہ کی حکمت: 1)علامت انتھاء الصلوۃ

2)استقبال القبلۃ حق الإمامۃ اور اب حقوق الناس شروع اور استدبار الناس حق الصلوۃ ہے تو جب صلوۃ ختم تو پھر جائے

3)اجتناب عن التکبر

بہتر تو یہی ہے کہ سنت اپنے گھر جا کر پڑھ لے

-ابن مسعودؓ: لایجعل أحدکم للشیطان شیئًا من صلوتہ یُری أن حقًّا علیہ أن ینصرف علی یمینہ

-إثْرٌ یا أثر: خلفٌ؛ سماء سے مراد بارش

-مؤمن: جو اللہ یعنی توحید کو مانتا ہے اور کافر: ناشکری کرنا یعنی اسباب کو مانتا ہے لیکن مسبب الأسباب کو نہیں مانتا

-نوءٌ: 28 ستارے جنمیں سے کچھ طلوع ہوتے مشرق پر اور بعض مغرب پر غروب ہوتے ہیں۔

بَابُ مُكْثِ الإِمَامِ فِي مُصَلَّاهُ بَعْدَ السَّلاَمِ(حدیث:848-849)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1)امام کا چلا جانا ضروری نہیں ہے؛

2)تبدیل مکان الصلوۃ مندوب لا سنۃً ولا واجبًا؛ 3)استقبال المقتدیین لا یلزم

-جگہ تبدیل کرنے کے بارے میں:لفظه عند أبي داود أيعجز أحدكم أن يتقدم أو يتأخر أو عن يمينه أو عن شماله في الصلاة ولابن ماجه إذا صلى أحدكم زاد أبو داود يعني في السبحة وللبيهقي إذا أراد أحدكم أن يتطوع بعد الفريضة فليتقدم الحديث قوله ولم يصح هو كلام البخاري وذلك لضعف إسناده واضطرابه تفرد به ليث بن أبي سليم وهو ضعيف واختلف عليه فيه وقد ذكر البخاري الاختلاف فيه في تاريخه وقال لم يثبت هذا الحديث وفي الباب عن المغيرة بن شعبة مرفوعا أيضا بلفظ لا يصلي الإمام في الموضع الذي صلى فيه حتى يتحول رواه أبو داود وإسناده منقطع وروى بن أبي شيبة بإسناد حسن عن علي قال من السنة أن لا يتطوع الإمام حتى يتحول من مكانه وحكى بن قدامة في المغني عن أحمد أنه كره ذلك وقال لا أعرفه عن غير علي فكأنه لم يثبت عنده حديث أبي هريرة ولا المغيرة وكان المعنى في كراهة ذلك خشية التباس النافلة بالفريضة وفي مسلم عن السائب بن يزيد أنه صلى مع معاوية الجمعة فتنفل بعدها فقال له معاوية إذا صليت الجمعة فلا تصلها بصلاة حتى تتكلم أو تخرج فإن النبي صلى الله عليه وسلم أمرنا بذلك ففي هذا إرشاد إلى طريق الأمن من الالتباس وعليه تحمل الأحاديث المذكورة.(فتح الباری) اور حاشیہ نمبر9ص117۔

لم یصح یعنی تفرد بہ لیث بن أبي سلیم یعنی سند پر کلام

- ھندٌ:اونٹوں کی جماعت اور ریوڑ، خدمت کرنے والی، بوجھ اٹھانے والی۔
- مکث الإمام:1)نماز کے لئے،2)دعاء کے لئے،3)ذکر کے لئے،4)تعلیم و تلقین کے لئے۔
- بعض روایات میں ھند کے ساتھ القرشیۃ اور بعض کے ساتھ الفراسیۃ ہے تو بعض نے کہا کہ اصل الفراسیۃ لیکن تصحیف ہوئی(ہذا الاصح)

اصل:یہ ہے کہ بنو فراس قریش کا ایک چھوٹا قبیلہ تو بعض نے بڑے قبیلے سے اور بعض نے چھوٹے قبیلے کی طرف نسبت کی۔

بَابُ مَنْ صَلَّى بِالنَّاسِ، فَذَكَرَ حَاجَةً فَتَخَطَّاهُمْ(حدیث:851)

- 1)ما قبل مکث ٹھہرنا لازم نہیں اگر ضرورت ہو؛ چلانگ:اوپر سے گزرنا

2)بجوز التخطی لاجل الضرورۃ لیکن ایذاء نہ ہو؛ 3)کوئی مبارک آدمی گزر جائے کندھوں پر تو ناراض نہ ہونگے تو ٹھیک ہے۔

بَابُ الِانْفِتَالِ وَالِانْصِرَافِ عَنِ اليَمِينِ وَالشِّمَالِ(ص118)(حدیث:852)

- انتقال:مسجد سے باہر نکلنا اور انصراف:مُڑ جانا مقتدیوں کی طرف یا دونوں ایک ہی چیز ہے۔
- ترجمۃ الباب کا مقصد:یمین کو لازم نہیں سمجھنا چاہئے بلکہ شمال سے بھی احیانًا نکلنا چاہئے

آپ ﷺ یمین سے نکلتے تھے اسلئے کہ ازواج مطھرات کے مکانات یمین پر ہوتے تھے۔

انسؓ:امالنا فاکثر عمارأیت النبی ﷺ انصرافہ عن یمینہ(شمال جبکہ جانب قبلہ کی طرف رُخ ہو)

بَابُ مَا جَاءَ فِي الثُّومِ النِّيِّ وَالبَصَلِ وَالكُرَّاثِ(حدیث:856-855-854-853)

- الثوم:کچی لہسن؛ بصل:کچی پیاز؛ کُرَّاث:گندنا(پیاز کا پھول جسے لمبے پتے ہوتے green onions)
- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)مسائل شتّٰی کا ذکر؛ 2)امامت کے مسائل؛ 3)جنہوں نے یہ چیزیں کھائی تو عارضی طور پر نہیں آنا چاہئے مسجد میں یہاں تک کہ بدبو زائل کردے۔
- یغشانا:اسلئے کہ بدبو پھیل کر ہمیں ڈھانپ لے گا۔
- آخر الطعام أکلہ النبی ﷺ البصل یعنی مطبوخًا
- ابن حزم:ان چیزوں کا کھانا حرام ہے ہے؛دیگر ائمہ:مکروہ ہے سوائے یہ کہ بدبو زائل کردے۔
- بعض کہتے کہ یہ مسجد نبوی کے ساتھ خاص ہے لیکن یہ بات صحیح نہیں ہے!
- معلوم ہوا کہ جماعت فرض یا واجب نہیں بلکہ سنت مؤکدہ ہے فی درجۃ الواجب۔

- آپ ﷺ کا بچنا اوقات صلوۃ اور غیر اوقات صلوۃ پر بھی تھا اور دوسرے لوگ کے لئے ممانعت صرف اوقات صلوۃ کے لئے کراہت۔
- اشکال: ترجمۃ الباب میں 3 چیزوں کا ذکر ہے! اور اس باب کے تمام احادیث میں کراث کا ذکر نہیں ہے!؟

جواب: 1) دوسری روایت کی طرف اشارہ ہے جو مسلم شریف میں ہے: نھی النبی ﷺ عن أکل الکروث۔

2) ثابت ہے علی طریق القیاس کہ کراث بصل ہی کی نوع سے ہے۔

3) فیہ خضرات من بقول: کراث اور بصل دونوں کو شامل تو کراث تبعًا آگیا۔

بَابُ وُضُوءِ الصِّبْيَانِ، وَمَتَى يَجِبُ عَلَيْهِمُ الغُسْلُ وَالطُّهُورُ، وَحُضُورِهِمُ الجَمَاعَةَ وَالعِيدَيْنِ وَالجَنَائِزَ، وَصُفُوفِهِمْ

(حدیث: 857-858-859-860-861-862-863)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) ما قبل ان لوگوں کا ذکر جن پر حاضر ہونا لازم یا مؤکد ہے جماعت میں مگر کسی عارض کی وجہ سے؛ اب ان لوگوں کا ذکر ہے جن پر جماعت کے لئے حاضر ہونا مؤکد نہیں۔

2) حدیث میں: جنبوا مساجدکم مجانینکم وصبیانکم (اگرچہ سند پر کلام ہے؛ ابن ماجہ میں آیا ہے)

- صحابہ کرامؓ کے بچے آتے تھے مسجد میں جیسے ابن عباسؓ وغیرہ تو بہ ظاہر تعارض ہے تو مصنفؒ نے بتایا کہ مسجد میں بچے آسکتے ہیں تو جبکہ تلویث اور شور وشغب کا خوف نہ ہو تو آسکتے؛
- مصنفؒ نے وجوب کا لفظ کیوں استعمال نہیں کیا ترجمۃ الباب میں؟

جواب: وضوء بچوں کے لئے اعتیادًا و عادۃً نہ کہ وجوبًا من جانب الشریعۃ تو وجوب شرعی مراد نہیں ہے بلکہ وجوب عرفی

- ذٌ: 1) احتلام؛ 2) 15 سال؛ 3) الانبات (زیر ناف کے بال)
- فٌ: کافر کے لئے علامت ہے نہ کہ مسلمان (انبات)
- بنو قریظہ کے واقعہ میں جو کہا گیا کہ بال دیکھا جائے گا بالغ اور نابالغ میں فرق کرنے کے لئے تو یہ بطور مجبوری تھا اسلئے کہ وہ جھوٹ بولتے تھے۔ لڑکی کے لئے: 1) حیض؛ 2) حمل؛ - منبوذ: ڈالا ہوا منفرد کونے میں
- بعض شافعیہ: یقوم واحدٌ بین رجلین تاکہ بچہ شرارت نہ کرے۔
- رافعی: اگر بچہ شرارت وشور کرے تو صف کے جانبین پر کھڑا کرسکتے
- دار الإسلام کالقیط: مسلمان ہوگا (منبوذ کے لفظ سے معلوم ہوا) حاشیہ نمبر 8 ص 118
- فقمت فتوضأتُ: ابن عباسؓ اگرچہ نابالغ تھے تو بغیر وضوء کے نماز نہیں پڑھی تو معلوم ہوا کہ بالغ کے احکام بھی نابالغ پر منطبق ہوگا۔
- نفخ: ہلکی خراتیں؛ - یتیم کا معنی صغیر اسلئے کہ حدیث میں: لایتمّ بعد البلوغ؛ عجوز: ام سلیم
- ص 101 پر گزرا چکا ہے: جدتہ میں "ہ" راجع ہے اسحاق کو اسلئے کہ انکا باپ عبد اللہ اور عبد اللہ کی ماں ام سلیم ہے اور یہ انسؓ کا جدۃ نہیں ہے (ص 120)۔
- أعتم: أخّر؛ نام الصبیان الذین حاضروا المسجد (یہی أولی ہے) یا جو گھروں میں وہ سوگئے
- لیس احدٌ: 1) فی أطراف المدینۃ؛ 2) یا یہ نماز تمہارے لئے مخصوص ہے (لم تصلھا بالجماعۃ اممٌ قبلکم)

- ھدایہ کے بعض شروحات میں لکھاہے: فجر کی نماز آدمؑ نے پڑھی: ظلمت کے جانے پر اور روشنی آنے کی وجہ سے تو 2 رکعات پڑھی۔
ظہر کی نماز ابراھیمؑ نے پڑھی: انکو یہ غم تھا تو 1) اللہ نے غم کو ختم کیا؛ 2) قد صدقت الرؤیا: توبہ قبول کیا؛ 3) اللہ راضی ہوا؛
3) اسماعیلؑ نے صبر کیا
عصر کی نماز یونسؑ نے پڑھی: مچھلی کے پیٹ کے اندھیرے، رات کے اندھیرے اور سمندر کے اندھیرے میں اور لغزش کے اندھیرے سے نجات دی تو 4 رکعات شکرانہ پڑھا
مغرب کی نماز پڑھی عیسیٰؑ: 1) نفی الألوھیۃ عنہ؛ 2) عن أمہ؛ 3) اثبات لألوھیۃ للہ
عشاء کو موسیٰؑ نے پڑھی: اپنا اور بیوی، ماں اور اولاد کا غم ختم کیا تو 4 رکعات پڑھی
- ولولا مکانی منہ ما شھدتہ
- 1) ولولا وجودی منہ فی الصغر ما شھدت فی النساء تو میں حاضر ہوا اسلئے کہ میں بچہ تھا۔
2) لولا قدرتی علی الصغر.....إلی العید مراھق ہونے کی وجہ سے حاضر ہوا
3) ولولا مرتبتی عند النبی ﷺ ما شھدت إلی النساء: تو میرا مرتبہ تھا تو آپ ﷺ نے ساتھ رکھا۔

بَابُ خُرُوجِ النِّسَاءِ إِلَى المَسَاجِدِ بِاللَّيْلِ وَالغَلَسِ (حدیث: 869-868-867-866-865-864)

- عورتیں جاسکتی اندھیرے میں اور رات میں، تمام نمازوں کے لئے نہیں نکلے گی خوف فتنہ کی وجہ سے
- عاتقہؓ نے جب عمرؓ سے شادی کی تو یہ شرط لگائی کہ پٹائی نہ کریں گے اور مسجد جانے سے نہ روکیں گے پھر حضرت زبیرؓ سے شادی کی۔
- شوافع کے نزدیک مطلقاً جاسکتی ہے رات ہو یا دن۔
- احناف کے یہاں چند شرائط ملحوظ ہیں: 1) فتنہ نہ ہو؛ 2) اندھیرا ہو؛ 3) کونھا تفلۃً (سادہ کپڑا پہنی ہو)؛ 4) کونھا غیر مطیبۃ؛ 5) کونھا عجوزۃ؛ 6) کونھا مأذونۃ؛ 7) کونھا غیر مختلطۃً بالرجال؛ 8) کونھا خارجۃً قبل الرجال
- اسکے باوجود بہتر ہے کہ گھر میں نماز پڑھے اسلئے کہ اسکا ثواب و درجہ 25 گنا زیادہ ہے: حدیث میں: صلوتھا فی بیتھا أفضل من صلوتھا... (دیکھئے انعام الباری کی تعلیق پر 3/553)
- مابین ھذین الوقتین بین أن یغیب الشفق و بین ثلث اللیل الأول۔ بعض "إلی" کو واؤ کے معنے میں لیتے
- لا تمنعوا إماء اللہ المسجد ویتھن خیر لھن (ابو داؤد)
- مایعرفن من الغلس: ابن ماجہ میں: یعنی من الغلس اور طحاوی میں قال الزھری مایعرفن من الغلس تو یہ کلام مدرج من الراوی ہے۔
- پہلی رکعت میں 60 آیات پڑھی اور دوسری میں 3 آیات پڑھی۔
- ما.....النساء من الزینۃ والطیب؛ کما منعت نساء بنی إسرائیل أی کما منعن بعد الإجازۃ یا منعن ابتداءً وانتھاءً
- آگے آنے والے تین باب: باب فی الباب ہیں لیکن نئے فوائد کی وجہ سے قائم کیا۔
- 1) عورتیں مردوں کے پیچھے؛ 2) عورتوں کم ٹھہرے گی مسجد میں؛ 3) عورت اجازت مانگے گی مسجد جانے کے لئے؛
- بہ ظاہر ان 3 باب میں براعۃ الاختتام سمجھ میں نہیں آتا ہے! جواب: الباب الرئیسیؒ مشتمل علی براعۃ الاختتام: غلسٌ: اندھیرا۔

بَابُ صَلاَةِ النِّسَاءِ خَلْفَ الرِّجَالِ(حدیث:871-870)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)عورتوں کے صف پیچھے اور مرد کے صف آگے ہیں۔

2)نساء مقتدیات اور رجال امام ہیں

-ابن مسعودؓ: أخروھن من حیث أخرھن اللہ مرفوعًا(سند انتہائی ضعیف ہے)اور موقوفًا مروی ہے

-اشکال:جب عطف ہو تو قمتُ أنا ویتیمٌ ہونا چاہئے تھا تو فقمت ویتیمٌ کیوں؟

جواب: 1)یہ عطف کوفیین کے مذہب کے مطابق جو تاکید بضمیر منفصل ضروری نہیں سمجھتے اور نہ فصل کو ضروری کہتے ہیں

2)بصریین کے نزدیک مفعول لہ ہو گا۔ -ام سلیم خلفنا:صلوۃ النساء خلف الرجال۔

بَابُ سُرْعَةِ انْصِرَافِ النِّسَاءِ مِنَ الصُّبْحِ وَقِلَّةِ مَقَامِهِنَّ فِي المَسْجِدِ(ص120)(حدیث : 872)

- اگرچہ زیادہ روشنی نہیں لیکن پھر بھی انکو جلدی واپس جانا چاہئے اور عورتوں کا جانا آپ ﷺ کے زمانے میں بطور ضرورت تھی اسلئے کہ آپ ﷺ معلم تھے اور الضرورۃ تتقدر بقدر الضرورۃ۔
- اگر وہ عورتیں مسجد میں رُک جائیں تو وہ باتوں میں لگ جائیں گی تو قیام لمبی ہو گی اور مردوں کو تکلیف ہو گی۔
- فینصرف:.....1)خبر مقدم؛ 2) "ن" علامت فاعل نہ کہ فاعل جیسے اکلونی البراغیث۔
- من الغلس:براعت اختتام تو یہ 3 باب فروع ہیں کہ قبر میں اندھیرا ہو گا۔

بَابُ اسْتِئْذَانِ المَرْأَةِ زَوْجَهَا بِالخُرُوجِ إِلَى المَسْجِدِ(حدیث:873-~~874-875~~)

- بعض لوگ نے تکلف کیا یہاں براعۃ الاختتام نکالنے میں لیکن ضرورت نہیں اسلئے کہ باب فی الباب ہے۔
- مسجد مصلی ہے اور مصلی عید گاہ ہے یا جنازہ گاہ کو کہتے۔
- فٌ:جب فتنہ نہ ہو تو بہتر ہے کہ مسجد میں نماز پڑھے اور گھر میں نماز پڑھنے کو محمول کرتے فتنے پر۔
- احناف:گھر مین پڑھنا بہتر ہے۔

11 – كِتَابُ الجُمُعَةِ(ص120)

- صلوۃ عامہ کا ذکر کر کے اب صلوۃ مخصوصہ کا ذکر ہے۔
- جمعۃٌ:مصدر:اجتماع کے معنے میں اور "ۃ" مبالغہ کے لئے یعنی بہت لوگ جمع ہیں یا تانیث کے لئے:بمعنی الساعۃ الجامعۃ للناس
- وجہ تسمیہ:1)آدمؑ اور حواء جمعہ کے دن جمع ہوئے تھے زمین میں۔

2)خَلقُ الإنسان جمع فیہ:روح ڈالی گئی آدمؑ کی جمعہ کے دن، تو اجزاء کو جمع کیا۔

3)لجمع الناس فیہ

4)کعب بن لوی یا قصیؑ بن کلاب نے لوگوں کو جمع کیا تھا اس دن پر۔

5)ایک حدیث میں ہے کہ اجتماع الناس فی یوم القیامۃ یکون فی یوم الجمعۃ

-احناف:مکہ میں فرض ہوا اور ادا ہوا مدینہ منورہ میں اور شافعیہ:فرضت بالمدینۃ وأدیت بالمدینۃ

بَابُ فَرْضِ الجُمُعَةِ(حدیث:876)

-جمعہ فرض ہے:1)فاسعوا إلی ذکر اللہ:امر فرضیت کے لئے ازر ذکر سے مراد خطبہ مقدمہ توجب خطبہ کے لئے لزوم ہے تو نماز بطریق اَولی۔

2)وذروا البیع:امر وجوب کے لئے تو کاروبار چھوڑوا سلئے کہ جمعہ فرض ہے

3)ظہر کو چھوڑو جبکہ جمعہ فرض ہے تو معلوم ہوا کہ جمعہ "اس سے بھی زیادہ فرض ہے"

4)ڈبل اذان ہے اسکے لئے تو بطریق اَولیٰ فرض ہو گا۔

سوال:.....

جواب:1) کبھی خیر لازم کے مقابلہ میں مستعمل ہے:والصلح خیر،وأن تصوموا خیر لکم،الصلوۃ خیر من النوم...

2)یا خیر نفس فعل کے معنے میں ہے۔

-سب سے پہلے جمعہ جو پڑھی گئی مدینہ منورہ میں:1)ایک روایت میں اسعد بن زرارۃ نے

2)ایک روایت میں مصعب بن عمیر(لیکن سند میں احمد بن محمد متھم بوضع الحدیث ہے)

تو تطبیق اس طرح ممکن ہے:اسعد بن زرارۃ نے خارج المدینۃ،یا اجتھاداً یا بطور امیر پڑھی اور مصعب نے فی المدینۃ،آپ ﷺ کے حکم سے یعنی مأمور تھے۔

- سعی سے مراد مشی ہے اسلئے کہ دوڑنا ممنوع ہے:إذا أتیتم الصلوۃ فائتوھا وأنتم تمشون یا مطلب تیاری کرو(کوشش کے معنے میں)
- وذروا البیع:بیع کو چھوڑوا شارہ ہے کہ جمعہ وہاں ہو گا جہاں تجارت ہوتی نہ کہ چھوٹی بستی جہاں زراعت ہوتی
- نحن الآخرون السابقون:اشارہ إلی صحیفۃ الأعرج یعنی صحیفۃ أبی ھریرۃؓ بواسطۃ الأعرج
- اور مسلم کے یہاں صحیفہ ھمام تھا:اشارہ کرتے:فذکر أحادیث منھا
- 1)زماناووجوداًاور سابق دخولاً فی الجنۃ

2)خُلقنا فی آخر الأیام أی یوم الجمعۃ اور سابقین اس اعتبار سے کہ جمعہ سے ابتداء کرتے ہیں ایام کی اسلئے کہ مرتبہ میں وہ افضل ہے

-یہود کے لئے یوم السبت اور نصاری کے لئے عبادت کا دن اتوار ہے۔

-اشکال:بہ ظاہر تعارض ہے الفاظ میں:فُرض علیھم سے پتہ چلتا ہے کہ متعین ہے اور فاختلفوا سے عدم تعیین اور اختیار معلوم ہوتا ہے!؟

جواب:1)جمعہ کے لئے اجتہادی تھا تو فُرض کا مطلب قُدِّرَ علیھم أن یختاروا یوماً للعبادۃ اجتھاداً تو یومٌ من الأیام للعبادۃ مقرر تھا اور تعیین یوم انکے اجتہاد پر مبنی تھا۔

کبھی اللہ امتحاناً تعیین بندوں پر چھوڑ دیتے:مثال:اساری بدر کے بارے میں اختیار دیا،اگرچہ اللہ کے یہاں بہتر قتل تھا۔

یا لیلۃ المعراج پر آپ ﷺ کو دودھ،پانی اور شراب پیش کیا گیا تو آپ ﷺ نے دودھ اختیار کیا اور آپ ﷺ سے فرمایا:آپ فطرت تک پہنچ گئے،اگر شراب لیتے تو امت گمراہ ہوتی۔ مسلمانوں نے جمعہ کو لیا تو وہ حق تک پہنچ گئے اور یہود نے یوم السبت لیا اسلئے کہ چھٹی کے معنے میں

- اتوار،پیر:زمین بنائی؛ منگل،بدھ:مافی الأرض؛ جمعرات،جمعہ:آسمانوں کو بنایا اور آخر الجمعۃ:آدمؑ اور سنیچر کو چھٹی لی
- نصاری نے یوم الأحد لیا اسلئے کہ انہوں نے سوچا کہ جس دن آسمان وزمین کی بنیاد ڈالی تو اس دن کو لینا چاہئے(یعنی افتتاح کا دن)
- مسلمان:یوم ولادۃ العابد وہی عبادت کے لئے خاص ہونا چاہئے،تو جمعہ کا دن اختیار کیا۔
- اسعد بن زرارۃ نے اپنی اجتہاد سے جمعہ کو اختیار کیا اور مصعب بن عمیرؓ یا آپ ﷺ کے حکم سے اور پھر اللہ نے جمعہ کو برقرار رکھا

2)جمعہ سب کے لئے مقرر تھا تو فُرِضَ کا مطلب عُیِّنَ للکُلِّ (یہود، نصاری اور مسلمان) لیکن انہوں نے اسمیں اجتہاد کرنا شروع کیا جیسے یوم العطلۃ میں لوگ تبدیلیاں کرتے رہتے ہیں (جمعہ کو اتوار یا اتوار کو جمعہ)

حنطۃ وزنی سے کیلی بنایا تو اس پر قیاس کیا کہ جمعہ کے معاملہ میں بھی یہی گنجائش ہوگی کہ تبدیلی کرے۔

بعض روایتوں سے پتہ چلتا ہے کہ جمعہ فرض کیا گیا تھا پہلی اُمتوں پر بھی جیسے عمالقہ پر جب یوشعؑ نے دعا کی کہ سورج رُک جائے اسلئے کہ وہ دن آنے والا تھا جسمیں قتال ناجائز تھا۔

تورات میں ایک آدمی کو صولی دینے کا حکم دیا تھا غروب ہونے کے قریب تھا تو کسی نے کہا کہ جلدی سولی دو غروب سے پہلے پہلے۔

عبد اللہ بن سلام کی روایت: اُبو ھریرۃؓ نے فرمایا: کہ عبد اللہ بن سلام نے کہا کہ وقت اجابت عصر سے مغرب تک ہے اور کہا کہ منتظر الصلوۃ فی حکم المصلی ہوتا ہے تو جب عبد اللہ کو جمعہ کے وقت اجابت معلوم تھا تو اس سے معلوم ہوا کہ ان کے یہاں بھی جمعہ کی تعظیم تھی تب یہ بات کہہ سکتے ہیں۔

3)جمعہ ان کے لئے اجتہادی تھا (فاختلفوا) اور ہمارے لئے متعین تھا فھدانا اللہ لہ

بَابُ فَضْلِ الغُسْلِ يَوْمَ الجُمُعَةِ، وَهَلْ عَلَى الصَّبِيِّ شُهُودُ يَوْمِ الجُمُعَةِ، أَوْ عَلَى النِّسَاءِ(ص120)(حدیث:877-878-879)

- جمعہ کی تیاری: ظاہریہ کی تردید جو غسل کو لازم کہتے؛ دٌ: عمّال پر لازم و فرض ہے کہ بدن کی بدبو اور میل کچیل کا ازالہ کرے
- ابن عباسؓ کی حدیث ہے: لوگ کام کرتے تھے، بدبو پھیلتی تھی اسلئے کہ چھٹ نیچے تھی تو اس وقت آپ ﷺ نے غسل کا حکم فرمایا بعد میں جب فراخی پیدا ہوئی اور اونچی کر دی گئی اور کپڑے زیادہ ہونے لگے وغیرہ تو منسوخ ہوا لیکن اسکی فضیلت باقی رہی۔
- جمعہ کا غسل مندوب ہے اسی لئے فضل کا لفظ استعمال کیا اور سوال قائم کیا بچوں اور عورتوں کے لئے؟

جواب: بچوں پر جمعہ نہیں ہے اسلئے کہ محتلم کا لفظ آیا اور عورت کے لئے حائضہ و نفساء کا لفظ ہے۔

- فالیغتسل: امر وجوب کے لئے پھر منسوخ ہوا۔
- عورت پر ہے یا نہیں غسل؟ یوم کی وجہ سے یا صلوۃ کی وجہ سے ہے؟
- اگر وقت کے لئے ہو تو استحباب ہے اور اگر صلوۃ کے لئے تو غسل نہیں ہے لیکن احتیاط یہی ہے کہ غسل کرے۔
- جویریۃ: پیاری لڑکی (تصغیر شفقت کے لئے)
- سابقین الأولین: 1) أصحاب الھجرتین (انصار داخل نہیں)

2) أصحاب القبلتین، 3) أصحاب البدر، 4) أصحاب الشجرۃ (یہ تین انصار کو بھی شامل)

-والوضوءَ: 1) ھل اقتصرتَ علی الوضوءِ استفہام مقدر ہے

2) ھل الوضوءُ یُقتصرُ علیہ؛ 3) ھل اکتفیتَ علی الوضوء تو معلوم ہوا کہ غسل واجب نہیں

- بعض کہتے کہ واؤ استفہام کے لئے اگرچہ نہیں آتا لیکن أحیانًا آتا ہے: مثال: وھل آمنتم بہ قبل أن آذن لکم

-ابو داؤد میں آپ ﷺ: لا جمعۃ علی امرأۃ ولا صبی

- محتلم بالقوہ مراد ہے نہ کہ بالفعل؛ حاشیہ نمبر 1 پر غسل جمعہ کا پورا قصہ ہے؛

-ابو سعید کا نام: سعد بن مالک۔

بَابُ الطِّيبِ لِلْجُمُعَةِ(ص121)(حدیث:880)

- خوشبو کے ساتھ فضل نہیں لگایا اشارہ کہ غسل کا استحباب مؤکد ہے اور خوشبو لگانے کے درجے کا ہے
- جب غسل لازم نہیں تو خوشبو بہ طریق اولی لازم نہیں؛ کؒ کی طرف وجوب کی نسبت ہے لیکن یہ نسبت صحیح نہیں۔
- من توضأیوم الجمعۃ فبھا ونعمت و من اغتسل فھو أفضل: ابن عباسؓ کی روایت.....
- من توضأفأحسن الوضوء ثم أتی الجمعۃ فاستمع وأنصت غفرلہ مابین الجمعتین وزیادۃ ثلاثۃ أیام، تو مغفرت مرتب ہے وضوء پر اور غسل کا ذکر نہیں ہے۔
- واجبٌ لگایا غسل کے ساتھ اور مسواک اور خوشبو کے ساتھ نہیں اور اِن وجد کی قید لگائی، تو معلوم ہوا کہ خوشبو لگانا کم درجہ کا ہے؛
- ابو بکر: اسم فی صورۃ الکلیۃ
- بہر حال غسل واجب نہیں ہے جیسے پیچھے گزرا کہ حضرت عثمانؓ نے نہیں کیا اور غسل اور خوشبو میں فرق ہے اگرچہ دونوں میں واجب نہیں ہے: غسل بہت مؤکد ہے کیونکہ فرمایا الغسل یوم الجمعۃ واجب اور طیب کے بارے میں وأن یستنّ وأن یمس طیبًا اِن وجد
- دوسری بات یہ ہے کہ خوشبو میں اِن وجد کی قید ہے جس سے معلوم ہوا کہ وہ اتنا مؤکد نہیں جتنا غسل مؤکد ہے۔

بَابُ فَضْلِ الجُمُعَةِ(حدیث:881-882)

- جمعہ کی فضیلت کا بیان اور اسکا مطلب یہ ہے کہ جلدی جانا چاہئے جمعہ کے لئے۔
- سؒ: غسل للصلوۃ ہے، اگر وضوء ٹوٹ جائے تو فضیلت حاصل نہیں ہوگی۔
- مؒ: یوم کی عظمت کے لئے (دن میں غسل کیا تو فضیلت حاصل ہوا اور بچے اور عورت پر بھی غسل ہوا)
- غُسل الجنابۃ پر کاف مقدر یعنی ذٰلک احتیاط کے ساتھ
- مفعول مطلق: جنابت والا غسل اور جمعہ اور جنابت کا غسل دونوں کی نیت کرے۔
- راح: بعد الزوال آنا؛ شعر: تروحُ اِلی العطار تبغی شبابھا فلن یصلح العطار ما أفسدہ الدھرُ
- یہ 5 نمبر کس وقت سے شروع ہے؟

1) أئمہ ثلاث: صبح سے اگر 7 گھنٹے تو ہر ڈیڑھ گھنٹے میں انعام بدلے گا۔

2) کؒ: اوقات شروع ہوتے زوال سے اگر ایک گھنٹہ، تو تقسیم ہوگا پانچ حصّہ اور ہر حصہ میں.....

-دلائل: 1) من بکّر وابتکر (خطبہ کی ابتداء میں شامل ہو جائے) صبح کے جانے کو کہتے۔ باکرہ: جب سب سے پہلی ملاقات ہو

-من غدا اِلی الجمعۃ: صبح جانے کو کہتے۔ مثل المھجّر کا لفظ آیا: یعنی قبل الزوال۔

2) 1) ثم راح کا لفظ آیا (شام کے وقت جانا)؛ 2) سلف صالحین سے مروی نہیں کہ طلوع الشمس سے پہلے جایا کرتے۔ 3) عثمانؓ بعد الزوال گئے تھے تو کیا انہوں نے اتنی تاخیر کی؟

-حضرت شیخؒ کی تطبیق: ھاجرۃ میں چلا جائے تو (غدا قبل الزوال ہوگا) اور بکور اور راح (یعنی بعد الزوال) قرب کی وجہ سے۔ تو سب مل جائے گا

-اگر اسی قول میں توسع کرے اور دس بجے کا وقت کہے تو بھی سب فضیلت ملے گا۔

-بدنۃ: اونٹ اسلئے کہ بقرۃ بعد میں آیا اگرچہ احناف کے نزدیک بدنۃ: اونٹ گائے کو شامل ہے۔

-بقرۃ: بیل، گائے اور بقر کا مطلب پھاڑنا(زمین کو)؛ أقرن: سینگ والے یعنی کامل و مکمل

- قرّب کا مطلب اللہ کے تقرب کے لئے کوئی چیز دینا؛ بیضٌ: جمع انڈے

- قربانی کا مطلب: ماکولات میں سے بطور تقرب اللہ کو دے دے چنانچہ بیضۃ بھی اسمیں داخل ہے

-خطبہ: ذکر بھی ہے، تذکیر بھی ہے تو اگر کوئی کہے کہ تذکیر ہے تو ملکی زبان میں ہونا چاہئے تو جواب دیں گے کہ ذکر بھی اور ذکر منصوص علیہ زبان میں ہونا چاہئے۔

بَاب

- ترجمۃ الباب کا مقصد: مالکیہ کی تائید کہ بعد الزوال سے وقت جمعہ شروع ہوتا ہے۔
- الذھاب مبکرا لایلزم
- ماھو إلا یعنی لیس التأخیر إلاّ أن سمعتُ النداء
- فلیغتسل: ملا علی قاریؒ: اشارۃ إلی الغسل للصلوۃ۔

بَابُ الدُّهْنِ لِلْجُمُعَةِ(حدیث:883-884)

- یہ بھی جمعہ کے آداب و مستحبات میں سے جیسے خوشبو لگانا
- عرب خوشبو بناتے تھے گھر میں: ابن عباسؓ کی روایت دُھن آیا ہے جو خوشبو کو شامل ہے۔
- فلا أدری کا مطلب: 1) نسی ثم تذکر أو تذکر ثم نسی؛ 2) مرفوعًا نہیں سنا بلکہ کسی صحابہؓ کے واسطے سے سنا یعنی ابو سعید خدریؓ سے۔

بَابُ يَلْبَسُ أَحْسَنَ مَا يَجِدُ(حدیث:886)

- جمعہ کے آداب میں سے ہے کہ یلبس أحسن ملبجد اور عیدین میں تجمل کا لفظ آیا ہے اشارہ ہے کہ وہاں نئے کپڑے استعمال کرنا ہے
- حلۃ: دوسری روایت میں جُبَّۃٌ آیا ہے تو دونوں میں اوپر والا حصہ تحل علی ما ہو الأسفل
- ریشم کا کپڑا گویا مشرکین کے لئے ٹھیک ہے
- 1) امام زفرؒ: کفار مخاطب بالفروع ہیں البتہ ذمی اگر ایسا کام کرتا ہے جو ہماری شریعت کے مخالف تو سزا نہ ہوگی (حربی ہو یا ذمی)
سمؒ: ذمی مخاطب بالفروع ہیں: ہم ان سے کچھ نہیں کہیں گے: اگر سود یا شراب کی رقم اسکے پاس اور ان پر قرض ہے تو ہمارے لئے یہ پیسے لینا جائز نہیں ہوگا اور حربی مخاطب نہیں۔
2) حؒ: ذمی اور حربی مخاطب بالفروع نہیں ہیں سود سے یا بیع فاسد سے رقم لی پھر بھی ہمارے لئے جائز ہوگا
ہاں وہ مخاطب بالمعاملات ہیں یعنی وہ کام نہیں کرسکتے جو شرعًا ممنوع ہے معاملہ میں۔
- اگر کوئی ناجائز کپڑا (ریشم) یا تصویر والا تو اسے مشرک کو بیچنا جائز ہوگا
- بعض کہتے کہ رضاعی بھائی اور بعض اخیافی بھائی: عثمان بم حُکیم قبل أن یسلم

بَابُ السِّوَاكِ يَوْمَ الجُمُعَةِ (ص122)(حدیث:887-888-889)

- وضوء کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ جلسے کے لئے جمعہ کے لئے نماز سے پہلے، اٹھنے کے بعد وغیرہ سب مقام پر سواک کرے گا

- مع کل صلوۃ أی مع کل وضوء صلوۃٍ(ص359)
- عائشہؓ:موارد الظمآن:.....عند کل صلوۃ
- مع کل صلوۃ والجمعۃ.....؛ یشوصُ:یدلک۔

بَابُ مَنْ تَسَوَّكَ بِسِوَاكِ غَيْرِهِ(حدیث:890)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)مسواک مؤکد ہے اسی لئے اگر اپنا مسواک نہ ہو تو دوسرے سے مانگ لے
2)دوسرے کے سواک کو استعمال کرنا ممکن ہے۔
3)یہ معمولی چیزوں میں سے تو اسکا مانگنا ممنوع سوالات میں سے نہیں ہے۔

بَابُ مَا يُقْرَأُ فِي صَلاَةِ الفَجْرِ يَوْمَ الجُمُعَةِ(حدیث:891)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)فجر الجمعۃ کی قراءت کا ذکر؛ 2)کؒ کی تردید:فرض والی نماز میں آیت سجدہ نہ پڑھے
- بلوغ المرام میں:وکان یداومُ علیھا پھر سنت مؤکدہ ہونا چاہئے!
جواب:یداومُ کا مطلب کان یُکثِرُ اسلئے کہ دوسری سورتیں بھی ثابت ہیں
مصنف عبد الرزاق میں:سورۃ روم یا مُلک بھی ثابت ہے۔

بَابُ الجُمُعَةِ فِي القُرَى وَالمُدُنِ(حدیث:892-893)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)اختلاف کی طرف اشارہ کہ جمعہ کہاں پڑھیں گے؟چھوٹی بستی میں یا شہر
- فؒ:جمعہ وہاں پڑھ سکتے جہاں 40 آدمی عاقل بالغ ہو:لا یتنقلون صیفًا ولا شتاءً؛ کؒ:موضعٌ فیہ مسجد أو سوقٌ۔
- حؒ:1)بڑی بستی یا شہر میں پڑھ سکتے؛ 2)فناء البلد یا فناء المصر؛ 3)القریۃ الصغیرۃ التی تکون فی فناء المصر؛
4)القریۃ الکبیرۃ(قصبہ اور بڑا گاؤں 3000 لوگ پر مشتمل)؛ 5)القریۃ الصغیرۃ التی تکون خارج البلد؛ 6)الصحاری اور جنگل میں

-فؒ:اگر 40 آدمی ہو تو پڑھسکتے اور کؒ:موضعٌ فیہ مسجد أو سوقٌ۔اسی لئے آپ ﷺ نے عرفات میں اگرچہ جمعہ کا دن تھا لیکن جمعہ نہیں پڑھایا
-منی میں اگر کچھ آبادی ہو اور نحر کی وجہ سے لوگوں کا اجتماع ہو تا تو جمعہ جائز(قریۃ صغیرۃ کبیرۃ بنے گی)
-جو کہتے کہ چھوٹی بستی میں جمعہ ممکن ہے:انکی دلیل:بنو سلمۃ میں آپ ﷺ نے جمعہ پڑھایا،تو اسکا جواب یہ ہے کہ
1)ھی محلۃ من محلات المدینۃ؛ 2)اسعد بن زرارۃ نے مدینہ سے باہر پڑھایا:جواب:وہ فناء مصر میں داخل تھا یا اپنا اجتہاد سے تھا
-علیؒ:لا جمعۃ ولا تشریق إلا فی مصر جامع:امام نوویؒ:سند میں حارث اعور ہے لیکن مصنف عبد الرزاق میں حارث اعور نہیں ہے!اور اسی طرح معرفۃ السنن للبیھقی میں نہیں ہے
-عوالی میں جمعہ نہیں ہوتا،عرفات میں بھی آپ ﷺ نے جمعہ نہیں پڑھایا۔
-قریۃ صغیرۃ میں جمعہ نہیں:1)ص123:کان الناس یتناوبون الجمعۃ من منازلھم من العوالی
2)قباء میں جتنے دن ٹھہرے جمعہ نہیں پڑھا

3) آپ ﷺ نے عرفات میں جمعہ نہیں پڑھایا

4) مصنف ابن أبی شیبۃ میں: حذیفۃؓ: لیس علی أھل القری جمعۃ، إنما الجمع علی الأمصار مثل المدائن

- حضرت شاہ صاحبؒ: اللمعۃ فی الجمعۃ اور حضرت گنگوہیؒ نے رسالہ أوثق العری فی تحقیق الجمعۃ فی القری لکھا

- ایک شاعر نے ابو بکرؓ کو لکھا: ألا أبلغ أبا بکر سلاما وفتیان المدینۃ..... فھل لکم من قوم معاف قعود فی الجوائی محصرین

- شیخ الہندؒ نے احسن القری لکھا۔

- سب سے پہلے جمعہ آپ ﷺ کی مسجد کے بعد جُواثی مقام پر ہوا (بڑی جگہ تھی: کان فیھا حصن یسکن فیھا أربعۃ آلاف)

- مسجد بنی عبد القیس میں: بحرین کا ایک قریہ ہے 6ھ جب اسلام پھیل چکا تھا۔

- اور قریۃ شہر کے لئے بھی مستعمل ہے: 1) ربنا أخرجنا من ھذہ القریۃ؛ 2) واسئل القریۃ التی کنا فیھا (کنعان یا مصر)؛

3) لولا نزل ھذا القرآن علی رجل من القریتین عظیم (طائف یا مکۃ)؛

- عثمانؓ: إن ھذا یوم قد اجتمع فیہ عیدان فمن احب أن ینتظر الجمعۃ من أھل العوالی فلینتظر ومن أراد أن یرجع فأذنت لہ

- سوال: 6ھ میں جب اسلام پھیل چکا تھا تو صرف جواثی میں کیوں جمعہ پڑھا گیا، پھر تو بحرین تک کی چھوٹی بستیاں ہیں انمیں کیوں جمعہ نہیں پڑھا گیا؟

- شہر کسکو کہتے؟: 1) مایذکر عند ذکر الأمصار؛ 2) جسمیں قاضی، امیر، جو ینفذ الأحکام حقیقۃ و یا حکمًا؛

3) سب سے بڑی مسجد میں پوری شہر کے لوگ نہیں سما سکتے (اس پر اشکال ہے کہ مدینہ منورہ میں سب لوگ آسکتے تھے)

4) وہ قصبہ جسمیں عام ضروریات موجود ہو؛ 5) مافیہ أسواق ولھا.....یعنی ماتحت میں دیہات ہو

بَابُ هَلْ عَلَى مَنْ لَمْ يَشْهَدِ الجُمُعَةَ غُسْلٌ مِنَ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ وَغَيْرِهِمْ؟(ص122)

(حدیث: 894-895-896-897-898-899-900)

- سؒ: غسل صلوۃ کے لئے یہی قول مصنفؒ نے لیا اور بتایا کہ عورتوں اور بچوں پر غسل نہ ہو گا۔
- مؒ اور حسن: یوم کے لئے ہے: برکۃ الزمان برکۃ المکان کی طرح، اگر جمعہ کی نماز بعد غسل کیا تو فضیلت حاصل نہیں ہو گی، وہ غسل معتبر ہے جو یوم اور جمعہ کے لئے ہو۔
- مرأۃ صبی پر جمعہ نہیں تو غسل بھی نہیں۔
- اشکال: آپ نے مفہوم مخالف مراد لیا حالانکہ احناف مفہوم مخالف مانتے ہیں سوائے قرآن و حدیث میں:

قرآن میں: لا تکرھوا فتیاتکم علی البغاء: قید احترازی نہیں ہے

جواب: جس پر جمعہ ہے اسپر غسل ہے اور حدیث سے ثابت ہے اور جس پر جمعہ نہیں تو اس پر غسل ثابت نہیں تو ہم کیسے ثابت کرے

مثال: سائمۃ میں زکوۃ ہے اور علوفۃ میں؟ تو نہیں ہے

کھانے کے دوران سلام کا ذکر نہیں آیا ہے تو پھر ہم کیوں ثابت کرے!

نکرہ کبھی کبھی مبتداء واقع ہو جاتا ہے فخذ (مبتداء)

- فی کل سبعۃ: صحیح ابن خزیمہ میں اسکی تفسیر ہے اور رأس کا خاص ذکر کہ وہ لمبے بال رکھتے تھے۔

- شبابۃ بن سوّار لڑکا کا نام (ۃ) ہمیشہ تانیث کے لئے نہیں ہے لیکن یہاں شبہ تانیث
- عاتقۃ بنت زید بن عمرو بن نفیل سعید بن زید کی بہن تھی: صبح اور عشاء میں آتی تھی مسجد کو۔

بَابُ الرُّخْصَةِ إِنْ لَمْ يَحْضُرِ الجُمُعَةَ فِي المَطَرِ (ص123) (حدیث:901)

- ما قبل میں عزیمت کا بیان تھا اور اب رخصت کا بیان ہے اور نہ آنے کی گنجائش ہے اگر صحیح عذر ہو
- آپ ﷺ کے زمانے میں اقامت کے بعد یہ اعلان ہوا اور ابن عباسؓ نے اپنا اجتہاد سے
- أن أو قعكم فی الإثم والضرر والحرج۔

بَابُ مِنْ أَيْنَ تُؤْتَى الجُمُعَةُ، وَعَلَى مَنْ تَجِبُ (حدیث:902)

- ما قبل میں این تجب الجمعۃ ہے اب جہاں جمعہ واجب ہے تو من أین تؤتی إلیھا: اسمیں اختلاف ہے اسی لئے بیان فرمایا
- علی من تجب: جہاں جمعہ واجب 1) تو ایک میل یا دو میل یا تین میل وہاں سے آنا چاہئے

2) جہاں سے اذان سنائی دیتا ہو (علی من یسمع النداء)

3) اگر رات اپنے گھر پہنچ سکتا ہے (الجمعۃ من آواہ اللیل وفی إسنادہ عبد اللہ بن سعید المقبری جو ضعیف ہے)

پکی بات 4) ساکن مصر یا قریۃ کبیرۃ یا فناء مصر میں رہنے والوں پر لازم ہے کہ آئے

- تعدد جمعہ ؟ مؒ: جائز؛ سؒ: لا یجوز إلا أن یکون مثل بغداد
- جمعہ پڑھا اور عید کا دن تھا تو باہر کے لوگ اور عوالی کے لوگ آئے تھے تو آپ ﷺ نے اعلان کیا: اجتمع فی یومکم ہذا عیدان فمن شاء أجزأ من الجمعۃ.....وإنا مجمّعون (رواہ ابو داؤد).....، اور اسی طرح عثمانؓ نے کہا تھا جو پہلے مذکور ہے
- تو جب تک مصر میں ہو تو جمعہ لازم اور اگر باہر نکل گئے تب لازم نہیں اور اعتبار یہ ہے کہ مدینہ قصبہ کبیرہ ہے یا نہیں؟
- تو باب کا خلاصہ یہ ہے کہ جو محل جمعہ میں ہے اسپر لازم ہوگا ورنہ نہیں اور فاسعوا میں ایک یا دو میل کی قید نہیں ہے۔
- عطاء سے پوچھا گیا کہ مصر کیا ہے؟: کہا کہ جسمیں امیر قاضی اور مجتمع مکانات ہو۔
- وکان أنس فی قصرہ: ابن حجرؒ: انکا قصر جوزاویہ میں تھا اور 6 میل دور تھا بصرۃ سے (ایک فرسخ تین میل ہے)
- تو بعض مرتبہ پڑھتے اور بعض مرتبہ نہیں تو اشکال ہے!

جواب: عینی: مطلب یہ ہے کہ کبھی جمعہ کے لئے بصرۃ آتے تبرُّعًا اور کبھی ضرورت کی وجہ سے اور کبھی نہیں آتے تھے۔

- معمر: کان بینھا وبین البصرۃ ثلاث أمیال تو یُجَمِّعُ جو یہاں اور جو پہلے ص122 پر ہے، مطلب یہ ہے کہ جمہ کے لئے جانا۔
- قصر: اسکی نظر مقصور رہتی ہے محل پر؛ 2) یا اندر رہتے تو گویا مقصور رہتا ہے بڑے دروازے میں محل میں

3) عمر مقصور اگرچہ محل بہت بڑا؛ یتنابون: تعلم کے لئے آتے تھے؛ لو أنکم: اگر "لو" تمنی کے لئے تو بد بو نہ ہوتا اور اگر "لو" شرطیہ کے لئے تو لکان أحب إلیّ۔

بَابُ وَقْتُ الجُمُعَةِ إِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ(حدیث:903-904-905)

- ؒ کی تردید:جو قبل الزوال کا جواز دیتے
- سلمۃ بن الأکوع اور سوید بن غفلۃ وغیرہ سے بعد الزوال منقول ہے
- ؒ کی دلیل:1)دوسری بلکہ تیسری حدیث کہ جمعہ پڑھ کر قیلولہ کرتے تھے

2)ولیس للحیطان فیٔ:جواب:دوسری روایت میں اسکی تشرح ہے:لیس للحیطان ظلٌ نستظل بہ۔

-مصنف ابی شیبۃ میں باب کے 4روایات موجود ہے

-عقیل بن أبی طالب کی قالین مغربی دیوار کے پاس ہوتی،جب اسپر سایہ ہوتا تھاتب عمرؓ نکلتے تھے خطبہ کے لئے۔

-لو کہنے کی ممانعت جبکہ تقدیر کے مخالف ہے؛ -کنا نکبر أی کنا نعجل بعد الزوال یا التکبیر بالنسبۃ إلی القیلولۃ

اور اسکی نظیر موجود ہے:بکروا بالمغرب أی عجلوا

- نقیل:قیلولۃ جو پہر کی نیند کو کہتے ہیں؛ مایقوم مقام الغیر قلہ حکم الغیر مثال:فجزاء سیئۃ سیئۃ مثلھا
- نبکر کا مطلب بعض کے نزدیک:ہم جلدی آتے تھے۔

بَابُ إِذَا اشْتَدَّ الحَرُّ يَوْمَ الجُمُعَةِ(ص124)(حدیث:906)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:شدت حرارت یا گرمی کے موسم میں تاخیر ہے یا نہیں؟ترجمۃ الباب میں جزاء نہیں لگایا۔
- ؒ:تعجیل کے قائل ہیں؛ تمام فقھاء اور اکثر احناف:تعجیل کے قائل؛شامی:تاخیر لکھی
- مصنفؒ ان کے موافق جو تاخیر کے قائل

بَابُ المَشْيِ إِلَى الجُمُعَةِ(حدیث:907-908-909)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:جمعہ کے مستحبات وآداب میں سے کہ چل کر جائے۔
- مشی:1)ضد الرکوب ہے؛ 2)فی مقابلۃ الجری
- تو مشی کے دو معنے لیں گے:الذھاب بالرجلین مع الطمانینۃ
- فاسعوا إلی ذکر اللہ:خطبہ کے لئے چلو فامشوا یا تیاری کرو؛ وسعی لھا سعیھا(سعی بمعنی عمل)عمل للآخرۃ
- بیع حرام یعنی مکروہ تحریمی؛الصناعات کلھا:یعنی تمام پیشے
- اسکا تعلق اذان اول یا ثانی کے ساتھ:احناف:اذان اول سے اسکا تعلق ہے اسلئے کہ اذان اول سے علامات دخول الوقت اور دوسرا قول احناف کا:اذان ثانی چونکہ یہ اصل تھی۔
- ائمہ ثلاث:اذان ثانی کے ساتھ؛ ہدایہ:اصح قول اذان اول اگرچہ عینی نے مرغینانی کے لئے اذان ثانی کہا
- فعلیہ أن یشھد استحبابًا لأن لاجمعۃ علی المسافر۔
- قبل الزوال سفر کرنا:یجوز؛ امام نوویؒ:لایجوز اور بعد الزوال کؒ:لایجوز؛ حؒ:یجوز۔

- ایک روایت میں: آپ ﷺ نے حذیفہؓ کو بھیجا، فلم یذھب إلا بعد الجمعۃ: لو أنفقت ما فی الأرض ما أدرکت فی الغدوۃ (واللہ أعلم بصحۃ الروایۃ): اس روایت میں ابو عبس اور عبایۃ ابن رفاعۃ کے درمیان کلام ہوا اور نسائی کی روایت: یہ قصہ ابو عبایۃ یعنی رفاعۃ اپنے تلمیذ کے درمیان ہوا، تلمیذ نے کہا میں جمعہ کے لئے جاتا ہوں تو حدیث سنائی
- تو تعارض نہیں ہے ممکن ہے یہ دونوں واقع ہوا ہو جو ابو عبس نے عبایۃ سے کہا ہو وہی رفاعۃ نے اپنے تلمیذ سے کہا یا بخاری کی روایت کو ترجیح دے
- معلوم ہوا کہ فی سبیل اللہ قتال کے لئے خاص نہیں بلکہ غیر قتال بھی فی سبیل اللہ ممکن جیسے تبلیغ، اسی طرح ص10 پر "انتدب اللہ عز وجل لمن خرج فی سبیلہ....." یہاں قتل و قتال بھی آیا لیکن سب کو شامل ہے جہاد بالعلم بالقلم اور بالسیف
- منقطع الحاج کو پیسے دینا بھی فی سبیل اللہ میں داخل ہے؛ زکوۃ بھی فی سبیل اللہ ہے
- فائتموا: احناف استدلال کرتے کہ اگر جمعہ کے قعدہ مل جائے تو جمعہ ہی پورا کرے گا۔

بَابٌ: لاَ يُفَرِّقُ بَيْنَ اثْنَيْنِ يَوْمَ الجُمُعَةِ (حدیث:910)

- ازدحام ہوتا ہے تب بھی آداب کا لحاظ رکھنا ہے؛
- لا یفرق کا مطلب: 1) لعلھما أخوان یا رفیقان؛ دونوں کو الگ کر کے درمیان بیٹھ جائے

2) ایک کے کندھے ادھر اور ایک کے کندھے ادھر گزرا تخطی بین الرقاب جب آگے جگہ نہ ہو تو جائز ورنہ نہیں

3) نیمہ نہ کرے ایک کو ابھارے دوسرے کے خلاف

4) ایک کو اٹھایا اور اسکی جگہ بیٹھ گیا۔

- تطھر أی تنظف: دانت صاف کیا، خوشبو لگایا، خوب پاکی حاصل کی
- فصلی ما کتب لہ یعنی قبل الخطبۃ

بَابٌ: لاَ يُقِيمُ الرَّجُلُ أَخَاهُ يَوْمَ الجُمُعَةِ وَيَقْعُدُ فِي مَكَانِهِ (حدیث:911)

- إما باللسان أو إما بالوجاھۃ یعنی اسکی جگہ پر کھڑا ہو جائے اور وہ اٹھنے پر مجبور ہو جائے۔

بَابُ الأَذَانِ يَوْمَ الجُمُعَةِ (حدیث:912)

- یعنی اذان ثالث (ورود اور جاری ہونے کے اعتبار سے اور عثمانؓ کے زمانے سے جاری ہوا) جو حقیقی وقت میں اذان اول۔
- ما قبل سے تعلق یہ ہے کہ اگر اذان سے پہلے چلا جائے تو تفریق کی ضرورت نہیں
- 3 اذان: 1) اذان ثالث (وضعًا وورودًا)؛ 2) اذان الخطبۃ؛ 3) اقامۃ
- غیر مقلد کہتے کہ یہ بدعت عثمانی ہے: اور دیگر مسائل کا وہ انکار کرتے اور مخالفت کرتے ائمہ اربعہ سے مثلا: جنازے میں جہر کرتے، تین طلاق کو ایک سمجھتے، باریک جرابوں پر مسح کرتے، جنازے میں 5 تکبیر کے قائل اور ضم سورت کرتے ہیں، مدرک الرکوع کو مدرک الرکعۃ نہیں کہتے، بھینس کو قربانی کے لئے نہیں مانتے، اور عذاب قبر کو نہیں مانتے، توسل بالذوات الفواضل کا انکار کرتے۔
- آپ ﷺ کے زمانے میں پہلی اذان نہیں تھی تو عثمانؓ جو بہت رحم دل اور نرم نے لوگوں کی سستی دیکھی تو اذان اول شروع کیا تا کہ لوگ حاضر ہو جائے اور اصل اذان خطبہ سے پہلے بیٹھ جائے۔

- مفتی صاحب کا خیال یعنی آنے دو جوابات الھامی ہیں:
- اگر کوئی کہے کہ شریعت میں کیسے اسکا ثبوت ہے؟ شریعت میں حکم کو ایجاد کرنے کے لئے وحی یا مستفاد من الوحی ہونی چاہئے!
- آپ ﷺ نے اپنی زندگی میں اذان نہیں دی (ص 181 پر اسکی حکمت گزر چکی تفصیل سے): آپ ﷺ کے لئے شہادت ہے اذان میں اور شاھد غیر ہوتا ہے یعنی آپ ﷺ کے لئے دوسرے گواہی دیں گے!
- جتنی اذانیں امتیوں کے زبان پر وارد ہوئی تو آپ ﷺ نے تصدیق کی: 1) عبد اللہ بن زید بن عبد ربہ کا خواب

2) اسی طرح انہوں نے اقامت دیکھی تو آپ ﷺ نے تصدیق کی۔

3) الصلوۃ خیر من النوم بلالؓ نے کہا تھا تو آپ ﷺ نے اذان میں رکھوایا تو یہ سب امتی کی طرف سے آیا۔

4) تو اذان ثالث بھی امتی کی طرف سے آیا اور آپ ﷺ کی تصدیق موجود ہے اس طور پر: علیکم بسنتی وسنۃ الخلافاء الراشدین المھدیین (اور خلفاء کا کام اصل کی طرف منسوب ہوتا ہے) المرضیین من بعدی، عضوا علیھا بالنواجذ (تو یہ وحی کی تائید ہے)

-اس اذان پر امت کا اتفاق اور اجماع ہے اور ائمہ اربعہ نے بھی لیا۔

-اصل یہ ہے کہ جمعہ مین 2 اذان ہونا چاہئے: ایک وقت کے لئے: اِذا نادیتم اِلی الصلوۃ اتخذوھا..... اور ایک اذان خطبہ کے لئے: اِذا نودی للصلوۃ من یوم الجمعۃ فاسعوا اِلی ذکر اللہ (الآیۃ)

-عمرؓ کے زمانے تک ایک ہی اذان پر اس لئے اکتفاء کیا کہ سب لوگ پہلے سے آتے اور حاضر ہوتے تھے جیسے خیر القرون کے دور میں، پھر جب عثمانؓ کا دور آیا تو سستی شروع ہوئی لوگوں میں تو کفایت کو ختم کر دی اور اصل کی طرف رجوع کیا

-بریلوی اذان خارج المسجد دیتے اسلئے کہ حدیث میں (ابو داؤد) عند باب المسجد آیا۔

جواب: باب داخلی مراد ہے اسلئے کہ مسجد کی چار دیواری اس زمانے میں نہیں تھی: جیسے کتے گھومتے تھے مسجد میں۔

اور دیوبندی: امام کے سامنے اذان دیا جاتا ہے مسجد میں۔

بَابُ المُؤَذِّنِ الوَاحِدِ يَوْمَ الجُمُعَةِ (حدیث: 913)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) اذان جوق پر رد ہے کہ ایک ساتھ چند مؤذنین کا اذان؛ لیکن ضرورت کے وقت ثابت ہے (بخاری کے آخر میں): فلما سکت المؤذنون قام عمرؓ۔
- 2) ابن حبیب کی تردید ہے: کہ 3 اذان ہونا چاہئے، ایک ختم پھر دوسری پھر تیسری
- 3) الأذان الأول: لم یکن فی عھد النبی ﷺ۔
- 4) جمعہ کے دن ایک مؤذن کا مقرر ہونا
- عبد اللہ بن زید بن عبد ربہ، سعد قرظی، ابن ام مکتوم، ابو محذورۃ کی اذان ثابت ہیں لیکن جمعہ کی اذان کے لئے صرف بلالؓ کی اذان ثابت ہے۔
- فؒ: اذان جوق جائز ہے جبکہ شور و شغب نہ ہو؛ لم یکن غیر واحد.....

بَابٌ: يُجِيبُ الإِمَامُ عَلَى المِنْبَرِ إِذَا سَمِعَ النِّدَاءَ(حدیث : 914)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اذان کا جواب دینا چاہئے یا نہیں؟ وہ اذان جو امام کے سامنے مسجد میں دی جاتی ہے۔
- حؒ: خروج الإمام مانع عن الصلوۃ والکلام: إذا خرج الإمام فلا صلاۃ ولا کلام
- سمؒ: خروج الإمام یمنع الصلوۃ دون الکلام لأن الصلوۃ تمتدُّ
- محققین: در مختار اور بدائع الصنائع میں: دنیوی کلام ممنوع ہے اور دینی کلام جائز ہے اور مانع عن الاستماع نہیں ہے، اسی لئے بہتر ہے کہ مقتدی اور امام جواب دے بالقلب (بعض کتابوں میں) یا باللسان بھی گنجائش ہے: معاویہؓ کی روایت: وأنا أی وأنا أشھد أیضًا۔
- امام متکلم ہے بات کر سکتا ہے جیسے آپ ﷺ نے خطبہ میں صدقہ کی ترغیب دی ہے۔
- اور ایک موقع پر آپ ﷺ نے پوچھا کہ کیا تیاری کی اعرابی سے تو جواب دیا.... المرء مع من أحب
- یجیب الإمام علی المنبر إذا سمع النداء
- مراقی الفلاح اور طحطاوی میں محققین ہی کا قول صحیح قرار دیا۔ اور دینی کلام بھی ایسا ہو جو مانع عن السماع نہ ہو۔

بَابُ الجُلُوسِ عَلَى المِنْبَرِ عِنْدَ التَّأْذِينِ(حدیث:915)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: جمعہ پر بیٹھنا سنت ہے اور استسقاء میں منبر نہیں۔
- اختلاف ہے: یہ جلوس استراحت کے لئے ہے تو بیٹھ جائے
  یا انتظار خطبہ کے لئے ہے تو پھر خطبہ عیدین کیں نہیں بیٹھنا چاہئے (نماز پہلے اور خطبہ بعد میں)
- عادت یہی ہے کہ عیدین میں نہیں بیٹھتے تھے، نماز سے فارغ ہو کر فورا منبر پر کھڑے ہوتے تھے۔
- امام منبر پڑ بیٹھتا تھا اذان کے انتظار میں

بَابُ التَّأْذِينِ عِنْدَ الخُطْبَةِ(حدیث:916)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اذان اور خطبہ میں اتصال ہے۔

بَابُ الخُطْبَةِ عَلَى المِنْبَرِ(حدیث:917-918-919)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: منبر پر خطبہ دینا سنت ہے، واجب نہیں: آپ ﷺ شروع میں کھجور کے درخت کے تنے پر بیٹھتے تھے تو متروک ہے منسوخ نہیں، چنانچہ کرسی پر بیٹھ سکتے۔
- 1) منبر پر کھڑا ہونا مفید ہے تاکہ آواز سب کو پہنچے
  2) الجلوس علی المنبر لیس من عادۃ الجبارین
  3) قوم کی تحقیر نہیں بلکہ اسماع مقصود
  4) خلیفہ ہو یا غیر خلیفہ ہو سب کے لئے مسنون، تو ابن بطال کا قول صحیح نہیں۔

-خطبہ کے لئے ضروری نہیں کہ قائم ہو، ہر جگہ قائمًا خطبہ مسنون نہیں ہے۔

-بخاری کے حاشیہ میں: جلس النبی ﷺ ذات یوم علی المنبر وجلسنا حولہ: سھل بن سعد کی روایت: مری غلامک النجار أن یعمل لی أعوادًا، اجلس علیہ إذا کلمت الناسَ

-جو بریلوی کہتے کہ خطبہ نکاح میں کھڑا ہونا چاہئے، پر خطبہ کے لئے کھڑا ہوا سنت ہوا سنت نہیں بلکہ جمعہ استسقاء یا عیدین کے لئے کھڑے ہو جائے؛ اگر جمعہ کے لئے بیٹھ گئے (حاشیہ 14)

-منبر نَبَر سے جسکا مطلب اونچا ہونا یعنی وہ آلہ جو آدمی کو اٹھائے

-عائشہ انصاریہ یا مینہ اور غلام کا نام میمون (یا باقون)

-یہ روایت دوسری کے خلاف ہے کہ عورت نے درخواست کی کہ میں منبر بنانا چاہتی ہوں آپکے لئے۔

- تطبیق: وہی ہوا کہ عورت نے کہا تھا پھر تاخیر ہونے پر آپ ﷺ نے خود کہلوایا کہ کیا ہوا؟

-طرفاء: اسم شجرۃ: چھاؤ کا درخت: فارسی: گز کا درخت اور ہم خز کہتے اور اسکے پتے بہت باریک ہیں

-صلوۃ علی المنبر: دؒ: صلوۃ عرفی ؛احناف: خصوصیت ہے۔

- 2 فائدہ: 1) سب آپ ﷺ کے اعمال وافعال دیکھے لیتعلموا صلوتی (تو کیا اب تک نماز نہیں سیکھا تھا! زمین پر بھی سیکھ سکتے!) تو مطلب یہ ہو گا کہ تم منبر پر نماز سیکھو کہ جہاں سجدہ کی جگہ نہ ہو تو کس طرح پڑھیں گے۔

2) اگر کسی چیز کو مبارک بنانا چاہتے ہو تو اس پر نماز پڑھ لو جیسے عتبان بن مالک کا قصہ گزرا جبکہ گھر کی چھوٹی سی مسجد کا افتتاح کرنا چاہا تو آپ ﷺ کو دعوت دی اور آپ ﷺ نے نماز پڑھی۔

دوسرا طریقہ برکت کے حصول کے لئے چکر لگانا جیسے جابرؓ کی روایت: کھجور کے کٹائی کے وقت آپ ﷺ نے آکر چکر لگایا اور برکت ہوئی اور دین ادا کر دی مکمل۔

- معلوم ہوا کہ سجدہ محض وضع الجبھۃ نہیں ورنہ منبر پر سر رکھ کر سجدہ ہو جانا چاہئے تھا لیکن وضع الرکبتین نہ ہوتا تو معلوم ہوا کہ مراقی الفلاح اور طحطاوی کی تعریف ہی اصح ہے کہ وضع الجبھۃ اور أحدی الیدین اور أحدی الرکبتین اور وضع الرأس۔
- کھجور کا تنا ایک صحابی (ابی ابن کعبؓ) کے گھر پر رہا پھر دفن کیا گیا اور ایک روایت میں حتی بَلِیَ (پرانا ہوا) (فتاوی دار العلوم زکریا 1/319)۔

بَابُ الخُطْبَةِ قَائِمًا (ص 125) (حدیث: 920)

- قیام مسنون ہے عندحؒ؛ کؒ: واجب؛ فؒ دؒ: شرط ہے قیام ورنہ خطبہ نہ ہو گا۔
- حؒ: ذکر مطلقًا؛ سمؒ: ذکر طویل؛ ائمہ ثلاثہ: 1) حمد؛ 2) صلوۃ؛ 3) تلاوت قرآن؛ 4) تذکیر و نصیحت؛ 5) دعا اور یہ 5 دونوں خطبہ میں اور امام فؒ کا دوسرا قول: ذکر التقوی شرعا اور امام شافعیؒ کا دوسرا قول: تقوی کا ذکر شرط نہیں وعلیہ الفتوی۔

بَابٌ: يَسْتَقْبِلُ الإِمَامُ القَوْمَ، وَاسْتِقْبَالِ النَّاسِ الإِمَامَ إِذَا خَطَبَ (حدیث: 921)

- امام کی طرف منہ کرنا مستحب ہے (کبیری نے کہا ہے) لیکن لوگوں نے چھوڑ دیا اور استقبال قبلہ کرتے (منیۃ المصلی کی شرح غنیۃ المتملی جو ابراھیم حلبی کی ہے)۔
- دوسرے حضرات: عیدین اور جمعہ کے خطبہ میں استقبال قبلہ سے اور جہاں استقبال الإمام ہے تو مراد استقبال جھۃ الإمام یا مراد مسجد نبوی اسلئے کہ عمرؓ کے زمانے میں توسیع ہوئی تھی تو آگے کے صف مُڑ جاتے تھے یا انحراف قلیل کے ساتھ اور جو غیر خطبہ وعظ وغیرہ تو حلقہ میں لیکن جمعہ سے پہلے حلقہ ممنوع ہے: نھی رسول اللہ ﷺ عن الحلق قبل الجمعۃ تو صفوف میں بیٹھیں گے۔

بَابُ مَنْ قَالَ فِي الخُطْبَةِ بَعْدَ الثَّنَاءِ: أَمَّا بَعْدُ(حدیث:922-923-924-925-926-927)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: خطبہ میں امابعد کہنا چاہئے، مصنفؒ نے شرط کو ذکر کیا جزاء نہیں: قعد أصاب الصواب
- 1)امابعد کہنا خطبہ میں مستحب ہے، آپ ﷺ کے اتباع میں اور ایک اشکال کا جواب.....
- امابعد کا مطلب میری حمد وثناء ختم ہوئی اور روایت میں ہے کہ حمد ختم نہیں: لک الحمد حمداً دائماً مع دوامک / حمداً خالداً مع خلودک اور حمد ختم ہونے کا شبہ ہے اسلئے کہ وقتی اختتام ہے
- بعض لوگ امابعد کو فصل الخطاب اور بعض کہتے کہ یہ داؤدؑ کو دیا تھا اور بمعنی الکلام الصواب الحق

شعر: جرى الخُلْفُ أما بعد من كان قائلًا ... لها خمسُ أقوالٍ وداودُ أقربُ

وكانت له فصلَ الخطابِ وبعدَه ... فقُسٌّ فسحبانُ فكعبٌ فَيَعْرُبُ

واختلف في أول من قالها فقيل داود عليه السلام رواه الطبراني مرفوعا من حديث أبي موسى الأشعري وفي إسناده ضعف وروى عبد بن حميد والطبراني عن الشعبي موقوفا أنها فصل الخطاب الذي أعطيه داود وأخرجه سعيد بن منصور من طريق الشعبي فزاد فيه عن زياد بن سمية وقيل أول من قالها يعقوب رواه الدارقطني بسند رواه في غرائب مالك وقيل أول من قالها يعرب بن قحطان وقيل كعب بن لؤي أخرجه القاضي أبو أحمد الغساني من طريق أبي بكر بن عبد الرحمن بسند ضعيف وقيل سحبان بن وائل(یمن کا مشہور ادیب جو پورا دن خطبہ دیتے تھے اور ایک لفظ مکرر نہیں آتا تھا) وقيل قس بن ساعدة والأول أشبه ويجمع بينه وبين غيره بأنه بالنسبة إلى الأولية المحضة والبقية بالنسبة إلى العرب خاصة ثم يجمع بينها.

- اما بعد: 1)انتہاء کے معنے میں؛ 2)تاکید کے لئے: مهما يكن من شيء بعد الحمد والثناء فهكذا(بشرطیکہ کوئی بھی چیز حمد وثناء کے بعد ہو تو تو میرا یہ مضمون ہے)
- اما بعد فقد قال الله تبارك وتعالى (بہر حال حمد وصلوۃ کے بعد کوئی بھی چیز ہو تو اللہ تبارک وتعالی کا یہ قول بھی یقینی وسچا ہے)
- مهما اصل مأما تها : پورے جملے کو حذف کیا اور أما اسکی جگہ پر قائم کیا
- هذه آية: العذاب؛ قرب القيامة؛ التخويف؛ عاجزة الشمس
- امابعد مبنی بر ضمہ جب مضاف إليه منوی ہو
- اور جب مضاف إليه منوی نہ ہو تو معرب: رُبَّ بعد يكون أحسن من قبلٍ اور جب منوی ہو گا تو مبنی ہو گا
- 1)لا أحفظ اللفظَ بل المفهوم والمعنى: غير أنها ذكرتُ ما يُغلَطُ عليه

2)لم احفظ اللفظَ والمعنى بل المضمون والخلاصة

- کسی کی تعریف کرنا ہو تو اسکے سامنے جائز ہے بشرطیکہ عجب اور تکبر پیدا نہ ہو
- عشیۃ: ظہر کے بعد سے: یہاں عشاء کے بعد مراد ہے۔
- سوال:.....

جواب:1)آپ نے یہ بات عشاء کے بعد اور فجر کے بعد بھی یہ بات کہی

2)کچھ لوگ عشاء میں ہونگے اور فجر میں نہیں اور اسکا برعکس تو اعلان کیا دونوں نمازوں کے بعد تاکہ سب کو معلوم ہو۔

- حين تشهّد أي: خطب چونکہ خطبہ تشہد پر مشتمل ہوتا ہے

-عبد الرحمن بن سلیمان بن عبد اللہ بن حنظلۃ: غسیل الملائکۃ: حنظلہؓ کے نام سے مشہور۔

-دسمۃ: کالی پتی یا میلی پتی یا اس وجہ سے کہ عمامہ اور ٹوپی پر تیل نہ لگے۔

-معلوم ہوا کہ اگر ایسے لوگ سے نامناسب کام صادر ہو جائے جنکے بڑے کارنامے اور حسنات ہو تو معاف کرنا چاہئے۔

بَابُ القَعْدَةِ بَيْنَ الخُطْبَتَيْنِ يَوْمَ الجُمُعَةِ(ص127)(حدیث:928)

- جمہور: بیٹھنا سنت ہے اور بعض شوافع کے نزدیک: خطبتین مقصود ہے اگر چہ نہ بیٹھے بلکہ وقفہ کرے
- القعود یکون من القیام ویستعمل عاما والجلوس من الاضطجاع ویستعمل للعظماء۔

بَابُ الِاسْتِمَاعِ إِلَى الخُطْبَةِ(حدیث:929)

- استماع: توجہ سے سننا اور انصات: خاموشی سے رہنا
- اشکال: دونوں بیان کرنا چاہئے تھا ایک ساتھ.....تو کیا حکمت ہے؟

جواب: استماع قریب کے لئے اور انصات بعید کے لئے تو اسکو بعید رکھا

- استماع وانصات: عموم خصوص من وجہٍ: انصات ہے لیکن استماع نہیں
- استماع واجب: فاستمعوا لہ وأنصتوا اگر چہ نماز کے لئے نازل ہوا ہے
- یھدی: ھدی کا لفظ مستعمل جو قربانی کے لئے اور ماکولات کے قبیل سے
- سوال: سننا توجہ سے کیسے ذکر نہیں کیا؟

جواب: جب فرشتے رجسٹر بند کرتے تو توجہ سے سننے کے لئے تو انسان کو بطریق أولی توجہ سے سننا چاہئے!

بَابٌ: إِذَا رَأَى الإِمَامُ رَجُلًا جَاءَ وَهُوَ يَخْطُبُ، أَمَرَهُ أَنْ يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ(حدیث:930)

- فؒ دؒ: رکعتین پڑھے گا اگر چہ امام خطبہ دے رہے اور کؒ حؒ: نہیں پڑھے گا اور عمرؓ، عثمانؓ اور علیؓ اور اکثر تابعین سے یہی مروی ہے اور اگر دونوں روایت کو قبول کرے تو محرِم کو ترجیح میچ پڑا اور پھر قرآن کا تقاضا یہ ہے: فاستمعوا لہ
- احناف اور مالکیہ: متعدد روایت سے ثابت ہے نہ پڑھنا: 1) اعرابی جو استسقاء کے لئے آیا تھا (ص127)

2) عثمانؓ دیر سے آئے تو عمرؓ نے نہیں کہا کہ 2 رکعات پڑھی

3) ابن مسعودؓ آئے اور خطبہ ہو رہا تھا اور آپ ﷺ نے کہا بیٹھ جاؤ تو دروازے ہی پر بیٹھ گئے

4) ینصت إذا تکلم الإمام

5) ص124: ثم إذا خرج الإمام أنصت

6) ض121: ثم یصلی ما کتب لہ ثم ینصت إذا تکلم الإمام

7) إذا لم یجد الإمام خرج صلی ما بدا لہ، وإن وجد الإمام قد خرج جلس واستمع وأنصت

عطاء خراسانی جو نُبیشہ سے روایت کرتے (اسمیں انقطاع ہے)

8) إذا دخل أحدکم المسجد والإمام علی المنبر فلا صلوۃ ولا کلام (اگر چہ انکے راوی پر کلام ہے لیکن یہ تائید کے طور پر ہے)

-مذکورہ روایت کے بارے میں 2رۃ ایت:1)دار قطنی: آپ ﷺ رکے خطبہ سے تو یہ انکی خصوصیت تھی اور اسپر پانے کپڑے بتلایا تا کہ لوگ اسپر صدقہ کرے۔

2)نسائی کی روایت: جاءرجل ورسول اللہ ﷺ قاعد علی المنبر (یعنی بیٹھے تھے)تو معلوم ہوا کہ اب تک خطبہ شروع نہیں ہوا تھا

-موارد الظمآن میں ہے:لا تعودَنَّ لمثلہ أبدًا

- تطبیق:نسائی کی روایت اصل ہے اور امسک (دار قطنی کی روایت)کا مطلب امسک عن بدء الخطبۃ

1)پہلے جواب پر اشکال ہے حاشیہ کی روایت سے

2)یہ روایت ص156 پر مذکور ہے لیکن جمعہ کا ذکر نہیں تو فی غیر محلہ ذکر کیا؛ پھر اشکال ہے کہ مسلم میں جمعہ کا ذکر تو ہے!

جواب: مسلم میں یخطب کا لفظ کسی راوی نے لگایا اور اسمیں اعمش کا عنعنہ ہے، تو عام قاعدے کے مطابق احناف اور مالکیہ کہتے کہ یہ کام نہیں کرے گا(إذا قلت لأخیک أنصت فقد لغوت)اور یہاں یہ فعلی روایت ہے۔

9)بعض نے کہا کہ یہ واقعہ نسخ الکلام سے پہلے کا ہے۔

بَابُ مَنْ جَاءَ وَالإِمَامُ يَخْطُبُ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ(ص127)(حدیث:931)

بَابُ رَفْعِ اليَدَيْنِ فِي الخُطْبَةِ(ص127)(حدیث:932)

- رفع یدین دعا یا استسقاء کے لئے
- عمارۃ: قبح اللہ ھاتین الیدین؛ آپ ﷺ صرف اشارہ کرتے تھے(مایزید رسول اللہ ﷺ علی ہذا)
- مصنفؒ: ہاتھ اٹھانا جائز ہے دعا یا استسقاء یا لوگوں کو سمجھانے کے لئے(جیسے ابو داؤد میں ہے شاھرًا یدیہ)

بَابُ الِاسْتِسْقَاءِ فِي الخُطْبَةِ يَوْمَ الجُمُعَةِ(حدیث:933)

- یہ احناف کی دلیل ہے کہ استسقاء کے لئے صلوۃ کی ضرورت نہیں ہے۔

بَابُ الإِنْصَاتِ يَوْمَ الجُمُعَةِ وَالإِمَامُ يَخْطُبُ،(حدیث:934)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: خطبہ کے وقت انصات ہے نہ کہ خروج امام کے وقت سے؛ حؒ: إذا خرج الإمام فلا صلوۃ ولا کلام

سمؒ: امام کا خروج مانع من الصلوۃ اور امام کا کلام مانع عن الکلام ہو گا۔

دوسرے کو خاموش نہ کرے ورنہ جھگڑا ہو گا؛ احناف کا استدلال ہے جب کہ: إذا ینصت فکیف یصلی؟

بَابُ السَّاعَةِ الَّتِي فِي يَوْمِ الجُمُعَةِ(ص128)(حدیث:935)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: وقت اجابت کب ہے؟ اللہ تعالی نے چھپایا جیسے لیلۃ القدر لیالی میں چھپایا اور جیسے اسم اعظم کو اپنے اسماء میں چھپایا تا کہ محنت کرے آدمی؛ مرقاۃ میں 50 اقوال منقول ہیں اور بذل المجہود میں 42 اور اوجز المسالک میں مشہور 11 اقوال بتایا اور اشہر 2 قول ہیں:1)خطبہ سے نماز کے اختتام تک۔ 2)عصر کے بعد غروب آفتاب تک۔

- فؒ:جمعہ کے آگے پیچھے؛ احناف:بعد العصر۔
- ابو موسی اشعریؓ سے مروی مرفوعا:ھی مابین أن یجلس الإمام إلی أن یقضی الصلوۃ۔
- جابرؓ کی روایت مرفوعا:فالتمسوھا آخر ساعۃ بعد العصر۔
- حاشیہ نمبر 1 میں 23 اقوال منقول ہیں
- لایوافقھا عبد مسلم وھو قائمٌ یصلی:توبہ ظاہر یہ وقت صلوۃ ہے نہ کہ وقت دعاء(نفل میں)
- احناف کے یہاں سکوت ہے:1)بعض حضرات کہتے کہ یہ ظاہر پر محمول ہے:نفل پڑھ کر کھڑے کھڑے دعاء کرے
2)یصلی بمعنی یدعو:یعنی کھڑے ہو کر دعا کرے گا،توٹھیک ہے لیکن قائمٌ کیسے؟

-دوسری روایت میں یصلی کی جگہ یدعواللہ بخیر تو یہ ٹھیک ہے لیکن قائم کا کیا ہو گا؟

-بعض:وھو قائم علی الدعاء(قام علی الأمر أی استمرّ علیہ أی دام علی الدعاء)اصر کے معنے میں،تو ترجمہ یہ ہو گا یدعواللہ وھو قائم علی الدعاء۔

-حضرت شاہؒ:اور وہ نماز پر جماہوا ہو یعنی دعا اس شخص کی قبول ہو گی اور تمام نمازوں پر جماہوا ہو،تو یصلی کا مطلب نماز اور قائم کا مطلب جماہوا یعنی پابند یعنی نمازوں میں پابند ہو۔

-بعد العصر:جابرؓ کی مرفوع روایت اور عبد اللہ بن سلام:سئلہ أبو ھریرۃؓ عن الوقت فقال بعد العصر فقال أبو ھریرۃ کیف لیس ھذا وقت الصلوۃ؟ فأجاب:کیا منتظر صلوۃ نماز کے حکم میں نہیں ہے تو جواب دیا ہاں جی نماز کے حکم میں ہے۔

-تو خلاصہ یہ ہے:1)ظاہر پر محمول:نفل میں کھڑے؛ 2)دعا پر جماہوا ہو؛ 3)نماز پر پابندی کرتا ہے؛ 4)قیام صلوۃ کا منتظر ہے۔

بَابٌ: إِذَا نَفَرَ النَّاسُ عَنِ الإِمَامِ فِي صَلاَةِ الجُمُعَةِ، فَصَلاَةُ الإِمَامِ وَمَنْ بَقِيَ جَائِزَةٌ(حدیث:936)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:اختلافی مسئلہ کی طرف اشارہ ہے اور سم کے مذہب کو اختیار کیا۔
- سمؒ:امام کے علاوہ 2 آدمی؛ حؒ:امام کے علاوہ 3 آدمی؛ فؒ:امام کے ساتھ 40 آدمی؛ کؒ:امام کے ساتھ 2 آدمی۔
- فؒ:اسعد بن زرارۃ نے جب جمعہ قائم کیا تو 40 آدمی تھے(لیکن یہ تو قبل الھجرۃ ہے)
- حؒ:جمعہ قبل الھجرۃ فرض ہوا لیکن موقع نہیں تھا تو بعد الھجرۃ ادا کیا(یہی اصح جواب)۔
- کؒ:جب آپ ﷺ جمعہ پڑھا رہا تھا تو 12 آدمی رہ گئے تھے،توٹھیک ہے لیکن کہاں کہا کہ اگر 12 آدمی سے کم ہو تو جمعہ منعقد نہیں ہو گا وإذا رأوا تجارۃ.....تو اگر اتنے لوگ نہ رہے پہلی رکعت میں تو ظہر ہو گا یا نفل اور دوسری رکعت میں حرج نہیں ہے۔
- کؒ:پہلی رکعت میں تو ظہر بنے گا اور دوسری رکعت ہو تو نفل بنے گا۔فؒ دؒ:پہلی یا دوسری رکعت ہو انقلب ظھرًا۔
- سمؒ:عدد مطلوب کا رہنا ابتداء میں ہے نہ کہ انتہاء میں اور مصنفؒ کا یہی مسلک ہے(ومن بقی)۔
- فالتفتوا إلیھا:مائل ہوئے قافلہ کی طرف اور دوسری روایت میں عیرٌ من الشام اور طبلہ بجایا جاتا تھا جب کھانے کے قافلے آتے تھے
- اشکال:صحابہؓ.....

جواب:1)ابو داؤد میں ہے:اس زمانے مین خطبہ بعد ہوتا تھا اور نماز پہلے تو انکا اجتہاد تھا کہ نماز ہو چکی اور خطبہ میں ایک دوسرے کے قائم مقام تھا تو بعد وہ سن سکتے لیکن انکی اجتہادی غلطی تھی جس پر اللہ نے تنبیہ فرمائی تو اسکے بعد جمعہ کا خطبہ پہلے رکھا گیا۔
2)ممکن ہے کہ انکا خیال تھا کہ جلدی واپس آئیں گے۔

بَابُ الصَّلاَةِ بَعْدَ الجُمُعَةِ وَقَبْلَهَا(حدیث:937)

- سنن بعدیہ کو مقدم کیا سنن قبلیہ پر اسلئے کہ:1)تعداد میں زیادہ ہے

2)اور سنن بعدیہ اقوی ہے اور سنن قبلیہ کو ابن قیم اور ابن تیمیہ انکار کرتے اور آج کے سلفی بھی۔

-سنن بعدیہ:فؒ:4 : 2مؤکد اور 2غیر مؤکد؛ سم:6: 4اور 2فقہ کی کتابوں میں 4مقدم ہے 2پر چونکہ حدیث مین ایک نماز 2مرتبہ پڑھنے کی ممانعت ہے تو مشابہت نہ ہو جائے یعنی اسکا مثل نہ پڑھو(لایفہم)فجر میں 2کے بعد 2ہی ہے اور ظہر میں 4رکعات سنت کے بعد 4فرض بلکہ حدیث کا مطلب:1)فرض مرتین نہ پڑھو؛ 2)یا تکرار جماعت مت کرو۔

2پڑھنا چاہئے 4سے پہلے:ابن عمرؓ(اِذاکان بمکۃ صلی رکعتین ثم اَربع)اور علیؓ سے مروی:انہ امر اَن یصلی بعد الجمعۃ رکعتین ثم اَربعا

- مولانا انور شاہؒ:2پہلے پھر 4اور حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ بھی اسی کے قائل تھے۔
- قسطلانی نے بخاری کی شرح میں ایک روایت: نقل کی کہ آپ ﷺ نے 6رکعتیں پڑھی اس طرح کہ 4پہلے اور 2بعد(ارشاد الساری)۔ رحؒ کا اصل مذہب:یصلی اربعا بعد الجمعۃ اسلئے کہ عن علیؓ: اَن النبی ﷺ صلی قبل الجمعۃ اربعا وبعدھا اربعا
- اور ابن عباسؓ کی روایت:.....وفی اسنادہ مبشر بن عبید ہے اور ان پر سخت کلام ہے۔
- اور ابن عمرؓ:.....سے بھی مروی ہے
- سنن قبلیہ:احناف:4رکعات اور سلفی نہیں مانتے اسلئے کہ سند میں مبشر بن عبید:کان ابن عمرؓ یصلی قبل الجمعۃ اَربعًا لایفصل بینھا بتسلیم
- دوسری سند میں ابو اسحاق عن عاصم عن علیؓ:کان النبی ﷺ یصلی قبل الجمعۃ اربعا وبعدھا اربعًا(رواہ حافظ ابو الحسن الحلعی اور شرح فیض القدیر میں یہی نقل کیا)اور ام سلمۃؓ اور ابن مسعودؓ سے بھی منقول ہے۔
- احناف:4مؤکد اور 2غیر مؤکد اور مشہور کتب فقہ میں ہے کہ مؤکد پہلے اور غیر مؤکد بعد میں پڑھے۔

بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى: {فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلاَةُ فَانْتَشِرُوا فِي الأَرْضِ وَابْتَغُوا مِنْ فَضْلِ اللَّهِ} [الجمعة: 10] (حدیث:938)

- رزق کی 2قسم ہیں:1)جسمانی؛ 2)روحانی(ابتغاء من فضل اللہ)
- قضیت کا لفظ آیا ہے اسلئے کہ تقریر خطبہ نماز میں تاخیر ہوتا
- فانتشروا:1)امر کا صیغہ استحباب کے لئے تو کھانا بعد الجمعۃ مستحب لیکن صحابہؓ غداء کھاتے تھے جمعہ کے بعد اور ہم پہلے سے یعنی صبح سے انڈے اور آملیٹ اور ڈبل روٹی اڑا چکے ہوتے ہیں تو جمعہ کے بعد کا استحباب نہیں رہا۔
- مقصد سلام بھی تھا اور مخلصانہ کھانا؛ ملا علی قاریؒ:ایک بزرگ کو کشف ہوا تو دیکھا کہ ایک آدمی طواف کر رہا تھا لیکن اسکا دل بازار میں تھا اور ایک بازار میں تھا لیکن اسکا دل حرم میں تھا
- تمنی:1)بھوک کی وجہ سے؛ 2)نورانیت کی وجہ سے۔

بَابُ القَائِلَةِ بَعْدَ الجُمُعَةِ (حدیث:940-941)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:انتشر واجب نہیں تو قیلولہ بھی کر سکتے۔
- براعۃ الاختتام:قیلولہ نیند ہے اور نیند اخ الموت ہے اور حدیث میں:نم کنومۃ العروس آیا ہے:موت کے لئے۔

12 – أَبْوَابُ صَلاَةِ الخَوْفِ(ص128)

- عام طور پر مصنفین اور فقہاء جمعہ کے بعد عیدین کا ذکر کرتے ہیں لیکن مصنفؒ نے صلوۃ الخوف کو ذکر کیا اور اسمیں چند مناسبت ہیں
- 1)جمعہ فرض ہے تو صلوۃ الخوف بھی۔

2)جمعہ صلوۃ الظھر کے قائم مقام ہے اور صلوۃ الخوف صلوۃ الاطمینان کے قائم مقام ہے۔

3)جمعہ کی نماز بھی 2رکعات ہیں اور صلوۃ الخوف میں بھی اکثر جگہوں میں 2رکعات ہیں مسافر ہونے کی وجہ سے

- سؒ: مخصوص ہے آپ ﷺ کے زمانے کے ساتھ؛ جمہور: مخصوص نہیں اسلئے کہ بعد میں بھی صحابہؓ نے پڑھائی ہے

عبد الرحمن بن عوفؓ نے کابل میں، علیؓ نے صفین میں، ابو موسی اشعریؓ نے اصفہان میں، سعد بن ابی وقاص نے طبرستان میں۔

- امام مزنیؒ: صلوۃ الخوف منسوخ ہے اور سب سے پہلے غزوۃ ذات الرقاع میں نازل ہوئی
- اختلاف: غزوہ خندق سے پہلے نازل ہوئی یا بعد میں، اگر خندق سے پہلے تو وقت نہیں ملا تھا پڑھنے کے لئے اسلئے کہ نماز قضاء ہوئی اور اگر صلوۃ الخوف نازل نہیں ہوئی تھی تو تاخیر اسی لئے ہوئی کہ صلوۃ الخوف انکے پاس نہیں تھی
- نجد، طائف، ذی قرد اور عُسفان
- قرآن میں: اِذا کنت فیھم فاقمت.....
- دوسری نمازوں کی تشریح احادیث میں ملتی ہیں اور صلوۃ الخوف کی تفصیل قرآن میں بیان فرمایا اور وہ طریقہ زیادہ اقرب ہے احناف کے طریقہ سے (یعنی وہ طریقہ جو قرآن میں مذکور ہے)۔
- مشہور ہے کہ ابو داؤد میں 13 طریقہ مذکور ہین لیکن مفتی صاحب کے تتبع کے بعد انکو صرف 11 ملے
- امام شوکانی کے نزدیک: 17 اور ابن حجرؒ: 24
- حؒ: جتنے طریقے مذکور ہیں تو ایک مؤول اور ایک مختلف فیہ ہے اور باقی سب جائز ہے۔
- 1)جو طریقہ ناجائز ہے: آپ ﷺ نے ایک رکعت پڑھی (یعنی تاویل کرتے کہ ایک رکعت جماعت کے ساتھ پڑھی اور ایک رکعت بغیر جماعت لوگوں نے پڑھی)۔
- 2)دوسرا طریقہ جو مختلف فیہ: آپ ﷺ نے اور صحابہؓ نے 4رکعات پڑھی (تاویل: مسافر نہیں تھے یعنی ایک جماعت کے ساتھ 2 رکعات پڑھی اور دوسری جماعت کے ساتھ 2رکعات)
- فؒ: استدلال کرنے اقتداء المفترض خلف المتنفل یعنی 2رکعات فرضًا پڑھی اور 2رکعات نفلاً پڑھی۔
- احناف: 1)بہتر طریقہ جو قرآن میں اشارہ ہے: ایک جماعت ایک رکعت آپ ﷺ کے ساتھ، پھر وہ جماعت دشمن کے سامنے جاکر دوسری جماعت آپ ﷺ کے ساتھ ایک رکعت پڑھیں گے اور پھر دشمن کے سامنے جاکر پہلی جماعت آکر اپنی دوسری رکعت ختم کرے گی اور پھر دوسری جماعت آئے گی

حکمت یہ ہے اس صورت میں کہ دشمن کے سامنے آنے جانے کے ساتھ ساتھ فضیلت حاصل ہو

- 2)پہلی جماعت آپ ﷺ کے ساتھ ایک رکعت پڑھے گی پھر دشمن کے سامنے جائے گی اور دوسری جماعت آکر آپ ﷺ کے ساتھ ایک رکعت پڑھ کر اپنی دوسری رکعت بھی مکمل کرے گی اور پھر پہلی جماعت آکر اپنی نماز مکمل کرے گی۔
- عام طور پر پہلا طریقہ مذکور ہے متون میں عبد اللہ بن سمرہؓ کی وساطت سے اور دوسرا طریقہ عبد اللہ بن مسعودؓ سے۔

- اس وقت صلوۃ الخوف پڑھنا چاہئے جب کہ ایک ہی امام کے پیچھے سب لوگ پڑھنا چاہتے ہیں اور پہلے زمانے میں عام طور پر امیر العسکر ایک ہی ہوتا تھا اور وہی امام ہوتا تھا اسلئے کہ اگر 2 امیر ہیں تو اختلاف کا خطرہ رہتا۔
- شوافع: دشمن جانب قبلہ میں ہو تو بہتر طریقہ: الاشتراک فی القیام والرکوع والانفراد فی السجود اور طریقہ یوں ہوگا کہ 2 صف بنالے: پہلی جماعت امام کے ساتھ سجدے تک اور جب امام قومہ میں آئے گا تو دوسری صف سجدہ کرے گی اور دوسری رکعت میں دوسری صف آگے آئے گی اور پہلی صف پیچھے ہٹ جائے گی اور وہی طریقہ جاری کرے۔
- طریق الانتظارین: اگر دشمن جانب قبلہ میں نہ ہو: پہلی جماعت ایک رکعت پڑھ لے امام کے ساتھ اور پھر اپنی دوسری رکعت خود مکمل کرے اور امام انتظار میں رہے گا اور پھر دوسری جماعت آکر امام کے ساتھ ایک رکعت پڑھے گی اور پھر اپنی نماز خود مکمل کرے گی اور امام انتظار میں رہے گا سلام کے لئے۔

اس صورت میں 2 بنیادی خرابی ہیں جو خلاف اَولی کے درجے میں: 1) تقدیم السلام الجماعۃ الاُولی علی الإمام

2) انتظار الإمام للمقتدی۔

- رؒ: دشمن جانب قبلہ میں ہو یا نہ ہو تب بھی طریق الانتظارین ہوگا (لیکن اشتراک والا قول نہیں لیا)

کؒ: طریق انتظار واحد: امام کے ساتھ ایک جماعت ایک رکعت پڑھ لے اور پورا کرکے چلے جائے اور امام انتظار میں رہے گا دوسری جماعت کے اور پھر ایک رکعت پڑھ کر سلام پھیر دے اور دوسری جماعت اپنی نماز مکمل کرے گی۔

- مصنفؒ اس مسئلے میں احناف کے موافق ہیں۔
- فلیس علیکم جناح: 1) کبھی وجوب کے لئے مستعمل ہے: قرآن میں: لاجناح علیہ أن یطوف بھما

2) آیت کریمہ کا ایک مطلب یہ ہے کہ قصر کرو تو گناہ نہیں یعنی 4 کی جگہ 2 (regular)

یا یہ مطلب کہ گناہ نہیں کہ تم قصر کرو یعنی تخفیف کے ساتھ (emergency)

- ان خفتم أن یفتنکم : اگر دشمن کا خوف نہیں تو قصر نہیں؟

1) آپ ﷺ نے ہر حالت میں قصر کی اور یہ قید اتفاقی ہے: جیسے لاتکرھوا فتیاتکم علی البغاء میں

-واقعہ یہ تھا کہ صلوۃ الخوف پڑھتے تھے اور دشمن کا خوف تھا جیسے دوسری آیت میں حکم دیا کہ: لاتأکلوا الربو أضعافا مضاعفۃ تو کیا تھوڑی سی ربو لے سکتے؟ نہیں، حاش وکلا بلکہ واقعہ یہ تھا کہ وہ ڈبل در ڈبل ربو لیتے تھے۔

بَابُ صَلاَةِ الخَوْفِ رِجَالًا وَرُكْبَانًا رَاجِلٌ قَائِمٌ(ص129)(حدیث:943)

- رجال کے تین معانی: 1) بمعنی مرد اَی رجلٌ (یہاں یہ مراد نہیں ہے)؛ 2) قائمین علی الأرجل (یہی مراد ہے یہاں)

3) راجل اَی الماشی علی الأرجل (مصنفؒ نے یہ معنی نہیں لیا)۔ ص 651 پر مصنفؒ نے رجلاً کی تفسیر کی قیامًا علی أقدامھم

-ترجمۃ الباب کا مقصد: ان لوگوں کی تردید (فؒ: مطلوب ماشی پڑھ سکتا ہے) جو قائل ہیں کہ ماشی بھی پڑھ سکتے ہیں۔

إذا اختلطوا قیامًا فالإشارۃ تکفی للرکوع والسجود۔ قال مجاہد: إذا وقع الخوف یصلی الرجل علی کل جھۃ قائمًا أو راکبًا۔

- اشکال: مصنفؒ نے عجیب کام کیا کہ مجاہدؒ کے قول کو مشبہ بہ بنایا حالانکہ وہ تابعی ہیں اور ابن عمرؓ کے قول (صحابی) کو مشبہ بنایا!؟

جواب: 1) حضرت شیخؒ: مجاہد کے قول میں تفصیل ہے اسی لئے اسکو مشبہ بہ بنایا (ہذا الایفہم) ابن عمرؓ کے قول میں زیادہ تفصیل ہے!

2)ابن عمرؓ کے قول میں زیادتی اور مشبہ مشبہ بہ میں برابری ہونا چاہئے تو مجاہد کا قول جتنا برابر ہے ابن عمرؓ کے قول سے اسکو بیان کیا پھر بعد میں اسکی زیادتی بیان کیا اور ابن عمرؓ کا قول چونکہ مقصود ہے تو بعد میں بیان کیا۔

بَابُ يَحْرُسُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا فِي صَلاَةِ الخَوْفِ(حدیث:944)

-ترجمۃ الباب کا مقصد:1)صلوۃ الخوف میں صلوۃ بھی ہے اور حراست بھی مقصود ہے

2)یہ وہ صلوۃ ہے جسمیں التفات مطلوب ہے اسلئے کہ ہر جگہ کے مناسب آداب ہوتے ہیں۔

3)ایک اور طریقہ بیان کا بیان ہے:1)شرکۃ فی القیام اور 2)الانفراد فی الرکوع والسجود(فؒ کا طریقہ جب کہ دشمن جانب قبلہ پر ہو) دوسری جماعت بھی آگے آگئی تاکہ صف اولی کی فضیلت مل جائے اور اصل یہ ٹریننگ(training) بھی ہے تاکہ دشمن یہ نہ سمجھے کہ متواضعانہ نماز پڑھ رہے ہیں بلکہ جیسے کہ نماز کے باہر چست ہوتے اسی طرح نماز میں بھی!

بَابُ الصَّلاَةِ عِنْدَ مُنَاهَضَةِ الحُصُونِ وَلِقَاءِ العَدُوِّ(حدیث:945)

- لقاء کا لفظ تفاؤلا مستعمل ہوا کہ مقابلہ کے بجائے اللہ ملاقات کرائے
- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)صلوۃ مسائفہ کی تردید جسکا ائمہ ثلاث قائل یعنی تلوار کے ساتھ
- تستر ایران میں تھا شوستر فتح ہوا20ھ اور انکا امیر ھُرمزان پکڑا گیا پھر چھوڑ دیا گیا پھر پکڑا گیا آخر میں تو عمرؓ کے پاس لائے گئے اور کہا کہ مجھے خوف ہے کہ میں مارا جاؤں تو پانی مانگوایا اور پھر شرط لگائی کہ میں قتل نہ کیا جاؤں جبتک پانی نہ ختم کرے اسکو پی کر تو عمرؓ نے منظور کیا تو اسنے موقع پاکر پانی کو گرایا۔
- مشورہ ابولؤلؤ، ہرمزان اور بحینۃ نامی نصرانی تھا تو عبدالرحمن وہاں سے گزرے تو وہ لوگ جلدی منتشر ہوئے اور ھرمزان کا خنجر گرا اور شہادت عمرؓ کے موقع پر یہی خنجر استعمال ہوا۔
- ومایسرنی بتلک الصلوۃ الدنیا ومافیھا:1)صلوۃ مقضیۃ؛ 2)فائتۃ: چھوٹی ہوئی نماز۔

بَابُ صَلاَةِ الطَّالِبِ وَالمَطْلُوبِ رَاكِبًا وَإِيمَاءً(حدیث:694)

- جو دوسرے کے پیچھے جارہا ہو، لازم رہے اسکے پیچھے۔
- ترجمۃ الباب کا مقصد: اختلافی مسئلہ کا بیان:1)صلوۃ المطلوب راکبًا جائزۃ بالاتفاق اور عام حالات میں فرض نہیں پڑھ سکتے سواری پر۔
- وتر سواری پر:فؒ: جائز؛ احناف: نہیں پڑھ سکتے۔

2)صلوۃ الطالب راکبًا:حؒ:لایجوز؛ کؒ: جائز عند خوف فوت العدو؛ فؒ: جائز:بفوت العدو أو بفوت الرفقاء

-مصنفؒ اس مسئلہ میں: صلوۃ الطالب والمطلوب راکبًا جائزۃ اور ظاہر ہے کہ اشارے سے نماز پڑھے گا۔

-شرحبیل9ھ میں اسلام لائے اور اصح قول یہ ہے کہ صحابی ہے اور امیر حمص معاویہؓ کی طرف سے مقرر تھے۔

-عینی نے لکھا ہے کہ قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ مطلوب تھے؛ تخوف:1)فوت العدو؛2)فوت الوقت؛ 3)فوت النفس۔

-ولید کا مقصد: ترک الأرکان ممکن ہے یا.....

-جواب: 1)اس حدیث میں ترک الوقت کی طرف اشارہ ہے اور ترک الوقت کترک الأرکان للمجاھد (قیاسًا)

2)بنو قریظہ میں جب نماز پڑھیں گے تو وہ مقابلہ کریں گے تو جب وہ مقابلہ کریں گے تو قتال کریں گے تو صلوۃ راکبًا پڑھا جائے گا تو اترنے کی نوبت نہیں آئے گی تو صلوۃ راکبًا گویا ثابت ہوا اس سے۔

-اشکال: یہاں عصر کی بات ہے اور مسلم میں ظہر کی نماز مت پڑھو تو بہ ظاہر تعارض ہے!؟

جواب: 1) تطبیق بعض نے ظہر نہیں پڑھی اور بعض نے عصر نہیں پڑھی تھی۔

2)2 جماعت بھیجی: ایک ظہر کے وقت اور ایک عصر کے وقت اور دونوں میں مقصد جلدی پہنچنا تھا۔

بَابُ التَّكْبِيرِ وَالغَلَسِ بِالصُّبْحِ، وَالصَّلاَةِ عِنْدَ الإِغَارَةِ وَالحَرْبِ(حدیث:947)

- ایک نسخے میں تبکیر ہے یعنی دخول فی الحرب سے پہلے نماز پڑھو ورنہ بعد میں مشکلات ہو گی۔
- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) تعجیل دخور الحرب سے پہلے ثابت ہے

2)صلوۃ الخوف میں تعجیل ممکن ہے اور تاخیر إلی آخر الوقت ضروری نہیں کہ حالت مطمئن ہو جائے

-اور اگر تکبیر: 1) قتال میں خاموشی کا ذکر ابو داؤد میں اور اس روایت میں تکبیر ہے آپ ﷺ نے بلند آواز سے کی تو مصنفؒ نے اشارہ کیا کہ اگر حملہ کرنا مخفی طور پر تو تکبیر نہ کہے اور اگر مخفی حملہ نہیں ہے تو تکبیر زور سے کہو تا کہ رعب ڈالے دشمنوں پر

- غلس: براعۃ الاختتام: فکر کرو اسلئے کہ قبر کا اندھیرا آنے والا ہے۔
- تقتل المقاتلۃ: زندگی ختم ہونے والی ہے اور خربت بھی براعت اختتام میں: ایک دن آئے گا کہ تم یہاں سے چلوگے تو تمہارا کام خراب ہو گا؛ صداقھا عتقھا: یہ انکی خصوصیت ہے احناف کے نزدیک۔
- فتبسّم: براعت اختتام کہ اللہ کرے کہ موت کے وقت تبسم کے ساتھ ہو جائے اور ملاقات تبسم سے ہو جائے اور براعۃ الافتتاح بھی ہے اور اشارہ ہے کہ بعد میں مسکرانے اور خوشی کا مضمون ہے (براعۃ الاستھلال)۔

13 – أَبْوَابُ العِيدَيْنِ(ص130)

- ربط:صلوۃ خوف 2رکعات اکثر موقعہ پر تو عید بھی 2رکعات ہیں؛
- کؒ فؒ:سنت ہے؛ حؒ:واجب؛ دؒ:فرض کفایہ؛ سم:سنت مؤکدہ۔
- عید:عاد یعود سے:بار بار واپس آنا اور جمع:اعیاد ہے اور عاد یعود واوی ہے۔
- وجہ تسمیہ:1)یعود بالفرح والسرور

2)یعود بالرحمۃ أی برحمۃ اللہ

3)تقاؤلا:اللہ کرے کہ عید کی خوشی بار بار آئے

4)انسان کا توبہ مقبول اور بڑا ثواب ملتا اپنے اعمال کا

- ليس العيد لمن لبس الجديد إنما العيد لمن خاف الوعيد
- ليس العيد لمن بخّر بالعود إنما العيد لمن تاب ولا يعود
- ليس العيد لمن ركب المطايا إنما العيد لمن غُفرت له الخطايا
- ليس العيد لمن لمن جلس على البساط إنما العيد لمن جاوز الصراط
- ليس العيد لمن تزين بزينة الدنيا إنما العيد لمن تزود بزاد التقوى
- فارس میں 2 عید:1)نوروز(مارچ میں)اور 2)مہرجان(ستمبر میں)
- شریعت عادت کے ازلے کے لئے نہیں ہے بلکہ امالے کے لئے
- تو عبادت بھی ہو اور عادت بھی ہو تو ان 2 عید کی جگہ 2 عید آئی اسلئے کہ عادت کو چھوڑنا مشکل

شعر:إذا سمعتم عن رجل زال عن عادته فلا تصدقوه وإذا سمعتم عن جبل زال عن مكانه

بَابٌ: فِي العِيدَيْنِ وَالتَّجَمُّلِ فِيهِ(حدیث:948)

بَابُ: لاَ يَدْرِي مَتَى يَجِيءُ المَطَرُ إِلَّا اللَّهُ وَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: عَنِ النَّبِيِّ ﷺ: «خَمْسٌ لاَ يَعْلَمُهُنَّ إِلَّا اللَّهُ»(حدیث:1039)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: ان لوگوں کی تردید ہے جو خاص علت کو بتاتے ہیں یعنی کہتے کہ اسکی وجہ سے ہے...
- 5 کی کیوں تخصیص؟ جواب: ایک ہے آخرت اور ایک ہے دنیا پھر دنیا میں ایک ابتداء (ارحام) اور ایک وسط (2 قسمیں: 1)مکسوب: ما ذا تكسب غدًا؛ 2)غیر اختیاری: بارش کب ہو گی) اور ایک انتہاء (بأی أرض تموت).

16 – أَبْوَابُ الكُسُوفِ(ص141)

بَابُ الصَّلاَةِ فِي كُسُوفِ الشَّمْسِ(حدیث:1040-1041-1042-1043)

- جیسے استسقاء مسنونات میں سے ہے تو اسی طرح صلوۃ کسوف[110]
- 10ھ یا 28 یا 29 شوال 8H30 کسوف ہوا آپ ﷺ کے زمانے میں اور بعض کہتے کہ 2 مرتبہ ہوا اور بعض کہتے کہ متعدد بار ہوا آپ ﷺ کے زمانے میں؛ یہ بھی آیۃ الجو سے ہے
- ائمہ ثلاث: کسوف میں 2 رکوع؛ حؒ: ایک رکوع
- فؒ: خطبہ مسنون؛ کسوف: شمس کے لئے اور خسوف: قمر کے لئے لیکن ایک دوسرے کے لئے مستعمل ہے
- یا کسوف: جب پوری روشنی ختم اور خسوف: جب بعض روشنی ہو۔
- 2 رکوع کی حدیث ذکر کی لیکن باب قائم نہیں کیا اور مشہور ہے کہ فقہ البخاری فی تراجمہ: 1) انکا فکر ترجمۃ الباب میں؛ 2) انکا مذہب اسمیں سے ظاہر ہوتا ہے۔ تو معلوم ہوا کہ مصنفؒ احناف کے ساتھ ہیں
- 1) ابو بکرۃ کی روایت میں تعدد رکوع نہیں اسی طرح نعمان بن بشیر، عبد اللہ بن عمرو بن العاص، سمرۃ بن جندب اور انکے بیٹے عبد الرحمن، قبیصۃ اور محمود بن لبید سے ایک ہی رکوہ مروی (ثم رکع ثم اعتدل ثم سجد)

2) رکوع: ابن عباسؓ اور عائشۃؓ سے 2 رکوع مروی؛

3) 3 رکوع: جابرؓ اور عائشۃؓ؛ 4) 4 رکوع حضرت علیؓ اور ابن عباسؓ سے مروی؛ 5) 5 رکوع حضرت علیؓ بسند صحیح اور اُبی بن کعب (ضعیف روایت ہے اسمیں ابو جعفر رازی ضعیف ہے) (اتنا لمبا قیام کیا، لم یکد یرکع اور اتنا لمبا رکوع کیا کہ لم یکد یقوم)

-احناف ایک رکوع کو ترجیح دیتے ہیں؛ ائمہ ثلاثہ: 2 رکوع والی روایات کو ترجیح دیتے اسلئے کہ اسکے طرق زیادہ ہیں۔

احناف کی ترجیح کے وجوہات: 1) اسلئے کہ قاعدہ کلیہ کے مطابق ہے

2) اسمیں احادیث قولیہ موجود ہے: صلوا کأحدث صلوۃ صلیتموھا الآن اور وہ فجر کی نماز تھی تو گویا صلوۃ الفجر کو مقیس علیہ بنایا

3) اکابر صحابہؓ سے مروی ہے اور عائشۃؓ گھر میں یا پیچھے کے صف میں ہوتی تھی اور ابن عباسؓ بھی پیچھے کے صف میں

4) سمرۃ بن جندبؓ اور اپنے بیٹے عبد الرحمن تیر اندازی کر رہے تھے تو چھوڑ کر کہا کہ دیکھیں آپ ﷺ کا کیا عمل ہے؟

5) عبد اللہ بن زبیرؓ نے بصرۃ میں پڑھائی کسوف کی نماز ایک رکوع کے ساتھ تو کسی نے نکیر نہیں کی سوائے عروۃ بن زبیرؒ (تابعی) ص142 تو معلوم ہوا کہ عمل آپ ﷺ کے بعد ایک رکوع پر جاری ہوا۔

-تو جن روایات سے متعدد رکوع ثابت ہیں تو اسکا کیا جواب ہے؟

1) خصوصیت پر محمول ہیں

2) رکوع کو قائم مقام سجدہ بنایا تھا (سجدہ تلاوت)

3) لمبا رکوع کیا اور رکوع ہی میں سر اٹھایا روشنی دیکھنے کے لئے اور متوجہ ہوئے رکوع میں تو صحابہؓ نے صورۃ الرکوع کو رکوع سمجھا

4) جب آپ ﷺ نے جنت کی نعمتوں کو دیکھا تو بے اختیار رکوع کی صورت پیدا ہو گئی۔

---

[110] صلوۃ کسوف پر مختصر وجامع بحث قاموس الفقہ میں ملاحظہ فرمائیں (4/555-556)

5)لرؤیۃ الآیات تو مختلف آیات دیکھنے کی وجہ سے رکوع میں چلے گئے تھے

ابن عباسؓ نے میمونہؓ کی وفات پر سجدہ کیا اور کہا کہ آیت دیکھنے کے وقت سجدہ کیا جاتا ہے۔

6)جب رکوع اتنا لمبا ہو تو صف اولی کو شک ہوا تو رکوع سے اٹھے آپ ﷺ کی حالت کو دیکھنے کے لئے پھر دوبارہ رکوع میں گئے تو پیچھے صف والوں نے سمجھا کہ متعدد رکوع ہوا تو کسی نے 2 مرتبہ سر اٹھایا کسی نے 3 مرتبہ تو کسی نے 4 مرتبہ...

7)راوی کی تعبیر کا بھی امکان ہو سکتا ہے کسی چیز کی تطویل کے لئے کہا: رکع فرکع ثم رکع اور یہ عرب کا ایک اسٹائل ہے

8)نسائی میں (السنن الکبری):505 - أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ يَعْنِي ابْنَ زُرَيْعٍ قَالَ: حَدَّثَنَا يُونُسُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي بَكْرَةَ قَالَ: «كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْكَسَفَتِ الشَّمْسُ، فَقَامَ إِلَى الْمَسْجِدِ يَجُرُّ رِدَاءَهُ، مِنَ الْعَجَلَةِ فَقَامَ إِلَيْهِ النَّاسُ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ كَمَا تُصَلُّونَ»

اور ایک روایت میں فصلی مثل صلوتکم

- ابن بشیر کی روایت میں: کما تصلون رکعتین وسجدتین
- لوگوں کا غلط عقیدہ تھا کسوف پر تو آپ ﷺ نے اسکی نفی کی اسلئے کہ وہ سمجھتے تھے کہ کسی کی ولادت یا موت کے ساتھ متعلق ہے
- مولانا روم: جو لوگ سورج کی پوجا کرتے ہیں، ایسے ہیں جیسے بادشاہ نے باورچی رکھا اور اسکی عبادت شروع کرنے لگے۔
- آیتان: 1) آیۃ القدرۃ: بادل کے بغیر روشنی کو روک دیا تو اللہ کی قدرت غالب اور سورج کچھ نہیں ہے

2) آیۃ التخویف

-سورج وچاند میں کشش کی صلاحیت رکھی اللہ تعالی نے اور تخویف کا پہلو یہ اسمیں کہ زمین اور سورج کے درمیان چاند واقع ہوا اور اگر زمین نے یا سورج نے اپنی طرف زیادہ کھینچ لیا تو قیامت برپا ہو گا اسلئے کہ مقناطیس کی طرح سورج اور زمین کھینچتے ہیں۔

بَابُ الصَّدَقَةِ فِي الكُسُوفِ(ص142)(حدیث:1044)

- کسوف میں متعدد اعمال کا ذکر ہے، سب پر مصنفؒ باب قائم کریں گے الأھم فالأھم والأول فالأول
- ترجمۃ الباب کا مقصد: جبکہ یہ آیت تخوف وتعظیم ہے تو صدقہ پیش کرنا چاہئے اسلئے کہ صدقہ اللہ تعالی کے غضب کو ٹھنڈا کرنے میں دخل ہے: الصدقۃ تطفئ غضب الرب...
- ائمہ کا اختلاف جو متعدد رکوع کے قائل: کؒ: دوسرے رکوع کا اتبار کرتے اور رکوع اول کے بعد بھی فاتحہ پڑھتے؛ فؒ: پہلے رکوع کا اعتبار کرتے؛ عائشۃؓ کی روایت: جو گھر میں بیٹھی تھی اور یہ ثابت ہے کہ اسماءؓ گھر میں آئے اور پوچھا کہ کیا ہو؟ تو اشارہ کیا آسمان کی طرف۔
- آپ ﷺ نے کسوف میں صلوۃ، صدقہ، دعا، ذکر، خطبہ کا حکم دیا لیکن خطبہ بہ ضرورت تعلیم کے لئے تو مسنون خطبہ نہیں تھا۔
- غیرۃ: تغیرٌ یحصل من الحمیۃ یا ھیجان الغضب لأجل ارتکاب القبیح / غیرت کا نتیجہ: منع کرنا

بَابُ النِّدَاءِ بِالصَّلَاةُ جَامِعَةٌ فِي الكُسُوفِ(حدیث:1045)

- فؒ: الصلوۃ جامعۃ کسوف کے لئے مسنون ہے حکمًا شرعیًا؛ ائمہ ثلاث: جب جب حاجت ہو تو کر سکتے۔

- احضروا الصلوۃ حال کو نھا جامعۃ (دونوں منصوب) یا دونوں مرفوع: مبتداء خبر کی ترکیب اور اَن تفسیریہ اَن الصلوۃ جامعۃٌ یا اَن الصلوۃ حاضرۃٌ حال کو نھا جامعۃً
- مصنفؒ خطبہ کے قائل ہیں اسی لئے باب قائم کیا۔

بَابُ خُطْبَةِ الإِمَامِ فِي الكُسُوفِ (حدیث:1046)

- احناف: خطبہ غلط عقیدہ کا ازالہ کرنے کے لئے تھا اور فؒ: مسنون ہے۔

بَابٌ: هَلْ يَقُولُ كَسَفَتِ الشَّمْسُ أَوْ خَسَفَتْ؟ (حدیث:1047)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) شمس کے لئے کسوف اور خسوف بھی مستعمل ہے تو دونوں جائز ہے۔
2) وہ روایت ضعیف ہے جسمیں لا تقولوا کسفت الشمس وخسفت القمر۔

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «يُخَوِّفُ اللَّهُ عِبَادَهُ بِالكُسُوفِ» (حدیث:1048)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: ان لوگوں کی تردید ہے جو انکو امر عادی فقط مانتے ہیں اور تخویف والا پہلو کو نظر انداز کرتے تو اسمیں بتایا کہ دونوں پہلو ہیں۔
- جس طرح بنو اسرائیل کے لئے جبل کو معلق کیا تھا (ام حسابی) تخویف کے لئے یا زلزلہ آیا تھا تو یہ بھی تخویف کے لئے۔
- تابعہ: یعنی یونس کی متابعت کی اشعث نے: 1) فی عدم ذکرہ یخوف اللہ (لا یصح)
2) عینی: تابعہ فی نفس الحدیث (لا یصح) بغیر زیادۃ
3) تابعہ فی ذکر یخوف اللہ جو نسائی میں مذکور ہے۔

بَابُ التَّعَوُّذِ مِنْ عَذَابِ القَبْرِ فِي الكُسُوفِ (ص143) (حدیث:1049-1050)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) کسوف مشابہ ہے قبر کے اندھیرے کے ساتھ اور خسوف بھی اسی لئے عذاب قبر سے پناہ مانگنا چاہئے
2) آپ ﷺ کو عذاب قبر کے بارے میں کسوف کے موقع پر معلوم ہوا اسی لئے اس وقت عذاب قبر سے پناہ مانگنا چاہئے
ظھرانی: زائد یا وسط کے معنے میں اور "الف، نون" زائد ہے۔
- اس روایت کی تفصیل دوسری جگہ آئی: 123 - (584) حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ، وَحَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى - قَالَ هَارُونُ: حَدَّثَنَا وَقَالَ حَرْمَلَةُ: - أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدِي امْرَأَةٌ مِنَ الْيَهُودِ، وَهِيَ تَقُولُ: هَلْ شَعَرْتِ أَنَّكُمْ تُفْتَنُونَ فِي الْقُبُورِ؟ قَالَتْ: فَارْتَاعَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ: «إِنَّمَا تُفْتَنُ يَهُودُ» قَالَتْ عَائِشَةُ: فَلَبِثْنَا لَيَالِيَ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «هَلْ شَعَرْتِ أَنَّهُ أُوحِيَ إِلَيَّ أَنَّكُمْ تُفْتَنُونَ فِي الْقُبُورِ؟» قَالَتْ عَائِشَةُ: «فَسَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَعْدُ يَسْتَعِيذُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ» (مسلم 410/1)

- تو معلوم ہوا کہ ابتداء میں لاعلمی ظاہر کی پھر معلوم ہوا کسوف الشمس کے وقت، اسی لئے عائذاباللہ کے 2 ترجمے: 1) اللہ کی پناہ اس قول سے؛ 2) اللہ کی پناہ مانگی بعد ما سمع ھذا القول (کچھ دنوں کے بعد پھر حقیقت معلوم ہوئی)
- مصنفؒ نے وہ روایت ذکر کیا جسمیں تعدد رکوع کا ذکر ہے اور اکثر عائشہؓ سے مروی ہے۔
- ثم أمرھم أن یتعوذوا: پہلے سے عذاب قبر کا علم ہو چکا تھا اور اس وقت ظاہر کیا
- اشکال: یثبت اللہ الذین آمنوا.....(مکہ مکرمہ)

جواب: 1) آپ ﷺ کو یہ معلوم تھا کہ یہ ثواب قبر وعذاب قبر کے لئے نازل ہوا لیکن مخصوص بالکفار سمجھتے تھے تو بتایا مدینہ منورۃ میں کہ مؤمنین کے لئے بھی وہی حکم ہے

2) فی الحیاۃ الدنیا وفی الآخرۃ تو ظاہر نہیں کہ قیامت کے بعد یا کب؟ تو بتایا آپ ﷺ کو مدینہ منورۃ میں کہ فی الآخرۃ: بعد الموت کو بھی شامل ہے۔

بَابُ طُولِ السُّجُودِ فِي الكُسُوفِ (حدیث:1051)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: بعض مالکیہ کی تردید ہے: جن رکعتوں میں تکرار تو اسمیں تطویل ہے (قیام رکوع) اور سجدہ میں تکرار نہیں (دوسری نمازوں کی بہ نسبت) تو تطویل نہیں
- شافعیہ کے یہاں دونوں روایات ہیں: رافعی: عدم تطویل؛ نووی: تطویل ہے اور یہی تقریباً ائمہ اربعہ کا مسلک بنا۔

بَابُ صَلاَةِ الكُسُوفِ جَمَاعَةً (حدیث:1052)

جماعت مسنون ہے اسمیں اور مقرر امام کے پیچھے پڑھنا چاہئے اور اگر امام نہ ہو کوئی بھی یا منفرداً

- ابن عباسؓ نے 2 رکوع نقل کیا تو بصرۃ میں کیوں عمل نہیں کیا اس پر تو جواب میں یہ کہنا پڑے گا کہ وہ خصوصیت سمجھتے تھے اور اپنے لئے قانون صلوا کأحدث صلوۃ سمجھتے تھے۔
- ایک روایت میں لگ ان عورتوں کو دیکھا جو امانت میں خیانت کرتی اور افشاء کرتی
- تو جھنمیات زیادہ ہے جنتیات سے اور وہ زیادہ ہیں جنتیین سے یا جھنمیات جنتیات بنے گی کچھ مدت کے بعد
- سوال: آپ ﷺ نے لیلۃ المعراج میں بھی یہ منظر دیکھا تو "فلم أر منظراً أخوف وأفظع" کا کیا مطلب ہے؟

جواب: معراج میں گویا آپ ﷺ سیاحت کے لئے گئے تو جمال غالب تھا اور اب کسوف میں جلال غالب ہے۔

بَابُ صَلاَةِ النِّسَاءِ مَعَ الرِّجَالِ فِي الكُسُوفِ (ص144) (حدیث:1053)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: معیت فی الزمان ہے نہ کہ معیت فی المکان
- اختلاف کی طرف اشارہ: احناف: بوڑھیا عاجز ہے، نہیں آئے گی اسلئے کہ لمبا وقت ہے؛ شافعیہ: لا تحضر بارعۃ الجمال کؒ: تصلی فی البیت؛ مصنفؒ نے سب کی مخالفت کی اور کہا کہ آسکتی ہے۔
- ما من عام إلا وقد خُصَّ عنه البعض / یصحُّ رؤیتہ عقلاً وعرفًا

بَابُ مَنْ أَحَبَّ العَتَاقَةَ فِي كُسُوفِ الشَّمْسِ(حدیث:1054)

- یہ بھی مندوبات ومستحبات میں سے کہ اللہ کو راضی کرنے کے لئے آزاد کرنا چاہئے اور حدیث میں ہے کہ جسنے آزاد کیا تو ہر عضو کے بدلے میں اسکو آگ سے آزادی ہو گی
- اللہ کے عذاب سے بچو ولو بشق تمرۃ؛ عتاقہ کا حکم دیا۔
- فہ: یصلی فی کل وقت حتی فی الاستواء أو عند الغروب والطلوع؛ احناف: اوقات مکروھۃ مستثنی ہے

بَابُ صَلاَةِ الكُسُوفِ فِي المَسْجِدِ(ص144)(حدیث:1055-1056)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: مسجد میں پڑھنا کافی ہے

بَابٌ: لاَ تَنْكَسِفُ الشَّمْسُ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلاَ لِحَيَاتِهِ(حدیث:1057-1058)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) کسوف میں عقیدہ جاہلیت کی تردید ہے۔
2) جہاں موقع ہو تو عقیدہ باطلہ کو رد کرنا چاہئے
- وہ کہتے کہ کسوف عظیم الشان شخصیت کی وجہ سے یا کسی کی موت کی وجہ سے ہے
- شرکت میں رکوع اول کا اعتبار کرتے شافعیہ اور رکوع ثانی کا اعتبار کرتے مالکیہ
- عھد النبی ﷺ: ایسا زمانہ کہ ہر مسلمان کو آپ ﷺ سے تابعداری کا عہد کرنا چاہئے۔

بَابُ الذِّكْرِ فِي الكُسُوفِ(ص145)(حدیث:1059)

- کسوف میں ذکر کرنا چاہئے اور جب مصیبت آئے تو ذکر مفید ہے اور دفع کرنے میں بھی بہت دخل ہے
- فإذا رأيتم ذلك فاذكروا الله
- آپ ﷺ نے خلفاء کا ذکر کیا تھا، خوارج کا، طلوع الشمس من المغرب کا، دابۃ الأرض، دجال، دخان، حضرت مہدی۔
- اشکال: قیامت کس طرح ہو گی جبکہ قیامت کی علامت صغری و کبری ظاہر نہیں ہوئی تھی ابتک؟

جواب: 1) جس انسان پر خوف کا غلبہ ہو تو علامت سے غافل ہوتا ہے: مثال: چڑیا گھر میں کوئی شیر دیکھنے جائے اور زہ پنجرے میں ہے لیکن اندر سے چنگاڑنا شروع کرے تو آدمی حواس باختہ ہو جائے۔

2) ھذا ظن الراوی و تعبیرہ

3) تشبیہ پر محمول ہے، آپ ﷺ کا خوف قیامت کے آنے کے خوف کے مشابہ تھا

4) اس وقت کی بات جب علامت قیامت نہیں بتایا تھا (لایصح) یہ 10ھ کا واقعہ

5) ھذا من قبیل: جعلوا ما سیقع کالواقع یعنی مستقبل کو حال فرض کیا۔

6) ھذا من قبیل أن اللہ لایجب علیہ شیءٌ

بَابُ الدُّعَاءِ فِي الخُسُوفِ(حدیث:1060)

دعا کرنا چاہئے اور مصیبت میں دعا قبول ہوتی ہے جیسے کافر عورت کی دعا قبول ہوئی تھی جب تہمت لگائی اسپر (وَيَوْمُ الوِشَاحِ مِنْ تَعَاجِيبِ رَبِّنَا، ... أَلاَ إِنَّهُ مِنْ بَلْدَةِ الكُفْرِ أَنْجَانِي: فَلَمَّا أَكْثَرَتْ، قَالَتْ لَهَا عَائِشَةُ: وَمَا يَوْمُ الوِشَاحِ؟ قَالَتْ: خَرَجَتْ جُوَيْرِيَةٌ لِبَعْضِ أَهْلِي، وَعَلَيْهَا وِشَاحٌ مِنْ أَدَمٍ، فَسَقَطَ مِنْهَا، فَالْتَقَطَتْ عَلَيْهِ الحَدَإُ، وَهِيَ تَحْسِبُهُ لَحْمًا، فَأَخَذَتْهُ فَاتَّهَمُونِي بِهِ فَعَذَّبُونِي، حَتَّى بَلَغَ مِنْ أَمْرِي أَنَّهُمْ طَلَبُوا فِي قُبُلِي، فَبَيْنَا هُمْ حَوْلِي وَأَنَا فِي كَرْبِي، إِذْ أَقْبَلَ الحَدَإُ حَتَّى وَازَتْ بِرُءُوسِنَا، ثُمَّ أَلْقَتْهُ، فَأَخَذُوهُ، فَقُلْتُ لَهُمْ: هَذَا الَّذِي اتَّهَمْتُمُونِي بِهِ وَأَنَا مِنْهُ بَرِيئَةٌ "(بخاوی)) تو معلوم ہوا کہ مجبور مضطر اور مصاب کی دعا مقبول جلدی ہو جاتی۔

بَابُ قَوْلِ الإِمَامِ فِي خُطْبَةِ الكُسُوفِ: أَمَّا بَعْدُ(حدیث:1061)

- مصنفؒ چونکہ خطبہ کے قائل بعد الصلوۃ تو امابعد کہنا چاہئے ہر خطبہ میں
- احناف: جو خطبہ تھا وہ صرف بطور ضرورت تھا لوگوں کو سمجھانے کے لئے، ورنہ خطبہ نہیں ہے (خطبہ میں امابعد نہ ذکر کرے تب بھی ٹھیک ہے)۔

بَابُ الصَّلاَةِ فِي كُسُوفِ القَمَرِ(حدیث:1062-1063)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: امام کؒ کی تردید: کسوف القمر نہیں ہے
- فؒ: صلوۃ خسوف صلوۃ کسوف کی طرح بتکرار الرکوع
- احناف: بغیر تکرار اور بغیر جماعت اسلئے کہ صلوۃ اللیل اور ہے اور جماعت کرنے میں لوگوں کو تکلیف ہو گی۔
- اشکال: حدیث کی کیا مناسبت ہے ترجمۃ الباب سے اسلئے کہ حدیث میں صرف کسوف شمس کا ذکر ہے!؟

جواب:1) قمر کو شمس پر قیاس کی 2) یہ روایت مختصر ہے اور مفصل روایت میں دونوں کا ذکر ہے

3) اسمیں لایخسفان لموت أحد (یعنی تثنیہ کا صیغہ آیا تو دونوں کے لئے آیا تو معلوم ہوا کہ حدیث مختصر ہے)

-ابو بکرۃ: نفیع بن حارث؛ یجرُّ رداءہ: کنایۃ عن السرعۃ یا خوف کی وجہ سے خیال نہ رہا کہ کپڑا کھینچ رہے ہیں

-نسائی: فصلی بھی رکعتین کما تصلون (دیکھئے پوری روایت ص 287)؛ ابن حبان: مثل صلوتکم

باب صبّ المرأة على رأسها الماءَ

- بے ہوشی کی وجہ سے اپنے سر پر پانی ڈالنا
- حدیث ذکر نہیں کیا تو 2 جواب:1) وہی حدیث اسماءؓ والی حدیث جو گزر چکی ہے، یہاں فٹ ہے

2) اشارۃ کہ سر پر پانی ڈالنا ثابت ہے لیکن مسنون نہیں یا مقصود نہیں۔

بَابٌ: الرَّكْعَةُ الأُولَى فِي الكُسُوفِ أَطْوَلُ(حدیث:1064)

- 1) رکعت أولی أطول من رکعت ثانی (اس پر اتفاق ہے)

2) قیام أول قیام ثانی سے اطول ہے

3) رکعت ثانیہ کا پہلا قیام اطول من رکعت ثانیہ کے دوسرے قیام؟ اسمیں اختلاف ہے

-الأول والأول: قیام اول اطول من قیام ثانی وھو أطول من قیام ثالث (یہ دوسرے مذاہب کے مطابق ورنہ احناف کو یہ ضرورت نہیں)

-مصنفؒ تعدد قیام کے قائل نہیں اسی لئے باب الرکعۃ الأولی فی الکسوف اطول قائم کیا۔

بَابُ الجَهْرِ بِالقِرَاءَةِ فِي الكُسُوفِ(حدیث:1065-1066)

- دٗسٗ: طحاوی: جہر ہے؛ مصنفؒ نے بھی جہر کا باب قائم کیا اور یہی مختار ہے انکے نزدیک
- حٗکٗفٗ: اخفاء خسوف میں جہر اور صلوۃ کسوف
- سمرو بن جندبؓ: لم نسمع لہ صوتًا
- ابن عباسؓ: نحوًا من سورۃ البقرۃ وفی روایۃ: صلیت فی جنب رسول اللہ ﷺ ولم نسمع لہ صوتًا
- محمد بن لبید: ثم قام فقرأ فیما نُری بعض الٓمٓ
- عائشۃؓ: حضرتُ أظن قراءتہ فی سورۃ البقرۃ
- جہر:1) أی بعض الآیۃ لیعرف أن سورۃً فلانیۃً تُقرأ

2) فی خسوف القمر: مابعد کا قرینہ اس پر دال ہے کہ بعد میں صلوۃ کسوف کا ذکر ہے تو کسوف الشمس کو تبعًا ذکر کیا۔

-مہران: جمع ہے مہر کا: سورج تو مراد ایک آدمی جسمیں اللہ نے شموس کو جمع کیا ہو۔

-براعۃ الاختتام:1) اکثر ابواب میں کسوف کا ذکر ہے جو مشابہ ہے قبر کے اندھیرے کے ساتھ یعنی بہت کم روشنی اور اندھیرا غالب میت کہے گی کہ مجھے چھوڑو نماز پڑھ لوں کہ سورج غروب ہو رہا ہے: 4272 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ حَفْصٍ الْأُبُلِّيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: " إِذَا دَخَلَ الْمَيِّتُ الْقَبْرَ، مُثِّلَتِ الشَّمْسُ عِنْدَ غُرُوبِهَا، فَيَجْلِسُ يَمْسَحُ عَيْنَيْهِ، وَيَقُولُ: دَعُونِي أُصَلِّي(ابن ماجہ)

2) کسوف الشمس کی حقیقت یہ ہے کہ سورج کی روشنی باقی لیکن اللہ نے قبض کیا اسی طرح موت میں روح موجود ہے لیکن اللہ نے اوپر کی طرف کھینچ لیا

3) اجل اگرچہ نعم کے معنے میں لیکن اجل الموت کی طرف اشارہ ہے

4) جہر: ایک دن اعلان کیا جائے گا کہ فلاں کا انتقال ہوا۔

17 – أَبْوَابُ سُجُودِ القُرْآنِ

- ما قبل میں جو احادیث مذکور ہوئی تو ایک رکعت میں تعدد الرکوع تھا تو اب تعدد السجود کا ذکر ہے
- سجدہ تلاوت لازم جب پوری آیت پڑھے یا اکثر آیات مع السجدۃ پڑھے
- طریق السجود: سنیتھا: طریقہ یا ابتداء کیسے ہوئی یا لزومھا (لایصح اسلئے کہ مصنفؒ لزوم کے قائل نہیں)

تو مراد طریقہ یا اصطلاحی معنی: کونھا سنۃً

- آپ ﷺ اور صحابہؓ کا سجدہ اختیاری تھا اور کافرین کا سجدہ مجبوری تھا (یعنی بے اختیاری)
- بعض حضرات نے وہ روایت لکھا کہ آپ ﷺ نے یا شیطان نے قراءت کے درمیان: تلک الغرانیق العلی وان شفاعتھن لترتجی

(وَمَاأَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَسُولٍ وَلَا نَبِيٍّ إِلَّا إِذَا تَمَنَّى أَلْقَى الشَّيْطَانُ فِي أُمْنِيَّتِهِ فَيَنْسَخُ اللَّهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللَّهُ آيَاتِهِ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ) يعني أن الشياطين تحاول التلبيس على الوحي، والتأثير على النبي، بأن تدخل فيه ما ليس منه. ووجه دلالة الآية , من قوله: (تمنى) يعني تلا, وليس المراد تمنى من الأماني , وإنما من الأمنية وهي، التلاوة

(سورۃ حج) کو ملاتے سورۃ نجم سے تو یہ قصۃ الغرانیق ہے جو غلط ہے۔

- 1) اور ترجمہ یہ ہے إِلَّا إِذَا تَمَنَّى مگر جب آپ ﷺ تمنی کرتے کہ سب مسلمان ہو جائے تو شیطان رکاوٹ ڈالتا ہے اسکی خواہش میں اور اسکا کوئی تعلق نہیں آپ ﷺ سے۔
- تمنی تمنّی کے معنے میں مشہور ہے اور بمعنی قراءت شاذ ہے اور صرف أشعار میں كما قال الشاعر:

تمنى كتاب الله أول ليلة وآخرها لاقى حمام المقادر

تمنى كتاب الله أول ليلة وآخر ه لاقى قضاء المحابر

تمنى كتاب الله أول ليلة تمنى داؤدَ الزبور على رسلى تو ان اشعار کی کوئی حقیقت نہیں ہے

2) اگر تمنی تلاوت کے معنے میں ہے تو: جب تلاوت کرتے تو شیطان انکے تلاوت کے بارے میں مختلف قسم کے وساوس پیدا کرتے اور پھر اللہ انکے وسوسے کو دور کرتا ہے جیسے قرآن میں انکم وماتعدون من دون اللہ حصب جھنم، تو شیطان یخ وسوسہ پیدا کرتا ہے کہ پھر عیسیٰؑ اور عزیرؑ بھی جہنم میں ہوں گے چونکہ وہ معبود ہیں لیکی یہ وسوسہ دفع کیا اسلئے کہ "ما" استعمال کیا نہ کہ "من" یعنی غیر ذوی العقول۔

ولا تقولوا لمن یقتل فی سبیل اللہ أموات بل أحیاء: تو پورے قرآن میں شک دور کر رہا ہے انکے زندہ ہونے کے بارے میں

تشابہات کے بارے وسوسہ ڈالتے پھر اللہ اسکو دور کرتا ہے

ید اللہ فوق أیدیھم سے لیس کمثلہ شیء اور قل ھو اللہ أحد کے ذریعہ سے وسوسہ دور کیا۔

3) جب وہ تلاوت کرتے تو شیطان اجتہادی خطاء کے ذریعہ سے وسوسہ ڈالتا ہے تو تمنی اجتہاد کے معنے میں ہے اور تمنی واجتہاد دونوں دل ودماغ میں ہے۔

مَا جَاءَ فِي سُجُودِ القُرْآنِ وَسُنَّتِهَا (حدیث:1067)

بعد قراءۃ الآیۃ اور بعد قراءۃ أکثر الآیۃ مع آیۃ السجدۃ

- سنتھا: 1) طریق السجدۃ؛ 2) کونھا سنۃً؛ 3) کیفیۃ وجوبھا؛
- سب سجدے میں گرے یعنی مسلمان اختیار طور پر اور غیر مسلمان اضطراری طور پر، غیر شیخ: امیۃ بن خلف اور غیر مسلمان کا سجدہ اس وجہ سے نہیں کہ آپ ﷺ کی زبان پر یا سکتات پر شیطان نے پڑھا تلک الغرانیق (مرغابی)

- إذا تمنى ألقى الشيطان: 1) پیغمبر لوگوں کے اسلام لانے کا تمنی کرتے اور شیطان انکو اسلام کی طرف نہیں چھوڑتے پھر اللہ اس.....

2) تمنی بمعنی قرء یعنی شیطان قراءت میں شبہ ڈالتا ہے پھر اللہ اسکو دور کرتا ہے مثلا: کلمۃ اللہ وألقاها إلى مریم وروح منہ تو شبہ یہ ڈالتا ہے کہ اللہ کا مولود ہے۔

- یا انکم وما تعبدون من دون اللہ حصب جھنم تو "ما" سے غلط استدلال کرتے اور انبیاء کو بھی شامل کرتے۔

3) تمنی أی اجتھد فی القلب تو خطا کرتا ہے اجتہاد میں اور چونکہ بُری چیز اللہ کی طرف منسوب نہیں کیا جاتا ہے تو شیطان کی طرف منسوب کیا پھر اللہ اجتہادی غلطی کو دور کرتا ہے۔

- اکثر لوگوں نے غرانیق کا قصہ رد کیا: البانی نے ایک رسالہ لکھا: نصب المجانیق لنسف قصۃ الغرانیق

علی بن حسن حلبی: أدلۃ التحقیق فی إبطال قصۃ الغرانیق (مفصل کتاب)

1) {لَهُ مُعَقِّبَاتٌ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ} [الرعد: 11]

2) وَما تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّياطِينُ [الشعراء: 210]

بَابُ سَجْدَةِ تَنْزِيلُ السَّجْدَةُ(ص146)(حدیث: 1068)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: فرائض میں آیۃ السجدۃ پڑھنا جائز ہے تو کؒ کی تردید ہے جو مکروہ سمجھتے اسلئے کہ ایک سجدہ زیادہ ہو گا فرص میں تو جواب یہ ہے: یہ آیۃ السجدۃ ہے نماز کا رکن نہیں ہے۔
- یا مصلین پر اشتباہ ہو گا! تو جواب: وہ جانتے ہیں کہاں کہاں سجدہ ہے۔
- یا عوام اسکو لازم سمجھیں گے! جواب: یہ اس وقت جب سب نماز میں آیۃ السجدۃ پڑھیں گے۔
- عزائم السجود 4 ہیں: 1) الم السجدۃ؛ 2) حم؛ 3) النجم؛ 4) اقرء۔

بَابُ سَجْدَةِ ص(حدیث:1069)

- دؒ:15؛ کؒ:11(مفصل میں سجود نہیں)؛ حؒ:14(سورۃ ص کا سجدہ ہے اور حج کا دوسرا نہیں)؛ فؒ:14 سورۃ ص نہیں اور سورۃ حج کے دونوں سجدے ہیں۔ احناف کے نزدیک سورۃ ص کا سجدۃ لازم ہے اور اسکے دلائل حاشیہ نمبر 4 ص 146۔
- احناف کے دلائل: 1) ابت عباس کو مجاہد نے پوچھا: "أفی الصاد سجدۃ قال نعم"

2) ابو سعید خدریؓ کی روایت: ان النبی ﷺ قرء ص فلما.....

3) ابن عمرؓ، عثمانؓ، ابو موسی اشعریؓ اور عمارؓ سب سے ص کا سجدۃ مروی

4) روایت: رأیت النبی ﷺ یسجد فی ص

5) نسائی: 957 - أَخْبَرَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ الْمِقْسَمِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ ذَرٍّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ فِي ص وَقَالَ: «سَجَدَهَا دَاوُدُ تَوْبَةً، وَنَسْجُدُهَا شُكْرًا»

6)ابو سعید خدریؓ نے خواب دیکھا کہ سورۃ ص پڑھ رہے اور جب آیت سجدۃ پر پہنچے تو دیکھا سب چیزیں سجدے میں ہیں تو آپ ﷺ کو یہ خواب بتایا، پھر آپ ﷺ بھی سجدہ کرنے لگے

-سورۃ ص کا سجدہ خارج الصلوۃ استحبابًا للشوافع وفی الصلوۃ لایجوز اور احناف کے نزدیک لازم ہے ص کا سجدہ۔

اقتداء الشافعی خلف الحنفی:1)کھڑا رہے گا شرکت نہ کرے سجدے میں

2)سجدے میں شرکت کرے پھر سجدہ سھو بعد میں کرے

3)امام کی تابعداری کرے

-لیس من عزائم السجود:1)من اعتبار اللفظ والمنطوق اسلئے کہ یہ داؤدؑ.....(بہتر حسن مآب پر سجدہ کرے اگر اناب پر گیا)

2)اولاً ثم صار من عزائم السجود أخیرًا اور اسی پر صحابہؓ کا عمل کما یدل علیہ حدیث أبی سعید الخدریؓ۔

بَابُ سَجْدَةِ النَّجْمِ(حدیث:1070)

- کؒ کی تردید جو کہتے کہ مفصل میں سجود نہیں تو نجم میں ہے، اذا السماء انشقت میں بھی ہے اور اقرأ میں بھی
- کؒ:زید بن ثابتؓ کی روایت سے استدلال کرتے۔
- جواب:لم یسجد فی الفور۔
- اور دوسرا مستدل ابن عباسؓ کی رویت:لیکن فی اسنادہ ابو قدامۃ ولیس بشیء۔
- سورۃ حج میں 2 سجدہ:فصلت سورۃ الحج میں سجدہ نہیں:سند میں ابن لھیعہ جو ضعیف ہے
- عمرو بن العاص:فی سورۃ الحج سجدتان:سند میں عبد اللہ بن مُنَین مجہول ہے
- احناف:دوسرا سجدہ واجب نہیں لیکن بہتر یہ ہے کہ کرے استحبابًا
- ابن عباسؓ:لایروی فیھما إلا سجدۃ واحدۃ
- ابن عباسؓ:الأولی عزیمۃ والثانیۃ تعلیمًا

بَابُ سُجُودِ الْمُسْلِمِينَ مَعَ الْمُشْرِكِينَ وَالْمُشْرِكُ نَجَسٌ لَيْسَ لَهُ وُضُوءٌ(حدیث:1071)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)سجدہ تلاوت مؤکد ہے باوجود اختلاط المشرکین جنہوں نے سجدہ کیا

2)وضو لازم نہیں؛ ائمہ اربعہ:وضو لازم ہے

-اشکال:مشرکین کا وضو نہیں تھا!؟جواب:سجدہ اضطراری تھا اور یہ بھی ہے کہ سجدہ تشریعی نہیں تھا

-ابن عمرؓ بغیر وضو کے سجدہ کرتے تھے:جواب:1)رجوع کر لیا؛ 2)وکان فتواہ علی الوضوء؛ 3)سجدہ نماز کا اہم رکن ہے تو جبکہ نماز کے لئے وضو ضروری ہے تو سجدہ جو اہم رکن ہے اسکے لئے بدرجہ اولی وضو لازم ہو گا۔

-رواہ البیھقی عن ابن عمر:فلا یسجد الرجل إلا وھو طاھر

جنات نے بھی سجدہ کیا تو یہ کیسے معلوم ہوا؟ پردے کو ہٹا کر بتایا یا بذریعہ وحی بتایا۔

بَابُ مَنْ قَرَأَ السَّجْدَةَ وَلَمْ يَسْجُدْ(حدیث:1072-1073)

- ان لوگوں کی تردید جو کہتے کہ سورۃ نجم مین سجدہ نہیں
- سجدہ نہ کرنا مستلزم نہیں کہ سجدہ نہیں بلکہ یہ مطلب ہو سکتا ہے کہ فی الفور نہیں کیا تو فلم یسجد فیھا ای فی ذلک الوقت۔

بَابُ سَجْدَةِ إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ(حدیث:1074)

- مالکیہ کی تردید: مفصل میں سجود نہیں
- حدیث میں: سجدنا مع رسول اللہ ﷺ فی اِذا السماء انشقت۔

بَابُ مَنْ سَجَدَ لِسُجُودِ القَارِئِ(حدیث:1075)

- سجدہ کیا جائے: احناف: سجدہ واجب ہے تالی وسامع پر (نیت ہو یا نہ ہو سماع کا)
- شوافع: یسن للسامع ویدمؤکد للمستمع
- مالکیہ اور شوافع کے چند قیود: 1) اِذا کان التالی صالحًا للإمامۃ

2) کونہ مستمعًا، راستے پر سنا ہو تو سجدہ نہیں

3) وأن لا یقصد اِسماع آیۃ السجدۃ بل کہ وعظ ونصیحت کر رہا ہے تو سجدہ نہیں یا مثلا استاد کہے کہ آیات سجود 14 ہیں اور شمار کرے تو سجدہ نہیں اسلئے کہ یہ صرف تعیین مواقع ہیں تو خلاصہ یہ ہے کہ تلاوت مقصود ہو۔

- امام احمدؒ وہی شروط جو شوافع کے لئے ہیں اور ایک شرط یہ بھی کہ بعد سجود التالی یعنی تب مستمع سجدہ کرے اور مصنفؒ اسی کی طرف مائل ہیں۔
- "من" اگر اجنبیت کے لئے تب انکا مسلک الگ ہے۔

بَابُ ازْدِحَامِ النَّاسِ إِذَا قَرَأَ الإِمَامُ السَّجْدَةَ(حدیث:1076)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) سجدے کا حکم اسی لئے کہ امتثال جلدی کرنا چاہئے۔

2) اللہ کی رضامندی سجدے میں ہے تو جلدی کرنا چاہئے

3) بعد میں بھول جائے گا تو سنت مؤکدہ رہ جائے گا عند البعض اور واجب رہ جائے گا عند الاحناف

4) سجدے کے وجوب کو بیان کرنا: وہذا الاصح فإنہ یجیئ فی مکان آخر۔

بَابُ مَنْ رَأَى أَنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يُوجِبِ السُّجُودَ(حدیث:1077)(لم یوجب السجود مطلقًا)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) ان لوگوں کی رائے کو بیان کرنا جو سجدہ کو واجب نہیں سمجھتے

مصنفؒ نے "من" کا لفظ استعمال کیا تو یا انکے موافق یا انکے خلاف

2) سجدہ مستمع پر ہے کہ سامع پر جیسے امام کؒ اور دؒ کے نزدیک

- احناف: تمام حالت میں واجب سوائے اس صورت میں کہ کسی نے نہیں بتایا۔
- زہری کے قول سے پتہ چلتا ہے کہ مصنفؒ کا آخری موقف یہی ہے کہ بغیر وضو سجدہ نہیں کر سکتے
- اِلا أن تکون طاھرًا من الجنابۃ کی قید لگانا خلاف ظاہر ہے
- سائب بن یزید واعظ کے سجدے سے سجدہ نہیں کرتے تھے (قاصّ: قصہ بیان کرنے والا اور عام طور پر واعظین قصہ بیان کرتے ہیں)
- ربیعۃ: ابو بکر ابن ابی ملیکۃ کے شیخ یعنی دادا استاذ

-عما کا تعلق قول ابن جریج سے ہے؛"ما"مصدریہ عن حضورہ أی حضور ربیعۃ عند عمر

-ولم یسجد عمر سے پتہ چلتا ہے کہ سجدہ لازم نہیں اور احناف کے نزدیک لازم ہے

-سجدے کی آیات 3 قسم پر مشتمل ہے:1)جو آیتیں وعید پر مشتمل ہیں(مثلاً:مالھم لایسجدون)

2)جو کسی پیغمبر کی حکایت پر مشتمل ہیں(مثلاً:فظن داؤد.....فخرّ راکعًا وأناب)

3)جو أمر پر مشتمل ہیں(مثلاً:فاسجد واقترب)

تو خلاصہ یہ ہے کہ سجدہ لازم ہے اور حد.....

1)إذا سجد ابن آدم قال الشیطان: أمر ابن آدم للسجود فسجد وأمرتُ فلم أسجد(فالأمر للوجوب)

- حدیث میں:السجدۃ علی من تلا أو سمعھا(و"علی"للوجوب)

-باقی حضرت عمرؓ کے اثر کے متعدد حوابات ہیں:

1)ومن لم یسجد أی لم یقر أفلا إثم علیہ

2)ومن لم یسجد بل یکتفی بالرکوع فلا إثم علیہ(داخل الصلوۃ أو خارجھا اسلئے کہ رکوع سجدے کے قائم مقام ہے)

لیکن بعض کے نزدیک رکوع میں اگر کرے تو نیت ضروری ہے ورنہ سجدے میں خود بہ خود ادا ہو گا

بعض کے نزدیک امام کی نیت کافی ہے اور آسانی کے لئے اسی پر بعض فتوی دیتے اور شافعیہ کے نزدیک رکوع سجدے کے قائم مقام نہیں ہو گا۔

3)ومن لم یسجد فی الفور فلا إثم علیہ

4)ومن لم یسجد بالھیئۃ الاجتماعیۃ فلا إثم علیہ(مثلاً خطبہ وعظ میں سجدے کی آیت پڑھی گئی ہو)

5)یہ حضرت عمرؓ کی رائے تھی۔

بَابُ مَنْ قَرَأَ السَّجْدَةَ فِي الصَّلاَةِ فَسَجَدَ بِهَا(ص147)(حدیث:1078)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)سجدۃ صلوتیہ تؤدی فی الصلوۃ

2)سری نماز میں نہیں پڑھنا چاہئے اسلئے کہ اشتباہ کا خوف ہے اور عید میں بھی إلا کہ رکوع میں ادا کرے فیصح عند بعض الاحناف؛ شوافع:قصداً آیت سجدہ نہ پڑھے سوائے صبح کی نماز جمعہ کے دن(نیت کرے یعنی قصد واہتمام)

-احناف وحنابلہ:سری نماز میں نہ پڑھے۔

بَابُ مَنْ لَمْ يَجِدْ مَوْضِعًا لِلسُّجُودِ مَعَ الإِمَامِ مِنَ الزِّحَامِ(حدیث:1079)

- مصنفؒ نے ترجمۃ الباب مطلق چھوڑا اختلاف کی طرف اشارہ کرنے کے لئے
- احناف:یسجد علی ظھر الآخر أو علی قدم الآخر
- مالکیہ:سجدے کو مؤخر کرے یہاں تک کہ دوسرا فارغ ہو تب ادا کرے؛ دوسرے ائمہ بھی کہتے کہ سجدہ کر سکتے علی ظھر الآخرین۔
- براعۃ الاختتام:ایک دن قبر میں رکھے جائیں گے اور قبر تنگ ہو گی اس طرح کہ پیشانی لگانے کی جگہ بھی نہ ہو گی تو قبر کو سوچو کہ ایک دن تمہیں بھی جانا ہو گا۔

18 – أَبْوَابُ تَقْصِيرِ الصَّلاَةِ

بَابُ مَا جَاءَ فِي التَّقْصِيرِ وَكَمْ يُقِيمُ حَتَّى يَقْصُرَ(ص147)(حدیث:1080-1081)

- احناف:قصرواجب ہے؛ کؒ:قصرافضل وسنت ہے؛ شافعیہ:اتمام اور قصر دونوں برابر ہے(رخصت ہے فقط)
- تقصیر کے 2 معنے ہیں:1)نماز کو مختصر کرے رکوع وسجود میں اختصار

2)قصر:رباعی کو ثنائی کرے جیسے ذوالیدین نے کہا"اَقصرت الصلوۃ یارسول اللہ"

وَإِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْأَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَقْصُرُوا مِنَ الصَّلَاةِ إِنْ خِفْتُمْ أَنْ يَفْتِنَكُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا ....(101)

تو اقتصار کا مطلب اختصار ہے یا قصر یعنی 4 کے بجائے 2۔

- بعض کہتے کہ عبارت مقلوب ہے:کم یقصّر حتی یقیم اور بعض کہتے:کم یوماً یقیم أی ینتظر حتی یقصّر
- فؒ کؒ:4 دن میں مقیم ہوگا؛ دؒ:21 نمازیں تک قصر کرے گا اس سے زیادہ میں اقامت ثابت ہوگی۔
- احناف:15 دن سے کم میں قصر اور اگر 15 دن سے زیادہ ہو تو اتمام کرے گا اور وہ مقیم مانا جائے گا۔
- آپ ﷺ حج سے واپس آئے تو 4 کو پہنچے اور 8 تاریخ منی کو گئے(فؒ اور کؒ کے نزدیک)جواب: آپ ﷺ نے نہیں فرمایا کہ 4 دن سے زیادہ ہو تو اتمام ہے!
- احناف:15 دم ابن عمرؓ اور ابن عباسؓ ومجاہدؒ سے مروی ہے۔
- یہاں 19 دن اور نسائی میں: أقام خمسة عشر یوماً یصلی رکعتین اور محمد بن إسحاق کا عنعنہ ہے سند میں نہیں ہے بلکہ عراقی ہے جو عبید اللہ سے نقل کرتے۔
- پہلے متعین دن کے ٹھہرنے کا ارادہ نہیں تھا بلکہ اس پر مدار ہونت تھا کہ جتنے دن انتظام صحیح ہو جاتا تو اسی طرح 6 مہینے بھی گزر سکتے ہیں
- 13 دن فتح مکہ میں اور یہاں 10 دن ہے حجۃ الوداع میں۔
- مسافر مقیم کے پیچھے پڑھے تو کیا نیت کرے؟

جواب:1) 2 کی نیت کرے اور امام کی تابعداری میں 4 خود بہ خود ہوگی۔

2) 4 کی نیت کرے اسلئے کہ امام ہونے کی وجہ سے 4 ہونے والی ہے۔

3)مطلق نماز کی نیت کرے۔

بَابُ الصَّلاَةِ بِمِنًى(حدیث:1082-1083-1084)

- عائشہؓ سے مروی ہے کہ اصل 2 رکعات تھی پھر اسپر اضافہ ہوا تو اصل 2 ہی رکعات تھی
- ائمہ ثلاثہ:سفر کی وجہ سے قصر ہے منی میں؛ کؒ:قصر حج کی وجہ سے ہے مع قلیل من السفر اور اگر کوئی منی میں رہتا ہو تو قصر نہیں کرے گا؛ یہ بھی قید ہے إذا بقی علیہ شیء من أفعال الحج۔
- حضرت عثمانؓ نے اتمام کیوں کیا؟

1)اعراب کی وجہ سے تو وہ نہ سمجھے کہ 4 کے بجائے 2 رکعات ہوگئی

2)مکہ میں اقامت کی نیت کی تھی

3)تزوّج بمكة زله أهل فيها وقد ورد في الروايات: من تزوج في بلد وله أهل فيه

4)امیر المؤمنین کی حیثیت سے ہر جگہ اقامت ہے

5)قصر کا حکم مستعجل کے لئے تھا اور جو مستعجل نہیں تو دونوں کی اجازت ہے

6)وہاں زمین خریدی اور یہ کافی ہے مقیم بننے کے لئے

-ابن مسعودؓ کا مسلک یہ تھا کہ انکو قصر کرنا چاہئے تھا لیکن پھر بھی انکے پیچھے نماز پڑھتے تھے۔

-صلی بنا النبی ﷺ آمن ماکان بمنی رکعتین: 1)فی وقت کان آمن أو قاتنا؛ 2)فی حال آمن أحوالنا

-تو معلوم ہوا کہ إن خفتم کی قید، قید احترازی نہیں بلکہ قید اتفاقی تھی

مثال: لا تکرھوا فتیاتکم علی البغاء إن أردن تحصنا (یہاں واقعہ یا بیان قباحت کے لئے قید لگائی)

- اگر حنفی امام اتمام کرے تو نماز واجب الإعادۃ ہے اسلئے کہ فرض کے ساتھ نفل کو ملایا تو ترک واجب ہوا
- اور اگر شافعی یا حنبلی امام اتمام کرے تو اسمیں 2 رائے ہیں: 1)مولانا انور شاہؒ: امام کی نیت کافی ہے؛ 2)اکثر فقہاء: نماز میں مقتدیوں کی نیت کا اعتبار ہے؛ 3)مولانا اشرف علی تھانویؒ نے شامی سے نقل کیا کہ اقتداء بالمخالف صحیح ہے[111]
- علامہ سندھی در مختار کے شارح نے مخالفت کی ہے لیکن تیسرے قول ہی پر فتوی ہے جو علامہ شامی کا ہے۔

بَابٌ: كَمْ أَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّتِهِ؟(حدیث:1085)

- من تأهل ببلد فليصل صلوة المقيم (مولانا ظفر احمد عثمانی نے اسکی تصحیح ذکر کی ہے) اگرچہ دوسرے لوگوں نے سند پر کلام کیا ہے۔
- مقدار سفر بنائیں گے مصنفؒ:.....
- داؤد ظاہری: 3 میل لیکن یہ بات صحیح نہیں اسلئے کہ آپ ﷺ عوالی وغیرہ گئے اور قصر نہیں کی اور جس روایت میں 3 میل ہے او آگے جانے کا ارادہ تھا۔
- اکثر فقہاء: 3 دن أیام الشتاء کے اور سفر زوال تک مراد ہے: اور دلیل: عورت سفر نہ کرے بغیر محرم 3 دن سے زیادہ (ابن عمرؓ کی روایت جو پہلی حدیث باب ہے)۔
- سفر کے تمام اقسام شامل ہوں گے اسلئے کہ سفر 3 دن یا زیادہ ہے
- عثمانؓ، ابن مسعودؓ، سوید بن غفلۃ ان سب سے 3 دن مروی ہے۔
- علی بن ربیعۃ سے پوچھا گیا تو 3 دن کہا: إذا خرجنا إليها نقصّر
- پھر بعد میں فرسخ کا اعتبار کیا گیا: 4 برید یا 16 فرسخ

اور ایک برید کے 12 میل ہے تو 4 برید کے 48 میل ہوئے اور 16 فرسخ: 48 میل اسلئے کہ ایک فرسخ 3 میل بنتا ہے۔

- 48 میل کا 89 کیلو میٹر بنتا ہے[112]؛
- شافعیہ کے الفقہ المیسّر: 84 کیلو میٹر؛ عام طور پر میلان 89 کیلو میٹر یعنی تقریباً 90 کیلو میٹر ہے۔

---

[111] پوری بحث فتاوی دار العلوم زکریا میں ملاحظہ فرمائیں 2/658-660۔

[112] فتاوی دار العلوم زکریا: مسافت قصر کی مقدار 2/641-644۔

- مختلف اَقوال:1) 15 فرسخ جو 45 میل شرعی
2) 16 فرسخ جو 48 میل شرعی
3) 18 فرسخ
4) 21 فرسخ

-عام طور پر اکابر نے 15 فرسخ والا قول کو اختیار کیا اور 45 میل کو انگریزی میل میں تبدیل کر دی تو 48 انگریزی میل بنتی جو تقریباً 78 کیلو میٹر بنتے اور وہی مشہور قول ہے لیکن اگر مباشرۃ 45 میل شرعی لے لے تو جدید حساب کے مطابق تقریباً 82 کیلو میٹر بنتے تو جب 45 میل شرعی پر فتوی ہے تو 82-83 کے درمیان ہونا چاہئے تو آسان لفظوں میں 80 کیلو میٹر ہو تو مسافر ہو گا اور اکثر اکابر یہی کہتے
-احناف کا ایک قول یہ بھی ہے کہ 16 فرسخ یعنی 84 کیلو میٹر یعنی شوافع کی طرح۔

بَابٌ: فِي كَمْ يَقْصُرُ الصَّلاَةَ(حدیث:1086-1087-1088)

- السفر یومًا ولیلۃً:1) مجازًا کہا گیا

2) اگر پورا دن اور پوری رات سفر کرتا رہے تو 3 دن کا سفر (اور سفر بتایا جا چکا ہے کہ وہ زوال تک ہوتا تھا) تو ایک دن اور ایک رات مکمل بن سکتا ہے تو مطلب یہ ہو گا: السیر المستمرّ (المسلسل) فی یوم ولیلۃ یساوی ثلاثۃ اَیام

-ایک دن اور 2 دن اور 3 دن کی روایات ہیں تو اگر 3 دن کی روایت لے لے یعنی مؤخر فرض کر لے تو ایک دن اور دو دن والی روایت منسوخ ہونگے اور اگر ایک دن والی روایت کو مؤخر فرض کر لے تو 3 دن بطریق اولی عورت سفر نہ کر سکے گی تو 3 دن میں احتیاط ہے یا 2 دن یا ایک دن میں اختلاف ہے تو 3 دن والی روایت میں احتیاط ہے۔ اور خروج عن الاختلاف بھی ہے اس پر اسلئے کہ سب متفق ہے اس پر تو یہ قول بہتر ہو گا۔

بَابُ يَقْصُرُ إِذَا خَرَجَ مِنْ مَوْضِعِهِ(ص148)(حدیث:1089-1090)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: سفر شروع کرنے کے بعد قصر ہے نہ کہ پہلے، تو عطاء کا رد ہے جو کہتے کہ إذا أراد السفر فليقصّر اور مجاہد کا بھی رد ہے جو کہتے کہ اگر دن میں سفر شروع کرے تو رات کو قصر کرے گا
- خروج من البلد ضروری ہے قصر کے لئے اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ الاعتبار من الخروج والدخول فی البلدۃ اور سفر شروع ہو گا جہاں آبادی ختم ہو گی۔
- دلائل:1) انس بن مالکؓ کی روایت:

2) عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ: أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُومُ فِي السَّفَرِ , وَيُفْطِرُ , وَيُصَلِّي الرَّكْعَتَيْنِ لَا يَدَعُهُمَا , يَعْنِي لَا يَزِيدُ عَلَيْهِمَا "(شرح معاني الآثار 2395)

3) عن ابن عباسؓ قَالَ: «فَرَضَ اللهُ الصَّلَاةَ عَلَى لِسَانِ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَضَرِ أَرْبَعًا، وَفِي السَّفَرِ رَكْعَتَيْنِ، وَفِي الْخَوْفِ رَكْعَةً» رواہ مسلم 687

4) ابن عباسؓ کی روایت: من صلی أربعًا فی السفر فکأنما صلی الرکعتین فی الحضر

5) عمرؓ: هذه صدقة تصدق الله بها عليكم فاقبلوها؛ اللہ کا صدقہ اسقاط ہے

6)عمرؓ:صلوۃ السفر رکعتان تمام غیر قصر،عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ وَابْنِ عُمَرَ، قَالَا: سَنَّ رَسُولُ اللَّهِ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - صَلَاةَ السَّفَرِ رَكْعَتَيْنِ، وَهُمَا تَمَامٌ غَيْرُ قَصْرٍ، وَالْوِتْرُ فِي السَّفَرِ سُنَّةٌ(رواہ ابن ماجہ 1194)

7)ابن عمرؓ:صلوۃ السفر رکعتان، من ترک السنۃ فقد کفر(کفران نعمت)

8)ابن مسعودؓ:جب آپ ﷺ گھر سے نکلتے تو صرف 2رکعات پڑھتے تھے:أن النبی ﷺ إذا خرج فی السفر لم یصل إلا الرکعتین

9)عائشہؓ کی روایت:

بَابُ يُصَلِّي المَغْرِبَ ثَلاَثًا فِي السَّفَرِ(حدیث:1091-1092)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:رباعی نماز میں قصر ہے، ثلاثی میں نہیں۔
- استصراخ:چیخ کر پکارنا؛ کنایۃ عن العجلۃ
- صفیۃ بنت أبی عبید، مختار ثقفی کی بہن جسکو حدیث میں کذاب کہا گیا اور صفیۃ انتہائی پاکیزہ متقیۃ تھی۔

بَابُ صَلاَةِ التَّطَوُّعِ عَلَى الدَّابَّةِ وَحَيْثُمَا تَوَجَّهَتْ بِهِ(حدیث:1092-1093-1094-1095)

- مطابقت مابقل سے؟باب صلوۃ التطوع فی السفر مراد ہے اور رحؒ:سفر قصر میں ہو؛ فؒ دؒ:سفر قصر ہو یا نہ ہو۔
- معلوم ہوا کہ استقبال قبلہ ضروری نہیں:1)النفل علی الدابۃ؛ 2)خوف کی حالت میں جب مطلوب ہو تب بھی ساقط ہے استقبال
- رحؒ دؒ:بہتر یہ ہے کہ ابتداء میں استقبال کرے
- روایت میں ہے کہ:إن النبی ﷺ إذا سافر وأراد أن یتطوع علی الدابۃ استقبل القبلۃ فھذا محمول علی الندب۔

بَابُ الإِيمَاءِ عَلَى الدَّابَّةِ(حدیث:1096)

- ایماء اسلئے کہ رکوع وسجود نہ کر سکے گا دابۃ پر اسلئے کہ ایک ہاتھ ایک قدم ایک گھٹنا لگانا ضروری ہے
- ہاں اگر وسیع سواری ہو تو پھر ایماء نہیں کرے گا،تو ایماء اس وقت ہے جب لم یکن المکان واسعًا
- طالب جو خوف کرے دشمن یا ساتھی چھوٹ جائیں گے تو شافعیہ کے نزدیک سواری پر پڑھ سکتے ہیں۔

بَابُ يَنْزِلُ لِلْمَكْتُوبَةِ(حدیث:1097-1098-1099)

- اتفقوا علی النزول إلا من عذر مثلا مطلوب ہو یا شافعیہ کے نزدیک طالب یخاف فوت الأقران أو العدوّ

بَابُ صَلاَةِ التَّطَوُّعِ عَلَى الحِمَارِ(ص149)(حدیث:1100)

- ماقبل گزرا کہ دابۃ پر نفل جائز تو حمار کی تخصیص کیوں؟

جواب:1)حمار کا تعلق شیطان سے تو کوئی خیال کر سکتا ہے کہ اسپر نفل نہیں پڑھ سکتے

2)حدیث میں حمار مرأۃ اور کلب قاطع خشوع صلوۃ بتایا تو یہ بتایا کہ رکوب کے وقت نفل پڑھنا جائز ہے

3)حمار کا فضلہ مطلقًا نجس ہے تو کوئی خیال کرے کہ اسپر نماز نہیں پڑھ سکتے تو بتایا کہ فضلہ کا کوئی تعلق نہیں رکوب سے

-رأی النبی ﷺ یصلی علی حمار وہو ذاھب إلی خیبر

- حاشیہ میں مذکور ہے: رأیت أنسًا.....

بَابُ مَنْ لَمْ يَتَطَوَّعْ فِي السَّفَرِ دُبُرَ الصَّلاَةِ وَقَبْلَهَا(حدیث:1101-1102)

- سب روایتوں کا خلاصہ یہ ہے:1)ترک الکل؛ 2)اداء الکل؛ 3)الأداء فی غیر حالۃ السیر؛ 4)ترک الرواتب؛ 5) سنۃ الفجر کو نہ چھوڑو اور اسی طرح وتر کو مت چھوڑو اور باقی چھوڑو۔
- نسخوں کا اختلاف ہے یہ باب اور اگلے باب میں:

سب کا خلاصہ یہ ہے:1)پہلا نسخہ (ترک الرواتب) باب 1: سفر میں قبلیہ اور بعدیہ کو نہ پڑھے؛ باب 2: اور غیر بعدیہ و غیر قبلیہ کو پڑھے

2)دوسرا نسخہ: باب 1: دبر الصلوۃ و قبلھا کا ذکر نہیں تو باب من لم یتطوع فی السفر (أحیانًا)؛ باب 2: وباب من تطوع فی السفر (أحیانًا)۔

3)تیسرا نسخہ: من لم یتطوع فی السفر دبر الصلوۃ یعنی بعدیہ کو نہ پڑھے؛ باب 2: وباب من لم یتطوع فی غیر دبر الصلوۃ یعنی قبلیہ کو پڑھے اور بعدیہ کو نہ پڑھے۔

-اس روایت کے علاوہ رکعتین قبل الزوال ثابت اور رکعتین بعد الظھر ثابت ہے

رکعتین بعد المغرب بھی ثابت ہے ابن عمرؓ سے مرفوعًا اور صلوۃ الضحی بھی ثابت ہے

تو یہ روایت نافی ہے اور باقی مثبت تو مثبت کو ترجیح ہے نافی پر یا نوافل پڑھ لی یا انہوں نے نہیں دیکھا تھا۔

بَابُ مَنْ تَطَوَّعَ فِي السَّفَرِ، فِي غَيْرِ دُبُرِ الصَّلَوَاتِ وَقَبْلَهَا(ص149)(حدیث:1103-1104-1105)

- رکعتی الفجر قبلیہ ہے اور قبلھا اکثر نسخوں میں نہیں ہے؛(تشریح ماقبل باب میں ہو چکی ہے)۔

بَابُ الجَمْعِ فِي السَّفَرِ بَيْنَ المَغْرِبِ وَالعِشَاءِ(حدیث:1106-1107-1108)

- فُ کُ: جمع تقدیم و جمع تاخیر دونوں کے قائل سفر اور مطر کی وجہ سے اور دُ: مرض کی وجہ سے بھی۔
- جمع تقدیم کی شرائط:1)پہلی نماز ختم ہونے سے پہلے نیت کرے جمع کی

جمع تاخیر: أن ینوی قبل انتھاء الوقت

2)ترتیب سے پڑھے؛ 3)درمیان میں سنت نفل نہ پڑھے

-حضرت شیخؒ: ایسا لگتا ہے کہ امام بخاریؒ عشائین میں جمع تقدیم و تاخیر دونوں کے قائل ہیں اور ظھرین میں جمع تاخیر کے قائل، جمع تقدیم کے قائل نہیں۔

- مفتی صاحب کا خیال: امام بخاریؒ جمع صوری کے قائل ہیں اسلئے کہ دوسرا باب منعقد کیا کہ جمع صوری کا کیا طریقہ ہے ص150 پر۔

ابو داؤد: لیس جمع تقدیم الجمع حدیثٌ قائمٌ

امام بخاریؒ نے جمع تقدیم کی روایت ذکر نہیں کی اسلئے کہ انکی شرط پر نہیں اترتی تھی اور اگر اشکال کرے کہ ابو داؤد کی روایت ص149 حاشیہ 8 پر تو جمع تقدیم کی روایت موجود ہے۔

توجواب دیتے:1)یہ صرف قتیبۃ بن سعید کی روایت میں اس طرح مذکور گویاوہ منفرد ہے لیکن یہ صحیح نہیں اسلئے کہ قتیبہ کے علاوہ2اور طریق موجود اور تائید میں شبابۃ کی روایت اور اسحاق بن راہویہ کی روایت موجود ہے۔

2)اسمیں تاویل کرتے جب زوال کہ بعد سفر شروع کرتے تھے تو ظہر پڑھتے تھے اور عصر اپنے وقت پر پڑھتے تھے لیکن جہاں اچھی جگہ ہوتی تو انتظار کرتے تھے اور مثل اول کے بعد عصر پڑھتے تھے اور اگر سفر زوال سے پہلے شروع کرتے تو ظہر کو مؤخر کرتے تھے۔

-احناف:جمع تقدیم و تاخیر صحیح نہیں:(اسکے چند وجوہات سے):

1)إن الصلوۃ کانت علی المؤمنین کتابًا موقوتًا

2)من جمع بین الصلوتین من غیر عذر فقد أتی بابًا من أبواب الکبائر

3)شرح معانی الآثار: 987 -عَنْ أَبِي قَتَادَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «لَيْسَ فِي النَّوْمِ تَفْرِيطٌ إِنَّمَا التَّفْرِيطُ فِي الْيَقَظَةِ بِأَنْ يُؤَخِّرَ صَلَاةً إِلَى وَقْتِ أُخْرَى».

4)حافظوا علی الصلوات والصلوۃ الوسطی تو حفاظت ہر چیز پر ہے:اوقات،شرائط،آداب...

5)فویل للمصلین:جو نماز میں تاخیر کرتے یا بر باد کرتے

6)ابن مسعودؓ:ماصلی رسول اللہ ﷺ صلوۃً إلا فی وقتھا،إلا فی عرفۃ ومزدلفۃ

7)فخلف من بعدھم خلف أضاعوا الصلوۃ

-اور جو روایات سے جمع معلوم ہو تو جمع صوری مراد ہوگی:

1174 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الشَّعْثَاءِ جَابِرًا، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، قَالَ: «صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَانِيًا جَمِيعًا، وَسَبْعًا جَمِيعًا»، قُلْتُ: يَا أَبَا الشَّعْثَاءِ، أَظُنُّهُ أَخَّرَ الظُّهْرَ، وَعَجَّلَ العَصْرَ، وَعَجَّلَ العِشَاءَ، وَأَخَّرَ المَغْرِبَ، قَالَ: وَأَنَا أَظُنُّهُ.(رواه البخاري بَابُ مَنْ لَمْ يَتَطَوَّعْ بَعْدَ المَكْتُوبَةِ و رواه مسلم: بَابُ الجَمْعِ بَيْنَ الصَّلاَتَيْنِ فِي الحَضَرِ)

- جمع صوری کے متعدد دلائل ہیں:

1)جمع رسول اللہ ﷺ بالمدینۃ من غیر فرص ولا مطر ولا خوف تو جمع صوری مراد ہے

2)حمنۃؓ مستحاضہ تھی اور جمع صوری کرکے نماز پڑھتی تھی یعنی ظہر و عصر ایک غسل سے اور مغرب وعشاء ایک غسل سے پڑھتی تھی

-عشاء اور فجر میں جمع نہیں ہے اسلئے کہ اسکے کنارے(border)دور ہیں،اسی طرح فجر و ظہر کے درمیان تو معلوم ہوا کہ انہی نمازوں کی جمع کی گنجائش ہیں جنکے(border)قریب ہیں

احناف:جمع حقیقی نہیں(بحر کا ایک قول ہے لیکن اس پر فتوی نہیں دیتے)

بَابٌ: هَلْ يُؤَذِّنُ أَوْ يُقِيمُ إِذَا جَمَعَ بَيْنَ المَغْرِبِ وَالعِشَاءِ؟(حدیث:1109-1110)

- أذنا وأقیما بھی آیا ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ ایک اذان اور ایک اقامت جیسے مزدلفہ میں احناف کرتے یا ممکن ہے کہ اکتفاء کرے اقامت پر۔
- جنکے نزدیک جمع نہیں ہے جیسے احناف تو الگ اذان واقامت ہوگی۔

- ابوداؤد: 1212 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمُحَارِبِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ نَافِعٍ، وَعَبْدِ اللَّهِ بْنِ وَاقِدٍ، أَنَّ مُؤَذِّنَ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: الصَّلَاةُ، قَالَ: سِرْ سِرْ، حَتَّى إِذَا كَانَ قَبْلَ غُيُوبِ الشَّفَقِ نَزَلَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ، ثُمَّ انْتَظَرَ حَتَّى غَابَ الشَّفَقُ وَصَلَّى الْعِشَاءَ، ثُمَّ قَالَ: «إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا عَجِلَ بِهِ أَمْرٌ، صَنَعَ مِثْلَ الَّذِي صَنَعْتُ، فَسَارَ فِي ذَلِكَ الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ مَسِيرَةَ ثَلَاثٍ»، قَالَ أَبُو دَاوُدَ: رَوَاهُ ابْنُ جَابِرٍ، عَنْ نَافِعٍ، نَحْوَ هَذَا بِإِسْنَادِهِ.
- تو یہ روایت جمع صوری پر صریح ہے
- جس روایت میں ہے کہ مغرب پڑھی حین غاب الشفق اَی حین قرُبَ غیبوبۃ الشفق مراد ہو گا۔

بَابُ يُؤَخِّرُ الظُّهْرَ إِلَى العَصْرِ إِذَا ارْتَحَلَ قَبْلَ أَنْ تَزِيغَ الشَّمْسُ(ص150)(حدیث:1111)

- زوال کے بعد کا سفر ہو تو ظہر اور عصر اپنے اپنے وقت پر پڑھتے تھے؛ حضرت شیخؒ کا استدلال پہلے ذکر ہو چکا ہے۔
- یہاں ابوداؤد کی روایت کو ذکر کرنا چاہئے لیکن مصنفؒ کو اطمینان نہیں ہے اس روایت پر۔

بَابُ إِذَا ارْتَحَلَ بَعْدَ مَا زَاغَتِ الشَّمْسُ صَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ رَكِبَ(حدیث:1112)

- اگر غور کیا جائے ترجمۃ الباب پر تو نفیُ جمع تقدیم پر دال ہے اور یہاں خاص قتیبہ بن سعید کی روایت لائے ہیں، تو معلوم ہوا کہ مصنفؒ کے نزدیک ابوداؤد کی روایت مرجوح ہے۔

بَابُ صَلاَةِ القَاعِدِ(حدیث:1113-1114-1115)

- اشکال: یہ صلوۃ کا تعلق معذور کے ساتھ یا نوافل سے ہے تو سفر سے اسکا کیا تعلق ہے؟

جواب:1) ماقبل میں تقصیر الصلوۃ کا ذکر ہے اور یہاں تقصیر الصِلاۃ کا ذکر ہے (انعام واجر)

2) ماقبل میں معذور عن المُقام (چونکہ وہ مسافر ہے) اور یہاں معذور عن القیام کا ذکر ہے۔

3) ماقبل میں صلوۃ السفر کا ذکر ہے اور یہاں صلوۃ العذر کا ذکر ہے اور دونوں کی نماز مشابہ ہے تخفیف میں

4) یہاں صلوۃ القاعد فی السفر مراد ہے۔

5) ماقبل میں یسقط الرکعتین اور یہاں یسقط الأرکان تو سقوط میں دونوں مشابہ ہے

- ص95 پر گزرا: فصلی خلفہ قوم قیامًا: 1) یہاں قعودًا یعنی بعد الإشارۃ أن اجلسوا (تو اس روایت میں اختصار ہے)

2) بعضھم قیامًا و بعضھم قعودًا

3) دو واقعات ہیں: ایک فرض نماز سے متعلق تھا اور ایک نفل نماز سے متعلق تھا۔

- بواسیر: 1) ریاحی: ریح نکلتا رہتا ہے؛ 2) دموی: خون نکلتا رہتا

- عمران بن حصین کی حدیث پر اشکال ہے: کہ یہ محمول ہے فرض یا نفل پر اور اگر فرض پر محمول ہے تو فرض الصحیح ہے یا فرض المریض پر؟ اور اگر فرض الصحیح پر تو قاعد اور نائم کیسے؟ اور اگر فرض المریض پر محمول تو تنصیف کیسے؟ اور اگر نفل مراد تو اضطجاع نہیں ہے تو اضطجاع کیسے؟

جواب:1)یہ محمول ہے اس شخص پر جو قدرت رکھتا ہو قیام پر تکلف کے ساتھ (مریض ہونے کی وجہ سے) تو تکلف سے بچا اور بیٹھ گیا تو نصف اجر ملا یا بیٹھ کر پڑھ سکتا ہے تکلف کے ساتھ تو لیٹ کر پڑھا تو تنصیف ہو گا۔

2)یہ اس شخص پر محمول ہے جب کہ وہ بیمار ہو اور قاعداً پڑھتا ہے اور اسکے لئے تنصیف ہے اسلئے کہ پہلے نماز نہیں پڑھی یعنی جب قادر علی القیام تھا تو نہیں پڑھا، اب معذور ہوا تو نماز پڑھنے لگا تو اسکے لئے تنصیف ہے۔

3)یہ نفل نماز پر محمول ہے تو اضطجاع کیسے؟ محمول امام مالکؒ کے مسلک پر: نفل قائمًا قاعدًا و مضطجعًا جائز؛ قائم: پورا اجر، قاعد: نصف اجر اور اضطجاعًا: 4/1 اجر (نصف النصف یعنی ربع)

4)ابتداء میں تنصیف تھی بعد ختم ہو گئی (مریض کے لئے فرض نماز میں) وھذا الاصحؒ چونکہ وہ حدیث ہے جب مدینہ منورۃ آئے تو بیمار ہوئے.....

اچھا جواب ہے 5)یہاں مقصود بیان اجر ہے قطع نظر کہ کونسی نماز صحیح کونسی نہیں (ھذا بیان القاعدۃ بقطع النظر أی فرد یصح وأی فرد لا یصح)

قائمًا: پورا ثواب؛ قاعدًا: نصف اجر اور مضطجعًا اگر صحیح ہو تا نور بع اجر ملتا لیکن مضطجعًا صحیح نہیں ہے۔

بَابُ صَلاَةِ القَاعِدِ بِالإِيمَاءِ (حدیث:1116)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:1) قاعد سجدے پر قادر نہ ہو تو اشارہ کرے گا: یعنی رکوع کے لئے اشارہ اور سجدے کے لئے زیادہ جھک جائے گا
- صلوۃ القاعد کی 2 قسمیں:1) مع السجدۃ؛ 2) بدون السجدۃ أی بالإیماء

2)نائمًا کی تشریح: یعنی مضطجعًا بالإیماء

-اشکال: حدیث میں نائمًا مذکور ہے اور ترجمۃ الباب میں ایماء کا ذکر ہے تو کیا جوڑ ہے؟!

جواب:1) مضطجعًا کے ساتھ ایماء لازم ہے

2)دوسرے نسخے میں بایماء ہے جیسے نہر میں مذکور ہے۔

3)اضطجاع سبب نوم ہے تو سبب ذکر کر کے مسبب مراد لیا۔

معلوم ہوا کہ نماز کسی حالت میں بھی ساقط نہیں تو عام حالات میں بدرجہ اولی ساقط نہ ہو گا۔

بَابُ إِذَا لَمْ يُطِقْ قَاعِدًا صَلَّى عَلَى جَنْبٍ (حدیث:1117)

- سر کے نیچے تکیہ رکھے گا، پاؤں کو سمیٹ لے گا تو شافعیہ کے لئے مختار یہ ہے کہ کروٹ پر لیٹے اور منہ قبلہ کی طرف رخ کرے
- احناف: مختار یہ ہے کہ: أن یصلی مستلقیًا علی قفاہ: ابن عمرؓ سے مروی ہے: تلی قدماہ إلی القبلۃ اور اس روایت کے بارے احناف کے نزدیک یہ ہے کہ عمران بن حصین کے ساتھ خاص ہے کہ وہ بواسیر کی بیماری میں مبتلا تھے تو علی الجنب پڑھنے سے خون زیادہ نہیں نکلتا اور لیٹ کر علی القفا پڑھنے سے زیادہ خون نکلتا اور حدیث میں خطاب مخصوص بھی ہے: "فإن لم تستطع"۔

بَابُ إِذَا صَلَّى قَاعِدًا، ثُمَّ صَحَّ، أَوْ وَجَدَ خِفَّةً، تَمَّمَ مَا بَقِيَ(حدیث:1118-1119)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)اگر قاعداً نماز شروع کی پھر طبیعت اچھی ہوئی تو کھڑا ہو کر پڑھنا لازم ہے اور اگر نفل پڑھ رہا تھا تو کھڑا ہو کر بہتر ہے جب اچھا ہو جائے؛ یہ بناء القوی علی الضعیف: معذور کے لئے اور نفل میں دونوں جائز ہے۔

2)ان لوگوں پر رد ہے جو استیناف کے قائل ہیں تو کہا "یتمم مابقی"؛ احناف بناء القوی علی الضعیف کے قائل نہیں ہے اسی لئے کہتے ہیں کہ مفترض کی نماز متنفل کے پیچھے صحیح نہیں ہے۔

-آپ ﷺ کی طاقت اپنی جگہ مسلم ہے لیکن کثرت صلوۃ وطول قیام کی وجہ سے گھٹنوں میں تکلیف ہوتی تھی

-نہر میں نحواً ہے اور قراءتہ کے لئے مفعول بہ اور مِن زائد: إذا بقیت قراءتُہ نحواً.....

یا حال پر محمول ہے.....

- حاشیہ نمبر 1 میں لکھا ہے کہ عائشۃؓ کی روایت میں جالسًا نماز پڑھتے تھے اور حفصہؓ کی روایت میں ایک سال وفات سے پہلے کا ذکر ہے تو بہ ظاہر تناقض ہے؟

جواب:1)تناقض نہیں ہے اسلئے کہ دونوں میں جالسًا کا ثبوت ہے۔

2)یا حضرت حفصہؓ نے نہیں دیکھا

-براعۃ الاختتام:1)اضطجاع ہے تو قبر میں بھی مضطجعًا لیٹنا ہے۔

2)صلوۃ المریض کا ذکر ہے اور مرض موت کا مقدمہ ہے۔

19 – كتاب التهجد

- التهجد: إزالة الهجود؛ بعض: نوم اور یقظہ تو مطلب یہ ہے اٹھنا / نیند سے بیداری تک
- تہجّد اور صلوۃ الوتر ایک؛ بعض فرق: تہجد: صلوۃ بعد لا النوم اور صلوۃ اللیل عام قبل اور بعد النوم ہے
- وتر عام ہے: اصطلاحی: ایک یا 3 رکعات اور صلوۃ اللیل وغیرہ کا مجموعہ بھی وتر کہتے ہیں۔
- ما قبل میں فرائض و سنن کو بیان کیا، اب اسکے مشابہ چیز کو بیان کیا فرض نہیں ہے لیکن مؤکد ہے۔

بَابُ التَّهَجُّدِ بِاللَّيْلِ وَقَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ: {وَمِنَ اللَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهِ نَافِلَةً لَكَ} [الإسراء: 79] (حدیث:1120)

- 1) آپ ﷺ پر فرض تھی اور امت پر نہیں: روایت: کتب علیہ دون امتہ (ضعیف ہے)

2) سب پر فرض تھی پھر منسوخ ہوا اور سنیت باقی رہی: عائشہؓ کی روایت مسلم میں: افترض صلوۃ اللیل فی أول ہذہ السورۃ (مزمل) فقام رسول اللہ ﷺ وأصحابہ حتی أنزل اللہ تعالی التخفیف فی آخر السورۃ فصار قیام للیل تطوعًا۔

1) تو ناسخ کیا ہے؟ فاقرؤوا ما تیسر من القرآن؛ اشکال: یہ تو تطویل کے لئے ناسخ ہے نہ کہ فرضیت کے لئے

ذکر تلاوت قرآن کریم اور مراد صلوۃ ہے تو فرضیت ثابت ہے تخفیف کے ساتھ (الأمر للوجوب)

2) ناسخ صلوات خمسہ: ھل علیّ غیرھا؟ قال: لا (لایفھم)

صلوات خمسہ تہجد کے ساتھ منافی نہیں ہے اسلئے کہ صلوات خمسہ فرض ہے اور تہجد لازم ہے۔

3) فتاب علیکم، فاقرؤوا ما تیسر منہ: اللہ نے مہربانی کی فتاب علیکم منسوخ کے معنے میں ہے

دوسری جگہ آیا: علم اللہ أنکم کنتم تختانون أنفسکم فتاب علیکم: مہربانی کرکے ثقل کو دور کیا یعنی منسوخ کیا

عائشہؓ کی روایت: فصار قیامُ اللیل تطوعًا مؤید ہے۔

3) ابتداء ہی سے فرض نہیں تھی: 1) .....مزدلفہ پر نہیں پڑھی

2) اسی صفحہ پر 2 رات کے لئے نہیں اٹھے بیماری کی وجہ سے تو ابولھب کی بیوی نے کہا کہ شیطان نہیں آیا اٹھانے کے لئے؛ تو اگر فرض ہوتی تو نہ چھوڑتے اسلئے کہ فرض میں تخفیف ہے نہ کہ ترک۔

3) ایک روایت میں ایک عورت نے کہا ما أری صاحبک إلا قد أبطأ علیک یعنی جبریلؑ نہیں آیا

4) ھل علی غیرھنّ قال لا إلا أن تطوّع

امت پر بھی فرض نہیں ابتداء سے: وطائفۃ من الذین معک

قم اللیل إلا قلیلا میں قم أمر ہے تو: 1) ضروری نہیں کہ امر وجوب کے لئے

2) شاہ ولی اللہؒ: قم فی کل اللیالی إلا فی بعض اللیالی

- پھر حضرت عائشہؓ کی حدیث کا کیا جواب کہ سورت کے شروع میں فرض پھر تخفیف ہوئی؟

جواب: 1) یہ انکی رائے اور قم اللیل سے استدلال کیا

2) افترض کا مطلب متعین و تقدیر کیا، نصف یا ثلث اور تطوعا کا مطلب یہ ہوگا کہ فصار تقدیر قیام اللیل یعنی مقدار تطوع بن گیا۔

نافلۃً لک: 1) صلوۃً زائدۃً لک (لایصح)

2) آپکے لئے نفل ہے یعنی ثواب خالص اور خالص نفع وانعام اور دوسرے لوگوں کے لئے مکفّر ہو گا سیئات کا اور نفل امر انفرادی ہے جیسے مال غنیمت امر اجتماعی ہے اور نفل امر انفرادی کسی کو ملتا ہے کسی کو نہیں۔

-معلوم ہوا کہ تہجد میں انفراد چاہئے

-نور أی: 1) ھادی من فی السموات والأرض

2) منوِّر من فی السماوات والأرض

3) موجد السموات والأرض

-سوال: بعض جگہ الحق اور بعض جگہ حق نکرہ آیا، کیوں؟

جواب: 1) جو چیز ہر وقت معلوم ہے، ہر وقت ذہن میں ہے تو معرفہ آیا اور جنت، نار وغیرہ کے لئے نکرہ آیا۔

2) یا معرفہ آیا ان چیزوں کے لئے الذی یعرفہ کل أحد اور نکرہ آیا الذی لایعرفہ کل أحد

3) اللہ تعالی کے لئے الحق آیا مشار إلیہ کی طرح اور دوسری مرتبہ تاکید ہے اور باقی نکرہ اصل کے مطابق

اصل نکرہ ہے اسلئے کہ خبر نکرہ ہوتا ہے اصل میں

- وبک خاصمتُ: تیرے دلائل کے ساتھ مخاصمت کرتا ہوں
- لاحول ولا قوۃ: أی لاحرکۃ ولا طاقۃ إلا بتوفیق اللہ

:لاحول عن المعصیۃ ولا قوۃ إلا بتوفیق اللہ۔

بَابُ فَضْلِ قِيَامِ اللَّيْلِ (ص151) (حدیث: 1121-1122)

- ترجمۃ الباب: ثبوت کے بعد فضیلت
- 1) حدیث: بہتر نماز صلوات خمسہ کے بعد صلوۃ اللیل ہے۔

2) عبد اللہ بن سلام: سب سے پہلے جو سُنا آپ ﷺ سے جب مدینہ منورہ آئے: افشوا السلام وصلوا الأرحام وصلوا باللیل والناس نیام

3) پڑھا کرو اگرچہ متصر: لابد من صلوۃ اللیل ولو قدر حلبۃ شاۃ

4) علیکم بقیام اللیل فإنہ دأب الصالحین

5) قام النبی ﷺ حتی ترما قدماہ

6) سبحان اللہ (ص22 باب العلم والعظۃ باللیل) ص 151 آخری حدیث: أیقظوا صواحب الحجرات۔

-قصّ: پیچھے چلنا / قصہ بیان کرنا، اسلئے کہ جب آدمی قصہ بیان کرتا ہے تو واقعہ کے پیچھے پیچھے چلتا ہے۔

-اشکال: جب کہ تہجد لازم نہیں، سنت مؤکد بھی نہیں (سوائے تفسیر مظہری کے مصنف کے لئے) تو کیسے جہنم کے کفارے تک کیسے پہنچے؟

جواب: 1) نجاتہ من النار لأداء الواجبات والمسنونات، وقربہ من النار لترک أوکد / أحکم المندوبات

مع نومہ فی محل العبادات (مسجد میں سو رہے ہیں)۔ یعنی کوئی سو رہا ہے اور نماز باجماعت قائم ہے تو کتنا عجیب ہو گا

2) ھذا من قبیل حسنات الأبرار وسیئات المقربین: بہت اچھا کام کرنا چاہئے نہ کہ صرف اچھا کام: مثال:

معذور کے لئے ترک جماعت جائز ہے لیکن ابن ام مکتوم کے لئے ترک کی اجازت نہیں دی آپ ﷺ نے۔

بَابُ طُولِ السُّجُودِ فِي قِيَامِ اللَّيْلِ(حدیث:1123)

- ترجمۃالباب کا مقصد:1)قیام اللیل کی فضیلت:طور سجود کی وجہ سے ہے۔
2)یہ مت سمجھو کہ صرف قیام ہے نام کی وجہ سے بلکہ سجود بھی لمبا ہے۔
3)سجود کا جو ذکر ہے وہ سجدہ صلوتیۃ نہ کہ سجدہ انابت(بعد الصلوۃ متصلاً جو کہ مکروہ عند الأحناف وجائز عند الشوافع)
-سجدے میں دعا اور تواضع ہے؛ 1)سجدہ؛2)صلوتیۃ؛ 3)انابت؛ 4)شکر؛ 5)سھو۔

بَابُ تَرْكِ القِيَامِ لِلْمَرِيضِ(حدیث:1124-1125)

- 1)مریض قیام نہ پڑھے اور قیام سے مراد اٹھنا نوم سے۔
2)ترک الصلوۃ مراد،ترک القیام من النوم نہیں

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ فرض نہیں،اسی طرح لیلۃ مزدلفہ سے ثابت اور طائفہ کے لفظ سے بھی ثابت کہ فرض نہیں۔
ابولھب کی بیوی جو ابوسفیان کی بہن:عوراء بنت حرب۔

بَابُ تَحْرِيضِ النَّبِيِّ ﷺ عَلَى صَلاَةِ اللَّيْلِ وَالنَّوَافِلِ مِنْ غَيْرِ إِيجَابٍ(حدیث:1126-1127-1128-1129)

- وجب نہیں ہے لیکن ترغیب کی چیز ہے۔
- طرق:کھٹکھٹانا،رات کو آنے والا مہمان کو بھی طارق کہتے:

شعر:هو ضيف طارق في أرضكم ... هل تضيفوه إلى وقت السحر(نفحۃالیمن)

- ترجمۃالباب کا مقصد:قیام اللیل اور دوسرے نوافل لازم نہیں بلکہ بہتر ہے؛ آپ ﷺ علیؓ اور فاطمۃؓ کے پاس آئے تو کہا کہ ہماری آنکھیں اللہ کے قبضے میں ہے....
- تفسیر مظہری میں ایک واقعہ ہے کہ کوئی تہجد کے عادی تھے اور ایک رات نیند غالب ہوئی تو خواب میں حور کو دیکھا۔
- يروى أن مالك بن دينار كان له حزب من القرآن يحافظ على قراءته كل ليلة فنام عنه إحدى الليالي فرأى جارية ذات حسن وجمال وبيدها رقعة فقالت له: أتحسن أن تقرأ؟! فقال: نعم , فدفعت إليه الرقعة فإذا مكتوب فيها هذه الأبيات:

لهاك النوم عن طلب الأماني = وعن تلك الأوانس في الجنان
تعيش مخلدا لا موت فيها = وتلهو في الخيام مع الحسان
تنبه من منامك إن خيرا = من النوم التهجد بالقران!

- رُبَّ کاسیات عاریات:1)اعمال ظاھرۃ کرتی لیکن آخرت میں عاری(کچھ نہیں)
2)تنگ کپڑا دنیا میں تو آخرت میں عاری ہونے کے برابر ہے

- ممکن ہے کہ یہ ٹکڑا تہجد کے ساتھ نہیں بلکہ عام:کہ مال ودولت اور خزائن(پیٹرول وغیرہ دات وغیرہ سب امت کے پاس ہوں گے)اور پھر مال وغیرہ کا فتنہ ہو گا اور عورت کا فتنہ ہو گا،زنا وشراب کا فتنہ
-اور یوقظ کا مطلب متنبہ کرنا اور ابتلاء اس طرح کہ اس زمانے مین حجرات کو لازم پکڑنا ہو گا اسلئے کہ باہر چست کپڑا پہنے گی،شراب کباب میں مبتلا ہو گی۔

پہلے قتنے طلوذ کر کیا کیونکہ فتنے سے بچانا مقصود اور پھر وسائل ذکر کئے۔

- علیؓ کا جملہ: اظہار عاجزی لیکن الفاظ مناسب نہیں تھے اسلئے کہ مسائل میں تقدیر کا حوالہ دیا حالانکہ تقدیر کا حوالہ مصیبت و نعمت میں دے سکتے نہ کہ مسائل میں۔
- حوالۃ التقدیر لا تکون فیما یکون فیہ الخیار و لکن یکون فیما یختار فیہ القھار
- موسیٰؑ نے تقدیر کا حوالہ آخرت میں دیا تھا نہ کہ دنیا میں!
- اشکال: آپ ﷺ تو سنن مؤکدہ پر دوام فرماتے تھے لیکن فرض تو نہیں ہوا؟!

جواب: آپ ﷺ کو وحی کے ذریعہ سے معلوم ہوا کہ بعض اعمال کے نوافل پر دوام کرنے سے لازم ہو گا: علم بالوحی أن الدوام ببعض الأعمال غیر اللازمۃ سبب للوجوب، جیسے تراویح پر آپ ﷺ کو معلوم ہوا کہ دوام کرنے سے لازم ہو گا۔

- اشکال: آپ ﷺ نے چاشت کی نماز نہیں پڑھی کبھی حالانکہ عائشہؓ کہتی: کان النبی ﷺ یصلی صلوۃ الضحی

جواب: 1) ما سبّح سبحۃ الضحی عندی؛ 2) ما سبح سبحۃ الضحی فی السفر۔

بَابُ: قِيَامِ النَّبِيِّ ﷺ اللَّيْلَ حَتَّى تَرِمَ قَدَمَاهُ(ص152)(حدیث:1130)

ظلمت سنّة من أحيا الظّلام إلى ... أن اشتكت قدماه الضّرّ من ورم

- شقوق: نئی چیز نکلنا / پھٹنا
- ابن عباسؓ: میں فطور کا معنی نہیں جانتا تھا جبتک 2 اعرابی میرے پاس آئے اور جھگڑا کرنے لگے ایک کنویں کے بارے میں تو ایک نے کہا: أنا فطرتُہ.....
- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) قیام اللیل لازم نہیں لیکن اسپر اہتمام و دوام بہتر و اچھا ہے
- مصنفؒ نے تین قسم کے ابواب قائم کئے: 1) عزیمت جیسے یہاں "کانوا قلیلا من اللیل یھجعون" تو یہ اقویاء کے لئے۔

2) رخصت: جیسے علیؓ کا واقعہ یا ابو ھریرۃؓ سے کہا کہ سونے سے پہلے وتر پڑھے تو یہ ضعفاء کے لئے۔

3) متوسطین کے لئے تہجد کے لئے اٹھتے ہیں بقدر ضرورت۔

2) تشدید فی العبادۃ ممنوع ہے: آپ ﷺ نے اس عورت کو بتایا: "مہ" جبکہ پوری رات عبادت کرتی رہی تو فجر کے لئے نہ اٹھ سکی ممانعت تب ہے جب تعب و ملال پیدا کرے عبادت میں، نفس تشدید فی العبادۃ ممنوع نہیں ہے اور نفس تشدید مکروہ و ناجائز تب ہے جب خلاف فطرت ہو مثلاً عورت نے بال باندھا تھا چھٹ کے ساتھ

- جب ورم آیا تو درد بھی ہو گا اسی لئے نفل جالسًا پڑھتے تھے۔
- أفلا أکون عبدًا شکورًا: تہجد شکر ہے؛ سر تا پا اللہ کی نعمت ہے تو جب اٹھے تہجد کے لئے تو پورا دن اللہ تعالی کے شکر میں؛ یا تقدیر ہے: أأترک فلا أکون عبدًا شکورًا؟

بَابُ مَنْ نَامَ عِنْدَ السَّحَرِ(حدیث:1131-1132-1133)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: سحری کے وقت سونا مکروہ ہونا چاہئے اسلئے کہ قرآن میں: وبالأسحار ھم یستغفرون۔

- حدیث میں: تجلی کا نزول ثلث اخیر میں: اور حدیث میں: ألا هل من مستغفر؟..... ألا هل من سائل.....
- تو مصنفؒ نے بتایا کہ سحری کے وقت سونا خلاف اولی نہیں بلکہ نشاط کے لئے: وإن لبدنک علیک حقًّا اور سونے سے پہلے تو استغفار بھی کیا اور تہجد بھی پڑھا اور سدس اخیر یا ثلث اخیر تو ایک منٹ کا وقت بھی نہیں ہے تو ممتد ہے۔
- بہترین نماز وصوم داؤدؑ کے: اسلئے کہ دونوں حق اللہ اور حق العبد دونوں ادا ہوتے ہیں۔
- حق العبد ڈبل ہے اسلئے کہ وہ زیادہ محتاج ہے: ینام نصف اللیل، وینام سدسہ
- الدائم: معلوم ہوا کہ مفروضات واجبات مسنونات مندوبات پر دوام کرنا چاہئے، ہاں مندوبات میں اگر عقیدہ غلط ہونے کا خوف ہو تو کبھی چھوڑنا چاہئے (اور یہ وہ عمل ہے جو لوگوں کے سامنے کیا جائے)۔
- الصارخ: آواز دینے والے، اعلان کرنے والا (مرغ می آذان) نادا هم صارخ من بعد ما دُنوا
- روایت گ ایک سفید مرغ ہے آسمانوں میں تو جب واذان دیتا ہے تو دنیا کے مرغ بھی دینے لگتے ہیں (وفی سندہ کلام)
- ترجمۃ الباب ثابت نہیں، تو کہا کہ ایک ٹکڑا ہے ثم ینام عند السحر (الصارخ کے بعد)
- اور آپ ﷺ کبھی سوتے کبھی نہیں سوتے۔
- عائشہؓ کی روایت اکثر اوقات پر محمول ہے۔

بَابُ مَنْ تَسَحَّرَ، ثُمَّ قَامَ إِلَى الصَّلاَةِ فَلَمْ يَنَمْ حَتَّى صَلَّى الصُّبْحَ (ص152) (حدیث:1134)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: بعض اوقات آپ ﷺ سحری کے وقت نہیں سوتے تھے مثلاً رمضان میں اسلئے کہ جلدی نماز پڑھتے تھے یا بعض اوقات میں سوتے بعض میں نہیں یا لمبی رات میں نہیں سوتے اور چھوٹی رات میں سو جاتے تو بہتر ہے کہ یہ محمول کرے اللیالی الطوال پر کہ نیند حد کمال کو پہنچتی تھی۔
- حتی: نتیجہ کے لئے، نہ سونے کا ثمرہ یہ ہے کہ نماز پڑھی (یہاں غایت کے لئے نہیں ورنہ سونا نماز کے بعد ہوتا جو کہ ثابت نہیں ہے)۔

بَابُ طُولِ القِيَامِ فِي صَلاَةِ اللَّيْلِ (حدیث:1135-1136)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: تہجد میں 2 چیزیں مطلوب ہیں: 1) طول القیام؛ 2) طول السجود۔
- صوفیاء کہتے ہیں: من اشتاق رؤیۃ اللہ طال القیام ومن اشتاق القرب إلی اللہ طال السجود
- امر سُوء: 1) بے ادبی آپ ﷺ کے ساتھ
  2) مخالفت کی صورت ہونے کی وجہ سے
  3) ترک النفل بعد الشروع۔
  4) النبی قائم وانا قاعد

- حذیفہؓ کی حدیث ترجمۃ الباب سے بالکل الگ ہے! (حذیفۃ: حَذف سے: 1) بطخ جو سفید وروشن تو وہ شخص مراد ہے جو اعمال باطنی سے منور ہے اور تصغیر پیار کے لئے ہے؛ 2) کپڑے کا ٹکڑا جس سے خدمت لیا جائے تو وہ شخص مراد ہوگا جو خلق کی خدمت کرے)۔

جواب: 1) خالی جگہ چھوڑی تھی مصنفؒ نے تاکہ حدیث کی تکمیل کرے یا دوسرا ترجمۃ الباب لگائے (لایفھم)

2)وفات پاگئے اور موقع نہ ملا صاف کرنے کے لئے (لایصح) اسلئے کہ ہر سال پڑھاتے رہے اور اسکے بعد 23 سال تک زندہ رہے تھے۔

3)تطویل السِّواک کی طرف اشارہ ہے کہ مسواک مقدمۃ الصلوۃ ہے تو جب مقدمۃ اتنا لمبا ہے تو نماز بہ درجہ اولی ہو گی

4)اِذا قام للتھجد یشوص فاہ بالسِّواک ومن المعلوم اَن القیام کان طویلاً

اصل جواب 5)حذیفہؓ کی مفصل روایت کی طرف اشارہ ہے جو ابو داؤد میں ہے کہ آپ ﷺ نے نماز شروع کیا اور سورۃ بقرۃ، آل عمران، نساء، اور مائدہ پڑھی اور رکوع کیا جتنی دیر قراءت کی تھی پھر اٹھے تو اتنی دیر تک کھڑے رہے۔

- مسواک کرنا دفع نوم کے لئے اور یہ تطویل قیام کے لئے معین ہے۔

بَابٌ: كَيْفَ كَانَ صَلاَةُ النَّبِيِّ ﷺ؟ وَكَمْ كَانَ النَّبِيُّ ﷺيُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ؟(حدیث:1140-1139-1138-1137)

- یہ نمبر 8 کیف ہے۔
- کیف یعنی صلوۃ اللیل کی کیا کیفیت تھی: ثنائی، رباعی طویل یا مختصر یا وتر کے ساتھ؟
- رکعتین بعد الوتر تو 13 ہو جاتا ورنہ عام طور پر 8 رکعات ہوتے تہجد میں۔
- طبیعت یا عذر کے اعتبار سے یا وقت کے اعتبار سے زیادہ یا کم پڑھتے تھے۔

بَابُ قِيَامِ النَّبِيِّ ﷺ بِاللَّيْلِ مِنْ نَوْمِهِ، وَمَا نُسِخَ مِنْ قِيَامِ اللَّيْلِ(ص153)(حدیث:1141)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1)قیام اللیل میں نسخ جاری ہوا؛ آپ ﷺ اور امت کے لئے منسوخ ہے

2)بعض حصے رات کے قیام اللیل اور بعض حصے نوم کے لئے

3)پوری رات قیام نہیں فرمایا

-فاقرؤوا ماتیسر من القرآن اَی فاقرؤوا فصلوا ماتیسر لکم۔

-یا اَیھا المزمل: 1)اے چادر اور شال اوڑھنے والے شال اتار دے اور قیام اللیل پڑھئے؛ بعض روایت میں ہے کہ چادر اوڑھ لیا تھا، یہ مدثر کے نزول میں اور جو روایت سورۃ مزمل کے لئے بیان کیا یہاں تو عبد الرحمن بن معلی پر کلام ہے۔

2)بوجھ اٹھانا ومنہ الزِّمالَ: اونٹنی جس پر سامان لادتے ہیں تو ترجمہ یوں ہو گا: اے نبوت کے بوجھ اٹھانے والے آپ پر بہت بوجھ ہے تو تقاضا یہ ہے کہ قیام اللیل کرے اور دن میں تبلیغ کرے

-بوجھ ہونے کی دلیل: سنلقی علیک قولاً ثقیلاً؛ ص205 پر وکانت زاملتہ: البعیر التی یحمل متاعہ وطعامہ تو عبادت اور دعوت کا بوجھ ہے

- قلیل نصف سے کم ہے او قلیل کی تفسیر نصف سے کرنا صحیح نہیں!

جواب: 1)عادۃً نوم کے لئے قلیل ہے نصف

2)نصف نیند کے لئے قلیل ہے ضروریات نکالنے کے بعد کھانا پینا حاجت، بات چیت...

3)قم بعض اللیل: استثناء: تکلم بالباقی ہے بعد الثُّنیا تو خلاصہ یہ ہوا کہ قُم بعض اللیل اور بعض اللیل کیا ہے؟ نصفہ یا ثلثہ!

4)شاہ ولی اللہؒ: لام استغراقی ہے تو تقدیر یہ ہے: قم فی جمیع اللیالی اِلا فی بعض اللیالی اِذ قمت فقم نصفہ اَو ثلثہ اَو ثلثیہ

5)لغت کے اعتبار سے النصف قلیلٌ بالنسبۃ اِلی الکل

-اِن ذلک فی النھار سبحًا طویلاً: آپکے لئے دن میں لمبا گشت تو سبح کا مطلب تیرنا ہے؛ دعوت کے کام کو سبحًا کہا ہے؛ جب مچھلی تیرتی ہے تو چھینٹیں اڑنے لگتی ہیں اور جب آپ دعوت کریں گے تو آپ کے منہ سے کلمات نور و کرنیں کی طرح نکلیں گے۔

-فضا شفاف پانی بھی، پانی فضا کے مشابہ ہے اور آپ کی مثال سورج کی سی ہے جو فضا میں تیرتا ہے (کل فی فلک یسبحون)

-سبحًا: الذھاب: چلنا

-فتاب علیکم ذکر کیا تو معلوم ہوا کہ مصنفؒ کے نزدیک بھی ناسخ یہ ہے۔

-ناشئۃ اللیل: 1) اِن العبادۃ التی تنشأ باللیل؛ 2) یقینارات کا اٹھنا آپ کے لئے ثقیل؛ 3) اِن النفس الناشئۃ باللیل

-ھی أشد وطأً: 1) رات کا اٹھنا تلاوت و عبادت کے لئے دلجمعی کا سبب ہے یعنی آنکھ، دل، زبان کان سب موافق ہو جاتے بہ نسبت دن کے کہ توجہ باہر کی طرف ہے۔

2) کچلنا: رات کی عبادت نفس کو کچلنے میں بہت مؤثر ہے۔

3) وطأ: تأثیر: رات کی عبادت میں بہت زیادہ تأثیر کا سبب ہے

4) رگڑنے کے معنے میں: بہت زیادہ استخراج معانی کا سبب ہے (جب کوئی چیز کو زیادہ رگڑتے تو اسکا خلاصہ نکلتا یعنی اسکا تیل جو خالص)

-مصنفؒ نے ایک معنی لیا یعنی پہلا معنی اور أقوم قیلًا: 1) بات صحیح اور کلام اچھا نکلتا ہے؛ 2) بیان بہت اچھا نکلتا ہے

-لیواطئوا عدۃ ما حرم اللہ۔

1) نماز کے وقت متعین تھا اور نوم بھی متعین (ترتیب النظام)

2) نماز اور نوم کا وقت متعین

بَابُ عَقْدِ الشَّيْطَانِ عَلَى قَافِيَةِ الرَّأْسِ إِذَا لَمْ يُصَلِّ بِاللَّيْلِ (حدیث: 1142-1143)

- قافیۃ الرأس: سر کے پیچھلے حصے کو کہتے۔
- جب آپ اٹھیں گے تو شیطان کی لگائی ہوئی گرہ کھل جاتی ہے جیسے حدیث میں آتا ہے کہ شیطان تین گرہ لگاتا ہے: غافل عن ذکر اللہ ولم یتوضأ ولم یصلی۔
- کھانے کے بعد جب آدمی سوتا ہے تو غفلۃ الأکل، غفلۃ الشرب، غفلۃ النوم ہیں تو اٹھنے کے بعد تین غفلتیں ختم ہوتی ہیں۔
- ابن حجرؒ: جو عشاء کی نماز نہیں پڑھتا تب شیطان گرہ لگاتا ہے۔
- عینی: انبیاءؑ کے علاوہ ہر ایک پر لگتا ہے: وروی ابن خزیمۃ وابن حبان من حدیث جابر مرفوعا: (ما من ذکر ولا أنثی إلا علی رأسه جریر معقود حین یرقد). (عمدۃ القاری 193/7)

پھر جب اٹھتا ہے تو ایک گرہ کھل جاتا ہے، پھر جب وضوء کرے تو دوسرا گرہ کھلتا ہے اور نماز پڑھنے سے تیسرا گرہ کھلتا ہے۔

- عقدۃ: حقیقۃ ہو جیسے ساحرین گرلگاتے ہیں یا مجازًا ہو یعنی غفلت پیدا کرنا گرہ لگانا یعنی سُلایا اور نیند کا پابند بنایا یعنی بدن بستر کے ساتھ بندھا ہوا ہے۔
- فیرفضہ: تلاوۃً فی اللیل و عملاً فی النہار۔
- سستی کا علاج چستی ہے۔

بَابُ إِذَا نَامَ وَلَمْ يُصَلِّ بَالَ الشَّيْطَانُ فِي أُذُنِهِ(حدیث:1144)

- لم یصل:1)عشاء؛ 2)عشاء مع التہجد
- یہ باب ماقبل سے ترقی غفلۃ کثیرۃ پر دال ہے کہ عشاء بھی نہیں پڑھی ماقبل غفلت قلیلۃ تھی
- بال الشیطان:1)حقیقۃ لیکن ہمیں نظر نہیں آتا ہے۔
  2)غلب علیہ الشیطان چنانچہ وہ غلط کام پر اسکو لگاتا ہے۔
  3)جب کسی چیز میں پیشاب بھر دیا تو بھر جاتا ہے تو مراد ملأ أذنیہ بالباطل
  4)یعنی اسکے ساتھ استھزاء کرتا ہے یعنی اسکا مذاق اڑاتا ہے۔

بَابُ الدُّعَاءِ فِي الصَّلاَةِ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ(حدیث:1145)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: تہجد میں دعاء اور صلوۃ دونوں مقصود
- یھجعون أی:ینامون؛ نزول الرب کما یلیق بشانہ وجلالہ
- ہر ایک چیز کا آنا مختلف قسم وانداز کے ہیں۔
- شعر:.....آیا تیرا ل خیال.....ہر فرشتہ ماسوا مٹایا چلا گیا۔
- متوولین:ننزل ملائکۃ ربنا أو رحمۃ ربنا
- فاستجیبَ:جواب استفہام یا مرفوع فأنا استجیبُ لہ
- صلوۃ کا ذکر نہیں تو ترجمۃ الباب کے ساتھ کس طرح مطابقت ہے؟
- جواب:1)زیادتی حدیث کی طرف اشارہ:یونس ابن شھاب کے طریق سے جو مروی ولذلک کانوا یفضلون صلوۃ اللیل إلی آخرہ (دار قطنی)
  2)دعاء صلوۃ کو بھی شامل ہے جس طرح صلوۃ دعاء کو بھی شامل ہے۔

بَابُ مَنْ نَامَ أَوَّلَ اللَّيْلِ وَأَحْيَا آخِرَهُ(حدیث:1146)

- بہ ظاہر تکرار ہے ماقبل بھی آخر اللیل آیا ہے لیکن تکرار نہیں بلکہ آخر اللیل کے قیام کی تدبیر بتایا ہے اسمیں کہ أول لیل سونا چاہئے تا کہ اٹھ جائے آخر لیل پر؛ نوم اول لیل معاون ہے قیام آخر للیل کے لئے
- قال سلمان:ایک واقعہ کی طرف اشارہ ہے ص154 حاشیہ نمبر ایک
- آپ ﷺ کی نیند متوسط تھی بین الخفیف والعمیق(عند البعض)۔

بَابُ قِيَامِ النَّبِيِّ ﷺ بِاللَّيْلِ فِي رَمَضَانَ وَغَيْرِهِ(ص154)(حدیث:1147-1148)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)آپ ﷺ رمضان اور غیر رمضان بھی قیام اللیل فرماتے تھے تو ایسا نہیں کہ تروایح پڑھ لی تو تہجد کی چھٹی
  2)قیام اللیل اور قیام رمضان الگ ہے اسی لئے قیام رمضان کتاب الصوم میں ذکر کرتے محدثین اور قیام اللیل نوافل میں

یہ حدیث وتر کے باب میں مذکور ہونا چاہئے کہ تین رکعات کی دلیل ہے لیکن چونکہ مصنفؒ 3 رکعات کے قائل نہیں تو یہاں ذکر کیا فی غیر محلہ۔

جمہور کے نزدیک: انبیاء کی نیند آنکھ سے متعلق اور دل بیدار رہتا ہے حفاظت وحی کے لئے۔

بَابُ فَضْلِ الطُّهُورِ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ، وَفَضْلِ الصَّلاَةِ بَعْدَ الوُضُوءِ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ(حدیث:1149)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) المداومۃ علی الوضوء والطھور

2) تحیۃ الوضوء کی فضیلت یعنی ھدیۃ الوضوء، وضوء کا شکریہ: جب آدمی ہدیہ پیش کرتا ہے تو مھدی لہ زندگی کی سلامتی کی دعا دیتا ہے

-دفٌّ: جوتا جب پھٹ جاتا ہے اور پھر آواز اس سے نکلے تو اسکو دف کہتے۔

-ھذا من قبیل تقدم الخادم عن المخدوم: راستہ صاف کرنے کے لئے یا بتانے کے لئے

-ما عملتُ عملاً أرجی عندی من الطھارۃ لیلاً أو نھارًا، فإذا تطھرتُ فأنا أصلی بہ

-ما أصابنی حدیث قط إلّا توضأت عندہ

-بلالؓ: سخاوت کرنے والا یعنی جو لوگوں کو اپنی سخاوت سے گیلا رکھنے والا ہو بلّ یَبُلّ سے۔

-بلالؓ کا چلنا جنت میں آپ ﷺ کو عالم مثالی میں دکھائی گئی ایک فلم کی طرح یا جس طرح صلوۃ کسوف میں جنت و نار آپکو بتایا یا اس طرح جیسے نیل و فرات کی شکل آپکو سدرۃ المنتھی کے پاس آپکو دکھائے۔

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ التَّشْدِيدِ فِي العِبَادَةِ(حدیث:1150-1151)

- اتنی عبادت نہ کرے کہ آدمی اکتا جائے یا ایسا کام نہ کرو جو خلاف فطرت ہو، تو مبالغہ کرو لیکن تشدید نہ کرو
- 1) اتنی تشدید کہ صحت بھی خراب ہو جائے

2) اتنی تشدید کہ آدمی کا دل عبادت سے توٹ جائے

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنْ تَرْكِ قِيَامِ اللَّيْلِ لِمَنْ كَانَ يَقُومُهُ(حدیث:1152-1153)

- تکاسل کی وجہ سے نہ چھوڑو، ہاں تکاثر کی وجہ سے چھوڑ سکتے ہو
- ما قبل میں نفی الافراط اور یہاں نفی تفریط کا ذکر

بَاب

- باب وجہ ترک التشدید
- ابن عمرو ابن العاص نے اس حکم کو امر ارشادی پر محمول کیا؛ مثال: طالب علم سے کہا جائے کہ وہ 12 بجے کے بعد سو جائے لیکن پھر بھی پڑھتا رہے تو حکم کو مشورہ سمجھے۔

بَابُ فَضْلِ مَنْ تَعَارَّ مِنَ اللَّيْلِ فَصَلَّى(حدیث:1154-1155-1156-1157-1158)

- تعارّ:الاستیقاظ مع الصوت أی مع الذکر تو اٹھنے کے ساتھ ساتھ عبادت شروع ہو گی
- التقلب فی النوم مع الذکر(کروٹ بدلنے سے کبھی آدمی اٹھتا ہے)
- شعر: أُوَرِّي بِسُعْدَى وَالرَّبَابِ وَزَيْنَبٍ وَأَنْتَ الَّذِي تُعْنَى وَأَنْتَ الْمُؤَمَّلُ
- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)باب فی الباب:یعنی اپنے اوپر تشدید نہ کرو

2)یعنی اٹھنارات کو ایک فضیلت اور ذکر اور فضیلت ہے،وضوء میں بھی اور صلوۃ میں بھی،اٹھنے میں مشقت ہے اسی لئے اسکی فضیلت ہے۔

-حضرت عبد اللہ بن رواحہؓ اپنی بلندی کے ساتھ مشغول تھے اوبیوی کو معلوم ہوا تو چھڑی لے کر پہنچی اور کہنے لگی:کہ کیا جو اس حالت میں ہو قرآن پڑھسکتا ہے؟

معارف السنن میں مولانا بنوریؒ لکھتے ہیں کہ یہ روایت اگر صحیح ہوتی تو صریح دلیل ہوتی کہ غیر طاہر قرآن نہیں پڑھسکتے

قال النبی ﷺ لحکیم بن حزام:لا تمسّ القرآن إلا وأنتم طاهر

- عمرؓ کی بہن نے انکار کیا قرآن کے صحیفے دینے سے مگر غسل کے بعد۔
- تحرّی:تلاش کرنا/سوچنا

بَابُ المُدَاوَمَةِ عَلَى رَكْعَتَيِ الفَجْرِ(ص155)(حدیث:1159)

- یعنی شدت اہتمام فجر کی سنت پر اسلئے کہ آکد السنن پھر مغرب کے بعد رکعتین پھر تمام سنت برابر۔

بَابُ الضِّجْعَةِ عَلَى الشِّقِّ الأَيْمَنِ بَعْدَ رَكْعَتَيِ الفَجْرِ(حدیث:1160)

- ضِجْعَةٌ:ہیئت لیٹنے کی(الفعلۃ للآلۃ)
- شافعیہ اور دؒ:1)سنت ہے 2)مطلقًا لم یثبت الضّجعۃ فی المسجد
- کؒ:مکروہ؛ احناف:مباح؛ ابن مسعودؓ:بدعت؛ ابن حزم:واجب؛ ابراھیم نخعی:مکروہ؛ حسن بصریؒ:خلاف أولی؛ مصنفؒ:ثابت و مستحب اسی لئے ترجمۃ الباب رکھا۔
- قَالَ: فَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَحْصِبُهُمْ إِذَا رَآهُمْ يَضْطَجِعُونَ عَلَى أَيْمَانِهِمْ "(مصنف عبد الرزاق)
- ابن مسعود: ما بال الرجل إذا صلى الركعتين يتمعك كما يتمعك الدابة
- آپ ﷺ سے رکعتین کے بعد لیٹنا اور کبھی قیام اللیل کے بعد اور کبھی دونوں وقت لیٹتے تھے توضرورت کے وقت لیٹتے تھے،اگر کوئی آپ ﷺ کی طرح نماز پڑھے تو لیٹ جائے۔
- سوال:

جواب:1)عائشہؓ کی روایت گھر کی بات ہے؛ 2)مؤطا امام مالکؒ میں:کان النبی ﷺ إذا فرغ من صلوۃ اللیل اضطجع

3)اگلے باب عائشہؓ کی روایت ہے

إذا صلی أحدکم رکعتی الفجر فلیضطجع.....عبد الواحد بن زیاد متفرد ہے

- فعلی حدیث کو قولی بنایا یا أمر بالإباحۃ (جیسے إذا حللتم فاصطادوا)

بَابُ مَنْ تَحَدَّثَ بَعْدَ الرَّكْعَتَيْنِ وَلَمْ يَضْطَجِعْ (حدیث:1161 سے 1167)

- یہ تیسرا طریقہ ہے
- ترجمۃ الباب کا مقصد: واجب بھی نہیں اور سنت مؤکدہ بھی نہیں بلکہ آرام اور نشاط حاصل کرنے کے لئے؛ (اکثر اکابر تہجد کے وقت تصنیفات کرتے) جیسے روح المعانی کو علامہ آلوسیؒ صرف تہجد کے وقت لکھتے تھے
- لازائد کو سیف خطیب کہتے تھے؛ سفر نامہ: غرائب الاغتراب (ترکی کا سفر)

بَابُ مَا جَاءَ فِي التَّطَوُّعِ مَثْنَى مَثْنَى (حدیث:.....)

- نفل دو دو پڑھنا چاہئے با نفل ایک نہیں پڑھنا چاہئے (6 یا 7 معانی گزر گئے)
- ترجمۃ الباب کا مقصد: افضلیت کی طرف اشارہ ہے؛ فؒ اور دؒ: 2، 2 افضل لیلاً أو نھارًا؛ کؒ: 2 سے زائد مکروہ

حؒ: 4 بہتر ہے لیلاً ہو یا نھارًا؛ سم: دن میں 4 بہتر اور 2 بہتر ہے رات وعلیہ الفتوی

- امام حؒ کے دلائل: 1) آپ ﷺ رات کو 4 پڑھتے تھے فلا تسال عن حسنھن

2) کان النبی ﷺ یصلی اربعًا بعد الزوال۔

3) من صلی أربعًا عدلن لہ بقیام اللیل

4) صلوۃ الضحی 4 وارد ہے

5) قبل العصر 4 رکعات وارد ہیں۔

6).....جب سورج جانب مشرق میں اتنا اونچا ہو جائے جیسے عصر کے وقت جانب مغرب میں ہوتا تو 4 رکعات پڑھتے۔

-یسلمون: 1) اسلام؛ 2) تشہد

-استخارہ یہاں 2 رکعات کا ذکر تو استخارہ: کسی کام میں جب آدمی شک میں ہو تو خیر طلب کرنا بہ منزلہ مشورہ۔

جاہلیت میں قرع ڈالتے تو شریعت نے استخارہ رکھا یا فال لیتے تھے پرندے سے تو اسکی جگہ مشروع چیز رکھی

- حؒ: جہاں 2 رکعات وارد ہیں تو ٹھیک ہے اسپر عمل کرے لیکن نوافل 4 پڑھے (اسمیں زیادہ مشقت ہے)
- رکعتین قبل الظھر: تحیۃ المسجد اور 4 مؤکد گھر میں پڑھتے۔
- عائشہؓ: کان یصلی قبل الظھر أربعًا یالا یدع الظھر أربعًا؛ فؒ: 2 مؤکد اور اگر 4 پڑھی تو 2 مؤکد اور 2 نفل؛

احناف: 4 مؤکد ہیں۔

- ابن ماجد کی روایت: جب قبلیہ سنت رہ جاتی تو ظھر کے بعد 4 قضاء پڑھتے تھے۔
- اور 4 کی روایت فی غیر محلہ اگلے صفحے ص 157 پر مذکور ہے۔

- جابر بن عبد اللہؓ کی روایت، وہ روایت ہے جو جمعہ میں ذکر کرنا چاہئے تھا
- 1) بعض کہتے کہ شعبۃ متفرد ہے لیکن صحیح نہیں اسلئے کہ رَوح نے انکی متابعت کی، بہر حال مصنفؒ کے نزدیک یہ ہوگا کہ عملی حدیث کو قولی بنایا۔

2) اسمیں خطبہ کا ذکر ہے نہ کہ جمعہ اسی لئے مصنفؒ نے وہاں ذکر نہیں کیا

- مسلم کی روایت میں ص 287 پر نمبر (875) جمعہ کا ذکر ہے: «إِذَا جَاءَ أَحَدُكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَالْإِمَامُ يَخْطُبُ، فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ، وَلْيَتَجَوَّزْ فِيهِمَا»؛ تو ممکن ہے کہ جمعہ کا ذکر کسی راوی نے تشریحًا لگایا ہو، اسمیں أعمش ہے جو مدلس ہے

- اسکی مخالف روایت: 20721 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ إِسْحَاقَ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ، أَخْبَرَنَا يُونُسُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ، قَالَ: كَانَ نُبَيْشَةُ الْهُذَلِيُّ، يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «أَنَّ الْمُسْلِمَ إِذَا اغْتَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، ثُمَّ أَقْبَلَ إِلَى الْمَسْجِدِ، لَا يُؤْذِي أَحَدًا، فَإِنْ لَمْ يَجِدِ الْإِمَامَ خَرَجَ، صَلَّى مَا بَدَا لَهُ، وَإِنْ وَجَدَ الْإِمَامَ قَدْ خَرَجَ، جَلَسَ فَاسْتَمَعَ وَأَنْصَتَ، حَتَّى يَقْضِيَ الْإِمَامُ جُمُعَتَهُ وَكَلَامَهُ، إِنْ لَمْ يُغْفَرْ لَهُ فِي جُمُعَتِهِ تِلْكَ ذُنُوبُهُ كُلُّهَا، أَنْ تَكُونَ كَفَّارَةً لِلْجُمُعَةِ الَّتِي تَلِيهَا»(مسند أحمد)

سند میں عطاء ہے جو نبیشہ ہذلی سے روایت کرتے تو انقطاع ہے

- ابو ھریرۃؓ کی روایت میں 3 چیزوں کی وصیت ہیں: 1) 3 دن روزہ؛ 2) صلوۃ الضحی؛ 3) وتر سونے سے پہلے
- عتبان بن مالکؓ نے اپنے گھر میں مصلی بنایا اور آپ ﷺ کو بلایا افتتاح کے لئے مفصلاً ایک ورق کے بعد آئے گا ان شاء اللہ۔

بَابُ الحَدِيثِ يَعْنِي بَعْدَ رَكْعَتَيِ الفَجْرِ (حدیث:1168)

- 1) فجر کے رکعتین کے بعد بات چیت کا جواز ہے

2) ان لوگوں کی تردید ہے جو کہتے کہ مکروہ ہے

- احناف مالکیہ: مکروہ؛ کؒ: قبلہ سے منہ نہیں پھیرتے یہاں تک کہ فرض پڑھ لی ولا یتکلم بینھما اور آپ ﷺ جو بات چیت کرتے تھے وہ کلام دینی ہے۔

بَابُ تَعَاهُدِ رَكْعَتَيِ الفَجْرِ وَمَنْ سَمَّاهُمَا تَطَوُّعًا (ص156) (حدیث:1169)

- پابندی اور نگرانی کرنا چاہئے، 2 رکعات سنت فجر واجب کی طرح لھذا فقھاء کہتے کہ باقی سنن بیٹھ کر پڑھ سکتے سوائے فجر کے سنن، واجب تو نہیں لیکن قریب الی الوجوب۔
- سنن کے درجات: 1) سنت فجر؛ 2) سنت مغرب؛ 3) باقی سنن۔

بَابُ مَا يُقْرَأُ فِي رَكْعَتَيِ الفَجْرِ (حدیث:1170-1171)

- 2 حضرات پر رد: ابو بکر اصمّ: لا قراءۃ فیھما؛ کؒ: یکتفی بقراءۃ الفاتحۃ
- عام طور پر سورۃ اخلاص و کافرون آپ ﷺ پڑھتے تھے تاکہ خفیف ہو اور دن کی ابتداء توحید کے اقرار سے ہو، رسالت کا اقرار اور یہ نجات کا ذریعہ ہے۔

بَابُ التَّطَوُّعِ بَعْدَ المَكْتُوبَةِ(حدیث:1172-1173)

- اشکال: بعدیہ کو پہلے کیوں ذکر کیا اور قبلیہ بعد؟

جواب:1) اہمیت کی وجہ سے

2) کثرت کی وجہ سے: بعدیہ (ظہر، مغرب، عشاء کے بعد)

3) تطوعگ التابع أی الفضل التابع للمکتوبۃ سواء کان قبل أو بعد (لایصح)

4) التطوع بعد المکتوبۃ و قبلھا پر عطف ہے (وھذا من قبیل سرابیل تقیکم الحر) (لایصح اسلئے کہ بعد میں خاص ہے)

فان أفضل صلوۃ المرء فی بیتہ إلا المکتوبۃ

- کان یطیل القراءۃ فی الرکعتین بعد المغرب حتی تفرق الناس۔

بَابُ مَنْ لَمْ يَتَطَوَّعْ بَعْدَ المَكْتُوبَةِ(حدیث:1174)

أی فی السفر؛ أی من ترک التطوع فی السفر بعد المکتوبۃ فلا حرج ورنہ پڑھنا چاہئے۔

- سبعًا: مغرب وعشاء: 3 اور 4=7 تو یہ جمع ہے (جو قائلین ہیں کہ سفر میں اتمام ہے تو کوئی اشکال نہیں)
- اشکال: یہ سفر کا واقعہ ہے یا حضر؟ اگر حضر کو تو سبعًا جمیعًا نہیں بنے گا۔

تو جواب: سفر قصر نہیں تھا اور سنت نہیں پڑھی تعجیل سفر کی وجہ سے۔

بَابُ صَلاَةِ الضُّحَى فِي السَّفَرِ(حدیث:1175-1176)

- فقھاء: اشراق اور ضحی ایک نماز ہے اور بعض صوفیاء کے نزدیک: 2 الگ نماز ہیں۔
- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) ھل تصلی أم لا؟

2) صلوۃ ضحی سفر میں نہیں پڑھتے

-1) عائشہؓ: کم کان یصلی صلوۃ الضحی؟ قالت أربع رکعات ویزید علی ھذا

2) ابو ھریرۃؓ کی روایت: 3 چیزوں کی وصیت کی: صوم ثلاثۃ أیام وأوصانی برکعتی الضحی والوتر قبل النوم

3) قال اللہ تعالی: یاابن آدم ارکع رکعتین أوّل النھار أکفک کلہ

4) علیؓ: کان رسول اللہ ﷺ یصلی صلوۃ الضحی أو الأوابین أی حین ترمُض الفصال

- فتح مکہ پر پڑھی اور صلوۃ الشکر بھی پڑھی۔

1) لایرکع صلوۃ الضحی، ہاں ایک مرتبہ أم ھانی کے گھر پر پڑھی؛ 2) ھذا زعم ابن عمرؓ؛ 3) لم یصلھا علی الدوام

4) لم یصلھا علی التداعی والجماعۃ؛ 5) لم یصلھا ظاھرًا عند الناس۔

- أم ھانی علیؓ کی بہن؛ بعض روایت میں آپ ﷺ نے رشتہ مانگا ام ھانی سے لیکن ابو طالب نے انکار کیا پھر مدینہ منورۃ میں معذرت کی کہ اب معمر اور بچے ہو چکے۔

صلوۃ الضحی فی السفر صلھا مرۃ ولم یصلھا غالبًا۔

بَابُ مَنْ لَمْ يُصَلِّ الضُّحَى وَرَآهُ وَاسِعًا(حدیث1177)

- آپ ﷺ کو عمل کرتے ہوئے نہیں دیکھا لیکن آپ کی ترغیب کافی ہے
- صلوۃ الضحی صلوۃ الأوابین
- عائشہؓ کے نزدیک آپ ﷺ نہیں پڑھتے پھر بھی ابھارتے تھے جیسے صوم داؤد کو بہتر بتایا گیا لیکن آپ ﷺ نے نہیں رکھا

جواب:1)مارأیت النبی ﷺ یصلی الضحی أی لم یداوم علیھا(لایصح)اسکے مخالف روایت موجود ص152 پر:ماسبق قط

2)لم یصلی الضحی عند الناس؛ 3)فی الجماعۃ؛ 4)مارأیت فی السفر

5)مارأیت:اگرچہ پڑھتے تھے(لایصح)دوسری روایت میں ثابت ہے کہ آپ ﷺ نے پڑھی تھی

-ایک روایت میں: آپ ﷺ نے صلوۃ سفر کے واپسی پر پڑھی تھی تو اس وقت لوگوں کے سامنے ہی پڑھی ہوگی۔

بَابُ صَلاَةِ الضُّحَى فِي الحَضَرِ(حدیث:1178-1179)

- ہر مہینے کے 3 روزے کسر للشھوۃ لأنھا مانعۃ للعلم
- صلوۃ ضحی میں بدن کا شکر یہ ہے، پورا بدن علم میں مصروف تو اسکا شکر یہ ہے کہ سر تا پا اللہ کے سامنے پیش کرے
- نوم علی وتر: مقدمہ محنت (استیقاظ مشکل)
- صلوۃ افتتاح(مثلا اپنے گھر پر مصلی بنایا اور افتتاح کے لئے دعوت کا ثبوت ہے)شکر اور ضحی کی نماز پڑھتے تھے۔

بَابُ الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الظُّهْرِ(حدیث:1180-1181-1182)

- فؒ کے مذہب کو اختیار کیا یا بتایا کہ کم از کم دو ہو اور زیادہ 4 ہے
- 1)ربعٌ قبل الظھر تفتح أبواب السماء

2)کان النبی ﷺ یصلی اربعًا قبل الظھر

3).....

4)إن النبی ﷺ کان لایدع أربعًا قبل الظھر

-احناف:4 مؤکدہ اور 2 تحیۃ المسجد

دلیل:1)لایدع أربعًا قبل الظھر؛ 2)ابن حاجب:جب 4 فوت ہوتی تو رکعتین کے بعد 4 پڑھتے تھے۔

صرف اسمیں اختلاف ہے باقی سب میں متفق ہے

- من ثاب علی اثنتی عشرۃ رکعۃ فی الیوم واللیلۃ
- احناف نے 4 لیا:1)احتیاط کی وجہ سے؛ 2)تاکید کی وجہ سے؛ 3)قضاء آئی؛ 4) لکثرۃ الأحادیث

5)عورت کی روایت زیادہ معتبر اسلئے کہ سنت صلوۃ البیت ہے۔

بَابُ الصَّلاَةِ قَبْلَ المَغْرِبِ(ص157)(حدیث:1183-1184)

- شافعیہ کے کتب میں:1)استحباب یا2)اباحت لیکن عام طور پر استحباب والا قول لیتے(حاشیہ نمبر ایک ص157)
- احناف: کراہت؛ ابن ھمام: اباحت۔
- اباحت باعتبار وقت اور استحباب باعتبار ثواب وصلوۃ کے
- مصنفؒ نے ترجمۃ الباب قائم کیا تو گویا انکے نزدیک بھی مستحب ہے سنت نہیں، تو یہ تعجب کی بات ہے اسلئے کہ لوگوں نے چھوڑ دیا تھا
- تابعی: ابراھیم نخعیؒ: لم یر کعھا ابو بکر و عمر ولا عثمان یعنی خلفاء راشدین نے نہیں پڑھی
- سعید بن مصیبؒ: مارأیت فقیھا یصلیھما إلا سعد بن أبی وقاصؓ وذکر ابن حزم عبد الرحمن بن عوفؓ اور انس بن مالکؓ اور جابرؓ
- پہلے روایت گزر چکی کہ امام کی تاخیر کی وجہ سے جلدی ستون کے پاس جاکر پڑھتے ورنہ اگر امام ہے تو نہ پڑھتے۔
- سئل ابن عمرؓ عن الرکعتین قبل المغرب: قال: مارأیت أحداً علی عھد رسول اللہ ﷺ یصلیھما تو معلوم ہوا ابن عمرؓ اور عقبہ بن عامرؓ کی حدیث سے کہ عام طور پر نہیں پڑھا جاتا تھا تو احناف کہتے کہ موقعہ ہو تو پڑھ لے ورنہ نہیں (یہ تطبیق دونوں قسم کی روایتوں کو شامل ہو گا)؛ صلوا قبل المغرب لمن شاء: بخاری میں ہے اور أبو داؤد کی روایت تم پیش کرتے عن طاؤوس عن ابن عمر اسکے مقابلے میں تو یہ صحیح نہیں بلکہ حدیث کی سند کو دیکھا جائے گا۔
- پھر یہ کہنا کہ مافی الصحیحین یا علی شرط الصحیحین بے دلیل بات ہے بلکہ اصل اسناد ہے۔

بَابُ صَلاَةِ النَّوَافِلِ جَمَاعَةً(حدیث:1185-1186)

- احناف: نفل کی جماعت نہیں إلا بعض نوافل جیسے کسوف، تراویح، استسقاء لیکن عام نفل میں جماعت نہیں
- افضل صلوۃ المرء صلوتہ فی بیتہ إلا المکتوبۃ اور یہ ثابت نہیں کہ حفصہؓ اور عائشہؓ مقتدی تھیں۔
- نفل کا معنی انفرادی انعام: اگر نفل میں اجتماع ہو بغیر تداعی کی تو ٹھیک ہے۔
- تداعی کی تعریف: شمس الأئمہ سرخسی: 3 سے زیادہ ہو یا کسی کو بلائے

مولانا ظفر احمد عثمانیؒ نے کہا کہ شمس الأئمہ سب سے پہلے یہ تفسیر کرنے والے ہیں تداعی کی چنانچہ 3 سے زائد نہ ہو تب بھی تداعی کہا جائے گا: انسؓ یتیم اور ام سلیمؓ مع التداعی اور بغیر تداعی کے جماعت بھی ثابت ہے۔

- فؒ: نفل کی جماعت صحیح سواء مع التداعی أو بغیر التداعی
- محمود بن الربیعؓ صغار صحابہ سے۔ وادی: جسمیں بارش کا پانی بہتا ہو
- غیر مسجد جو نماز کے لئے مقرر ہو اسکو مصلی کہنا چاہئے
- کسی کے گھر سے دعوت آئے تب بھی اجازت لینی چاہئے
- نماز کے لئے بلایا تو مقصود کو غیر مقصود پر مقدم کرنا چاہئے
- صاحب خانہ نے اگر کوئی چیز مقرر کی ہو تو اسکی تابعداری کرنا چاہئے۔
- خود صفوف قائم کئے ہم نے اور پہلی روایت میں صفَّنا ہے تو ممکن کہ پھر آپ ﷺ نے صفوف کو درست کئے ہو۔
- غیب کا حکم نہیں دینا چاہئے؛ مالک بن دُخشُن یا دُخمشن

- قسطنطنیہ روم کے دار الخلافۃ تھا جب مسلمان نے فتح کیا تو "Italy" میں دار الخلافۃ بنایا
- آپ ﷺ نے بشارت دی تھی کہ فتح کروگے: فنعم الأمیر أمیرھا، فنعم الجیش جیشھا اسی لئے بہت صحابہؓ شریک ہوئے جن میں ابو أیوب اور ابن عباسؓ بھی تھے (معاویہؓ کے زمانے میں) یزید بن معاویۃ امیر تھے
- ابو أیوبؓ بوڑھے اور بیمار تھے اور وصیت کی تھی کہ دیوار تک جتنی قریب پہنچا سکتے ہو تو وہیں دفن کرے (فصیل) تو جب رومیوں نے دیکھا تو ان پر تیر برسانے لگے تو انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد صرف دفن کرنا ہے تو رومیوں نے کہا کہ ہم اتر کر قبر کو اکھاڑیں گے، تو یزید

بن معاویۃ نے کہا اگر ایسا کروگے تو شام کے تمام غیر مسلم کو ماریں گے تو وہ لوگ ڈر گئے۔
- ابن بطوطہ نے لکھا کہ انہوں نے رات کے وقت ان کے قبر پر برسنے والے نور کے شعلے دیکھے۔
- قسطنطنیہ پھر خلافت عثمانیہ میں بایزید بلدرم نے لشکر تیار کیا لیکن راستے میں تیمور لنگ جسنے مسلمانے ہونے کا دعوی کیا اس پر حملہ کیا اور بایزید بلدرم کو ایک پنجرے میں بند کیا، پھر سن 857 محمد الفاتح نے ترتیب دے کر دوبارہ فتح کیا، تین جانب سے داخل ہونا ممکن نہیں تھا اسلئے کہ محفوظ تھا اور ایک جانب کی حفاظت کی ضرورت نہیں تھی اسلئے کہ سمندر تھا، پھر خشکی درمیان اور پھر دوبارہ سمندر تو تدبیر یہ اختیار کی محمد فاتح نے کہ کشتی سے گئے اور خشکی کے حصے پر چربی پگھلا کر تختوں پر رکھا اور کشتی کو دوسرے سمندر تک پہنچا دیا اور فتح کیا۔
- ترکی کی حکومت نے اس جگہ پر (panorama) بنایا ہے۔
- ایاض صوفیہ انکاسب سے مشہور گرجہ تھا تو مسجد بنایا گیا پھر مصطفی کمال نے متحف بنایا۔
- اشکال: ابو ایوبؓ نے اس قصے کا انکار کیا ہے، کیا وجہ ہے؟

جواب: 1) ومن یعص اللہ ورسولہ فإن لہ نار جھنم، أبو أیوبؓ کی نظر اس پر تھی حالانکہ مالک بن دخشن نے لا إلہ إلا اللہ کہا

2) یوجد الحکم بباطن الأمور کہ حضور ﷺ نے اللہ کا حکم بتایا

3) ابو أیوب اکابر صحابہؓ میں سے تھے اور انکو معلوم نہیں تھا۔

4) توحید مفید ہے مع موالات الکفار، اسمیں موالات کا ذکر نہیں بلکہ اسمیں صرف دوستی ہے۔

بَابُ التَّطَوُّعِ فِي البَيْتِ (حدیث: 1187)

- تطوع کی فضیلت گھر میں ہے 25 درجہ: مصنف ابن أبی شیبۃ میں روایت ہے۔

گھر میں پڑھنا نظر سے بچنے کے لئے یا نزول رحمت کے ذریعہ ہونے کے لئے۔

20 – كتاب فضل الصلاة في مسجد مكة والمدينة

بَابُ فَضْلِ الصَّلاَةِ فِي مَسْجِدِ مَكَّةَ وَالمَدِينَةِ(حدیث:1188-1189-1190)

- نوافل کا ذکر اور نماز کی فضیلت کا ذکر
- اکثر حضرات کہتے کہ یہ فضیلت فرائض کے ساتھ اور اپنے گھر میں نوافل کو زیادہ فضیلت ہے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں بھی
- الرَّحل: چھوٹے پالان، أصغر من القَتَب: بڑے پالان: مایوضع علی الدابۃ لیُرکب علیہ؛ الرحل لِلابل کالسرج للفرس
- شد الرحال کنایہ ہے سفر سے؛ حافظ ابن تیمیہ اور سلفی مستثنیٰ منہ عام ہے یعنی سفر نہ کیا جائے مگر صرف 3 مساجد کے لئے۔
- علماء دیوبند: مستثنیٰ منہ خاص ہے: لا تشدوا الرحال إلی مسجد من المساجد إلّا إلی ثلاثۃ مساجد
- 4 قرائن: 1) نحوی دلیل: اصل مستثنیٰ وہ ہے جو مستثنیٰ منہ کی نوع سے ہو مثلاً: مارأیت إلّا زیدًا أی مارأیت أحدًا من الرجال إلا زیدًا

2) عقلی دلیل: 3 مساجد کے علاوہ کسی بھی وجہ سے سفر نہ کیا جائے اگر مستثنیٰ عام ہو تو پھر والدین کی زیارت، علم کے لئے، جہاد کے لئے، زیارت وغیرہ ممکن نہ ہو گا تو یہ عقل کے خلاف بلکہ علم کے لئے کوئی آئے تو آپ ﷺ کا فرمان ہے: فاستوصوا بہ خیرًا۔

3) نقلی دلیل: 11609 - حَدَّثَنَا هَاشِمٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ، حَدَّثَنِي شَهْرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ، وَذُكِرَتْ عِنْدَهُ صَلَاةٌ فِي الطُّورِ فَقَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " لَا يَنْبَغِي لِلْمَطِيِّ أَنْ تُشَدَّ رِحَالُهُ إِلَى مَسْجِدٍ يُبْتَغَى (2) فِيهِ الصَّلَاةُ، غَيْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَالْمَسْجِدِ الْأَقْصَى، وَمَسْجِدِي هَذَا " (مسند أحمد)

سند میں شہر بن حوشب ہے لیکن حدیث حسن ہے اسلئے کہ اسکے شواہد موجود ہیں۔

عائشہؓ کی روایت: 1192 - حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ حَسَنٍ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي [ص:94] عُثْمَانَ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ مُدْرِكٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " أَنَا خَاتَمُ الْأَنْبِيَاءِ، وَمَسْجِدِي خَاتَمُ الْمَسَاجِدِ، وَأَحَقُّ الْمَسَاجِدِ أَنْ يُزَارَ وَتُرْكَبُ إِلَيْهِ الرَّوَاحِلُ الْمَسْجِدُ الْحَرَامُ، وَمَسْجِدِي هَذَا، وَصَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي أَفْضَلُ مِنْ أَلْفِ صَلَاةٍ فِيمَا سِوَاهُ مِنَ الْمَسَاجِدِ إِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ "

4) تعاملی دلیل: لوگوں کا تعامل ہے کہ حج کے بعد مدینہ منورہ کا سفر کرتے اور مسجد نبوی کا سفر مقصود نہیں ہے بلکہ اصل زیارت نبی مقصود ہے اسلئے کہ ایک لاکھ ثواب کو چھوڑ کر آدھا لاکھ کے لئے حماقت ہے۔

فقہ کے مذاہب اربعہ میں حج کے احکام کے بعد، آپ ﷺ کے روضہ مبارکہ کی زیارت کے آداب کا ذکر ہے تو اصل آپ ﷺ کی زیارت مقصود ہے اور ان 4 دلائل سے معلوم ہوا کہ مستثنیٰ منہ خاص ہے۔

ان تین مساجد کے علاوہ کوئی سفر کرے تو حرام نہیں کہا جائے گا بلکہ خلاف اَولی یا بے فائدہ، غیر مفید یا ثواب سے خالی ہے۔

دلیل: عمرؓ: حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ: حَدَّثَنِي أَبِي أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ زُرَارَةَ حَدَّثَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ شُيُوخًا مِنْ قَوْمِهِ، مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ جَاءَهُمْ بِقُبَاءٍ بَعْدَ نِصْفِ النَّهَارِ، فَدَخَلَ مَسْجِدَ قُبَاءٍ فَأَمَرَ رَجُلًا يَأْتِيهِمْ بِجَرِيدَةٍ رَطْبَةٍ، وَقَالَ: لَأَتَقَرَّبَنَّ بِهَا هُنَا. فَجَاءَ بِهَا فَنَفَضَ بِهَا الْغُبَارَ عَنِ الْجِدَارِ فِي الْقِبْلَةِ ثُمَّ قَالَ: " وَاللَّهِ لَوْ كُنْتُ بِأُفُقٍ مِنَ الْآفَاقِ لَضَرَبْنَا إِلَيْكَ أَكْبَادَ الْإِبِلِ.(تاريخ المدينة)

تو قباء تین مساجد میں شامل نہیں ہے لیکن عمرؓ سفر کو جائز کہتے

اگر کسی نے نذر مانی تو ان تین مساجد کے علاوہ معتبر نہیں؛ وَلَوْ نَذَرَ إِتْيَانَ مَسْجِدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَوِ الْمَسْجِدَ الأَقْصَى يَلْزَمُهُ عَلَى أَصَحِّ الْقَوْلَيْنِ كَمَا لَوْ نَذَرَ إِتْيَانَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، ثُمَّ إِذَا أَتَاهُ يَعْتَكِفُ فِيهِ، أَوْ يُصَلِّي، أَوْ إِذَا أَتَى مَسْجِدَ الْمَدِينَةِ يَزُورُ قَبْرَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَفِيهِ قَوْلٌ آخَرُ، أَنَّهُ لَا يَلْزَمُهُ الإِتْيَانُ كَمَا لَوْ نَذَرَ أَنْ يَأْتِيَ مَسْجِدًا آخَرَ سِوَى هَذِهِ الْمَسَاجِدِ الثَّلَاثَةِ، لَا يَلْزَمُهُ الإِتْيَانُ، لَا خِلَافَ فِيهِ، بِخِلَافِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، لأَنَّهُ مَخْصُوصٌ مِنْ بَيْنَ سَائِرِ الْمَسَاجِدِ بِوُجُوبِ الْمَصِيرِ إِلَيْهِ بِأَصْلِ الشَّرْعِ لِلْحَجِّ، أَوِ الْعُمْرَةِ، وَالأَوَّلُ أَصَحُّ، لأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَصَّ هَذِهِ الْمَسَاجِدَ الثَّلَاثَةَ مِنْ بَيْنَ سَائِرِ الْمَسَاجِدِ فِي قَوْلِهِ: " لَا تُشَدُّ الرِّحَالُ إِلا إِلَى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: مَسْجِدِ الحَرَامِ، وَمَسْجِدِ الأَقْصَى، وَمَسْجِدِي هَذَا ".

فَعَلَى هَذَا لَوْ نَذَرَ أَنْ يُصَلِّيَ فِي مَسْجِدٍ مِنْ هَذِهِ الْمَسَاجِدِ الثَّلَاثَةِ لَا يَخْرُجُ عَنِ النَّذْرِ إِذَا صَلَّى فِي غَيْرِهَا مِنَ الْمَسَاجِدِ، وَلَوْ نَذَرَ أَنْ يُصَلِّيَ فِي مَسْجِدِ الرَّسُولِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ عَنْ نَذْرِهِ إِذَا صَلَّى فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَلا يَخْرُجُ إِذَا صَلَّى فِي الْمَسْجِدِ الأَقْصَى لِقَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «صَلاةٌ فِي مَسْجِدِي هَذَا خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ صَلاةٍ فِيمَا سِوَاهُ إِلا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ».

وَلَوْ نَذَرَ أَنْ يُصَلِّيَ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، فَلا يَخْرُجُ عَنْ نَذْرِهِ بِالصَّلاةِ فِي غَيْرِهِ.(شرح السنة للبغوی)

11284 - أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: «خَيْرُ مَا رُكِبَتْ إِلَيْهِ الرَّوَاحِلُ مَسْجِدِي هَذَا، وَالْبَيْتُ الْعَتِيقُ» (سنن الکبری للنسائی)

خیر کا مطلب ان 3 مساجد کی طرف سفر کرنا بہتر ہے اور زیادہ ثواب کا باعث ہے، تو انکے علاوہ کے مساجد کے لئے بہتر نہیں۔

- ابو ھریرۃؓ نے کوہ طور کا سفر کیا یعنی مسجد طور کے لئے حالانکہ ابو بصرۃ غفاری نے منع کیا تھا تو اسمیں 2 روایت ہے ایک سفر کے بعد منع کیا اور ایک روایت میں سفر سے پہلے تو اگر بعد السفر منع کیا تو مطلب یہ ہے کہ ممانعت کا علم تھا لیکن پھر بھی سفر کیا، گویا انکے نزدیک یہاں حکم نہی پر محمول نہیں یا نذر پر محمول ہے یا محمول کیا زیادہ ثواب پر؛ تو انکا بھی وہی مسلک تھا کہ نہی محمول ہے کثرت ثواب پر یعنی ان 3 مساجد کے علاوہ اور کسی مسجد کی زیارت کا ارادہ ثواب کی امید رکھتے ہوئے نہ کیا جائے۔ اور عمرؓ کی روایت سے پتہ چلتا ہے کہ خلاف اَولی بھی نہیں تو ممکن ہے کہ وہ نذر پر محمول کرتے۔
- رفاعی کا قصہ لکھا ہے کہ السلام علیکم یا جدی کہا تو جواب آیا روضہ سے وعلیکم السلام یا ولدی (اسلئے کہ سید تھے) اور یہ اشعار پڑھی:

في حالة البعد روحي كنتُ أُرسلها تُقَبِّلُ الارضَ عَنِّي وهي نائبتي
وهذه دولة الاشباح قد حضرت فامْدُد يمينك كي تحظى بها شفتي

قال الراوي: "فانشق القبر و خرجت منه اليد النبوية الشريفة، فقبلها الشيخ الرفاعي أمام آلاف من الناس!! ".تو کہتے کہ روضہ اقدس سے ہاتھ نکلا اور انہوں نے بوسہ دیا۔ و قد أورد الحافظ السيوطي إسناد القصة و جعل الشيخ التليدي يصححها و يرد على المخالفين.

- مسجد حرام میں ایک لاکھ کا ثواب ملتا ہے تو کیا توسیع بھی اسمیں شامل ہے؟

فی مسجدی ہذا: امام نوویؒ: 1) اشارۃ موجود ہے مسجد کی طرف تو جب توسیع ہوئی وہ اسمیں شامل نہیں ہے لیکن پھر اپنے قول سے رجوع کیا 2) تمیز کے لئے یہ مسجد یعنی دوسری مسجد سے ممیز ہے: تمیز المسجد عن المساجد الأخری
3) اشارۃ للتعظیم یعنی عظیم الشام مسجد ہے یہ مطلب نہیں جسمیں اضافہ نہ ہو۔
اشارۃ تحدید کے لئے نہیں ہے: لو مُدّ ھذا المسجد إلی صنعاء الیمن لکان مسجدی اور ایک روایت میں ذوالحلیفۃ کا ذکر ہے۔
مکہ مکرمہ کی مسجد اس سے زیادہ ہے اسی لئے استثناء کیا

کؒ:1)مدینہ منورہ مکہ مکرمہ سے بہتر ہے آپ ﷺ کی دعاء کی وجہ سے:اللھم اجعل ما بالمدینۃ ضعفیٰ ما بمکۃ

جواب:اسکا تعلق روزی اور نعماء ظاہریہ کے ساتھ ہے ثواب سے نہیں

2)مسجد نبوی بناء الحبیب جو اَولی ہے اور مسجد حرام بناء الخلیل ہے

جواب:مکہ کا حرم بناء الخلیل اور بناء الحبیب بھی ہے اسلئے کہ آپ ﷺ نے حجر اسود رکھا تھا

3)مدینہ منورہ محل إشاعۃ وانتشار الاسلام اور مکہ مکرمہ محل ولادۃ الإسلام

جواب:مکہ محل ولادت اور محل نشر اسلام بھی ہے

علماء کے یہاں دونوں رائے اچھی ہیں:زندگی گزارنا ہو تو مکہ مکرمہ میں گزارے کثرت ثواب کے لئے اور وفات کا وقت قریب ہو تب مدینہ منورہ میں رہے۔

مدینہ بہتر اس اعتبار سے کہ آپ ﷺ کے جوار اور بقیع میں دفن ہو جائے اور بقیع والوں کے لئے سب سے زیادہ شفاعت کریں گے اور آپ ﷺ کے ساتھ اٹھیں گے۔

اور مکہ بہتر اس اعتبار سے:إن أول بیت وضع للناس للذی ببکۃ مبارکا وھدی للعالمین

آپ ﷺ نے ہجرت کرکے اشارۃ کیا مکہ مکرمہ کی طرف اور فرمایا: 4240 - أَخْبَرَنَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ خَالِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مَعْمَرًا، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي سُوقِ الْحَزْوَرَةِ بِمَكَّةَ: «وَاللهِ إِنَّكَ لَخَيْرُ أَرْضِ اللهِ وَأَحَبُّ الْبِلَادِ إِلَى اللهِ، وَلَوْلَا أَنِّي أُخْرِجْتُ مِنْكِ مَا خَرَجْتُ» (السنن الكبرى للنسائي)

اور ایک لاکھ کا ثواب صراحۃً آیا ہے،جو کہ ڈبل ہے مدینہ منورۃ سے۔

صلوۃ فی مسجدی:وکذلک العبادات الأخری جیسے صدقہ صوم تو مکہ مکرمہ میں بہتر ہے بہ نسبت دوسرے مقامات کے

ایک روایت میں مدینہ منورۃ میں جو نماز پڑھے تو 1000 صلوۃ سے بہتر ہے جیسے یہاں اور دوسری روایت میں ہے کہ جو مسجد نبوی میں نماز پڑھے تو 50000 کے برابر ہے؟!

جواب:1)50000 کی روایت میں ابو الخطاب دمشقی جو مجہول ہے(ابن ماجہ میں بتایا)

2)اگر روایت مان لے تو:1)تفاوت البعد کی وجہ سے 50000 و تفاوت القرب 1000

2)تفاوت اخلاص کا ہے۔

بَابُ مَسْجِدِ قُبَاءٍ(حدیث:1191-1192)

- قباء:کنواں کا نام یا جگہ کا نام یا قبۃ کو قباء کر دیا بعد میں اسلئے کہ کنویں کے پاس خیمے لگائے تھے۔ قباء:چونے،جیے
- قباءَ:علمیت اور تانیث بہ تاویل بقعۃ؛ قباءٍ:علمیت اور تانیث نہیں بہ تاویل مکان
- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)عمرؓ کے قول کی طرف اشارہ:کہ اگر مسجد قباء کسی.....

2)الفضیلۃ لا تختص بھذہ المساجد الثلاثۃ بل بقباء أیضًا۔

-ہر سنیچر کو آتے تھے تحیۃ المسجد پڑھتے، یہی وجہ ہے کہ یوم السبت گویا فضیلت ہے اور یہی وجہ ہے کہ جو لوگ عادۃً جمعہ میں آتے تھے اور بیماری کی وجہ سے نہیں آئے تو عیادت بھی ہو جاتی۔

1)مسجد قباء کی طرف آنا اس حدیث میں داخل نہیں کہ یہ حضر میں ہے

2)حرمت پر محمول نہیں بلکہ خلاف اولی پر محمول یا فائدہ زیادہ نہیں یا نذر پر یا کثرت ثواب نہیں۔

طلوع و غروب پر نماز کا اہتمام نہ کرو اتفاقاً ہو جائے تو ٹھیک ہے ابن عمرؓ کے نزدیک۔

بَابُ مَنْ أَتَى مَسْجِدَ قُبَاءٍ كُلَّ سَبْتٍ(حدیث:1193)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:لا حرج فی تخصیص یوم بعد ثبوتہ من الشارع علیہ السلام جیسے مسجد قباء کو سنیچر جاتے تھے
- قباء کی فضیلت میں یہ بھی ہے کہ:لمسجد أسس علی التقوی من أول یوم:ایک روایت میں ہے کہ مسجد قباء مراد ہے۔
- مصنفؒ: تخصیص العبادۃ یحتاج إلی النقل تو یہاں نقل موجود ہے اسی طرح عبادت کی تخصیص کرے اور اسمیں ثواب نہ سمجھے تو ٹھیک ہے جیسے ابن عمرؓ آپ ﷺ کی تابعداری کرتے تھے سراغ لگا کر۔

بَابُ إِتْيَانِ مَسْجِدِ قُبَاءٍ مَاشِيًا وَرَاكِبًا(ص159)(حدیث:1194)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:مسجد قباء راکبًا میں آنا:لا یدخل فی شد الرحال لأن شد الرحال ہو السفر وھذا لیس بسفر۔

بَابُ فَضْلِ مَا بَيْنَ القَبْرِ وَالمِنْبَرِ(حدیث:1195-1196)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)بیت سے مراد مابین قبری ہے اسلئے کہ وہیں مدفون ہیں فعین المصنف البیت بأن المراد بالبیت قبر النبی ﷺ

2)ماقبل میں فضیلت مسجد نبوی اور اب فضیلۃ جزء مت أجزاء مسجد النبی ﷺ جیسے آنکھ کو ایڑی پر فضیلت ہے۔

-مابین بیتی و منبری:بیت تو 9 تھے لیکن وہ بیت مراد جسمیں مدفون ہیں۔

-روضۃ من ریاض الجنۃ:1)ھذا ینقل إلی الجنۃ

2)جنت کے باغیچے کی طرح ہے کہ روضۃ من ریاض الجنۃ

3)العبادۃ فیہ توصل إلی روضۃ الجنۃ جیسے الجنۃ تحت ظلال السیوف

4)کروضۃ من ریاض الجنۃ فی السکون والطمانینۃ والسکینۃ

5)أُتی بہ من الجنۃ جیسے حجر أسود کو جنت سے لایا گیا

6)جسنے نماز پڑھی وہاں تو سبب قوی ہے دخول جنت کے لئے۔

-ومنبری علی الحوض:1)ومنبری ینقل إلی حوضی

2)تصنع منبری علی الحوض

3)العبادۃ عند المنبر توصل إلی الحوض وإلی الشرب من الحوض۔

بَابُ مَسْجِدِ بَيْتِ المَقْدِسِ(حدیث:1197)

اسکی فضیلت ذکر نہیں کیا اسلئے کہ اسکی فضیلت دونوں سے کم ہے

حدیث: کسی نے نذر مانی کہ بیت المقدس کی طرف نماز پڑھے گا تو آپ ﷺ نے فرمایا: صلھا یا صل ھھنا: یہاں پڑھ لو

- 4 باتوں نے مجھے تعجب میں ڈالا یعنی پسند آیا
- یومین کا ذکر، بعد ثلاثۃ أیام کا ذکر: تطبیق گزر چکی
- حرام: معظم و مکرم
- اگر ابواب ہے تو براعت اختتام حتی تغرب الشمس کہ تم بھی غروب ہو جاؤ گے
- دوسرے نسخے میں صرف باب ہے
- بعض لوگ کہتے کہ رحال سے براعت اختتام معلوم ہوتا ہے۔

21 – أَبْوَابُ العَمَلِ فِي الصَّلاَةِ

بَابُ اسْتِعَانَةِ اليَدِ فِي الصَّلاَةِ، إِذَا كَانَ مِنْ أَمْرِ الصَّلاَةِ(حدیث:1198)

- ماقبل میں صلوات کا ذکر: فرائض ونوافل
- اب مفسدات صلاۃ کا ذکر ہے: عمل قلیل اور عمل کثیر
- عمل کثیر مفسد صلاۃ ہے إلا یہ کہ مصلح للصلاۃ۔
- عمل کثیر و قلیل کے مابین فرق: 1) جسکو دیکھ کر سمجھے کہ مصلی ہو تو عمل قلیل شمار ہو گا یعنی مبتلا بہ کی رائے پر محمول

2) دوہاتھوں کے ساتھ ہو تو عمل کثیر ہے لیکن بعض مرتبہ ضرورتوں کی وجہ سے دونوں ہاتھوں کے استعمال کرنے سے بھی عمل کثیر شمار نہ ہو گا مثلاً شلوار گرا

3) جسمیں حرکات متوالیہ ثلاثہ ہو فی رکن واحد تو عمل کثیر ہے اسی لئے آگے صف میں جانے کے لئے تین قدم وقفہ کے ساتھ کرتے

4) مایعدُّ لہ المجلس فھو کثیر

5) مبتلا بہ کی رائے پر موقوف (ولیس علیہ الفتوی اسلئے کہ مبتلا بہ اپنے ہر عمل کو عمل قلیل سمجھے گا)

- کسی پر ہاتھ رکھنا عمل قلیل ہے: ابن عباسؓ بہت ہوشیار تھے اسی لئے بہتر جانب کو آپ ﷺ کے لئے چھوڑ دیا لیکن چونکہ صف دائیں جانب سے شروع ہوتا ہے تو آپ ﷺ نے انکو بائیں طرف سے دائیں طرف پھیر دیا۔

عمل کثیر کے مفسد صلاۃ ہونے کے دلائل:

1) ابو موسی اشعریؓ کی روایت: انہوں نے نماز پڑھی فرأوشیئًا وضحکوا (تعجب کی بات دیکھ کر) قال من کان ضحک فلیعد صلاتہ یعنی ضحک کی وجہ سے عمل کثیر واقع ہوئی اور وہ مفسد صلاۃ ہے چنانچہ اعادہ لازم ہے۔ 676 – وَأَخْبَرَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ الْحَارِثِ الْفَقِيهُ، نا عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ الْحَافِظُ، نا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْوَكِيلُ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، نا هُشَيْمٌ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ، أَنَّهُ كَانَ يُصَلِّي بِالنَّاسِ فَرَأَوْا شَيْئًا فَضَحِكَ بَعْضُ مَنْ كَانَ مَعَهُ، فَقَالَ أَبُو مُوسَى حَيْثُ انْصَرَفَ: " مَنْ كَانَ ضَحِكَ مِنْكُمْ فَلْيُعِدِ الصَّلَاةَ ".(السنن الکبیر للبیہقی)

2) إلا من قھقہ منکم فی صلاتہ فلیعد الوضوء والصلاۃ

3) تشمیت العاطس والی روایت

4) إن ہذہ الصلاۃ لا یصح فیھا شیء من کلام الناس، إنما ہو التسبیح والتھلیل وقراءۃ القرآن

- اگر عمل کثیر کی گنجائش ہوتی تو اسکی ضرورت نہ ہوتی کہ التصفیق للنساء والتسبیح للرجال۔
- إذا کان من أمر الصلاۃ أی لتکمیل الصلاۃ۔
- ابو اسحاق: کوئی موذی چیز کی وجہ سے ٹوپی اتارا (رواج نہیں تھا کہ بغیر ٹوپی نماز پڑھے)
- إلا أن یحکّ یعنی فلا یزال کذا لک إلا أن یحک جلدًا أو یصلح ثوبًا (خارش لگے یا کپڑے پھنس جاتے)
- سر کو پکڑ کر بائیں سے دائیں طرف لایا۔

بَابُ مَا يُنْهَى عَنْهُ مِنَ الكَلاَمِ فِي الصَّلاَةِ(ص160)(حدیث:1199-1200)

- مصنفؒ:مطلقاً ممنوع ہے بہ ظاہر احناف کے ساتھ؛ احناف:مطلقاً مفسد کثیر و قلیل، سھو، عمد ہو
- دؒ:جب اپنے آپکو خارج صلاۃ سمجھے تو مفسد نہیں؛ کؒ:کلام قلیل مفسد نہیں اِذا کان لمصلحۃ الصلاۃ؛ فؒ:کلام الناس اِذا نسی لا یفسد۔
- جہاں کلام آیا اور مفسد نہیں تو محمول قبل الحرمۃ.....
- اگر کلام ممکن ہے تو تسبیح کی ضرورت نہ تھی اور عورت کے لئے تصفیق کی ضرورت نہیں تھی
- دوسرے ائمہ:ذوالیدین کی حدیث سے استدلال کرتے جسمیں آپ ﷺ نے 4 کی جگہ 2 رکعات پڑھی تو ذوالیدین یا ذوالشمالین نے کہا: أقصرت الصلاۃ یارسول اللہ ؟ تو آپ ﷺ نے کہا کچھ نہیں.....
- عمیر بن عمرو بن نضلۃ اور لقب خِرباق: تیز چلنے والا؛ پہلے ذوالشمالین کہتے ہونگے اور یہ زیادہ اچھا نہیں تھا تو ذوالیدین کہا
- وجہ تسمیہ: مزدوری زیادہ کرتے یا سخاوت میں مشہور تھے یا لمبے ہاتھ ہونے کی وجہ سے۔
- احناف: ذوالیدین والشمالین ایک ہی آدمی اور بدر میں شہید ہوئے چنانچہ واقعہ، بدر سے پہلے ہوا اور بعد میں کلام منع کیا گیا اور آپ ﷺ مغموم تھے اور تکیہ لگایا اِلی خشبۃ معروضۃ فی مقام المنبر؛ باقی ائمہ کہتے کہ دونوں الگ کہ ذوالشمالین بدر میں شہید ہوئے اور ذوالیدین بعد میں
- یہ دو نام ایک ہیں اور اسکے متعدد دلائل ہیں:

1)طبقات ابن سعد میں ہے کہ دونوں ایک ہے

2)ابو محمد الخزاعی (انکے پوتے) کہتے: کہ ذوالیدین وھو أحد من أجدادنا وھو ذوالشمالین۔

3)نسائی میں صریح دلیل ہے کہ دونوں نام ایک حدیث می آئی ہے

4) أبو ھریرۃؓ: صلی بنا رسول اللہ ﷺ فصلی بنا رکعتین تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ بہت بعد کا واقعہ ہے اسلئے کہ وہ اسلام لائے 7ھ

جواب: اس قسم کے الفاظ صحابہؓ استعمال کرتے رہتے اور مراد صلی بإخواننا من المسلمین

ص313 اور ص449 (دلیل کے طور پر)

کؒ: دیکھو آپ ﷺ نے کلام کی ذوالیدین سے لیکن قلیل اور مصلحت صلاۃ کے لئے تھا

فؒ: وہ بھول گئے تھے کہ نماز میں تھے

دؒ: ظنّ نفسہ خارجًا اسی لئے بات ممکن تھی

رجوع من عند النجاشی 2 مرتبہ ہوئے ویدل علیہ حدیث الآتی

اِن مخفف کی علامت: خبر پر لام آیا (لنتکلم)؛ قانتین بمعنے ساکتین یعنی سکوت عن الکلام

بَابُ مَا يَجُوزُ مِنَ التَّسْبِيحِ وَالحَمْدِ فِي الصَّلاَةِ لِلرِّجَالِ(حدیث:1201)

- ترجمۃ الباب: لقمہ کی ضرورت ہو تو تسبیح و تحمید جائز نماز میں اور اگر کسی نے تسبیح یا تحمید نماز میں پڑھی کسی کے جواب میں نہیں تو مفسد نہیں۔

بَابُ مَنْ سَمَّى قَوْمًا، أَوْ سَلَّمَ فِي الصَّلاَةِ عَلَى غَيْرِهِ مُوَاجَهَةً، وَهُوَ لاَ يَعْلَمُ(حدیث:1202)

- غیر مواجھۃ یعنی من غیر مخاطبۃ جیسے کہتے تھے السلام علی جبریل یا السلام علیک أیھا النبی خطاب ہے لیکن مقصود مخاطب بنانا نہیں ہاں پیش ہونے کے بعد مخاطب ہو گا، یہاں خطاب حاضر فی القلب کے لئے اور کبھی اظہار نفس محبت کے لئے
- صفیہؓ کا شعر: أَلا یا رسول اللہ کنتَ رجاءنا
- 1)المسلم علیہ لا یعلم اس طرح آپ ﷺ نہیں جانتے ہمارے سلام کے بارے مگر بعد ایصال الملائکۃ
  2)المسلِم یا سلام کرنے والا لا یعلم الحُرمۃ

-اگر کوئی شخص سلام کرے سلام کی نیت سے نماز فاسد اسلئے کہ خطاب مقصود ہے

-التحیات: تر و تازگی کی دعاء(اصل) تحیۃ: خوش و خرم رہنے کی دعاء

-یہاں مراد ہدیہ قولیہ: قولی تحفہ تو یہ پڑھو اور السلام علی فلان چھوڑو

بَابُ التَّصْفِيقِ لِلنِّسَاءِ(حدیث:1203-1204)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:1) نماز میں بات چیت بند ہے
  2)کؒ کی تردید: عورتوں کے لئے تصفیق نہیں، یہ انکی عادت کا بیان اور یہ محمول ہے مذمت پر نہ کہ لقمہ پر؛ جواب: دوسری جگہ امر آیا فلیُسبح الرجال تو معنی یہ ہوا فلیصفق النساء۔

بَابُ مَنْ رَجَعَ القَهْقَرَى فِي صَلاَتِهِ، أَوْ تَقَدَّمَ بِأَمْرٍ يَنْزِلُ بِهِ(حدیث:1205)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:1) عمل قلیل کی ایک نوع کا بیان

تقدّم بصفّ: سھل بن سعدؓ کی تین روایات:1)ابو بکرؓ نے ہاتھ اٹھائے، پھر آپ ﷺ آئے تو رجع القھقری تو عمل قلیل عادت نہ بنائے گا بلکہ بطور ضرورت ہے۔

2) آپ ﷺ نے منبر پر نماز پڑھی اور رکوع و سجدے کا وقت رجع القھقری

تبسّم ابتداء و ضحک انتھاءً؛ قھقری: استقبال قبلہ فوت نہ ہو۔

- قہقہ: ہنسی قھقھہ یعنی فساد صلاۃ
- آپ ﷺ کے تبسم و ضحک توجہ ہے کہ قریب تھا کہ مصلین ہنسنے لگے؛ توجہ علی الغائب بالدعاء ہے اسلئے کہ توجہ کے لئے سامنے ہونا چاہئے۔
- احادیث میں توفی فی آخر الیوم اور سیرت کی کتابوں میں: فی وقت الضحی۔

بَابُ إِذَا دَعَتِ الأُمُّ وَلَدَهَا فِي الصَّلاَةِ(حدیث:1206)

- ترجمۃ الباب میں فعل شرط اور شرط کو رکھا اور جواب محذوف رکھا
- 1) یخرج من الصلاۃ؛ 2) ھل تجب إجابتھا؟ 3) ھل یجب أن یترک الصلاۃ

- 1)ماں کسی کو بلائے یا کوئی اور بلائے استغاثۃً مثلاً کوئی ڈوب رہا یا جل رہا یا گر رہا ہو تو اجابت لازم ماں باپ ہو تو بہ درجہ اولی (تجب الإجابۃ ویخرج من الصلاۃ)

2)دوسری صورت بغیر استغاثہ بتلائے: پانی لاؤ یا کھانا دو تو اگر نفل ہو تو توڑ سکتے؛ فی الصلاۃ النافلۃ یخرج من الصلاۃ مندوبًا۔

اور اگر فرض ہے إذا دعت الأم..... المفروضۃ من غیر استغاثۃ فلا یخرج من الصلاۃ تو جواب محذوف ہے اسلئے کہ جواب کی کئی قسمیں ہیں

ایک روایت میں إذا دعتک أمّک فأجب وإذا دعاک أبوک فلا تجب (یہ روایت ضعیف ہے) اور اگر صحیح بھی ہو تو جواب بسبحان اللہ مراد ہو گا۔

- صومعۃ: خانقاہ اصل خان گاہ یعنی شریف لوگ کی جگہ جیسے بندر گاہ یعنی دروازہ بند سامان کی وجہ سے
- الأدب المفرد میں لکھا امام بخاریؒ نے کہ قال فی القلب
- اللھم أمی داعیا وصلاتی باقیا فماذا أفعل
- اللھم أمی سائلا وصلاتی شاغلا فماذا أفعل
- اللھم أمی تسرع وصلاتی تمنع فماذا أفعل
- مویسۃٌ: المرأۃ الزانیۃ (ج): میاسیس
- اگر اشکال کرے کہ صرف ایک عورت نے پھر دعوی کیا تھا؟

جواب:1)ایک نے دعوی کیا اور دوسری بھی ساتھ آئیں تھیں

2)جمع پر "ال" کے دخول کی وجہ سے جمعیت ختم (المیاسیس)

-بابوس:1)صغیر؛ 2)دودھ پیتا بچہ؛ 3)اسکانام؛ ایک دن کا بچہ نے بات کی (ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجًا ویرزقہ من حیث لا یحتسب)

- ونظم جملة من تكلم السيوطي، فقال:

تكلم في المهد النبي محمد ... ويحيى وعيسى والخليل ومريم

ومبري جريج ثم شاهد يوسف ... وطفل لدى الأخدود يرويه مسلم

وطفل عليه مر بالأمة التي ... يقال لها تزني ولا تتكلم

وماشطة في عهد فرعون طفلها ... وفي زمن الهادي المبارك يختم

الكتاب: شرح الزرقاني على المواهب اللدنية بالمنح المحمدية

تو اس حدیث سے پتہ چلا کہ ماں کو جواب دینا چاہئے تھا تا کہ اس مصیبت میں نہ پڑے اور آپ کہتے کہ لا یجیب اسلئے کہ نورمال حالت تھی

جواب:1)لعلہ کان فی شریعتہ ھکذا کہ اگرچہ Emergency case نہ ہو تب بھی جواب دینا چاہئے۔

2)خذ الغایات واترک المبادی: اگرچہ ابتداء میں تکلیف اٹھائی تھوڑی سی لیکن آخر میں کراہت ظاہر ہوئی۔ اور اسی لئے لا طاعۃ لمخلوق فی معصیۃ الخالق۔

3)ھذا حکم تکیونی یعنی حکم شرعی نہیں بلکہ ایک چیز پر دوسری چیز مرتب ہونے کی بات ہے کہ والدین کی بات نہ ماننے میں مصیبت آئی اور حکم تشریعی کا تقاضا یہ ہوا کہ نجات ملی۔

مثال: کوئی ماں باپ کی تیمارداری کر رہا ہے تو وہ استاد کو ملنے نہیں گیا تو استاد نے کہا علم نہیں آئے گا

- من أبوک؟: استدلال کرتے احناف کہ زنا سے حرمت مصاہرت ثابت ہے جو امام فؒ سے لگ ہے
- طاؤوس سے یہ مروی، سعید بن مسیب، أبو سلمۃ بن عبد الرحمن اور سالم بن عمر سب کہتے۔
- طاؤوس سے سوال کیا گیا: الرجل إذا زنا بامرأۃ؟ جواب دیا لا ینکح أمھا ولا بنتھا
- مجاہد: إذا نظر إلی فرجھا الداخل فلا یحلُّ لہ أمھا ولا بنتھا
- عمران بن حصین: اگر ماں کے ساتھ زنا کیا تو بیٹی حرام ہے۔
- حرمت مصاہرت اصول و فروع میں جاری ہے، ہاں زانیہ کی بہن سے نکاح ممکن ہے۔

بَابُ مَسْحِ الحَصَا فِي الصَّلاَةِ(ص161)(حدیث:1207)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) بیان نوع من العمل القلیل۔
- یہی حکم کٹی ہوئی گھاس پر جب آدمی پڑھتا ہو تو سوئی کی طرح ہے
- ترجمۃ الباب میں حصی اور یہاں تراب کا ذکر ہے؟!

جواب: 1) مسلم کی روایت میں حصی ہے۔

2) عام طور پر تراب میں کنکریاں ہوتی ہیں

3) حصی کو قیاس کیا تراب پر

بَابُ بَسْطِ الثَّوْبِ فِي الصَّلاَةِ لِلسُّجُودِ(حدیث:1208)

- یہ بھی عمل قلیل ہے اور مشابہ ہے مسح الحصی کے ساتھ۔

بَابُ مَا يَجُوزُ مِنَ العَمَلِ فِي الصَّلاَةِ(حدیث:1209-1210)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) عمل قلیل کا بیان جو ما قبل کے علاوہ

2) مایجوز من العمل فی الصلاۃ: المس فی الصلاۃ إلی المرأۃ

3) قاعدۃ کلیۃ کا بیان: کونسا عمل نماز میں جائز اور کونسا ناجائز

-رجلی: یعنی جنسُ رجل مراد

-شیطان: 2 قول: 1) شیطان اکبر تھا: ابلیس؛ 2) شیطان اصغر

-یہاں سلیمان آیا اور دوسری روایت میں أخی سلیمان آیا

-سلیمانؑ کے ساتھ مشابہت ہوتی تھی، اگرچہ مکمل مشابہت نہ ہوتی لیکن یہ انکی خصوصیت ہے کہ وہ تمام شیاطین کو باندھتے تھے فی کل وقت تو اگر باندھ لیتے تو منافی نہ تھا لیکن پھر بھی ظاہری خصوصیت کی مشابہت پسند نہیں فرمایا گویا یہ فضیلت جزئی ہے نہ کہ کلی جیسے لکڑی بجلی کو روکتی ہے اور لوہا جو زیادہ قیمتی ہے، نہیں روکتا بجلی کو۔

بَابُ إِذَا انْفَلَتَتْ الدَّابَّةُ فِي الصَّلاَةِ(حدیث:1211-1212)

- جزاء: فعل یترک الصلاۃ أم لا؟ جواب:1) عمل کثیر کی ضرورت تو چھوڑ دے اور عمل قلیل ہو تو ٹھیک؛ عمل قلیل کی مثال جیسے آپ ﷺ کسوف میں کبھی آگے، کبھی پیچھے
- ابو برزۃ اسلمی کی سواری بھاگ رہا تھا: تو2 روایت:1) نماز چھوڑ دی؛ 2) نماز نہیں چھوڑی
- فرجع القھقری اور دابۃ جانب قبلہ میں جارہا تھا اور چلنا موضع سجود سے آگے نہ تھا یا آگے تھا لیکن متوالی نہیں تھا، جب کنٹرول کیا تو موضع سجود آگے نہیں تھا یا آگے تھا لیکن توقف کے ساتھ آگے بڑھے۔
- مشی مستقبل القبلة هل تفسد إن قدر صف ثم وقف قدر ركن ثم مشى ووقف كذلك وهكذا لا تفسد(در مختار)
- نماز چھوڑ دی جب دابۃ جانب قبلہ سے ہٹ گیا یا ایک ایک صف کی تدبیر کافی نہیں تھی
- ایک روایت: ترک الصلاۃ قتبعھا حتی أدرکھا ثم جاء فقضی صلاتہ یا2 واقعہ ہیں ایک ترک اور ایک لم یترک یا ایک واقعہ ابتداء لم یترک وبعد ترک
- اھواز: دیہات کا مجموعہ (خوزستان)
- حرفٌ: ناحیۃ، کنارہ؛ بوڑھا آدمی تو کیسے واپس جاؤں.....
- ترجمۃ الباب کو مبہم چھوڑ دیا مصنفؒ نے: جب دابۃ کے پیچھے چلنا جائز ہے نماز میں تو نماز چھوڑ کر پیچھے چلنا بہ درجہ اولی جائز ہے۔
- سائبۃ: مثلا إن شفا اللہ مرضی فناقتی سائبۃ (آزاد) اسپر سواری بوجھ نہیں ڈالتے
- بحیرۃ: ناقۃ کے 10 بچے پیدا ہو جائے تو کان پھاڑتے تھے وترعی حیث شاءت
- وسیلۃ: ناقۃ کے 10 بچیاں پیدا ہو جائے پھر مذکر پیدا ہو جائے تو اصنام کے لئے آزاد کرتے (اور اصنام کے خدام فائدہ اٹھاتے تھے)
- حام: اس جمل کو کہتے جو 10 اونٹنیاں کو حاملہ کردے تو وہ معزز بن جاتا تھا تو بعد میں اس سے کام نہیں لیا جاتا تھا۔
- اھل فترت کے لوگ کی تین قسمیں: 1) ناجی: اھل توحید: توحید کا عقیدہ رکھا اور لوگوں میں پھیلایا جیسے قس بن ساعدہ، زید بن عمرو بن نفیل (سعیدؓ کے والد) أربًّا واحداً أم ألف ربٍّ ترکت اللات والعزی جمیعًا کذلک یفعل الرجل البصیر

2) معذب: الذین حرفوا وبدلوا جیسے عمرو بن لحی یا صاحب المعجن، لاٹھی ٹیڑھی ہوتی تھی اسلئے کہ نیت خراب

- دجال: 1) مسیح الارض ممسوح عین الیمنی أو الیسری۔

بَابُ عَذَابِ القَبْرِ مِنَ الغِيبَةِ وَالبَوْلِ (حدیث: 1378)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: عذاب قبر کے اسباب کا بیان
- ایک فساد الدین اور ایک فساد الدنیا
- نماز نہیں ہو گی طہارت نہ ہونے کی وجہ سے اور چغلی کی وجہ سے قتال ہو گا۔
- قصہ: چغل خوری: کسی نے باندی خریدی اور بائع نے کہا کہ کوئی عیب نہیں سوائے یہ کہ چغل خوری کرتی تو کہا کہ کوئی بڑی بات نہیں؛ تو بیوی سے کہا کہ شوہر دوسری عورت سے تعلق رکھتی اور شوہر سے کہا کہ بیوی دوسرے سے تعلق رکھتی ہے....
- تو اسی طرح غیبت میں کبھی کبھی دوسرے کو ابھارتے
- لا یدخل الجنۃ قتات؛ اِن من شر الناس ذا الوجھین یأتی ھؤلاء بوجہ وھؤلاء بوجہ

بَابُ المَيِّتِ يُعْرَضُ عَلَيْهِ مَقْعَدُهُ بِالْغَدَاةِ وَالعَشِيِّ (حدیث: 1379)

- یہ بھی نوع من العذاب یانوع من الثواب:یعرض علیہ مقعدہ
- روح یاروح مع البدن کو پیش کیا جاتا سوائے شھداء(اور دوسرے مخصوص لوگ)انکی روح کو جسد مثالی پہنا کر سیر کرایا جاتا ہے یا یہ بھی ممکن ہے کہ روح متشکل کر کے دکھایا جاتا ہے اسکو یا قبر میں منظر دکھاتے پھر سیر کرائی جاتی ہے؛اور محشر میں روح مع البدن حقیقۃً جنت میں داخل کیا جائے گا۔
- صبح شام دائمًا کے معنے میں یا اپنے معنے میں
- تو کاملین اور شھداء کو پہلے سے داخلہ مل جاتا ہے۔

بَابُ كَلاَمِ المَيِّتِ عَلَى الجَنَازَةِ(حدیث:1380)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:ثواب اور عذاب کی ابتداء تدفین سے پہلے ہے۔
- یہاں انسان کا لفظ آیا اور دوسری روایت میں جنات کا بھی ذکر ہے اور اوپر ثقلین آیا جو دونوں کو شامل ہے۔

بَابُ مَا قِيلَ فِي أَوْلاَدِ المُسْلِمِينَ(حدیث:1381-1382)

- بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمین کے اولاد جنت میں نہیں ہونگے تو باب قائم کیا اسپر
- جیسے عائشہؓ کی روایت:طوبی لہ، عصفور من عصافیر الجنۃ تو آپ ﷺ نے تنبیہ کی اسپر
- جواب: آپ ﷺ کا مقصد:کسی پر حکم نہیں لگانا چاہئے بغیر مشاہدہ یا وحی کے،وھذا التنبیہ من قبیل تھذیب الالفاظ
- علیؓ کی روایت:.....اللہ أعلم بما کانوا عاملین

جواب:جنتی ہونے کی نفی نہیں ہے بلکہ یعلن أی درجۃٍ یحصل فی الجنۃ بعلمہ

- إن المسلمین وأولادھم فی الجنۃ وإن المشرکین وأولادھم فی النار
- إذا کان الأولاد حاجبین من النار فالمحجوب منھا أولی أن یدخل الجنۃ
- إنھم یدخلون الجنۃ فی صورۃ الأولاد اور یہ انکی خصوصیت ہے۔

بَابُ مَا قِيلَ فِي أَوْلاَدِ المُشْرِكِينَ(ص185)(حدیث:1383-1384-1385-1386)

- 1)أھل النار(ھم من آبائھم)؛ 2)تبعٌ للآباء؛ 3)ھم خدام أھل الجنۃ؛ 4)یصیرون ترابًا؛ 5)أصحاب الأعراف؛ 6)یُمتَحَنُون(یُرفعُ لھم نار فمن دخلھا کانت علیہ بردًا وسلامًا وفلاحًا)؛ 7)ھم فی الجنۃ(قول الأکثر)جیسے ابو الحسن اشعریؒ اور متکلمین کے رائے؛ 8)الامساک عن الکلام:من علم اللہ منھم أنھم یؤمن کان فی الجنۃ ومن علم منہ أنہ لایؤمن کان فی النار۔ 9)توقف(ح)یعنی بعضھم فی الجنۃ وبعضھم فی النار ولاندری

-خلاصہ یہ ہے کہ:اولاد المشرکین ابھی تک بالغ نہیں ہوا مثلاً 14 سال کا ہے لیکن ہوشیار ہے اور دوسرا کو گمراہ کر دے تو کونسی بڑی بات ہے کہ جہنم میں جائے۔

-حدیث:نبی جنت میں،مولود جنت میں اور وئید(الموؤدۃ)جنت میں ہے۔

-لاتزروازرۃوزر أخری؛ کل مولود یولد علی الفطرۃ،جبتک صراحۃً یہودی یانصرانی نہ بنایا گیاہو

1)اور وہ حدیث جسمیں ھم من آبائھم یا جسمیں ھم من النار کمزور ہیں ان احادیث کے مقابلہ میں جن میں جنتی ہونے کا ذکر ہے۔

2)تبدّل أمر ھم بالدعاء؛ 3)یا آپ ﷺ کا اجتہاد تھا؛ 4)آپ ﷺ نے آخر میں فرمایا خدیجہؓ سے:ولاتزروازرۃوزر أخری سألت ربی عن اللاھین من ذریۃ البشر فأعطانی.... آخر میں فرمایا اللہ أعلم بما کانوا عاملین یعنی 1)اعمال کے مراتب معلوم نہیں یا ایمان کے بارے میں کہ لائیں گے یا نہیں؛ یا اسمیں جنت کی نفی نہیں ہے تو2)توقف پر دال ہے۔

بَاب

- 1)باب فی الباب ہے

2)باب فی أولاد المشرکین یطیرون فی الجنۃ(بہ ظاہر یہی صحیح ہے)اسلئے کہ انکے پاس کوئی نہیں آئے-وماکنا معذبین حتی نبعث رسولا؛

-کلوب:لوہے کے پنجے جیسے کتا دانت سے کاٹتا ہے۔

-یُشرخ:کھوکھلی چیز کو توڑنا۔

- فھرٍ:اس پتھر کو کہتے جو مٹھی کے برابر ہے یا الحجر ملئ الکفّ
- صخرۃ:بھاری پتھر:چٹان
- -فیہ رجل قائم علی وسط النھر اور ایک روایت میں علی شط النھر یعنی کنارہ پر؟!
- تطبیق:1) یمکن أن یکون فی الوسط ویأتی إلی الشط۔
- 2) یمکن أن یکون فی الوسط طولاً وأن یکون علی الشط عرضًا۔
- 1)انٹرنشل جھوٹا اور اسکا جھوٹ آفاق تک پہنچتی ہے(اس زمانے کی طرف اشارہ)

-2).....تو معلوم ہوا کہ عذاب قبر بعض لوگوں کے لئے یوم القیامۃ تک ہے اور جس روایت میں آتا ہے کہ جمعہ کے دن عذاب اٹھایا جاتا ہے پھر دوبارہ نہیں آتا تو وہ روایت صحیح نہیں ہے اس روایت کے مقابلے میں

3)تنور؛ 4).....؛ 5) شجرۃ سے مراد جنت اور شیخ سے مراد ابراھیمؑ،-اسی طرح روایت میں ہے کہ ابراھیمؑ فی الجنۃ والصبیان حولہ فأولاد الناس تو مصنفؒ نے کتاب التفسیر میں بھی اس روایت کو نقل کیا ہے:قیل یارسول اللہ وأولاد المشرکین؟ قال:وأولاد المشرکین۔

6)شھداء کا وجہ تسمیہ ص416۔

بَابُ مَوْتِ يَوْمِ الِاثْنَيْنِ(ص186)(حدیث:1387)

- پیر کے دن کی تمنّا ابو بکرؓ نے کی اور آپ ﷺ کی وفات ہوئی پیر کے دن۔اور یہ دلالت کرتی ہے کہ علم و عمل اور اطاعت پر ہے۔
- ابو بکرؓ بیمار ہوئے 7 تاریخ جمادی الثانی اور غسل کیا سردی میں جسکی وجہ سے بخار ہوا
- پیر کے دن 22 جمادی الثانی(منگل کی رات)انتقال کر گئے غروب کے بعد تو گویا یوم الاثنین سے اتصال نصیب ہوا اور وہ آپ ﷺ کے بعد بہت مغموم رہتے تھے۔
- ممکن ہے کہ ان روایات کی تردید جسمیں جمعہ کے دن کی وفات کی فضیلت:من مات یوم الجمعۃ وقی من فتنۃ القبر

1074 - حدثنا محمد بن بشار، قال: حدثنا عبد الرحمن بن مهدي، وأبو عامر العقدي، قالا: حدثنا هشام بن سعد، عن سعيد بن أبي هلال، عن ربيعة بن سيف، عن عبد الله بن عمرو قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما من مسلم يموت يوم الجمعة أو ليلة الجمعة إلا وقاه الله فتنة القبر. هذا حديث غريب.وهذا حديث ليس إسناده بمتصل ربيعة بن سيف، إنما يروي عن أبي عبد الرحمن الحبلي، عن عبد الله بن عمرو، ولا نعرف لربيعة بن سيف سماعا من عبد الله بن عمرو.

(رواہ الترمذی)/ حکیم ترمذی نے بھی نوادرالاصول میں ذکر کیا ہے۔

- سند میں ربیعہ بن سیف جو عبداللہ بن عمرو بن العاص سے روایت کرتے حالانکہ سماع ثابت نہیں تو منقطع ہے!

جواب: دوسری روایت بھی ہے جو عیاض عن عبداللہ بن عمرو بن العاص متصل ہے۔

- دوسرا اشکال: ربیعہ بن سیف صاحب المناکیر ہے!

جواب: ٹھیک ہے لیکن دوسرے شواہد موجود ہیں جسمیں ربیعہ نہیں لیکن بقیہ بن ولید ہے جو ضعیف ہے لیکن بقیہ بن ولید اور ربیعہ کی روایت ملکر حسن یا صحیح کے درجے میں ہو گا؛ علامہ قرطبی نے "التذکرۃ" میں اور فیض القدیر میں علامہ مناوی اور شیخ البانی نے فی أحکام الجنائز میں اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔

- علامہ احمد شاکر نے بھی ترمذی کی تعلیقات میں اسکی تصحیح کی۔
- علامہ سیوطی نے جامع الکبیر میں اسکی تحسین کی۔
- امور غیر اختیاریہ میں تمنی جائز ہے، تو جب امور غیر اختیاریہ میں ابو بکرؓ موافقت کی تمنا کرتے تو امور اختیاریہ میں کیسے موافقت نہیں کی؟ چنانچہ ابو بکرؓ نے فاطمہؓ کو میراث نہیں دیا آپ ﷺ کے احادیث کی موافقت کی بناء پر۔
- اتصال یوم الاثنین نصیب ہوئی، تو یہ اشارہ ہے کہ خلافت بلا فصل کی طرف۔
- للمھلۃ: 1) پیپ وغیرہ پھٹ کر کپڑے پر لگ جائے؛ 2) لمن تأخر موتہ
- جمعہ کی روایات کافی نہیں بلکہ عمل کی بھی ضرورت ہے اور یوم الجمعۃ پر انتقال ہو جائے اور عمل بھی ہو تو قوی امید ہے کہ وجنت میں داخل ہو گا۔
- بعض کہتے کہ: 1) لیلۃ الجمعۃ؛ 2) یوم الجمعۃ لیکن یہ بخاری کی روایت مضبوط ہے: جسمیں منگل کی رات آئی ہے۔

بَابُ مَوْتِ الفَجْأَةِ البَغْتَةِ (ص186) (حدیث:1388)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: جو اعمال صالحہ تیار رکھتا ہو اسکے لئے اچانک کی موت باعث رحمت ہے
- 1) موت الفُجَأۃ راحۃ للمؤمن آسفًا للفاجر (ابن ابی شیبۃ کی روایت)
- موت الفُجَأۃ أخذۃ آسفٍ (سند پر کلام ہے) یا محمول ہے اسکے لئے جسنے تیاری نہیں کی۔
- تو ترجمۃ الباب کا مطلب موت الفُجَأۃ بغتۃً لا حرج فیہ
- ابن ماجہ میں: 4117 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ صَدَقَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: «إِنَّ أَغْبَطَ النَّاسِ عِنْدِي مُؤْمِنٌ خَفِيفُ الْحَاذِ، ذُو حَظٍّ مِنْ صَلَاةٍ، غَامِضٌ فِي النَّاسِ، لَا يُؤْبَهُ لَهُ، كَانَ رِزْقُهُ كَفَافًا، وَصَبَرَ عَلَيْهِ، عَجِلَتْ مَنِيَّتُهُ، وَقَلَّ تُرَاثُهُ، وَقَلَّتْ بَوَاكِيهِ»

بَابُ مَا جَاءَ فِي قَبْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَبِي بَكْرٍ، وَعُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا(حدیث:1389-1390-1391-1392)

- ما قبل عام القبور کا ذکر ہے اب سید القبور کا ذکر ہے
- آپ ﷺ کی قبر مسنم ہے، ماھی پشت ہے۔
- مسلمانوں کا طریقہ یہ ہے کہ قبر بناتے اور غیر مسلم میت کو جلاتے۔
- شاہ عبد العزیزؒ: اگر آپکے پاس کوئی آئے اور امانت رکھے اور آپ سفر پر جارہے ہیں تو کسکے حوالے کروگے؟ ماں کے پاس یا باورچی کے پاس؟ تو کہا کہ ماں چونکہ وہ اصل ہے تو اسی طرح جب ہم مریں گے تو زمین کے حوالے کردو مردے کو نہ کہ باورچی کے آگ میں۔
- ھلال، ابو جھم یا ابو عمرو یا ابو اُمیۃ کنیت رکھی بچہ پیدا ہونے سے پہلے تفاؤلاً۔
- مسنما: اونٹ کے کوہان کی طرح: ائمہ ثلاث
- فؒ: مسطح بنایا جائے گا لیکن روایت میں مسنم کا لفظ آیا۔
- کشفت لی عائشۃ ثلاثۃ قبور لا مشرفۃ ولا لاطئۃ
- ولید بن عبد الملک (عبد الملک بن مروان کے بیٹوں میں سب سے پہلے حکومت کرنے والا)
- 86ھ امیر المؤمنین بنے اور 9 سال 8 مہینے حکومت کی تو 96ھ میں وفات پائی۔
- اسلام بہت ترقی کر گئے انکے زمانے میں، مجاہدانہ مزاج کے تھے 92ھ اندلس فتح ہوا اور 93ھ میں سندھ اور پنجاب ملتان تک
- بیکن، سمرقند، طاشقند، کرکستان، کاشغر، اور متصل صوبہ فتح ہوئے۔
- بعد اسکا بھائی سلیمان بن عبد الملک آئے لیکن کچھ نہیں کر سکا۔
- جامع مسجد دمشق بنائی۔
- مدینہ منورہ ک حاکم عمر بن عبد العزیز کو حکم دیا کہ مسجد نبوی کی توسیع کرے۔
- تو عائشہؓ کے مکان کی بنیاد ظاہر ہوئی جسکی وجہ سے دیوار گر گئی اور قدمین مبارک ظاہر ہوئے تو لوگ دڑ گئے لیکن پھر بتایا گیا کہ عمرؓ کے ہیں؛ اصل ابو بکرؓ کے سر کو آپ ﷺ کے کندھے کے برابر دفن کئے گئے احتراماً اور عمرؓ کے سر ابو بکرؓ کے کندھے کے برابر جسکی وجہ سے انکے پاؤں دیوار تک آگئے تھے۔ تو یہ لمبی مدت کے بعد یعنی تقریباً 60 سال تو پھر عروۃ بن زبیرؒ نے بتایا
- عبید اللہ بن عبد اللہ بن عمر ایک روایت میں (عمر بن عبد العزیز کے والدہ حضرت عمرؓ کی پوتی تھی)
- سھل بن سعد ساعدی 98ھ تک زندہ رہے (ایک روایت میں مصر میں انتقال کر گئے) تو وہاں وہ موجود نہیں تھے۔
- لا تدفنی معھم: 1) تفاخر سے بچنے کے لئے؛ 2) میرے اعمال شیخین کی طرح نہیں ہیں
- اشکال: آنے والی روایت میں مذکور ہے کہ ایک قبر کی جگہ باقی تھی تو عائشہؓ کے پاس پیغام بھیجا عمرؓ نے کہ اگر وہاں مدفون ہو سکتے؟ تو عائشہؓ نے کہا: میں عمرؓ کو اپنے اوپر ترجیح دیتی ہوں (کنت أریدہ لنفسی اور اس روایت میں ہے کہ لا تدفنی معھم یعنی جگہ ہے لیکن مجھے یہاں دفن نہ کرنا)

جواب: 1) پہلے خیال تھا کہ صرف ایک قبر کی جگہ ہے، پھر جب عمرؓ مدفون ہوئے تو ایک اور جگہ باقی تھی

- روایات میں ہے کہ وہ عیسیٰؑ کے لئے (2 روایات مروی) ایک روایت عبد اللہ بن سلام کی جسمیں آپ ﷺ کی صفت بیان کی گئی

وعیسیٰ لیکن یہ موقوف روایت اور سند میں عثمان بن ضحاک ہے جو ضعیف ہے اور بخاری نے لایصح کہا ہے

- اور دوسری روات ترمذی حاکم میں.....ویمکث خمسًا وار بعین سنۃً
- یموت فید فنُ معی فی قبری (یہ روایت بھی ضعیف سند میں عبد الرحمن بن زیاد بن انعم الإفریقی)
- وفات کے بعد پھر اجازت اسلئے ایسا نہ ہو کہ میری زندگی میں حیاو شرم کے باعث قبول کی تھی
- سعید بن زید غائب تھے، ابو عبیدہ بن جراح کی وفات ہو چکی تھی اور ابو بکرؓ و عمرؓ تو 6 باقی جو یہاں مذکور ہیں
- ص524 پر عمرؓ کے بعد کی خلافت کی تفصیل ہے
- القدم: ثبوت قدمی / مضبوطی یا قِدم: اولیت فی الاسلام
- اشارہ مقامات کے شعر کی طرف: على أنّني راضٍ بأنْ أحْمِلَ الهَوى ... وأخْلُصَ منْهُ لا عليّ ولا لِيا

علاوہ اسکے کہ میں راضی ہوں اس پر کہ مین عاشقی کا سرٹفیکیٹ مل جاؤں؛ نکل جاؤں امتحان میں نہ فیل ہو جاؤں اور نہ پہلا نمبر ملے

- عمرؓ 26 ذی الحجۃ زخمی ہوئے اور یکم محرم 24ھ دفن کئے گئے تو 72 سال کے بعد قدمین الآن کما کان تھے اسلئے کہ وہ شہید ہوئے تھے
- جنکے حسنات زیادہ ہو تو ایک مرتبہ اگر غلطی کرے تو معاف کرنا چاہئے۔

بَابُ مَا يُنْهَى مِنْ سَبِّ الأَمْوَاتِ (حدیث:1393)

- سب الاموات: ممنوع ہے
- اموات سے مراد: من لایُخاف شرُّہ؛ أھل الصلاح یا فاسق فاجر تھا لیکن مضر نہیں تھا۔

بَابُ ذِكْرِ شِرَارِ المَوْتَى (حدیث:1394)

- جو اموات مؤذی شریر، تو انکا ذکر کرو تا کہ انکے شر سے بچے۔
- یدا أبی لھب: 1) ہاتھوں سے کام کرتا آدمی؛ 2) چونکہ پتھر پھینکا تھا آپ ﷺ پر؛ 3) ذات مراد؛
- ما قبل میں کتاب الجنائز اور بعد کتاب الزکوۃ
- براعۃ الاختتام: باب ذکر الموتی ترجمۃ الباب میں ہے یا سب براعۃ الاختتام ہے۔
- الموتی لا یُزکّی اسی لئے اے زندہ لوگ تم زکوۃ دے دو
- ذکر الصلوۃ مع الزکوۃ فی القرآن عمومًا۔

24 – كتاب الزكاة

باب وجوب الزكاة(ص187)(حدیث:1400-1399-1398-1397-1396-1395)

- الزکوۃ لغۃً: نمو؛طہارت؛ زکوۃ واؤ سے تعظیم کے لئے اور مکہ مکرمہ میں تھی لیکن مقادیر مقرر نہیں تھی
- اصطلاحًا: تملیک جزء من النصاب إلی فقیر غیر ھاشمی ولا مولاہ
- زکوۃ لازم تھی قبل الھجرۃ؛رمضان سے پہلے 2ھ فرضیت مقادیر کے ساتھ ہوئی
- ابن اثیر 9ھ لیکن یہ بعد اسلئے کہ وفد بن عبد القیس اس سے پہلے آئے اور ضمام ثعلبۃ
- ایتاء: تم دے دو وہ لے لے (اسمیں تفاوُل ہے کہ ہم نے دی تو اللہ نے لے لی)؛ اعطاء: عام ہے۔
- اور ایتاء عظیم الشان کام کے لئے مستعمل: ولقد آتیناک سبعًا من المثانی؛ ومن یؤت الحکمۃ...
- پھر إنا أعطیناک الکوثر کیوں ہے؟ اسلئے کہ آپ ﷺ کو دیا لیکن اب تک نہیں لیا۔
- 10ھ حجۃ الوداع سے پہلے آپ ﷺ نے معاذؓ کو یمن بھیجا
- سوال: جو 5 احکام ہیں، انکو اکٹھا ذکر نہیں فرمایا! کیوں؟
- حکمت: 1) تلطُّف الخطاب جیسے طالب علم کو ایک ایک صفحہ یاد کرنے کو کہا جائے بجائے یہ کہ 10 ایک ساتھ دے اور وہ اسکو بوجھ سمجھے

2) اسمیں بیان مراتب ہے کہ ایمان پھر صلاۃ پھر زکوۃ ہے پھر صوم پھر حج کا درجہ ہے

- أَرِبٌ: محتاجٌ یسأل عن حاجتہ تو أَرِبَ: احتاج؛ أَرَبُ: لہ حاجۃٌ تو أَرب: احتاج
- 1) ممکن کہ قاطع الرحم تھے اسی لئے وصول الرحم فرمایا۔ 2) یا اہمیت کی وجہ سے۔
- حج کا ذکر نہیں اسلئے کہ اسپر فرض نہیں تھا یا اب تک فرض نہیں تھا اور 6ھ میں فرض ہوا
- وفد عبد القیس: 14 یا 40 آدمی تھے
- 3 قسم کے لوگ تھے: 1) مرتدّین: ختم نبوت کے منکرین

2) منکرین زکاۃ (ٹیکس ہے لیکن ہم نہیں دیں گے) ان 2 میں عمرؓ کا اختلاف نہیں تھا۔

عمرؓ کا اختلاف اسمیں تھا: 3) مانعین زکاۃ (خلیفۃ المسلمین کو نہیں دیں گے، ہاں انکے پیچھے نماز پڑھیں گے)

- ابو بکرؓ نے فرمایا کہ ان سے قتال کرنا چاہئے: آپ ﷺ: لأقاتلنّ من فرق بین الصلاۃ والزکاۃ۔ اور عمرؓ کہتے تھے کہ نہیں اسلئے کہ وہ مانتے اگرچہ نہیں دیتے خلیفہ کو۔
- ابو بکرؓ: کافر اور مسلمان کی بات نہیں بلکہ بغاوت کی بات ہے، حکومت کی بات کو نہیں مانتے ہیں تو دونوں میں بحث چل پڑی یہاں تک کہ اللہ نے عمرؓ کے سینے کھول دیا اور سمجھ لیا: اسکو تقلید شخصی کہتے ہیں: کسی شخص کی بات ماننا بغیر دلیل، اگرچہ بعد میں دلیل معلوم ہو جائے۔
- عمرؓ: کاش میں آپ ﷺ کو یہ پوچھتا: 1) آپ ﷺ کے بعد خلیفہ کون بنے؟

2) وعن قوم قالوا: نقرّ بالزکاۃ ولا نؤدی إلیک

3) کلالۃ کے بارے میں: لیس لہ ولدٌ تو والد ہو یا نہ ہو اور اگر والد کی جگہ دادا ہو

- کلالۃ: 1) وہ آدمی جسکا اصول و فروع نہیں؛ 2) مال جسکا اصول و فروع نہیں؛ 3) وارث جو اصول و فروع میں شامل نہیں۔

- حضرت کشمیریؒ نے اکفار الملحدین لکھی۔
- امام غزالیؒ نے "فیصل التفرقۃ بین الإسلام والزندقۃ"
- ماھو إلا: لیس الأمر شیئًا إلا علمی بأنّ أبا بکر شرح اللہ صدرہ۔

باب البيعة على إيتاء الزكاة(حدیث:1401)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: ایتاء الزکاۃ کی اہمیت کی وجہ سے اسپر بیعت کرنا، معلوم ہوا کہ وجوب ضروری نہیں ہے بیعت کی وجہ سے بلکہ اہمیت کافی ہے جیسے آپ ﷺ نے بعض عورتوں بیعت لی کہ اجنبی سے کلام نہیں کریں گے یا سوال نہ کریں گے۔
- یہ حدیث کتاب العلم سے پہلے گزری۔

باب إثم مانع الزكاة(حدیث:1402-1403)

- ان پر وعید و تشدید ہے؛
- ترجمۃ الباب کا مقصد: منفی پہلو کو بیان کرنا جو زکوۃ نہ دے تو وعید ہے
- بیان نوع خاص من العذاب؛ انکے جانوروں کو ان پر چلایا جائے گا؛ انکا مال سانپ بن کر گلے میں لپٹ جائے گا؛ انکے بدنوں پر سونا اور فضۃ کو داغا جائے گا۔
- لاینفقونھا: 1) الأموال؛ 2) الفضۃ فالذھب أولی؛ 3) ضمیر عام یا اہم کو راجع ہے تو فضۃ جیسے وإذا رأوا تجارۃً أو لھوا انفضوا إلیھا (تو ضمیر تجارت کی طرف راجع ہے)
- تأتی الإبل علی صاحبھا: 1) إذا کانت بقدر النصاب (ھذا معروف)
  2) إذا کانت علی نیۃ التجارۃ
  3) جبکہ کوئی فقیر مجبور اور وہ اونٹوں سے مدد نہ کرے۔
- شُجاعًا: الحیّۃ الذکر یہ وعید شدید ہے مانعین زکوۃ کے لئے۔
- اقرع (گنجا): لکثرۃ سَمِّہٖ وطول عمرہ۔ زبیبتان: 1) 2 سیاہ نقطے؛ 2) منہ کے دونوں جانب جھاگ؛ 3) نابان: 2 دھاڑ

باب: ما أدي زكاته فليس بكنز(حدیث:1404-1405-1406-1407-1408)

- آیت کریمہ کی تشریح: والذین یکنزون الذھب والفضۃ.....
- مصنفؒ: کنز اسکو کہتے جسکی زکاۃ ادا کرے: 1) لاینفقونھا فی سبیل اللہ کا مطلب یہ نہیں کہ سارا خرچ کرنا ہے بلکہ زکاۃ دینا مراد ہے۔
  2) سب خرچ کرنا مراد ہے؛ ابن عمرؓ: یہ منسوخ ہے آیت زکوۃ سے
- پورا مال خرچ کرنا شریعت کے منشا کے مطابق نہیں: لن تنالوا البر حتی تنفقوا مما تحبون (من تبعیضیہ ہے)
یاأیھا الذین آمنوا أنفقوا من طیبات ما کسبتم أی بعض ما...
- کعب بن مالکؓ کو آپ ﷺ نے کہا: امسک علیک بعض مالک

- لا صدقۃ إلا عن ظھر غنی
- بعض: جو مال زائد، سب کو خرچ کرنا ہے (تو یہ ابو ذرؓ کا مسلک نہیں)
- ابو ذرؓ کا مسلک: اونٹ کے مالک تھے، بھیڑ بکریاں تھی، حمار اور اتان تھی اور ایک بڑا تھیلا جسمیں کھلے ہوئے پیسے تھے۔
- جب ربضۃ مقام پر چلے گئے تو انکی بیٹی نے کہا کہ لوگ کہتے کہ آپ مال کے مخالف ہیں لیکن آپکے پاس یہ بڑا تھیلا ہے تو کہا کہ ضرورت کی چیز کو رکھنا چاہئے، اصل اسکے مخالف تھے کہ آدمی ذھب اور فضۃ رکھے بلکہ ذھب اور فضۃ گھومانے اور پھیرنے کی چیز ہے تو چلانا چاہئے اور مفید کام میں خرچ کرنا چاہئے اور یہ مطلب نہیں کہ الماری میں رکھو۔
- ابتدائی مسلمان میں سے اور انکو معلوم تھا کہ زکوۃ نکالنے کے بعد بقیہ کو رکھ سکتے۔
- عثمانؓ اور معاویہؓ نے ان سے بحث کی تھی۔
- کعب الاحبار آئے (تابعی) اور بحث و مناظرہ کیا تو لاٹھی لی انکے پیچھے یہاں تک کہ عثمانؓ تک پہنچے۔
- ایک اوقیہ 40 درہم اور 5 اوقیہ 200 درہم تو معلوم ہوا کہ ہر مال کو جمع کرنا ممنوع نہیں
- یسألونک ماذا ینفقون، قل العفو یعنی جو زائد
- 1) انفق مالا تحتاج إلیہ ولا تُنفق ما تحتاج إلیہ، آیت کریمہ کا مقصد ضرورت کی چیز خرچ نہ کرنا

  2) حسن بصریؒ: العفو ما یُخرج بسھولۃٍ (اسمیں مزاج کا لحاظ رکھا گیا)

  3) یہ محمول ہے استحباب پر، متوکلین کے لئے، ضرورت کی چیز رکھے اور باقی خرچ کرے

- متوکلین: جیسے ابو بکرؓ نے پورا خرچ کیا؛ عمرؓ نے آدھے مال خرچ کیا تبوک میں
- متوسطین: کچھ نہ کچھ صدقہ کرے (نفلی صدقات استطاعت کے مطابق)
- بخلاء: فرائض و واجبات: کم از کم زکوۃ تو دے دے۔
- اشکال: زکوۃ مکی ہے اور آیت مدنی ہے؟!

جواب: زکوۃ مکہ مکرمہ میں تھی لیکن مقدار معلوم نہیں تھی تو مقادیر بیان کرنے کے بعد کنز جائز ہے مع ایتاء الزکوۃ۔

- ذَوْدٌ: اونٹ؛ ذادَ یذودُ: منع کرنا تو ذود اسلئے کہتے کہ جسکے پانچ اونٹ ہیں تو فقیری کو دفع اور دور کرتا ہے۔
- ربضۃ: تقریبا 200 کیلو میٹر دور ہے مدینہ سے، معاویہؓ سے جب ابو ذرؓ کے ساتھ اختلاف ہوا شام میں تو معاویہؓ نے عثمانؓ سے کہا کہ آپ انکو بلائے تو جب بلایا اور آیا تو وہی بیان کرتے رہے (ان پر یہ مسئلہ غالب تھا) اور عبد اللہ بن سبا کے متبعین انکو حکومت کے خلاف اکساتے رہتے تھے تو ابو ذرؓ نے کہا: یہاں شر پھیل رہا ہے، اگر آپ اجازت دے تو میں دور چلا جاؤں تو کہا کہ نہ دور جاؤ نہ قریب، چنانچہ 200 کیلو میٹر کے فاصلے پر گئے اور یہ دور نہیں بہ نسبت شام کے اور ربضۃ میں اسلامی حکومت کے فارم تھے اور وہ مکہ مکرمہ کے راستے پر واقع ہے تو جو وہاں سے گزرتے انکی ملاقات کے لئے چلے جاتے۔
- آپ ﷺ نے انکو دیکھا اکیلا آئے تبوک میں تو کہا: یمشی وحدہ ویموت وحدہ ویُبعث وحدہ
- اکیلے رہے بیوی کے ساتھ جنگل میں تو بیوی پریشان تھی، لیکن انکے کہنے کے مطابق ایک جماعت آئی، اکثر روایت میں مرض الوفاۃ میں یا وفات کے بعد، اور اس جماعت میں ابن مسعودؓ تھے تو انہوں نے غسل کفن دیا (ابو ذرؓ نے وصیت کی تھی کہ کفن ان سے لے لو جو کسی بلد کے امیر نہ رہا ہو تو صرف ایک نوجوان تھا)۔

- ابن مسعودؓ نے جنازہ پڑھایا، کہتے کہ 8 ذی الحجۃ تھا لیکن یہ عجیب ہے اسلئے کہ حج شروع ہو گیا تھا تو کہتے کہ غیب سے انتظام کیا اللہ تعالی نے
- الثدی للنساء والصدر للمرء لیکن یہاں ثدی سے مراد مطلق سینہ
- 3 دینار: ایک اہل وعیال کے لئے، ایک عتق رقبہ کے لئے اور تیسرا دین کے لئے اگر ہو۔

باب إنفاق المال في حقه(حدیث:1409)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: مال خرچ کرنا مفید جبکہ اپنے مصرف میں ہو اور غلط طور پر خرچ نہ کیا جائے۔

باب الرياء في الصدقة(حدیث:1401)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: صفۃ الصدقۃ کا بیان
- صدقہ کے 4 قسموں کا بیان جو قرآن میں: 1) اللہ کے راستے میں ہو صدقہ کمثل حبۃٍ انبتت سبع سنابل فی کل سنبلۃ مئۃ حبۃ (اب ماجہ میں آیا کہ اللہ کے راستے میں مضاعف 490000000)
- اللہ کے راستے میں: 1) علم؛ 2) دعوت؛ 3) عمرہ؛ 4) حج؛ 5) جہاد؛ 6) دینی تنظیم
- ابتداء بھی اچھی اور انتہاء بھی اچھی (2)، وہ لوگ جو اللہ کو راضی کرنے کے لئے خرچ کرتے ہیں لیکن نمبر 6 کے علاوہ میں۔
- کمثل جنۃ بروۃ اصابھا وابلٌ..

3) منافقین کفار یا مسلمان جو ریاکاری کے لئے خرچ کرتے یعنی ابتداء ہی سے نیت خراب۔

لاتبطلوا صدقاتکم بالمنّ والأذی کالذی ینفق مالہ رئاء الناس

فأصابہ وابل فترکہ صلدًا؛ عکرمۃ:.....

4) ابتداء تو اچھی ہے لیکن انتہاء خراب ہے فأصابھا إعصار فیہ نار فاحترقت

- أیود أحدکم أن تکون لہ جنۃ من نخیل واعناب...

باب: لا يقبل الله صدقة من غلول، ولا يقبل إلا من كسب طيب لقوله:

{قول معروف ومغفرة خير من صدقة يتبعها أذى والله غني حليم} [البقرة: 263] (ص189)(حدیث:.....)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: صدقات دیا کرو لیکن بیع حرام وفاسد سے نہ ہو ولا من مال الغیر ولا تیمموا الخبیث

باب الصدقة من كسب طيب لقوله: {ويربي الصدقات، والله لا يحب كل كفار أثيم، إن الذين آمنوا وعملوا الصالحات وأقاموا الصلاة وآتوا الزكاة،

لهم أجرهم عند ربهم ولا خوف عليهم ولا هم يحزنون} [البقرة: 277] (حدیث:1410)

- ما قبل منفی، یہاں مثبت۔
- یمحق اللہ الربو: سود کو مٹا دیتے - فی الآخرۃ یا جو سود دیتے تو اللہ اسکے مال کو مٹا دیتے؛
- "فاء" پس آیا اسلئے کہ إنّ کا لحاظ رکھا گیا (فلھم أجرھم نہیں آیا)

-فُلُوہ: گھوڑا پالنے کے مثل کہ اسکے پڑھنے کا احساس نہیں کرتے ہیں۔

باب الصدقة قبل الرد(ص190)(حدیث:1411-1412-1413-1414)

- 1)صدقہ دے دو اس سے پہلے کہ کوئی قبول نہ کرے اسلئے کہ صرف نیت کا ثواب ملے گا، اگر قبول کرنے والا نہ ہو۔
- اگر کوئی نہ ملے تو3: 1)صدقہ کی نیت؛ 2)الگ رکھے؛ 3) مستحق کو تلاش کرتا رہے۔

2)صدقہ دے دو اس سے پہلے کہ صدقہ والی چیز نہ رہے۔

3)بعض ائمہ (فؒ) جسکے پاس صبح وشام کا کھانا ہے تو صدقۃ النظر پہلے دو تا کہ سبقت کا ثواب ملے تو یہ عمر بن عبد العزیز کے زمانے میں ہو گا: قتل وقتال کی وجہ سے کم لوگ ہونگے اور مال زیادہ ہو گا۔

-یَھِمَّ ربُّ المال أی یقصد: تلاش کرے گا۔ یُھِمُّ: پریشان؛ یحزن ربَّ المال(یوقعہ فی الھم والفکر)

-عیر: قافلہ اور إبل الطعام

-دوسری روایت: ایک عورت دور کا سفر کرے گی اور اپنی منزل مقصود تک پہنچے گی۔

-قلۃ الرجال:1) کم پیدا ہونگے؛ 2) قتل وقتال کی وجہ سے۔

باب: اتقوا النار ولو بشق تمرة والقليل من الصدقة (حدیث:1415-1416-1417-1418)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)ما قبل ذکر التعجیل، اب صدقۃ بالقلیل کا ذکر ہے اور یہ ادنی درجہ ہے

2)امام احمدؒ کے نزدیک صدقہ کے بعد کچھ بچ جائے تو اسکو بھی صدقہ کرنا واجب ہے مثلاً:10 صاع میں ایک صاع دینا ہے، تو اگر 10 صاع اور نصف ہے تو ایک صاع اور نصف دینا ہو گا یا مثلاً20 صاع اور نصف ہے تو2 صاع اور نصف دینا ہو گا۔

-ولو بشق تمرة:1)اگرچہ کھجور کے ایک ٹکڑے دے دو

2)کسی کے کھجور کے ٹکڑے مت دباؤ ورنہ یہ بھی سبب نار ہے

-تثبیتًا:1)یقینًا من أنفسہم؛ 2)تحقیقًا للمصرف؛ 3)للآخرۃ(جمع ہو جائے آخرت میں)؛ 4)للعادۃ من أنفسہم۔

لمز: سامنے عیب نکالنا اور ھمز: پیچھے عیب نکالنا(پس پشت)

باب فضل صدقة الشحيح الصحيح (حدیث:1419-1420)

- الشحیح: بخل مع الحرص۔ والصحیح: تندرست۔
- آیت کریمہ میں تخویف صدقے کے تأخر میں موت تک
- اشکال: دوسری روایت سے پتہ چلا ہے کہ بخیل بعید من اللہ والناس ہے اور صحیح قریب من اللہ وقریب من الناس۔

جواب:1) شحیح کا مطلب المحتاج إلی المال(تو وہ قائم مقام حریص وبخیل) ذکر الشحیح مراد محتاج إلی المال اور علت مشترکہ یہ ہے کہ دونوں اس محل میں کہ مال نہ دے

2) شحیح سے مراد: من یکون فی محل البخل یا ما یکون فی محل البخل

اچھاجواب 3) شیخ اپنے معنے میں ہے: بخل مع الحرص لکن یُجبر علی قلبہ ویتصدق وفیہ أجران: 1) مجبوری طبیعت پر؛ 2) صدقہ کیا

باب (معری)

- الجود سبب اللّحاق بالنبی ﷺ إذا کان فی زمان الصحۃ والفراغ؛ حالت صحت وفراغ اور عمل ہمیشہ ہے۔
- أطولکنّ یدًا: دونوں ہاتھ مراد؛ سودہؓ کے لمبے قد اور ہاتھ لمباظاہری معنی تھا
- اس روایت میں عام روایت کی مخالفت، باقی زینبؓ کے بارے میں ہے اسلئے کہ وہ سخی تھی۔
- زینبؓ، عمرؓ کے زمانے میں انتقال کر گئی اور سودہؓ معاویہؓ کے زمانے میں، تو راوی کی غلطی ہے یہاں اور مسلم کی روایت میں یہی ہے کہ زینبؓ کا انتقال پہلے ہوئی اور دوسری روایت حاشیہ میں مذکور۔
- یا تاویل: ولکن زینب ماتت أول فعلنا بعد وفاتھا
- إنما کانت طولّ یدھا أی المرأۃ المتوفاۃ

باب صدقة العلانية(191)(حدیث:.....)

- صدقہ علانیہ (فرض) ہو جائز اور سرًا بھی جائز، یا تشجیع مقصود یا غیر رشتہ دار پر ہو
- صدقۃ السر جائز اور اولی اسلئے مؤخر رکھا
- ولا ھم یحزنون بما فاتھم فی الماضی لاخوف علیھم بالمستقبل
- حزن: بموت المحبوب بفوات المطلوب

بعدم حصول اللذات بالسلامۃ من الآفات

باب صدقة السر(حدیث:.....)

- فنِعِمّا شیئًا إبداؤھا (الصدقات)

باب إذا تصدق على غني وهو لا يعلم(حدیث:1421)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: غنی کو زکوۃ دی اور معلوم نہیں تو جائز اسلئے کہ فقیری معلوم کرنا مشکل ہے۔
- بیٹے کو زکوۃ دی اور بعد پتہ چلا تو زکوۃ ادا نہیں ہوئی اسلئے کہ اسکی تحقیق آسان
- اسی طرح کافر کو دیا تو اعادہ ہو گا
- اسمیں کچھ نہ کچھ فائدہ ہے: سارق بھی رک جائے گا اور زانیہ رک جائے گی، غنی قیاس کرے گا دینے والے پر اور صدقہ دے گا۔
- اللھم لک الحمد: امر قبیح پر شکر کرنے کا کیا مطلب؟

جواب: 1) اے اللہ تیرا شکر ہے آپکے ارادے سے ہوا اور میرے ارادے سے نہیں

2) مقام تعجب میں استعمال ہوا کہ میں کیا کرنا چاہتا تھا اور کیا ہوا؟

3) سارق زانیہ اور غنی کو ملا تیرا شکر ہے کہ کافر و مشرک کو نہیں ملا، اقبح سے تو کم از کم بچ گیا۔

-شر کی مجلس میں جانا اور معصیت کی مجلس میں جانا اور اسپر خوش ہونا تو یہ کفر ہے اور اگر کسی جائز کام کے لئے جائے تو جائز جبتک قبیح کو قبیح سمجھے اور اگر روکنے کے لئے جائے تو بہتر ہے اور مستحب ہے۔

-معلوم ہوا کہ صدقہ (فرضی) نہیں ہو سکتا ہے۔

-کسی بکری کو ذبح کیا اور فقراء کو کھلایا اور چند اغنیاء کو ملا یا تو ثواب ملے گا لیکن خلاف اولی ہے۔

-اگر منت و نذر ہو تو صرف فقراء کو دینا لازمی ہے

-بیٹے کو زکوۃ دی:فؒ:اگر معلوم نہ ہو کہ بیٹا ہے تو زکوۃ ادا ہو جائے گی اور قید لگائی إذا کان غارمًا أو غازیًا

-یہاں لایشعر آیا:یستعمل فی الإدراک بالحواس تو کھلی بات پر بھی مطلع نہ ہو سکا اور پہلے لایعلم کا لفظ استعمال کیا۔

باب إذا تصدق على ابنه وهو لا يشعر(حدیث:1422)

- خطب علی:میرے نکاح کا انتظام کیا؛ خطب إلیّ:میرے نکاح کا پیغام دوسرے کے یہاں سے آیا۔

باب الصدقة باليمين(حدیث:1423-1424)

- 1)دائیں ہاتھ سے دینا بہتر ہے؛ 2)اپنے ہاتھ سے نہ کہ دوسرے کے ہاتھ سے۔
- لا تعلم شمالُہ:1)مبالغہ پر محمول ہے؛ 2)حتی لا تعلم من فی شمالہ؛
- فغاضت عیناہ:1)مبالغہ پر محمول؛ 2)ذکر المحل و مرادہ الحال۔
- دوسری حدیث میں یمین کا ذکر نہیں!

جواب:1)زیادہ تھا تو دونوں ہاتھ کی ضرورت تھی اٹھانے کے لئے

2)یہاں دینے کا ذکر اور ما قبل میں یمین کا ذکر تو دونوں کو ملائے

3)یمین کا ذکر نہیں اشارہ ہے کہ لازم نہیں۔

باب من أمر خادمه بالصدقة ولم يناول بنفسه(ص192)(حدیث:1425)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:بہتر کہ خود صدقہ دے دے لیکن خادم سے بھی دلوا سکتے
- خصلتان لم یکن النبی ﷺ یکلمہما إلی أحد من أھلہ:کان یُناول المساکین بنفسہ ولا یکل طھورَہ إلی أحد۔
- ایک مالک دینے والا معطی اور ایک واسطہ پہنچانے والا(خادم)
- شیئًا:1)مفعول مطلق نقصًا؛ 2)مفعول بہ من مقدر
- ترجمۃ الباب سے مناسبت:1)جب عورت شوہر کا مال دے دے تو خادمہ کے مثل ہے۔

2)للخازن مثل ذلک،تو خازن خادم ہے۔

باب لا صدقة إلا عن ظهر غنى(حدیث:1426-1427-1428-1429)

- لا صدقۃ کاملۃٌ إلا عن ظھر غنیً یا ظھر زائد (جیسے اکثر زائد آتا ہے) تو غِنیٰ بمعنی غَنِیٍّ
- مسند احمد کی روایت ہے یا زائد نہیں تو معنی یہ ہے لا صدقۃ کاملۃٌ إلا بعد بقاء غنیٰ اور ظھر بمعنی پشت
- احناف دلیل پکڑتے: کہ صدقۃ الفطر غنی پر ہے نہ جسکے پاس قوت یومہ
- ائمہ ثلاث: جسکے پاس قوت یومہ تو صدقۃ الفطر لازم ہے۔
- یہ حدیث متوسطین اور متضعفین کے لئے؛ سُلیک غطفانی کو صدقہ ملا پھر خود صدقہ دینا چاہا تو آپ ﷺ غصہ ہوئے۔
- کعب بن مالکؓ پورا مال کا صدقہ کرنا چاہتا تھا لیکن آپ ﷺ نے قبول نہیں کیا، اسی طرح آپ ﷺ نے سونے کا ٹکڑا قبول نہیں کیا کسی شخص سے۔
- ردٌّ علیہ بمعنی فی غیر محلہ چیز واپس دیا جاتا ہے۔
- لا صدقۃ إلا عن ظھر غنیً إلا أن یکون معروفًا بالصبر
- ویؤثرون: ابو طلحہؓ اور انکی بیوی نے مہمان کو کھلایا اور خود بھوکے رہے تو توکل کی ایک قسم یہ ہے کہ اسباب کو اختیار کرے اور نتیجہ اللہ پر چھوڑ دے اور دوسری قسم کا توکل: اسباب کو بھی چھوڑ دے۔
- وابدأ بمن تعول: مثلاً حتی اللقمۃ تضعھا فی امرأتک
- الید العلیا (المعطیۃ) خیر من الید السفلی (الآخذۃ)
- الید غیر الماسکۃ خیر من الید الماسکۃ
- اللہ کا دینا بہتر ہے مخلوق کے دینے سے
- المتعفِّف من السؤال خیر من الید غیر المتعففۃ
- مولانا بنوریؒ: یہ محمول ہے صدقات پر نہ کہ ہدایا پر (الید العلیا خیر من الید السفلی) اسلئے کہ آپ ﷺ نے ہدایا قبول کیا ہے۔
- مولانا ابو الوفاء افغانی نے شادی نہیں کی اور صدقہ وہدیہ پوری زندگی میں نہیں لی۔
- یستعفف: 1) یجتنب عن السؤال یجنِّبہ اللہ عن السؤال
  2) یجتنب عن الحرام یجنبہ اللہ عن الحرام

-الید غیر السائل خیر من الید السائل یا الید المتعففۃ خیر من الید غیر المتعففۃ

باب المنان بما أعطی (حدیث:.....)

- یہ باب معری ہے اور بعض باب قائم کرتے باب فی ذم المنان بما أعطی
- الصدقۃ: لرضاء اللہ والھدیۃ: لفرح قلب المھدی لہ ولو کان الأصل رضی اللہ۔
- ابتداء اچھی اور انتھاء خراب
- مسلم کی روایت: 3 قسم کے لوگ شفقت سے نہیں دیکھا جائے گا: الذی لا یعطی شیئًا إلا منَّ بہ العاقّ لوالدیہ والمسبل ازارہ...
- صدقہ کے شرائط: 1) مال حلال ہو؛ 2) اخلاص وثواب کی نیت؛ 3) منّ واذی نہ ہو اور ریاکاری نہ ہو۔

باب من أحب تعجیل الصدقۃ من یومھا (حدیث:1430)

- فھذا أفضل فی الفرض والنفل
- من یومھا أی من یوم وجوبھا یا قبل یومھا.....
- صدقہ فرضیہ:فؒ:علی الفور؛ حؒ:علی التراخی؛ در مختار میں احناف کا فتوی علی الفور ہے۔
- تبر:قطعۃ من الذھب غیر مضروبۃ

باب التحریض علی الصدقة والشفاعة فیها(حدیث:1431-1432-1433)

- شفاعۃ:طلب الخیر للغیر،اپنے مطالبہ کو دوسرے کے مطالبہ کے ساتھ ملانا؛الدال علی الخیر کفاعلہ
- اشفعوا توجروا،فیقضی اللہ علی لسان نبیہ ماشاء۔
- تحریض:1)غیر معین کے لئے؛2)مساوی،برابری یا ادنی میں مستعمل؛ 3)اصرار زیادہ؛ 4)خیر وشر دونوں میں مستعمل۔
- شفاعت:اعلی کے لئے،اکثر خیر میں مستعمل؛معین کے لئے؛اصرار زیادہ ہو یا نہ ہو۔
- ترجمۃ الباب کا مقصد:جب تعجیل الصدقۃ ہے تو تحریض اور شفاعت بھی کرنا چاہئے
- امر ھنّ:محل ترجمہ تحریض ہے۔
- خُرص:بالیاں یا چاندی سے بنا ہوا جو کان میں رکھتے؛ قلبٌ:لانہ کان مقلوبًا(کنگن)
- لا توکی:تھیلا کو بند مت کرو ورنہ فتمنع المال والانعام؛ وکاء:باندھنا۔

باب الصدقة فیما استطاع(ص193)(حدیث:1434)

- ما قبل میں لا صدقۃ إلا عن ظھر غنی تو معلوم ہوا کہ غنی موصدقہ دینا چاہئے اور یہاں جتنی طاقت ہو اتنا دے دو چاہے غنی ہو یا نہ ہو۔
- دوسری روایت:افضل الصدقۃ جھدُ المقلِّ تو یہ بہ ظاہر تعارض ہے؟!
- تطبیق:1)اعلی درجہ یعنی عزیمت یہ ہے کہ جتنا دے سکتے دے دو اور دوسرا رخصت ہے۔
  2)متوکل کے لئے فی ما استطاع اور غیر متوکل کے لئے غناء دیکھا جائے گا۔
  3)غنی کو دینا چاہئے کثیر اور فقیر کو دینا چاہئے قلیل اسی لئے إرضخی کا لفظ آیا؛إذا تشارک المرأۃ والغلام تُرضخ۔

باب الصدقة تكفر الخطیئة(حدیث:1435)

- صدقہ آخرت کا فائدہ ہے کفارۂ سیآت ہے(قد مرّ ھذا الحدیث قبل)

باب من تصدق في الشرك ثم أسلم(حدیث:1436)

- تقبل صدقتُہ؛ فیہ مدح الصدقۃ ولو کانت من کافر،إذا کانت نتیجۃ الاسلام
- کیوں قبول ہے کافر کا صدقہ؟ فلا نقیم لھم یوم القیامۃ وزنا آیا ہے اور کسر اب بقیعۃ؛وقدمنا إلی ما عملوا.....فجعلناہ ھباء منثورًا
- یہ آیات محمول ہیں اگر مر جائے حالت کفر پر۔

- جواب:1)اسلام کی برکت سے سابقہ صدقات کو قبول کیا گیا تفضلاً من اللہ سبحانہ وتعالی؛لیکن اس پر اشکال ہے کہ نیت کے بغیر کیسے قبول ہوا؟جواب:ترک النیۃ القبیحۃ فی الطاعات کافی اور طاعات وہ ہے جسکو مسلمان وکافر،سب کار خیر سمجھتے
- قربات:جو اللہ تعالی کے قریب کردے،اللہ تعالی کی صفات میں تفکر ہے تو اسمیں ترک النیۃ القبیحۃ کافی ہے۔

2)یا اگر مقبول نہیں تو ممکن ہے کہ دنیاوی مصیبت دفع ہو جائے یا عذاب میں تخفیف ہو جائے۔

-1)أسلمتَ مع ما تقدم لک من خیر:علی مع کے معنے میں آتا ہے(یہ صحیح ہے اور باقی معانی خلاف ظاہر ہے)

2)ھُدیتَ إلی الإسلام ببرکۃ ما اسلفتَ من خیر

3)اسلمت علی ما سلف فیکَ من خیر أی علی ما وُجد فی طبیعتک من خیر۔

4)صدقہ تو ہم جاہلیت میں بھی کرتے تھے تو اب کیا ہو گا؟یعنی ثواب ہو گا یا نہیں؟اسلمتَ علی مثلِ ما سلف لک من خیر أی من أعمال الخیر۔

صدقہ کے بارے پوچھا اور نماز کے بارے میں نہیں اسلئے کہ جانتے تھے کہ ثواب ملتا ہے صلاۃ پر اور اعتاق اور صدقہ تو جاہلیت میں بھی مشہور تھا، تو ثواب ہے اسپر یا نہیں؟

- اور یہ اسکی طرح ہے:وأورثناھا بنی إسرائیل یعنی اسکے مثل۔
- یا ھو الذی یتوفاکم باللیل ویعلم ما جرحتم بالنھار ثم یبعثکم فیہ:اسکے مثل کے دن میں اٹھائے گا۔

باب أجر الخادم إذا تصدق بأمر صاحبه غير مفسد(حدیث:1437-1438)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:صدقہ اتنا پھیلا ہوا عمل ہے کہ بیوی کو بھی خادم کو بھی لے جانے والے کو بھی،حفاظت کرنے والے یعنی خازن کو بھی،ادا کرنے والے کو بھی سب کو ثواب ملتا ہے جیسے شراب میں سب کو گناہ ملتا ہے۔

باب أجر المرأة إذا تصدقت، أو أطعمت، من بيت زوجها، غير مفسدة(حدیث:1439-1440-1441)

- عورت کے لئے امر صریح کی ضرورت نہیں جیسے خادم کے لئے بلکہ اتنا امر کافی ہے بلکہ امر کتابی کافی ہے تو خلاصہ یہ ہے کہ بڑی چیز کے لئے اجازت کی ضوروت،اور چھوٹی چیز کے لئے ضروری نہیں؛دوسری روایت میں:"إذا انفقت المرأۃ من بیت زوجھا من غیر أمرہ"

باب قول الله تعالى: {فأما من أعطى واتقى، وصدق بالحسنى، فسنيسره لليسرى، وأما من بخل واستغنى، وكذب بالحسنى، فسنيسره للعسرى} [الليل: 6] «اللهم أعط منفق مال خلفا»(حدیث:1442)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:صدقہ دینا چاہئے کہ جو صدقہ دینا تو فرشتوں کی دعاء کا مستحق بن جاتا ہے دنیا میں خَلَف کے ساتھ اور آخرت میں ثواب کے ساتھ۔
- أعطی:ابو بکرؓ نے امیۃ بن خلف سے بلالؓ کو خریدا ایک اوقیہ 2000 دینار اور گورا غلام نصناص
- عامر بن فُھیرۃ کو خریدا،زنسرۃ کو خریدہ، جبار بن سلمۃ.....
- خلفًا:بہترین جانشین
- علامہ سندھی یہ توجیہ کرتے:اللھم أعط بخیلا تلفًا ای توفیق إنفاق المال۔

باب مثل المتصدق والبخيل(حدیث:1443-1444)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: بیان تمثیل تا کہ قائم مقام دلیل مل جائے، مثال کہاوت، ضرب الأمثال کو بھی کہتے ہیں۔
- ایک روایت میں جُبّتان کے بجائے جُنّتان ہے یعنی زراہ؛ ترقوۃٌ: چنپرے، گردن کا وحصہ جہاں سے پسلیاں شروع ہے گلے مے پاس۔ اگر کوئی کہے کہ آسان مثال تو یہ تھی کہ سخی کا صدقہ آسان ہے جیسے حلویٰ کھانا یا پانی پینا تو یہ مشکل مثال کیوں لائے؟ جواب: مصلحت وحکمت ہے۔
- جواب: 1) قمیص کھل جاتی ہے تو ہاتھ نکالنا آسان ہے جیب سے: فتح الید سھلٌ لہ۔
2) قمیص کے گریبان کھل جاتی: اشارہ إلی انشراح الصدر
3) قمیص کھل جاتی ہے یہاں تک کہ پورے بدن پر حاوی ہو جاتی: اشارۃ إلی محوِ ذنوبہ وسیّآتہ؛ عیوب چھپ گئے۔
4) قدم کے نشانات کو مٹاتا ہے اسلئے کہ قمیص کھینچنے کا اثر باقی تو یہ اشارہ إلی بقاء أثرہ فی الدنیا وفی الآخرۃ (ثواجنت میں)
5) بخیل کی مثال۔

یہاں بھی وہی اشکال وارد ہے: بخیل کا خرچ کرنا اتنا مشکل ہے جتنا کڑوی دوا پینا۔

1) ہاتھ نہیں چلتا؛ 2) شرح صدر نہیں؛ 3) قمیص کھلتا نہیں تو عیوب ظاہر؛ 4) قدم کے نشانات نہیں مٹے بما قدمت أیدیھم باقی یعنی سیّآت نہیں مٹے؛ 5) نہ اسکا ذکر خیر دنیا میں اور نہ آخرت میں فائدہ وثواب ہے۔

-جُنّۃ: حِصنٌ؛ زراہ۔

باب صدقة الكسب والتجارة(ص194)(حدیث:.....)

- ظاہر یہ کی تردید ہے جو کہتے کہ مال تجارت میں زکوۃ نہیں۔
- حدیث: کان رسول اللہ یأمرنا بالصدقۃ فیما نعدہ للبیع (یہ حدیث مصنفؒ کی شرط پر نہیں ہو گی اسلئے آیت پر اکتفاء کیا)

باب: على كل مسلم صدقة، فمن لم يجد فليعمل بالمعروف(حدیث:1445)

- صدقہ کے اقسام کا بیان ہے: صدقۃ: قول حسن یا فعل حسن یعنی دوسروں تک خیر پہنچانا۔
- پہلی قسم: 1) صدقۃ بالمال؛ 2) عمل بالید دوسروں کو فائدہ پہنچانا: ہنر صنعت اور ہوشیاری کا کام جیسے ڈرائور یعنی حرفت وصنعت کو جانتا ہو (ٹائپنگ کو جانتا ہو)؛ 3) یعین ذا الحاجۃ الملھوف: اسمیں ہنر کی ضرورت نہیں (کسی کی کار بند ہو گئی تو دھکا دینے میں مدد کی) بوجھ اٹھایا اسکے لئے۔ 4) عمل بالمعروف: اصل امر بالمعروف ہے لیکن عمل کا لفظ اسلئے لایا کہ صرف دعوت کا کام نہیں بلکہ عمل بھی ہے۔
- ولیمسک عن الشر (2 قسم کی نھی): 1) نھی عن المنکر صراحۃً (مثلاً کہا کہ قرآن میں یہ برا کام میں شمار ہے اسلئے مت کرو)
2) امساک: اسکو خیر کی طرف لایا اور شر سے باز رکھا (مثلاً سینما کے لئے جارہا تھا تو بلا کر کہا ارے بھائی مت جاؤ، آجاؤ ہمارے ساتھ، فلاں جماعت ہمارے یہاں آئی ہے) تو جب مسجد میں لایا تو مسجد سے باہر کے جتنے شر ہیں اسکو بار رکھا ان سے تو یہ بھی ضمنی ہے۔

باب: قدر كم يعطى من الزكاة والصدقة، ومن أعطى شاة(حدیث:1446)

- فلیس بکثیر؛ احناف: کسی کو زکوۃ دے تو نصاب سے کم دے دے مالدار نہ بنائے؛ احناف اور مالکیہ: مدار نصاب ہے۔
- فؒ: صاحب نصاب لے سکتا ہے اگر محتاج ہو۔
- دؒ: محتاج لے سکتا ہے اور غیر محتاج نہیں لے سکتا، اگرچہ صاحب نصاب نہیں گویا مدار احتیاج پر ہے۔
- آپ ﷺ نے گویا اشارہ کیا کہ تبدیل ملک کی وجہ سے تبدیل شیء ہو گئی۔
- محلُّھا: قبولیت کا محل کو پہنچ گیا ہو، فقیر کے گھر پر اباحت کے طور پر کھائے تو اکثر فقہاء ناجائز کہتے لیکن اسمیں مشقت و مصیبت ہے چنانچہ فتاوی دار العلوم زکریا میں ایسے جزئیات کو بیان کیا کہ یہ بھی جائز ہو جاتا ہے۔

باب زكاة الورق(حدیث:1447)

- ورق: پتے یا چاندی کو کہتے
- پہلے چاندی کا باب لایا اسلئے کہ بازار میں زیادہ چلتا ہے بہ نسبت دینار کے۔
- نصاب چاندی: 595 گرام؛ سونا: 85 گرام؛ 5 اوقیہ: 200 درہم
- 5 وسق: ح900 کیلو گرام؛ شافعیہ کے مختار قول: 553 کیلو گرام۔
- دؒ: احتیاج مدار ہے؛ کؒ اور حؒ: عدم نصاب مدار ہے اور احناف کے نزدیک 5 وسق سے کم میں بھی صدقہ ہے۔

باب العرض في الزكاة(حدیث:1448-1449)

- عرض: وہ حیوان نہ ہو، مکیلات نہ ہو موزونات نہ ہو اور زمین نہ ہو۔
- ترجمۃ الباب کا مقصد: زکوۃ میں سامان دے سکتے یا زکوۃ میں قیمت دے سکتے: اسمیں فقیر کا فائدہ ملحوظ رہے گا۔
- مثلاً: کسی کے پاس تجارت ہے لکڑیاں کی اور لوہے کی تو فقیر کے گھر ویسے بھی تنگ ہو گا تو لکڑیاں اور لوہا کہاں رکھے گا؟
- آپ ﷺ نے ایک فربہ اونٹنی کو دیکھا تو پوچھا یہ کیوں لیا تو کہا کہ قیمت کا حساب لگا کر لیا (ناقۃ کومۃ) اسلئے کہ اصل چیز اسکے پاس نہیں تھی۔ ائمہ ثلاث: قیمت نہیں چلتی، اصل چیز ضروری ہے لیکن آج کل شافعیہ وغیرہ بھی قیمت پر فتوی دیتے ہیں
- خالد بن الولید نے سامان وقف کیا اللہ کے راستے میں تو جب وقف کرنا ممکن ہے تو زکوۃ میں بھی یہ ممکن ہو گا، دونوں یعنی زکوۃ اور وقف تقریباً برابر ہے۔
- ولو من حلیکن اور زیورات ضروری نہیں ہے کہ سونا اور چاندی سے ہو۔
- بنت مخاض: یک سالہ اسلئے اسکی ماں دوسری ولادت میں مشغول ہوتی ہے۔
- جو عوض میں دیا: ادلہ بدلہ ہوا گویا قیمت کا لحاظ کیا گیا۔
- بنت مخاض ایک حیثیت سے بہتر کہ صفۃ الأنوثۃ ہے اور ابن لبون اگرچہ نقص ہے کہ ابن ہے لیکن خوبی ہے کہ 2 سالہ ہے۔
- شافعیہ جنکے نزدیک یہ معاملہ جائز نہیں تو اسکی تاویل کرتے کہ یہ علی سبیل الأصل ہے نہ کہ علی سبیل البدل اور کہتے کہ ہر زمانے میں مختلف ہونگے تو معلوم ہوا..... ہر وقت 20 درہم دیں گے اگرچہ قیمت زیادہ ہو گویا شریعت کی طرف سے مقرر

- احناف کا جواب: ہر سال 20 درہم اور 2 شاۃ کی قیمت تھی تو معلوم ہوا کہ اس زمانے کی قیمت تھی
- دوسری حدیث لازم ہے فضہ اور اسکی جگہ غیر فضہ دیا۔

باب: لا يجمع بين متفرق، ولا يفرق بين مجتمع(ص195)(حدیث:1450)

- احناف: مالکین کا اعتبار ہے ایک جگہ جمع ہونے کا اعتبار نہیں: الاعتبار للمُلاک لا للمجتمع ولا للشرکۃ
- مثلاً 40 بکری ہیں 20 زید کے لئے اور 20 عمر کے تو زکوۃ کسی پر بھی لازم نہیں اگرچہ دونوں شریک ہوں۔
- آپ ﷺ نے غنم کے بارے میں: فی کل اربعین شاۃً شاۃً فان لم یکن إلا تسعۃ وثلاثون فلیس علیک شیءٌ
- ابو داؤد میں: 1567 - ...فَإِنْ لَمْ تَبْلُغْ سَائِمَةُ الرَّجُلِ أَرْبَعِينَ، فَلَيْسَ فِيهَا شَيْءٌ... "
- خِلطت کی دو قسمیں: 1) خلطۃ شیوع: میں اور مؤذن دراہم کو شریک کر کے 80 دنبے خریدے

2) خلطۃ الجوار: 40 میرے اور 40 مؤذن کے الگ الگ ہیں لیکن ایک ساتھ کھڑی کر دی

-خلطۃ الجوار میں قانون یہ ہے کہ ہر ایک کی زکوۃ الگ ہے اور خلطۃ الشیوع میں مشترک لیا جائے گا ایک ساتھ اور مالکین کا اعتبار کیا جائے گا تو عامل 2 دنبے لیں گے، ہاں البتہ اگر فرق ہو 3/1 اور 3/2 یترجعان، یہ الگ مسئلہ

-عامل ایک جگہ سے اکٹھی زکوۃ لے گا خلیطین سے پھر وہ لوگ آپس میں ادلہ بدلہ کریں گے۔

-دوسرے ائمہ: خلطت کا اعتبار یعنی کمپنی کو دیکھیں گے، مالکین کو نہیں: مالکین 2 ہیں لیکن کمپنی ایک تو ایک بکری لی جائے گی۔

-کؒ فؒ: شرکت کی اتحاد کے لئے 10 چیزوں کی ضرورت ہے اور رحؒ: 6۔

-منک فرحؒ: م: 1) مُراح (رکھنے، راحت کی جگہ ایک ہو)؛ 2) مرعیٰ چراہ گاہ؛ 3) مسریٰ: گھوم پھرنے کی جگہ؛ 4) محلب: دوہنے کی جگہ

ن: نیت؛ ک: کلب اور محافظ؛ ف: فحل یعنی سب کا ایک مذکر ہو؛ ر: راعی ایک ہو۔ ح: حوض جہاں پانی پیتے؛

ح: حالب ایک ہو۔

- دؒ: 6 چیزیں ہیں جو اس لفظ میں جمع ہیں مفردؒ؛ م: 1) مراح؛ 2) مرعی؛ 3) مسریٰ؛ 4) محلب۔

ف: فحل؛ اور ر: راعی۔

- لا یجمع کا فاعل 2 ہو سکتے ہیں: 1) مالک یعنی مالک متفرق کو جمع نہیں کریں گے: مثلاً 2 آدمی اور 40 بکریاں ایک جگہ میں تو اکٹھا کر دیا
- لا یجمع بین متفرق خشیۃ کثرۃ الصدقۃ
- لا یفرق: مالک متفرق نہیں کرے گا
- لا یفرق خشیۃ وجوب الصدقۃ
- احناف: جمع نہ کرے اسلئے کہ فائدہ نہیں: چونکہ 2 مالک ہیں اور تفریق بے کار ہے اسلئے کہ ہر ایک مالک کے پاس صرف 20 ہیں تو ویسے ہی صدقہ نہیں ہے۔
- اگر فاعل 2) عامل ہے: لا یجمع العامل..... جمع کیا خشیۃ سقوط الصدقۃ یا خشیۃ قلۃ الصدقۃ تو 2 لازم ہوا۔
- لا یفرق بین مجتمع: جب 80 جمع ہیں 2 مالک کے لئے تو متفرق نہ کرے کہ 40 یہاں رکھے اور 40 روشنی میں رکھے!
- فؒ: خِلطۃ الشیوع کا اعتبار ہے، اگرچہ ایک کا حصہ 40 سے کم ہے؛ کؒ: خلطۃ کا اعتبار جبکہ ہر ایک کا احصہ نصاب کے برابر ہو۔

باب: ما كان من خليطين، فإنهما يتراجعان بينهما بالسوية(حدیث:1451)

- بالسویۃ:لتکون زکوتہ متساویًا لحصّتہ
- مثال:2شریک: 1) 27دنبیاں؛ 2) 54دنبیاں توکل:81توعامل نے ایک دنبی لی
- 1)اس صورت یرجع صاحب الثلث علی صاحب الثلثین مثلاً:جو دنبی لی 3درہم کی قیمت ہے تو صاحب ثلث کو 1درہم وصول کرنا ہوگا صاحب ثلثین سے۔اسلئے کہ اصل زکوۃ صاحب ثلثین ہی پر لازم تھی اور احناف کے نزدیک 2ہی بکری لازم تھی
- 2) 2آدمی جنکے کل 120 بکریاں ہیں 1) 80اور 2) 40عامل نے 2دنبیاں لی،ایک دنبی کی قیمت جو لی فرض کرے کہ 3درہم ہے تو 2دنبی کے 6دراھم بنتے تو صاحب ثلثین کے 4درہم بنتے اور صاحب ثلث کے 2درہم بنتے جو عامل نے وصول کیا تو صاحب ثلث مطالبہ کرے گا صاحب ثلثین سے ایک درہم کا تاکہ ہر ایک کی طرف سے جو 3درہم لئے وہ برابر ہو جائے اپنے ملکیت کے حساب سے اور ائمہ ثلاث کے نزدیک اس صورت میں ایک ہی بکری لازم ہے(یعنی کل 120 بکریاں ہیں)
- 3) 2آدمی شریک ہیں 15اونٹ میں تو احناف کے نزدیک دو بکریاں(اسلئے کہ ہر ایک مالک ہیں 7.5اونٹ کے اور ہر 5اونٹوں میں ایک بکری ہے)؛ ائمہ ثلاث:3 بکریاں لازم ہیں اسلئے کہ کمپنی(شرکت)کا اعتبار ہے یعنی ہر 5اونٹوں میں ایک بکری لازم ہے۔
- امام بخاریؒ:احناف کے موافق ہے اور سفیان ثوریؒ کے نزدیک خِلطت کا اعتبار نہیں۔
- زکوۃ کے قوانین کا ذکر تھا یہاں تک۔

باب زكاة الإبل(حدیث:1452)

- اب جانوروں کی زکوۃ شروع کرتے اور اونٹ مقدم کیا اسلئے کہ حدیث میں اِبل مقدم ہے یا لکثرتھا فی العرب
- ویحک:کلمۃ زجر
- جب آدمی ہجرت کرتا ہے پھر واپس وطن میں نہیں آتا بلکہ ہجرت جب کرتا ہے تو اللہ کے لئے کرتا ہے۔

باب من بلغت عنده صدقة بنت مخاض وليست عنده(حدیث:1453)

- تکرار کی وجہ سے لکل مرتبۃٍ عشرون درھمًا؛اوپر والا چھوڑ کر نیچے والا لے لے تو20درہم لے لے ساتھ
- کؒ:مالک جانور پر ضروری ہے کہ جانوروں کو خرید کر دے دے(20درہم ہر مرتبہ کے لئے نہیں چلے گا)
- جذعۃ:4سالہ:جسکے تمام دانت گر گئے اور حِقّۃ:3سالہ سواری اور جفتی کے قابل ہے۔
- صعود میں جبر ممکن ہے(صرف ایک جانب ہے20دراھم اور اونٹ)اور نزول میں نہیں اور جانبین سے معاوضہ ہو تو جبر ممکن نہیں

باب زكاة الغنم(حدیث:1454)

- شرط مشہور ہے اسلئے شرط نہیں لگایا:سائمۃٌ صفت ہے اور صفت احناف کے نزدیک مفہوم مخالف پیدا نہیں کرتی کہ صفت ہے تو صفت اور صفت نہیں تو نہیں(یہاں صفت مثل علت ہے)۔
- أبي: تھذیب التھذیب:کثیر الغلط؛ یحیی بن معین:لیس بشیء؛ نسائی:ضعیف

- علامہ ساجی: ضعیف منکر الحدیث اور ابو داؤد: لا أُخرّجُ حدیثَہ
- بحرین کی دار لحکومت ھجر تھا (کھجوروں کے لئے مشہور جگہ) پہلے، اب بحریں الگ ہو گئے اور دار الحکومۃ منامۃ ہے
- کوئی فضول کام کرتا تو کہتے: فلانٌ کنا قل التمر إلی ھجر۔
- خط بسملہ پر مشتمل، الحمد للہ نہیں
- ائمہ ثلاث: حساب اربعینات اور خمسینات پر ہو گا اور درمیان معاف ہو گا یعنی 120 سے 140 کے درمیان کچھ نہیں ہو گا۔
- احناف: 120 سے زیادہ میں ہر 5 میں شاۃٌ، 145 تک پھر بنت مخاض حقتان کے ساتھ مل جائے گا اور 150 میں 3 حقۃ
- 150 سے زیادہ میں ہر 5 میں شاۃٌ، 175 تک پھر بنت مخاض اور ثلاث حقۃ
- 175 سے زیادہ میں ہر 5 میں شاۃٌ، 195 تک پھر ایک بنت لبون اور 3 حقۃ
- 196 سے 200 تک 4 حقۃ

تو یہ احناف کا مذہب ہے اور اسکو استیناف کہتے؛

- ابن مسعودؓ سے مروی (جیسے طحاوی میں 4/375 عمرو بن حزم کی کتاب یعنی خط سے منقول ہے) اور مؤطا امام مالک میں
- اور مصنف ابن ابی شیبۃ میں علیؓ سے مروی ہے سند قوی کے ساتھ (اسحاق بن راہویہ) (2/359 نمبر 9889)
- مذکر و مؤنث کے لحاظ سے: اونٹ: جمل/ناقۃ؛ گائے: ثور/بقرۃ؛ دنبہ: ضأن/نعجۃ؛ بکری: تیسٌ/عنزۃٌ
- اشکال: فی کل اربعین یہاں مذکور ہے اور درمیان کے بارے میں مسکوت ہے تو کہاں سے ثابت ہے؟

جواب: دوسری روایت ہے جسکو درمیان کے لئے استعمال کیا

اور 1) الاستیناف لا ینافی المنطوق اور 2) وفی ھذا الحدیث کلام یعنی سند پر جو پہلے گزر چکا (یعنی آبی پر جو کلام مذکور ہے)۔

باب: لا تؤخذ في الصدقة هرمة ولا ذات عوار، ولا تيس، إلا ما شاء المصدق (حدیث: 1455)

- مالک کو نقصان ہو گا اسلئے کہ متعدد بکریوں کے لئے ایک مذکر ہے۔
- إلا ماشاء المصدق من التیس یا عامل مراد إلا أن یشاء المصدق پھر استثناء سب کے ساتھ یعنی ھرمۃ، ذات عوار اور تیس
- تیس کو لے سکتا ہے بإذن الملک
- ترجمۃ الباب کا مقصد: کونسا جانور لے سکتا ہے اور کونسا نہیں؟ ھرمۃٌ: بوڑھا جانور جسکے دانت گر گئے۔

باب أخذ العناق في الصدقة (حدیث: 1456-1457)

- چار مہینے کا بچہ لینا جب عبد ار لے سکتا تو بچہ بھی، کوئی عیب نہیں سوائے صغر اور ھرم سے اولی ہے۔
- بعد تکمیل النصاب بالکبار یُعدُّ الصغار ورنہ نہیں، مثلاً: 120 سے کم میں 2 بکریاں مطلب اگر 40 بڑے ہو تب صغار کو شمار ہو گا۔
- کؒ: یکمل النصاب بالصغار۔
- اگر صرف صغار رہے تو زکوۃ ہے یا نہیں مثلاً: کبار مر گئے سب اور سال پورا ہو گیا تو اسمیں کچھ نہیں؛
- احناف: لا شیء فی الصغار؛ فؒ: اگر 40 صغار فیجب واحد؛ کؒ: یجب فیہ الکبیر ویُشتری

- احناف کی دلیل: لا شیءَ فی الفصلان والعجاجیل والحملان؛ عامل نے کہا: إنّ من عهدی أن لا آخذ من راضعِ لبنٍ
- مصنفؒ اس مسئلے میں کؒ اور فؒ کے موافق ہیں اور زیادہ فؒ کے موافق۔

باب لا تؤخذ كرائم أموال الناس في الصدقة(حدیث:1458)

- ھذہ آداب الزکوۃ: متوسط جانور لینا چاہئے، ما قبل آیا ہے کہ بوڑھا نہ لے اور یہاں عمدہ لینے کی ممانعت ہے تو مراد متوسط لینا ہے

باب: ليس فيما دون خمس ذود صدقة(حدیث:1459)

- اشکال: زکوۃ الغنم چل رہا ہے تو یہ کیسے زکوۃ الإبل تک پہنچے؟!

جواب: اسکا تعلق ساۃ سے بھی ہے یعنی 5 سے کم اونٹ میں شاۃ نہیں اور 5 سے زیادہ اونٹوں میں شاۃ ہے

- ما قبل وجوب کے لئے بیان تھا اور یہاں نفی کے بیان کے لئے۔

باب زكاة البقر(ص196)(حدیث:1460)

- آخر میں بقر اسلئے کہ عرب میں کم ہے اور مصنفؒ کی شرط پر حدیث نہیں ہے

ترمذی میں(13/2): 623 - حدثنا محمود بن غيلان، قال: حدثنا عبد الرزاق، قال: أخبرنا سفيان، عن الأعمش، عن أبي وائل، عن مسروق، عن معاذ بن جبل، قال: بعثني النبي صلى الله عليه وسلم إلى اليمن، فأمرني أن آخذ من كل ثلاثين بقرة تبيعا أو تبيعة، ومن كل أربعين مسنة، ومن كل حالم دينارا، أو عدله معافر.

هذا حديث حسن. وروى بعضهم هذا الحديث، عن سفيان، عن الأعمش، عن أبي وائل، عن مسروق أن النبي صلى الله عليه وسلم بعث معاذا إلى اليمن فأمره أن يأخذ، وهذا أصح.

- سند میں مسروق معاذؓ سے روایت لیتے اور ملاقات نہیں ہے، امام ترمذیؒ نے روایت کو حسن کہا ہے کثرت شوہد کی وجہ سے اور عمل صحابہؓ اور تابعی کی وجہ سے۔
- الجاموس کالبقر فی الزکوۃ والضحایا.....وکذالک فی حلّ اللحم
- مصنفؒ نے استدلال کیا کہ آدمی بقر اٹھائے گا اسلئے کہ زکوۃ نہیں دی تو معلوم ہوا کہ اسمیں زکوۃ ہے
- اشکال: رُدَّت کا تقاضا یہ ہے آخر میں جو گزرا وہ واپس پہلے ہو تو یہاں اولاھا کیسے؟

جواب:1) ردت علیہ أولاھا علی شکل الدائرۃ

2) آخر اولی بن گیا جب رخ بدل جائے۔

باب الزكاة على الأقارب(ص197)(حدیث:1461-1462)

- ائمہ اربعہ: اصول وفروع کو زکوۃ نہیں دے سکتے؛ مصنفؒ تمام اقارب کو زکوۃ دے سکتے
- حؒ کؒ: زوج کو نہیں دے سکتے؛ فؒ دؒ: بیوی دے سکتی شوہر کو؛ دؒ: وارث کو بھی نہیں دے سکتے: لایجوز إعطاء الوارث۔
- لن تنالوا البر:1) تقوی نہیں پاسکتے یہاں تک کہ فرض صدقہ دے

2) تقوی کامل کو نہیں پہنچ سکتے جبتک نفل صدقہ

-مما:6 نمبر:1) مال؛ 2) بدن وروح؛ 3) عزت وجاہ؛ 4) منصب؛ 5) رائے مشورہ؛ 6) اولاد

-رائع: نافذٌ ثوابہ علیک؛ نافذٌ وجائزٌ ثوابہ علیک۔

باب: ليس على المسلم في فرسه صدقة(حدیث:1463)

- وہ گھوڑا اور عبد جو تجارت کے لئے ہو تو بالاتفاق زکوۃ ہے۔ اور اگر خدمت کے لئے ہو تو بالاتفاق نہیں ہے۔
- تناسل اور دوسرے ضروریات (مثلاً سواری) کے لئے تو اسمیں اختلاف ہے: حؒ: اگر سب مذکر تو زکوۃ نہیں اور اگر سب مؤنث یا بعض تو لازم ہے۔ سمؒ اور دیگر ائمہ: تناسل کے لئے ہو تو زکوۃ نہیں۔
- خؒ: 1) عمرؓ عثمانؓ سے ایجاب الزکوۃ مروی؛ 2) طاؤس: ابن عباس سے خیل کے بارے پوچھا: أفیھا صدقۃ فقال.....
- تو غازی فی سبیل اللہ میں صدقہ نہیں تو باقی میں ہے: لیس علی کل فرس الغازی صدقۃ
- بیہقی کی روایت: جو دار قطنی میں مذکور ہے: فی الخیل السائمۃ علی کل فرس دینارٌ: تفرد بہ غورَق و قال ھو ثقۃ
- عمرؓ: وضع فی کل فرس دینارٌ وھکذا عثمانؓ
- عمرؓ نے علا الحضرمی کو بھیجا لصدقۃ الخیل اور عثمانؓ بھی لیتے تھے۔
- سمؒ اور ائمہ ثلاثہ: زکوۃ نہیں ہے وعلیہ الفتوی؛ اگر تناسل اور رکوب کے لئے تو اسمیں اختلاف ہے۔
- إن کان للرکوب أو علوفۃً تو نہیں بالاتفاق۔

باب: ليس على المسلم في عبده صدقة(حدیث:1464)

- قاضی خان کا فتوی سمؒ کے قول پر ہے؛ صدقۃ الفطر واجب
- تجارت کے غلام پر، خدمت کے نہیں ہے۔
- حؒ: محمول ہے کہ مسلمان پر زکوۃ نہیں اس عبد پر جو خدمت کے لئے ہو اور اس فرس جو رکوب کے لئے ہو۔

باب الصدقة على اليتامى(حدیث:1465)

- 1) الصدقۃ علی الیتمی: یتیمون: معطی لہ؛ فقیر اور یتیم بھی ہے: من لا والد لہ وھو صبی

2) یتامی: معطِی: یکون الیتیم معطیًا: احناف کے نزدیک اس پر زکوۃ نہیں ہے۔

-حدیث: رفع القلم عن ثلاث: عن مجنون حتی یفیق وعن نائم حتی یستیقظ وعن صبی حتی یبلغ۔

-ابن مسعودؓ: لیس فی مال الیتیم صدقۃ: وفی سندہ لیث بن ابی سلیم وقد روی عنہ أبو حنیفۃ قبل الاختلاط

-فؒ: زکوۃ ہے اور دلیل: ألا من ولی یتیما.....لئلا تاکلہ الصدقۃ

جواب: 1) سند میں مثنی بن صباح ضعیف اور منکر الحدیث ہے

2) صدقہ سے مراد نفقۃ اسلئے کہ النفقۃ علی العیال صدقۃ تو مطلب مال تجارت میں لگائے اور دلیل: زکوۃ تو چوتھائی حصہ یا.....

3)صدقۃ الفطر مراد اور صدقۃ الفطر راس کی وجہ سے

-مصنفؒ یہ بتلانا چاہتا ہے کہ یتیم کے مال سے صدقہ نہیں ہوگا تو ہلاک ہوگا۔

اگر یتیم معطی لہ ہے تو مطلب معطی ہلاک ہوگا اگر یتیم کو نہ دے۔

معطوف علیہ: انصیر النعمۃ مصیبۃً ویأتی الخیر بالشر / تقدیم وتاخیر ہے وأیأتی الخیر بالشر

- شر پیدا ہوگا مصرف پر خرچ نہ کرنے کی وجہ سے، صدقہ مفروضہ نہ دینے کی وجہ سے۔
- یا شریعت کو نافذ نہ کرنے کی وجہ سے۔
- شرح مواھب لدنیہ للزرقانی: آپ ﷺ کی شان میں:

شعر: **يقول لنا لسان الحال منه ... وقول الحق يعذب للسميع**

فوجهي والزمان وشهر وضعي ... ربيع في ربيع في ربيع

- **1)فنعم صاحب المسلم ما أعطى منه المسكين(مبدل منه بدل)**
- 2)فنعم صاحبَ المسلم المالُ
- مثال کا خلاصہ: جو جانور کھانا کھاتے (چارہ) تو جانور کی 2 قسمیں:

1)وہ جانور جو چارہ کھاتا ہے بقدر کفایت: اسمیں نکالنے کی ضرورت نہیں: یہ ان لوگوں کی مثال جو بقدر کفایت کھاتے اور بقدر کفایت مال لیتے اور زائد مال کی طرف نظر نہیں ڈالتے جیسے ابو ذرؓ ابو بکر صدیقؓ

-مسلم:(2958) حدثنا هداب بن خالد، حدثنا همام، حدثنا قتادة، عن مطرف، عن أبيه، قال: أتيت النبي ﷺ وهو يقرأ: ألهاكم التكاثر، قال: " يقول ابن آدم: مالي، مالي، قال: وهل لك، يا ابن آدم من مالك إلا ما أكلت فأفنيت، أو لبست فأبليت، أو تصدقت فأمضيت؟ ".

- ترمذی: 2466 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ قَالَ: أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ زَائِدَةَ بْنِ نَشِيطٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي خَالِدٍ الوَالِبِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، [ص:643] عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: " إِنَّ اللَّهَ تَعَالَى يَقُولُ: يَا ابْنَ آدَمَ تَفَرَّغْ لِعِبَادَتِي أَمْلَأْ صَدْرَكَ غِنًى وَأَسُدَّ فَقْرَكَ، وَإِلَّا تَفْعَلْ مَلَأْتُ يَدَيْكَ شُغْلًا وَلَمْ أَسُدَّ فَقْرَكَ «.» هَذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ، وَأَبُو خَالِدٍ الوَالِبِيُّ اسْمُهُ: هُرْمُزُ "

- المستدرك: 7934 - أَخْبَرَنِي أَبُو النَّضْرِ الْفَقِيهُ، وَأَبُو عَمْرِو بْنُ صَابِرٍ الْبُخَارِيُّ، قَالَا: ثَنَا صَالِحُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَبِيبٍ الْحَافِظُ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثَنَا أَبُو عَقِيلٍ يَحْيَى بْنُ الْمُتَوَكِّلِ، ثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «مَنْ جَعَلَ الْهُمُومَ هَمًّا وَاحِدًا كَفَاهُ اللَّهُ مَا هَمَّهُ مِنْ أَمْرِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَمَنْ تَشَاعَبَتْ بِهِ الْهُمُومُ لَمْ يُبَالِ اللَّهُ فِي أَيِّ أَوْدِيَةِ الدُّنْيَا هَلَكَ» هَذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْإِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ "

2)وہ جانور جسنے کھایا حد سے زیادہ لیکن اسکو خطرہ ہو کہ درد ہوگا یا بیماری ہوگی جسکی وجہ سے وہلاک ہو جائے تو سورج کی گرمی میں گیا جسکی وجہ سے پیٹ جاری ہوا اور صاف ہوا تو یہ متصدق کی مثال ہے۔

-لیأتین علی الناس زمان لاینفع فیہ إلا الدراھم والدنانیر

-لا بأس من الدنیا لمن اتقی: یہ ترجمۃ الباب کے موافق۔

3)وہ جانور جسنے کھایا اور ہلاک ہوا یا قرایب الھلاک ہوا (تو پیشاب یا پاخانہ کیا)

-والذین یکنزون الذھب والفضۃ.....؛الھکم التکاثر.....

-مال کی تشبیہ پاخانے کے ساتھ کیوں؟

جواب:1)پاخانہ فُضلہ ہے اشارہ کہ مال کا فضلہ نکالو۔

2)قضائے حاجت کے بعد راحت تو مال نکالنے کے بعد دنیاوآخرت کی روایت۔

3)پاخانہ صاف کرنے کی چیز ہے تو اسی طرح مال کے لئے۔

4)پاخانہ کھاد کے بننے کے بعد اگاتی تو اسی طرح مال آخرت کی غذا ہے۔

-مال کو کیوں تشبیہ دی جانور سے؟جواب:1)ہر وقت کھانا جانور کا کام ہے؛ 2)ایمانی زندگی؛ 3)ملکوتی زندگی؛ 4)نبوی زندگی۔

باب الزكاة على الزوج والأيتام في الحجر(ص198) (حدیث:1466-1467)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:فؒ اور سمؒ کی موافقت کی اور کؒ کے ایک قول بھی ہے۔
- رحؒ:نہیں دے سکتی بیوی شوہر کو لاتحاد المنافع یعنی جو بیوی کا ہے وہ شوہر کا بھی ہو گیا:ووجدک عائلاً فاغنی ایک تفسیر فاغناک بما خدیجۃؓ اور یہ روایت نقل پر محمول ہے اسلئے کہ اولاد کا بھی ذکر ہے؛یہاں ایتام آیا اوپہلے آیا کہ انکی اولاد تھی۔
- فی الحجر:گود میں یعنی ترتیب میں۔
- پہلے گزرا کہ خود سوال کیا اور اب بلالؓ کے واسطے سے سوال کرایا!؟

جواب:تطبیق:1)پہلے بالواسطہ سوال کیا اور بعد میں بالذات سوال کیا

2)یا پہلے کی تاویل کرے:سائت رسول اللہ ﷺ ای لا بالذات بل بالواسطۃ

-اشکال:انہوں نے کہا مت بتاؤ اور بلالؓ نے بتایا!؟

جواب:1)مت بتاؤ ابن مسعودؓ کی بیوی نے کہا اور بتاؤ آپ ﷺ نے دریافت کیا تو آپ ﷺ کا قول مقدم ہے!

2)نہی ارشادی ہے نہ کہ تحریمی(نہ بتانے میں بہتر اسلئے کہ صدقہ کی بات ہے)۔

باب قول الله تعالى: {وفي الرقاب والغارمين وفي سبيل الله} [التوبة: 60] (حدیث:1468)

باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: «العقيق واد مبارك»(حدیث:1534-1535)

- عقیق لمبی چوڑی وادی ہے جسمیں ذوالحلیفہ، بئر علی وغیرہ۔
- بینہ وبین مدینہ :4 میل وبینہ وبین ذی الحلیفۃ6 میل
- شعر ابی فراس:علي لربع العامرية وقفة ... يملى علي الشوق والدمع كاتب

ومن مذهبي حبّ الدّيار لأهلها ... وللنّاس فيما يعشقون مذاهب

- وقل عمرۃٌ فی حجۃ:تو معلوم ہوا کہ ذوالحلیفۃ ہی سے قران کیا
- بعض:الصلوات فی ھذا الوادی کثواب عمرۃ فی حجۃ(لیکن یہ تو دور کی تاویل ہے)

باب غسل الخلوق ثلاث مرات من الثياب(حدیث :1536)

- مرکب خوشبو:خلوق؛ اختلاف کی طرف اشارہ:اسمیں سب کا اتفاق ہے کہ ایسی خوشبو لگانا احرام سے پہلے جسکا جسم باقی نہ رہے احرام باندھنے کے بعد تو جائز ہے۔
- ایسی خوشبو جسکا جسم باقی رہے تو اسمیں اختلاف ہے:کؒ دؒ:ممنوع مطلقًا؛ فؒ:جائز ہے مطلقًا
- حؒ:بدن میں جائز اور کپڑے میں واجب الغسل؛ مصنفؒ نے بھی من الثیاب کہا، تو بہ ظاہر احناف کے ساتھ ہے۔
- اس لئے کہ لگایا قبل الاحرام
- غزوہ حنین اور طائف سے فارغ ہونے کے بعد جعرّانہ پر مال غنیمت کو تقسیم کیا۔
- ترجمۃ الباب کیسے ثابت ہو رہا ہے، بہ ظاہر مناسبت نہیں اسلئے کہ یہاں بک ہے؟

جواب:1)دوسری روایت کی طرف اشارہ ہے جسمیں ثوب کا ذکر ہے(مسلم کی روایت1180): فأتاه رجل عليه جبة بها أثر من خلوق. اور ایک روایت آنے والی ہے:علیہ قمیص علیہ أثر خلوق

2)یا مصنفؒ نے قیاس کیا کپڑے کو بدن پر؛ اچھا جواب بثوبک ہی پر ہے۔

- اشکال:بدن سے ازالہ ضروری نہیں ہے اور کپڑوں سے ضروری ہے؟

جواب:اس پر زعفران تھا اور زعفران مردوں کے لئے جائز نہیں ہے۔

باب الطيب عند الإحرام، وما يلبس إذا أراد أن يحرم، ويترجل ويدهن(حدیث:1537-1538-1539)

- طیب لگانا مستحب ہے؛
- 1)ما یلبس کا عطف ہو گا یا تو طیب پر تو مطلب ہو گا:باب الطیب.....وما یلبس.....(خوشبو کا بیان مقصود ہے)

2)ما یلبس عند الإحرام پر عطف ہو تو اس طرح ہو گا: باب الطیب عند الإحرام وعند اللبس إذا أراد أن یحرم (اور یہی بہتر ہے)(لباس کا بیان مقصود ہے)۔

-کؒ حؒ:مکروہ ہے گلاب وغیرہ؛ فؒ:حرام؛ دؒ:توقف؛ اسحاق:یُباح

-کؒ:مکروہ ہے کہ دیکھے اپنے آپکو آئینہ میں (اسلئے کہ اندیشہ ہے کہ کنگھی کرنے لگے)

-مجاہد کی تردید کہ اگر زیت لگایا یا سمن تو دم ہوگا؛ احناف:نہیں لگانا چاہئے اسلئے کہ اصل طیب کا ہے۔لیکن اگر خوشبودار نہ ہو تو ضرورت کی وجہ سے لگاسکتے۔

-انگوٹھی لباس سے نہیں؛ ھمیانی:بیلٹ جسمین تھیلا(پیسے رکھنے کی جگہ)

-تبان:ھیئت بدنی کی طرح کوئی کپڑا:ائمہ حضرات:ممنوع؛ عائشہؓ نے اجازت دی تھی بعض خدام کو جو ہودج کو اٹھاتے تھے اور تیز ہوا کی وجہ سے کشف عورت ہو رہا تھا۔

حضرت گنگوہیؒ نے کہا کہ اگر تیز ہوا ہو اور کشف عورت کا خوف ہو تو گنجائش ہے۔

اسحاق:بیلٹ جسمیں تھیلا نہیں پہن سکتے

باب من أهل ملبدا(حدیث:1540)

- ترجمۃالباب کا مقصد:اگر بال لمبے لمبے ہو تو کسی چیز سے جمادے؛ تلبید:گوند یا کوئی چیز سے جمادے تاکہ جوا اور غبار نہ لگے
- کؒ دؒ:اس طرح کہ سر نہ چھپ جائے؛ اگر 12 گھنٹے چھپ گیا تو دم ہے اور اس سے کم میں نصف صاع حنطۃ ہے۔

باب الإهلال عند مسجد ذي الحليفة(حدیث:1541-1542)

- یحرم ویلبی بعد الصلاۃ وھو راجح عند الأحناف؛ کؒ فؒ:عند الرکوب علی الدابۃ
- ابن عباسؓ سے تینوں ثابت ہیں:1)بعد الصلاۃ؛ 2)عند الرکوب؛ 3)عند الصعود علی البیداء۔
- مسجد میں تو اونٹنی نہیں تھی۔

باب ما لا يلبس المحرم من الثياب(حدیث:1543)

- اشکال:یہ تو مکرر باب ہو گیا،پہلے آچکا ہے باب الطیب.....وما یلبس

جواب:1)اگر طیب پر عطف ہو تو پھر اشکال ہے

2)ما قبل لباس تحتانی مذکور ہے یا پیٹ پر اور یہاں الملابس المرئیۃ الظاھرۃ

3)ما قبل الملابس الزائدۃ اور یہاں الملابس الضروریۃ

4)ما قبل میں لباس کا ذکر تھا اور یہاں انواع اللباس ہے۔

-اشکال:سوال ہے ملبوسات کا اور جواب نمبر ملبوسات

جواب:1)غیر ملبوسات کا جواب دیا اسلئے کہ محدود ومعدود ہے اور ملبوس غیر معدود ہے ں،تو غیر ملبوس کا ذکر کیا اختصار کی وجہ سے(سمجھ میں نہیں آتا کہ یلبس غیر المخیط میں سب آگیا)

بہتر یہ ہے 2)چونکہ محرم ہے تو اصل مقصود غیر ملبوس ہے اسلئے کہ معصیت ہے،معصیت کو بیان کرنا اہم۔

- قمیص:مایستر البدن؛ العمائم:مایستر الرأس۔ سراویلات:مایستر اسفل البدن؛ البرانس:مایستر الرأس وأعلی البدن۔
- کعبین:سب کا اتفاق ہے
- قال المجد فیروز آبادی:الکعب کل زمفصل للقدم والعظم الناشزُ فوق القدم والناشز إلی جانبیھا
- امام مؒ نے بھی یہی کہا اور امام لغت بھی تھے اور حدیث کے بھی امام۔
- وإذا اضطر المحرم إلی الخفین خرق ظھورھما وترک فیھا مایستمسک فیھا رجلَہ۔
- ورسٌ:زعفران کی ایک قسم جیسے عصفُر؛ تستر المرأۃ جمیع البدن إلا الوجہ۔

باب الركوب والارتداف في الحج(حدیث:1544)

- ارتداف:دوسرے کو پیچھے بٹھانا
- اشکال:درمیان میں رکوب کیوں لایا؟

جواب:جبکہ ثیاب، برانس وغیرہ سب عاشی ہے تو سواری بھی نہ کرو اسلئے کہ یہ بھی عیاشی ہے۔

- وجہ تسمیہ مزدلفہ:1)قریب ہونے کی وجہ سے مکہ سے۔

2)لإتیان الناس فی زلف اللیل۔

3)اللہ کے قرب کا محل

4)آدمؑ وحواءؑ ایک دوسرے کے قریب ہوئے وہاں

-حِّفُّ دُّ:تلبیہ جمرۃ العقبۃ کے پاس بند کریں گے۔

باب ما یلبس المحرم من الثیاب والأردیة والأزر(حدیث:1545)

- اشکال:پھر لباس کا بیان آگیا؟!

جواب:1)یہ لباس المرأۃ کا ذکر ہے؛ 2)ما قبل بیان انواع تھا یہاں بیان الوان ہے؛ 3)وہ لباس کا بیان جو ما قبل میں بیان نہیں کیا جیسے چادر وازار۔

باب من بات بذي الحلیفة حتی أصبح(ص209)(حدیث:1546-1547)

- ذوالحلیفۃ میں رات گزارے مدینہ والے
- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)جب آدمی اپنے شہر سے نکلے تو قریب والی جگہ سے رات گزارے اور اگر کچھ بھول گئے تو آسان یا کچھ ساتھی ملنا چاہتے تو آسان۔

2)تاخیر المکان اور تاخیر الزمان میں فرق ہے، تاخیر الإحرام عن المکان المعین لایجوز اور تاخیر الزمان کا مطلب یہ ہے کہ اگر مغرب کے وقت پہنچا مثلاذی الحلیفۃ میں تو کوئی حرج نہیں اور صبح باندھ لے احرام تو تاخیر الزمان میں کوئی حرج نہیں۔

باب رفع الصوت بالإهلال(حدیث:1548)

- ظاہریہ:رفع الصوت واجب تلبیہ کے ساتھ؛ رحؒفؒ:مستحب ہے رفع الصوت؛ کؒ:رفع صوت صرف مسجد حرام اور منی میں۔ رفع صوت(اچھی طرح آواز کو لمبا کرنا)

باب التلبية(حدیث:1549-1550)

- ظاہریہ:فرض؛ شافعیہ:سنت اور دؒ بھی۔ احناف:واجب(اس طرح کہ تلبیہ پڑھ لے یا اسکے قائم مقام ذکر پڑھے)؛ کؒ:واجب بعینہ تلبیہ جسکے ترک سے دم ہو گا۔
- تلبیہ 2قسم:1)بالقول لبیک؛ 2)بالتقلید:قلادہ باندھنا
- لبیک کی ترکیب:مفعول مطلق:أ لبی لبین لک:آپکی خدمت میں اطاعت کرتا ہوں اور آپکی دعوت قبول کرتا ہوں یا تو قبول کرتا یا آپ سے محبت کرتا ہوں(تابعداری ومحبت میں دعوت قبول)۔
- ابراھیمؑ نے اعلان کیا اللہ کے حکم پر:وأذن فی الناس بالحج یأتوک،تو جنکو آواز پہنچی ارواح میں سے اور لبیک کہا تو انکو نصیب ہوتا
- تکرار محبت کے لئے اور بار بار کا مفہوم تثنیہ میں ادا ہوتا ہے جیسے فارجع البصر کرتین تو یہ مفعول مطلق میں غیر بابہ ہو گا جیسے أنبتہ اللہ نباتًا حسنًا۔تو فعل کو حذف کیا اختصار کی وجہ سے اور تکرار کی وجہ سے لبین لک کو حذف کیا پھر اضافت کی وجہ سے لبیک بنا۔
- نحوی:البی لک إلبابًا بعد إلبابٍ
- جاہلیت کے لبیک کی تردید ہے:لا شریک لک إلا شریک ھو لک تملکہ
- حجاج اللہ کے مہمان اور دعوت نامہ کے ساتھ آتے(لبیک)اور ہمارا اکرام کیا جاتا ہے یعنی ثواب ملتا ہے۔
- حدیث(ابن ماجہ):2892 - ... عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: «الْحُجَّاجُ وَالْعُمَّارُ، وَفْدُ اللَّهِ إِنْ دَعَوْهُ أَجَابَهُمْ، وَإِنِ اسْتَغْفَرُوهُ غَفَرَ لَهُمْ».

باب التحميد والتسبيح والتكبير، قبل الإهلال، عند الركوب على الدابة(حدیث:1551)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)ان لوگوں کی تردید ہے جو کہتے کہ تلبیہ صرف لازم ہے۔
  2) تلبیہ کے ساتھ یہ وظائف بھی صحیح۔
  3)جو مخصوص دعائیں ہیں صبح وشام، آنے جانے کی دعاء، مسجد میں داخل ہونے کی دعا وغیرہ کو بھی نہ چھوڑے یعنی أدعیۃ مأثورۃ متواردۃ،اسی لئے عند الرکوب علی الدابۃ بھی کہا۔

-فؒ:ابتداء افراد تھا پھر بعد عمرۃ کو داخل کر دیا لیکن یہاں ہے أھل بعمرۃ وحجۃ۔

-اسی طرح ام سلمہؓ کی روایت(شرح معانی الآثار):3722 - ... عن أسلم أبي عمران , أنه قال: حججت مع موالي فدخلت على أم سلمة رضي الله عنها , فسمعتها تقول: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول «أهلوا , يا آل محمد , بعمرة في حجة».

- روایت(شرح معانی الآثار): 3720 - ...عن أنس رضي الله عنه قال: خرجنا نصرخ بالحجة فلما قدمنا مكة أمرنا رسول الله صلى الله عليه وسلم أن نجعلها عمرة وقال: «لو استقبلت من أمري ما استدبرت , لجعلتها عمرة , ولكني سقت الهدي , وقرنت

الحج والعمرة» [ص:154] قال أبو جعفر: ففي هذا الحديث من قول النبي صلى الله عليه وسلم أنه قرن الحج والعمرة , فقد دل ذلك على صحة قول من أخبر من فعله بما يوافق ذلك.

-جابرؓ کی روایت(ترمذی): 947 -...عن جابر، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قرن الحج والعمرة، فطاف لهما طوافا واحدا.

- نحر:مایکون أقرب إلی الصدر؛ أملحین:کچھ سیاہ،کچھ سفید۔

باب من أهل حين استوت به راحلته(حدیث:1552)

- مسجد سے احرام باندھنا بیان افضل تھا اور یہاں بیان جواز
- یا ما قبل احناف کا مذہب اور یہاں دیگر ائمہ کا مسلک
- ابن عباسؓ(رواہ مرفوعًا):صلی النبی ﷺ رکعتین فی المسجد.....ثم أوجب فی مجلسہ

باب الإهلال مستقبل القبلة(حدیث:1553-1554)

- اھلال: تلبیہ پڑھنا یا احرام باندھنا؛ مستقبل القبلۃ بہتر ہے لأن المجیب یستقبل المجاب
- ابن عمرؓ کا مسلک تھا کہ احرام سے پہلے بھی خوشبو نہیں لگاتے تھے اور عائشہؓ تردید کرتی تھی۔

باب التلبية إذا انحدر في الوادي(حدیث:1555)

- إن التلبیۃ فی بطون الوادی من سنن المرسلین،اسی لئے پہاڑ چڑھنے کے بعد تلبیہ مؤکد ہو جاتا
من رآنی فی المنام فسیرانی فی الیقظۃ بعد الموت أو قبل الموت
- موسیٰؑ کا دیکھنا 4 طریقہ سے ممکن:1)بالجسم المثالی؛ 2)بتجلی الروح؛ 3)فی الکشف؛ 4)فی المنام۔

باب: كيف تهل الحائض والنفساء(ص210) (حدیث:1556)

- یہ غسل تنظیف ہے نہ کہ غسل تطہیر؛ جمہور:مستحب ہے؛ حسنؒ:واجب؛
- تمام افعال حج کر سکتی سوائے طواف(اور سعی)اسلئے کہ وہ مرتب علی الطواف ہے؛ھلال:کل غائب تھا،آج ظاہر ہوا
- براعۃ الاستھلال:فوقیت(أعلی درجے کا)والا خطبہ:وہ خطبہ جو کتاب سے پہلے کتاب کے مضامین کو بتادے۔
- فأھللنا بعمرۃ:1)جو سمجھدار لوگ،انہوں نے عمرہ کا احرام بھی باندھا۔
2)بعد ما أمر النبی ﷺ بنقض الحجۃ۔

-آپ ﷺ کے پاس ہدی تھی اسلئے أھل بالحج والعمرۃ

-ھذہ مکان عمرتک:اگر ظرف کے معنے میں ہو معنی فی مکان اور جگہ کے معنی میں تو نفس المعنی۔

-احناف: قارن 2 طواف کرے گا۔

دلائل:1)علیؓ سے مروی ہے أنہ جمع بین الحج والعمرۃ فطاف لھما طوافین وسعی لھما سعیین فقال:ھکذا رأیت رسول اللہ ﷺ صنع

2629 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ إِسْحَاقَ بْنِ بُهْلُولٍ , نا جَدِّي , نا إِسْحَاقُ الْأَزْرَقُ , عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُمَارَةَ , عَنِ الْحَكَمِ , عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى , عَنْ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ , " أَنَّهُ طَافَ لَهُمَا طَوَافَيْنِ وَسَعَى لَهُمَا سَعْيَيْنِ , وَقَالَ: «هَكَذَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَنَعَ». الْحَسَنُ بْنُ عُمَارَةَ مَتْرُوكُ الْحَدِيثِ.(سنن دار قطنی)

2)عمران بن حصین: اِن النبی ﷺ قرن فطاف لھما طوافین وسعی لھما سعیین

3)علیؓ وابن مسعودؓ: القارن یطوف طوافین ویسعی سعیین

4)علیؓ: اِذا أھللت بالحج والعمرۃ فطف طوافین واسع سعیین۔

5)ابوداؤد:1798 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: قَالَ الصُّبَيُّ بْنُ مَعْبَدٍ: أَهْلَلْتُ بِهِمَا مَعًا، فَقَالَ عُمَرُ: «هُدِيتَ لِسُنَّةِ نَبِيِّكَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ».

-عائشہؓ کو آپ ﷺ نے فرمایا تھا کہ عمرہ توڑو، تو یہ دلیل ہے کہ 2 طواف ضروری ہے قارن کے لئے اور یہ نہیں کہا کہ ھذا تکفیک

-فإنما طافوا طوافًا واحدًا:1)عند القدوم إلی مکۃ عند دخولھا، حالانکہ 2 کرنا چاہئے تھا، ایک طواف قدوم اور ایک طواف عمرۃ اور یہ مطلب ص243 پر بھی مذکور ہے؛ یہ تداخل جائز ہے نفل میں اور اسی طرح نفل اور فرض میں (قارن تھے)

یہ دوسری دلیل مضبوط ہے2)بعد الرجوع من منی: تحلیل کے لئے جن لوگوں نے تمتع کیا تو 2 طواف کی ضرورت للتحلیل بعد الرجوع من منی اور قران والے ایک ہی طواف سے حلال ہونگے ص221۔

3)طوافًا مسلسلاً یعنی طواف کے اشواط میں نہیں رُکے۔

-تداخل کی مثال:1)وضوء کے بعد کوئی نماز پڑھے اور 3 نیت کرے: تحیۃ الوضوء وتحیۃ المسجد اور سنت تو ہو جائے گی۔

2)صلوۃ اشراق اور ضحی کی نیت کرے تو دونوں ہو جائے گا۔

-اشکال: آپ ﷺ نے ایک حج کیا اور عمرہ کو ملایا، تو پھر یہی سنت ہونا چاہئے، تو آپ کیوں لکھتے کہ 2 الگ طواف کرنا چاہئے

جواب: اصل 2 طواف ہے لیکن ایک طواف طواف کفایت ہے (جیسے ابن ماجہ میں ہے):2975 ...عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: «مَنْ أَحْرَمَ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ، كَفَى لَهُمَا طَوَافٌ وَاحِدٌ، وَلَمْ يَحِلَّ، حَتَّى يَقْضِيَ حَجَّهُ، وَيَحِلَّ مِنْهُمَا جَمِيعًا».

تو یہ اصل نہیں ہے بلکہ درجہ کفایت ہے۔

باب من أهل في زمن النبي ﷺ كإهلال النبي ﷺ(حدیث:1557-1558-1559)

- احرام مبہم و معلق جائز اور ائمہ اربعہ بھی اسکے قائل ہیں؛ کؒ: مبہم جائز اور معلق میں 2 روایت
- مبہم: احرام باندھ لے پھر متعین نہ کرے کہ حج ہے یا عمرہ اور بعد میں نیت کرے:1)قولاً (قبل الشروع) یا2)فعلاً
- معلق: اِنی أحرم کفلان (جابرؓ اور علیؓ سے ثابت کہ ہم نے آپ ﷺ کا احرام باندھا)
- قول سُراقۃ: دخلت العمرۃ فی أشھر الحج۔
- لأحللتُ:1)عمرہ اور حج دونوں کو چھوڑ دیتا، پھر حج کا احرام باندھ لیتا

2)عمرہ کے افعال کر لینا پھر حلال ہو ہوتا

-معلوم تھا اس سال قران مانع نہیں تھا بلکہ قربانی مانع تھی۔

-مقصود یہ تھا کہ صحابہؓ کے ذہن سے نکال دے کہ حج کے مہینوں میں صرف حج کر سکتے بلکہ عمرہ بھی ممکن ہے

-امر أة من قومی: محرم یا غیر محرم، تو اگر محرَم تھی تو دھونے کی کیا ضرورت ہے عورت کو۔

-مفتی کا خیال: معنی یہ ہے کہ کنگھی کے لئے اور غسل کے لئے سامان تیار کر کے مجھے دیا (تو نسبۃ إلی السبب ہوئی: جیسے بنی الأمیر المدینۃ)

-ام سلیمؓ: بالوں کی صفائی اور دھونے کا انتظام کیا (سنن ابی داؤد): 2492 ... عَنْ أُخْتِ أُمِّ سُلَيْمٍ الرُّمَيْصَاءِ قَالَتْ: نَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَيْقَظَ وَكَانَتْ تَغْسِلُ رَأْسَهَا فَاسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَتَضْحَكُ مِنْ رَأْسِي؟ قَالَ: «لَا» وَسَاقَ هَذَا الْخَبَرَ يَزِيدُ وَيَنْقُصُ، قَالَ أَبُو دَاوُدَ: «الرُّمَيْصَاءُ أُخْتُ أُمِّ سُلَيْمٍ مِنَ الرَّضَاعَةِ»

اسی سے مغالطہ ہوا بعض حضرات کو کہ کہتے کہ علیؓ نے فاطمہؓ کو غسل دیا (حالانکہ یہ عرف اور حیاء کے خلاف ہے)۔

اور غاسلات تو مقرر تھیں، تو مطلب یہ ہے کہ علیؓ نے غسل دینے کا انتظام کیا۔

- فقدم عمرؓ: 1) فی عھد خلافتہ؛ 2) فی حال کونہ حاجًّا؛ یہ حکم استحباب پر محمول ہے تاکہ بیت اللہ خالی نہ رہے۔
- 1) الگ الگ سفر ہر ایک کے لئے کرو؛ 2) کتاب اللہ میں اتمام کا حکم ہے: وأتمّوا الحج والعمرۃ
- فسخ الحج للعمرۃ نہ کرے؛ عمرؓ قران کو مانتے تھے اور یہ ایک سال کے لئے حکم تھا مصلحۃً کہ الگ کرو۔
- نسائی: 2808 ... عَنْ الْحَارِثِ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَفَسْخُ الْحَجِّ لَنَا خَاصَّةً أَمْ لِلنَّاسِ عَامَّةً؟ قَالَ: «بَلْ لَنَا خَاصَّةً».

9542 - وَرُوِّينَا عَنْ أَبِي ذَرٍّ الْغِفَارِيِّ، أَنَّهُ قَالَ: كَانَتْ رُخْصَةً لَنَا، لَيْسَتْ لِأَحَدٍ بَعْدَنَا يَعْنِي فَسْخَ الْحَجِّ بِالْعُمْرَةِ،

9543 - وَفِي رِوَايَةٍ أُخْرَى، عَنْ أَبِي ذَرٍّ، أَنَّهُ قَالَ: لَمْ يَكُنْ ذَلِكَ إِلَّا لِلرَّكْبِ الَّذِينَ كَانُوا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ (معرفۃ السنن والآثار)

- اکثر صحابہؓ کے نزدیک قران و تمتع جائز۔

باب قول الله تعالى: {الحج أشهر معلومات، فمن فرض فيهن الحج فلا رفث، ولا فسوق ولا جدال في الحج} [البقرة: 197] وقوله {يسألونك عن الأهلة، قل: هي مواقيت للناس والحج} [البقرة: 189] (حدیث:1560)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اشہر حج سے پہلے حج کا احرام باندھنے کا کیا حکم ہے؟ حؒ اور مصنفؒ کے نزدیک جائز ہے اگرچہ کراہت لغیرہ ہے یعنی لمبی مدت کی وجہ سے؛ شوال، ذی قعدہ اور 10 دن ذی الحجۃ سے پہلے احرام باندھنا مکروہ ہے لیکن منعقد ہو گا۔
- 1) یسألونك عن الأهلة، قل: هي مواقيت للناس والحج: عام ہے
2) ھن لھنّ ولمن أتی علیھنّ: عام ہے۔
3) ابن عباسؓ: سنت تو یہ ہے کہ اشہر حج سے پہلے احرام نہ باندھے
4) عثمانؓ: خراسان اور کرمان سے احرام باندھنا مکروہ سمجھتے تھے (شفقت کی وجہ سے)
5) عبد اللہ بن عامرؓ نے جب خراسان فتح کیا تو نذر مانی تھی کہ یہاں سے احرام باندھونگا تو انہوں نے نیشاپور سے احرام باندھا تھا

ائمہ ثلاث: اشہر حرم سے پہلے احرام ممنوع اور اگر باندھا تو یہ عمرہ کا احرام ہو گا۔

- ترجمۃ الباب کا مقصد: میقات زمانی کا بیان اور ما قبل میقات مکانی کا بیان تھا
- اشہر حرم: شوال، ذی قعدہ اور پورا ذی الحجۃ کا مہینہ عند مالکؒ

لیکن پورا مہینے کی روایت ضعیف ہے (طبرانی الاوسط): 1584 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ أَبُو أُسَيْدٍ الْأَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ ثَوَابٍ الْهَبَّارِيُّ قَالَ: نا حَصِينُ بْنُ مُخَارِقٍ قَالَ: نا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ: {الْحَجُّ أَشْهُرٌ مَعْلُومَاتٌ} [البقرة: 197] : «شَوَّالٌ، وَذُو الْقَعْدَةِ، وَذُو الْحِجَّةِ»

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ إِلَّا حَصِينٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ ثَوَابٍ "

حصین بن مخارق انتہاء ضعیف ہے بعض متہم.....

- رحؒ فؒ: شوال، ذی قعدہ اور عشر ذی الحجۃ لیکن امام فؒ کے نزدیک عشر لیال ذی الحجۃ ہے اور احناف عشرۃ ایام
- لیلۃ: (ج) لیالی؛ جواب: جب تمیز محذوف ہے تو ممیّز مذکر یا مؤنث دونوں لاسکتے
- اگر افعال حج کا اعتبار کرے تو رحؒ کا قول زندہ باد اسلئے کہ دن مین بہت کام خاص عید کے دن اور اسی لئے حاجی پر عید کی نماز نہیں ہے اور اگر احرام کے وقت کا اعتبار کرے تو فؒ کا قول زندہ باد یعنی 10 ذی الحجۃ سے پہلے اور احناف 10 ذی الحجۃ کو بھی شمار کرتے۔
- عند مالکؒ: پورا مہینہ ذی الحجۃ کا حج کا مہینہ ہے تو اگر آخری شہر تک طواف زیارت مؤخر کرے تو کچھ نہیں اور رحؒ اور فؒ: تاخیر 3 دن سے زیادہ بغیر عذر ہو تو جم لازم ہو گا۔
- خراسان: آج کے ایران کو بھی شامل یعنی سب اسمیں تھے: بلخ، ازبیکستان، نیشاپور
- ایک روایت میں: اتمام الحج والعمرۃ ان یُحرم من دویرۃ اَھلک تو یہ دلالت کرتا ہے کہ وقت سے پہلے احرام باندھ سکتے
- کرمان: فارس اور سجستان کے درمیان ایک بڑا شہر
- مقصد بُعد زمانی کو بیان کرنا ہے تو یہاں بُعد مکانی کیوں بیان کیا؟

جواب: 1) بُعد مکانی مستلزم ہے بعد زمانی کا اسلئے کہ اس زمانے میں پیدل سفر ہوتا تھا

2) یا دونوں کا ایک ہی حکم ہے۔

- لیالی ذکر کرتے اسلئے عرب میں لیل مقدم ہے یوم پر۔
- حُرُم: حالات، اوقات؛ حُرم: ممنوعات؛
- مقام سرف: جہاں میمونہؓ کی شادی، بناء اور انتقال ہوئی اور دفن ہوئی (عجائب میں سے ہے)
- فالآخذ والتارک: بعض نے عمرہ کو باقی رکھا اور بعض نے باقی نہیں رکھا
- بعض نے عمرۃ کو لے لیا اور بعض نے نہیں لیا، صرف حج کا ارادہ کیا تھا۔
- یا بعض نے حج کو لیا اور عمرۃ کو چھوڑ دیا
- بعد آپ ﷺ نے فرمایا کہ حج چھوڑو اور عمرۃ لے لو، پھر جبکہ معلوم ہوا کہ لوگوں کا عقیدہ بن گیا تو پھر نرمی کی کہ جسکا حج باقی ہے تو باقی رکھے۔
- تو تین مرحلے تھے: 1) ترغیب حج کو چھوڑو؛ 2) جب بھاری ہوا حکم تو واجب کر دیا (سوائے قربانی والے)

3) کچھ لوگ باقی تھے تو آخر میں پھر اجازت دی کہ حج کو باقی رکھے

- محصب (لاجتماع الحصی فیہ): ابطح: بطحاء: خیف بنی کنانۃ۔
- معلوم ہوا کہ جو لوگ حرم میں رہتے تو ضروری ہے کہ حرم سے نکلے اور حل سے حرم میں آئے
- اول لیل نکلی اور اکثر رات کا حصہ عمرہ کیا، پھر سحری کے وقت پہنچے محصب میں، پھر آپ ﷺ چلے مکہ مکرمہ، طواف وداع کے لئے۔

-وفرغ من الطواف: یہ دلیل ہے کہ عبد الرحمنؓ نے بھی عمرۃ کیا، تو حج سے فارغ ہو کر عمرۃ کرنے کی گنجائش ہے۔

-آپ ﷺ کو جلدی تھی اسی لئے عمرۃ نہیں فرمایا اسلئے کہ مھاجر تھے اور مھاجر کا زیادہ دیر لگانا پسند نہیں کرتے۔

-سحر: غیر منصرف: اسلئے کہ علمیت اور عدل ہے اور علمیت اس طور پر کہ السحر من اللیلۃ الرابعۃ عشر: تو متعین ہوا اور عدل اسلئے کہ السحر ہے تو "ال" کو نکال دیا۔

-اسی طرح رجب غیر منصرف جب مخصوص ہے اور رجب کا مہینہ مراد جیسے اِن شاء اللہ ستنتھی الدروسُ فی رجبَ اور کل رجبٍ أفضل من جمادی الأولی۔

باب التمتع والإقران والإفراد بالحج، وفسخ الحج لمن لم يكن معه هدي(ص212)

(حدیث:1561-1562-1563-1564-1565-1566-1567-1568-1569)

- حج کب 4 قسمیں: 1) تمتع (درمیان میں حلال ہو جاتا)؛ 2) اِقران یا قران (دونوں مستعمل اور درمیان میں حلال نہیں ہوتا یعنی عمرۃ اور حج کی نیت کی یا عمرۃ کی نیت کی اور افعال حج سے پہلے حج کو داخل کر دیا اور اسکا برعکس یا عمرہ کی نیت کی افعال حج سے پہلے)؛
  3) اِفراد؛ 4) فسخ حج اور عمرۃ تو یہ تقسیم مصنفؒ کے پاس موجود اور دؒ کی طرح: فسخ الحجۃ اِلی العمرۃ کے قائل
- ہم نے پہلے بیان کیا کہ یہ خاص تھا صحابہؓ کے لئے۔
- احناف کے نزدیک ترتیب افضلیت کے حساب سے: قران، تمتع افراد بہتر ہے
- شوافع: افراد، تمتع اور قران؛ مالکیہ: افراد، قران، اور پھر تمتع
- دؒ: فسخ الحج اِلی العمرۃ بہتر ہے؛ 2) تمتع افراد پھر قران
- تمتع بہتر اسلئے کہ آپ ﷺ نے تمنی کی تھی اور دیگر حضرات کہتے کہ تمنی اسلئے کی کہ لوگوں پر بوجھ تھا
- احناف: آپ ﷺ نے اور مخصوص صحابہؓ نے قران کیا (20 راوی ہیں) اور تمتع کے 5 راوی اور افراد کے 4 راوی
- 20 قران کے 20 راوی میں سے خلفاء راشدینؓ، عائشہؓ، انسؓ
- قران میں تاویل کا احتمال نہیں اور باقی افراد و تمتع کی تاویل آسان ہے (تمتع لغۃً: الاستمتاع بالرکنین فی سفر واحد)
- مسلم: أفرد الحج؛ فؒ: شرع الإفراد ثم جعله قرانًا۔
- تو أفرد بالحج کا مطلب یہ ہو سکتا ہے: 1) سلسل فی الحج بالحج والعمرۃ اور تحلیل درمیان میں نہیں
  2) ایک حج کیا بعد وجوب الحج۔

بہتر جواب 3) أھل بالحج یعنی صرف حج کے لئے تلبیہ پڑھتے تھے: أفرد الحج بالإھلال فی أثناء حال الحج اور یہ معنی مذکور ہے (اسلئے کہ عمرۃ ہو چکا تھا، ص229)؛ 4) افرد الحج مرۃ واحدۃ (لیکن اس پر اشکال ہے کہ ابو بکرؓ عمرؓ نے ایک حج سے زیادہ کیا)

- ص210: ثم أھل بھما؛ ص208: قل عمرۃ فی حجۃ؛ ص210: یصرخون بھما؛ ص213: حج مبرور و عمرۃ متقبلۃ
- ص214: أھل بھما جمیعًا؛ علیؓ: سمعت رسول اللہ ﷺ یلبّی بھما۔
- سراقۃ بن مالک: دخلت العمرۃ فی الحج اِلی یوم القیامۃ
- ام سلمۃؓ: أھلوا یا آل محمد بعمرۃ وحجۃ۔
- لانری الا الحج: 1) لیس المقصود اِلا الحج؛ 2) اکثر لوگ عمرۃ کو اشہر حج میں ممنوع سمجھتے تھے۔

- عقریٰ: آپ زخمی ہو جائے یا پاؤں کٹ جائے؛ حلقیٰ: حلق میں درد ہو جائے یا آپکے بال محلوق ہو جائے / کلمات توبیخ
- 1) وھو مصعد من مکۃ: مکہ مکرمہ سے آرہے تھے (راجعٌ) وأنا منھبطۃ علیھا: میں مکہ مکرمہ کی طرف اتر رہی تھی
- 2) أنا مصعدۃٌ من مکۃ وھو منھبط منھا: اتر رہے تھے مکہ مکرمہ کی طرف
- حضرت شیخؒ نے دوسرا جملہ اختیار کیا اسلئے کہ زیادہ قرین قیاس و معقول ہے: أنا مصعدۃٌ وھو منھبط منھا:
- 1) عائشہؓ واپس آرہی تھی عمرۃ سے اور آپ ﷺ طواف وداع کے لئے جارہے تھے تو عائشہؓ نے اکثر رات عمرہ کیا تھا اور وہ سحری کے وقت واپس آئی اور آپ ﷺ مکہ مکرمہ کی طرف سے اتر کر کے آئے (یہ معقول بات ہے)
- اواسی صفحہ پر دلیل ہے ص213: ثم افرغا ثم ائتیا ھھنا۔ تو معلوم ہوا کہ آپ ﷺ سحری کے وقت تک انتظار میں تھے، پھر نکلے مکہ مکرمہ کے لئے یعنی طواف کے لئے۔

2) اس وقت حضرت صفیہؓ آپ ﷺ کے ساتھ تھی تو معلوم ہوا کہ حضرت عائشہؓ واپس جارہی تھی۔

- پہلا جملہ حضرت گنگوہیؒ نے پسند کیا یعنی وھو مصعد من مکۃ وأنا منھبط علیھا۔
- لیکن دلائل کی رو سے حضرت شیخؒ کے پاس کافی دلائل ہیں:

3) صلی الفجر بمکۃ و قرأ فیھا والطور ے یعنی 14 تاریخ فجر کی نماز پڑھائی مسجد حرام میں اور یہ اس وقت ممکن ہے جب حضرت شیخؒ کی توجیہ لے لے، تو اگر آپ ﷺ سحری کے وقت محصب واپس چلے گئے تو فجر کی نماز کیسے والطور پڑھی حرم میں اور فجر کی نماز پڑھانے کی راویہ ام سلمۃؓ اسلئے کہ عائشہؓ واپس محصب میں چلی گئی تھی تو تو معلوم ہوتا ہے دوسرا جملہ صحیح ہے اور جملہ نمبر ایک راوی کا خطا ہے یا بھر دونوں کو صحیح قرار دے کر ہم تطبیق دے دے۔

- تطبیق: آپ ﷺ چل رہے تھے وھو مصعدٌ (أی ذاھب) من مکۃ أی إلی مکۃ وأنا منھبطۃٌ علیھا أی علی مکۃ

دوسری حدیث: من إلی کے معنے میں یہ کثرت سے ہوتا ہے جیسے فقہ کی کتابوں میں ہے: بعتہ من زید أی إلی زید

- جن لوگوں نے عمرہ کا احرام باندھا تھا وہ سمجھدار لوگ تھے یا عمرہ کا احرام باندھا اس وقت جب آپ ﷺ نے فرمایا کہ حج کو توڑو اور عمرہ کرو
- ومنّا من أھل بالحج: 1) جیسے حائضات نے اور وہ لوگ جنکے پاس قربانی موجود تھی جیسے حضرت عائشہؓ نے عمرہ کو چھوڑ کر حج کی تھی یا جنکا اب حج باقی ہے تو جاری رکھو اعتقاد بننے کے بعد یعنی وہ لوگ جنکو حضور ﷺ نے فرمایا تھا کہ عمرہ کا احرام باندھو لیکن جن کا عقیدہ پکا ہو گیا تھا انکو کہا کہ ٹھیک ہے آپ اپنے حج کو باقی رکھو۔

2) یا وہ لوگ من اعتاد عادۃ الجاھلیۃ (یعنی اپنی عادت پر چلتے تھے)۔

- بعض: حضرت عمرؓ اور حضرت علیؓ متعۃ النکاح کو منع کرتے تھے نہ کہ متعۃ الحج کو لیکن یہ بات صحیح نہیں ہے اسلئے کہ اسمیں صحابہؓ کی فہم پر عیب لگانا ہے اور صحابہؓ سمجھتے تھے کہ عمرؓ متعۃ الحج کو منع کرتے۔
- محرم کے مہینے میں تنگ آتے تھے کہ اتنی لمبی مدت (اشہر حج) قتال نہیں کر سکتے تو محرم کو صفر بناتے تاکہ ایک مہینہ کی چھٹی مل جائے۔
- إذا برأ الدبر: جب ٹھیک ہو جائے اونٹ کی پیٹھ کا زخم یعنی لمبے سفر کی وجہ سے اسکی پیٹھ پر جو زخم آیا بوجھ کی وجہ سے، تو وہ زخم ٹھیک ہو جائے۔
- فعفا الأثر: 1) زخم ٹھیک ہو جائے؛ 2) یا حاجیوں کے چلنے کے آثار مٹ جائے یعنی آنا بند ہو جائے
- وانسلخ صفر: اور صفر ختم ہو جائے
- مھلین بالحج: مصنفؒ نے صرف اسب بات کی دلیل کے لئے رکھا کہ افراد ثابت ہے یعنی صرف حج کیا!

جواب:1) أی قاصدین للحج کہ مقصود توحج ہی کرنا تھا اگرچہ عمرہ اسکے ساتھ کیا۔

2) مھلین بالحج حینما فعلوا أفعال الحج تولبیک بحجۃ کہتے تھے اسلئے کہ عمرہ ہو چکا تھا پہلے۔

-ابن ماجہ اور مسلم میں حدیث ہے: أفرد بالحج کی!

جواب:1) بدأ بالعمرۃ یعنی عمرہ کا تلبیہ پڑھتے تھے ابتداء پھر أھل بالحج اور آپ ﷺ درمیان میں حلال نہیں ہوئے تھے، اس پر اتفاق ہے توحج کے وقت حج کا تلبیہ پڑھتے تھے، تو یہاں بھی وہی مراد: أھل بتلبیۃ الحج: لبیک بحجۃ

2) ایک حج کیا (لیکن اس پر اشکال ہے کہ ابو بکرؓ عمرؓ نے ایک حج سے زیادہ کیا اور صرف آپ ﷺ نے ایک حج کیا)

-لبدت رأسی: سر کے بالوں کو جمع کرر کھا تھا۔

-اشکال: حلال ہونے میں قلدت ھدیی، اسکا دخل تو ہے (قربانی کا قلادہ ڈالا اور چونکہ ہدی لایا اسی لئے حلال نہیں ہوئے) لیکن لبدت رُأسی اسکا دخل تو نہیں ہے حلال نہ ہونے میں۔

جواب: لبدت یعنی شروع ہی سے میں نے گوند ڈالا تھا یعنی شروع ہی سے لمبے احرام کا ارادہ تھا تو اس ارادے کا دخل ہے عدم تحلیل میں۔

- الاستمتاع فی سفر واحد بأداءر کنین: تمتع سے مراد قران اور کوئی نہیں کہتا کہ تمتع سنت ہے اسی لئے معلوم ہوا کہ پہلے جو تمتع کا لفظ آیا اس سے مراد قران ہی ہے۔
- فرأیت فی المنام: معلوم ہوا کہ خوشخبری والا خواب دیکھے تو خوش ہونا چاہئے جیسے ابو جمرۃ نے خواب دیکھا کہ قران اور تمتع برحق ہے اور کرنا چاہئے تو اسمیں ابن عباسؓ کے فتوے کی تائید ہوئی اور ابن عباسؓ اس خواب سے اتنے خوش ہوئے کہ اسکے لئے تنخواہ مقرر کی۔
- حج مبرور وعمرۃ متقبلۃ: حج وعمرہ جب واؤ عطف کے ساتھ ہو تو اسکو قران کہتے اور اگر تمتع ہوتا تو اس طرح ہوتا: عمرۃ متقبلۃ ثم حج مبرور۔
- وظیفہ مقرر کیا 2 وجوہات سے: 1) فارسی زبان میں ترجمہ کرتے تھے اور 2) خواب دیکھنے کی وجہ سے۔
- یوم سابع: یوم الزینۃ کہتے (یعنی اونٹنیوں کو تیار کرتے مزین کرکے)
- یوم الثامن: یوم الترویۃ (پانی پلاتے جانوروں کو)
- یوم التاسع: یوم العرفۃ: 1) آدمؑ اور حواء کا تعارف ہوا؛ 2) خوشبو زیادہ ہے منی کے مقابلے میں؛ 3) ابراھیمؑ نے خواب دیکھا تو شک ہوا کہ حقیقی خواب ہے یا ظاہر پر محمول ہے یا نہیں تو خواب کی حقیقت پہچانا عرفہ پر کہ وحی کے درجے میں ہے۔
- یوم العاشر: یوم النحر
- الحادی عشر: یوم القرّ اسلئے کہ سب منی میں برقرار رہتے اور مکہ مکرمہ نہیں جاتے۔
- الثانی عشر: یوم النفر الأول (رمی کے بعد بہت سارے لوگ بھاگتے)
- الثالث عشر: یوم النفر الثانی: (رمی کے بعد اور بہت سے لوگ بھاگتے)
- تصیر الآن حجتک مکیۃ، حج مکی بننے کا مطلب: 1) میقات کی فضیلت گئی اسلئے کہ اب مکہ سے احرام باندھیں گے

2) حلال ہونا بعد العمرۃ، مکے والوں کی طرح بن گئے (بغیر احرام کے چلتے پھرتے)۔

-لیس لہ مسند إلا ھذا: أی لیس لہ حدیث مرفوع عن عطاء إلا ھذا؛ فقال عثمان دعنی عنک: یعنی تم اپنا کام کرو میں اپنا کام کرتا ہوں

باب من لبی بالحج وسماہ (ص213) (حدیث:1570)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: احرام کے وقت تعیین ضروری ہے یا افعال حج سے پہلے۔

- من سماہ أی من سمی الحج فیجوز لہ الفسخ (عند المصنفؒ)
- نقول لبیک بالحج وفق عادۃ الجاھلیۃ

باب التمتع علی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (حدیث:1571)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: ابتداء میں تمتع پر اتفاق تھا پھر اختلاف ہوا بعض حضرات کا، پھر ائمہ کا اتفاق ہوا کہ تمتع کرنا چاہئے اور اختلاف مصلحۃً تھا (کہ پورے سال لوگ آتے رہے اور عمرہ کرتے رہے) اور مسئلۃً اختلاف نہیں تھا
- قال رجل: عثمانؓ یا عمرؓ؛ معلوم ہوا کہ بعض صحابہؓ مصلحۃً مسائل بیان کرتے تھے۔

باب قول اللہ تعالی: {ذلك لمن لم يكن أهله حاضري المسجد الحرام} [البقرة: 196] (حدیث:1572)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) حاضر کے معنے کا بیان؛ مراد نہیں کہ بیوی بچے مسجد حرام کے پاس ہو بلکہ کونہ متوطنًا

2) حاضر سے کون مراد؟؛ کؒ: اھل مکہ یا أھل حرم؛ حؒ: وہ لوگ جو میقات کے اندر اندر رہتے ہو

فؒ: حو مسافت سفر کے اندر اندر ہو (تقریبا 90 کیلو میٹر) اور قدیم قول مالکیہ کی طرح۔

- تو أھل سے بیوی بچے مراد نہیں بلکہ خود متوطن مراد
- ذلک: کسی کی طرف اشارہ؛ احناف: تمتع کی طرف اشارہ، غیر متوطن تمتع کرے اور جو متوطن ہو عمرہ کرنے کی ضرورت نہیں
- فؒ کؒ دؒ: ذلک (یہ قربانی) "لام" بمعنی علی۔
- احناف: 1) "لام" کو "علی" کے معنے میں لینا مشکل ہے اسلئے کہ معنی متضاد ہے یعنی لام فائدے کے لئے ہے اور علی ضرر کے لئے اور اگر یہ اشکال کرے کہ آیت وإن أسأتم فلھا میں "لام" علی کے معنے میں ہے تو جواب یہ ہے کہ لام تخصیص کے لئے، یعنی صرف تم پر اسکا بوجھ ہے

2) ابن عمرؓ سے سوال کیا تمتع کے بارے میں: إن اللہ أنزلہ فی کتابہ وسنۃ نبیہ..... سوی أھل مکۃ

3) عمرؓ: لیس لأہل مکۃ تمتع ولا قران

- اس مسئلہ میں مصنفؒ احناف کے ساتھ ہے جیسے ابھی آئے گا کتاب میں۔
- اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ 2 طواف کرنا تو ثابت ہے لیکن 2 سعی کہاں سے ثابت؟
- مقام سرف میں اختیار تھا اور استحباب، پھر جب بعض لوگوں پر گراں ہوا تو حکم دیا اور دوسرا قول یہ ہے کہ آخر تک حکم تھا اور حائضات واصحاب الھدی مستثنی تھے۔

دلائل کہ سعی پیدل کی:

1) حدیث: ثم نزل حتی انصبّت قدماہ (پست زمین میں پاؤں لگے) تو معلوم ہوا کہ پیدل تھے

2) ابن عمرؓ: ان مشیت فرأیت رسول اللہ ﷺ یمشی وإن سعیت فرأیت رسول اللہ ﷺ یسعی

3) عائشۃ بنت تجرات: آپ ﷺ یسعی حتی یری رکبتیہ من شدۃ السعی

4) کان النبی ﷺ فی حجۃ الوداع..... علی راحلتہ بالبیت والصفا والمروۃ، تو معلوم ہوا کہ ایک سعی ماشی کی اور دوسرا راکبًا

-وسبعۃ اِذار جعتم:3روزے بعد احرام العمرۃ عندؒ دؒ وبعد احرام الحج فؒ اور کؒ

-فؒ: آخری تاریخ 8؛ ؒ اور حنابلہ: آخری دن کا روزہ 9 تاریخ (معذورین کے لئے)

-اِذار جعتم ائمہ ثلاث کے نزدیک حتی کہ فؒ: راستہ پر بھی نہیں رکھے گا بلکہ وطن میں ہی آکر رکھے گا

احناف: اِذار جعتم اَی فرغتم اسلئے کہ فراغ کے ساتھ رجوع لازم ہے یا اِذا کے ساتھ ارادہ مقدر ہے (جیسے اِذا دخل الخلاء یا اِذا اَقمتم الصلاۃ...)

- اشکال: جب فرغتم مراد تو آیات میں کیوں فرغتم نہیں آیا اے احناف؟!

جواب: اشارہ کے لئے کہ تمتع غیر مکی کے لئے ہے کہ رجوع پر دال ہے اگرچہ فراغت مراد ہے۔

- اشکال: مسلم کی روایت میں مروی ہے جابرؓ سے: لم یطف النبی ﷺ ولا اَصحابہ بین الصفا والمروۃ اِلا مرۃ واحدۃ
- جواب: 1) ایک سعی کی عند دخول مکۃ

2) محمزل ہے تکرار اور عدم تکرار پر یعنی طواف کا تکرار ثابت ہے اور سعی کا تکرار نہیں یعنی سعی میں نفل ثابت نہیں۔

- مصنفؒ نے ائمہ ثلاث کا مذہب لیا
- 7 روزے ایام تشریق میں کر سکتے یا نہیں؟ کؒ ؒ: ایام تشریق کے بعد رکھے اسلئے کہ کھانے پینے کے ایام ہیں اور آپ ﷺ نے حج میں فرمایا کہ ان دنوں میں روزے نہ رکھے۔
- فؒ دؒ: اَیام تشریق میں نہ رکھے (ترمذی میں امام فؒ کا مسلک احناف کی طرح بتایا)
- دمٌ اَی دم شکر کی ہو تو دم جبر
- جدال لغۃً: سخت زمین پر گرانا۔

باب الاغتسال عند دخول مكة(ص214)(حدیث:1573)

- غسل دخول مکہ کے لئے: جمہور کے نزدیک ہے اور کؒ: غسل مستحب طواف کے لئے (ثمرۃ الاختلاف حائضہ کے لئے)
- غسل کو چھوڑا تو فدیہ نہیں ہوگا، وضو کرے؛ فؒ: وضو کا موقع نہ ہو تو تیمم بھی کر سکتے۔
- روایت: لم یزل النبی ﷺ یلبی حتی رمی جمرۃ العقبۃ
- کؒ: تلبیہ کو چھوڑے گا اِذا توجّہ اِلی عرفات۔

باب دخول مكة نهارا أو ليلا(حدیث:1574)

- دخول مکہ نھارًا اَو لیلاً جائز ہے، لیلاً جیسے جعرانہ مین اور نھارًا جیسے عمرہ اور حج کے لئے۔ نھارًا مستحب ہے۔

باب: من أين يدخل مكة؟(حدیث:1575)

- بہتر اور مستحب کہ داخل ہو جائے ثنیۃ العلیا سے: کداء یا محلہ معلّیٰ؛ کؒ: معلی سے وہ لوگ داخل ہونگے جو مدینہ کے راستے سے آئے

باب: من أين يخرج من مكة؟(حدیث:1576-1577-1578-1579-1580-1581)

- بہتر کہ مِسفلۃ سے سے نکلے اگر آسانی ہو؛ کؒ: حج ہو تو کداء سے داخل ہو اور عمرہ ہو تو کُدَی سے (مسفلہ سے)
- کُدَی من اَعلی مکۃ: 1) غلطی راوی کی؛ 2) من اَعلی مکۃ کا تعلق دخول سے ہے۔

باب فضل مكة وبنيانها(ص215)(حدیث:1582-1583-1584-1585-1586)

- احرام اس لئے کہ مکہ میں داخل ہونے کی فضیلت ہے۔
- سوال:مکہ کا ذکر نہیں بلکہ کعبہ کا ذکر ہے

جواب:مکہ کی فضیلت کعبہ کی وجہ سے ہے یا مکہ کل ہے اور کعبہ جزء ہے یا اسلئے کہ کعبہ متصل ہے مکہ سے یا کعبہ مکہ کے پتھروں سے بنا

- مکۃ اور بکا ایک ہی چیز اور بعض کہتے کہ مقام بیت اللہ یا مسجد حرام ہے بکا اور مکۃ پوری شہر ہے۔
- مکۃ کا معنی:1)نقص الماء؛ 2)اِھلاک؛ 3)یُبس مافی العظام(ہڈیاں کمزور ہو جائے اندر کے مغز کے سوکھنے کی وجہ سے)
- مثابۃً:بار بار واپسی کی جگہ یا مکان الثواب۔
- أمنًا:من القتل والقتال من الأمراض، من الدجال، قحط سالی سے، خسف سے، جبارین سے
- اتخذوا من مقام إبراھیم:1)حرم کو محل صلوۃ بنادو؛ 2)محل امام بناؤ؛ 3)رکعتین وہاں پڑھو؛ 4)مقام ابراھیم کو محل توجہ بناؤ؛ قلیلًا:تمتیعًا قلیلًا یا زمانًا قلیلاً۔
- وإذ یرفع:معلوم ہوا کہ بنیاد تو پہلے سے تھی تب وہ اٹھا رہے بنیاد کو اور یہ بھی دلیل ہے:إن أول بیت وضع للناس
- حدیث:جسمیں کعبہ خانہ میں اور مسجد اقصی کے بنانے کے درمیان 40 سال کا فاصلہ ہے(تو فرشتے یا آدمؑ نے بنایا تھا)
- وإذ بوّأنا لإبراھیم مکان البیت:
- ابن کثیرؒ نے کہا ابن حجرؒ کے حوالے سے:ابراھیمؑ سے پہلے بیت کا بنانا ثابت نہیں اور جن روایات میں ہے کہ آدمؑ یا فلان نے بنایا تو اسرائیلیات پر محمول ہے۔
- واجعل من ذریتنا:"مِن"تبعیض کے لئے؛ مسلمین:1)تابعدار؛ 2)مخلص
- نسک:انتھائی درجے کی عبادت، غیر مفھوم الحکمۃ
- تُب علینا:اگر ہم سے غلطی ہو مناسک میں تو معاف کر لیجئے۔
- کعبہ:1)ارتفاع، رفیع الشان؛ کعب:رفیع الشان اور اونچے مرتبہ والا 2)مربع ہونے کی وجہ سے۔

-آپ ﷺ کو کشف عورت سے بچایا، اگر ازار چھوڑ دے تو عورت خفیفہ کے کھولنے کا اندیشہ تھا تو اس سے بھی بچایا

-لاتُدخلوا فیہ مھر البغی ولا بیع رباولا مظلمۃ أحد۔

-سیلاب نے مقام ابراہیمؑ کو مٹایا، پھر عمرؓ کے حکم سے وہاں رکھا گیا جہاں اب ہے۔

-آپ ﷺ کی تمنا یہ تھی کہ 2 دروازے بنایا جائے اور زمین سے متصل ہو اور حطیم کا حصہ اندر لیا جائے لیکن عبد اللہ بن زبیرؓ کو شکست ہوئی تو عبد الملک بن مروان نے(حجاز کے گورنر)حجاج سے کہا کہ اسی طرح بناؤ جس طرح آپ ﷺ کے زمانے میں تھے پھر کؒ نے اسی پر اتفاق کیا تاکہ کھلونا نہ بن جائے ہر ملوک کے۔

- حدیث عھد:1)واحد اور جمع کے لئے:صفت مشبہ واحد لاسکتے؛ 2)کل واحدٍ حدیث عھدٍ
- جاھلیت:انتھاء الدین السابق وعدم اتیان الدین اللاحق
- حطیم یا حجر اسلئے کہتے کہ ممنوع ہو کہ کعبہ کے اندر شامل ہو اور حجر دوسرے کو مارنے سے منع کرتا ہے اسلئے کہ اسکے پاس پتھر ہے
- دیوار کو شامل نہ کرے تو 6 ذراع اور اگر شامل کرے تو 7 ذراع۔

باب فضل الحرم(ص216)(حدیث:1587)

- یہ بھی مکہ اور کعبہ کی فضیلت ہے کہ اسکے آس پاس کو حرم بنادیا یعنی اطراف کو محفوظ کیا
- یُجبیٰ: یہاں یُجمع ویحمل إلیہ؛
- مدینہ کی جانب سے تین میل تک تقریباً حرم ہے
  اور جانب عراق سے تقریباً7 میل
  اور جانبِ جعرانہ سے تقریباً9 میل
  اور جدہ سے تقریباً10 میل۔
- اسکی مثال ایسی ہے جیسے کسی صدر کے گھر کی حفاظت کے لئے سیکرٹی آگے گیٹ سے شروع ہوتی ہے۔

باب توريث دور مكة، وبيعها وشرائها، وأن الناس في المسجد الحرام سواء خاصة(حدیث:1588)

- مصنفؒ نے اس باب اور اگلے باب میں فؒ کے موافق اور سمؒ کے ایک قول کی موافقت کی۔
- ائمہ ثلاث: لایجوز لیکن احناف کا فتوی صاحبین کے قول پر ہے کہ بیچ سکتے ہیں(صدر الشہید نے اس پر فتوی دیا)
- ائمہ ثلاث کے دلائل:1)عمرو بن شعیبؓ کی حدیث: عن أبیہ عن جدہ: لاتباع رباعھا ولاتکری بیوتھا
  2)عمرؓ: مکۃ مناخٌ لاتباع رباعھا ولاتؤاجر وابیوتھا
  3)روایت: ابن عمرؓ: لایحل بیعُ بیوت مکۃ ومنع أن یجعل الباب لبیوتھا
  4)علقمہ ابن عبد اللہ: توفی رسول اللہ ﷺ وماتدعی بیوت مکۃ إلا السوائب
- ائمہ ثلاث: حرم میں سب برابر ہے: ظلم اور زیادتی الحاد کے مشابہ
- عاکف: الذی حبس نفسہ؛ رباع: مکانات: بڑی جگہ یا زمین: 1)محلہ؛ 2)مکان؛ 3) محل، نیا گھر
- ربع: ربیع سے ہے تو تفاؤلاً کہا گیا؛ عقیل بعد میں مسلمان ہوا۔
- اختلاف ہے کہ مکہ عَنوۃً فتح ہوا یا صلحاً؛ اگر عنوۃ ہو تو وقف ہے مسلمانوں کے لئے۔
- صفوان بن أمیۃ نے مکان خریدی تھی تو معلوم ہوا کہ اس زمانے میں بیع وشراء جاری تھے۔
- انصار مھاجرین کے وارث بن جاتے تھے بعد میں منسوخ ہوا: وأولوا الأرحام بعضھم أولی ببعض سے
- رؒ: بناء کی وراثت ممکن ہے نہ کہ زمین کی اور رؒ: حدیث جواز کو محمول کرتے تصرف الجاھلیۃ پر۔

باب نزول النبي ﷺ مكة(حدیث :1589-1590)

- آپ ﷺ کہاں ٹھہرے تھے؛ خیف: اونچی زمین کو کہتے جب سیلاب ہوتا تو جو زمین اوپر رہتا ہے تو اسکو خیف کہتے
- توخیف مضاف ہے بنی کنانۃ کی طرف تو ملکیت ثابت؛ من دخل دار أبی سفیان فھو آمن
- کبھی اضافت ادنی تعلق کی وجہ سے بھی ہوتی ہے: بیت العنکبوت
- کسی جگہ یا زمانے میں مخالفین اسلام غلط کام کرتے تو اسی وقت یا جگہ پر اسلامی کام کرنا بہتر، ہاں اسکو سنت نہ سمجھے

- مثلاً ربیع الأول میں سیرت کا جلسہ اسلئے کرے کہ زیادہ فضیلت ہے تو یہ بدعت ہے، اور اگر اس وجہ سے کرتے کہ لوگ غلط فضیلت بیان کرتے تو ہم صحیح فضیلت بیان کرے تو ٹھیک ہے۔
- بنی مطّلب صحیح ہے (نوفل اور عبد شمس قریش) اور (بنو ھاشم اور بنو مطلب ساتھ تھے جاہلیت اور اسلام میں)

باب قول الله تعالى: {وإذ قال إبراهيم رب اجعل هذا البلد آمنا واجنبني وبني أن نعبد الأصنام، رب إنهن أضللن كثيرا من الناس فمن تبعني فإنه مني، ومن عصاني فإنك غفور رحيم. ربنا إني أسكنت من ذريتي بواد غير ذي زرع عند بيتك المحرم ربنا ليقيموا الصلاة فاجعل أفئدة من الناس تهوي إليهم} [إبراهيم: 36] الآية

- ترجمۃ الباب کا مقصد: حرم کے احترام اور مکہ مکرمہ کے مامون و محفوظ ہونے کا ذکر ہے۔
- اس باب میں حدیث نہیں: 1) اکتفاء کیا آنے والے باب کی حدیث پر

2) اکتفاءً بالقصّۃ المشھورۃ: ابراھیمؑ کو سارہ کی مشورہ سے ھاجرہ اور اسماعیلؑ کو لے کر جو جلد کے آخر میں آنے والا

باب قول الله تعالى: {جعل الله الكعبة البيت الحرام قياما للناس} (حدیث: 1591-1592-1593)

- ادب والا، احترام والا گھر قیامًا للناس: 1) لوگوں کے محفوظ رہنے کا ذریعہ

2) لوگوں کے گزارے کا ذریعہ؛ 3) دین کی بقاء کا ذریعہ

- عطاء بن أبي رباح: اگر لوگ ایک سال حج و عمرہ چھوڑ دے تو لم ینظروا أن یھلکوا
- حسن بصریؒ: لایزال الناس علی دینھم مازالوا یحجون الحج ویستقبلون القبلۃ
- ذوالسّویقتین: عیسیٰؑ کے زمانے پر ہو گا یا بعد

1) والأول أکثر راویًا، گویا مصنفؒ کے نزدیک تعارض ہے تو ترجیح دی پہلے حدیث کو

2) دیگر حضرات: تعارض نہیں اسلئے کہ یاجوج ماجوج کے بعد متصل طور پر قیامت نہیں ہے۔

3) دوسری حدیث میں بتایا کہ حج نہیں ہو گا۔ اور پہلے حدیث میں بتایا کہ نفس البیت نہیں ہو گا بلکہ مکان البیت رہے گا۔

باب كسوة الكعبة (حدیث: 1594)

- اگرچہ جاہلیت کا کام ہے لیکن اسلام نے اسکو باقی رکھا۔
- آپ ﷺ نے کسوۃ البیوت سے منع فرمایا لیکن خانہ کعبہ مستثنیٰ ہے۔
- تبّع حمیری نے سب سے پہلے ڈالا: اسعد یا سعد
- بعض: عباسؓ کے والدہ نے ڈالا (ممکن ہو کہ تجدید کی)
- پہلے سفید تھا پھر کالا ڈالا گیا: تاکہ میلا نہ ہو اور طواف کرتے وقت گناہ کو جذب کرے گا اللہ اسکے ذریعہ
- جب کسوۃ اتارے اور پھر حکومت سے خریدے تو ٹھیک ہے۔ اور عمرؓ اتار کر معتمرین اور حجاج کو تقسیم کرتے تھے، تو یہ بھی جائز ہے۔
- شیبۃ بن عثمان حجبی: فتح مکہ پر مسلمان ہوئے۔

- اشکال:صفراءاور بیضاءکاذکرہے نہ کہ کسوۃ؟!
- جواب:1)جس طرح صفراءاور بیضاءبطور ہدیہ تھاتواسی طرح کسوۃبطور ہدیہ (قیاسًا)اور بعض روایت میں کسوت کا بھی ذکر ہے۔
2)مقصود مال الکعبۃ جسمیں کسوۃ بھی شامل (بہت قیمتی ہے اسپر سوناچڑھاہواہے)
3)سوناچاندی کعبہ کی حاجات میں سے توکسوت اسمیں ضمنًاداخل وشامل ہے۔

باب هدم الكعبة(ص217)(حدیث:1595-1596)

- ترجمۃالباب کامقصد:قیامت تک محفوظ اور قیامت سے پہلے منہدم ہوگا؛
- سوال:قریظۃنے ایک زمانے میں حجراسود کولیاتھا؟!

جواب:1)ان لوگوں نے کیاتھاجواپنے آپکو مسلمان ظاہرکتے ورنہ غیر مسلموں سے تومحفوظ ہے۔
2)کعبہ کومنہدم نہیں کیابلکہ حجراسود کواٹھایاتھا۔

- أفجح:آگے کے پاؤں زیادہ قریب اور پیچھے والاحصہ بعید ہو۔

باب ما ذكر في الحجر الأسود(حدیث:1597)

- ترجمۃالباب کامقصد:حجراسود کی فضیلت کابیان
- ترمذی: 878 - ... سمعت عبد الله بن عمرو، يقول: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: إن الركن، والمقام ياقوتتان من ياقوت الجنة، طمس الله نورهما، ولو لم يطمس نورهما لأضاءتا ما بين المشرق والمغرب.
- ابن عباسؓ:ایسے حال نازل ہواکہ اشدُّبیاضا من اللبن،پھرلوگوں کے ہاتھ لگنے سے اورلوگوں کے سیآت کو کھینچ لیاجسکی وجہ سے کالاہوا اوروہ کسی کوفائدہ نہیں پہنچاسکتااورنہ ضرردنیامیں اور آخرت میں الگ بات ہے کہ اسکی آنکھیں ہونگی اورشفاعت کرے گا۔
- اشکال:جب متقی اسپرہاتھ لگاتے تونورکیوں دجذب نہیں کرتا؟!
جواب:دنیاکاقانون ہے کہ باہرکے میل کچیل ہی کوجذب کرتا۔

باب إغلاق البيت، ويصلي في أي نواحي البيت شاء(حدیث:1598)

- بیت اللہ کوبندکرناجائزہےاورصلوۃفی الکعبۃ بھی جائزاگرچہ دروازہ مفتوح ہے
- فؒ:دروازہ مفتوح ہواورمصلی کے سامنے ایک ذراع(وعلیہ الفتوی)یاقامۃالرجل کے برابرایک روایت میں،اوراگرسترہ نہ ہوتونماز نہیں ہوگی(سترہ بقدرمؤخرۃالرحل)
- احناف کہتے کہ سامنے ہواہےاوروہ بھی خانہ کعبہ کے حکم میں ہے۔

باب الصلاة في الكعبة(حدیث:1599)

- مصنفؒ نے قید نہیں لگائی کہ باب مفتوح ہویانہ ہوتومطلق ہے؛حؒ کی موافقت

- ظاہر یہ: نماز ممکن نہیں اسلئے کہ پشت کعبہ کی طرف ہو گا؛ کؒ: نفل جائز ہے؛ حؒ فؒ: سب جائز ہے۔

باب من لم يدخل الكعبة(حدیث:1600)

- عمرۃ القضاء میں آپ ﷺ داخل نہیں ہوئے اور فتح مکہ کے موقعہ پر داخل ہوئے تھے۔
- ابن عباسؓ (بسند ضعیف) ابن عمرؓ (بسند حسن) مروی ہے: دخل رسول اللہ ﷺ یوم العید فسألت بلالاً: هل صلى، قال: لا، ثم دخل من الغد فسألت بلالاً: هل صلى، قال: نعم ركعتين۔
- ابن تیمیہ، ابن قیم، امام نووی: داخل نہیں ہوئے عید کے دن (ماصلی فی حجۃ الوداع)۔
- طبقات ابن سعد اور بیہقی: 2 مرتبہ داخل ہوئے تھے ایک مرتبہ صلی اور دوسری مرتبہ لم یصل
- آپ ﷺ کے ساتھ اسامہؓ (پانی لینے گئے تھے) بلالؓ اور طلحہؓ
- ترجمۃ الباب کا مقصد: مناسک حج میں داخل نہیں ہے اور ضروری نہیں کہ کعبہ میں داخل ہو جائے۔
- حطیم میں جا کر نماز پڑھے: خبر واحد سے ثابت ہے کہ یہ کعبہ کا جزء ہے۔

باب من كبر في نواحي الكعبة(ص218)(حدیث:1601)

- یعنی اگر اندر داخل نہیں ہو سکے تو ٹھیک ہے نواحی الکعبۃ میں پڑھ لے۔
- تکبیر بھی کافی اگر نماز نہ پڑھ سکے؛ معلوم ہوا کہ تبرکات کو چھوڑا جائے گا جبکہ شرکیات شامل ہے اسمیں چنانچہ فتح مکہ کے وقت بت نکالے گئے کعبہ سے۔
- اظلام: قسمت کے تیر: تین تیر: سفیح، منیح، وقید: کچھ نہیں اور 27 تیر جنکے لئے حصے خط تو أم حلص ناقس اور معلی کے سات حصے (مساکن کو تقسیم کرتے تھے) جوہار تا تھا تو لمبی چوڑی قیمت اونٹ کی برداشت کرتا تھا
- 28 حصے بناتے؛ فظ:1؛ تو أم:2؛ رقیب:3.....
- عمرو بن لحی نے ایجاد کیا نما قسمت کے تیر کو
- لم یصل فیہ (عمرۃ القضاء)

باب: كيف كان بدء الرمل(حدیث:1602)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: رمل تواضع کے مخالف لیکن تاریخ سے پتہ چلتا ہے کہ مصلحت تھی متکبرین کے خلاف
- التكبر على المتكبر صدقة

باب استلام الحجر الأسود حين يقدم مكة أول ما يطوف، ويرمل ثلاثا(حدیث:1603)

- ہاتھوں سے مس کرنا: 1) سلام سے ماخوذ جیسے سلام میں مصافحہ کرتے تو ہاتھ لگاتے
  2) سِلام سے: پتھر یعنی پتھر سے ملاقات اور ہاتھ لگانا

-کؒ: طواف قدوم میں واجب؛ استلام ہر شوط میں کرنا چاہئے، اگر نہ کر سکے تو کسی چھڑی یا عصا سے لگائے اور رمل پورے 3 اشواط میں

-خبب: تیز چلنا۔

باب الرمل في الحج والعمرة(حدیث:1604-1605-1606)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: رمل کا مقصد مشرکین مکہ کو دکھانا تھا جو مسلمان کو کمزور سمجھتے تھے، تو اللہ نے اسکو پسند کیا اور باقی رکھا
- رمل فی کل طواف بعدہ سعیٌ؛ ابن عباس کا رد جو کہتے کہ اگر چاہے کرو اور نہ چاہے تو نہ کرو۔
- کؒ: کی تردید جو کہتے کہ مکی پر رمل نہیں ہے۔
- حجر اَسود کو رکن اسلئے کہتے کہ کونے میں رکھا ہوا ہے
- استلام:1)بالفم؛ 2)بالید؛ 3)بالعصا؛4)بالاشارۃ
- حجۃ الوداع میں رمل کو باقی رکھا جبکہ مشرکین نہین تھے تو معلوم ہوا کہ یہ حکم باقی ہے۔
- معلوم ہوا کہ مشرکین کو اپنی قوت دِکھانا ریاکاری نہیں بلکہ دین کی خدمت ہے۔

باب استلام الركن بالمحجن(حدیث:1607)

- چھوسکتے حجر اسود کو چھڑی سے؛ محجن: جسکا سر امڑا ہوا ہو؛ دؒ: نہیں چھونا چاہئے عصا سے
- جب ہاتھ نہیں لگا سکتے تو اشارہ کرے خلافًا لمالکؒ، پھر تقبیل خلافًا لاحمدؒ
- بعیر پر:1)چونکہ بیماری تھی(جیسے ابو داؤد میں)؛ بھیر کی وجہ سے
  2)تاکہ سب دیکھ لے۔

-سواری پر نہیں جانا چاہئے، عام لوگوں کو، اگر چل سکتے تو دم ہو گا۔

باب من لم يستلم إلا الركنين اليمانيين(حدیث:1608-1609)

- رکن یمانی اور حجر اسود؛ دوسری طرف رکنین شامیین(رکن شامی اور عراقی)
- رکن یمانی کا حکم: ہاتھ لگا سکتے تو لگائے ورنہ اشارہ نہیں ہے اور تقبیل نہیں ہے۔
- فؒ: اسکا حکم حجر اسود کی طرح ہے۔
- آپ ﷺ نے تقبیل کی رکن یمانی کی؛ ووضع علیہ فمہ:1)ضغیف یا2)مراد حجر اسود
- معاویہؓ: ہم چھوڑتے نہیں اسلئے کہ طواف کرتے لیکن چھومیں گے نہیں اسلئے کہ ثابت نہیں
- ابن زبیر نے حطیم کو اندر داخل کیا تھا تو تمام کونے اپنی اصلی جگہ پر آگئے تھے تو یہ انکا اجتہاد تھا اور صحیح تھا۔

باب تقبيل الحجر(حدیث :1610-1611)

- تقبیل مع الصوت: عندکؒ؛ جمہور: صوت کی ضرورت نہیں؛ اسپر رکھنا مستحب ہے خلافًا لمالکؒ
- مرفوع حدیث ہے: حجر اسود کا لسان ہو گا اور شفاعت کرے گی قیامت کے دن
- اَرأیت:1)اگر سنت چاہتے تو یہ بات چھوڑ دو؛ 2)جو آدمی احتمالات نکالتا ہے تو ایہ اسکی سستی کی دلیل ہے۔
- اترک الاحتمالات واعمل بالطاعات واِعش خلف سنن سید الکائنات
- ابو جعفر مصنف کے کاتب.....

باب من أشار إلى الركن إذا أتى عليه(حدیث:1612)

- إذا عجز عن الاستلام باليد فيشير إليه خلافاًلمالكؒ۔

باب التكبير عند الركن(ص219)(حدیث:1613)

- شوافع اور حنابلہ کی کتابوں میں لکھا ہے کہ شروع میں:اللھم ایمانًابک وتصدیقًاووفاءًلوعدک واتباعًالوصیۃ نبیک کہے
- اگر سواری پر طواف کیابغیر عذر توجبتک مکہ میں ہے اواعادہ کرے تودم لازم نہیں ہو گا۔
- نسائی وغیرہ میں:رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان:ربنا آتنافی الدنیا.....
- مالکیہ:تلاوت مکروہ ہے؛ دیگر حضرات:ذکر افضل ہے اور قرآن بھی پڑھسکتے
- 1674 - حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، أَنْبَأَ الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا سَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ، قَالَ: كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ، يَقُولُ: احْفَظُوا هَذَا الْحَدِيثَ، وَكَانَ يَرْفَعُهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ يَدْعُو بِهِ بَيْنَ الرُّكْنَيْنِ: «رَبِّ قَنِّعْنِي بِمَا رَزَقْتَنِي، وَبَارِكْ لِي فِيهِ، وَاخْلُفْ عَلَى كُلِّ غَائِبَةٍ لِي بِخَيْرٍ» هَذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْإِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، فَإِنَّهُمَا لَمْ يَحْتَجَّا بِسَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ أَخِي حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ "(رواہ الحاکم فی المستدرک)
- روایت میں یہ بھی ہے:سبحان اللہ والحمد للہ ولا إلہ إلا اللہ واللہ أکبر:وفی اسنادہ اسماعیل بن عیاش وھو ضعیف۔

باب من طاف بالبيت إذا قدم مكة، قبل أن يرجع إلى بيته، ثم صلى ركعتين، ثم خرج إلى الصفا(حدیث:1614-1615-1616-1617)

- اگر طواف قدوم بغیر وضوء کے کیاتو صدقہ ہے(نصف صاع حنطۃ کا صدقہ)
- اگر طواف زیارت بغیر وضوء کے کیاتو دم ہے اور امام کؒ اور فؒ:سرے سے ہو گا ہی نہیں
- طواف قدوم کرناچاہئے پھر رکعتین،پھر صفا پر نکالنا.....حلال ہونا
- ابن عباس اور اسحاق کی تردید ہے جو کہتے کہ نفس طواف کرنے سے حلال ہو گا۔
- ثم لم تكن عمرة ثم حج:1)فسخ الحج إلى العمرة نہیں تھا آپ ﷺ کے لئے۔
  2)حج کے بعد عمرۃ نہیں کیا
- مسحوا الركن:1)کنایۃ عن اتمام الطواف والسعی(اگر عمرہ پر محمول ہو)
  2)فی طواف الزیارۃ(اگر حج پر محمول ہو)

باب طواف النساء مع الرجال(حدیث:1618-1619)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:نساء رجال کے ساتھ ایک وقت میں طواف کریں گے لیکن کعبہ سے دور اور مرد سے اختلاط نہ ہو۔
- ابن عمرؓ نے منع کیاجبکہ اختلاط ہو۔
- ابراھیم بن ھشام(عبد الملک کا بھانجہ تھا)امام الحج تھے،تفریق کرتے تھے۔

- تو عورت یا دیر کرے گی یا الگ وقت پر کرے گی؛ معیت مکانی نہ ہو یعنی اختلاط نہ ہو اور معیت زمانی کے کوئی حرج نہیں۔
- رأیت علیھا: 1) قمیص دیکھی، چہرہ نہیں؛ 2) یا قبل البلوغ؛ 3) یا نظر اتفاقی۔
- بیماری میں راکبًا جائز ہے؛ 14 تاریخ کی صبح کو طواف وداع کے لئے آئے تھے تو فجر میں والطور پڑھا۔

باب الكلام في الطواف (حدیث:1620)

- من تكلم بغير فلا يتكلم إلا بخير؛ تو معلوم ہوا کہ اس حالت میں بھی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کر سکتے۔
- کلام کر سکتے اگرچہ طواف نماز کی طرح ہے۔

باب إذا رأى سيرا أو شيئا يكره في الطواف قطعه (ص220) (حدیث:1621)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: نہی عن المنکر بالقول و بالفعل کر سکتے (زمام کو کاٹا)

باب لا يطوف بالبيت عريان، ولا يحج مشرك (حدیث:1622)

- ائمہ ثلاث: ستر شرط، یعنی طواف ہو گی نہیں، اگر ستر کھلا ہے؛ حؒ اور دؒ کا ایک قول: واجب اور مجبور بالدم ہو گا۔
- قریشی مفت میں کپڑے دیتے تھے یا عاریۃً یا کرایہ پر، اگر کرایہ نہ ملتا تو اپنے کپڑوں میں طواف کرتے اور پھر اسکو پھینکتے تھے (لُقّی) یا آخر میں ننگے طواف کرتے، اور صرف دونوں سوراخ کو بند کرتے تھے۔
- عورت کہتی تھی: الیوم یبدو بعضہ أو کلہ وما بدا فلا أحل لہ
- اسی لئے آپ ﷺ نے حج مؤخر کیا تا کہ اعلان کر دے اور سب چیزیں منظم ہو جائے۔
- ابو بکرؓ نے حج جو کیا، تطوعًا تھا، بعض کہتے کہ حج نسیئہ ہوا تھا یعنی اصل ذی قعدۃ کا مہینہ تھا
- ابو بکرؓ کا اسی سال نسی ختم ہوا
- حج کی فرضیت 9ھ میں ہوئی؛ ابو بکرؓ: أمّرہ علیھا رسول اللہ ﷺ....

باب إذا وقف في الطواف (حدیث:...)

- دؒ: فصل کثیر مفسد طواف؛ ائمہ ثلاث: طواف ہو جائے گا اگرچہ خلاف اولی ہے (کراہت ہے)
- کؒ: صرف صلوۃ کے لئے وقفہ ہونا چاہئے؛ دؒ: جنازے کے لئے بھی وقفہ ممکن ہے۔
- حسن بصریؒ: اگر وقفہ کرے پھر استیناف کرے گا؛ حؒ فؒ: کوئی حرج نہیں وقفہ کرنے سے۔
- مصنفؒ: توقف کر سکتے تھکاوٹ وغیرہ کی وجہ سے۔
- ائمہ اربعہ: صلوۃ کے بعد بناء کرے گا؛ اگر دھکا دیا گیا تو پیچھے واپس آجائے۔
- مصنفؒ کے پاس حدیث نہیں تھی تو آثار پر اکتفاء کیا۔

باب: صلى النبي صلى الله عليه وسلم لسبوعه ركعتين(حدیث:1623-1624)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: طواف کے بعد صلوۃ طواف پڑھو(واجب ہے)مقام ابراھیم کے پاس؛ رحؒ کؒ: فرض کافی نہیں کہ وہ اسکا قائم مقام؛ فؒ دؒ: فرض قائم مقام ہو سکتا ہے۔
- مختلف اسابیع کو جمع کیا فؒ: خلاف اولی(6رکعات پڑھ لی مثلاً)؛ رحؒ: کراہت مروی ہے اگر بغیر ضرورت کیا۔
- مصنف کافی نہیں سمجھتے فرض کو اسلئے کہ آپ ﷺ سے ثابت نہیں۔
- بیوی کا قرب حاصل نہ کرے، عمرہ کے ختم ہونے سے پہلے اسلئے کہ آپ ﷺ کا طریقہ درمیان میں تحلیل کرنے کا نہیں تھا۔

باب من لم يقرب الكعبة، ولم يطف حتى يخرج إلى عرفة، ويرجع بعد الطواف الأول(حدیث:1625)

- نفل طواف نہیں فرمایا اس خوف سے کہ سنت ہو جائے دوسروں کے لئے؛4 تاریخ کو پہنچے، 8 تک طواف نہیں کیا۔
- ہاں عرفہ کے بعد آیا اور طواف زیارت کی۔

باب من صلى ركعتي الطواف خارجا من المسجد(حدیث:1626)

- مقام ابراھیم پر پھر کعبہ میں، پھر حطیم، پھر مسجد حرم؛ خارج الحرم قصداً: خلاف اولی: ففیھا إساءۃ
- کؒ: اگر دور یعنی وطن چلا گیا تو دم ہے؛ ذی طوی محصب میں پڑھا تھا ابن عمرؓ جو حرم میں ہے۔
- حتی خرجت من مکۃ إلی محصب، اسلئے کہ طلوع شمس سے پہلے نہیں پڑھ سکتی تھی تو یہ احناف کی تائید میں ہے۔

باب من صلى ركعتي الطواف خلف المقام(حدیث:1627)

- فھو أفضل یا أولی(مقدر ہو گا)۔

باب الطواف بعد الصبح والعصر(حدیث:1628-1629-1630-1631)

- کؒ رحؒ: رکعتین طواف اوقات مکروھۃ میں نہیں پڑھے گا؛ فؒ دؒ: ذات السبب نماز ہو تو پڑھ سکتے اوقات مکروھۃ میں۔
- بہ ظاہر مصنف کا مسلک یہ معلوم ہوتا ہے کہ طلوع الشمس اور غروب شمس کے بعد پڑھنا چاہئے۔
- امام طحاویؒ نے ابن عمرؓ سے یہی روایت کی کہ طلوع و غروب شمس کے بعد پڑھتے؛
- 1)ابن عمرؓ تاخیر کرتے اور 2)سفیان ثوری بھی۔ 3)ابو سعید طاف بعد الفجر
- 4)عائشہؓ: جب تم طواف کا ارادہ کروگے فجر کے بعد.... فائخِر الصلوۃ إذا تطلع الشمس أو تغرب
- عمرؓ نے ذی طوی نماز پڑھی اسلئے کہ نہیں پڑھ سکتے
- عائشہؓ نے تاخیر پر انکار نہیں کیا بلکہ طلوع شمس پر پڑھنے سے انکار فرمایا
- حضرت جابرؓ: لم نکن نطوف بعد صلوۃ الصبح حتی تطلع الشمس ولا بعد العصر حتی تغرب الشمس

- میرا خیال یہ ہے کہ وکان ابن عمر "لا" ہونا چاہئے: وکان ابن عمرؓ لا یصلی رکعتی مالم تطلع الشمس جیسے لا آتیک حتی تأتینی یالا تأتینی حتی ینتھی درسی، تو اس قسم کے جملے میں لا مقصود ہوتا ہے۔
- شوافع اور حنابلہ کا استدلال: لا تمنع أحداً طاف بھذا البیت وصلی أیّ وقت شاء؛ جواب: یہ دربان تھے، اور مقصد یہ تھا کہ دروازہ بند نہ کرے، کسی بھی وقت لوگ آسکے حرم میں۔
- احناف: فی أی وقت شاء غیر الاوقت المکروھۃ
- ممکن کہ عائشہؓ کے نزدیک اب تک وقت مکروہ تھا، اور انکے نزدیک وقت مکروہ ختم ہو گیا تھا۔
- روایت کر چکی کہ آپ ﷺ منع کرتے تھے 2 رکعات بعد العصر اور صوم وصال سے بھی منع کرتے تھے۔

باب المریض یطوف راکبا(ص221)(حدیث:1632-1633)

- رحؒ کؒ: رکوب بغیر عذر: دم؛ فؒ دؒ: بہتر نہیں خلاف اولی، ہاں اگر اعادہ کرے تو دم ساقط
- ابو داؤد: قدم النبی ﷺ إلی مکۃ وھو یشتکی فطاف علی راحلتہ
- مسلم: طاف النبی ﷺ علی بعیرہ.....لیراہ ولیعلموہ الناس۔

باب سقایۃ الحاج(حدیث:1634-1635)

- اسلام نے اسکو باقی رکھا، اگرچہ جاہلیت کا کام تھا۔
- زمزم کی کھدائی سے پہلے عبد مناف باہر سے پانی لاتے اور زبیب اور کھجور ملا کر پلاتے تھے۔
- سائب بن عبد اللہ نے حکم کیا مجاھد کو کہ پانی پی لے من سقایۃ الحاج فإنہ من تمام السنۃ

باب ما جاء في زمزم(حدیث:1636-1637)

- خیر ماء علی وجہ الأرض: زمین میں سب سے بہتر پانی؛ الزمزم لما شرب لہ (اسباب کے درجے میں ہے)؛
- ابو ذرؓ نے 30 دن اس سے گزارا کیا تھا
- ابن عباسؓ زمزم پیتے وقت یہ دعا کی: اللھم إنی أسألک علماً نافعاً ورزقاً طیبا وعملا صالحا
- ابن حجرؒ: میں نے زمزم پیا تا کہ میرا حافظہ علامہ ذھبی کی طرح ہو جائے (تو انکا حافظہ ایسے ہی ہوا) لیکن علامہ کشمیریؒ کہتے کہ متون میں صحیح لیکن اسناد میں نہیں یعنی جرح وتعدیل میں وہ امام ذہبی کے برابر نہیں ہے۔
- علامہ سیوطی: علوم نقلیہ میں مہارت حاصل ہو جائے
- امام شافعیؒ: جہاد میں رمی السھم یعنی تیر اندازی میں مہارت حاصل ہو جائے
- ابن ھمام: اسلئے پیتا کہ اتباع سنت نصیب ہو جائے
- مولانا اور شاہ کشمیریؒ کہتے: کہ ابن ھمام نے سب سے اچھی نیت کی اسلئے کہ اسمیں سب کچھ آگیا: علم، سنت، جہاد وغیرہ
- سب سے بہتر پانی کونسا ہے؟

1)جو آپ ﷺ کے مبارک انگلی سے نکلے تھے

2) زمزم:1) کثرت کے معنی میں یا2)اجتماع(ہاجرہؑ نے پانی جمع کیا تھا)؛ 3)ھرمۃ:ایڑی لگانا(جبریلؑ نے لگائی تاکہ پانی نکلے)یا 4)شدت کے معنے میں ہے اسلئے کہ اتنا پانی شدت کے ساتھ نکل رہا تھا کہ ہاجرہؑ کو بن بنانا پڑا تاکہ جاری چشمہ نہ بنے۔

3)حوض کوثر کا پانی؛ 4) نیل کا پانی جو مصر میں سے گزرتا ہے؛

- حرکت:ڈول اور چلنے کی حرکت
- بہتر یہ ہے کہ وہاں پی لے کھڑے ہو کر اور دوسرے پانی پینا مکروہ ہے جب زمزم ہے۔
- فقھاء:بیٹھ کر پینا چاہئے اور اتباعًا کھڑے ہو کر پی سکتے۔
- قائم:1)عذر؛ 2)کیچڑ کی وجہ سے؛ 3)بیان جواز کے لئے؛ 4)زیادہ پینے کی غرض سے؛ 5)اسلئے کہ قیام مستحب ہے۔
- عکرمۃ کا مطلب: قیام ثابت نہیں بلکہ وقوف ہے۔

باب طواف القارن(حدیث:1638-1639-1640)

- ایک طواف کرنا چاہئے قارن کو؛ مصنفؒ:ایک طواف یعنی عمرۃ اور حج کے لئے ایک طواف۔
- اور دلیل:عائشہؓ کی روایت:طوافک بالبیت والصفا والمروۃ یکفیک
- احناف:یکفیک:1)للتحلیل؛ 2)منی سے واپسی کے بعد یا مطلب یہ ہے کہ 3)ایک طواف کافی لکِ بحسب النیۃ،حج کے لئے حقیقۃً اور عمرۃ کے لئے نیۃً؛ قارن کے لئے 3 طواف ہے،سب کا اتفاق ہے کہ جب پہنچے گا تو ایک طواف پھر طواف زیارت پھر طواف وداع؛تو ایک طواف کی تاویل ضروری ہے:1)طاف طوافًا واحدًا عند القدوم(طواف القدوم والعمرۃ ایک ہے)
2)طاف طوافًا واحدًا للتحلیل اور متمتعین نے 2 طواف کئے۔

- 64ھ یا65ھ:نزل الحجاج بابن الزبیرؓ
- بیداء:ذوالحلیفۃ میں ایک جگہ کا نام ہے۔
- طواف فرض میں(عمرۃ)طواف سنت کو داخل کیا(طواف قدوم)تو مطلب یہ ہوا کہ قارن کے لئے ایک طواف ہے۔

باب الطواف علی وضوء(ص222)(حدیث:1641-1642)

بَابُ الصَّوْمِ مِنْ آخِرِ الشَّهْرِ (حدیث:1983)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: مہینے کے آخر میں چاہے شعبان ہو روزہ رکھ سکتے اور شعبان کے آخر میں عادت والے رکھیں گے یا جو خالص نفل کی نیت کرے۔
- سرر: آخر 1) أول الشھر؛ 2) وسط الشھر؛ 3) آخر الشھر (یہی مصنفؒ نے اختیار کیا ہے)۔
- سِرٌّ: راز اور چاند چھپا ہوا ہوتا ہے آخری شھر میں۔
- یعنی رمضان: 1) راوی کی خطاء یعنی شعبان؛ 2) قال سے متعلق ہے: قال لی فی رمضان، ھل صمتَ فی شعبان

بَابُ صَوْمِ يَوْمِ الجُمُعَةِ (حدیث:1984-1985-1986)

- فؒ دؒ: مکروہ ہے صرف جمعہ کا روزہ؛ کؒ: مباح ہے؛ احناف: 1) اباحت؛ 2) کراہت (نور الإیضاح اور اسکے شروحات میں)
- اباحت کی دلیل: کان رسول اللہ ﷺ یصوم من کل شھر ثلاثۃ أیام وقلّما یُفطر یوم الجمعۃ
- حکمت: جمعہ میں روزہ نہ رکھنے کی: 1)

2) جمعہ کی عبادت سے ضعف پیدا نہ ہو جائے

3) تعمق فی العبادۃ یعنی مبالغہ نہ ہو تعظیم میں

4) وجوب کا عقیدہ نہ ہو

5) ایسا نہ کہ اللہ فرض کر دے۔

-ھذا یوم عیدکم فلا تجعلوا یوم عیدکم یوم صومکم

بَابٌ: هَلْ يَخُصُّ شَيْئًا مِنَ الأَيَّامِ (ص267) (حدیث:1987)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اگر تخصیص ثابت تو تخصیص کرنا چاہئے اور اگر ثابت نہ ہو تو نہیں کرنا چاہئے جیسے جمعہ کے دن
- یختصُّ: اگر کسی عمل کو شروع کرتے تو مداومت فرماتے کسی خاص مہینے یا ہفتے کے ساتھ خاص نہ کرتے جیسے محرم کے روزے ہر سال
- پیر جمعرات ہر مہینے اور 13، 14، 15 کے روزے۔

بَابُ صَوْمِ يَوْمِ عَرَفَةَ(حدیث:1988-1989)

- یوم عرفہ کا صوم مستحب اور اسی پر اتفاق ہے۔
- حدیث:یوم عرفہ کا صوم 2 سال کے لئے کفارہ ہے اور یوم عاشوراء ایک سال کے لئے کفارہ ہے
- فضیلت:یوم عرفہ اس امت کی فضیلت ہے اور یوم عاشوراء دوسری امت کی
- عرفہ کے دن نہیں رکھا کہ لوگوں کے لے تکلیف نہ ہو اور دقت نہ ہو۔

بَابُ صَوْمِ يَوْمِ الفِطْرِ(حدیث:1990-1991-1992)

- روزہ نہیں رکھنا چاہئے اسلئے کہ یوم ضیافۃ اللہ اور ایام تشریق میں بھی نہیں رکھنا چاہئے
- 1)دونوں کا غلام تھا؛ 2)دونوں ولاء میں شریک تھے؛ 3)ایک کے معتَق تھے حقیقۃ اور دوسرے کے ساتھ دوستی اور کثرت ملازمت تھی؛ 4)ایک کی ملکیت سے دوسرے کی ملکیت میں منتقل ہوئے۔

بَابُ صَوْمِ يَوْمِ النَّحْرِ(حدیث:1993-1994-1995)

- اگر شروع کیا تھا پھر توڑا تو قضاء نہیں اسلئے کہ ابتداء بالمعصیۃ پایا گیا اور اگر نماز پڑھ کے توڑا تو قضاء ہے اسلئے کہ صلوۃ شروع میں جبتک سجدہ نہ کیا تو ارتکاب بالمعصیۃ نہیں ہے۔
اوقات مکروھۃ میں ممکن اور صلاۃ کی تکبیر تحریمہ ہے اور روزے کی نہیں اور صلوۃ مختلف ارکان سے عبارت ہے
فؒ:کوئی حرج نہیں توڑنے سے
- یوم النحر یا یوم الفطر کی نذر مان لی تو کیسا ہے؟
احناف:نذر منعقد لیکن دوسرے دن قضاء کرے گا اور نذر قبیح لغیرہ ہے۔
- فؒ دؒ:نذر منعقد نہیں چنانچہ نہ ادا ہے اور نہ قضاء ہے؛ کؒ:نذر کو یوم النحر کے نام سے مان لی تو قضاء نہیں
- کؒ:اگر اتفاقا مان لی تو دوسرے دن قضاء کرے گا مثلاً جس دن فلاں آدمی آئے تو 5 روزے رکھوں گا اور بیچ میں یوم الفطر ہے
- اگر کسی نے اس دن روزہ رکھا تو کیا نذر پوری ہو گی؟
- احناف:گناہ ہو گا اور نذر پوری ہو جائے گی یعنی ذمہ فارغ ہو گا۔
- شوافع اور ابن تیمیہ:نہی بطلان کا تقاضا نہیں کرتی تو نذر پوری نہیں ہو گی۔
- نہی کی 2 قسمیں اصول کی کتابوں میں:1)نہی عن الأفعال الحسیۃ جیسے زنا وغیرہ تو اسکے ارتکاب کرنے سے نتیجے میں نفقہ لازم نہین ہو گا اور نسب ثابت نہیں اسلئے کہ اسکے تمام افراد سے ممانعت ہے نہی لذاتہ ہے۔
2)نہی عن الأفعال الشرعیۃ:ذات کے اعتبار سے صحیح چیز ہے لیکن عارض کی وجہ سے ممانعت یعنی بعض افراد کی وجہ سے جیسے حدیث میں ہے کہ حیض میں رجوع نہ کرو لیکن اگر کر لیا تو نتیجہ مرتب ہو گا، اسی طرح اگر طلاق دی حیض میں تو منعقد ہو گی (جیسے ترمذی میں ابن عمرؓ کی روایت ہے) یا ظہار ممنوع ہے لیکن اگر کسی نے کی تو منعقد ہو گی جیسے امام بخاریؒ کا قول ہے، معاطن الإبل میں نماز پڑھنے کی ممانعت وارد ہے لیکن اگر پڑھ لی تو نماز صحیح ہے یا مغصوب زمین میں نماز پڑھ لی تو نماز ہو گی۔

-ابن عمرؓ کے قول کے 2 مطلب: 1) انہوں نے توقف کیا کہ میں حیران ہوں کہ ایک طرف تو نذر کو پوری کرنی ہے اور ایک طرف یوم النحر کے دن روزہ رکھنے سے منع کیا گیا۔

2) بلکہ ابن عمرؓ: جواب دے رہے کہ اس دن کا روزہ نہ رکھو، دوسرے دن رکھو۔

بَابُ صِيَامِ أَيَّامِ التَّشْرِيقِ (ص268) (حدیث: 1996-1997-1998-1999)

ایام تشریق کے روزے بھی ممنوع (اور یہ متفق علیہ مسئلہ ہے) اسلئے کہ مہمانی کے ایام ہیں، ہاں جن مقارن کے پاس قربانی نہ ہو اور انکو 10 دن کے روزے رکھنا ہے تو امام بخاریؒ کے نزدیک ان دنوں میں ممکن ہے اور دیگر ائمہ: نہیں رکھ سکتے۔

- وہ روزے جو لازم کیا، ایام تشریق پر رکھ سکتے؟
- حدیث میں:.....یحیی بن سلام ضعیف راوی ہے
- اصل دلیل انکی یہ ہے جواز کی: فمن لم یجد فصیام ثلاثۃ أیام کے عموم پر عمل کرتے
- جواب: 1) یہ اللہ تعالی کی مہمانی کے أیام ہیں

2) جن احادیث میں ممانعت ہے اسمیں مقارن یا متمتع کو مستثنی نہیں کیا گیا۔

3) طحاوی میں روایت ہے کہ آپ ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر صاف اعلان فرمایا کہ ایام تشریق کو روزہ نہ رکھا جائے (نادی رسول اللہ ﷺ أیام التشریق: لا تصوموا)

اب اس حدیث کے اول مخاطب وہ حضرات ہین جو اس وقت آپ ﷺ کے ساتھ تھے یعنی مقارن متمتع وغیرہ اور اسمیں عموم ہے۔

- 11، 12: اشراق: گوشت سکھاتے تھے ان دنوں میں

اشراق کے وقت قربانی کرتے

نماز پڑھتے اشراق کے وقت، پھر یوم عید اسمیں شامل ہے

- .....

بَابُ صِيَامِ يَوْمِ عَاشُورَاءَ (حدیث: 2000-2001-2002-2003-2004-2005-2006-2007)

- پہلے عاشوراء کا روزہ فرض تھا، پھر منسوخ ہوا لیکن استحباب باقی رہا
- صوم عاشوراء کا درجہ:

1) حدیث میں ہے: صوموا عاشوراء یوما قبلہ أو بعدہ. 9-10 یا 10-11

2) صرف ایک روزہ رکھے، بعض نے مکروہ کہا جیسے عام کتب فقہ: فتح القدیر اور در مختار میں یہ بات ہے.....اور کراہت کی وجہ یہ ہے کہ مشابہت ہے یہودیوں کے ساتھ لیکن آپ ﷺ کے زمانے اور خود رکھنے سے مشابہت ختم ہو گئی ورنہ آپ ﷺ نہ رکھتے

3) آپ ﷺ کی تمنا کے خلاف نہین کرنا چاہئے (اگر آئندہ سال زندہ رہوں تو لأصومن التاسع)

عاشوراء کی وجہ تسمیہ: 1) یوم اللیلۃ العاشوراء

2) اس دن میں دس انعام پایا جاتا ہے انبیاء پر: 1) 10 انبیاء پر انعام (یسعی أمنؑ): یوسفؑ: کنواں سے نجات؛ یونسؑ: مچھلی سے نجات

سلیمانؑ: بادشاہی واپس ملی؛ عیسیٰؑ: نجات ورفع سماوی؛ ابراھیمؑ: نار سے نجات؛ آدمؑ: توبہ قبول ہوا خلاف اولی کام کا؛
ادریسؑ: رفع سماوی یا رفع مکانی یا رفع الدرجات

ایوبؑ: بیماری سے نجات؛ موسیٰؑ: فرعون سے نجات اور اسکی لشکر سے؛ نوحؑ: جودی پہاڑ پر کشتی قائم ہوئی (تاریخی روایت ہے کوئی حدیث نہیں ہے)

- این علماء کم؟ اسلئے کہ بعض فرض اور بعض سنیت کے قائل تھے
- سوال: آپ ﷺ نے کیوں یہودی کے قول کا اعتبار کیا؟

جواب: 1) وحی آئی تھی؛ 2) خبر متواتر؛ 3) یہودی جو مسلمان ہوئے انہوں نے بھی کہا

- أمر بصیامہ أی علی مداومۃ صیامہ اسلئے کہ پہلے سے رکھتے تھے
- روزے کا حکم دیا فرضًا وتُرک فرضًا وبقی استحبابًا
- صوم عرفہ بہتر ہے صوم عاشوراء سے۔
- براعۃ الاختتام: 1) أذّن فی الناس: ایک دن آپ کی وفات کا بھی اعلان کیا جائے گا؛ بعض نسخے میں باب ہے اور بعض میں کتاب ہے

2) فإن الیوم یوم عاشوراء، اس دن حضرت حسینؓ کی شہادت مشہور ہے اسی طرح مشہور ہے کہ فرعون جیسے ظالم بھی ھلاک ہوا تھا تو موت کی تیاری کرو۔

3) فلیصم بقیۃ یومہ

31 – كِتَابُ صَلاَةِ التَّرَاوِيحِ(حدیث:2008-2013)

بَابُ فَضْلِ مَنْ قَامَ رَمَضَانَ(ص269)(حدیث:2008-2013)

- قیام رمضان کا مطلب تراویح، تو صلوۃ التراویح کا مطلب بیان کر رہے ہیں۔یعنی قیام رمضان، تراویح میں حاصل ہو گا
- تھجد وتراویح میں فرق:1)تراویح سنت سے ثابت ہے اور تھجد قرآن سے: فتھجد بہ نافلۃ لک

2)تراویح میں نسخ جاری نہیں ہوا اور تھجد میں نسخ جاری ہوا یعنی طول تھا پھر قصر

3)تراویح کا عدد متفق روایت سے ثابت نہیں اور تھجد کی تعداد ثابت، کبھی 4، یا 8 یا 12۔

4)تراویح قبل النوم ہے اور تھجد بعد النوم ہے

5)تراویح پر دوام نہیں فرمایا اور تھجد پر دوام فرمایا

6)تراویح پوری رات ایک مرتبہ پڑھی اور تھجد پوری رات نہیں پڑھی۔

7)تراویح مخصوص رمضان کے ساتھ اور تھجد پورے سال میں

8)تراویح جماعت سے ہوتی اور تھجد میں جماعت نہیں۔

-لرمضان أی لحق رمضان / لأجل رمضان یا فی رمضان۔

-والأمر علی ذلک بدون الجماعۃ الکبیرۃ(مختلف جماعتیں پڑھتی تھیں)

-آپ ﷺ نے بڑی جماعت بنا کر نہیں پڑھایا کہ کہیں فرض نہ ہو جائے

-قاریٔ واحد: ایک ہونا ہے تو احناف کہتے کہ امام پڑھتے! مقتدی نہیں!

-لکان أمثل: مسجد میں مختلف جماعت تو جائز ہے چونکہ امثل فرمایا نہ کہ واجب۔

-بعض روایت میں: لئن کانت ھذہ بدعۃ فلنعمت البدعۃ ھذہ اور یہ بدعت نہیں ہے اسلئے کہ آپ ﷺ سے ثابت ہے۔اور یہاں بدعت لغوی مراد ہے نہ بدعت اصطلاحی۔

-اور یہ مستثنی ہے: أفضل صلوۃ المرء فی بیتہ إلا المکتوبۃ

-البدعۃ: 1)الزیادۃ والنقصان فی الدین بعد إذن الصحابۃ؛ 2)غیر دین کو دین بنانا اور تراویح پہلے سے دین میں ہے

3)اسی طرح یہ کام عمرؓ نے کیا ہے: اقتدوا بالذین بعد أبی بکر وعمر۔

البدعۃ اصطلاحًا: کل بدعۃ ضلالۃ

-تو بدعت لغوی 1) کبھی مباح (جیسے پہلے آیا کہ چھلنی استعمال نہیں کرتے تھے)

2) کبھی مستحب (جیسے منار بنایا، تو پہلے نہیں تھے آپ ﷺ کے زمانے میں) اور یہ للدین ہے نہ کہ فی الدین جیسے کہ کوئی 4رکعات کے بجائے 5 پڑھنے لگے تو یہ بدعت فی الدین ہے جو کہ حرام ہے۔

3) کبھی واجب (اہل باطل کے جوابات)

4) کبھی محرّم حرام (قدریہ، شیعہ کے مذہب کو اختیار کرنا)

5) کبھی مکروہ (جیسے مسجدوں کو حد سے زیادہ مزین کرنا اسلئے کہ یہ چیزیں توجہ کو ہٹانے والی ہیں)

-ایسا نہ ہو کہ تم تھجد کو چھوڑو (الصلاۃ التی یا الساعۃ التی تنامون عنھا افضل من التی تقومون عنھا)

-انسؓ:کان رسول اللہ ﷺ یصلی فی رمضان فجئت فقمت إلی جنبہ ثم دخل رَحلہ فصلی صلوۃً لا یصلیھا عندنا

-عمرؓ:والتی تنامون عنھا أفضل من التی تقومون،یرید آخر اللیل(بخاری)

- آپ ﷺ یتھجد فی رمضان مالا یتھجد فی غیرہ
- طَلق بن علی کی روایت أبو داؤد میں ہے باب نقض الوتر،تو معلوم ہوا کہ تھجد الگ اور تراویح الگ ہے
- فتحدّثوا یعنی رات کو أچھی پیاری نماز ہوئی
- أن تُقترض:اشکال نہ ہو کہ چھٹی فرض کہاں سے آیا:لایُبدل القول لدی

1)فرض بمعنی لازم ہے؛ 2)رمضان کا فرض مراد؛

-ان لوگوں کے دلائل جو کہتے کہ تراویح صرف 8رکعات ہیں:

-یہاں مذکور نہیں ہے کہ آپ ﷺ نے کتنی رکعات پڑھ لی تو غیر مقلدین روایت 1)یعنی جابرؓ کی روایت سے استدلال کرتے(وفی إسنادہ عیسی بن جاریۃ وھو ضعیف)۔

2)صلی أبیّ بالنساء ثمانی عشر رکعۃً(ضعیف روایت ہے)۔

3)مؤطا مالک میں مذکور ہے عن ابن عمرؓ:أن عمرؓ أمر أبیًّا وتمیمًا الداری إحدی عشر رکعۃ فی رمضان یعنی 8رکعات اور 3وتر(یہ روایت ضعیف اور اسمیں اضطراب ہے):

1)سائب بن یزید کے 2 تلمیذ ہیں:1)محمد بن یوسف؛ 2)یزید بن خُصیفۃ(ثقہ اور اعلی درجہ کا راوی ہے)

اور محمد بن یوسف کے پانچ شاگرد ہیں:1)امام مالکؒ؛ 2)یحیٰ؛ 3)عبد العزیز(یہ سب 11رکعات بتلاتے یعنی 8تراویح اور 3وتر)

4)داؤد بن قیس(21رکعات)؛ 5)محمد بن اسحاق(20رکعات)

اور یزید بن خصیفۃ کے 2شاگرد ہیں:1)محمد بن جعفر اور 2)ابن أبی ذئب اور یہ دونوں 20رکعات کہتے۔

- اگر اشکال کرے کوئی کہ دؒ نے یزید بن خصیفۃ کو منکر الحدیث کہا ہے تو جواب یہ ہے کہ امام دؒ کی اصطلاح میں منکر الحدیث کبھی منفرد کے معنے میں لیتے،ورنہ یہ ثقہ روای ہے اور یحیی بن سعید وغیرہ نے انکی بڑی توثیق کی ہے۔
- تو مضطرب روایات میں کبھی کچھ اور کبھی کچھ اور غیر مضطرب روایت میں 20ہے۔
- ان لوگوں کے دلائل جو 20رکعات کے قائل ہیں:
- 1)یزید بن خصیفۃ:کان أبیٌّ یصلی عشرین رکعۃ

2)محمد بن کعب:کان الناس فی زمن عمرؓ یصلون عشرین رکعۃ ویوترون بثلاث

3)حسن بصریؒ:إن عمر جمع الناس علی أبیّ بن کعب یصلی بھم 20رکعۃً

4)عطاء بن سائب:ادرکتُ الناس یصلون ثلاثٌ وعشرین رکعۃ

5)عبد العزیز:ابی بن کعب یصلی بالناس عشرین رکعۃ بالمدینۃ

6)علیؓ کی روایت بیہقی کی السنن الکبری میں: 4291 - ... عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: " دَعَا الْقُرَّاءَ فِي رَمَضَانَ فَأَمَرَ مِنْهُمْ رَجُلًا يُصَلِّي بِالنَّاسِ عِشْرِينَ رَكْعَةً " قَالَ: وَكَانَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ يُوتِرُ بِهِمْ ".

7)مصنف ابن ابی شیبۃ کے حاشیہ میں ایک روایت ہے:أن رسول اللہ ﷺ کان یصلی فی رمضان عشرین رکعۃ سوی الوتر

لیکن اس روایت کی سند میں کلام ہے کہ ابراھیم بن عثمان شیبی ضعیف ہے۔

جواب:1) یہ راوی اس روایت میں بھی ہے جسمیں سورۃ فاتحہ فرض جنازے میں اور اس سے تو استدلال کرتے ہو!

2) ابن عدی نے تو توثیق کی اور کہا ہو خیر من ابراھیم بن حیّۃ اور وہ حسن الحدیث ہے

3) یزید بن ھارون جو امام بخاریؒ کے شیخ الشیخ ہیں، انہوں نے انکے حافظہ اور عدالت کی تعریف کی ہے اور کہا کہ ماقضی بالناس أعدل منہ، ہاں شعبہ نے جرح کی ہے ان پر لیکن وہ روایت صرف ثقہ سے لیتے ہیں، چنانچہ انہوں نے انکی روایت لی ہے تو معلوم ہوا کہ انکے نزدیک بھی وہ ثقہ ہے۔

جرح کی نوبت اسلئے آئی کہ ابراھیم بن عثمان نے حکم سے روایت کی کہ صفین میں 70 بدری تھے تو شعبہ نے کہا: "کذب" اور کہا کہ صرف خزیمۃ شریک تھے! تو یہاں "کذب" أخطأ کے معنے میں ورنہ کذاب کی روایت نہ لیتے، تو معلوم ہوا کہ کذب أخطأ کے معنے میں

- اور ابن حجرؒ: عجیب بات ہے کہتے کہ اب شعبہ نے خطاء کھائی ہے، کیا علیؓ، عمارؓ وغیرہ نے شرکت نہیں کی؟ بہت سارے صحابہ شریک تھے۔ تو معلوم ہوا کہ شعبہ سے غلطی ہوئی یہاں اور 70 سے کثرت مراد ہے
- ائمہ اربعہ کا اتفاق ہے 20 رکعات پر
- ہاں امام مالکؒ کے 2 قول ہیں: 1) 20 اور 2) 36 کا یعنی ہر 4 رکعات کے بعد یعنی ترویحہ کے موقع پر 4 رکعات پڑھتے تھے تو کل 16 رکعاز یادہ ہو جاتے لیکن مالکیہ کی کتابوں میں 20 لکھا ہوا تو گویا ائمہ اربعہ متفق ہی ہیں۔

32 – كتاب فضل ليلة القدر (حديث:2014-2024)

بَابُ فَضْلِ لَيْلَةِ القَدْرِ (ص270) (حديث:2014)

- تقدیر حوالہ کیا جاتا یا مرتبہ والی رات؛ لیلۃ القدر کو مکرر لایا تعظیم (یعنی اسمیں گناہ کا ارتکاب کرنے سے ڈرنا چاہئے) اور لذت اور عابدین کے لئے۔
- مصاعدُ النظر میں بقاعی نے لکھا کہ جس روایت میں ہے کہ ایک ساتھ نازل ہوا ہے: عمر بن عبد الغفار اور عمران قطان مختلف فیہ ہیں سند میں لیکن اسکے طرقات متعدد ہیں۔
- لیلۃ القدر 3 مرتبہ آیا تو ان حروف کو جمع کر لیا تو 27 حروف بنتے تو 27 ویں رات میں زیادہ امکان ہے۔

بَابُ التِمَاسِ لَيْلَةِ القَدْرِ فِي السَّبْعِ الأَوَاخِرِ (حديث:2015-2016)

- لیلۃ القدر کو چھپایا تاکہ خوب محنت کیا جائے اور 22 تاریخ سے شروع (سبع أواخر)
- آپ ﷺ 20 تاریخ کو نکلے ورجع إلى مسكنه ومن كان يجاوره (معہ)
- اشکال: اس روایت میں 20 تاریخ کو نکلے تھے اور دوسری روایت میں جو آنے والے صفحہ پر ہے (ابو سعید خدریؓ کی روایت) 21 تاریخ

جواب: حضرت گنگوہیؒ: 1) كان خارجًا من قبل صبيحتها

مفتی صاحب: 2) من صبيحتها الماضي تو 21 کی رات ہوا

اور بعض: 3) 20 کو مسلمان بھیجا (لایفھم) اسلئے کہ رجع إلى مسكنه آیا؛ بہر حال مقصود ادراک اللیالی تھا اسی لئے صبح کو نکلے

بَابُ تَحَرِّي لَيْلَةِ القَدْرِ فِي الوِتْرِ

مِنَ العَشْرِ الأَوَاخِرِ (حدیث : 2017-2018-2019-2020-2021-2022)

- من العشر الأواخر: سبع أواخر یا اس سے پہلے میں لیلۃ القدر ہو گا تو یہ باب اور ما قبل باب کے ساتھ عموم خصوص من وجہ ہے
- یعنی سبع اواخر میں سے بھی ہے اور وتراً ہو گا: 23، 25، 27 وغیرہ۔
- حؒ: ھی تدور فی رمضان؛ سمؒ: متعین ہے یعنی جس رات پہلی مرتبہ ہوئی وہی ہر سال میں ہو گی۔

ثمرۃ الاختلاف: اگر کسی نے قسم کھائی کہ یکم رمضان میں بیوی کو طلاق تو آئندہ سال پہلی تاریخ کو طلاق پڑے گی سمؒ کے نزدیک اور حؒ کے نزدیک جب دوسرا سال رمضان کا مہینہ مکمل گزر جائے تب طلاق واقع ہو گی یا حانث ہو گا بالیقین۔

- حؒ کا ایک قول اور محی الدین بن عربی: غیر رمضان میں بھی ہو سکتا ہے
- لیکن صغری: لیلۃ القدر أنزل فیھا القرآن وأنزل فیہ القرآن أی فی شھر رمضان
- اکثر صحابہؓ: 27 رمضان کے قائل ہیں۔
- ابو داؤد میں ہے کہ: وھو فی کل رمضان تو اسکے 2 مطلب ہو سکتے: 1) ہر رمضان میں ہے یا پھر 2) ھی تدور فی کل رمضان۔
- اسمیں مختلف اقوال ہیں اسلئے کہ آپ ﷺ نے مختلف لوگوں کو مختلف ایام بتائے تو ہر ایک اپنے قول کے مطابق روایت کریں گے اور یہ اسی طرح جیسے جمعہ میں ساعت اجابت یا اسماء حسنی میں سے اسم اعظم کو چھپایا۔
- صبح اور شام میں زیادہ اختلاف نہیں یعنی صبح کے آخر اور مساء کی ابتداء، ایک دوسرے پر محمول کر سکتے
- آپ ﷺ کے مصلے کی جگہ پر، چھٹ میں سوراخ تھا جس سے پانی آیا۔
- فی تاسعۃ تبقی فی سبعۃ تبقی: اگر تبقی اپنے معنے میں ہو تو مراد 29 والی رات اور 27 والی رات اور اگر تمضی کے معنی میں ہو تو اگر 30 دن کا مہینہ ہو تو 22 اور 24 مراد ہے۔ اور اگر 29 دن کا مہینہ ہو تو 21 اور 23 کی رات مراد ہے۔

بَابُ رَفْعِ مَعْرِفَةِ لَيْلَةِ القَدْرِ لِتَلاَحِي النَّاسِ (حدیث:2023)

- روافض: لیلۃ القدر ختم ہے۔
- فلان: ابی بن کعب اور فلان: عبد اللہ بن.....

بَابُ العَمَلِ فِي العَشْرِ الأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ (حدیث:2024)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: خوب اچھی طرح محنت کرنا
- شدّ المئزرۃ کنایۃ ہے عن ترک الجماع یا خوب محنت کرنے سے۔
- براعت ختام: دخل العشرۃ یعنی رمضان ختم ہونے والا ہے تو اسی طرح آپکی زندگی بھی ختم ہونے والا ہے۔
- شدّ المئزر: یعنی کفن میں ازار باندھا جائے گا نہ کہ شلوار۔

33 – كِتَابُ الِاعْتِكَافِ(حدیث:2025-2046)

بَابُ الِاعْتِكَافِ فِي العَشْرِ الأَوَاخِرِ، وَالِاعْتِكَافِ فِي المَسَاجِدِ كُلِّهَا(ص271)(حدیث:2025-2026-2027)

- الاعتکاف لغۃً: مقیم ہونا اور جم جانا
- اصطلاحات: اپنے آپکو محبوس رکھنا اور اعتکاف سنت: رمضان کا عشر اواخر میں مسجد میں مقیم ہونا۔
- تخصیص زمانی و مکانی ہے؛ تین قسم کا اعتکاف ہے: واجب (جیسے قضاء)، سنت (رمضان میں عشر اواخر) اور نفل (کبھی بھی)
- واجب اور سنت اعتکاف کے علاوہ (نفلی اعتکاف) جتنا وقت ہو تو نیت کرے مثلاً مسجد میں آجائے تو نیت کرے اور یہ امام ابو یوسفؒ کا مذہب ہے اور اسی پر فتوی ہے۔
- اختلاف ہے کہ اعتکاف کہاں کریں گے ؟

1) حضرت حذیفہؓ: اعتکاف مسجد ثلاثہ کے ساتھ مخصوص ہے

2) عطاء بن أبي رباح: صرف مکہ اور مدینہ منورۃ میں

3) سعید بن مسیب: صرف مدینہ منورۃ میں

4) حؒ اور جمہور: ہر مسجد میں اعتکاف کر سکتے

5) امام مالکؒ: فی المسجد الجامع تاکہ جمعہ کے لئے نکلنا نہ پڑے۔

-بستی میں کے ایک مسجد میں اعتکاف ہو تو کافی ہے لیکن اگر کوئی نہ ہو تو سب گنہگار ہو گا یا ہر مسجد میں اعتکاف ہونا چاہئے ورنہ سب گنہگار ہونگے (یہ راجح ہے)۔

بَابُ الحَائِضِ تُرَجِّلُ رَأْسَ المُعْتَكِفِ(حدیث:2028)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: معتکف کو اس قسم کی خدمت لینا ممکن ہے بیویوں سے (یعنی عورت سے)، اور معلوم ہوا کہ عورت کو اپنے شوہر کی خدمت کرنی چاہئے۔
- عورت اعتکاف کرے گی فی مسجد بیتھا، اور مردوں کے لئے مسجد ضروری ہے اعتکاف کے لئے
- اعتکاف میں رجلین کا اعتبار ہے نہ کہ سر کا
- معتکف مریضوں کی عیادت کے لئے نہیں نکلے گا ولا یشھد جنازۃً، غسل مسنون کے لئے بھی نہیں نکل سکتا
- فؒ: اگر پہلے سے نیت میں شرط لگائی تو ممکن ہے یا استثناء کر لیا تھا عیادت اور جنازے کا۔
- صرف حاجت شرعی کے لئے مثلاً وضوء اور غسل جنابت وغیرہ کے لئے نکل سکتا ہے۔

بَابٌ: لاَ يَدْخُلُ البَيْتَ إِلَّا لِحَاجَةٍ(ص272)(حدیث:2029)

- حاجت طبعیہ کی وجہ سے گھر جاسکتے ہیں، اگر انتظام نہ ہو مسجد میں۔

بَابُ غَسْلِ المُعْتَكِفِ(حدیث:2030-2031)

- ترجمۃالباب کا مقصد:1)معتکف غَسل کر سکتا ہے یعنی اپنے بالوں کو دھو سکتا ہے۔

2)رات کو اعتکاف کر سکتے، یہاں لیلاً آیا اور دوسری جگہ ص445 پر اعتکاف یوم کا ذکر ہے۔

یہی روایت مسلم میں "یومًا" آیا اور صحیح ابن حبان میں یومًا ولیلۃً آیا۔ تو معلوم ہوا کہ رات کی تعیین نہیں ہے۔

- احناف: لیلاً اعتکاف نذر نہیں ہو سکتا ہے اسلئے کہ روزہ شرط ہے۔

3)لاحدّ للاعتکاف؛ ابو داؤد: لا اعتکاف إلا بصوم یعنی اعتکاف منظور

بَابُ الِاعْتِكَافِ لَيْلًا(حدیث:2032)

- جاہلیت کی نذر کو پوری کرنا: حناف: أوفِ بنذرک استحبابًا؛ شوافع: أوفِ بنذرک وجوبًا۔

بَابُ اعْتِكَافِ النِّسَاءِ(حدیث:2033)

- خیر مساجد ھن بیوتھن (رواہ الحاکم فی المستدرک) سند میں ابن لھیعۃ ہے لیکن شیخ البانی نے حسن کہا شواھد کی وجہ سے
- غروب الشمس سے پہلے داخل ہونا چاہئے تو جواب: مسجد میں اس وقت داخل ہوئے اور پھر معتکَف میں فجر کے بعد داخل ہوئے
- سوال: حفصہؓ نے کیوں اجازت لی عائشہؓ سے؟

جواب: اسلئے کہ حفصہؓ کے یہاں انکی عزت و مقام تھی

- البِرّ: کیا اس کام پر تقوی / دین دیکھتی؛ اسمیں مقابلہ کی بو ہے
- آپ ﷺ نے 2 مرتبہ شوال میں اعتکاف کیا تھا ایک فتح مکہ کے موقع پر جب چھوٹ گیا تھا اور دوسرا جو یہاں مذکور ہے۔

بَابُ الأَخْبِيَةِ فِي المَسْجِدِ(حدیث:2034)

- اگر عورتیں کا خیمہ ہونگے تو مناسب نہیں مردوں کے درمیان
- سوال: مسجد میں خیمہ لگانا اعتکاف کے لئے جائز ہے تو آپ ﷺ نے کیوں اکھاڑوایا؟

جواب:1)اسلئے کہ انکے آپس میں فخر و مباہات کا خطرہ تھا

2)فتنے کا احتمال تھا، سب قسم کے لوگ مسجد میں آتے جاتے حتی کہ منافق لوگ

3)بے پردگی کا خطرہ تھا

4)جب ایک نکلے گھر سے تو دوسری بھی نکلے گی

- آلبرّ ترون بھن: التقاء الساکنین علی غیر حدّہ لیکن چونکہ الگ کلمہ ہے تو جائز ہے۔
- اور ازواج مطہرات کو تقوی کا راستہ اختیار کرنا چاہئے۔

بَابٌ: هَلْ يَخْرُجُ المُعْتَكِفُ لِحَوَائِجِهِ إِلَى بَابِ المَسْجِدِ(حدیث:2035)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: مسجد کا باب مسجد میں داخل ہے اِلا یہ کہ وہ بالکل مسجد سے خارج ہو
- معلوم ہوا کہ عورتوں کے لئے جائز ہے معتکف کی ملاقات کرنا (بیوی کی ملاقات شوہر سے مثلاً)۔
- معلوم ہوا کہ اگر کسی کے دل میں تہمت پیدا ہونے کا اندیشہ ہو تو صفائی کرنی چاہئے۔
- اگر خوف نہ ہو تو عورت کا رات میں نکلنا جائز ہے۔
- مقتدی کو ایسا فعل و قول کو اختیار کرنا چاہئے جس پر تہمت نہ ہو۔

بَابُ الِاعْتِكَافِ وَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَبِيحَةَ عِشْرِينَ(حدیث:2036)

- اعتکاف کی حالات واحوال کا بیان ہے: پہلے عشرۃ اولی اور عشرۃ ثانیۃ میں بھی اعتکاف فرمایا آپ ﷺ نے، پھر معاملہ اپنے مستقر پر پہنچے یعنی آخری عشرۃ۔
- لیلۃ القدر رمضان کی ابتداء میں ہو سکتی ہے یا آخر میں، ضروری نہیں ہے کہ عشر اواخر میں ہو
- ما قبل آیا کہ 21 کو صبح کے وقت نکلے تھے!؟
- صبیحۃ عشرین 1) کان خارجًا قبل؛ 2) اللیلۃ الماضیۃ مراد ہے

1) 21 کو نکل چکے تھے پہلے سے یعنی 21 سے پہلے نکل چکے تھے۔

2) 20 کو نکلے تھے یعنی الصبح الماضی کو نکلے تھے نہ کہ الصبح الآتی۔

-ایک روایت میں ہے کہ 20 کو دیا جیسے یہاں اور دوسری روایت میں 21 ص 271 پر خطبہ دیا

تو خطبہ عشرین میں دیا یا اِحدی و عشرین میں تو تطبیق یہ ہے کہ دونوں میں خطبہ دیا اور ص 271 پر خطبہ دیا

- گویا اس حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ لیلۃ القدر 21 کو تھی۔

بَابُ اعْتِكَافِ المُسْتَحَاضَةِ(ص273)(حدیث:2037)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اگر مسجد کی تلویث کا خطرہ نہ ہو اور اچھی طرح انتظام ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔
- سوال: بعض احادیث میں تو ممانعت وارد ہے!

جواب: یہاں یہی مراد ہے کہ اگر مسجد کے ملوث ہونے کا خطرہ ہو تب انکو روکے ورنہ نہیں۔

- حدیث میں ہے کہ مسجد میں گوشت مت لے جاؤ یعنی جب مسجد کے ملوث ہونے کا خطرہ ہو تو نہیں لے جانا چاہئے۔

بَابُ زِيَارَةِ المَرْأَةِ زَوْجَهَا فِي اعْتِكَافِهِ(حدیث:2038)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اعتکاف میں جماع اور اسکے مقدمات حرام ہیں، ہاں ملاقات کر سکتے بطور زیارت اور اگر غالب گمان ہو کہ ملاقات کی وجہ سے مقدمات تک پہنچ جائیں گے تو نہیں ملنا چاہئے۔

بَابٌ: هَلْ يَدْرَأُ المُعْتَكِفُ عَنْ نَفْسِهِ(حدیث:2039)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: معتکف اپنا دفاع کر سکتا ہے فعلاً جیسے گزرنے والے کو روک لے اور قولاً بھی دفاع کر سکتا ہے مثلاً اگر کوئی اس پر تہمت لگائے تو اسکا جواب دے یا صفائی کرے۔
- اشکال: اوپر والی روایت میں 2 آدمیوں کے دیکھنے کا ذکر ہے اور اس روایت میں ایک کا ذکر ہے (رجل من الأنصار)!؟

جواب: 1) ایک تابع تھا اور دوسرا متبوع تھا

2) 2 الگ الگ واقعہ ہیں (هذا مما لا يفهم)

3) راوی کو شک تھا کہ ایک تھا یا 2۔

4) دو تھے لیکن آپ ﷺ نے ایک کو مخاطب بنایا۔

5) ایک عدد دو کے منافی نہیں ہے۔

6) دو ہی تھے لیکن آپ ﷺ کو صرف ایک نے دیکھا تھا۔

بَابُ مَنْ خَرَجَ مِنَ اعْتِكَافِهِ عِنْدَ الصُّبْحِ(حدیث:2040)

- جواب محذوف: فهذا يجوز إذا نذر اعتكاف ليلةٍ
- احناف: اگر لیلۃ کا اعتکاف کرنے کی نیت کی تو لیل و نہار دونوں ضروری ہے۔
- ائمہ ثلاثہ: لیلۃٌ کے اعتکاف کی نیت می تو نہارٌ داخل نہیں ہے
- چنانچہ اگر 2 دن کے اعتکاف کی نیت کی آج بدھ کو تو جمعرات کی شام میں نکل سکتا ہے (عندهم)
- وعند الاحناف: بعد المغرب نکلے گا یعنی جمعہ کی شام یعنی جمعرات کی رات۔

بَابُ الِاعْتِكَافِ فِي شَوَّالٍ(حدیث : 2041)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اگر کسی کی قضاء ہو تو شوال میں اعتکاف کی قضاء کر سکتا ہے۔
- امام کؒ: جتنے دنوں کی نیت کی روزے رکھنے کی تو اتنے دن رکھنا پڑے گا

فؒ: لا قضاء إلا فی نذر اور سنت اعتکاف میں قضاء نہیں۔

سؒ: الشروع کالنّذر

حؒمؒ: نفل اعتکاف جتنا کرے، نذر میں قضاء ضروری ہے اگر پورا نہ کیا ہو اور مسنون اعتکاف تو ایک دن کی قضاء کرے (اکثر اکابر اسی پر فتوی دیتے)

شامی نے دوسرا قول لکھا ہے: المسنون کالنفل یعنی قضاء نہیں ہے۔

- سوال: ایک روایت میں فی عشر الأول ہے اور یہاں فی آخر العشر ہے تو بہ ظاہر تعارض ہے!؟

جواب:1)عشر اول میں شروع کیا اور عشرین کو ختم کیا یعنی عشر اول سے عشر اوسط مراد ہے تو عشر اوسط کی انتہاء اور عشر اواخر کی ابتداء مراد ہے (یہ بے کار جواب ہے! عشر اول، عشر اوسط کیسے بن گیا؟)

2)ایک روایت میں عشرین کا ذکر ہے یعنی آپ ﷺ پر صرف عشر کی قضاء تھی لیکن آپ ﷺ نے عشرین کا اعتکاف فرمایا 10 دن اول میں اور 10 دن آخر میں بطور تبرّع۔

(حاشیہ میں جو تطبیق دی ہے مما لا یفھم کے قبیل سے ہے!)

بَابُ مَنْ لَمْ يَرَ عَلَيْهِ صَوْمًا إِذَا اعْتَكَفَ(حدیث:2042)

- جن لوگوں کے نزدیک، روزہ شرط اور ضروری نہیں ہے انکے مسلک کو مصنف نے بیان کیا ہے۔
- امام مالکؒ: ہر حالت میں صوم ضروری ہے، نذر ہو یا نفل ہو؛ فؒ: صوم ہر حالت میں ضروری نہیں
- احناف: نذر میں ضروری ہے اور نفل میں ضروری نہیں ہے تو احناف کا مذہب درمیان میں ہے یعنی معتدل۔

بَابُ إِذَا نَذَرَ فِي الجَاهِلِيَّةِ أَنْ يَعْتَكِفَ ثُمَّ أَسْلَمَ(حدیث:2043)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: جاہلیت کی نذر اگر خیر ہو تو پورا کرنا چاہئے
- امام فؒ: واجب ہے پوری کرنا؛ حؒ: مستحب ہے۔

بَابُ الِاعْتِكَافِ فِي العَشْرِ الأَوْسَطِ مِنْ رَمَضَانَ(حدیث:2044)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اعتکاف مخصوص نہیں ہے عشر اواخر کے ساتھ، اسکے علاوہ بھی کر سکتے، اگر چہ عشر اواخر میں اعتکاف زیادہ مؤکد ہے۔ (فتح مکہ میں جو اعتکاف رہ گیا تھا، اسکو شوال میں قضاء کی)
- عشرین: تاکہ اللہ کی ملاقات بہترین حالت پر ہو اور اچھے اور ڈبل عمل کے ساتھ ہو اور قرآن کریم کا دور بھی دو مرتبہ سنایا۔

بَابُ مَنْ أَرَادَ أَنْ يَعْتَكِفَ، ثُمَّ بَدَا لَهُ أَنْ يَخْرُجَ(حدیث:2045)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: نیت پر عمل کرے یا نہ کرے، اختیار ہے عند الأئمۃ الثلاثۃ
- کؒ: نیت پر عمل کرنا ضروری ہے یعنی جتنے دن نیت کی تھی اتنے پورے کرے
- اگر شروع کرے تو اس دن کی قضاء ضروری ہے۔
- معلوم ہوا کہ طالب علم بھی نامناسب حرکت کرے تو استاد کے لئے جائز ہے کہ نہ پڑھائے جیسے آپ ﷺ نے اعتکاف چھوڑ دیا تھا۔

بَابُ المُعْتَكِفِ يُدْخِلُ رَأْسَهُ البَيْتَ لِلْغُسْلِ(حدیث:2046)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اعتکاف میں رجلین کا اعتبار ہے نہ کہ سر کا۔
- براعۃ الاختتام: البیت: قبر میں بھ مستعمل ہے: ابو داؤد کی روایت میں: قبر کی جگہ بیت آیا ہے۔
- اعتکاف: جم جانا جیسے قبر میں؛ حجر تھا: قبر النبی ﷺ فی حجرۃ عائشۃؓ۔

34 – كِتَابُ البُيُوعِ(ص274)(حدیث:2047-2238)

- مصنفؒ نے نکاح کو مؤخر کیا:1)اسلئے کہ کھانے پینے کی بیع مقدم ہے نکاح پر

2)سب لوگ اسکے محتاج ہے اور نکاح کے لئے انتظار کرسکتے

3)اکثر وقوعًا فی الحیاۃ والنکاح أقل وقوعًا

-دوسرے لوگ نکاح کو مقدم کرتے:اسلئے کہ برزخ کا درجہ رکھتاہے کہ من وجہٍ عبادت ہے اور من وجہ لذت ہے

-بیوع جمع لائے اسلئے کہ بہت قسمیں ہیں:

1)بیع مطلق 2)بیع مؤجل 3)بیع مقایضۃ 4)بیع سلم 5)بیع الصرف(الثمن بالثمن) 6)بیع تولیہ

7)بیع تولیہ 8)بیع مرابحہ 9)بیع وضیعہ 10)بیع مساومۃ

-پھر کبھی بیع لازم ہوگی اور کبھی غیر لازم، کبھی شرط الخیار کے ساتھ اور کبھی بغیر، کبھی براءت عیب ہوگی اور کبھی نہیں، کبھی عیب کی وجہ سے واپس یعنی خیار عیب اور کبھی خیار قبول کی شرط کے ساتھ اور کبھی خیار مجلس باقی رہے گی(شوافع کے نزدیک)۔

- پھر کبھی بیع 1) صحیح ہوگی 2) کبھی باطل ہوگی(مثلاخمر کو مبیع بنایا) 3) کبھی فاسد ہوگی(مع الشرط الفاسد)

4)اور کبھی بیع مکروہ ہوگی(مثلاًعند أذان الجمعۃ)۔

-پھر1) کبھی بیع میں غرر ہوگی 2)یا کبھی بیع فاسق یا3)بیع تلجیۃ(صرف بیع کی صورت) 4)بیع الوفاء؛ 5)بیع استجرار(سامان لیتا جاؤنگااور کھاتا رہونگا، مہینے کے آخر میں حساب کریں گے)۔

-البیع النافذ:مبادلۃ المال بالمال بالتراضی:قید التراضی لنفاذ البیع لا لانعقاد البیع اسی لئے مکرَہ کی بیع نافذ ہے۔

-بیع جائز ہے:قرآن،حدیث اور اجماع سے اور عقل کا بھی یہی تقاضا ہے تو گویا دلیل اربعہ سے ثابت ہے۔

-بیع مطلق یا ثمن المعجل کا ذکر ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى: {فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلاَةُ فَانْتَشِرُوا فِي الأَرْضِ وَابْتَغُوا مِنْ فَضْلِ اللَّهِ وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْوًا انْفَضُّوا إِلَيْهَا وَتَرَكُوكَ قَائِمًا قُلْ مَا عِنْدَ اللَّهِ خَيْرٌ مِنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ وَاللَّهُ خَيْرُ الرَّازِقِينَ} [الجمعة: 11]، وَقَوْلِهِ: {لاَ تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ إِلَّا أَنْ تَكُونَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِنْكُمْ} [النساء: 29] (حدیث: 2047-2248-2049-2050)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:بیع مرغوب اور فضل ہے جبکہ اشتغال نہ کردے آدمی کو حد سے زیادہ۔

- واذکروااللہ کثیرًا:1)نماز ختم ہے لیکن ذکر جاری ہے؛2)عصر،مغرب اور عشاء کی نماز کے بعد؛ 3)ہر حال؛

4)زیادہ۔اس آیت کی شان نزول مشہور ہے کہ قافلہ آیا تھاتوسب بھاگے دیکھنے کے لئے

-لھو:جسمیں لذت ہے لیکن فائدہ نہیں اور غفلت پیدا کرے؛ لعب:عام ہے لذت ہو یا نہ ہو،غفلت ہو یا نہ ہو۔

-إلا أن تكون تجارة عن تراض منكم:اس سے بیع کی تعریف معلوم ہوئی:مبادلۃ المال بالمال بالتراضی۔

-علی ملأ بطنی:1)صرف پیٹ کی فکر رہتی ہے؛ 2)جی بھر کر علم حاصل کرتا تھاجیسے کلمت بشبع بطنی۔

- 5374 أحادیث کے راوی بنے اور ملک الطلاب بنے،تو معمولی بات نہیں ہے!

-اشکال: دوسری روایت میں ہے کہ اسکے بعد کچھ نہیں بھولا: شیئًا میں عموم ہے اور یہاں تخصیص ہے مقالۃ کی!؟

جواب: 1) ومانسیت شیئًا لاَجل مقالۃ النبی ﷺ ۔

2) مقالۃ: اسم جنس ہے تو ہر بات مراد ہے۔

3) 2 واقعہ ہیں: 1) مقالہ کا 2) سب چیزوں کو نہیں بھولے

-مؤاخات قائم کیا بعد قدوم المدینۃ یا عند بناء المسجد

-ھویتَ: أحببتَ: یہ صرف ایک صحابی نے کہا ورنہ عام قانون نہیں تھا۔

-سوق: 1) لاَن المتاع یُساق فیھا 2) لاَن التاجر یقوم فیہ علی ساقہ

-خوشبو: زعفران کا اثر تھا یا بیوی کی خوشبو لگی یا صرف رنگ باقی تھا اور خوشبو چلی گئی تھی۔

-آپ ﷺ کو خبر نہیں دی، تو معلوم ہوا کہ اگرچہ کسی محترم استاد کو نہیں بتایا تو گنجائش ہے اور حرج نہیں ہے۔

-مولانا سعید خاں صاحبؒ استدلال کرتے تھے کہ گھر میں نکاح منعقد ہو سکتا ہے لیکن ممکن ہے کہ آپ ﷺ سفر پر تھے

-احناف: لا تُنکح النساء إلا کفوا ولا أقل مھرًا من عشرۃ دراھم (ضعیف ہے، سند میں مبشر بن عبید ہے)، کہتے ہیں کہ ابن ابی حاتم کی سند حسن ہے اور مقاصد حسنہ کے مصنف (شافعیہ) کہتے کہ مجھے یہ حدیث صحیح سند سے ملی ہے۔

'أولم ولو بشاۃ': 1) "لو" کبھی تکثیر کے لئے جیسے اطلب العلم ولو بالصین یعنی اگرچہ زیادہ دور ہو۔

تو شاۃ انکے لئے کثیر تھا اسلئے کہ غربت کا زمانہ تھا، 2) اور بعض کہتے کہ "لو" تقلیل کے لئے ہے اسلئے کہ وہ مالدار بن گئے تھے۔

-نحویین: "لو" وصلیہ جسمیں نقیض شرط اولی بالجزاء ہے، تو شاۃ سے کم ہو تو بطریق اولی ہے۔

-زیدٌ بخیلٌ ولو کان غنیًّا۔

-زعفران کا استعمال: اگر زعفران ہو اور رنگ اور خوشبو ہو تو کَرِہَ: یجوز فی الثوب؛ حَرُمَ: مرد کے لئے جائز نہیں ہے سوائے یہ کہ خوشبو چلی جائے یعنی ختم ہو گئی۔ عبد الرحمن بن عوف کی روایت کا جواب: 1) اس وقت ممانعت نہیں تھی؛ 2) بیوی سے لگ گیا تھا؛ 3) اسکو دھویا تھا لیکن اثرات باقی رہ گئے تھے۔

-دعوت کے اقسام: أنعموا مخا: أ: إعذار (ختنے کی دعوت)؛ ن: نقیعہ (سفر سے واپسی پر دعوت)؛ ع: عقیقۃ اور عتیرۃ: رجب کی قربانی جو منسوخ ہوا؛ م: مائدۃ (دوست واحباب کی دعوت)؛ و: ولیمہ اور وکیرۃ (مکان بنانے کی دعوت) اور وضیعۃ (مصیبت کو دفع کرنے کے وقت) اور ملاک: نکاح کے وقت کی دعوت؛ خ: خُرسٌ (ولادت کے وقت) اور حِذاق: جب بچہ ہوشیار ہو کر قرآن ختم کرے۔

بَابٌ: الحَلاَلُ بَيِّنٌ، وَالحَرَامُ بَيِّنٌ، وَبَيْنَهُمَا مُشَبَّهَاتٌ (ص275) (حدیث: 2051)

- اشتباہ کی وجوہات: 1) تعارض الأدلۃ بین المحدثین

2) اختلاف العلماء: اوثق، افقہ کا قول لیں گے یا اپنا شہر کا عالم

3) مکروہات جسمیں حلال اور حرام کا پہلو

4) مباحات: جو ناجائز کی طرف پہنچائے مثلاً: بازار میں جانا (تو بازار میں ہر قسم کی چیز ہے)

-شبہ: ما نشأ بدلیل قوی أو ضعیف، لا عن وسوسۃ

-مشتبہات:1)جسکی اکثریت حرام ہو:ذبیحہ پایا مجوس کے علاقہ میں مثلاً تو اجتناب لازم ہے۔

2)مایکون أصلہ الإباحۃ:کماءٍ تغیر 3)جسکی اصل معلوم نہ ہو:آدمی کے پاس حرام وحلال ہے،تو بھی اس سے آدمی بچے

-مشتبہات سے بچنا چاہئے جہاں تعارض دلائل ہو اور جہاں فقہاء کا اختلاف ہو تو اسھل کو لینا چاہئے معاملات میں۔

-ابوداؤد(،؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟)میں ہے کہ جو مسکوت عنہ ہے.....

جواب:1).....

2)مشتبہ سے بچو عزیمت ہے اور ماسکت عنہ رخصت کے درجے میں ہے۔

بَابُ تَفْسِيرِ الْمُشَبَّهَاتِ(حدیث:2052-2053-2054)

- یریبک:جو آپکے دل میں شک پیدا کرے اور بے چین کر دے
- حؒ:2مرد یا ایک مرد اور2عورتیں؛ کؒ:2عورتیں کافی ہیں دؒ:ایک کافی ہے؛ ائمہ ثلاث:من قبیل الورع ہے۔

فؒ:لابد من أربع(رضاعت کا مسئلہ)

- پہلے جب باندی خریدتے تھے حرام مال سے تو مالک اور غیر مالک سب فائدہ اٹھاتے تھے،پھر اگر بچہ کا دعوی کرتا تو ملک کا تو پھر اسی کا بن جاتا؛ فؒ:الولدُ للفراش مع إمکان الجماع؛ احناف:ضروری نہیں کہ امکان ہو۔
- حضرت سودہؓ سے احتیاطاً پردے کا حکم فرمایا شبہ کی وجہ سے۔
- احناف کے نزدیک نسب کی چار نسبتیں ہیں:1)نسب الأمۃ(یحتاج إلی دعوۃ النسب)لاعند الشوافع۔

2)أم ولد(دعوی کی حاجت نہیں)

3)نسب قوی(بیوی کا بچہ:دعوی کی ضرورت نہین ہے اور اگر نفی کرے تو لعان کاBulldozerضروری ہے)

4)اقوی:مطلقہ بائنہ کا بچہ(ولد کی نسب کی نفی کرے تو لعان کاBulldozer بھی نہیں چلتا ہے)

-شافعیہ کے نزدیک:نسب ثابت اپنے باپ سے یعنی ابن ولیدۃ زمعۃ(چونکہ عند الشوافع أمۃ سے دعوی کا ثبوت کی ضرورت نہیں ہے)

-احناف:اصح قول:یہ ام ولدۃ تھی(ولیدۃ):ایک دلیل:ولیدۃ(یعنی ام ولدۃ)؛ 2دلیل:الفراش؛ 3دلیل:ابن زمعۃ نے کہا:إن أبي مات وترک أمَّ ولدٍ لہ تو ایک روایت میں احتجبی عنہ فلیس لکِ بأخٍ:مطلب الولد للفراش کے تحت تو بھائی ہے لیکن مدّعی کے دوعوے کے موافق نہیں ہے اور ام ولدۃ میں دعوی کی ضرورت نہیں تو زمعۃ سے خود بہ خود نسب ثابت ہے تو اس صورت میں بھی کہا کہ احتیاطاً پردہ کرے۔

-بعض:دوسرا قول:کانت أمۃً(دعوی ضروری ہے)اور زمعۃ نے دعوی نہیں کیا تھا تو نسب ثابت نہیں ہوا۔تو وہ أخ حقیقی نہیں بنا تو پھر احتجبی حقیقت پر مبنی ہے۔

-اسمیں دونوں روایتیں ہیں:1)ھو أخوکِ:1)فی الدین؛ 2)حسب إقرارک؛ 3)فی المیراث۔اور فلیس لک بأخ اسلئے ہے کہ باپ نے دعوی نہیں کیا۔

-ایک حدیث میں آیا کہ میری بیوی مۃ کا لابچہ جنا تو آپ ﷺ نے پوچھا کہ کیا آپکے پاس اونٹ ہیں؟تو جواب میں کہا کہ ہے،پھر پوچھا کہ اسمیں کالے اونٹ ہیں تو جواب مثبت آیا اور پھر کہا کہ لعل عرقٌ نزعھا تو اس شبہ کا اعتبار نہیں کیا اسلئے کہ وسوسہ کے درجے میں ہے۔

-معراض:وہ تیر جسکے پَر نہیں؛ وقیذٌ:جو تیزی کی وجہ سے مَرانہ کہ تیر کے پھل سے۔

بَابُ مَا يُتَنَزَّهُ مِنَ الشُّبُهَاتِ(ص276)(حدیث:2055)

- تمرۃ مسقوطۃ کے معنے میں ہے اگرچہ لازم ہے۔
- آپ ﷺ کسی قسم کے صدقہ نہیں کھاتے تھے چاہے نفلی ہو یا وجوبی ہو۔
- بنی ھاشم کے لئے نفلی صدقہ لینا جائز ہے۔

بَابُ مَنْ لَمْ يَرَ الوَسَاوِسَ وَنَحْوَهَا مِنَ الشُّبُهَاتِ(حدیث:2056-2057)

- فال یعمل علیہ؛
- وساوس معتبر نہیں ہیں اسلئے کہ یہ شیطان کی طرف سے ہیں۔
- عطاء نے لکھا ہے کہ ورع کی مختلف قسمیں ہیں:

1)ورع الصدیقین: أن یترک مالا یقوی علی العبادۃ؛ ولّی:یتولاہ اللہ(اگر اسم مفعول)اور اسم فاعل ہو تو:الذی یتولی الطاعات والولی:العارف بالذات والصفات العامل بالطاعات ویجتنب الشبھات۔

2)ورع المتقین:الذین یترکون مایؤدی إلی الحرام

3)ورع الصالحین:الذین یترکون خلاف الأولی

4)ورع المسوسین:الذین یعتمدون علی الوسوسۃ والوسوسۃ التی لا دلیل علیہا۔

قَالَ الْغَزَالِيُّ: الْوَرَع أَقْسَام , وَرَع الصِّدِّيقِينَ وَهُوَ تَرْك مَا لَا يُتَنَاوَل بِغَيْرِ نِيَّةِ الْقُوَّةِ عَلَى الْعِبَادَةِ , وَوَرَع الْمُتَّقِينَ وَهُوَ تَرْكُ مَا لَا شُبْهَةَ فِيهِ وَلَكِنْ يُخْشَى أَنْ يَجُرَّ إِلَى الْحَرَامِ , وَوَرَع الصَّالِحِينَ وَهُوَ تَرْك مَا يَتَطَرَّقُ إِلَيْهِ اِحْتِمَال التَّحْرِيم بِشَرْطِ أَنْ يَكُونَ لِذَلِكَ الِاحْتِمَالِ مَوْقِعٌ , فَإِنْ لَمْ يَكُنْ فَهُوَ وَرَعُ الْمُوَسْوَسِينَ , قَالَ: وَوَرَاء ذَلِكَ وَرَعُ الشُّهُودِ وَهُوَ تَرْكُ مَا يُسْقِطُ الشَّهَادَةَ , أَيْ أَعَمُّ مِنْ أَنْ يَكُونَ ذَلِكَ الْمَتْرُوكَ حَرَامًا أَمْ لَا. اِنْتَهَى. وَغَرَض الْمُصَنِّف هُنَا بَيَان وَرَع الْمُوَسْوَسِينَ كَمَنْ يَمْتَنِعُ مِنْ أَكْل الصَّيْدِ خَشْيَةَ أَنْ يَكُون الصَّيْدُ كَانَ لِإِنْسَانٍ ثُمَّ أَفْلَتَ مِنْهُ , وَكَمَنْ يَتْرُكُ شِرَاءَ مَا يَحْتَاجُ إِلَيْهِ مِنْ مَجْهُولٍ لَا يَدْرِي أَمَالُهُ حَلَالٌ أَمْ حَرَامٌ وَلَيْسَتْ هُنَاكَ عَلَامَةٌ تَدُلُّ عَلَى الثَّانِي , وَكَمَنْ يَتْرُكُ تَنَاوُلَ الشَّيْء لِخَبَرٍ وَرَدَ فِيهِ مُتَّفَقٍ عَلَى ضَعْفِهِ وَعَدَمِ الِاحْتِجَاجِ بِهِ وَيَكُون دَلِيل إِبَاحَته قَوِيًّا وَتَأْوِيلُهُ مُمْتَنِعٌ أَوْ مُسْتَبْعَدٌ.

-جب ذابحین مسلمان ہو تو حسن ظن یہ ہے کہ بسملہ تو پڑھا ہو گا إلا یہ کہ یقین ہے کہ نہیں پڑھا ہو۔

بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى: {وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْوًا انْفَضُّوا إِلَيْهَا} [الجمعة: 11] (حدیث:2058)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)تجارت قابل تعریف وممدوح ہے لیکن عبادت کو مقدم کرنا چاہئے تجارت پر۔

2)تجارت رکاوٹ نہیں ہونا چاہئے عبادت کے لئے

-اکبر إلہ آبادی:لفظ تاجر ہے اے اکبر ثبوت سیکھ لو تاجر کے سر پر تاج ہے رجالٌ لا تلہیہم تجارۃٌ کے درجے میں ہے

بَابُ مَنْ لَمْ يُبَالِ مِنْ حَيْثُ كَسَبَ المَالَ(حدیث:2059)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:وسوسہ کے پیچھے نہ لگو لیکن حرام سے بچنے کے لئے احتیاط ضرور کرو۔

بَابُ التِّجَارَةِ فِي البَرِّ(ص277)(حدیث:2061)

- ترجمۃالباب کا مقصد: تجارت کا کوئی مخصوص راستہ نہیں ہے لیکن جسمیں چاہے کرو لیکن حرام سے بچو
- تجارت: جسکا پیشہ ہو اور بیع: اتفاق کی تجارت ہے۔

بَابُ الخُرُوجِ فِي التِّجَارَةِ(حدیث:2062)

- ترجمۃالباب کا مقصد: 1) تجارت کے لئے سفر جائز ہے اور منصوص ہے

2) دونوں ہے اللہ کے راستے میں نکلنا بھی ہے اور تجارت بھی ہے۔

3) فیہ رد المسارعۃ لارد الخبر الواحد۔

- عمرؓ مزید اطمینان حاصل کرنا چاہتے تھے۔
- بازار جانا منع نہیں ہے لیکن بازار کی وجہ سے عبادت مقصودۃ پر غفلت نہیں ہونا چاہئے۔

بَابُ [ص:56] التِّجَارَةِ فِي البَحْرِ(حدیث:2063)

- لا یرکب البحر إلا حاجٌّ أو تاجر أو غازی أو مجاھد (ضعیف روایت ہے)
- ترجمۃالباب کا مقصد: تجارت فی البحر کر سکتے
- إن تحت البحر نارًا: 1) مطلب یہ ہے کہ جب ہلاکت ہو؛ 2) یا کہرباء پیدا کر سکتے پانی میں (بجلی)

بَابُ {وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْوًا انْفَضُّوا إِلَيْهَا} [الجمعة: 11] (حدیث:2064)

- ترجمۃالباب کا مقصد: یہ باب گزر چکا گزرے ہوئے صفحہ پر تو یہاں مقصود یہ ہے کہ حق اللہ مقدم ہونا چاہئے یعنی عبادت موقّتہ مقدم ہے معاملات پر اور پہلے یہ تھا کہ تجارت عبادت سے غافل نہیں کرنا چاہئے۔

بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى: {أَنْفِقُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ} [البقرة: 267] (حدیث:2065-2066)

- ترجمۃالباب کا مقصد: 1) بیع و شراء میں برکت کا سبب یہ ہے کہ حلال مال خرچ کرے

2) تجارت کی فضیلت و بہتری کا بیان ہے۔

- نقص ینقُصُ: ایک مفعول یا 2 مفعول چاہتا ہے۔

بَابُ مَنْ أَحَبَّ البَسْطَ فِي الرِّزْقِ(حدیث:2067)

- تجارت میں اگر برکت چاہتے ہو تو اپنے رشتہ داری سے صلہ رحمی کرے
- فی أثرہ: عمر میں طول برکت اور ذکر خیر بعد الموت۔

بَابُ شِرَاءِ النَّبِيِّ ﷺ بِالنَّسِيئَةِ(حدیث:2068-2069)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: بیع مؤجل اور معجل دونوں جائز ہیں
- اشارۃ إلی روایۃ أبی داؤد: 3344 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، رَفَعَهُ، قَالَ عُثْمَانُ: وحَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ مِثْلَهُ، قَالَ: اشْتَرَى مِنْ عِيرٍ تَبِيعًا وَلَيْسَ عِنْدَهُ ثَمَنُهُ فَأُرْبِحَ فِيهِ فَبَاعَهُ فَتَصَدَّقَ بِالرِّبْحِ عَلَى أَرَامِلِ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَقَالَ: «لَا أَشْتَرِي بَعْدَهَا شَيْئًا إِلَّا وَعِنْدِي ثَمَنُهُ».
- 1)یہ روایت ضعیف ہے: تفرد بہ شریک عن سماک اور شریک: سیٔ حفظ

2)یا یہ کہ منسوخ ہے اسلئے کہ ثمن مؤجل کا معاملہ کیا تھا آپ ﷺ نے وفات سے پہلے۔

3)یا ھذا محمول علی النھی الإرشادی والاستحباب۔

-ابو الیسع البصری کی تضعیف کی گئی ہے ص278 پر لیکن مسلم بن ابراھیم انکے متابع موجود ہے اور دوسرے سند بھی ہے

-غالبًا یا أحیانًا قوت نہیں ہوتا اسلئے کہ یدّخر لأزواجہ قوت سنۃٍ لیکن پہلے ختم ہوتا تھا اسلئے کہ ترغیب دیتے تھے فی الصدقۃ

بَابُ كَسْبِ الرَّجُلِ وَعَمَلِهِ بِيَدِهِ(حدیث:2070-2071-2072-2073-2074-2075)

- ھذا أفضل وأولی۔
- بہترین کسب: بعض1) تجارت افضل الأعمال ثم الحراثۃ(کھیتی باری) ثم الصّناعۃ(یہ اکثر کا قول ہے)۔

بعض2) حراثت اسلئے کہ بندے چرندے پرندے بھی کھائیں گے اس سے تو صدقہ عامہ ہوگا اور بنیادی ضرورت کو مہیا کرنا ہے

3)کسب بالید: آپ ﷺ سے سوال کیا گیا تو یہ جواب دیا: ما أكل أحدٌ طعامًا قط خيرًا من أن يأكل من عمل يده

-ای الکسب أفضل؟ قال عمل الرجل بیدہ اور اسمیں تجارت بھی داخل ہے۔

-حدیث: إن اللہ یحب کل من یحترف أبا العیال ولایحب الصحیح الفارغ (فی اسنادہ عاصم وھو ضعیف)

-یحترف للمسلمین فیہ: 1) کمائی کریں گے بیت المال سے اور حرفۃ سے مراد خدمت اور حرفۃ کا لفظ مشاکلۃً استعمال کیا۔

-بعض یہ ترجمہ کرتے کہ جتنا اپنے اوپر خرچ کیا تو بیت المال کے مال سے تجارت کرے، اتنا وصول کرے گا (وھذا مما لا یفھم)

-شعر: لَنَقلُ الصَخرِ مِن قُلَلِ الجِبالِ = أَحَبُّ إِلَيَّ مِن مِنَنِ الرِجالِ

يَقولُ الناسُ لي في الكَسبِ عارٌ = فَقُلتُ العار في ذُلِّ السُؤالِ

-داؤدؑ زرہیں بناتے تھے اور سلیمانؑ چٹائی اور ٹوکری بناتے تھے۔

بَابُ السُّهُولَةِ وَالسَّمَاحَةِ فِي الشِّرَاءِ وَالبَيْعِ، وَمَنْ طَلَبَ حَقًّا فَلْيَطْلُبْهُ فِي عَفَافٍ(حدیث:2076)

- جب بیع کرتے تو کبھی جھگڑا ہو جاتا ہے تو سہولت و سماحت سے کام لینا چاہئے۔
- عفاف: زبان کی شرافت و پاکیزگی کے ساتھ۔

بَابُ مَنْ أَنْظَرَ مُوسِرًا(حدیث:2077)

- غنی کو مہلت دے اوا سمیں ثواب ہے تو جب فقیر کو مہلت دے تو بدرجہ اولی اسمیں ثواب ہو گا۔
- دٌ:5 درہم؛ فٌ: کوئی حد نہیں
- احناف: غناء کے 3 درجات ہیں: 1) حرمۃ السوٴال

2) زکوۃ نہیں لے سکتا ہے اگر چہ دے گا بھی نہیں مثلا مکان، مشین وغیرہ زائد اَشیاء اسکے پاس ہیں

3) معطی بھی ہے اور نصاب بھی ہے۔

بَابُ مَنْ أَنْظَرَ مُعْسِرًا(ص279)(حدیث:2078)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) فقیر مو معاف کرنا ضروری نہیں، ہاں مستحب ہے اور مہلت بھی دے سکتے (واجب) تو نفل کا ثواب زیادہ

2) سلام کا جواب واجب اور سلام کرنا سنت ہے اور زیادہ ثواب ہے۔

3) وضوء وقت سے پہلے مستحب ہے اور زیادہ ثواب رکھتا ہے۔

- تجاوز کرو، مہلت دو، کم کرو، نرمی کرو، حسن طلب کرو، بالکل معاف کرنا

بَابُ إِذَا بَيَّنَ البَيِّعَانِ وَلَمْ يَكْتُمَا وَنَصَحَا (حدیث:2079)

- فیکون فیہ البرکۃ؛ بورک لھما جب عیب بیان کرے اور خیر خواہ ہو ایک دوسرے کے۔
- آپ ﷺ مشتری اور عدّاء بن خالد بائع لیکن ترمذی ونسائی میں برعکس ہے
- آپ ﷺ نے خط لکھا اور الصک کان عند العدّاء وھذا یکون عند المشتری تو معلوم ہوا کہ وہ مشتری تھے۔
- بخاری کی روایت یُذکر کے ساتھ مروی ہے

جواب: 1) دو الگ الگ واقعات تھے؛ 2) ترمذی ونسائی کی روایت اصل ہے اور بخاری کی روایت محمول ہے راوی کے خطاء پر، اگر چہ بخاری کی روایت تائید ہوتی ہے کہ آپ ﷺ نے نبوت کے بعد بیع نہیں کیا بلکہ مشتری بنے۔

- حضرت گنگوہیؒ: اصل یہ بیع مقایضہ تھا، ایک چیز کو خریدا اور بدلے میں کوئی چیز دی (بیع السامان بالسامان یعنی بیع السلعۃ بالسلعۃ)
- آریۃ ہونا چاہئے: باڑا یا یُسمی اَریّ دوابہ
- حضرت گنگوہیؒ: راوی کی خطاء نہیں بلکہ یُسمّی کا مطلب یُذکر یعنی سجستان وخراسان کے باڑے کا تذکرہ کرتا ہے، تو یہ دھوکہ ہے۔

بَابُ بَيْعِ الخِلْطِ مِنَ التَّمْرِ(حدیث:2080)

- مخلوط تمر کا بیچنا عیب نہیں ہے اسلئے کہ مخلوط ہونا ظاہر ہے: المجتمع من الردی والجید

بَابُ مَا قِيلَ فِي اللَّحَّامِ وَالجَزَّارِ(حدیث:2081)

- بائع اللحم وبائع الجزور (اونٹ کا گوشت بیچنے والا)
- قصّاب: بائع الشاۃ (بکری کا گوشت بیچنے والا)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)لحام اور جزار کا کسب جائز ہے اگرچہ کوئی کہے کہ اسمیں تلوّث بالدم ہے۔

2)لحم عام طور پر ہڈی کے ساتھ بیچتے تو ہڈی زیادہ ہے یا گوشت؟،اگرچہ خلط ہے لیکن چونکہ نظر آتا ہے اسلئے جائز ہے۔

3)لحام اور جزار کی بنیاد تھی آپ ﷺ کے زمانے میں۔

4)ایک حدیث ضعیف کی طرف اشارہ ہے جو ابو داؤد میں مذکور ہے:3430 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي مَاجِدَةَ، قَالَ: قَطَعْتُ مِنْ أُذُنِ غُلَامٍ، أَوْ قُطِعَ مِنْ أُذُنِي فَقَدِمَ عَلَيْنَا أَبُو بَكْرٍ حَاجًّا فَاجْتَمَعْنَا إِلَيْهِ فَرَفَعَنَا إِلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، فَقَالَ عُمَرُ: إِنَّ هَذَا قَدْ بَلَغَ الْقِصَاصَ ادْعُوا لِي حَجَّامًا لِيَقْتَصَّ مِنْهُ ، فَلَمَّا دُعِيَ الْحَجَّامُ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ، يَقُولُ: إِنِّي وَهَبْتُ لِخَالَتِي غُلَامًا، وَأَنَا أَرْجُو أَنْ يُبَارَكَ لَهَا فِيهِ، فَقُلْتُ لَهَا: «لَا تُسَلِّمِيهِ حَجَّامًا وَلَا صَائِغًا وَلَا قَصَّابًا» قَالَ أَبُو دَاوُدَ: رَوَى عَبْدُ الْأَعْلَى، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، قَالَ ابْنُ مَاجِدَةَ، رَجُلٌ مِنْ بَنِي سَهْمٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ.

-سند میں ابو ماجدہ اور محمد ابن اسحاق کا عنعنہ ہے غالبًا تو حدیث ضعیف ہے ،اور اگر صحیح ہو بالفرض تو مطلب یہ ہے ان لوگوں میں ارتکاب خلاف اولی ہے اسلئے انکے حوالے نہ کرنا۔یا خلاف وعدہ کام کرتے یعنی کہتے ہیں مثلاً:ہاں کل تیار ہو گا،پھر کہتے کہ نہیں پرسوں وغیرہ...

بَابُ مَا يَمْحَقُ الكَذِبُ وَالكِتْمَانُ فِي البَيْعِ(حدیث:2082)

- "ما"الذی کے معنے میں ہے؛ یہاں خبر محذوف ہے:هي البركة
- ترجمۃ الباب کا مقصد:تم جھوٹ کو اور کتمان کو ترقی کا سبب سمجھتے ہو حالانکہ اللہ کے یہاں تنزلی کا سبب ہے۔

بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى: {يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لاَ تَأْكُلُوا الرِّبَا أَضْعَافًا مُضَاعَفَةً وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ} [آل عمران: 130]

(حدیث:2083)

- یہاں مصنفؒ ربو کا بیان کرتے
- الربو:الفضل الخالی عن العوض إذا كان مشروطًا اور یہ صدقہ کی ضد ہے۔
- سود ظلم ہے اسلئے کہ مدت بڑھتی رہے گی اور ساتھ ساتھ دراھم بڑھتے رہیں گے۔
- سود میں مدت کا معاوضہ ہے اور وہ ایسی چیز ہے ہی نہیں إلا على سبيل الإجارة۔
- أضعافًا مضاعفةً:قید احترازی نہیں ہے اور دوسری جگہ میں:1)وذروا ما بقي من الربو؛ 2)وإن تبتم فلكم رؤوس أموالكم
- یہ قید زیادہ قباحت بتانے کے لئے ہے جیسے لا تسبَّ وأنت عالم،یا مسجد میں گالی مت دو

یالا تكرهوا فتياتكم على البغاء إن أردن تحصّنا؛ لا تشتروا بآياتي ثمنًا قليلاً

- بعض:أضعافًا من جانب ومضاعفةً من جانب أخری:ایک نے کہا2مہینے تو دوسرے نے کہا تو100 کے بجائے200 پھر۔

بَابُ آكِلِ الرِّبَا وَشَاهِدِهِ وَكَاتِبِهِ وَقَوْلِهِ تَعَالَى: {الَّذِينَ يَأْكُلُونَ الرِّبَا لاَ يَقُومُونَ إِلَّا كَمَا يَقُومُ الَّذِي يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطَانُ مِنَ المَسِّ ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا: إِنَّمَا البَيْعُ مِثْلُ الرِّبَا، وَأَحَلَّ اللَّهُ البَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبَا، فَمَنْ جَاءَهُ مَوْعِظَةٌ مِنْ رَبِّهِ فَانْتَهَى فَلَهُ مَا سَلَفَ وَأَمْرُهُ إِلَى اللَّهِ، وَمَنْ عَادَ فَأُولَئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ} [البقرة: 275] (حدیث:2084-2085)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:ربو میں حصہ لینا مذمت ہے
- حدیث جابرؓ:لعن رسول اللہ ﷺ آكل الربو وموكله.....

- یتخبطہ الشیطان: 1) جس طرح یہاں مال کا دیوانہ ہے تو آخرت میں بھی دیوانہ ہونگے

2) جس طرح شیطان کسی کو بے ہوش بنادے مثلاً بعض پانی دیکھ کر بے ہوش ہو جاتے اور گر جانے کی بیماری لگے گا تو قیامت کے دن گرتا رہے گا۔

-ربو کو مشبہ بنایا گویا بیع ہے تو جواب دیا علی اسلوب حکیم: وأحل اللہ البیع وحرم الربو۔

-اشکال: جبکہ خمر کی حرمت 3ھ اور ربو 9ھ، تو یہاں معلوم ہوتا ہے کہ خمر کی حرمت ربو کی حرمت کے بعد ہوئی۔

جواب: 1) ثم أعلن حرمۃ الربو مرۃ ثانیۃ

2) 3ھ میں حرمت خمر کا حکم نازل ہوا اور 9ھ میں بیع الخمر کی حرمت ہوئی۔

3) تجارت فی الخمر کو مشبہ بہ بنایا ربو کے لئے۔

-ترجمۃ الباب سے مناسبت کیا ہے؟

1) حرمت تجارت فی الخمر کا ذکر ہے تو کاتب اور شاھد کے لئے قیاس کیا آکل الربو پر جیسے آیت میں ہے۔

2) لما نزلت آخر آیات البقرۃ: إذا تداینتم..... جبکہ بیع کے لئے لکھنا جائز

3) اصل مصنفؒ اشارہ کرتے ہیں ضعیف حدیث کی طرف (جابرؓ کی روایت): لعن رسول اللہ ﷺ آکل الربو وموکلہ وشاھدہ وکاتبہ (ہذا أصح)

- اشکال: یہاں وسط النھر کا ذکر ہے اور ص 185 پر علی شطّ النھر آیا تھا!؟

جواب: 1) قد یکون فی الوسط وقد یکون فی الشط

2) علی الشط عرضًا وفی الوسط طولًا

3) ایک نسخے میں واؤ نہیں: آکل الربو علی وسط النھر اور رجل بین یدیہ حجارۃ الگ ہے۔

بَابُ مُوكِلِ الرِّبَا لِقَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى: {يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَذَرُوا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبَا إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ، فَإِنْ لَمْ تَفْعَلُوا فَأْذَنُوا بِحَرْبٍ مِنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ وَإِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوسُ أَمْوَالِكُمْ لاَ تَظْلِمُونَ وَلاَ تُظْلَمُونَ وَإِنْ كَانَ ذُو عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ إِلَى مَيْسَرَةٍ وَأَنْ تَصَدَّقُوا خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ. وَاتَّقُوا يَوْمًا تُرْجَعُونَ فِيهِ إِلَى اللَّهِ ثُمَّ تُوَفَّى كُلُّ نَفْسٍ مَا كَسَبَتْ وَهُمْ لاَ يُظْلَمُونَ}

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: «هَذِهِ آخِرُ آيَةٍ نَزَلَتْ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ»(ص280)(حدیث:2086)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: یہ نہ سمجھے کہ صرف لینے والا ظالم ہے اور دینے والا مظلوم ہے بلکہ دونوں کو گناہ ملے گا۔
- ابن عباسؓ کہتے کہ یہ آخری آیت ہے یعنی آخری آیات میں شامل ہے ورنہ بالکل آخری آیت تو نہیں ہے۔ اسلئے کہ وہ واتقوا یومًا ترجعون فیہ إلی اللہ ہے (آخری آیت)
- ثمن الکلب میں اختلاف ہے: جب کلب منتفع بہ ہے تو ثمن بھی جائز ہے
- احناف: ثمن الکلب جائز ہے جب وہ شکار کے لئے یا حفاظت و حراست کے لئے مستعمل ہو

1) ابن عباسؓ: رخص رسول اللہ ﷺ فی ثمن کلب الصید

2) بخاری کی روایت ہے: 3324 - ... حَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، حَدَّثَهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «مَنْ أَمْسَكَ كَلْبًا يَنْقُصْ مِنْ عَمَلِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيرَاطٌ إِلَّا كَلْبَ حَرْثٍ، أَوْ كَلْبَ مَاشِيَةٍ».

3)جابرؓ: نهى عن ثمن الكلب والسنور إلا كلب الصيد

4) 20921 - ...عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: «قَضَى فِي كَلْبِ الصَّيْدِ بِأَرْبَعِينَ دِرْهَمًا، وَفِي كَلْبِ الْمَاشِيَةِ شَاةٌ مِنَ الْغَنَمِ، وَفِي كَلْبِ الْحَرْثِ فَرَقٌ مِنْ طَعَامٍ، وَفِي كَلْبِ الدَّارِ فَرَقٌ مِنْ تُرَابٍ، حَقٌّ عَلَى الَّذِي أَصَابَهُ أَنْ يُعْطِيَهُ، وَحَقٌّ عَلَى صَاحِبِ الدَّارِ أَنْ يَقْبَلَهُ»(مصنف بن أبي شيبة)

- ثمن الكلب ممنوع تھا اس زمانے میں جب شدت تھی اس پر یا غیر منتفع بہ پر محمول ہے

-حجامت:1)میں ثمن شرافت کے خلاف ہے اسلئے کہ تلویث بالدم ہے۔

2)نہی تنزیہی ہے؛ 3)یادم سائل مراد ہے۔

-واشمۃ:خال، تل

بَابٌ: {يَمْحَقُ اللَّهُ الرِّبَا وَيُرْبِي الصَّدَقَاتِ وَاللَّهُ لاَ يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ أَثِيمٍ} [البقرة: 276] (حدیث:2087)

-ترجمۃ الباب کا مقصد:اس آیت کریمہ نے متعارضین کو جمع کیا:ربو(بڑھنا)اور محق بھی ہے(مٹنا)تو جواب دیا کہ حدیث کی رو سے مٹ جاتا ہے اور بہ ظاہر بڑھتا ہے یعنی برکت مٹ جاتی ہے۔

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ الحَلِفِ فِي البَيْعِ(حدیث:2088)

- 1) لایکون ثبوت الخیر الإلہی فی الشیء والبرکۃ لأجل الکذب اسلئے بیع میں جھوٹی قسم کھانا حرام ہے
- 2)اگرچہ بیع میں اللہ کی قسم جائز ہے لیکن خلاف اولی ہے۔
- حدیث:.....فشوهوه
- سِلعۃٌ:سامان؛اور سَلعۃٌ:جانور کی پشت کے زخم کہتے ہیں۔

بَابُ مَا قِيلَ فِي الصَّوَّاغِ حدیث:2089-2090)

- صوغ:زیور بنانے والا(ج)صُوّاغ
- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)هذه من الحرفة الشريفة؛ 2)ان روایات کی تردید ہے جو اسکی مذمت میں آئی ہے
- اكذب الناس الصباغون والصياغون(مضطرب روایت ہے)سند میں فرقد سبخی مشہور ضعیف راوی ہے
- اسمیں کسب کی مذمت نہیں بلکہ خلاف وعدہ کام کی مذمت ہے۔

بَابُ ذِكْرِ القَيْنِ وَالحَدَّادِ(حدیث : 2091)

- قین:لوہار اور حداد بھی(مترادف الفاظ ہیں)اور بعض کہتے کہ قین:کل صانع اور حداد:جو لوہے اور اسلحہ بناتے۔
- اس روایت ضعیفہ کی طرف اشارہ:ابو داؤد میں: 4223 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ أَبِي رِزْمَةَ الْمَعْنَى، أَنَّ زَيْدَ بْنَ حُبَابٍ، أَخْبَرَهُمْ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُسْلِمٍ السُّلَمِيِّ الْمَرْوَزِيِّ أَبِي طَيْبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَجُلًا، جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ خَاتَمٌ مِنْ شَبَهٍ، فَقَالَ لَهُ: «مَا لِي أَجِدُ مِنْكَ رِيحَ الْأَصْنَامِ»

فَطَرَحَهُ، ثُمَّ جَاءَ وَعَلَيْهِ خَاتَمٌ مِنْ حَدِيدٍ، فَقَالَ: «مَا لِي أَرَى عَلَيْكَ حِلْيَةَ أَهْلِ النَّارِ» فَطَرَحَهُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مِنْ أَيِّ شَيْءٍ أَتَّخِذُهُ؟ قَالَ: «اتَّخِذْهُ مِنْ وَرِقٍ، وَلَا تُتِمَّهُ مِثْقَالًا» " وَلَمْ يَقُلْ مُحَمَّدٌ: عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يَقُلْ: الْحَسَنُ: السُّلَمِيَّ الْمَرْوَزِيَّ ".

- اسکی سند میں عبد اللہ بن مسلم جو ضعیف ہے۔
- انگوٹھی: یہاں خلاف اولی اسلئے کہ دوسری حدیث میں ہے کہ مہر دے دو ولو من خاتم حدید
- لا أکفر: کنایۃ عن الدوام یالا أکفر زان بُعثت بعد الموت
- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) خباب بن ارت اپنے دین کا مطالبہ کرتے اسلام لانے کے بعد بھی
  2) خباب بن ارت وہی کام کرتے تھے اسلام لانے کے بعد

بَابُ ذِكْرِ الخَيَّاطِ(ص281)(حدیث:2092)

- خیاط من المھنۃ الشریفۃ؛ عبد اللہ بن عمرو بن العاصؓ اور زبیرؓ قصائی تھے
- ابو بکرؓ، عثمانؓ، عبد الرحمن بن عوفؓ کپڑے کا کام کرتے تھے
- نھی رسول اللہ ﷺ عن صفقۃ فی صفقۃ لیکن دھاگہ تابع ہے تو اصل کام کرنا ہے، دھاگہ کی اجرت نہیں ہے اسلئے کہ اجرت کہتے ہیں کہ فائدہ اٹھائے اور چیز باقی رہے اور اجرت علی إھلاک العین ناجائز ہے۔ تو بہ ظاہر صفقۃ فی صفقۃ ہے لیکن جائز ہے یا عرف کی وجہ سے مستثنی ہے۔
- دعوت کی اجابت سنت ہے یا مستحب اور ولیمہ کی دعوت اقرب إلی الوجوب ہے۔

بَابُ ذِكْرِ النَّسَّاجِ(حدیث:2093)

- جولاہے کا کام، وإن عدُّوہ من الحرفۃ الدنیۃ اسلئے کہ ضرورت کی چیز ہے۔
- علماء نے کہا کہ کساخ بھی (جھاڑو دینے اور صفائی کا کام) انتہائی پست کام ہے لیکن یہ بھی فرض کفایہ کے درجے میں ہے
- فی حاشیتھا منسوجٌ یا فی حاشتھا خیوط منسوجۃٌ

بَابُ النَّجَّارِ(حدیث:2094-2095)

- نجار کا سب سے زیادہ کام زینت کے ساتھ ہے، شاید اسمیں کسی قسم کی کراہت ہے تو بتایا نہیں
- طرفاء: جھاؤ درخت گز؛ اسمیں ذکر و تلاوت کی فضیلت ہے؛ کلام کے لئے لسان ضروری نہیں ہے۔
- قالوا لم تشھد تم علینا قالوا أنطقنا اللہ الذی أنطق کل شیء

بَابُ شِرَاءِ الإِمَامِ الحَوَائِجَ بِنَفْسِهِ (حدیث:2096)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) امام المسلمین یا امام المسجد یا امیر المنطقۃ، اگر خود کوئی چیز خریدے تو مروت و شرافت کے خلاف نہیں ہے۔
  2) خود اشیاء کو خریدنا تواضع پر دال ہے۔

- آپ ﷺ نے خرید اجمل کو عمرؓ سے اور ابن عمرؓ بیٹھے تھے اس پر، تو ممکن ہے کہ ھبہ کیا، تو پھر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ قبضہ ضروری ہے تو ہی کیسے ھبہ ہے؟

جواب: حکمی قبضہ ہوا (یعنی تخلی تھی یا کوئی مانع نہیں)

- حضرت جابرؓ نے بھی بیچا اپنے اونٹ کو اور آپ ﷺ نے قبضہ سے پہلے ھبہ کیا لیکن قبضہ حکمی تو کافی ہے۔
- تو قبضہ ضروری ہے یا نہیں؟

جواب: فؒ: ہر چیز میں قبضہ ضروری ہے، چاہے منقول ہو یا نہ ہو۔

حؒ: منقول میں قبضہ ضروری ہے اور غیر منقول میں نہیں۔

کؒ اور دؒ کا ایک قول: مکیل و موزون یا مطعوم میں قبضہ ضروری ہے ورنہ نہیں

دؒ کا دوسرا قول: مکیل موزون میں قبضہ ضروری ہے ورنہ نہیں۔

کؒ: مطعوم اور غیر مطعوم کا فرق ہے یعنی مطعوم میں ضروری ہے اور غیر مطعوم میں ضروری نہیں۔

بَابُ شِرَاءِ الدَّوَابِّ وَالحُمُرِ، وَإِذَا اشْتَرَى دَابَّةً أَوْ جَمَلًا وَهُوَ عَلَيْهِ، هَلْ يَكُونُ ذَلِكَ قَبْضًا قَبْلَ أَنْ يَنْزِلَ (حدیث:2097)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: حمیر خرید سکتے
- سوال: ترجمۃ الباب میں حمیر ہے اور حدیث میں نہیں؟

جواب: الحمیر ملحقٌ بالبعیر اسی لئے اسکا تذکرہ خاصہ ضروری نہیں

- بائع مشتری کو روکنے والا نہیں اسی لئے قبض حکمی ہو جائے گا تو قبل أن ینزل جائز ہو گا اور چونکہ سامنے موجود بھی ہے
- قبض عرفی: التخلی أو ارتفاع الموانع عُرفًا
- مجنٌ: جسکا سر امڑا ہوا ہے۔ توجہ بالقول ہے جیسے ابو ھریرۃؓ کے چادر میں اور تصرف بالفعل ہوتا ہے جیسے یہاں
- الکیس: ہوشیاری سے کام لو یعنی ایک طرف بہنیں (خوش رکھنا ضروری ہے) اور ایک طرف بیوی تو بہنوں اور بیوی کے درمیان توازن کی ضرورت ہے اور ہوشیاری کی ضرورت ہے انکو خوش رکھنے کے لئے (یہ مفتی صاحب کا ترجمہ ہے)
- اور یہ ترجمہ ما قبل سے بھی متعلق کہ کنگھی کرنا اور نگرانی کرنا ہے وغیرہ۔
- ص282: قدم قبل: 1) المسجدَ؛ 2) آپ ﷺ پہلے پہنچے اسلئے کہ جابرؓ رک گئے تھے؛ 3) لعلہ أقطع لما أسرع
- ارجح: معروف بھی نہیں اور مشروط بھی نہیں۔
- اشکال: جمل کیوں مبغوض تھا اسلئے کہ اب تیز رفتار ہو گیا (اگر منہ ضمیر جمل کو راجع ہے) لیکن یہ صحیح نہیں ہے اسلئے کہا پہلے: لم یکن لی ناضحٌ غیرہ، اسی لئے منہ کی ضمیر "رد" کو راجع ہے، لیکن اونٹ بطور ھبہ واپس کیا اور وہ محبوب ہے اور بطور اقالہ واپس کرنا مبغوض تھا۔
- قبضہ عاریت قبضہ ھبہ کا ہو سکتا ہے اسلئے کہ دونوں قبضہ غیر مضمون ہے بغیر عوض کے۔

بَابُ الأَسْوَاقِ الَّتِي كَانَتْ فِي الجَاهِلِيَّةِ، فَتَبَايَعَ بِهَا النَّاسُ فِي الإِسْلاَمِ (ص282) (حدیث:2098)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: جاہلیت کے بازاروں میں تجارت کرنا جائز ہے، اگرچہ پہلے خرافات ہوتی تھی
- سوق کا وجہ تسمیہ: 1) یقوم الناس علی أسواقھم؛ 2) یساق إلیہ الإنسان والأمتعۃ۔

بَابُ شِرَاءِ الإِبِلِ الهِيمِ، أَوِ الأَجْرَبِ الهَائِمُ: المُخَالِفُ لِلْقَصْدِ فِي كُلِّ شَيْءٍ(حدیث:2099)

- الھیم: جمع اَھیم: پیاس کی بیماری: مستسقی اونٹ
- یعنی عیبدار جانور کو خرید سکتے
- اجرب: خارش کی بیماری؛ الھائم: پریشان، عاشق جو مست؛ الإبل الھیم تشبہ الھائم (اشتقاق کبیر) اور معنی میں بھی مناسبت کہ دونوں پریشان ہیں۔
- نوّاس: ہلتا ہوا آدمی، حرکت کرنے والا
- لاعدوی: فی درجۃ التوکل وإن کان السبب موجودٌ
لاعدوی فی درجۃ الیقین ولکن فی درجۃ الظن
لاعدوی فی جمیع الأمراض وإنما یکون العدوی فی بعض الأمراض
لاعدوی فی سبیل التأثیر وإن کان علی سبیل السبب ولکن بحکم اللہ
لاعدوی علی وجہ الخصوص وإن کان فی وجہ عام

بَابُ بَيْعِ السِّلاَحِ فِي الفِتْنَةِ وَغَيْرِهَا وَكَرِهَ عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ بَيْعَهُ فِي الفِتْنَةِ(حدیث:2100)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اختلاف کی طرف اشارہ ہے: عام فقہاء: جب کہ جنگ نہ ہو تو اہل حرب کو بیچ سکتے ورنہ نہیں
- اہل حق کو بیچ سکتے ورنہ نہیں
- اور جب اہل حق واہل باطل میں فرق نہ کر سکے تو بھی بیچ سکتے ہیں
- سفیان ثوری: بع سلاحک بمن شئت (مصنفؒ نے اسی قول کو اختیار کیا)۔

بَابٌ فِي العَطَّارِ وَبَيْعِ المِسْكِ(حدیث:2101)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) عطار حرفت شریفہ میں سے ہے
2) مشک بیچ سکتے ہیں اگرچہ اسکا اصل دم ہے لیکن حقیقت بدل گئی (تبدیل ماہیت ہوئی)
3) حسن بصری کی تردید: مشک نہیں بیچ سکتے
متنبی کا شعر ہے: فإن تفق الأنام وأنت منھم فإن المسک بعض دم الغزال
- کُور: جو مٹی کا بنایا ہوا اور کیر: جو چمڑے کا بنا ہو اور وہ آلہ ہے جو حداد استعمال کرتے آگ بڑکانے کے لئے (بٹھی)
- ابوبشر باقلانی کے بارے میں کہتے کہ جب کسی واعظ کے بیان میں بیٹھے.....چڑیا نے باز کو شکار کیا؟؟؟؟؟؟؟؟

بَابُ ذِكْرِ الحَجَّامِ(ص283)(حدیث:2102-2103)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: وہ کسب ہے جو دنی اور گھٹیا اور خراب سمجھا جاتا ہے لیکن مطلب یہ نہیں کہ نہیں کر سکتے بلکہ بعض صورتوں میں ضروری ہے۔ تو یہ کسب فروض کفایہ میں سے ہے
- ممانعات: 1) علی سبیل التنزیہ یا 2) منسوخ ہے

- پہلے زمانے میں غلام پر 2 طریقہ سے معاملہ کرتے: 1) جو مہینے میں کماؤ سب کچھ لاؤ
2) مہینے میں 10 درہم دے دو، باقی تمہاری مرضی ہے۔

بَابُ التِّجَارَةِ فِيمَا يُكْرَهُ لُبْسُهُ لِلرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ(حدیث:2104-2105)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: تجارت اس چیز کی ناجائز ہے جو سب کے لئے حرام ہے جیسے خنزیر اور خمر اور جس چیز میں کسی بھی فائدہ ہو تو بیچ سکتے، اسلئے کہ کوئی نہ کوئی فائدہ ہے (استعمال کرتے bait کے لئے)
- چیتا، بیڑ یا وغیرہ بیچ سکتے
- سیراء: بردٌ فیہ خطوط صفر مضلعۃ بالحریر
- نمرقۃ: وسادۃ مقطوعۃ الرأس یا ایسے دقیق ہے کہ نظر نہ آئے
- تصویر والا کپڑا بیچ سکتے اسلئے کہ اندر کی جانب موڑ سکتے یا دوسرے تدابیر اختیار کر سکتے۔

بَابٌ: صَاحِبُ السِّلْعَةِ أَحَقُّ بِالسَّوْمِ(حدیث:2106)

- صاحب السلعۃ کو حق ہے ثمن مقرر کرنے کا۔

بَابٌ: كَمْ يَجُوزُ الخِيَارُ(حدیث:2107-2108)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اختلاف کی طرف اشارہ ہے: حؒ فؒ: 3 دن؛ دؒ: جبتک مرضی؛ کؒ: جبتک چاہے؛ سم: 3 سے اوپر ممکن ہے خیار؛ متأخرین احناف: 1) 3 دن میں اگر کسی چیز کی معرفت ہو جائے تو خیار صرف 3 دن ہو گا
2) 3 دن میں معرفت نہ ہو سکے تو صاحبین کے قول پر فتوی دیا جائے گا۔

- جس روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے 4 دن کے خیار کو باطل کیا ہے وہ روایت صحیح نہیں ہے اسلئے کہ سند میں ابان بن عیاش ہے اور ان پر کلام ہے؛ ابن عمرؓ سے 3 دن کا خیار مروی ہے لیکن اس روایت پر کلام ہے۔ اور البیعان بالخیار میں 3 دن کی قید نہیں تو یہ انکی دلیل ہے۔
- أو یکون البیع خیارًا: 1) یہ استثناء ہے یلزم البیع بعد اتمام الکلام عند الأحناف اور بعد اتمام المجلس عند الشوافع إلا أن یکون فیہ الخیار
2) فی البیع خیارٌ إلا أن یکون البیع اسقاط خیارٍ۔
3) إلا أن یکون البیع خیارًا أی إلا ان یقول أحدھما: ھل اخترت؟ و قال الآخر اخترتُ اور یہ شوافع کے نزدیک ہے کہ بات اب پکی ہو گئی ہے۔ تو تم البیع ولو کان فی المجلس حتی الآن۔

بَابُ إِذَا لَمْ يُوَقِّتْ فِي الخِيَارِ، هَلْ يَجُوزُ البَيْعُ(حدیث:2109)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اختلاف کی طرف اشارہ ہے: حؒ کؒ دؒ: بیع فاسد ہے؛ فؒ: بیع ہو گی ہی نہیں؛ مصنفؒ کے نزدیک جائز ہے اور بعد میں متعین کر سکتے۔

بَابٌ: البَيِّعَانِ بِالخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا(حدیث:2110-2111)

- اس پر اتفاق ہے خیار تعیین پر، اور اسی طرح اتفاق ہے خیار قبول پر، اور خیار عیب پر بھی اتفاق ہے۔
- دؒ:خیار مجلس ہے؛ حؒ کؒ:خیار مجلس نہیں ہے۔
- امام حؒ اور امام کؒ کے دلائل:

1)یٰأیھاالذین آمنوا أوفوا بالعقود میں معلوم ہوا کہ عقد کے بعد واپس کرنا نہیں کرنا چاہئے اسلئے کہ عقد پورا پورا کرنے کا حکم ہے

2)وأشھدوا إذا تبایعتم تو جس مجلس میں عقد ہوا بیع مکمل ہوگئی تب شہادت ہے تو خیار مجلس نہیں ہے۔

3)لا تأکلوا أموالکم بینکم بالباطل إلا أن تکون تجارۃ عن تراض منکم تو معلوم ہوا کہ آپس کی رضامندی ملنے سے عقد مکمل ہوگیا۔

4)جب سب ارکان مکمل ہوگئے اور موجود ہو تو عقد بھی مکمل ہونا چاہئے (بائع مشتری، ایجاب وقبول)

5)قیاسًا علی سائر العقود مثلاً: اگر کوئی عقد نکاح کرے تو نکاح ہوگیا، اگرچہ مجلس ابھی تک منعقد ہے، اسی طرح دوسرے عقود میں ہوتا

6) نھی رسول اللہ ﷺ أن یبیع الرجل طعامًا حتی یستوفیہ (یہاں تک کہ وصول ہو جائے) تو معلوم ہوا کہ جب طعام پر قبضہ کیا تو اسی مجلس میں بیٹھ کر وہ اسکو آگے بیچ سکتے۔

7)حدیث:لایحل (أی لاینبغی) لہ أن یفارقہ خشیۃ أن یستقیلہ، والإقالۃ تکون بعد اتمام العقد الأول۔

تو لایحل بمعنی نامناسب جیسے: لا تحل الصدقۃ لذی مرۃ سویٍّ یا لا تحل الصدقۃ لمن کان عندہ قوت یُوم ولیلۃٍ یعنی مناسب نہیں۔

8)حدیث:لایجزی ولد عن والدہ إلا أن یشتریہ فیعتقہ تو معلوم ہوا کہ خریدتے ہی آزاد ہو جائے گا، مجلس کے ختم ہونے سے پہلے۔

9) آپ ﷺ نے حضرت عمرؓ سے جمل خریدا اور ابن عمرؓ کو ھبہ کر دیا مجلس کے ختم ہونے سے پہلے، تو معلوم ہوا کہ مجلس کے ختم ہونے سے پہلے بیع مکمل ہو جاتی ہے۔

10)ابن عمرؓ کا مسلک ہے کہ اگر کسی نے مبیع بیچ دیا اور بائع کے پاس ھلاک ہو جائے تو یھلک من مال المشتری تو معلوم ہوا کہ مجلس پوری ہوئی ہو یا نہ ہو عقد مکمل ہو جاتا ہے اور مشتری مکمل مالک بن جاتا ہے۔

-امام فؒ اور امام دؒ حدیث بالباب سے استدلال کرتے: البیعان بالخیار مالم یتفرقا

جواب: تفرق سے مراد تفرق بالأقوال ہے کہ جب بائع ومشتری اپنے اپنے قول سے فارغ ہو یا لے لے یعنی بعتُ واشتریتُ تو عقد مکمل ہوگیا۔ تو تفرق کے دو معنے ہوسکتے: 1) تفرق بالأبدان؛ 2) یا تفرق بالأقوال جیسے

1)وما تفرق الذین أوتوا الکتاب....

2)واعتصموا بحبل اللہ جمیعًا ولا تفرقوا

3) تفرقت بنی إسرائیل علی اثنین وسبعین، کلھم فی النار إلا واحدۃ

-1)اشکال ہوتا ہے کہ حدیث میں مالم یتفرقا جو آیا، تو اس کو تفرق بالأقوال سے تعبیر کرنا، صحابہؓ کی فہم اور سمجھ کے خلاف ہے، اسی طرح اگلے صفحے پر (ص284) دوسری سطر پر حدیث کے خلاف ہے اور اسی طرح جہاں تفرق بالأقوال مراد ہو وہاں جھگڑا مراد ہوتا ہے جیسے واعتصموا بحبل اللہ جمیعًا ولا تفرقوا وغیرہ آیات سے جو مفہوم ہے اور بیع میں تو ہاتھ کو ہاتھ سے ملاتے ہیں اور اپنی اپنی چیزوں سے خوش ہوتے ہیں، تو جواب نہیں بنتا!(یہ جواب امام محمدؒ نے دیا تھا)

2)البیعان بالخیار (خیار قبول) مالم یتفرقا تو محمول ہے خیار قبول پر (اور یہ جواب امام ابو یوسفؒ سے منقول ہے) لیکن اس پر اشکال وارد ہے کہ خیار

تواحد المتبایعین کو ہوتا ہے نہ کہ دونوں کو یعنی ایک ہی کو خیار قبول ہوتا ہے اور اسی طرح یہ بھی صحابہؓ کی فہم کے خلاف ہے جیسے ابن عمرؓ جب کسی چیز کو خریدنا چاہتے تھے تو جلدی چلے جاتے تھے تاکہ وہ رجوع نہ کرے خریدی ہوئی چیز میں تو یہ خیار قبول نہیں ہے بلکہ خیار مجلس، چنانچہ جواب نہیں بنتا۔

3) محمول ہے دیانت پر یعنی احتیاط اور دیانت کا تقاضا ہے کہ اگر واپس کرلے تو لے لے

4) مولانا انور شاہ کشمیریؒ: مراد خیار مجلس ہے لیکن وہ کنایہ ہے خیار قبول سے یعنی ذکر تفرق بالأبدان اور مراد تفرق بالأقوال ہے (سمجھ میں نہیں آتا) چونکہ کنایہ میں دونوں مراد ہو سکتا ہے جیسے فلانٌ کثیر الرماد (بڑا سخی ہے یا واقعی بہت راکھ جمع ہے اسکے پاس)

5) خیار کا مطلب عقد واپس کرنا یعنی ردُّ البیع اور اسکی تین قسمیں ہیں:

1) ایسا رد البیع والخیار جو واجب القبول یعنی اگر قبول سے پہلے دوسرے نے رد کیا تو واجب القبول ہے

2) رد البیع اور خیار جو مسنون القبول جبکہ مجلس باقی ہو اور دوسرے واپس کرلے تو لینا مسنون ہے

3) مندوب القبول جب مجلس ختم ہوگئی اور پھر واپس کرے۔ اسکو اقالہ کہتے

-حدیث: من أقال نادمًا تو اللہ قیامت کے دن اسکے خطاؤں کو معاف فرمائے گا أقال اللہ عثراتہ یوم القیامۃ

-تو امام فؒ اور امام دؒ: رد البیع، واجب القبول ہے اور کؒ: مسنون القبول

-تو اب کس کی بات صحیح؟ تو اگلے صفحہ 284 کی 16 سطر پر دیکھئے: وَكَانَتِ السُّنَّةُ أَنَّ «المتَبَايِعَيْنِ بِالخِيَارِ حَتَّى يَتَفَرَّقَا».

- تو مطلب یہ نہیں کہ خیار کو استعمال کرنا سنت ہے ورنہ بیع کیسے ہوگی بلکہ مطلب یہ ہے کہ اگر واپس کرے تو قبول کرنا سنت ہے۔

بَابٌ: إِذَا خَيَّرَ أَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ بَعْدَ البَيْعِ فَقَدْ وَجَبَ البَيْعُ (حدیث:2112)

- مثلاً ایک نے کہا کہ اختیار کر اور دوسرے نے اخترتُ کہا تو سقط الخیار

بَابُ إِذَا كَانَ البَائِعُ بِالخِيَارِ هَلْ يَجُوزُ البَيْعُ (حدیث:2113-2114)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: بیع الخیار مجلس کے بعد بھی باقی رہتی ہے سب کے نزدیک
- اور تفرق بالأبدان مراد ہے

بَابُ إِذَا اشْتَرَى شَيْئًا، فَوَهَبَ مِنْ سَاعَتِهِ قَبْلَ أَنْ يَتَفَرَّقَا، وَلَمْ يُنْكِرِ البَائِعُ عَلَى المُشْتَرِي، أَوِ اشْتَرَى عَبْدًا فَأَعْتَقَهُ (حدیث: 2115-2116) فهل يجوز البيع؟

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اگر کسی نے کوئی چیز خریدی اور فوراً ھبہ کر دی تو یہ جائز ہے۔
- فؒ دؒ: اگر مشتری ھبہ کرے مجلس میں تو عقد تام نہیں ہوگا بلکہ عقد تام ہوگا عند تمام المجلس یا عند قولہ اخترت
- مصنفؒ: عقد تام ہوگا عند تمام المجلس اور دوسرا طریقہ: مشتری فی الفور ھبہ کرے یا فی الفور آزاد کرے
- حؒ کؒ: اوپر یہ دلیل ہے کہ عقد کا اختتام ہوگیا ہے اسی لئے اعتاق یا ھبہ کر رہا ہے
- معلوم ہوا کہ جب کسی کو ھبہ کرے کوئی چیز تو کہے "تصنع بہ ماشئت" اور جس چیز کو نہیں دیکھا ہو یعنی غیر مرئی ہو تو بھی بیچنا جائز ہے جیسے احناف کا قول ہے اور امام فؒ کے نزدیک غیر مرئی چیز کی بیع جائز نہیں ہے، حالانکہ انہوں نے وہ زمین دیکھی ہی نہیں تھی۔

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ الخِدَاعِ فِي البَيْعِ(حدیث:2117)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: بیع میں دھوکہ مکروہ تحریمی ہے اور ناجائز ہے۔
- اگر ثمن میں دھوکہ دے تو اسمیں واپسی نہیں ہے
- اگر مبیع میں دھوکہ ہے تو امام احمدؒ کے نزدیک اگر غبن اِلی ثلث القیمۃ ہو تو واپس لے گا۔

امام کؒ دؒ: خیار خداع ہے؛ حؒ فؒ: خیار خداع نہیں ہے اگر ثمن میں دھوکہ دیا گیا ہو۔

احناف متأخرین: امام کؒ اور دؒ کے قول پر فتوی دیتے کہ غرر کی صورت میں واپسی ہو گی

ابن ھمام: 1) ایک غرر قولی ہے تو اسکو قضاءً فسخ کیا جائے گا (مثلاً بازا میں 100 رینڈ اور میں آپکو 50 رینڈ میں دے رہا تو بعد میں معلوم ہوا کہ بازار میں 50 رینڈ سے بھی کم ہے)۔

2) ایک غرر فعلی ہے تو اسکو دیانۃً واپس کیا جائے گا کہ مفتی سے پوچھے گا تو وہ اسکو واپس کرنے کو کہیں گے۔

بہر حال متاخرین یہ فتوی دیتے ہیں کہ دھوکے کی صورت میں واپسی ہو سکتی ہے اسی طرح عیب کی شکل میں

- بیہقی کی روایت میں 3 دن کا اختیار ہے توفؒ اور حؒ: واپس کرنے کا اختیار خیار شرط کی وجہ سے ہے
- اور کؒ اور دؒ: دھوکہ کی وجہ سے واپس کرے گا۔

بَابُ مَا ذُكِرَ فِي الأَسْوَاقِ(حدیث:2118-2119-2120-2121-2122-2123-2124)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: آپ ﷺ نے فرمایا کہ شر البقاع أسواقھا لیکن اسکے باوجود بازار میں بیع وشراء کے لئے جانا جائز ہے، تو شر البقاع کا مطلب یہ ہے کہ بازار میں جھوٹ بولتے، دھوکہ دیتے اور دو نمبر کے کام کرتے، چوری وغیرہ تو اس اعتبار سے شر البقاع ہے اور اگر یہ چیزیں نہ ہو تو ٹھیک ہے!
- سوال: کیف یخسف بأولھم وآخرھم وفیھم أسواقھم؟

اور جو لوگ گرانے کے لئے آئیں گے تو انکے لئے موت بھ ہے اور عذاب بھی ہے۔

معلوم ہوا کہ بازار میں نماز پڑھسکتے ہیں، تو اسمیں جو شر ہے وہ تو معصیت کے وجہ سے ہے ورنہ نفس سوق میں کوئی گناہ نہیں ہے۔

- ابو القاسم آپ ﷺ کی کنیت ہے تو کیا کسی کو اس کنیت سے پکار سکتے؟

فؒ: التکنی بکنیۃ النبی ﷺ مکروہ۔ کؒ: جس کا نام محمد ہو وہ کنیت ابو القاسم نہ رکھے۔

جمہور: یہ کنیت رکھنا جائز ہے، پہلے ممنوع تھا اور بعد میں منسوخ ہوا جیسے ایک عورت اپنے بیٹے کا نام اور کنیت دونوں حضور ﷺ کی طرح رکھنے کا ارادہ کیا (اِن امرأۃ قالت اِن وُلد لی ولد اسمیہ محمداً وأکنیہ أبا القاسم)، تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ ٹھیک ہے کوئی حرج نہیں ہے، اور کون ہے جو منع کرے میرے نام اور کنیت کو جمع کرنے سے؟

- اسی طرح حضرت علیؓ نے آپ ﷺ سے اجازت لی تھی اسلئے کہ انکے بیٹے کا نام محمد تھا اور کنیت ابو القاسم تھی یعنی محمد بن حنفیہ نام اور کنیت ابو القاسم تھا تو آپ ﷺ نے اجازت دی۔
- سوق: بستی قینقاع: سوناجاندی کی کاروباری؛ لُکع: صغیر یا لئیم اور یہاں شفقت کے لئے ہے۔
- سخاب: قلادۃ من طیب أو قرنفل

- قبضہ حکمی مثلا بائع نہیں روکتا
- فاطمۃ گ المنقطعۃ عن الرجال

بَابُ كَرَاهِيَةِ السَّخَبِ فِي السُّوقِ(حدیث:2125)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: بازار جاسکتے لیکن وقار کے ساتھ، بچوں کی طرح شور نہ مچائے
- عبد اللہ بن عمرو بن العاصؓ نے چونکہ تورات وغیرہ پڑھی تھی اسلئے انکو پوچھا کہ تورات وغیرہ میں آپ ﷺ کی کیا کیا صفات بیان کی گئیں ہیں۔
- جاد الرب من سیناوأشرق من ساعی اور وہاں سے واستعلی من جبال فاران (فاران: مکہ مکرمہ کے پہاڑوں کو کہتے) ومعہ الوف الأطھار وفی یمینہ قبس النار (جہاد کی طرف اشارہ ہے) یہ عربی بائیبل کی عبارت ہے جو انکی کتابوں میں پہلے موجود تھی، اب تحریف کر دی گئی۔
- حضرت عیسیؑ نے کہا: جاء الفرقدید من الأب، فھو یشھد لی
- فرقدید سے مراد آپ ﷺ اور اب سے مراد اللہ پاک ہے انکی زبان میں۔

بَابُ الكَيْلِ عَلَى البَائِعِ وَالمُعْطِي(حدیث:2126-2127)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: بیع وشراء میں کیل وغیرہ کرنے کی ذمہ داری معطی کی ہے اور بائع پر لازم ہو گا کیل کرنے کا خرچہ
- اشکال: قرآن میں آیا کہ وإذا اکتالوا علی الناس یستوفون!؟ تو اس سے پتہ چلتا ہے کہ کیل کرنا تو مشتری پر لازم ہے
- جواب: إذا أخذوا ماکانوا بائعین
- إذا اکتالوا کا معنی: استیفاء ہے
- معلوم ہوا کہ مشتری کے ذمہ صرف اسکو وصول کرنا ہے اور بائع کے ذمہ میں ہے کہ کیل کرے۔
- کل للقوم: دیکھئے اس سے معلوم ہوا کہ کیل کرنا معطی پر ہے۔

بَابُ مَا يُسْتَحَبُّ مِنَ الكَيْلِ(حدیث:2128)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: الکیل مندوبٌ فی المستخرج وغیر مندوب فی الباقی۔

الکیل مندوب فی المشتریٰ وغیر مندوب فی مایکون من قبیل الکرامات، ورنہ ختم ہو جائے گا اگر ہم اسکو سبب سے جوڑے۔

بَابُ بَرَكَةِ صَاعِ النَّبِيِّ ﷺ وَمُدِّهِ(حدیث:2129-2130)

- آپ ﷺ نے مدینہ منورہ کے صاع، مد، کیل وغیرہ کے لئے دعاء فرمائی
- برکت: ثبوت الخیر الإلٰہی فی الشیء
- برک: اونٹ کا بیٹھنا، جب وہ بیٹھتا ہے تو جم کر بیٹھ جاتا تو یہی حال برکت کا ہے۔
- برکۃٌ: تالاب کا پانی، سب گھیرا ہوا ہوتا ہے تو اسی طرح برکت۔

بَابُ مَا يُذْكَرُ فِي بَيْعِ الطَّعَامِ وَالحُكْرَةِ(حدیث:2131-2132-2133-2134)

- بیع الطعام بعد القبض ہو گا نہ کہ قبل القبض۔
- حُکرۃ: ذخیرہ اندوزی
- حدیث: من احتکر فھو آثم
- حدیث: من احتکر طعامًا أربعین یومًا یرید بہ الغلاء فقد برئ اللہ منہ
- احتکار جائز ہے چند شرائط کے ساتھ:

1)اگر اپنی زمین کی چیز ہو تو رکھ سکتا ہے؛ 2)اگر اسکو سستے میں خریدا ہو؛ 3)طعام کی قلت نہ ہو۔

-احتکار کن چیزوں میں ہے: کؒ: الاحتکار فی کل شیء(کسی بھی چیز ہو جو لوگوں کو ضرورت ہے اسکو جمع نہ کرے)

فؒ: الاحتکار فی قوت، چاہے انسان کا کھانا ہو یا جانوروں کا؛ حؒ: الاحتکار یکون فی قوت الإنسان؛ سؒ: فی کل مایضر

- سوال: ترجمۃ الباب سے کیا مناسبت ہے؟

جواب: حتی یؤدوھم إلی رحالھم من مناسبت ہے ترجمۃ الباب سے اور بعض: یہاں تک کہ گھر پہنچائے، قبضہ کرلے اور روکنا اور نہ روکنا لوگوں کے احوال سے پتہ چلے گا، اگر لوگوں کو تکلیف ہو یا نہ ہو تو اگر انکو تکلیف نہ ہو تو احتکار کر سکتا ہے یعنی روک سکتا ہے ورنہ نہیں۔

بَابُ بَيْعِ الطَّعَامِ قَبْلَ أَنْ يُقْبَضَ، وَبَيْعِ مَا لَيْسَ عِنْدَكَ(حدیث:2135-2136)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: بیع الطعام قبل القبض کا بیان
- فؒ مؒ: کوئی بھی چیز کو قبل القبض نہیں بیچ سکتے؛ کؒ: مطعوم کو نہیں بیچ سکتے قبل القبض۔دؒ: مکیلی وموزونی چیز کو نہیں۔
- حؒ اور سؒ: منقول کو نہیں۔
- حدیث: إن النبی ﷺ نھی أن تباع السلع حیث تباع حتی یحوزھا التجار
- حدیث: نھی النبی ﷺ عن شراء الصدقات حتی تقبض اور صدقہ عام طور پر منقولی چزوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔
- غیر منقولی چیزوں کو بغیر قبضہ خریدنے کے دلائل:

1)حضرت طلحہؓ نے حضرت زیدؓ کو زمین بیچی جبکہ انہوں نے زمین کو دیکھا بھی نہیں تھا۔

2)صفحہ 284 پر(صفحہ کے بیچ میں) گزرا ہے۔ مصنفؒ نے امام مؒ اور امام فؒ کے مسلک کو اختیار کیا۔

-جو چیز آدمی کے قبضے میں نہیں تو اسکے ذمہ داری نہیں، اسی طرح ربح مالم یضمن بھی جائز نہیں مثلاً قرض دے اور زیادہ لے تو یہ جائز نہیں ہے اسلئے کہ ربو کا تحقق ہے۔اسی طرح زنا کی اجرت حرام ہے اسلئے کہ اپنے اوپر اسکی ذمہ داری نہیں اور منکوحہ میں اپنے اوپر ذمہ داری ہے! ودیعت اگر مودع کے پاس ہلاک ہو تو کچھ نہیں اسلئے کہ صرف محافظ ہے۔

بَابُ مَنْ رَأَى: إِذَا اشْتَرَى طَعَامًا جِزَافًا، أَنْ لاَ يَبِيعَهُ حَتَّى يُؤْوِيَهُ إِلَى رَحْلِهِ، وَالأَدَبِ فِي ذَلِكَ(حدیث:2137)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: طعام کو کیلاً یا وزناً یا جزافاً لے کسی بھی حالت میں قبل القبض نہ بیچے، تو مصنفؒ نے امام کؒ کی تردید کی اور ائمہ ثلاثہ کے موافق ہے۔

بَابُ إِذَا اشْتَرَى مَتَاعًا أَوْ دَابَّةً، فَوَضَعَهُ عِنْدَ البَائِعِ أَوْ مَاتَ قَبْلَ أَنْ يُقْبَضَ(ص287)(حدیث:2138)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اختلاف کی طرف اشارہ ہے:

بائع کے پاس چھوڑا تو حؒ اور فؒ: یھلک من مال البائع اور دؒ: یھلک من مال المشتری اور اپنے اختیار سے چھوڑا تھا بائع کے پاس تو قبضہ حکمی ہو گیا اور اسی طرف یمیل المصنفؒ۔

امام کؒ: اگر ظاھر الھلاک ہو تو من مال المشتری ورنہ من مال البائع (مثلاً جانور ذبح ہو کر تقسیم کیا جارہا ہے تو من مال المشتری اور اگر کپڑا چھوڑا بائع کے پاس اور پھر کہا کہ ضائع ہوا تو من مال البائع کیونکہ وہ مقام تہمت میں ہے)

تو ترجمۃ الباب میں یہ مقدر ہے: فماذا الحکم یا یھلک من مال المشتری جیسے مصنفؒ کا میلان ہے اسی طرف۔

- بعض علماء: منتقل کرنا ضروری ہے تو اگر لیا لیکن فوراً واپس دیا تو یھلک من مال البائع بر خلاف ائمہ اربعہ
- اسی صفحہ 287 حاشیہ 5 دیکھئے مطابقت ترجمۃ الباب کے لئے
- ترجمۃ الباب: ومعھا عند ابی بکر اور چونکہ عظیم الشان عمل ہے (ہجرت) تو اپنے ثمن سے کرے۔

بَابُ لاَ يَبِيعُ عَلَى بَيْعِ أَخِيهِ، وَلاَ يَسُومُ عَلَى سَوْمِ أَخِيهِ، حَتَّى يَأْذَنَ لَهُ أَوْ يَتْرُكَ(حدیث:2139-2140)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: مکروہات کا بیان۔ بیع: جب ایجاب و قبول ہو چکا ہو۔ سوم: ایجاب و قبول نہیں ہوا، صرف قیمت متعین کرنا تو لا یسوم کا مطلب: کوئی اپنے بھائی کی متعین قیمت پر قیمت نہ لگائے، یہ مکروہ ہے
- یسومونکم سوء العذاب: اتنے تکلیف دیتے آپکو جیسے قیمت لگانے میں اگر کوئی مقابلہ کرے
- نجش: الزیادۃ فی الثمن عن غیر إرادۃ الشراء؛ الذی یزید وھو لا یرید فھو الخادع المَرید، ویقول لدینا خداعًا یزید
- نجش لغۃ: تنفیر الصید تو یہاں بھی دوسرے کو ابھارنا ہے
- ابن قتیبۃ: نجش: ایسے خداع جیسے پرندے کے لئے پھندا رکھتے اور اسکو ابھاڑے اسی کی طرف۔
- لتکفأ: 1) تاکہ جو جلوی اسکے پاس ہے گرادے (انگریزی Money ختم)؛ 2) رحم میں جو نطفہ پڑتا ہے اسکو گرادے (منی ختم کردے)۔

بَابُ بَيْعِ المُزَايَدَةِ(حدیث:2141)

- جو حدیث آئی کہ نھی رسول اللہ ﷺ عن بیع المزایدۃ اسکی سند میں عبد اللہ بن لھیعۃ ہے اور وہ ضعیف ہے سوائے کہ عبادلہ سے روایت کرے تب حکم الگ ہے۔
- احناف اور مالکیہ: مدبَّر کو نہیں بیچ سکتے؛ فؒ دؒ: جائز ہے
- ابن عباسؓ: المدبر لا یُباع ولا یوھب: سند ضعیف ہے: حسان بن عبیدہ ضعیف ہے۔
- اور دوسری سند میں علی بن ظبیان ہے جو عمرؓ پر روایت موقوف ہے اور صحیح ہے
- جوابات: 1) ابو جعفر کہتے کہ ان النبی ﷺ باع خدمتہ۔

2) حدیث منسوخ ہے۔

3)ھذا مخصوص بالنبی ﷺ (یا قاضی پر ہے)

4)محرم مقدم ہے مبیع پر

5)یہ مدبر مقید تھا(بعید جواب ہے)

-آپ ﷺ نے حر کو غلام بنا کر بیچنے کا حکم دیا اور ایک مرتبہ غلام الغیر کو آزاد کیا۔

مدبر مقید: آزادی مقید ہے کسی چیز سے۔

بَابُ النَّجْشِ، وَمَنْ قَالَ: «لاَ يَجُوزُ ذَلِكَ البَيْعُ»(حدیث:2152)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اگر کسی نے دھوکہ والا عقد کیا اور کسی نے خرید لیا تو کیا یہ عقد منعقد ہوا یا نہیں؟
- دؒ: نجش والی بیع فاسد ہے اسکو واپس کیا جائے گا؛ حؒ اور فؒ: بیع منعقد ہے مع الکراھۃ؛ کؒ: مشتری کو خیار الرد ہے
- متاخرین احناف: اگر دھوکہ دے قولاً تو اسکو واپس کرے قضاءً اور اگر دھوکہ دے فعلاً تو اسکو واپس کرے گا دیانۃً۔

بَابُ بَيْعِ الغَرَرِ وَحَبَلِ الحَبَلَةِ(حدیث:2143)

- وہ بیع جو مجہول العاقبۃ ہے؛ حمل الحمل کو بیچنا(بیٹی کی بیٹی: نواسی)
- حبل الحاملۃ یعنی حاملہ کا حمل اور "ۃ" دال علی التانیث یعنی اسکا موصوف مؤنث
- اسی طرح اگر حمل کو اجل بنادے یا پیدائش کو اجل بنادے تو یہ سب ناجائز ہے اسلئے کہ بہت خرابیاں ہیں اسمیں یعنی 1)مبیع میں جہالت یعنی بیع معدوم ہے؛ 2)غیر مقدور التسلیم؛ 3)تعلیق الملک علی الخطر۔

بَابُ بَيْعِ المُلاَمَسَةِ(ص287)(حدیث:2144-2145)

- الملامسۃ:1)بائع مشتری سے کہے کہ لمسک کالنظر

2)اللمس یکون مقام البیع

3)اللمس یکون مقام الخیار۔

بَابُ بَيْعِ المُنَابَذَةِ(حدیث:2146-2147)

- المنابذۃ:1)النبذ یقوم مقام البیع؛ 2)النبذ کالنظر؛ 3)النبذ یکون قاطعًا للخیار
- مفتی صاحب کا خیال: منابذۃ: بائع کہتا تھا کہ یہ 5 رینڈ کا ہے اور پھینک دیتا، اگر کسی کے گود یا جھولی میں واقع ہوتا تو بیع ہو گئی یعنی وہ مشتری بن گیا۔

بَابُ النَّهْيِ لِلْبَائِعِ أَنْ لاَ يُحَفِّلَ الإِبِلَ، وَالبَقَرَ وَالغَنَمَ وَكُلَّ مُحَفَّلَةٍ(ص288)(حدیث:2148-2149-2150)

- تحفیل: بھرنا/جمع کرنا: اور فقہ کی اصطلاح میں: دو تین وقت دودھ نہ نکالے تاکہ مشتری دھوکہ کھا جائے۔
- المصراۃ: صُرِّیَ لبنُھا؛ ظاہر یہ: شاۃ اور ابل کے ساتھ خاص ہے اور جمہور کے نزدیک: عام ہے۔

فؒ دؒ: اگر یہ کام کیا اور مشتری کو معلوم ہوا تو واپس کر دے اور صاع من تمر دے اگر دودھ استعمال کیا۔

کؒ: جانور واپس کر دے اور 1) ایک صاع تمر؛ 2) غالب قوت البلد حؒ اور مؒ: دیانۃً و مصالحۃً: اگر قیمت نہ دے تو رجوع بالنقصان کرے یعنی جو قیمت بھرے ہوئے تھن کی تھی اس سے بکری کی اصل قیمت کو منھا کرے (یعنی روز مرہ دودھ کا جو مقدار دینے والی ہو، اس طرح کی بکری کی جو قیمت لگے گی)۔ سؒ: یردُّ قیمۃ اللبن والشاۃ۔

- یہاں احناف پر، بہ ظاہر اشکال ہے کہ آپ کا مذہب تو بالکل حدیث کے خلاف ہے اسلئے کہ آپ رجوع بالنقصان کے قائل ہیں اور حدیث میں صاف حکم ہے جب اس طرح کا معاملہ کوئی کرے!؟ اور مرھون سے فائدہ نہ اٹھانا 4 ائمہ اسکے قائل ہیں لیکن چونکہ حدیث میں ہے تو کوئی ائمہ اسپر عمل نہیں کرتے اسلئے کہ بقدر نفقہ استعمال کرو: مثلَی لبنھا قمحًا یا تمرًا۔

جواب: 1.1) الخراج بالضمان اور نھی رسول اللہ ﷺ عن بیع الکالی بالکالی یہ دو حدیث اور حدیث الباب ان دونوں حدیثوں کے خلاف ہے، اسلئے کہ دودھ کا کیسے تاوان یا عوض دے جو بائع کے پاس تھا اور بائع نے جمع کیا تھا حالانکہ مشتری تو اس وقت فائدہ اٹھا سکتا ہے جب کہ تاوان اسکے اوپر ہو اور پوری ذمہ داری یعنی چرانا، کھلانا، حفاظت وغیرہ تو یہاں مشتری نے کچھ بھی نہیں کیا چنانچہ یہ حکم منسوخ ہے

- لیکن یہ جواب صحیح نہیں ہے چند وجوہات کی بناء پر:

1) النسخ لایثبت بالاحتمال؛ 2) اگر ایک صاع تمر کو واپس کرنا، اصول: الخراج بالضمان کے خلاف ہے تو ٹھیک ہے لیکن تم کیوں جانور کے واپس کرنے کا انکار کرتے ہو؟

3) آپ کہتے، اے احناف کہ یہ الخراج بالضمان کے اصول کے خلاف ہے تو یہ صحیح نہیں اسلئے کہ اس اصول کا تعلق کسب اور کمائی سے ہے۔

اور علماء کہتے کہ اگر زیادت متصلہ متولدہ ہو یعنی اگر جانور موٹا ہو گیا تب بھی واپس کرے گا

اگر زیادت منفصلہ متولدہ ہو جیسے زمین میں پودے اگائے تو اسکو واپس نہ کرے

اگر زیادت منفصلہ متولدہ ہو جیسے اگر بچہ پیدا ہوا تو اسکو بھی واپس کرے گا۔

اگر زیادت منفصلہ غیر متولدہ ہو جیسے کسب و کمائی میں کسب کو واپس نہیں کیا جائے گا کیونکہ اسکا تعلق الخراج بالضمان ہے (یہ لمبا جواب امام طحاویؒ نے دیا ہے لیکن یہ جواب سمجھ میں نہیں بنتا)۔

- 1.2) اس رویت میں اضطراب ہے لیکن یہ جواب بھی سمجھ میں نہیں آتا اسلئے کہ احناف اضطراب کے مقابلہ میں ضعیف روایت پر تو عمل کرتے ہیں، وپھر اس روایت پر کیوں عمل نہیں کرتے اور اگر اضطراب ہو تو تطبیق دیں

1.3) قرآن میں: فمن اعتدی علیکم فاعتدوا علیہ بمثل ما اعتدی علیکم اور وان عاقبتم فعاقبوا بمثل ما عوقبتم بہ، تو معلوم ہوا کہ جتنا نقصان ہوا ہو اتنا ہی اسکا بدلہ ہونا چاہئے لیکن یہ جواب بھی نہیں بنتا اسلئے کہ بدلہ اس وقت لینگے جبکہ نقصان ہو اور معلوم بھی ہو اور یہاں معلوم نہیں ہے کہ کیا نقصان ہے تو برابری کے ساتھ بدلہ لینا مشکل ہے تو پھر تم اس پر کیوں عمل نہیں کرتے کہ جانور واپس کرے!

1.4) دیانۃً واپس کرے (یہ عام قانون ہے) یعنی یہاں دیانت کی بات نہیں ہے یعنی آپ ﷺ نے عام قانون بیان کیا۔

1.5) یہ حضرت ابو ھریرۃؓ کی روایت ہے اور عیسی بن ابان کہتے کہ حضرت ابو ھریرۃؓ فقہ میں ماہر نہیں تھے اور مشھور بالفقاھۃ نہیں، چنانچہ انکی روایت پر قیاس کو مقدم کیا جائے گا! لیکن یہ جواب بالکل صحیح نہیں!! اسلئے کہ ابو ھریرۃؓ گورنر بھی بنے اور قاضی بھی تو کیا یہ فقاھت کی علامت نہیں ہے!!!

اسی طرح یہ روایت ابن مسعودؓ سے مروی ہے تو اب تو کوئی جرح ہی نہیں تو اشکال برقرار ہے کہ تم جانور کیوں واپس نہیں کرتے!

1.6) محمول ہے خیار شرط پر اور دلیل: وھو یالخیار ثلاثًا آیا ہے لیکن یہ جواب بھی سمجھ میں نہیں آتا اسلئے کہ اس روایت کے کسی بھی طرق میں خیار کا لفظ نہیں اور اکثر روایات میں ثلاثًا کا لفظ بھی نہیں ہے۔

1.7) یہ منسوخ ہے اور ناسخ: المتبایعان بالخیار مالم یتفرقا ہے (ھذا مما لا یفھم) کیونکہ اسکا تعلق عیب کے ساتھ ہے اور مصرات میں خیار کا تعلق صفت مرغوبہ کے فقدان پر ہے۔

1.8) محمول ہے اس زمانے پر جب عقوبت مالیہ تھی (مالی جرمانہ) (ھذا مما لا یفھم) اسلئے کہ بہت سے علماء عقوبت مالی کو ابھی تک جائز کہتے ہیں اور یہاں ضمان المتلفات سے اسکا تعلق ہے نہ کہ مالی جرمانہ۔

1.9) بعض اکابرین نے یہ جواب پسند کیا: احناف نے 3 چیزوں کو پسند کیا:

1) دیانۃً واپس کرلے اور بائع پر واجب ہے کہ واپس لے لے اور یہ متاخرین کا قول ہے (افتی المتأخرون بھذا)

2) شامی: الفسخ فی البیع المکروہ واجب، واپس لے اِذا کان مغرورًا رحمۃً للناس اور آپ ﷺ کبھی دیانۃً فیصلہ بھی کرتے تھے

تو خصلاصہ یہ ہے اس حدیث کا: 0.1) اس حدیث پر دیانۃ عمل ہو گا اور واپس لینا واجب ہو گا

0.2) اور جو صاع من تمر ہے احناف کے نزدیک مصالحت پر محمول ہے اور مصالحت میں مختلف چیزوں کو ذکر کیا: (الف) صاعًا من تمر او (باء) صاعًا من قمح یا (جیم) کوئی بھی کھانے کی چیز دے دے تو متعدد چیزوں کا ذکر کرنا بطور مصالحت ہے۔

0.3) بائع اگر واپس لینے کے لئے تیار نہ ہو اور کہتے کہ جب میرے پاس تھا تو چشمے کی طرح دودھ دیتی تھی بکری یا گائے اور اب مشتری نے اسکو خراب کیا ہے تو اس صورت میں احناف کہتے (جو عام کتب فقہ میں لکھا ہے) کہ رجوع بالنقصان کرے، تو یہ بھی مصالحت کا ایک طریقہ ہے! اور احناف اسی پر فتوی دیتے ہیں۔

بَابٌ: إِنْ شَاءَ رَدَّ المُصَرَّاةَ وَفِي حَلْبَتِهَا صَاعٌ مِنْ تَمْرٍ (حدیث: 2151)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: امام کؒ سؒ کی تردید: کؒ: یرد قیمۃ القوت اور سؒ: یرد قیمۃ اللبن۔
- مصنف نے کہا کہ صاع من التمر
- مصالحت پر مبنی معاملہ ہے اسلئے انواع تمر کو متعین نہیں کیا بلکہ یہ خود بائع و مشتری متعین کریں گے۔

بَابُ بَيْعِ العَبْدِ الزَّانِي (حدیث: 2153-2154)

- زنا عیب ہے فیھا، لافیہ اِلا یہ کہ صبح و شام یہی اپنا میشن بنایا ہوا ہو۔
- دؒکؒ: عیبٌ فیھما؛ فؒ: اِن کان ینقص الثمن فھو عیبٌ
- بیع الأمۃ: 1) اس حدیث کے خلاف ہے جو کہتے کہ حتی یحب لأخیہ ما یحب لنفسہ تو جواب یہ ہے کہ مشتری راضی ہے۔

2) تبدیل المکان یُبدّل الإنسان۔ (خصوصًا اِذا کان المشتری من أھل التبلیغ اسلئے کہ وہ اصلاح کے ماہر ہوتے ہیں)

بَابُ البَيْعِ وَالشِّرَاءِ مَعَ النِّسَاءِ (حدیث: 2155-2156)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: عورتوں کے ساتھ معاملہ ممکن ہے جب پردے کے ساتھ ہو اور فتنہ کا اندیشہ نہ ہو

- ولاء بہ منزلہ میراث ہے اور جب.....
- بیع میں اگر کسی نے شرط لگائی تو کیا حکم ہے؟

رحؒ ف: بیع فاسد ہے؛ دؒ اور ابن شبرمۃ: البیع صحیح بشرطٍ واحدٍ؛ کؒ: شرط ختم ہو گی اور بیع صحیح ہو گی اور حدیث الباب سے استدلال کرتے۔

جوابات: 1) اشترطی لھم أی علیھم اور یہ شرط عقد کے ملائم ہے تو کوئی حرج نہیں

2) اس شرط فاسد کو برداشت کیا گیا تاکہ انکے عادت فاسدہ کو ختم کر دے جیسے نقض الحج ٹھیک نہیں ہے لیکن لوگوں کے عقیدے کی اصلاح کے لئے آپ ﷺ نے فرمایا کہ حج کا احرام توڑو اور عمرے کا احرام باندھ لو تو مقصد عقیدے کی درستگی تھی۔

3) یہ شرط بعد میں لگائی گئی (الشرط لیس مقارنًا)

4) جو شرط انسان کی قوت اور اختیار سے بالاتر ہو وہ شرط باطل ہے اور عقد صحیح رہے گا مثلاً کسی نے غلام بیچا اس شرط پر کہ چاند پر چڑھ جائے تو عقد صحیح اور شرط باطل تو یہاں بھی وہی ہے کہ اس غلام کا حصہ میراث میں آئے گا اور جس چیز کو شریعت نے مقرر کی ہے وہ من جانب اللہ ہے تو اس حق کو کون ختم کر سکتا ہے؟ اسکی قوت واستطاعت واختیار سے باہر ہے۔

5) بعض کہتے کہ یہ انکی خصوصیت تھی۔

6) بعض: یہ منسوخ ہے اور ناسخ آپ ﷺ کا خطبہ جو اسکے بعد دیا گیا۔

بَابٌ: هَلْ يَبِيعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ بِغَيْرِ أَجْرٍ، وَهَلْ يُعِينُهُ أَوْ يَنْصَحُهُ (حدیث: 2157-2158)

- ائمہ ثلاث: مکروہ ہے؛ احناف: اگر ضرر ہو تو مکروہ ہے ورنہ نہیں؛ امام بخاریؒ: اگر بالأجرۃ تو مکروہ ہے اور اگر مفت میں ہو تو کوئی حرج نہیں، جائز ہے۔ عطاء: إذا کان بغیر أجر یجوز۔
- سمساراً: المتوسط بین البائع والمشتری (Agent)

بَابُ مَنْ كَرِهَ أَنْ يَبِيعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ بِأَجْرٍ (حدیث: 2159)

- پہلے مصنفؒ نے مثبت پہلو بیان کیا، تو اب منفی پہلو کا بیان ہے۔

بَابٌ: لاَ يَشْتَرِي حَاضِرٌ لِبَادٍ بِالسَّمْسَرَةِ (حدیث: 2160-2161)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) جس طرح شہری دیہاتی کے لئے خرید نہیں سکتا تو اسی طرح بیچ بھی نہیں سکتا ہے۔

2) امام فؒ کی تردید ہے کہ انکے نزدیک دیہاتی کے لئے خرید کر سکتے ہیں۔

بَابُ النَّهْيِ عَنْ تَلَقِّي الرُّكْبَانِ وَأَنَّ بَيْعَهُ مَرْدُودٌ لِأَنَّ صَاحِبَهُ عَاصٍ آثِمٌ إِذَا كَانَ بِهِ عَالِمًا وَهُوَ خِدَاعٌ فِي البَيْعِ، وَالخِدَاعُ لاَ يَجُوزُ (ص289) (حدیث: 2162-2163-2164-2165)

- یہ ممنوع ہے؛ احناف: ممانعت کی دو شرطیں: 1) اگر شہر میں اس چیز کی قلت ہو تو کراہت ہے

2) آنے والے کو دھوکہ دے: أن یلبّس علیہ السعر یعنی شہر میں قیمت یوں ہے حالانکہ بالکل صحیح نہیں، جھوٹ ہے۔

-وإن بيعه مردود: اگر مردود کا مطلب ہے باطل تو پھر اشکال ہے کہ بیع کیوں باطل ہے، ورنہ تو بیع المصراۃ بھی جائز نہیں ہو گا!؟

جواب:1) مردود کا مطلب باطل نہیں ہے بلکہ قابلؒ ہے بأن یردّ یعنی قابل رد ہے۔

دھوکہ اس وقت ہو گا جب کہ قیمت اس پر ملبس ہو گا۔

- احناف: اگر باہر گیا اور دھوکہ دیا تو خیار فسخ ہے اور دھوکہ نہیں تو کوئی حرج نہیں ہے۔
- شوافع: مطلقاً خیار فسخ ہے اسلئے کہ کیوں دھوکہ دیا؟ اور کیوں باہر گیا؟

بَابُ مُنْتَهَى التَّلَقِّي (حدیث:2166-2167)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: أی منتهی الاستقبال یعنی خریدنے کے لئے استقبال کرے تو کہاں تک؟ فإلى أين يجوز الخروج؟
- مصنفؒ: منتهی التلقی یعنی آخری حصہ تک جاسکتا ہے، کؒ: أعلى السوق کا اعتبار ہے؛ فؒ حؒ: داخل البلد کوئی حرج نہیں اور خارج البلد نہ جائے حالانکہ سوق کا کنارہ بلد میں ہے۔

بَابُ إِذَا اشْتَرَطَ شُرُوطًا فِي البَيْعِ لاَ تَحِلُّ (ص290) (حدیث:2168-2169)

- مصنفؒ نے امام دؒ اور ابن شبرمہ کا مسلک لیا ہے: ایک شرط لگانا جائز ہے۔

حؒ: ایک یا 2 شرط لگانا بیع میں منافی عقد ہے جبکہ عقد کے مقتضی کے خلاف ہے، ہاں اگر بیع کے ملائم و موافق ہو تو کوئی حرج نہیں۔

ابن ابی لیلی: شرط لگانا باطل ہے اور عقد صحیح رہے گا اور قصہ بریرہؓ پیش کرتے۔

امام دؒ اور ابن شبرمہ: ایک شرط لگا سکتے ہیں، ممانعت دو شرطوں کی ہے، جابرؓ کا واقعہ ہے۔

- امام دؒ استدلال کرتے: نهی رسول الله ﷺ عن بيع وشرطين:

فؒ اور حؒ کا جواب: 1) المفهوم لا يقابل المنطوق اى المنطوق يغلب المفهوم

2) مبیح اور محرم جمع ہوئے تو محرم کو ترجیح دی جائے گی

شرطین سے مراد بیع اور شرط اور بیع کو تغلیبًا شرط کہا گیا (وهذا مما لا يفهم)۔

3) یہ اشکال کا جواب کہ کوئی کہے کہ ایک شرط کا جواب بائع کی طرف اور ایک مشتری کی طرف لیکن مسئلہ یہ ہے کہ آپ ﷺ نے تخصیص نہیں کی۔

- ابن ابی لیلی کو جواب جو بریرہؓ کے قصے سے استدلال کرتے:

1) یہ منسوخ ہے اور ناسخ آپ ﷺ کا اسکے بعد خطبہ دینا ہے۔

2) یہ شرط لگائی تھی قطعًا لعادتھم جیسے حج کو توڑا گیا تھا اور عمرے کا حکم دیا گیا تا کہ لوگوں کی عادت درست ہو جائے اور مقصود عقیدہ کی تصحیح تھی۔

3) شرط بعد العقد تھی اور یہ وعدے کے حکم میں ہے۔

4) یہ انکی خصوصیت تھی۔

5) هذا شرطٌ مستحيل (ناممکن شرط ہے)۔

6)اشترطی لھم لام بمعن مع جیسے وإن أساتم فلھا کہ ولاء میرے لئے ہے تمہارے لئے میں نہیں۔

7)حضرت عائشہؓ نے شرط اپنی طرف سے لگائی تھی آپ ﷺ نے نہیں بتلایا تھا۔

8)محرم کو مبیح پر مقدم کیا اور محرم: نھی رسول اللہ ﷺ عن بیع وشرط

9)خطابی نے اس حدیث کا انکار کیا اور فرمایا کہ آپ ﷺ دھوکے کا حکم نہیں دے سکتے (لیکن یہ بات دور کی بات ہے اسلئے کہ حدیث صحیح ہے)۔

10)امر توبیخ کے لئے ہے کہ شرط لگانا ہی بے کار ہے، جاؤ لگانا ہو تو لگاؤ، کوئی فائدہ نہیں ہے۔

۔بعض کہتے کہ مصنفؒ اس مسئلہ میں ابن ابی لیلی کے ساتھ ہے تو دونوں کا احتمال ہے کہ امام احمدؒ کے ساتھ ہے یا ابن ابی لیلی کے ساتھ

بَابُ بَيْعِ التَّمْرِ بِالتَّمْرِ (حدیث:2170)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: التمر بالتمر متساویًا متقابضًا ہو۔
- ربو کی کیا علت ہے؟: احناف: قدر اور جنس

دلیل:1)التمر بالتمر إلی آخرہ، ان سب میں جنس مشترک ہے۔اور حدیث کے آخر میں وکذلک مایکال ویوزن۔

2)آیت: ویل للمطففین، الذین اذا اکتالوا علی الناس یستوفون، وإذا کالوھم أوزنوھم یخسرون

3)ابو سعید خدریؓ: إنا لناخذ الصاع بالصاعین، فقال: ذلک عین الربو

۔امام شافعیؒ: طعم اور ثمنیت چنانچہ اگر غیر ثمنیت اور غیر مطعوم ہو تو تفاضل جائز ہے۔

چنانچہ احناف کے نزدیک نسیئہ بیچنا جائز نہیں ہے کیونکہ ایک جنس ہے۔اور شوافع کے نزدیک نسیئہ جائز ہے اسلئے کہ جنس انکے یہاں علت نہیں ہے، ہاں اگر طعم کی کوئی چیز ہو تو انکے یہاں بھی نسیئہ جائز نہیں ہو گا۔

امام شافعیؒ کی دلیل: الذھب بالذھب یہ ثمنیت ہے اور التمر بالتمر وغیرہ یہ مطعومات میں سے ہے۔

- امام مالکؒ: قوت اور ادخار علت ہے اور انکی دلیل بھی یہی حدیث ہے کہ ذھب اور فضۃ کے سوا سب قوت اور ادخار والی چیزیں۔
- اشکال: ان 6 چیزوں کی صرف تخصیص کیوں کی گئی؟
- ذھب: ثمن اور بہت قیمتی؛ فضۃ: ثمن ہے اور اتنی قیمتی نہیں ہے؛
- بر: جو سال بھر کھاتے؛ شعیر: جو غریب لوگ کھاتے ہیں؛ تمر: من قبل الفواکہ؛ ملح: لذت پیدا کرنے کے

لئے اور ربو ان 6 چیزوں کے ساتھ مخصوص نہیں ہے بلکہ یہ علت ہے، اگر وہ علت پائی جائے گی تو ائمہ اربعہ کا اتفاق ہے کہ دوسری چیزوں پر بھی یہ حکم لگایا جائے گا۔

۔قتادۃ اور بعض ظاہریہ: صرف اشیاء ستہ میں ربو ہے اور ائمہ اربعہ: مخصوص نہیں، بلکہ علت ہے۔

بَابُ بَيْعِ الزَّبِيبِ بِالزَّبِيبِ، وَالطَّعَامِ بِالطَّعَامِ (حدیث:2171-2172-2173)

- اشکال: اگر ربو کی صرف ایک علت ہو یعنی جنس ہو تو نسیئہ جائز نہیں ہے، تو پھر دراھم کا سلم زعفران کے بدلے میں دیتے تو وہ کیسے جائز ہے؟

جواب:1)یہ حدیث کی وجہ سے جائز ہے من أسلم فلیسلم فی کیل معلوم ووزنٍ معلوم، من أسلم منکم فلیسلم فی کیل
2)وزن کی تفاوت کی وجہ سے، گویادونوں میں اتحاد نہیں رہا ،دراھم کووزن کے ذریعہ تولتے ہیں اور زعفران کو"انس" کے ساتھ تولتے ہیں تو گویادونوں میں بہت فرق ہے اس اعتبار سے کہ زعفران معینات سے ہے۔

بَابُ بَيْعِ الشَّعِيرِ بِالشَّعِيرِ(حدیث:2174)

- ترجمۃالباب کا مقصد: شعیر میں مساوات ضروری ہے،اگر گندم کے مشابہ
- امام کؒ کی تردید:بُر بالشعیر لایجوز متفاضلاً اور باقی ائمہ:جواز کے قائل،اسلئے کہ جنس ونوع بدل گئے

بَابُ بَيْعِ الذَّهَبِ بِالذَّهَبِ(حدیث:2175)

- ترجمۃالباب کا مقصد:ذھب میں اگرچہ کچھ فرق ہو لیکن تفاضلاً جائز نہیں،ہاں اسکے بدلے میں کچھ اور چیز ہو جیسے دراہم یا کپڑے وغیرہ تو پھر گنجائش ہے۔
- ایک ربو قرآنی ہے یعنی نسیئہ،پھر ایک ربو حدیث ہے یعنی برابری کی جگہ زیادتی۔

بَابُ بَيْعِ الفِضَّةِ بِالفِضَّةِ(حدیث:2176-2177)

- لاتشفُّوا بعضھا بعضہ أی لاتزیدوا بعضھا علی بعض یالاتنقصوا بعضھا علی بعض(یہ اضداد میں سے ہے)

بَابُ بَيْعِ الدِّينَارِ بِالدِّينَارِ نَسَاءً(ص291)(حدیث:2178-2179)

- ترجمۃالباب کا مقصد:جب ایک جنس ہو تو نقد بیچ سکتے متساویًااور نسیئۃً نہیں بیچ سکتے
- صحابہؓ نے مخالفت کی کہ درہم درہم بالدرہمین جائز ہے نقد میں تو اس حدیث کی کئی جوابات ہیں:
1)لاربٰی إلافی النسیئۃ:إذااختلف الجنسُ
2)لاربٰی قرآنیًاإلافی النسیئۃ(رباشدید جسمیں لوگ مبتلاہے وہ ربونسیئۃ ہے)
3)ھذافی غیر الأموال الربویۃ جیسے کپڑے کو کپڑے کے بدلے میں اور حیوان کو حیوان کے بدلے میں تو یہ نسیئۃً جائز نہیں
4)یہ منسوخ ہے اور ناسخ مثلاً بمثل ہے(متعدد روایات جو مذکور:نھی رسول اللہ ﷺ عن بیع الذھب بالورق دینًا)
5)المنطوق حاکمٌ علی المفھوم
6)مفہوم منطوق سے مقدم ہے

بَابُ بَيْعِ الوَرِقِ بِالذَّهَبِ نَسِيئَةً(حدیث:2180-2181)

- ورق:الدراھم المضروبۃ
- اشکال:حدیث میں بالورق حالانہ ترجمۃالباب میں بالذھب ہے؟!

جواب: اشارہ ہے کہ بیع الصرف میں، ہر ایک مبیع بن سکتا ہے اور جس طرح ورق بالذھب ممنوع ہے تو اسی طرح بھی۔

بَابُ بَيْعِ الذَّهَبِ بِالوَرِقِ يَدًا بِيَدٍ(حدیث:2182)

- اشکال: یہ باب تو اچھی گزرا ہے!؟ تو یہ کہیں گے کہ باب بیع الذھب بالورق یداً بیدٍ مع التفاضل ہے اور قبضہ شرط ہے بیع الصرف میں اور اگر ثمن نہیں ہے تو قرضہ دے دے، پھر وہ ادا کرے اور بعد میں باقی ادا کرے لیکن یہ ثمن حقیقی میں ہے نہ کہ ثمن عرفی (مفتی صاحب: ثمن عرفی میں گنجائش ہے)۔

بَابُ بَيْعِ المُزَابَنَةِ، وَهِيَ بَيْعُ الثَّمَرِ بِالتَّمْرِ، وَبَيْعُ الزَّبِيبِ بِالكَرْمِ، وَبَيْعُ العَرَايَا(حدیث:2183-2184-2185-2186-2187-2188)

- مزابنۃ: ما علی الشجر کو ما علی الأرض کے بدلے میں بیچنا جبکہ ایک نوع ہو
- محاقلۃ: کھڑی فصل کو پڑی فصل کے بدلے
- 2 درجہ ناجائز: زَبَن کا مطلب: دفع: 1) ہر ایک دوسرے کے فائدے کو دفع کرنا
  2) اگر کسی کو نقصان ہو تو پھر اس بیع کو دفع کرنے کی کوشش کرنا ہے

مفتی صاحب: ہر ایک خوش کہ دوسرے کو کیا میں نے Push

فؒ دؒ: مزابنۃ 5 وسق کی مقدار میں جائز

- لا تبیعوا الثمر حتی یبدو صلاحھا: 1) محمول ہے مشورہ پر 2) باشتراط الإبقاء؛ 3) بالسلم
- بدو: زھو؛ فؒ: بدو الثمر: رنگ حتی احمرّ؛ احناف: أن ینجو من الآفۃ والعاھۃ۔

بَابُ بَيْعِ الثَّمَرِ عَلَى رُءُوسِ النَّخْلِ بِالذَّهَبِ أَوِ الفِضَّةِ(حدیث:2189-2190-2191)

- بہت صورتیں ہیں: 1) قبل الوجود اور بعد الوجود بشرط القطع (جائز) اور بشرط الإبقاء أو لا بشرط الشیء (یہ دونوں ناجائز ہیں) اور پکنے سے پہلے یا بعد۔
- فؒ: بشرط القطع جائز فقط (یہی اصل مذہب) لیکن لوگوں کی ضرورت کی وجہ سے
- مؒ: اگر پک گیا بعد بدوّ الصلاح و تناھی عظامھا تو پھر بشرط الإبقاء جائز اور یہی ائمہ ثلاث کہتے اور اگر پک گیا لیکن حجم ختم نہیں تو ائمہ ثلاث کہتے کہ بشرط الإبقاء جائز نہیں اور ابن نُجیم نے اس پر فتوی دیا ہے، لوگوں کی ضرورت کی وجہ سے۔
- اور اگر پکا ہوا نہ ہو اور حجم مکمل نہیں تو بہ ظاہر ناجائز ہے لیکن لوگوں کی ضرورت کی بناء پر 4 صورتوں میں جائز ہیں:
  1) ھذا جائز للعرف۔ 2) بالإحلال یعنی اسکے لئے زیادتی حلال کر دے
  3) إجارۃ الأرض فی الزرع لا فی الثمرات ورنہ اجارۃ الأشجار ہو گا جو کہ نہ معروف ہے، نہ جائز ہے۔
  4) مساقاۃ: مشتری بائع سے کہے کہ میں آپکو جزءٌ من الف دونگا

-مضبوط طریقہ: 1) عرف کی وجہ سے جائز جسمیں تمام صورتوں میں جائز، تو پھر اشکال ہے کہ حدیث کا کیا مطلب ہے؟!

جواب: یہ بطور مشروۃ ہے اسلئے کہ جھگڑا بہت تھے اور مشورۃ واجب القبول نہیں ہے بلکہ مندوب یا جائز

- وسق:1)928 کیلو گرام؛ 2) 1050 کیلو گرام 3) 653 کیلو گرام اور عام طور پر یہ تیسرا قول شافعیہ لیتے (وہبہ زحیلی نے یہ قول اختیار کیا)
- عرایا: واحد عریۃ بمعنی عطیۃ
- آدمی فقیر ہے تو درخت کے بجائے پھل دے تو ابتداءً ھبۃ ہے اور بیع انتھاءً اسلئے کہ پھل پر قبضہ نہیں تھا
- کؒ: ھبۃٌ ابداءً و بیع انتھاء اسلئے کہ ہبہ کی تکمیل کے لئے قبضہ ضروری نہیں
- ثمرات چھوڑدے اور آپکو مقطوع دیتا ہوں۔
- دؒ: بیع ہے ابتداءً و انتھاءً۔ درخت دیا مع القبضۃ پھر پھلوں کو بیچ سکتا ہے واھب کے ہاتھ پر تو یہ مزابنہ ہو گیا ہے تو کہتے کہ یہ صورت مستثنی ہے لوگوں کی ضرورت کی وجہ سے اسلئے کہ لوگوں کو رطب چاہئے اور اسی لئے رخّص کا لفظ لائے
- احناف: صورۃً بیع ہے اسی لئے نام بیع کا رکھا لیکن حقیقۃً بیع نہیں بلکہ استبدال الھبۃ بالھبۃ ہے اور رجوع فی الھبۃ اسلئے نہیں ہے کہ ھبہ کی جگہ ھبہ دیا تو اسی لئے یہ مستثنی ہے رجوع فی الھبۃ کے باب سے اور رخص کا لفظ لائے۔

بَابُ تَفْسِيرِ العَرَايَا(292)(حدیث:2192)

- 1)المالک یعروھا (بار بار آتا ہے)؛2)خالیۃ (عن الحرمۃ)؛3)منفردۃٌ (باغ میں ایک درخت فقیر کو دے دے)؛4)عطیۃ

کؒ: بیع حقیقۃً: قبضہ کی ضرورت نہیں تو اسکی ملکیت اس سے خرید لیا

حؒ: بیع و شراء حجازًا اسلئے کہ موھوب لہ مالک نہیں بنا تھا

فؒ: یہ جائز نہیں فی غیر الرطب والعنب (مزابنہ کی ایک قسم)

اصح یہ ہے کہ محمد بن ادریس الشافعیؒ مراد اور بعض عبد اللہ بن ادریس اودی مراد ہے

سفیان بن حسین کا قول امام احمدؒ نے لیا ہے اور امام فؒ بھی یہی فرماتے

ابن عمر اور محمد بن اسحاق کے قول میں ہبہ کا لفظ استعما کیا

احناف: 1)عریۃ کی تفسیر میں اتفاق ہے کہ ہبہ ہے؛ 2)بیع پر مشتمل نہیں ہے؛ 3)مزابنۃ جائز نہیں (اتفاق ہے)

بَابُ بَيْعِ الثِّمَارِ قَبْلَ أَنْ يَبْدُوَ صَلاَحُهَا(حدیث: 2193-2194-2195-2196)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: ابن ابی لیلی کا رد: لا یجوز البیع قبل بدو الصلاح
- فامالا أی إن لم تترکوا ھذہ المنازعۃ؛ ثریا: مجموعۃ من الکواکب تطلع فی ابتداء الصیف
- پکنے سے پہلے نہ بیچنے کا حکم بطور مشورۃ ہے ورنہ بشرط الإبقاء اور پکنے سے پہلے بیچ سکتے
- سوال: بشرط الإبقاء جائز ہے تو پھر اس حدیث الباب کا کیا جوابدیں گے اسلئے کہ آپ ﷺ نے منع فرمایا!؟

جواب: بعضوں نے کہا کہ نہی ارشادی ہے

بعض نے کہا کہ خلاف اولی اور نہی تنزیہی ہے

اور بعض نے مراد قبل الظہور لیا

اور بعض نے سلم پر محمول کیا، ہاں قبل الوجود نہیں بیچ سکتے اور یہ کہا جاتا ہے کہ معدوم کو موجود کے تابع بیچ سکتے

- تمر و کھجور کے درجات: 1) طلعٌ؛ 2) إغریضٌ، 3) بلحٌ؛ 4) زھو؛ 5) بسرٌ؛ 6) رطبٌ؛ 7) تمر

بَابُ بَيْعِ النَّخْلِ قَبْلَ أَنْ يَبْدُوَ صَلاَحُهَا (حدیث:2197)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: بیع النخل جائز ہے اور بیع الثمر بھی اور بیع النخل مع الثمر بھی۔

بَابُ إِذَا بَاعَ الثِّمَارَ قَبْلَ أَنْ يَبْدُوَ صَلاَحُهَا، ثُمَّ أَصَابَتْهُ عَاهَةٌ فَهُوَ مِنَ البَائِعِ (حدیث:2198-2199)

- رحؒ فؒ: اگر مشتری نے قبضہ کیا تو مشتری کا تاوان ہے، اگر ہلاک ہوا (اگر بائع نے باغ کی چابی دی تو قبضہ ہے)
- دؒ مصنفؒ: بائع کا نقصان ہے اگر مشتری قبضہ کرے
- کؒ: ایک ثلث کی حد تک مشتری کے لئے معاف اور دو ثلث کی قیمت دے گا بائع کو اگر ہلاک ہو جائے مشتری کے قبضے میں
- اگر مشتری نے قبضہ نہ کیا ہو تو بالاتفاق بائع کا تاوان ہے۔
- احناف و شوافع: حکم استحباب پر محمول ہے، معاف کر دو یا کم کر دو۔

بَابُ شِرَاءِ الطَّعَامِ إِلَى أَجَلٍ (ص293) (حدیث:2200)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: ثمن مؤجل کے ساتھ طعام خرید سکتے ہیں، اگرچہ موت کا خطرہ ہو
- سلف سے مراد ثمن مؤجل۔

بَابُ إِذَا أَرَادَ بَيْعَ تَمْرٍ بِتَمْرٍ خَيْرٍ مِنْهُ (حدیث: 2201)

- بتمر جنیبٍ: عمدہ کھجور اور جنب: دور یعنی لوگ دور الماری میں رکھتے چھپانے کے لئے
- 1) معاملات میں حیلہ جائز ہے جبکہ فقراء کو نقصان پہنچانا مقصود نہ ہو اور ربا مقصود نہ ہو اور اسکو حلال کرنا نہ ہو اور وہ حیلہ جو ابطال حکم شرعی کے لئے ہو، ناجائز ہے۔

2) اگر دائن مدیون سے دین کے بدلے میں کوئی چیز لے تو جائز ہے فی الفور یداً بیدٍ

3) صحابہؓ کا طریقہ تھا کہ اچھی چیز آپ ﷺ کو پیش کرتے تھے۔

بَابُ مَنْ بَاعَ نَخْلًا قَدْ أُبِّرَتْ، أَوْ أَرْضًا مَزْرُوعَةً أَوْ بِإِجَارَةٍ (حدیث:2202-2203-2204)

- تأبیر: مذکر شگوفہ اور مذکر کلی میں دو دانے ہیں، انکو مؤنث کھجور کے ساتھ ملا دینا، چاہے ہوا کے ذریعہ یا دونوں کو باندھ لینے سے۔
- لغۃً: انجکشن لگانا (إبرۃٌ سے ہے)؛ اتفاق ہے اسمیں کہ تابیر ہو گئی، پھر بیچا تو پھل بائع کے لئے ہے الا کہ مشتری یا بائع شرط لگائے۔ تابیر کی قید، قید اتفاقی ہے یا قید احترازی؟

1) امام فؒ: قید احترازی ہے اسلئے کہ اگر بعد التأبیر ہے فالثمرۃ للبائع اور قبل التأبیر للمشتری

احناف: 1) یہ قید اتفاقی ہے اور غالبًا (بیہقی): ایمار جلِ باع نخلاً قد أینعت فثمرته للبائع

2) یہ کنایہ ظہور سے: قد أینعت أی ظہرت

3) دلالۃ النص سے ثابت: جبکہ بعد التأبیر مشتری کی دلچسپی ہے اسمیں، لیکن پھر بھی بائع کے لئے ہے تو قبل التأبیر بدرجہ اولی بائع کے لئے ہو گا۔

بَابُ بَيْعِ الزَّرْعِ بِالطَّعَامِ كَيْلًا (حدیث: 2205)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) کھڑی فصل ایک طرف اور پڑی فصل دوسری طرف فإنه لا یجوز (محاقلۃ)؛ الزرع: کھڑی فصل اور الطعام: پڑی فصل؛ 2) کیل کی چیز ایک طرف ہو اور دوسری طرف کیلی چیز نہ ہو تو ناجائز ہے۔
- ائمہ ثلاثہ اور سم: لا یجوز اور استدلال کرتے: سُئِل رسول اللہ ﷺ عن بیع الرطب بالتمر فقال: أینقص ، قالوا نعم، فقال: فلا إذًا۔
- احناف کے جوابات: 1) سند میں زید بن عیاش ہے اور انکے بارے میں مختلف اقوال ہیں: زہری یا زروی..... کہتے کہ مجہول قسم کے راوی ہیں، اگرچہ ان سے 2 راوی: عبد العزیز یزید اور عمران بن انس متابع ہیں، تو مجہول بالذات نہیں، ابن حبان، دار قطنی اور ابن خزیمہ نے صحیح کہا ہے تو ضعیف کہنا سمجھ میں نہیں آتا۔

2) یحیی بن کثیر کی روایت میں نسیئۃً ہے، اس پر بھی اشکال ہے

امام مالک اور اسماعیل بن ربیع کی روایت میں نسیئۃً نہیں اور دوسرا اعتراض: ہم دونوں کو مانتے: نسیئۃً بھی ناجائز اور نقدًا بھی، ینقص الرطب سے پتہ چلتا ہے کہ مساوات نہیں ہے۔

3) یہ محمول ہے مزابنہ پر (ما علی الشجر کو ما علی الأرض کے بدلے مت بیچو) (ھذا الیصح اسلئے کہ مزابنہ کے لئے اپنے خاص الفاظ ہیں اور پھر آپ ﷺ نے أینقص الرطب کیوں فرمایا؟)۔

- تحقیقی جواب (جو اصل لوگ نہیں لکھتے): تبیین الحقائق اور عینی اور کنز کے شروحات میں لکھا ہے: 4) رحمہ اللہ: جائز ہے وزنًا اور سم جو ناجائز کہتے، إذا کان کیلاً چونکہ رطب میں خلا ہے اور رطب وزنی ہے، تو اگر رطب تمر کا تابع بنادے تو سم کا قول صحیح: یعنی لا یجوز اور اگر تمر کو رطب کا تابع بنادے تو رح کا قول صحیح یعنی یجوز۔

- ابن حزم، طحاوی، عبد الحق اشبیلی نے زید بن عیاش کی حدیث کو معلل بتایا ہے۔
- اس پر سب سے مفصل لکھی مولانا عبد الحی لکھنوی نے اور مولانا محمد حسن سنبھلی نے مسند ابی حنیفۃ کی تعلیقات پر بھی مفصل لکھی ہے۔

بَابُ بَيْعِ النَّخْلِ بِأَصْلِهِ (حدیث: 2206)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: مقصود ثمر ہے لیکن اصل کو بھی بیچ سکتے ہیں اور کبھی ثمر ہو گا بغیر اصل۔

بَابُ بَيْعِ الْمُخَاضَرَةِ (حدیث: 2207-2208)

- مخاضرۃ: بیع الثمار والحبوب والأبنجات قبل النُّضج: بیچ سکتے، ما یکون ما یجوز متعاقبًا بجور بیعُہ، مولی، شلجم وغیرہ، بعض نے کہا کہ بیع المجہول ہے اسلئے ناجائز ہے لیکن عرف وعادت کی وجہ سے جائز ہے
- بعض کہتے کہ استیجار الأرض کرنا چاہئے اور بعض علماء فتوی جواز کا دیتے اور بعض حیلے نکالتے۔

بَابُ بَيْعِ الجُمَّارِ وَأَكْلِهِ(حدیث:2209)

- کھجور کی کلی جسمیں سفید مغز ہے، اگرچہ اسکے نکالنے کی وجہ سے درخت کے سوکھنے کا اندیشہ ہے۔

بَابُ مَنْ أَجْرَى أَمْرَ الأَمْصَارِ عَلَى مَا يَتَعَارَفُونَ بَيْنَهُمْ: فِي البُيُوعِ وَالإِجَارَةِ وَالمِكْيَالِ وَالوَزْنِ، وَسُنَنِهِمْ عَلَى نِيَّاتِهِمْ وَمَذَاهِبِهِمُ المَشْهُورَةِ(ص294)(حدیث:2210-2211-2212)

- بیوعات میں عرف وعادت کا اعتبار ہے۔
- 1)عرف عام: مایکون فی کل بلدٍ جیسے استصناع؛ 2)عرف خاص: کسی جگہ کے ساتھ خاص عرف۔
- اجماع: مالا یکون فیہ دخل العوام اور عرف میں عالم لوگوں کا دخل ہے۔
- کبھی عرف مقدم ہے حدیث پر اسلئے کہ عرف خود مبنٰی ہے اور حدیث عرف پر مبنی ہے۔
- غزالین: دھاگہ کپڑا، سوت بنانے والے اور بُننے والا۔ سنتکم معتبرۃ بینکم، انکا طریقہ یہ ہے کہ لوگ انکے پاس اون لاتے پھر کہتے کہ آدھا / آدھا نفع، اگرچہ قفیز الطحان والی حدیث کے خلاف، گویا اسکا عمل اسکی اجرت ہے، تو ناجائز ہونا چاہئے لیکن عرف میں ہونا یہ مستثنی ہو گا قفیز الطحان سے، ویُترک القیاس للعرف، اور پھر ایک دوسرا قیاس ہے کہ قیاس کرے م ضاربت پر یا مزارعت پر تو اس اعتبار سے جائز ہونا چاہئے چونکہ مزارع کا عمل سے اسکی اجرت ہے: اسکو کو مشن آیجنٹ کہتہ
- مثلاً: بعض مدارس میں کسی کو مقرر کرتے چندے کے لئے اور کہتے کہ 3 / 1 آپکا ہو گا۔ تو مصنفؒ نے رد کیا اور کہا کہ ناجائز ہے
- احناف متأخرین: میں ہے کہ قفیز الطحان کو چھوڑ کر یہ سب جائز ہو جاتے۔
- العشرۃ بأحدِ عشر، یعنی ہر دس / ہر دہائی پر ایک زیادہ یا ہر عشرۃ پر۔
- احمدؒ اور ابنؓ سے کراہت مروی ہے
- کپڑا خریدا 100 میں اور 10 میں رنگا تو 110 ہو گیا۔
- اور یہی کہ دو یازدہ علی کل عشرۃ واحدۃ تو 121 ہو گا۔
- فقیر کے کھانے کے 3 طریقے: 1)بالتجارۃ؛ 2)بالاستدانۃ (قرض لے لے)؛ 3)یأخذ الأجرۃ المعروفۃ۔
- ایک دانق 6 درہم ہیں اور نصف 6 / 3، تو 3 / 1 زیادہ دیا اسلئے کہ مسافت 3 / 1 بڑھ گیا (ایک درہم میں 6 دانے)۔

بَابُ بَيْعِ الشَّرِيكِ مِنْ شَرِيكِهِ(ص294)(حدیث:2213)

- ہذا یجوز، مقصود اپنے حصے کا خریدنا نہیں بلکہ دوسرا کا حصہ تو یہ بہتر اور اولی ہے اگر خود شریک خرید لے۔
- فلا شفعۃ: احنا کے نزدیک شفعۃ الجوار ہے: الجار احق بسقب دارہ۔
- شفعۃ الطریق وشفعۃ الشرکۃ: قضی رسول اللہ ﷺ بالشفعۃ للجوار
- عمرؓ نے شریح کو لکھا: اقض بشفعۃ الجوار۔
- تو یہاں فلا شفعۃ کا مطلب: فلا شفعۃ الشرکۃ اسلئے کہ شفعۃ الجوار تو ہے، یا فلا شفعۃ فی التقسیم۔

بَابُ بَيْعِ الأَرْضِ وَالدُّورِ وَالعُرُوضِ مُشَاعًا غَيْرَ مَقْسُومٍ(حدیث:2214)

- مشاعًا، بیچ سکتے یعنی مجموعہ کا ایک حصہ
- 3 آدمی شریک ایک مکان اور زید نے بکر کو بیچا اپنا حصہ تو عمرو شفعہ کر سکتا ہے احناف وشوافع کے نزدیک۔
- حسن بصری: شفعہ نہیں کر سکتا اسلئے کہ حقدار نے خریدا
- صباغ: یأخذ الکلّ۔

بَابُ إِذَا اشْتَرَى شَيْئًا لِغَيْرِهِ بِغَيْرِ إِذْنِهِ فَرَضِيَ (حدیث:2215)

- بیع وشراء الفضولی بھی کہتے؛
- کٓ حٓ دٓ: بیع الفضولی کے قائل، ہاں اگر مالک خوش نہیں تو واپس کر دے گا۔ فٓ: قائل نہیں اور مصنفؒ ائمہ ثلاث کے ساتھ ہیں۔
- حکیم بن حزام کو آپ ﷺ نے وکیل بنایا تھا قربانی خریدنے کے لئے تو خرید کر بیچا اور 2 دینار حاصل کی۔
- ترمذی: سند میں حبیب ولم یسمع من حکیم بن حزام اور دوسری روایت عروۃ البارقی جو ترمذی میں مذکور ہے کہ بکری خریدنے کے لئے کہا تو وہی قصہ ہوا کہ بکری بھی خریدی اور دینار بھی واپس لائے اور قبیلے کے لوگ.....
- نہیں ہے سند میں لم یرو الحیّ عن عروۃ فی سنن الترمذی (ان دو روایتوں سے پتہ چلا کہ آدمی 100 فی صد نفع کر سکتا ہے)
- شراء الفضولی: اگر لی تو اچھی بات اور اگر نہ لے تو ینفذ الشراءُ علی المشتری، اگر فضولی نے لی تو ینعقد البیع بالتعاطی بینھما۔
- اشکال: کیسے اپنے بچے کو چیخنے دیا پوری رات؟ تو یہ تو بڑا ظالم نکلا!

جواب: 1) ھذا من حسن النیۃ مع قبح العمل والجھالۃ اسی لئے معاف ہے۔

2) بچے رو رہے تھے حسبَ عادتھم لالأجل الجوع۔

- خاتَم: بند مہر جو خط پر لگاتے۔
- شعر: قالوا أن الفرزدق قال أبياتًا من هذا (وَأَنَّهُمْ يَقُولُونَ مَا لَا يَفْعَلُونَ) فقال قصيدة وكان عند سليمان بن عبد الملك قال فيها: ''فبتنا بجانب مصراعاة وبت أفض أغلاق الختام'' فقال له سليمان قد وجب عليك الحد لأنه اعترف بالفاحشة فقال يا أمير المؤمنين ما فعلت هذا والله ألم تر قول الله عز وجل (وَأَنَّهُمْ يَقُولُونَ مَا لَا يَفْعَلُونَ) فدرأت عنه الحد وهكذا حصل مع أكثر من واحد فهم يقولون ما لا يفعلون.
- سوال: یہ کیسے توسل کیا پھر گناہ کے کام سے؟ (مقدمات زنا وغیرہ) حالانکہ کبائر کے مقدمات کی معافی کے لئے توبہ کی ضرورت ہے!؟

جواب: التوسل بترک الزنا لا بارتکاب المقدمات، فإن المقدمات غفرت بالتوبۃ والصدقۃ

- سوال: جب لینے سے انکار کیا تو ملکیت نہیں آئی تو مستأجر نے جو تصرف کیا، تو اپنے مال میں کیا، تو فضولی نہیں بنا!؟

جواب: فأبی ذلک أن یأخذ: یعنی لے جانے سے انکار کیا، لیا تو تھا اور ایک روایت میں ہے کہ أخذ ثم ردّہ۔

- عرضت علیہ حقہ فترک، تو تخلیہ ہوا تھا جو قبضہ حکمی کے برابر ہے اور اسکے چلے جانے کے بعد کو اجیر کی ملکیت میں گویا تصرف کیا، تو یہ مال ودیعت کی طرح ہے اور اسمیں تصرف کرنا غصب کی طرح اور پھر کمائی کی تو حٓ کے نزدیک دراھم مغصوبۃ کا ربح مالک کے لئے جسکو وہ صدقہ کرے گا لیکن یہاں تصدق نہیں کیا اور اجیر کو دے دیا، پھر وہ مالک بنا۔

جواب: الشراء وإن وقع للمستأجر فأخذه الأجير فهو إذنٌ توجب اجازت ہوئی اسکی طرف تو گویا بیع الفضولی کو نافذ کیا۔
رحؒ: جب اسکی طرف اشارہ نہیں کیا یا اسمیں سے دیا نہیں اور مطلق عقد کی تو خود رکھ لے سکتا لیکن یہاں دوسرے کے لئے رکھ لیا تو دے دیا۔

بَابُ الشِّرَاءِ وَالبَيْعِ مَعَ المُشْرِكِينَ وَأَهْلِ الحَرْبِ(ص295)(حدیث:2216)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: بیع وشراء کے لئے اتحاد مذہب کی ضرورت نہیں، ہاں مشرکین کو یہ چیزیں نہ بیچے جو مسلمان کے خلاف استعمال کیا جائے۔
- مشعانٌ: طویل الشعر، شعث الرأس: بکھرے لمبے بال۔

بَابُ شِرَاءِ المَمْلُوكِ مِنَ الحَرْبِيِّ وَهِبَتِهِ وَعِتْقِهِ(حدیث:2217-2218-2219-2220)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: یجوز للکافر أن یکون مالکًا للشیء ولا تقل ھو کالجمادات لا یملک شیئًا!
- بس کافروں کے لئے بعض سہولت ہے جو مسلمان کے لئے نہیں مثلاً بیع قبل القبض جو مسلمان خرید سکتا ہے۔
- عمارؓ عرب سے تھے اور انکو قید کیا گیا تھا اور صھیبؓ رومی اور اصل عرب تھے لیکن انکو پکڑا گیا (والد عربی اور ماں عجمی تھی)
- بلالؓ کو امیۃ نے خریدا، پھر ابو بکرؓ نے خرید کر آزاد کیا۔
- ماملکت أیمانھم أی أیمان الکفار تو ملکیت انکے لئے ثابت
- سوال: ابراھیمؑ نے اخت (فی الإسلام) کا تو ریہ کیوں کیا؟ بادشاہ کے لئے برابر تھا کہ بیوی ہو یا اخت!؟
جواب: 1) بادشاہ مجوس تھا اور مذہب یہ تھا کہ الأخ أحق بالأخت اسی لئے ابراھیمؑ نے اخت کہا
- اس پر اشکال ہے کہ مجوسیت زردش سے شروع ہوا جو ابراھیمؑ کے بعد آیا! تو اسکا جواب یہ ہے کہ 1) پہلے سے مجوسیت موجود تھی اور زردش نے اسکی تجدید کی۔
2) غیرت سے بچنے کے لئے یعنی قتل سے چونکہ اگر کوئی اپنی بیوی پر ہاتھ لگائے تو قتل تک تیار ہوتا ہے آدمی
3) اگر کہتا ہے کہ بیوی ہے تو کہتا کہ طلاق دے دو۔

-ھاجرۃ کے لئے ولیدۃ کہا تو اضعًا ورنہ باندی نہیں تھی اسلئے کہ کرامت دیکھی تھی تو بادشاہ کی لڑکی تھی یا دوسرے بادشاہ کی لڑکی تھی جسکو اسنے پکڑ لیا تھا حملے کے وقت۔

اور بالفرض اگر جاریۃ سے مراد باندی ہو تو النسب إلی الآباء دون الأمھات، تو پھر اشکال نہیں بیدا ہوتا کہ آپ ﷺ کے آباء اور اسماعیلؑ کی ماں باندی تھی لیکن تحقیقی بات یہ ہے کہ شہزادی تھی اور جاریۃ نہیں تھی۔

- رومی نے قبضہ کی پھر بنو کلب نے خرید اپھر جدعان نے خرید اتھا صھیب رومی کو رونہ اصل کے اعتبار سے عرب ہی تھا۔

بَابُ جُلُودِ المَيْتَةِ قَبْلَ أَنْ تُدْبَغَ(ص296)(حدیث:2221)

- دباغت: 1) بالشمس (التشمیس)؛ 2) بالملح (التملیح)؛ 3) بالدواء (بالدواء الکیماوی)
- فؒ: دباغت سے سب جلود پاک إلا الخنزیر؛ دؒ: پاک نہیں ہوتے۔

- کؒ: ظاھراً پاک (نماز پڑھ سکتے) باطناً نہیں یعنی اگر پانی لگا اور کپڑا گیلا ہوا تو ناپاک؛ حؒ: سب پاک اِلا الخنزیر۔
- ممکن کہ مصنفؒ: امام دؒ کے مسلک پر ہو یا جمہور کے مسلک کو اختیار کیا اور دباغت سے مراد الدباغۃ بالدواء، یا اپنا مسلک جیسے امام زہری کہ قبل الدباغۃ بیچ سکتے۔
- الإھاب: الجلد قبل الدباغۃ۔

بَابُ قَتْلِ الخِنْزِيرِ (حدیث:2222)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: خنزیر واجب الإعدام ہے تو بیچ نہیں سکتے؛ جمہور: قتل جائز ہے اور بعض: بغیر ضرورت کے، قتل جائز نہیں
- اتنا تو ہے کہ ذمی اور غیر مسلم کے خنزیر کو قتل نہیں کریں گے۔

بَابٌ: لاَ يُذَابُ شَحْمُ المَيْتَةِ وَلاَ يُبَاعُ وَدَكُهُ (حدیث:2223-2224)

- ودک: مایکون داخلاً فی اللحم اور مایکون فوق اللحم: الشحم، مایکون منفصلاً
- شعر المیتۃ: حرمت اصلی ہے اور دھن نجس عارضی ہے تو احناف: چراغ میں جلا سکتے اور بیچ سکتے۔
- دؒ: جائز نہیں؛ فؒ: بیع نہیں اور استصباح جائز
- تخلیل الخمر: احناف: جائز (ابتداء میں ممنوع تھا) حدیث: خیر الإدام الخل (خیر الخمر خیر خلکم)
- فلان سے سمرۃ بن جندبؓ مراد ہے اور وہ 1) باع العصیر من الخمّار

2) خمر کو خل بنا کر بیچا اور عمرؓ کے نزدیک جائز نہیں تھا

3) سمرۃؓ کے نزدیک خمر کی بیع کافر کو جائز تھی اور انکا اجتہاد تھا۔

-یہود نے حرام کو حلال بنانے کے لئے حیلہ کیا؛ الحیلۃ: التدبیر المحبوب للوصول إلی المطلوب۔

-اگر حرام سے بچنے کے لئے یا شدید ضرورت کی وجہ سے ہو تو جائز ہے، ورنہ لإحقاق الباطل ولإبطال الحق أولإبطال حکم شرعی ہو تو فلا یجوز۔

-اھل السبت نے جو تالاب بنایا اور اتوار کو پھر پکڑتے تھے تو اللہ تے بندر بنایا انکو مسخ کر کے اسلئے کہ حکم شرعی کو باطل کیا تھا انہوں نے۔

لیکن پھر بھی شکار کا معنی پایا گیا سنیچر میں، چونکہ گھیر لینا بھی شکار کی ایک قسم ہے اور جو حیلہ حرام سے بچنے کے لئے ہو معاملات میں تو جائز ہے جیسے آپ ﷺ نے فرمایا کہ صاعین کو درہم اور درہم کے بدلے صاع کو خرید لو تو یہ اجتناب عن الربو فی المعاملات ہے یا سخت مصیبت سے بچنے کے لئے جیسے ایوبؑ سے فرمایا گیا کہ بیوی کو جھاڑو سے مارو اسلئے کہ بیوی نے گناہ کیا، اسی قسم کا واقعہ آپ ﷺ کے زمانے میں پیش آیا کہ ایک آدھا بیمار آدمی کو شاخ سے مارنے کا حکم دیا جسمیں 100 چھوٹی شاخیں ہو۔

- اشکال: قاتل اللہ فلانًا: سمرۃؓ تو مسلمان ہے تو قاتل کیسے آیا؟

جواب: یہ اظہار افسوس اور اظہار قباحت کے لئے ہے، لغوی معنی مراد نہیں ہے۔

جیسے تربت یداک یاوبحک؛ ابراھیمؑ نے بھی حیلہ کیا: ھذہ أختی

بَابُ بَيْعِ التَّصَاوِيرِ الَّتِي لَيْسَ فِيهَا رُوحٌ، وَمَا يُكْرَهُ مِنْ ذَلِكَ(حدیث:2225)

- لیس فیھا روح: جائز ہے اور ومایکرہ: ناجائز کے معنے میں ہے
- تصویر: تشبیہ المصنوع بالمخلوق جیسے ہاتھ سے بنادے مخلوق کے مشابہ
- آج کل کی تصویر کی قباحت اور خرابی بہت زیادہ ہے اسی لئے ضرورت کی وجہ سے رکھ سکتے (ویزا/سفر وغیرہ کے لئے) اور بغیر ضرورت کے جائز نہیں (یہی فتوی ہے) اسلئے کہ قباحت مخفی نہیں۔

بَابُ تَحْرِيمِ التِّجَارَةِ فِي الخَمْرِ(حدیث:2226)

- پینا ناجائز، اسی طرح بیچنا
- ترجمۃ الباب کا مقصد: ولو کانت التجارۃ مع الکافر فھی غیر جائز اور تملک الخمر اختیاریًا للمسلم لا یجوز
- فقھاء نے لکھا کہ خمر کو رکھنا سرکہ کے بنانے کے لئے جائز ہے

بَابُ إِثْمِ مَنْ بَاعَ حُرًّا(حدیث:2227)

- عالمًا بہ ومتعمّدًا ففیہ اثم کبیر، اسی طرح وقف کا مال۔

بَابُ أَمْرِ النَّبِيِّ ﷺ اليَهُودَ بِبَيْعِ أَرَضِيهِمْ حِينَ أَجْلاَهُمْ فِيهِ المَقْبُرِيُّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ(حدیث:...)

- ارضھم ای بنی نظیر و اَرَضِھم: میں راء پر فتحہ: 1) خلاف قیاس؛ 2) جمع سالم
- اشارہ ہے کہ ضرورت کی زمین کو بیچنا یہ بھی خلاف القیاس ہے
- معلوم ہوا کہ زمین بیچ سکتے اگرچہ ایک روایت میں ممانعت (ممانعت جب ضرورت نہیں ہے)
- ببیع اَرَضِھم، حالانکہ زمین تو تقسیم ہوگئی تھی مسلمان کے درمیان۔

جواب: 1) بعض کو بیچنے کا حکم دیا نہ کہ سب

2) اولاً بیچنے کا حکم دیا پھر بعد میں کہا نہیں: اِن الاَرض للہ؛ 3) جب مال کو بیچنے کا حکم دیا تو زمین بھی مال میں شامل ہے

بَابُ بَيْعِ العَبِيدِ وَالحَيَوَانِ بِالحَيَوَانِ نَسِيئَةً(حدیث:2228)

- فؒ دؒ: عبد اور حیوان کو تفاضلاً اور نسیئۃً بھی بیچ سکتے؛ کؒ: متفق الجنس میں نہیں اور مختلف الجنس میں بیچ سکتے مثلاً: بکری کو گائے کے بدلے
- احناف: تفاضل جائز ہے یداً بیدٍ نسیئۃ ناجائز ہے:
- احناف کے دلائل: 1) الحیوان واحد باثنین لا یصلح نسیئۃ ولا بأس بہ یداً بید (رواہ ابو داؤد)

2) ابن عباسؓ سے مروی: نھی عن بیع الحیوان نسیئۃ (رواہ الطحاوی فی شرح معانی الآثار)۔

3) ابن سیرین: ابن عمرؓ سے سوال کیا بیع البعیر بالبعیرین کے بارے تو جواب دیا کہ: اِنی أکرھہ (رواہ ابن ابی شیبۃ فی مصنفہ)، اسمیں جھگڑا او تنازع بھی ہوگا، مشتری کہے گا کہ صفت نہیں تھی اور بائع کہے گا کہ میں نے تو یہی کہا تھا۔

-مصنفؒ امام فؒ اور دؒ کے ساتھ ہیں۔ اور دلائل اس طرح ہیں:

1)حاشیہ نمبر6: ابن عمرؓ، واشتری ابن عمرؓ راحلۃ: جب ربذۃ میں دے گا تو معلوم ہوا کہ نسیئۃً یوفیھا صاحبُہا: یا ابن عمر لے گا اور یا ابن عمر کو ملے گا اور یہ ظاہر ہے تو ایک جانب سے نسیئۃ اور ایک جانب نقد

جواب:1)نسیئۃ وہ ہے جسکے لئے وقت مقرر کرے (فی الحال تو موجود تھا لیکن.....)

2)خرید یعنی خریدنے کا وعدہ کیا تھا، راحلۃ اور بعیرۃ سب ربذۃ میں موجود تھے

ربذۃ: مدینہ سے 200 کیلو میٹر دور (فوجی چھاؤنی تھی اس وقت) تو مبیع اور ثمن دونوں وہاں تھے۔

رافع ابن خدیج کا معاملہ: یہ نسیئۃ نہیں بلکہ حاضر نہیں تھا اتفاقا

- اشکال: ابن سیرین نے کیسے کہا درھم بدرھم نسیئۃً

جواب:1)نسیئۃ کا تعلق بعیر اور بعیرین سے ہے۔؛ 2)یا تقدیر یہ ہو گا کہ لا بأس بعیر ودرھمٍ ایک طرف اور دوسری طرف..... الدرھم بمقابلۃ البعیر۔

- احناف کے جوابات حدیث الباب کے لئے:

جوابات:1) نھی کے احادیث اقوی ہین اباحت کی احادیث کے مقابلے میں

2) محرم کو مبیع پر ترجیح ہونا چاہئے

3)پہلے جواز پھر منع کیا تھا اسلئے کہ ربو میں آتا ہے

4)یہ ثمن مؤجل کے بدلے میں۔

5)حدیث قولی حدیث فعلی پر راجح ہے

6)یہ بیت المال کا مال اور جائز ہے اسلئے کہ اسمیں جھگڑا نہیں ہوتا

-حضرت صفیۃؓ کو 6 رؤوس کے بدلے میں دیا اور یہ بیع نہین تھی بلکہ انکے دل کو خوش کرنے کے لئے۔

بَابُ بَيْعِ الرَّقِيقِ (حدیث:2229)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: بیع الرقیق مباح ہے۔
- ام ولدہ کی بیہ جائز نہی اور ہم ثمن پسند کرتے
- عزل: نہ کرنے میں کوئی حرج نہیں اور کرنے میں تھوڑا سا حرج ہے
- یا لازائد کہ کوئی حرج نہیں کرنے میں اور حدیث میں کنا نعزل واقرآن ینزل
- تو عزل جائز ہے باذن الحرۃ اور جب کسی مصلحت درکار ہو۔

بَابُ بَيْعِ الْمُدَبَّرِ (حدیث:2230-2231-2232-2233-2234)

- مدبر کی دو قسمیں:1) مدبر مطلق (کؒ حؒ: لا یبیعہ اور فؒ دؒ: یبیعہ) اور 2) مدبر مقید: بالاتفاق بیچ سکتے۔
- سند میں عبیدۃ بن حسان ہے جس پر کلام لیکن یہ موقوفاً صحیح ہے ابن عمرؓ سے اور اسکا حق بھی مارا جائے گا اگر بیچے

- اور مجوزین کا استدلال: جابرؓ کی روایت سے (باب)
- احناف کہتے: 1) باع المدبر المقیدۃ (ھذا الاصح)

2) ھذا من قبل السفیہ: سم کا مسلک

3) من قبیل الخدمۃ والأجرۃ

4) باعہ لخصوص تصرف النبی (آپ ﷺ بیع العبد بھی فرماتے تھے)

5) آپ ﷺ قاضی تھے اور قاضی کے حکم سے ممکن

6) یہ فعلی حدیث اور قولی حدیث مقدم 7) محلِّل محرِّم پر مقدم؛ 8) یہ منسوخ

بَابٌ: هَلْ يُسَافِرُ بِالْجَارِيَةِ قَبْلَ أَنْ يَسْتَبْرِئَهَا (حدیث:2235)

- استبراء: رحم کی صفائی کا یقین کرنا، ھل یُسافر بالجاریۃ بعد الشراء تو مناسبت ہو گئی۔
- استبراء کے تین طریقہ باعتبار عورت: حیض والی ہو تو ایک حیض؛ حاملہ: وضع حمل: چھوٹی یا بوڑھی تو ثلاثۃ اشھر
- مصنفؒ: ائمہ اربعہ کے خلاف ہے اس مسئلہ میں
- ائمہ اربعہ: ام ولد کی بیع ناجائز اور جس روایت میں آپ ﷺ نے حکم دیا ام ولدہ بیچنے کا:

1) یہ منسوخ یا لغوی معنی مراد یعنی بچوں کی ماں تھی لیکن مولی سے نہیں بلکہ شوہر سے۔

-لاتطأحامل حتی تضع ولا غیرُ حامل حتی تحیضَ

-من کان یؤمن باللہ والیوم الآخر فلا تقع

-دؒ: کبھی کبھی عذراء بھی حاملہ ہو جاتی ہے فقال واحدٌ من أہل المجلس کان ھذا فی جیرانا تو استبراء ضروری ہے اور اسمیں تعظیم بھی ہے۔

جبکہ جماع ممنوع تو دواعی بھی ائمہ اربعہ؛ احناف: مادون الفرج بھی جائز نہیں

بعض کہتے اسمھا زینب۔ نطعٌ: چمڑے کے دستر خوان

یحوِّی: اونٹ کے کوہان پر کپڑا لپیٹنا؛ عباءۃ: کساءٌ صغیر کو بھی کہتے یا چوغا۔

بَابُ بَيْعِ الْمَيْتَةِ وَالأَصْنَامِ (ص298) (حدیث:2236)

- لا یجوز
- صنم: مایصنع لعبادۃ غیر اللہ اکثرہ بشکل الإنسان ووالثن: مایکون کبرءًا (اپنی جگہ پر جما ہوا ہے)
- تمثال: مایُصنع مشابھًا لشیء والصورۃ اکثرہ قائمۃ بالغیر
- یصور فی الأرحام مایشاء
- مایحلُّ فیہ الحیاۃ یجوز بیعُہ جیسے ہڈی، بال اور دانت
- کؒ حؒ: میتۃ میں جو چیزیں جائز ہیں وہ مایحل الحیاۃ فیہ یعنی جسمیں احساس وشعور ہو اور مالایحلّ الحیاۃ: جسکا کاٹنے میں تکلیف نہ ہو
- دؒفؒ: تمام اجزاء کو نہیں بیچ سکتے لیکن ہاتھی کے دانت کو بیچنا جائز ہے اسلئے کہ یہ متوارث ہے۔

- ابن عباسؓ: انما حرّم رسول اللہ ﷺ
- دؒ: دونوں ناجائز (دُھن)

بَابُ ثَمَنِ الكَلْبِ (حدیث: 2237-2238)

- فؒ: بالکل ناجائز ہے؛ حؒ: اگر کتا منتفع بہ تو بیچ سکتے اسلئے کہ نسائی کی سند صحیح ہے یعنی اگر شکار کے لئے یا حراست کے لئے ہو۔
- حدیث: نھی رسول اللہ ﷺ عن ثمن الکلب اور ابن عباسؓ کی حدیث: رخص رسول اللہ ﷺ فی ثمن الکلب
- کیوں ثمن الکلب سے منع کیا پھر؟ جواب: 1) غیر منتفع بہ ہونے کی وجہ سے

2) ضرورت کی وجہ سے نہی تنزیہی۔ تو کراہت تنزیہی ہے یعنی بیچو مت اسکو ویسے ہی دے دو

3) ابتدائے اسلام پر محمول ہے۔

- حلوان الکاھن: ابن تیمیہ: کاھن کو پوچھ سکتے اگر صرف کذب وسچ کے بارے میں معلوم کرنا ہے
- ثمن الحجامۃ: 1) یہ کام خلاف اولی کے قبیل سے ہے اور اسمیں کراہت تنزیہی ہے۔

2) دم مسفوح (آج کل یہ بھی مال بن گیا)

- براعۃ الاختتام: 1) الموت کأیسر اللذات

2) خون کا نکلنا

35 – كِتَابُ السَّلَمِ(حدیث:2239-2256)

بَابُ السَّلَمِ فِي كَيْلٍ مَعْلُومٍ(ص298) (حدیث:2239)

- تسلیم کرنے سے اسلئے کہ رأس المال تسلیم کرنا ضروری ہے اسمیں اور سلف بھی ہے عراقی کے نزدیک
- السلم: إذا كان الثمن معجلاً والمبيع مؤجلاً
- شرائط سلم: مص جنامر أة: مقدار، مسلم فیہ، صفت، جنس یا نوع کی طرف؛ ا: أجل اور م: مقدار رأس المال اور ة: تعیین مکان
- فؒ: جو کیلی چیز ہو کیلی ہی رہنا چاہئے اور احناف: حیوان میں ناجائز ہے بہ خلاف ائمہ ثلاث جو جواز کے قائل ہیں۔
- سلف اسلئے کہ ثمن مقدم اور مبیع مؤخر۔
- محدثین کی اصطلاح 3 صدی والے سلف
- فؒ: اجل ضروری نہیں اور جو احادیث میں وأجلٍ معلوم یعنی اگر اجل ہو تو معلوم ہونا چاہئے ورنہ مسلئہ ہی نہیں
- حضرت تھانویؒ نے اس پر فتوی دیا آسانی کی بناء پر جب ضرورت پڑتی ہے۔

بَابُ السَّلَمِ فِي وَزْنٍ مَعْلُومٍ(حدیث:2240-2241-2242)

- الگ الگ ترجمۃ الباب اسلئے کہ: اجل کے الگ الگ معانی ہیں:
- اجل: 1) ساعۃٌ؛ 2) نصف یوم علی الأقل؛ 3) ثلاثۃ یوم علی الأقل؛ 4) 15 دن؛ 5) شھرٌ وبہ اختار الھدایۃ
- سلم صرف مؤجل میں اسلئے کہ السلام لا یرد إلا فی المؤجل اور اگر اجل معلوم نہ ہو تو پھر سلم کی کیا ضرورت اسلئے کہ سلم خلاف قیاس (بیع المعدوم) جب چیز موجود نہ ہو تب خلاف قیاس کو لینا پڑتا ہے، اگر موجود ہو تو پھر کوئی مسئلہ ہی نہیں
- اختلاف ہے کہ سلم ہے یا نہیں / یا اختلاف یہ تھا کہ مسلم فیہ اسمیں ہے یا نہیں؟

بَابُ السَّلَمِ إِلَى مَنْ لَيْسَ عِنْدَهُ أَصْلٌ (ص299)(حدیث:2243-2244-2245-2246)

- جسکے پاس مسلم فیہ نہیں یا مسلم فیہ کی اصل نہیں، مثلاً تمر میں کرتے ہیں سلم ازر تمر نہیں یا شجر ہی نہیں
- اختلاف کی طرف اشارہ: ح: مسلم فیہ عقد کے وقت کسی جگہ میں موجود یا کسی سوق میں
- ائمہ ثلاث فؒ: مسلم فیہ کا ہونا ہے فی وقت الأجل
- بہ ظاہر مصنفؒ کی طرح قائل ہیں اسلئے کہ آخری حدیث باب میں ابن عباسؓ کا قول ہے: حتی یوکلُ
- حتی یوزنُ: معلوم ہوا کہ رطب و تمر من قبیل الموزونات ہے؛ عینی: مساوات فی الوزن ضروری ہے۔

بَابُ السَّلَمِ فِي النَّخْلِ(ص299) (حدیث:2247-2248-2249-2250)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) سلم کو معین میں کرسکتے یا نہیں کرسکتے؟ مصنفؒ: معین میں کرسکتے اس شرط پر کہ پک گیا ہو
- ائمہ اربعہ: ثمن معین میں نہیں کرسکتے، ہاں غیر معین کرسکتے (کوئی بھی باغ سے)
  2) کسی نہ کسی جگہ (جیسے احناف کہتے) موجود ہونا ضروری ہے۔

-ائمہ اربعہ کی دلیل حاشیہ نمبر 7 پر ہے: من حائط بنی فلان (وزن معلوم ہو، کیل معلوم ہو، جگہ نہ ہو) اسلئے کہ اگر فلاں باغ میں نہ ہو تو کیا ہو گا؟
-اشکال: سوال تھا مسلم کے بارے میں اور جواب بیع کے بارے میں دیا تو موافقت نہیں ہے گویا (بیع النخل کے بارے میں بتایا)
جواب: جیسے بیع مطلق میں حتی یَصلح ہے تو بیع سلم میں بھی یہی ہے کہ موجود ہونا چاہئے کسی جگہ پر، اگرچہ بیع میں شرط نہیں پکنا ہے لیکن سلم کے لئے ضروری ہے (حتی یُحرِز دلیل ہے)۔

بَابُ الكَفِيلِ فِي السَّلَمِ(ص300) (حدیث:2251)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) سلم میں کفیل یا رھن ممکن ہے تا کہ مضبوط ہو جائے (السلم بشرط الکفیل أو الرھن جائز) معلوم ہوا کہ بیع سلم میں اور بیع مطلق میں شرط مناسب لگا سکتے
- ؒ: کی ایک روایت کی تردید ہے کہ کفیل نہیں لے سکتا ہے۔
- جب ثمن مؤجل میں رھن جائز ہے جیسے آپ ﷺ ثمن مؤجل میں رکھا تو بیع مؤجل میں بھی علی سبیل القیاس جائز ہو گا
- ترجمۃ الباب میں کفیل اور حدیث میں رھن ہے!؟
جواب: رھن مشابہ ہے کفیل کے اور دونوں مضبوط ہیں۔
- مصنفؒ نے کفیل کے لئے قیاس کیا رھن پر یا کفیل سے مراد مابہ التوثیق: یعنی الکفیل أو الرھن: دونوں کو شامل ہو گا۔

بَابُ الرَّهْنِ فِي السَّلَمِ(حدیث:2252)

بَابُ السَّلَمِ إِلَى أَجَلٍ مَعْلُومٍ(حدیث:2253-2254)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: ممکن ہے کہ شوافع کی تردید ہے: ثمن مؤجل کی قید، قید اتفاقی ہے۔ تو مصنفؒ نے بتایا کہ ثمن مؤجل کی قید، قید احترازی ہے جیسے احناف کہتے۔
- عام طور پر رب السلم کو فائدہ ہوتا ہے کہ سستی قیمت ملی اور مسلم إلیہ کو نقد ملا۔

بَابُ السَّلَمِ إِلَى أَنْ تُنْتَجَ النَّاقَةُ(حدیث:2255-2256)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: کؒ کی تردید: إذا کان معروفًا فیجوز (عرف ہو تو جائز)
- 1) حمل الحمل؛ 2) حبل الحاملۃ
- براعت اختتام: 1) جب ناقہ بچہ دیتی تو موت کا خطرہ رہتا ہے
2) مافی بطنھا: ایک دن بطن الأرض میں جانا ہے۔
3) جزور: اس اونٹ کو کہتے ہیں جو ذبح کے لئے ہو۔

36 – كِتَابُ الشُّفْعَةِ(حدیث:2257-2259)

بَابٌ: الشُّفْعَةُ فِيمَا لَمْ يُقْسَمْ، فَإِذَا وَقَعَتِ الحُدُودُ فَلاَ شُفْعَةَ(حدیث:2257)

- الشفعۃ من: شَفْعٌ: ملانا، اسمیں قدیم مشتری کی زمین کو اپنے ساتھ ملانا ہے۔
- لغۃً: 1)الضمُّ؛ 2)الزیادۃ؛ 3)الإعانۃ(تاکہ چیز شفیع و مل جائے)۔
- شفعہ کے مختلف اقسام ہیں: 1)شفعۃ الشرکۃ(سب کے نزدیک جائز ہے)

2)شفعۃ فی شرکۃ الطریق(رحؒ کے نزدیک ہے بہ خلاف ائمہ ثلاث)

3)شفعۃ الجوار

-شفعۃ: 1)طلب مواثبت؛ 2)طلب إشھاد؛ 3)طلب خصومت(مہینے کے اندر اندر) قاضی کے سامنے

-ایک روایت میں ہے کہ کسی نے ابو نواس کو دیکھا خواب میں کہ جنت میں پھر رہا ہے تو پوچھا کہ تمہاری مغفرت کس پر ہوئی؟ تو جواب دیا کہ

2شعر کی وجہ سے جو تکیہ کے نیچے رکھا تھا: یاربِّ إن عظمت ذنوبی کثرۃً فلقد علمت بأن عفوک أعظم

إن کان لا یرجوک إلا محسنا فبمن یلوذ ویستجیر المجرمُ۔

- الجار أحق بسقبہ(جابرؓ کی روایت) بخاری اور ترمذی میں ہے: الجار أحق بشفعتہ
- جار الدار احق الدار: یہ تین حدیث ثابت ہیں اور جو اعتراض کیا گیا انکے سندوں پر صحیح نہیں ہیں اور اسکا مدار عبد الملک بن أبی سلیمان پر ہے جن کو میزان فی العلم کہا گیا ہے۔
- احناف 4جواب دیتے: 1)لا شفعۃ للشرکۃ بل شفعۃ الجوار

2)صرف تقسیم سے شفعہ نہیں ہو گا بلکہ بیع سے شفعہ ثابت ہوتا ہے۔

3)اسکو شفعہ نہیں کہتے اسلئے کہ حق شرکت نہیں۔

4) محمول ہے بعد ما صُرفت الطرق إلی جانب واحد



تو حق شفعہ ختم!

بَابُ عَرْضِ الشُّفْعَةِ عَلَى صَاحِبِهَا قَبْلَ البَيْعِ(حدیث:2258)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: جب آدمی اپنی زمین کو بیچنا چاہے تو اپنے شریک یا پڑوسی کو بتلا دینا چاہئے پہلے۔
- اگر شفیع نے بیع سے پہلے انکار کیا تھا پھر بیع کے بعد حق شفعہ ثابت ہو گا یا نہیں؟
- فؒ: اگر پہلے سے کہا نہیں کہ لونگا(قبل البیع) پھر بھی بیع کے بعد شفعہ کر سکتا ہے، اسلئے کہ اسقاط الشفعۃ قبل البیع کإسقاط المھر قبل النکاح جیسے اداء الصلوۃ قبل الوقت لا یعتبر
- کؒ دؒ: بیع کے بعد شفعہ نہیں کر سکتا ہے کیونکہ إعطاء الزکوۃ قبل حولان الحول جائز ہے

جواب: إعطاء الزکوۃ قبل حولان الحول جائزہ اسلئے کہ سبب موجود ہے اور یہاں سبب مفقود ہے بیع سے پہلے۔ تو جب سبب بیع ہے اور بیع ہی نہیں تو شفعہ کیسے ساقط ہو گا۔

امام بخاریؒ وہ مسائل بیان کرتے جو فتوی کے متعلق ہیں اور یہ مسائل عام فقہ کی کتابوں میں نہیں ہیں

- احناف اور شوافع: شفعہ فی الأرض او توابعھا جیسے باغ یا عمارت؛ کؒ دؒ: دوسری چیزوں میں بھی کر سکتا ہے جیسے کشتی میں اگر شرکت ہو۔

احناف کی دلیل: من کان لہ شریک فی ربعۃ أو نخل فلیس لہ أن یبیع حتی یؤذن شریکہ (ممکن ہے کہ تفاؤلاً کہا ہو کہ اللہ کرے کہ ہمارے مکان کو بہار بنادے)

- مصنفؒ نے کؒ دؒ، شعبی کے قول سے طلب مواثبت کی طرف اشارہ کیا اور طلب خصومت
- جوار معتبر فی الشفعۃ جو بالکل ملا ہوا ہو یا شریک فی الطریق

بَابٌ: أَيُّ الجِوَارِ أَقْرَبُ؟(حدیث : 2259)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: جوار کی تعریف اور حقوق بیان کرنا ہے۔
- جوار فی حق المبیع یا فی نفس المبیع
- براعۃ الاختتام: إلی أیّھما أُھدی: جب کوئی مرجاتا تو ایصال ثواب کا ہدیہ ملتا ہے۔
- فی جوار اللہ، مرنے کے بعد بھی اللہ پاک کی پناہ میں چلا جاتا ہے۔

37 – كِتَابُ الإِجَارَةِ(حدیث:2260-2285)

- مصنفؒ نے یہاں ابواب ذکر نہیں کیا تفاؤلاً کہ اللہ کرے کہ آپ کے پاس خود اپنی چیزیں ہوں اور کسی سے مانگنے کی ضرورت نہ ہو یعنی آپ سوال کا باب اور دروازہ ہی نہ کھولے۔
- الإجارۃ: تملیک المنافع علی عوض معلومٍ
- ترجمۃ الباب کا مقصد: بیع المنفعۃ لیس بإھانۃ (ابو بکر اصم نے اسکا انکار کیا تھا)
- اجارہ منافع مقصودۃ میں سے کرنا چاہئے (لیس فی شمّ التفاح مثلاً)
- کتاب کو کرایہ پر دینا آج کل فتوی جواز پر ہے کما ذکرہ فی النطف
- اجارۃ مصدر نہیں ہے بلکہ اسمٌ لعقد مخصوصٍ۔

بَابُ اسْتِئْجَارُ الرَّجُلِ الصَّالِحِ(ص301)(حدیث:2260-2261)

- إن خیر من استأجرت القوی الأمین:
معلوم ہوا کہ صالح کو ملازم رکھنا چاہئے نہ کہ طالح اور امانتدار بھی ہو تاکہ نفع ہو نہ کہ نقصان اور حریص نہ ہو۔
- کسی کام پر اہلیت رکھتا ہو تو عہدہ مانگ سکتے جیسے یوسفؑ نے کہا تھا: اجعلنی علی خزائن الأرض اور اسی طرح عثمان بن ابی العاص نے اپنی قوم کی امامت مانگی تھی: اجعلنی امام قومی

بَابُ رَعْيِ الغَنَمِ عَلَى قَرَارِيطَ(حدیث:2262)

- قیراط: نصف الدانق یا درہم کا بیسواں یا چوبیسواں حصہ اور ایک قیراط 200 میلی گرام کا ہے۔(حاشیہ نمبر 5 دیکھئے)
- ترجمۃ الباب کا مقصد: اسکو ذلت نہیں سمجھنا چاہئے بلکہ ہر نبی نے یہ کام انجام دیا ہے۔
- بکریاں چرانے کی چند حکمتیں: 1) بکریاں چرانے سے تعلم اور حلم آجاتا ہے
2) تعلم اور علم بھی ہے، طبیعتوں کا اختلاف ہے بکریوں میں تو اسی طرح لوگوں میں، تحمل مشقت کا سامنا کرنا پڑتا ہے (ایک یہاں بھاگا تو دوسرا وہاں بھاگا)، دن بھر ساتھ رہ کر چلنا ہے، دھوپ میں کام کرنا ہے اور انکے ساتھ نرمی کرنا ہے تو اسی طرح لوگوں کے ساتھ درمیانہ روی اختیار کرے گا یعنی نہ بالکل سخت اور نہ بالکل نرم۔

بَابُ اسْتِئْجَارِ المُشْرِكِينَ عِنْدَ الضَّرُورَةِ، أَوْ: إِذَا لَمْ يُوجَدْ أَهْلُ الإِسْلاَمِ(حدیث:2263)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: ضرورت ہو تو مشرک کو رکھو کام کے لئے، ورنہ نہیں۔
- ہم کہتے کہ ضرورت ہو یا نہ ہو رکھسکتے ہیں، ہاں بشرطیکہ ان سے دھوکہ کا خطرہ نہ ہو۔
- اور حدیث میں جو ممانعت آئی ہے کہ لا نستعین بالمشرکین، وہ جنگ پر محمول ہے۔
- خِرِّيتًا: الماھر بالھدایۃ (رہنمائی) (حاشیہ نمبر 7 پر غور کریں)
- الطرق المخیفۃ کو جانتے تھے، جیسے بوٹی کا سوراخ بہت باریک ہے تو وہ بھی باریک اور پوشیدہ راستوں کو جانتا ہے۔

بَابُ إِذَا اسْتَأْجَرَ أَجِيرًا لِيَعْمَلَ لَهُ بَعْدَ ثَلاَثَةِ أَيَّامٍ، أَوْ بَعْدَ شَهْرٍ، أَوْ بَعْدَ سَنَةٍ جَازَ، وَهُمَا عَلَى شَرْطِهِمَا الَّذِي اشْتَرَطَاهُ إِذَا جَاءَ الأَجَلُ(حدیث:2264)

- ترجمۃالباب کا مقصد: اجارہ مستقبل کی طرف منسوب ہو سکتا ہے یا نہیں؟

رحؒ:ہو سکتا ہے؛ فؒ:نہیں ہو سکتا؛ کؒ:2شرطوں کے ساتھ ہو سکتا ہے:1)مستقبل قریب ہو جیسے ایک یا دو دن 2)اور اجرت بھی دے دی ہو۔اور مدت اجارہ کا اتصال ہو

۔مصنفؒ امام اعظمؒ کے ساتھ ہیں اس مسئلہ میں۔

بَابُ الأَجِيرِ فِي الغَزْوِ(حدیث:2265-2266)

- احناف: جہاد کے لئے نہیں بلکہ درخواست کر سکتا ہے خدمت کے لئے یا پیغام ہی کو پہنچانے کے لئے
- اگر بیت المال خالی ہو اور مسلمان کمزور ہو تو کرایہ پر فوجی بھیج سکتے۔
- وکان لی أجیر: ہم کہتے ہیں کہ یہ اجیر للخدمۃ تھا،نہ کہ اجیر للغزو۔
- فؒ:اسمیں تاوان ہے؛ (ص417حاشیہ پر دیکھے)
- کبھی مدت متعین کبھی اور کبھی عمل متعین ہے،سب کی اجازت ہے بلکہ.....

بَابُ مَنِ اسْتَأْجَرَ أَجِيرًا فَبَيَّنَ لَهُ الأَجَلَ وَلَمْ يُبَيِّنِ العَمَلَ(حدیث:...)

- ترجمۃالباب کا مقصد: تعیین عمل یا تعیین مسافت،جب منفعت مقصود ہو تو مدت و منفعت کا بیان ضروری ہے یا اشارہ چاہئے اور اگر عمل مقصود ہو تو تعیین عمل چاہئے۔
- فإن أتممت عشرا فمن عندک:

معلوم ہوا کہ ہذا شرط النکاح لا مھر النکاح(آٹھ سال کام کرنا ہمارے پاس)اور اگر مہر بنادے تو یہ صورت ہو سکتی ہے کہ جو مہر ہے (مثلاً1000ریڈ)تو اسکے بدلے میں خدمت کرے(ایک مہینے تک بھیر بکرے کو چرادے)

- اگر خدمۃ الزوجۃ کو مقرر کیا تو اگر خدمت ذلیلۃ ہے تو نہیں کرنا چاہئے اور اگر خدمت شریفۃ ہے تو ٹھیک ہے۔
- مُوجر(کرایہ پر دینے والا)الگ ہے اور مستأجر الگ ہے؛ أجیر الگ ہے اور آجر(معطی اجر)الگ ہے۔
- تین قسم کے لوگ عقلمند و ہوشیار تھے:

1)شعیبؑ کی بیٹی جنہوں نے موسیٰؑ کو کام کے لئے سفارش کی

2)یوسفؑ کی بیوی جنہوں نے کہا:نتخذہ ولدًا

3)حضرت ابو بکرؓ جنہوں نے عمرؓ کو خلیفہ بنایا۔

بَابُ إِذَا اسْتَأْجَرَ أَجِيرًا، عَلَى أَنْ يُقِيمَ حَائِطًا، يُرِيدُ أَنْ يَنْقَضَّ جَازَ(ص302)(حدیث:2267)

- عام طور پر تعیین عمل اجیر مشترک میں ہے اور اجیر خاص کے لئے تعیین الأجل ہے اور یہ دونوں عرف پر محمول ہے۔

- اگر اجل اور عمل کو ذکر کیا تو حؒ: اجارۃ فاسد اسلئے کہ اسمیں جھگڑا واقع ہو گا۔
- مالک الجدار، جدار کو اصل قرار دے گا اور اجیر مدت کو؛ سمؒ: جائز ہے اسلئے کہ عمل اصل اور مقصود ہے اور یوم کو تعجیل پر محمول کرتے؛ مولانا ظفر احمد عثمانی نے امداد الاحکام میں: سمؒ کے قول پر فتوی ہے اور استحسان قرار دیا اور حوالہ دیا فتاوی ھندیہ کا۔

بَابُ الإِجَارَةِ إِلَى نِصْفِ النَّهَارِ (حدیث:2268)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) اجل معلوم ہونا چاہئے اگرچہ ایک دن سے کم ہو؛ 2) ان لوگوں کی تردید ہے جو کہتے کہ کم از کم ایک دن ہونا چاہئے اجارہ میں۔

بَابُ الإِجَارَةِ إِلَى صَلاَةِ العَصْرِ (حدیث:2269)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: عصر میں تھوڑی جہالت ہے لیکن یہ مضر نہیں، چونکہ ہر جگہ کی عصر معلوم ہے۔

بَابُ إِثْمِ مَنْ مَنَعَ أَجْرَ الأَجِيرِ (حدیث:2270)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اختلافی مسئلہ کی طرف اشارہ ہے: فؒ: عقد ہوا تو اجرت واجب اسی وقت۔
- احناف: مختلف طریقے: 1) اِما بشرط التعجیل؛ 2) بالتعجیل؛ 3) اَو بالاستیفاء المعقود علیہ
- جانور لیا کرایہ پر تو ایک مرحلہ پر یا دن کے لئے لیا تو بانقضاء الیوم، اسی طرح مہینے کے لئے تو بانقضاء الشھر۔ اسنادہ ضعیف ومعناہ صحیح۔

بَابُ الإِجَارَةِ مِنَ العَصْرِ إِلَى اللَّيْلِ (حدیث:2271)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اگرچہ تھوڑی سی جہالت ہو، اجارہ صحیح ہے
- لاحاجۃ لنا: ان لوگوں پر محمول ہے جنہوں نے اسلام پایا۔

بَابُ مَنِ اسْتَأْجَرَ أَجِيرًا فَتَرَكَ الأَجِيرُ أَجْرَهُ، فَعَمِلَ فِيهِ المُسْتَأْجِرُ فَزَادَ، أَوْ مَنْ عَمِلَ فِي مَالِ غَيْرِهِ، فَاسْتَفْضَلَ (حدیث: 2272)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اگر کسی نے دوسرے کے مال کو غصب کیا یا چوری کی اور اس مال سے تجارت کی جسکی وجہ سے بڑھ گیا تو ربح کس کے لئے؟ دؒ: ربح رب المال کے لئے؛ کؒ: ربح غاصب کے لئے اسلئے کہ اسی نے محنت کی ہے۔
حؒ: ربح واجب التصدق ہے؛ فؒ: جس وقت خریداری کی اور ان دراھم کی طرف اشارہ کیا تو واجب التصدق ہے اور اگر غیر معین سے خریدا اور یہی پیسے استعمال کیا تو ربح غاصب کے لئے۔
- احناف متأخرین: امام سرخسی اور صدر الشھید نے فؒ کے قول کو اختیار کیا
- تو ظاہری بات ہے کہ لوگ اشارہ کر کے نہیں خریدتے تو صرف غصب کیا ہوا یا چوری ہوئی مال کو واپس کرنا ہو گا۔ اور اگر اجیر ہو تو دوسرے کی نیت سے تجارت کرتا ہے، پھر بعد میں اجازت ملے تو اجازت لاحقہ، اجازت سابقہ کی طرح ہو گا جسکی وجہ سے ربح اسکے لئے حلال ہو گا۔

- تو ایک نے تحسین المعاشرات کو وسیلہ بنایا
- دوسرے نے ترک الشھوات کو وسیلہ بنایا
- اور تیسرے نے تحسین المعاملات کو وسیلہ بنایا
- تو معلوم ہوا کہ 3 کتنے اعلی درجے کے اعمال ہیں حالانکہ عبادت بھی کرتے ہونگے لیکن انہی اعمال کو وسیلہ بنایا۔
- اللھم:1)نداء کے لئے؛ 2)ندرت کے لئے؛ 3) کبھی تلقین کے لئے۔
- شعر:الّتَ فحیت فقامت فودّعت فلماتولت کادت الروح تزھق

ولا أعدت من الفعل الجمیل قری قری ضیف ألمّ برا سی و محتسب

- فاعطیتھم:قبضہ ہوا تھا پھر واپس کر دیا۔

بَابُ مَنْ آجَرَ نَفْسَهُ لِيَحْمِلَ عَلَى ظَهْرِهِ، ثُمَّ تَصَدَّقَ بِهِ، وَأُجْرَةِ الحَمَّالِ(حدیث:2273)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:1)اپنے آپکو مزدوری پر لگانا ذلت نہیں ہے۔

2)صدقہ کرنے کے لئے مشقت اٹھانا جائز ہے

3)جو حدیث میں آتا ہے خیر الصدقۃ ماکان عن ظہر غنیً،متوسطین کے لئے اور من آجر نفسہ موکلین کے لئے

یا زکوۃ پر محمول اور آجر:نفل پر محمول

یا کثیر پر محمول اور قلیل پر محمول

- فیحامل کیوں آیا اسلئے کہ باب مفاعلۃ سے ہے؛ جواب:ایک طرف سے عمل ہے اور ایک کی طرف سے اجرت ہے۔

بَابُ أَجْرِ السَّمْسَرَةِ(ص303)(حدیث:2274)

- دلال:المصاحب للسّلعۃ اور السمسار:جو غائبانہ ہو(ممکن ہو کہ برعکس ہے)
- جب دونوں جانب سے لے سکتا ہے تو گنجائش ہے کہ لے لے ورنہ مفتیوں کا اختلاف ہے اسمیں کہ من جانبٍ واحد اجرت لے سکتے
- مفتی ولی حسن ٹونکی:دونوں سے اجرت نہ لے ورنہ اخلاص نہیں رہے گا
- فیصد کے اعتبار سے ملے گا تو مضاربت پر قیاس یا مزارعت پر قیاس ہو گا اور کومیشن ایجنٹ عموم بلوی کی وجہ سے جائز ہے اگرچہ قفیز الطحان والے مسئلہ کے خلاف ہے۔
- رُخّفَ:اگرچہ مکروہ ہے اسلئے کہ اجرت مجہول اور دُ:جائز ہے اور جو ناجائز کہتے تو اسکو وعدہ پر محمول کرتے۔
- عند شروطھم إلا من حرم حلالاً وأحلّ حرامًا۔

بَابٌ: هَلْ يُؤَاجِرُ الرَّجُلُ نَفْسَهُ مِنْ مُشْرِكٍ فِي أَرْضِ الحَرْبِ(ص304)(حدیث:2275)

- ہاں جبکہ مسلمان کی ذلت نہ ہو،کوئی حرام کام نہ ہو اور مسلمان کے خلاف استعمال نہ ہو(مثلاً اسلحہ)
- خلاصہ:1)ذلت نہ ہو؛ 2)کام حرام نہ ہو مسلمان کے نزدیک؛ 3)مسلمان کے خلاف اعانت نہ ہو۔

بَابُ مَا يُعْطَى فِي الرُّقْيَةِ عَلَى أَحْيَاءِ العَرَبِ بِفَاتِحَةِ الكِتَابِ(حدیث: 2276)

- رقیہ دونوں کو شامل: دم اور تعویذ دونوں کی اجرت لے سکتے جیسے علاج کی اجرت جائز
- اسی طرح ختم قرآن گھر میں کرے برکت کے لئے تو اسپر بھی اجرت جائز ہے۔
- ایک رقیہ سحر کی طرح تو بالکل جائز نہیں اور ایک رقیہ جو مفہوم المعنی ہو اور خلاف شریعت نہیں تو جائز ہے۔
- جن صحابہؓ نے لیا: 1)بقدر ضیافت؛ 2)اشارہ إلی مفہوم معناہ؛ 3).....4).....
- اگر مؤذن، خطیب، یا معلم ہو تو؟ فؒ: لے سکتا ہے اور فتوی اسی پر ہے اور مصنفؒ اسی کے قائل ہیں۔
- دلائل: 1)عمرؓ اور عثمانؓ نے مؤذنین کے لئے اجرت مقرر کی تھی

  2)عمرؓ: اعط من یعلم القرآن أجرًا۔

  3)خلفاء راشدین اجرت لیتے تھے خلافت پر اور قاضی قضاء پر

  4)روح المعانی میں ایک روایت ہے: قالوا: «يا رسول الله أنأخذ على التعليم أجرا؟ فقال: إن خير ما أخذتم عليه أجرا كتاب الله تعالى». تو اگر کہے کہ اقرءوا القرآن ولا تأکلوا بہ

جواب: 1) محمول ہے تلاوت مجردہ پر اور جو ایصال ثواب کے لئے تلاوت ہو تو اس پر اجرت جائز نہیں (جیسے طحاوی اور شامی میں: الاستئجار على التعليم والأذان والإمامة وعللوه بالضرورة وخوف ضياع الدين في زماننا لانقطاع ما كان يعطى من بيت المال. وبه علم أنه لا يجوز الاستئجار على الحج عن الميت لعدم الضرورة كما يأتي بيانه في هذا الباب، ولا على التلاوة والذكر لعدم الضرورة أيضا، وتمام الكلام على ذلك في رسالتنا [شفاء العليل وبل الغليل، في بطلان الوصية بالختمات والتهاليل])

متأخرین نے ضرورت کی وجہ سے جواز دیا ہے جیسے شرح وھبانیہ میں اور حموی نے الاشباہ والنظائر میں

- حاشیہ نمبر 4: عبادۃ بن صامت کی روایت (ص304) ابو داؤد کی روایت میں سند میں مغیرۃ بن زیاد اور اسود بن ثعلبہ ضعیف ہیں لیکن دوسری سند بھی ہے
- ایک زمانے میں اھل صفہ اتنے محتاج تھے کہ انکو ہدیہ دے سکتے لیکن وہ ہدیہ نہ دے اور ان سے ہدیہ نہیں لے سکتے
- اشکال: ھدیۃ کیسے ناجائز ہے لینا ان سے؟!

جواب: انکی خصوصیت ہے اور آپ ﷺ نے جو فرمایا: اتخذ مؤذنًا لا یأخذ علی أذانہ أجرًا

سیرۃ العمرین میں لکھا ہے کہ سب کے لئے وظائف مقرر کیا تھا۔

- حؒ اور سمؒ کے زمانے میں بیت المال سے مقرر تھے اسی لئے لوگوں سے نہیں لے سکتے تھے۔
- کؒ: ہدیہ نہیں لے سکتا اسلئے کہ بیت المال سے سب کچھ ملتا ہے اور دوسرے ائمہ کہتے کہ ہدیہ لے سکتا ہے۔
- احناف اور حنابلہ کا اصل مذہب: معلم کا اجرت لینا ناجائز ہے۔
- فؒ دؒ سمؒ: اجرت جائز ہے وبہ قال المصنفؒ؛ ابن سیرین: جو تقسیم کرتا ہے اجرت لے سکتا ہے زمین یا علم تقسیم کرتا ہو
- جُعلاً: ما یعجل للأجیر
- ایک روایت میں 30 اور ایک روایت میں 100: 1) ممکن ہے کہ دو واقعات ہو؛ 2) ممکن ہے کہ 30 شرط تھی لیکن فرط سرور کی وجہ سے 100 دیا۔

بَابُ ضَرِيبَةِ العَبْدِ، وَتَعَاهُدِ ضَرَائِبِ الإِمَاءِ(حدیث:2277)

- ضریبۃ: وھی مایقررہ السید علی عبدہ فی کل یوم أن یعطیہ اور بعد میں روزانہ یاماہانہ یاسالانہ ٹیکس کو کہا گیا۔
- دوسری رویت میں ابوداؤد احمری سے مروی ہے جسمیں حذیفہ بن الیمانؓ نے خطبہ دیااور اسمیں: تعاھدوا ضرائب إمائکم یاضرائب غلمانکم؛ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ مَالِكٍ، ثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثَنَا وَكِيعٌ، ثَنَا فُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ، عَنْ أَبِي الْفُرَاتِ، عَنْ مَالِكٍ الْأَحْمَرِيِّ، عَنْ حُذَيْفَةَ، سَمِعَهُ مِنْهُ، قَالَ: «إِنَّ بَائِعَ الْخَمْرِ كَشَارِبِهَا، أَلَا إِنَّ مُقْتَنِي الْخَنَازِيرِ كَآكِلِهَا، تَعَاهَدُوا أَرِقَّاءَكُمْ فَانْظُرُوا مِنْ أَيْنَ يَجِيئُونَ بِضَرَائِبِهِمْ، فَإِنَّهُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ لَحْمٌ نَبَتَ مِنْ سُحْتٍ»(حلیۃ الأولیاء)
- ابورافع بن خدیج: نھی رسول اللہ ﷺ عن کسب الإماء حتی یعلم من أین ھو۔

بَابُ خَرَاجِ الحَجَّامِ(حدیث:2278-2279-2280)

- ؒ: عبد ہو تو کمائی جائز ہے اور حر ہو تو کمائی جائز نہیں۔
- ائمہ ثلاث: بالکل جائز، آپ ﷺ نے حجام کو اجرت دی
- اور جس روایت میں ممانعت ہے تو خلاف اولی پر محمول ہے یا منسوخ یا خلاف مروت پر محمول ہے۔

بَابُ مَنْ كَلَّمَ مَوَالِيَ العَبْدِ: أَنْ يُخَفِّفُوا عَنْهُ مِنْ خَرَاجِهِ(حدیث:2281)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: سفارش کرسکتے استحبابًا وندبًا۔

بَابُ كَسْبِ البَغِيِّ وَالإِمَاءِ(حدیث:2282-2283)

- باندی اپنے ہاتھ سے کمائی کرے تو جائز ہے لیکن وہ فاحشہ وغیرہ نہ ہو ورنہ ناجائز ہے اور زانیہ کی اجرت سب کے نزدیک ناجائز ہے۔

بَابُ عَسْبِ الفَحْلِ(حدیث:2284)

- عسب: جفتی کرنا: مذکر حیوان کا مؤنث سے ملانا؛ فحل: مذکر حیوان (نر)
- اجرت لینا جائز نہیں: 1) اسلئے کہ معلوم نہیں کہ معنی نکلتی ہے یا نہیں

2) حمل ہو گا یا نہیں۔

3) ولد پیدا ہو گا یا نہیں؟

- آپ ﷺ سے پوچھا گیا کہ اگر بطور اکرام انکو کچھ دے دے تو آپ ﷺ نے فرمایا کوئی حرج نہیں تو اگر متعین نہ ہو اور مل جائے تو کوئی حرج نہیں، اس سے معلوم ہوا کہ حفاظ کو جو ملتا ہے ختم پر وہ لے سکتے ہیں اسلئے کہ وہ بھی بطور اکرام کے ملتا ہے۔ اور اگر اجرت دیتے تو امامت کی اجرت ہے نہ کہ تلاوت کی اسلئے کہ وہ دیکھتے ہیں کہ داڑھی ہے یا نہیں۔

اسی طرح اگر کسی کو اجرت پر لے ایک مہینے تک جمعہ کے دن

مفتی کفایت اللہ نے لکھا ہے کہ اگر امامت کے لئے مقرر کرے تو جائز ہے ورنہ علماء دیوبند ناجائز کہتے ہیں۔

بَابُ إِذَا اسْتَأْجَرَ أَرْضًا، فَمَاتَ أَحَدُهُمَا(حدیث:2285-2286)

- احناف:ایک کی موت سے اجارہ فسخ ہو گا؛ ائمہ ثلاث:اجارہ بر قرار جبتک اجل باقی ہو۔
- احناف:2قسم کے اجارہ ہیں:1)اپنے لئے تو مرنے سے ختم ہو گا، پھر اجارہ کی تجدید کرے اگر جاری رکھنا ہو

2)دوسرے کے لئے یا اجارہ میں تعمیم کرلے، پھر ختم نہیں ہو گا۔

-اسکی نظیر یہ ہے کہ ایک آدمی اجارہ کر کے کہتا ہے کہ ایک سال میں کمپیوٹر سیکھو نگا تو ایک سال کے ختم ہونے سے پہلے اگر مر جائے، تو کون سیکھے گا؟اسکا باپ؟

-اگر کل شھر بعشرۃ دراھم کہا تو ایک مہینے کے بعد جب 24 گھنٹے گزر جائے تو خود بہ خود دوسرے مہینے کے لئے اجارہ ہو گا

-اِلی تمام الأجل:مولانا فتح محمد:اجل تک اگر فی صورۃ التعلیق ہو تو رہ سکتا ہے اسلئے کہ آج کل قانون یہ ہے کہ موت کا اعتبار نہیں ہے دنیا میں، بلکہ اجل کا اعتبار ہے تو ائمہ ثلاث کی موافقت ہوئی۔

-اگر موت کے ساتھ ختم ہو تو بہت سارے نقصانات ہیں، تو حالات کا تقاضا بھی یہی ہے کہ مولانا فتح محمد کی بات مان لے۔

-ابن عمرؓ کے قول سے معلوم ہوتا ہے کہ دونوں میں سے اگر کوئی بات نہ کرے تو سال کے لئے (چونکہ یہاں کھجور کے لئے سال تھا) خود بہ خود تجدید ہو گی۔

-کراء المزارع:مزارعت یا ثلث و بالربع کی ممانعت کی ہے۔

-اگر وارثین اعتراض کرے تو دیکھا جائے گا کہ تعلق ہے یا نہیں اگر ہے تو اجل تک رہے گا۔

-براعۃ الاختتام:1)فمات أحدھما۔

2)بعد ما قُبِضَ النبی ﷺ ؛

3)أجلاھم عمرؓ وطن سے نکالا

38 – كِتَاب الحَوَالاَتِ(حدیث:2287-2289)

بَابُ الحَوَالَةِ، وَهَلْ يَرْجِعُ فِي الحَوَالَةِ؟(ص305)(حدیث:2287)

- عام طور پر فقہاء کفالۃ کو مقدم کرتے ہیں حوالہ پر اسلئے کہ کفالہ میں اثبات اور مطالبہ ہے اور حوالہ مرکب ہے اثبات اور نفی سے، چونکہ ثالث سے مانگتے اور مدیون سے نہیں مانگتے، لیکن مصنفؒ نے حوالہ مقدم کیا اسلئے کہ حوالہ بہ منزلہ مفرد: نقل الدَّین من المدیون إلی الثلاث اور کفالہ میں مطالبہ مدیون سے بھی اور کفیل سے بھی تو بہ منزلہ مرکب ہے۔
- حوالۃ من اثبات المطالبۃ من أحدھما اور کفالۃ: اثبات المطالبۃ من اثنین یا اشراک المدیون مع الکفیل فی کونھما مطلوبین۔
- بعض کہتے ہیں کہ حقیقت میں یہ بیع الدین بالدین نہیں بلکہ عقد استیفاء
- مدیون: محیل اور دائن: محتال؛ ثالث: محتال علیہ
- حوالہ: دائن بھی راضی ہونا چاہئے خلاف لِلامام احمدؒ، اور مدیون کسی اور پر ڈال سکتا ہے اور ہم کہتے کہ دائن وصول کرتا ہے برضاء المحتال علیہ (یعنی ثالث)۔
- فؒ: ضروری نہیں اسلئے کہ ممکن ہے کہ ثالث پہلے سے مدیون ہو۔
- کؒ: محتال علیہ کی رضامندی ضروری ہے اگر دونوں کے درمیان عداوت ہو۔
- یتخارج الشریکان: ایک نے کہا کہ میں (mercedes) لونگا، دوسرے نے کہا کہ میں شرکت والا قرض وصول کرونگا، اسی طرح اگر دو بھائی ہیں (اہل میراث) تو ایک نے عین لیا اور ایک نے دین لیا
- احناف کہتے کہ: ناجائز ہے، اسلئے کہ تملیک الدَّین من غیر المدیون ناجائز ہے اور اسلئے کہ قبضہ نہیں ہے۔
- تو احناف میں یہ حیلہ چل سکتا ہے کہ ان یوکلہ بالقبض اور وکیل بالقبض بننے کے بعد اپنے لئے لیں گے
- پھر اسپر اشکال ہے کہ وارث جب لے گا وہ قبضہ معاوضہ کا قائم مقام نہیں ہو سکتا ہے۔
- فتح القدیر کی رائے یہ ہے اور فتح القدیر کے مصنفین نے لکھا ہے کہ خلافت عثمانیہ میں قانون یہ تھا کہ تملیک الدین من غیر المدیون ممکن تھا باذن الدائن تو پھر یہ مسئلہ ٹھیک ہو گا (ھدایہ ص118 حاشیہ میں مذکور ہے) ولکن ھبۃ الدین من غیر المدیون بإذن الدائن ممکن ہے۔
- زوج نکل گیا مہر کے بدلے تو باقی 3 حصے میں تقسیم ہو گا، 2 ام کے لئے اور ایک عم کے لئے۔

بَابُ إِذَا أَحَالَ عَلَى مَلِيٍّ فَلَيْسَ لَهُ رَدٌّ(حدیث:2288)

- احناف: جب مدیون مالدار یا غیر مالدار ہو توی کی صورت میں راجع ہو گا
- مدیون مر گیا اور مفلس ہے یا اسنے انکار کیا تو یرجع علی المدیون۔
- سمؒ: مفلس یا مفلَّس بن جائے تو یرجع علی المدیون
- ھدایہ میں ہے کہ مفلَّس ہونے کا اعتبار نہیں ہے اسلئے کہ مال غادر ورائح ہے
- جمہور: ضروری ہے کہ قبول کرے؛ ظاہریہ: ضروری نہیں کہ قبول کرے۔
- فؒ: لایرجع علی المدیون؛ حؒ: لایرجع علی المدیون إلا فی صورۃ التوی

- دؒ:جب اسکی فقیری ثابت ہو جائے تو پھر یرجع علی المدیون؛ کؒ:إذا ظهر الغرور یرجع علی المدیون
- اشکال:فإن أفلستَ: مدیون کے مفلس ہونے میں کوئی دخل نہیں ہے، دائن کے لینے سے محتال علیہ سے ے؟!

جواب:1) ممکن ہے کہ مصنفؒ کے نزدیک حوالہ میں مدیون اور محتال علیہ دونوں سے لے سکتے (لیکن یہ بات ثابت نہیں اسلئے کہ ترجمۃ الباب سے مختلف ہے)۔

2)جب رجوع نہیں کر سکتا اس حالت میں کہ غنی ہے تو فقیر ہونے کی حالت میں بہ طریق اولی نہیں لے سکتا ہے اس سے (دلالۃ النص)(یہ حضرت شاہ صاحبؒ کا قول ہے)۔

مفتی صاحب کا خیال:3) حقیقت میں حوالہ کا فائدہ کا بیان ہے: کہ اگر آپ مفلس بن جائے، پھر آپکو کچھ فکر نہیں ہے اسلئے کہ ذمہ داری کو تونے منتقل کر دیا ہے۔

بَابُ إِنْ أَحَالَ دَيْنَ المَيِّتِ عَلَى رَجُلٍ جَازَ(حدیث:2289)

- یعنی نافذ دین ساقط مدیون سے اور محتال علیہ پر باقی
- رؒ:میت کے دین سے حوالہ:لا تصح بلکہ تبرعات کے قبیل سے سوائے یہ کہ میت کا کفیل موجود ہو یا مال اسلئے کہ الحوالۃ تکون بالدین الثابت وھذا ساقط بالدین اسلئے کہ نہ اسکا مال ہے نہ اسکا کفیل ہے اگرچہ آخرت کے اعتبار سے موجود ہے اور میت کی ذمہ داری ختم۔
- دیگر ائمہ:حوالہ صحیح اور دین موجود فی حق الآخرۃ اور دنیا میں بھی، دائن مطالبہ کرے گا وارثین سے اور میت کا ذمہ باعتبار سابق ہے کہ ذمہ تھا؛ اس مسئلہ میں فتوی سمؒ کے قول پر ہے جو کہتے کہ حوالہ صحیح میت کے دین کے لئے اور قانون یہی تھا خلافت عثمانیہ میں (شرح مجلہ میں ہے)اور فتح القدیر میں بھی تقریباً یہی بات ہے۔وعدہ نہیں ہے کہ دین لازم ہو گا۔
- براعۃ الاختتام:صلُّوا علی صاحبکم

39 – كتاب الكفالة(حدیث:2290-2298)

- یہاں ڈبل سے مانگا جاتا ہے یعنی دونوں دین کے ذمہ دار ہیں؛ کفیل: ضم ذمة إلى ذمة أخرى في المطالبة
- کفیل مصر کی لغت میں: حمیل اور اہل مدینہ کے یہاں زعیم کے معنی میں ہے۔
- فؒ: کفالت بالنفس جائز نہیں اور بعد میں اس سے رجوع کیا یعنی قائل ہوئے
- 1) کفالة بالمال: ولمن جاءبه حمل بعير وأنا به زعيم؛ 2) کفالت بالنفس: لن أرسله حتى تؤتوني موثقا من الله لتأتنني به إلا أن يحاط بكم
- قرض: 1) مایؤخذ لإتمام الحوائج اور احناف کہتے کہ قرض میں کفالہ نہیں ہے تو مصنفؒ قرض کے مسئلے میں ائمہ ثلاث کے ساتھ ہیں۔
- اور بالأبدان سے احناف کی موافقت ہے؛ 2) دین: مایلزم في المعاوضات أو في الضِّمان
- قرض میں تأجیل لازم نہیں ہے اور دین میں تأجیل لازم ہے۔

بَابُ الكَفَالَةِ فِي القَرْضِ وَالدُّيُونِ بِالأَبْدَانِ وَغَيْرِهَا(حدیث:2290-2291)

- کؒ: اس پر حد ہے، اگر بیوی کے جاریہ سے زنا کیا؛ حؒ: اگر حرمت کا علم ہے تو حد ہے ورنہ نہیں (تھوڑی سزا دے سکتے ہیں)
- دؒ: اگر جاریہ پر زبردستی کی تو بیوی کو قیمة الحرة دے دے اور اگر جاریہ راضی تھی تو بیوی کو قیمة الجاریة دے دے۔
- عمرؓ نے 100 کوڑے بطور سزا اور تعزیر نافذ کئے اور انکے نزدیک 100 کوڑے تعزیر میں جائز تھا۔
- کؒ: لا مقدار للتعزیر؛ دؒ: لا یزید علی عشرة، 10، حدیث: لایجلد فوق عشرة إلا في حد من حدود الله؛
- احناف فؒ: اس حدیث کا یہ مطلب بیان کرتے کہ تعزیر کو حد تک نہیں پہنچائیں گے تو حد سے کم ہونا چاہئے، تو ایک روایت میں 39 ہونا چاہئے اور حد العبد: 80 اور ایک روایت میں 79 ہونا چاہئے کہ حد الحر 80 اور امام سؒ: 75۔
- عبد اللہ بن مسعودؓ سے کسی نے کہا کہ عبد اللہ بن نواحہ کی مسجد میں مؤذن نے أشهد أن مسيلمة رسول الله (نعوذ باللہ) تو انکو لایا گیا اور مشورہ کیا کہ کیا کرنا چاہئے۔
- کؒ: اگر مکفول عنہ مر جائے تو کفیل بالنفس کے اوپر مال آئے گا اسلئے کہ ایسی نفس کی کفالت لی جس پر مال لازم تھا۔
- حؒ: اگر کفیل نے کہا کہ اگر حاضر نہ کروں اسکو تو علیَّ المال تو تب اس پر مال ہو گا ورنہ نہیں۔

بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى: (وَالَّذِينَ عَاقَدَتْ أَيْمَانُكُمْ فَآتُوهُمْ نَصِيبَهُمْ)(ص306) (حدیث:2292-2293-2294)

- یہ کفالہ کے ابواب چل رہے تو موالائے موالاۃ کہاں سے آیا؟ تو کہا کہ دونوں میں مشابہت ہے اسلئے کہ اسمیں التزام المیراث بالحِلف
- والذین عقدت أیمانھم: 1) بعض کہتے کہ منسوخ ہے ولکل جعلنا موالی سے
- 2) اور بعض کہتے کہ منسوخ کی ضرورت نہیں اسلئے کہ جب وارثین نہ ہو تو پھر والذین عقدت أیمانھم یعنی موالائے موالات کو ملے گا
- وقد ذهب الميراث ويوصى له: أي صار الميراث وصيًّا۔
- حِلف: 1) وہ معاہدہ ہے جسمیں قسم ہو۔
  2) وہ معاہدہ جسمیں خیر اور بھلائی کا کام ہو اور فتنے وغیرہ کا کام نہ ہو۔

بَابُ مَنْ تَكَفَّلَ عَنْ مَيِّتٍ دَيْنًا، فَلَيْسَ لَهُ أَنْ يَرْجِعَ(حدیث:2295-2296-2297-2298)

- لیس لہ أن یرجع: أی: عن الکفالۃ؛ 2)فی الترکۃ
- اس کفالے میں رجوع ممکن ہے جسمیں مکفول لہ کا حکم ہے اور یہاں تبرع ہے۔
- احناف کے نزدیک کفالت عن میت لازم نہیں ہے۔
- المواعید تلزمُ إذا کانت فی صورۃ التعلیق مثلاً إذا صلیت علیہ فأنا کفیل عن دینہ
- اور یہی اجارہ میں بھی لکھا ہے کہ موت سے اجارہ ختم: إن کان علیہ دینٌ فأنا کفیل لہ
- لیکن إذا کانت الإجارۃ فی صورۃ التعلیق فالإجارۃ إلی الأجل
- إن أبا بکرؓ تکفل بمواعید النبی ﷺ(یہ ترجمۃ الباب سے مناسبت ہے)۔

بَابُ جِوَارِ أَبِي بَكْرٍ فِي عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَقْدِهِ(ص307)(حدیث:...)

- ابن الدغنۃ انکے پناہ میں آئے تھے
- اشکال: کفالہ کے ابواب چل رہے اور یہاں پناہ کی بات کرتے ؟!
  جواب: المجیر کالکفیل یعنی ذمہ داری کے اعتبار سے
- دغنۃ: السحاب الممطر واسمہ ربیعۃ وقیل اسمہ مالک؛
- تکسب المعدوم: 1) فقیروں کو.....2) تعطی المعدوم
- یہ اشکال نہین ہے کہ بلند آواز سے کیوں تلاوت شروع کی اسلئے کہ ابو بکرؓ اس معاہدے میں نہیں تھے بلکہ قریش اور ابن الدغنۃ کا معاہدہ تھا۔

بعض نسخوں میں باب اور بعض میں باب الدین(ص308)

- آپ ﷺ کے مدیون پر صلوۃ ناجائز تھی قبل الکفالۃ، پھر جب فتح ہوا تو فرمایا: أنا أولی بالمؤمنین من أنفسہم
  شعر: اپنی امت پر جتنی شفقت شاہ عالم کو اتنی شفقت کسی ماں باپ کی نہ سنی
- براعۃ الاختتام: 1) ترک مالاً فلورثتہ؛ 2) صلوا۔

40 – كِتَاب الوَكَالَةِ(حدیث:2299-2319)

بَابُ وَكَالَةِ الشَّرِيكِ الشَّرِيكَ فِي القِسْمَةِ وَغَيْرِهَا(حدیث:2299-2300)

- وکالۃ: اقامۃ الشخص غیرہ مقام نفسہ لغۃً: تفویض؛
- فابعثوا أحدکم بورقکم: کفیل کی ذمہ داری زیادہ ہے اسی لئے پہلے بیان کیا۔
- آپ ﷺ نے عروہؓ کو وکیل بنایا بشراء الحیوان اور حکیم بن حزام کو وکیل بنایا بشراء القُربان۔

بَابُ إِذَا وَكَّلَ المُسْلِمُ حَرْبِيًّا فِي دَارِ الحَرْبِ، أَوْ فِي دَارِ الإِسْلاَمِ جَازَ(حدیث:2301)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: توکیل معاملہ ہے تو کافر سے معاملہ کرسکتے
- وکالت کے لئے اتحاد ملت ضروری نہیں ہے۔
- توکیل میں تحقیر نہیں ہے اور دار الحرب میں توکیل کرسکتے۔
- جب عبد منسوب (مضاف) ایسی چیز کی طرف جو مشہور بالعبودیۃ تو حرام ہے جیسے عبد صنم یا عبد مناف
جب عبد منسوب (مضاف) ایسی چیز کی طرف جو مشہور بالعبودیۃ نہیں لیکن اگر شبہ ہے تو مکروہ ہے جیسے عبد نبی یا عبد الدینار
جب عبد منسوب (مضاف) ایسی چیز کی طرف جو مشہور بالعبودیۃ نہیں اور شبہ بھی نہیں تو ٹھیک ہے جیسے من عبادکم وإمائکم: عبد المطلب اور عبد المطلب آپ ﷺ کے چچا تھے تو مطلب یہ ہے چچا کا غلام ہے۔
- اشکال: جب عبد الرحمن بن عوف نے امان دیا تو پھر کیوں صحابہؓ نے قتل کیا؟
جواب:1) صحابہؓ نے معاہدہ نہیں کی۔
2) میدان قتال میں معاہدہ نہیں

-اشکال: عبد الرحمنؓ نے اتنی حمایت کیوں کی؟
جواب:1) انکے ایمان کے لانے کی امید کی بناپر
2) معاہدہ کی پابندی کی وجہ سے۔

بَابُ الوَكَالَةِ فِي الصَّرْفِ وَالمِيزَانِ(حدیث: 2302-2303)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:1) وکیل کا اعتبار ہے مؤکل کا نہیں، یداً بیدٍ وکیل کے لئے
2) تنفیذ الحدود میں وکالت صحیح نہیں، ہاں اثبات الحدود میں صحیح ہے

-اس حدیث سے حیلہ کو ثابت کرتے۔

بَابُ إِذَا أَبْصَرَ الرَّاعِي أَوِ الوَكِيلُ شَاةً تَمُوتُ، أَوْ شَيْئًا يَفْسُدُ، ذَبَحَ وَأَصْلَحَ مَا يَخَافُ عَلَيْهِ الفَسَادَ(ص308)(حدیث: 2304)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:1) وکیل کے لئے جائز ہے کہ اصلح وخیر کی طرف منتقل ہوجائے اسلئے کہ مؤکل کی اجازت ہے۔

- بکری کو ذبح کرنا حالت اضطرار میں انتقال إلی الخیر ہے ورنہ میتۃ بنے گی۔
- اصطلاح فقہاء میں مخالفۃ إلی الخیر کہتے اور اجازت دلالۃً ہے، اگرچہ صریح نہیں

بَابٌ: وَكَالَةُ الشَّاهِدِ وَالغَائِبِ جَائِزَةٌ(ص309)(حدیث:2305)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: حاضر یا غائب وکیل بنائے تو جائز ہے۔
- اختلاف ہے کہ کیل بننا مدّ مقابل کی رضا ہے یا نہیں؟
- ائمہ ثلاث: مدعی علیہ کی رضامندی ضروری نہیں
- رحؒ: مدعی علیہ کی رضامندی ضروری ہے إلا کہ مؤکل مریض یا مسافر، کبھی کبھی مدعی علیہ نقصان اٹھاتا ہے جو شریعت کے خارج ہے، اسی لئے اسکی رضامندی ضروری ہے۔
- سمؒ: فتوی انکے قول پر ہیں کہ مدّ مقابل کی رضامندی ضروری نہیں۔
- وکالت عبادت مالیہ اور مرکبہ میں چلتی یا عبادت، بدنیہ میں نہیں چلتی ہے۔
- احناف: یہ حدیث پہلے کا تھا اسلئے کہ بعد میں حیوان کو حیوان کے بدلے میں نسیئۃً ناجائز ہے۔

بَابُ الوَكَالَةِ فِي قَضَاءِ الدُّيُونِ(حدیث:2306)

- الدین یکون فی المعاوضات والدیونات
- والقرض: مایؤخذ لقضاء الحاجات

بَابُ إِذَا وَهَبَ شَيْئًا لِوَكِيلٍ أَوْ شَفِيعِ قَوْمٍ جَازَ(حدیث:2307-2308)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: قبض الوکیل قبض المؤکّل فی تکملۃ الھبۃ؛ الشفیع کالوکیل
- عریف: سردار قوم، ہوازن کی جماعت آئی تھی، شرکاء، وکلاء اور عرفاء تھے۔
- وفد: الجماعۃ المختارۃ المرسلۃ، 6000 قیدی تھے، 24000 اونٹ اور 40000 بکریاں اور بھیڑ
- یہاں 2 طرف سے توکیل ہوئی: ایک عرفاء وغیرہ جو بھیجے گئے تھے ہوازن سے اور....
- عریف: یعرف أحوال الناس والقوم

بَابُ إِذَا وَكَّلَ رَجُلٌ رَجُلًا أَنْ يُعْطِيَ شَيْئًا، وَلَمْ يُبَيِّنْ كَمْ يُعْطِي، فَأَعْطَى عَلَى مَا يَتَعَارَفُهُ النَّاسُ(حدیث:2309)

- ترجمۃ الباب: توکیل میں مہلت عرفیہ چل سکتی ہے، اسی لئے جب حسانؓ نے صفیہؓ کو لیا تھا تو واپس کروایا، پھر اسلئے کہ.....لینے کی اجازت دی نہ کہ رئیس الجاریۃ کی اجازت یالملکۃ القوم
- تصرف کی مثال: 1) عثمان بن أبی العاصؓ کے وسوسہ کو دفع کیا آپ ﷺ نے۔
2) ابو طلحہؓ کا گھوڑا؛ 3) جریرؓ سواری پر مضبوط ہوئے؛ 4) حکیم بن حزام جب شک میں پڑ گئے قراءت میں تو

شک دور کیا۔

بَابُ وَكَالَةِ المَرْأَةِ الإِمَامَ فِي النِّكَاحِ(ص310)(حدیث:2310)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: عورت وکیل بنادے امام المسلمین کو تو توقیر نہیں ہے۔
- فؒ: تعلیم القرآن کو مہر بنانا جائز ہے؛ ائمہ ثلاث: تعلیم القرآن مہر نہیں بن سکتے بلکہ باء سببیت کا ہے أی بسبب ما معک من القرآن جیسے ظلمتم انفسکم باتخاذکم العجل أی بسبب اتخاذکم العجل؛ اور اصل مہر میں تو مال ہونا چاہئے جیسے أن یتبعوا بأموالکم؛ من لم یستطع منکم طولاً أی غِنًی؛ فنصف ما فرضتم (طلاق قبل الدخول جب مہر متعین ہوا تھا) اور نصف، مال میں ہوتا ہے اسی طرح: لامهر اقل من عشرة دراهم (سند میں اگرچہ مبشر بن عبید پر کلام ہے) لیکن تائید میں حضرت علیؓ کا قول ہے (لمباقصہ) تو یہاں مقرر نہیں ہوا مہر تو یہ انکی خصوصیت تھی۔

دوسری روایت ابو النعمان کی.....بصورة من القرآن، لا یکون هذا الأحدٍ بعدک

- یہ بھی ممکن ہے کہ ایک مہینے کی تعلیم 20 درہم تو 20 درہم مہر ہے۔

بَابُ إِذَا وَكَّلَ رَجُلًا، فَتَرَكَ الوَكِيلُ شَيْئًا فَأَجَازَهُ المُوَكِّلُ فَهُوَ جَائِزٌ، وَإِنْ أَقْرَضَهُ إِلَى أَجَلٍ مُسَمًّى جَازَ(حدیث:2311)

- یعنی اگر کوئی آدمی آکر کچھ لے لے اور وکیل نے چھوڑ دیا
- وإن أقرضه إلى أجل مسمى جاز: کوئی وکیل بالحفظ ہے کھجوروں کا، پھر کوئی آیا اور ایک کیلو لے لیا، پھر مؤکل نے اجازت دی تو جائز ہے یا کوئی آکر قرض مانگے اور وکیل دے دے، پھر مؤکل اجازت دے تو ٹھیک ہے۔
- ترجمۃ الباب کا مقصد: الإجازة اللّاحقة بمنزلة الإجازة السابقة
- سوال: دوبارہ کیوں چھوڑ دیا جب آپ ﷺ نے فرمایا "کذب"

جواب: 1) بھول گیا (هذا الاصح)؛ 2) سمجھنا کہ مجبوری کی وجہ سے، جھوٹ بولا (هذا الاصح)؛ 3) آپ ﷺ نے فرمایا کہ جھوٹ بولا تو یہ سمجھا کہ آج جھوٹ نہیں بولے گا۔

- سوال: اسمیں تو نہیں آیا کہ قرض دے سکتا ہے؟

جواب: جب ہبہ ممکن ہے تو قرض اس سے خفیف ہے

- بعض نے کہا کہ اس جملے سے ثابت ہے: "میں آپکا معاملہ"

بَابٌ: إِذَا بَاعَ الوَكِيلُ شَيْئًا فَاسِدًا، فَبَيْعُهُ مَرْدُودٌ(حدیث:2312)

- مردود: 1) هذا ممّا یُردُّ، تو یہ احناف کے مذہب کے موافق کہ بیع فاسد واجب الرد ہے إلا یہ کہ کچھ اعذار عارض ہو، مثلاً مشتری نے کسی اور کے ہاتھ بیچ دیا۔

2) بیع باطل مراد اور یہ احناف کے موافق نہیں اور احناف کہتے کہ بیع منعقد ہے اگرچہ واجب الردّ ہے

-بہت سی چیزیں ممنوع ہے لیکن باطل نہیں، صلوۃ فی الأرض المغصوبۃ، طلاق فی حالۃ الحیض، 3 طلاق اکٹھا ممنوع، اور ظہار بھی کی تھی اگرچہ قرآن نے کہا کہ منکرًا من القول وزورًا ہے لیکن منعقد ہے اور اس پر کفارہ بھی ہے۔

-اسی طرح حدیث میں ہے کہ بیوی نے شوہر کی بکری کو لاکر ذبح کیا آپ ﷺ کے لئے، لیکن آپ ﷺ نے نہیں کھایا اور کہا کہ اساری کو کھلا دو۔

مسلم کی روایت ہے: عین الربا، فردوہ، عقد ربا اصلاً صحیح ہے اور وصفًا لایصح اور ربو ملکیت میں نہیں آتی۔

بَابُ الوَكَالَةِ فِي الوَقْفِ وَنَفَقَتِهِ، وَأَنْ يُطْعِمَ صَدِيقًا لَهُ وَيَأْكُلَ بِالْمَعْرُوفِ(ص311)(حدیث:2313)

- اگر واقف خود متولی تو بقدر ضرورت لے سکتا ہے؛
- ترجمۃ الباب کا مقصد: وکیل متولی بن سکتا ہے۔

بَابُ الوَكَالَةِ فِي الحُدُودِ(حدیث:2314-2315-2316)

- وکالۃ، اثبات حدود میں جائز ہے اور اسکے برعکس استیفاء الحدود (لایجوز) بلکہ خود مؤکل کا ہونا ضروری ہے کہ اسمیں شبہ بدلیت ہے
- اگر استیفاء اور قصاص ہو تو خود مؤکل کا ہونا ضروری ہے کہ معاف کر سکتے
- فٌ: استیفاء حدود میں وکیل کافی ہے اگرچہ مؤکل نہ ہو۔
- حدود میں اگر معاملہ اقرار کا ہو تو امام کا ہونا ضروری ہے اسلئے کہ رجوع عن الاقرار جائز ہے تو امام معاف کر دے گا، اسی لئے جب ماعزؓ بھاگے تو آپ ﷺ نے فرمایا کیوں نہیں چھوڑا؟
- اگر حدود میں معاملہ شہادت سے ہوا تو قاضی کا ہونا ضروری نہیں۔
- فان اعترفت فارجمھا: پردہ نہیں ڈالا اسلئے کہ اسپر قذف ہے، تو معاملہ کھلا ہونا چاہئے
- عبد البر: ابن النعیمان تھا اسلئے کہ کان مزّاحًا اور شراب پیا تھا۔

بَابُ الوَكَالَةِ فِي البُدْنِ وَتَعَاهُدِهَا(حدیث:2317)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: یہ توکیل عبادت مالیہ میں ہے جو کہ صحیح ہے، اگر کوئی قربانی کا ارادہ کرے تو ناخن کا کاٹنا جائز ہے۔

بَابُ إِذَا قَالَ الرَّجُلُ لِوَكِيلِهِ: ضَعْهُ حَيْثُ أَرَاكَ اللَّهُ، وَقَالَ الوَكِيلُ: قَدْ سَمِعْتُ مَا قُلْتَ(حدیث:2318)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: 1) وکالت میں اگر ایجاب و قبول ہو تو قبلتُ کی جگہ پر، اگر سمعتُ ہے تو ٹھیک ہے۔
2) اگر وکیل بالاعطاء ہے تو اگر خود فقیر ہے تو اپنے اوپر خود نہیں کر سکتا ہے (ضعہُ حیث اَراک اللہ) -ہاں اگر حیث شئت کہے، تب اپنے اوپر بھی خرچ کر سکتا ہے۔

بَابُ وَكَالَةِ الأَمِينِ فِي الخِزَانَةِ وَنَحْوِهَا(حدیث:2319)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: امین اور وکیل دونوں بنا سکتے۔
- براعت اختتام: طیّبًا نفسہ یعنی اچھا آدمی ہو تو آخرت میں بھی اچھی حالت ہو گی؛ الخزانۃ لا تفتح۔

41 – كِتَاب الْمُزَارَعَةِ(حدیث:2320-2350)

- مزارعت: عقدٌ ببعض الخارج اور وہی مخابرۃ ہے
- بعض کہتے کہ فرق ہے: مالک زمین کی طرف بیج ہو تب مخابرۃ ہے۔
- بعض کہتے کہ دونوں ایک ہے۔
- إن رسول اللہ ﷺ عامل أهل خيبر بنصف ما يخرج، اسی لئے مخابرۃ کہا گیا خیبر کی نسبت سے
- دؒ: جائز ہے اور باقی ناجائز کے قائل؛ فؒ: مزارعت فی المساقاۃ جائز أی تبعًا لیکن یہ بات ثابت نہیں کہ کھجوروں کے باغ ہی تھے
- ائمہ ثلاث: قفیز الطحان کے مشابہ
- اور سمؒ ومتأخرین: جائز ہے قیاسًا علی المضاربۃ، مضارب کے عمل پر ثلث یا ربع ملتا، تو یہاں بھی۔

بَابُ فَضْلِ الزَّرْعِ وَالغَرْسِ إِذَا أُكِلَ مِنْهُ(حدیث:2320)

- بعض کہتے کہ زراعت افضل ہے اسلئے کہ پرندے چرندے اور آدمی سب کھاتے۔
- بعض: تجارت اسلئے کہ آپ ﷺ نے تجارت کی اور ابو بکرؓ نے بھی تجارت کی۔
- اصول الکسب 4 ہیں: 1) زراعت، 2) تجارت، 3) صنعت وحرفت، 4) اجارۃ۔

بَابُ مَا يُحَذَّرُ مِنْ عَوَاقِبِ الِاشْتِغَالِ بِآلَةِ الزَّرْعِ، أَوْ مُجَاوَزَةِ الحَدِّ الَّذِي أُمِرَ بِهِ(ص312)(حدیث:2321)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: تعارض کو دفع کرنا؛ ماقبل سے پتہ چلتا ہے کہ زراعت فضیلت کی چیز اور بعد میں معلوم ہوتا ہے کہ ذلت کی چیز ہے
- ابو نعیم کی روایت:
- تطبیق: 1) ذلت ہے جب زمین خراجی کو کاشت کرے، اگر عشری زمین تو پھر عزت ہے۔
  2) جب حد سے زیادہ اسمیں مشغول ہو جائے
  3) دنیا میں ذلت ہے آخرت میں فضیلت ہے
  4) جب مأمورات کو چھوڑ دے تب ذلت ہے
  5) جبکہ جہاد کے کام کو چھوڑ دے زراعت کی وجہ سے
  6) ذُلّ کے معنے تواضع ہے تو تواضع عزت کے منافی نہیں ہے جیسے قرآن میں أذلۃ مؤمنین کے لئے آیا ہے۔

بَابُ اقْتِنَاءِ الكَلْبِ لِلْحَرْثِ(حدیث:2322-2323)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: فصل اتنا اہم ہے کہ کتے کو بھی پال سکتے اسکی وجہ سے
- کتا مبغوض ہے اسلئے کہ گندگی کھاتا ہے، فرشتے نہیں آتے، مؤذی ہے، قوم کا دشمن ہے، حرص، کریہ الرائحۃ لیکن اسمیں اچھی صفات بھی ہیں اسلئے ضرورت کی وجہ سے رکھ سکتے، اسمیں عابدانہ، محافظانہ، مطعمانہ، زاہدانہ صفات ہیں (16 صفات ہیں جو باب النجاسات میں بیان ہوا)۔

بَابُ اسْتِعْمَالِ البَقَرِ لِلْحِرَاثَةِ(حدیث:2324)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:بقر کو ہل چلانے کے لئے استعمال کرنا بہتر ہے، اگر چہ ابل یا فرس استعمال کر سکتے، اسی طرح رکوب کے لئے بقر استعمال کر سکتے، لیکن بہتر نہیں، ہر چیز کا ایک مرتبہ و مقام ہے: أنزلوا الناس منازلھم، اسی طرح حیوانات کے لئے۔
- یوم السبع:1)یوم الإمھال: جس دن جانوروں کو چھوڑیں گے، ہر ایک اپنے فکر کی وجہ سے
  2)درندوں کی حکومت ہو گی(اسلئے کہ سب لوگ چلے گئے)

-جب شرکت کی تفصیل نہ ہو تو نصف مراد ہے۔

-مہاجرین انصار کی زمین کی نگرانی کرتے تھے؛انصار قبل الھجرۃ تجارت کرنے والے تھے اور بعد الھجرۃ مزارع بن گئے۔

بَابُ إِذَا قَالَ: اكْفِنِي مَئُونَةَ النَّخْلِ وَغَيْرِهِ، وَتُشْرِكُنِي فِي الثَّمَنِ(حدیث:2325)؟؟؟؟؟

بَابُ قَطْعِ الشَّجَرِ وَالنَّخْلِ(حدیث:2326-2327)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:جب شجر و نخلۃ اتنا اہم ہے تو پھر کاٹنا مکروہ ہو گا، تو بتایا نہیں اور مصلحۃً کاٹ سکتے

شعر:تعاہد معشرٌ نصروا قریشًا

ھم أووا الکتاب فضیعوہ وھم عمیٌ عن.....بور

کفرتم بالقرآن وقد أبیتم بتصدیق الذی قال النذیر

بَاب

- باب فی الحدیث الذی نشأ منہ الاختلاف فی المزارعۃ(باب فی بیان المزارعۃ)
- اس عقد میں گویا جہالت تھی کہ مالک کے حصے پر کچھ ہو گا یا نہیں
- 1)اس حدیث نے واضح کر دیا کہ وہ صورت جو ناجائز ہے شرط فاسد کے ساتھ۔
  2)نہی مزارعت سے مبنی ہے ارشاد پر اور بہتری پر۔

-مما:ربما کے معنے میں یا تبعیضیہ

بَابُ المُزَارَعَةِ بِالشَّطْرِ وَنَحْوِهِ(ص313)(حدیث:2328)

- ترجمۃ الباب کا مقصد(مزارعت کے دلائل کا بیان)
- 1)مزارعت کی پہلی دلیل ص312؛ 2)باب کے شروع کا نام؛ 3)عامل عُمر؛ 4)قول حسن؛ 5)قول زہری
- آخری دلیل:اھل خیبر کے ساتھ ص315 تیسری سطر
- احناف:اگر عرف عام ہو تو جائز ہے؛ مزارعت میں وقت بتانا ہے اور اگر نہ بتائے تو پکنے تک معاملہ ہو گا۔
- ایک وسق:60صاعًا مسلم میں صراحت:وکانت الأرض التی ظھر علیھا اللہ ورسولہ
- دوسری روایت:افتتح رسول اللہ ﷺ خیبر

بَابُ إِذَا لَمْ يَشْتَرِطِ السِّنِينَ فِي المُزَارَعَةِ(حدیث:2329)

- مکئ 3 مہینے تک پکتے تھے تو مزارعت 3 مہینے تک

بَابٌ(حدیث:2330)

- أی الجواب عن الحدیث المشتمل عن النھی
- نقرکم ماشئنا: تو یہ مسئلہ سکنی ہے، نہ کہ مزارعت۔

بَابُ المُزَارَعَةِ مَعَ اليَهُودِ(حدیث:2331)

- یہودی یعنی یہ معاملہ غیر مسلم کے ساتھ کرسکتے۔

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ الشُّرُوطِ فِي المُزَارَعَةِ(حدیث:2332)

- ھذا جوابٌ ثانٍ عن حدیث النھی
- مزارعت میں خرص جائز نہیں ہے تو اشکال ہے اھل خیبر کے پاس تو خارص بھیجا تھا۔
جواب:1) خرص اس زمین میں جو انکو دی گئی تھی
2) خرص تخویف کے لئے تھا، اسلئے کہ اعتبار موجود کا ہے۔

بَابُ إِذَا زَرَعَ بِمَالِ قَوْمٍ بِغَيْرِ إِذْنِهِمْ، وَكَانَ فِي ذَلِكَ صَلاَحٌ لَهُمْ(حدیث:2333)

- لھم: ان لوگوں کے لئے جن کے لئے کاشت کیا
- غاصب نے مال غصب کرکے کاشت کیا اور بڑھایا، غاصب کے لئے
- حٌ: واجب التصدق
- غاصب نے کاشت کیا غلہ کا اور اناج نکلی تو اناج فصل کے تابع تو غاصب کو اجر مثل
- دوسرے کا مال دوسرے کے لئے بڑھایا تو مستحق اجر ہے یہاں تک کہ یہ عمل قابل توسل ہے
- اسمیں ایک خطرہ بھی ہے کہ اگر مال ہلاک ہوا تو اصل مال کا تاوان متصرف پر ہوگا اسلئے کہ تصرف فی مال الغیر بدون إذن الغیر
- اگر مرگیا اور وارثین کہتے کہ ہم نہیں دیں گے تو پھر غصب کے حکم میں ہوگا۔

بَابُ أَوْقَافِ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَرْضِ الخَرَاجِ وَمُزَارَعَتِهِمْ، وَمُعَامَلَتِهِمْ(ص314)(حدیث:2334)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: اوقاف کے ابواب نہیں بلکہ بعد مستقل آئے گا
- یجوز الزارعۃ فی أرض الوقف
- الوقف: حبس الأصل علی ملک اللہ تعالی، لایُملک ولایُورث
بَابُ حَدِيثِ الخَضِرِ مَعَ مُوسَى عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ(حدیث: 3400-3401-3402-3403-3404-3405)

- صوفیہ کے نزدیک خضرؑ زندہ ہے اور محدثین کہتے کہ انتقال کر گئے اور ابن کثیر بھی اور ابن حجرؒ بھی وفات کے قائل
- عجالۃ المنتظر فی وفاۃ الخضر (ابن جوزی)؛ الزھر النضر فی حال الخضر (ابن حجر)

بَابُ (يَعْكِفُونَ عَلَى أَصْنَامٍ لَهُمْ) " {مُتَبَّرٌ} [الأعراف: 139]: خُسْرَانٌ، {وَلِيُتَبِّرُوا} [الإسراء: 7]: يُدَمِّرُوا، {مَا عَلَوْا} [الإسراء: 7]: مَا غَلَبُوا(حدیث: 3406)

- دنیے کے ساتھ کیا سیاست، صبر و تواضع، دل کی صفائی، پہاڑ پر لے جائے تو خلوت شہر میں لائے تو جلوت: انبیاءؑ کے لئے خلوت بھی ضروری تعلق مع الخالق اور جلوت بھی ضروری تعلق مع المخلوق۔
-

بَابُ {وَإِذْ قَالَ مُوسَى لِقَوْمِهِ إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تَذْبَحُوا بَقَرَةً} [البقرة: 67] الآيَةَ(حدیث: ...)

- تم بقرۃ کو ذبح کرو تا کہ اسکی محبت تمہارے دل سے نکل جائے(پہلا قصہ)اور یہ اسی طرح ہے جس طرح آپ ﷺ نے فرمایا کہ شراب حرام تو برتن کو بھی توڑو اور جیسے زیارت قبور سے منع کیا
- وإذا قتلتم نفسًا(الگ قصہ ہے)اور فاضربوہ ببعضھا یعنی مقتول کو نفس قاتل لگاؤ

بَابُ وَفَاةِ مُوسَى وَذِكْرِهِ بَعْدُ(حدیث: 3407-3408-3409-3410)

- 120 سال کی عمر اور ھارونؑ کے 11 سال کے بعد
- لا تخيروني في نفس النبوة أو في جميع الأمور فإنه أفضل في بعض الأمور
- اگر تقدیر کا حوالہ جائز تو پھر سب گناہ جائز اور تبلیغ و دعوت کا دروازہ بند ہو گا

جواب:1)تقدیر کا حوالہ بعد التوبۃ فی دار الآخرۃ مفید اور دار آخرت میں مفید نہیں

2) 2 چیز شامل تھیں:1)صورت معصیت یا نسیان

2)جو مصیبت ان پر آئی، کپڑے اتارے گئے اور جنت سے نکالے گئے تو تقدیر کا حوالہ مصیبت میں حوالۃ التقدیر فی المصائب دون المعایب(ملا علی قاریؒ نے مرقاۃ میں لکھا ہے)۔

بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى {وَضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا لِلَّذِينَ آمَنُوا امْرَأَةَ فِرْعَوْنَ} [التحريم: 11]- إِلَى قَوْلِهِ - {وَكَانَتْ مِنَ القَانِتِينَ} [التحريم: 12](ص484) (حدیث: 3411)

- حضرت آسیا کا ذکر کرنا مقصود
- بعض کہتے کہ بنو اسرائیل سے تھی اور موسیٰؑ کی پھوپھی
- عمالقہ سے تھی اور بنت عم فرعون۔
- ابن حزم(جو کہ قائل ہیں کہ بعض عورتیں نبی تھیں اسلئے کہ بعض کے پاس وحی آئی اور اللہ تعالی نے انکو انبیاء کی لائن میں ذکر فرمایا اور اسی لئے ام موسی نے بچے کو دریا کا حوالہ کر دیا تو ایسے کام کے لئے وحی چاہئے(ھذا لا یفھم)اسلئے کہ اُھون البلیتین کو اختیار کیا تھا اور مریمؑ کی وحی تکوینیات سے متعلق نہ کہ تشریعی)اور اشعری:6 عورتیں انبیاء میں سے:حواء، سارۃ، ام موسی، ھاجرۃ، آسیا، مریم
- وكان أمه صديقة:تو اگر کہے کہ صدیقیت منافی نہیں نبوت کی تو یوسفؑ کے لئے دونوں آیا اور مریمؑ کے لئے صرف ایک آیا اور عائشہؓ ولیہ تھی تو اگر مریمؑ کو نبیۃ مانے تو مطلب یہ ہے کہ وہ بہتر(ولیہ)نبیہ سے؛اگر کمال نبوت مراد تو پھر یہی اشکال ہے تو یہاں کمال سے مراد کمال ولایت ہے۔

بَابُ {إِنَّ قَارُونَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوسَى} [القصص: 76] الآيَةَ(حدیث: ...)

- قارون موسیٰؑ کے ابن العم(ابن عباسؓ سے مروی صحیح سند سے)لیکن موقوف روایت ہے
- سب سے پہلے جسنے کپڑا لٹکایا اور لمبا کر دیا
- بعض کہتے کہ خزانے مراد۔

بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى {وَإِلَى مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا} [الأعراف: 85] (حدیث: ...)

- حضرت شعیبؑ کا ذکر جو اہل مدین اور أصحاب الأیکۃ کی طرف مبعوث ہوئے اور پھر شہر والے یعنی اہل مدین پر عذاب الصیحۃ آیا (جبریلؑ کی چیخ اور ہو فناک آواز) اور جھنڈ والے یعنی جنگل والے پر عذاب الظلۃ آیا
- شعیبؑ موسیٰؑ کے خسر ہیں (مشہور قول کے مطابق) پھر انکی عمر 140 یا 250 سال تک ہوئی اور وفات مکہ مکرمہ میں پائی قوم کے ہلاک ہونے کے بعد مکہ مکرمہ گئے تھے اور موسیٰؑ کی بعثت شعیبؑ کی بعثت کے بعد ہے
- مدین بن ابراھیم لیکن کوئی تذکرہ نہیں کہیں
- شعیبٌ: شعبٌ سے: 1) پہاڑی جماعت؛ 2) مشکل راستہ جسکے لئے محنت کرنا پڑتا ہے
- انبیاء میں سے 4 عرب تھے: ھودؑ، صالحؑ، شعیبؑ، اور آپ ﷺ یعنی عرب عاربۃ (اصلی)

بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى: {وَإِنَّ يُونُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ} [الصافات: 139] (حدیث: 3412-3413-3414-3415-3416)

- یونسؑ: بعض کہتے کہ بنو اسرائیل سے تھے اور بنیامین کے اولاد میں سے اور نینوا میں مبعوث ہوئے اور وہ موصل کے قریب عراق میں واقع ہے۔
- سوال: شعیب کو کیوں مقدم نہیں کیا موسیٰؑ پر

جواب: موسیٰؑ اولوا العزم رسولوں میں سے ہیں

بعض کہتے کہ متکلم مستثنیٰ ہے چنانچہ آپؐ مستثنیٰ ہیں یا مطلب نفس نبوت یا مطلب تنقیص نہ کرو اسلئے کہ صرف بغیر اجازت کے ہجرت کی تو معلوم ہوا کہ 2 نفخہ ہیں: 1) اماتت اور 2) احیاء اور بعض کہتے کہ 3 نفخہ ہونگے اور بعض 4: 1) احیاء؛ 2) امامت؛ 3) صعق؛ 4) افاقہ یا پھر 5 جس کے آخر میں فزع ہے لیکن اصل وہی 2 نفخہ ہیں۔

بَابُ {وَاسْأَلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِي كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ إِذْ يَعْدُونَ فِي السَّبْتِ} [الأعراف: 163] يَتَعَدَّوْنَ يُجَاوِزُونَ فِي السَّبْتِ {إِذْ تَأْتِيهِمْ حِيتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا} [الأعراف: 163] شَوَارِعَ، {وَيَوْمَ لاَ يَسْبِتُونَ} [الأعراف: 163]- إِلَى قَوْلِهِ - {كُونُوا قِرَدَةً خَاسِئِينَ} [البقرة: 65] {بَئِيسٌ} [الأعراف: 165] شَدِيدٌ (ص485) (حدیث: ...)

- داوٗدؑ کے زمانے کا قصہ جہاں شریعت کے حکم کو بتدیل کیا ان لوگوں نے؛ شُرَّعًا: اوپر ظاہر ہو کر؛ شریعت: کھلا ہوا راستہ

بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى: {وَآتَيْنَا دَاوُدَ زَبُورًا} (حدیث: 3417-3418-3419)

- داوٗدؑ بن إیشا بن عَوبِد، بہت غیرت والے تھے اور انکی اجازت کے بغیر کوئی نہیں آسکتے تھے گھر میں۔
- ایک مرتبہ کوئی گیا اور داخل ہوا تو دیکھا کہ سب دروازے بند تو پوچھا تم کون ہو؟

جواب دیا: لا أحاب الملوک ولا أمنع من الحجاب، تو سمجھ گئے کہ یہ ملک الموت ہے تو کہا کہ مرحبًا آجاؤ

- حضرت سلیمانؑ نے تدفین و تکفین کا انتظام کیا اور جنازہ پڑھایا اور چونکہ بہت ڈھوپ تھا اسی لئے پرندوں کو حکم دیا کہ سایہ کرے تو ایسا سایہ کیا گویا رات ہے تو کہا کہ ایک کھڑکی کھولے (یہ روایت مسند احمد میں مذکور ہے اور راوی سب ثقات ہیں لیکن مرفوع معلوم نہیں ہوتی)
- داؤد: الذی یداوی القلوب (دل کے علاج کرنے والے) کان یداوی جراحات القلوب؛ 2) بہادر، سریع السَّیر
- زبور کو ختم کرتے تھے تھوڑی مدت میں اور طی الزمان انکا معجزہ تھا اور یہاں انکی کتاب قرآن کہا اسلئے کہ پڑھنے کی چیز تھی۔

بَابٌ: أَحَبُّ الصَّلاَةِ إِلَى اللَّهِ صَلاَةُ دَاوُدَ، وَأَحَبُّ الصِّيَامِ إِلَى اللَّهِ صِيَامُ دَاوُدَ: كَانَ يَنَامُ نِصْفَ اللَّيْلِ وَيَقُومُ [ص:161] ثُلُثَهُ، وَيَنَامُ سُدُسَهُ، وَيَصُومُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمًا (حدیث: 3420)

بَابُ {وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوُدَ ذَا الأَيْدِ إِنَّهُ أَوَّابٌ} (حدیث: 3421-3422)

بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى: {وَوَهَبْنَا لِدَاوُدَ سُلَيْمَانَ نِعْمَ العَبْدُ إِنَّهُ أَوَّابٌ} الرَّاجِعُ المُنِيبُ (حدیث: 3423-3424-3425-3426-3427)

- اگر 6 گھنٹے کا اندازہ لگائے تو پہلے 3 گھنٹے ہو گئے، پھر 2 گھنٹے قیام کیا اور پھر اخیر میں ایک گھنٹہ ہو گیا۔

بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى: {وَلَقَدْ آتَيْنَا لُقْمَانَ الحِكْمَةَ [ص:163] أَنِ اشْكُرْ لِلَّهِ} [لقمان: 12] (ص486) (حدیث: 3428-3429)

- استغفر ربہ: 1) وقت کو تقسیم کیا تھا اور اپنی طرف نسبت کی کہ کتنی اچھی تقسیم کی میں نے کہ کوئی گھڑی ایسی باقی نہیں جسمیں عبادت نہ ہو تو اسی وجہ سے عجب پیدا ہو گیا جیسے مستدرک حاکم کی روایت میں مذکور ہے: 3620 ...عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، قَالَ: " مَا أَصَابَ دَاوُدَ مَا أَصَابَهُ بَعْدَ الْقَدَرِ إِلَّا مِنْ عُجْبٍ عَجِبَ بِهِ مِنْ نَفْسِهِ وَذَلِكَ أَنَّهُ قَالَ: يَا رَبِّ مَا مِنْ سَاعَةٍ مِنْ لَيْلٍ وَلَا نَهَارٍ إِلَّا وَعَابِدٍ مِنْ آلِ دَاوُدَ يَعْبُدُكَ يُصَلِّي لَكَ، أَوْ يُسَبِّحُ، أَوْ يُكَبِّرُ وَذَكَرَ أَشْيَاءَ، فَكَرِهَ اللَّهُ ذَلِكَ فَقَالَ: «يَا دَاوُدُ إِنَّ ذَلِكَ لَمْ يَكُنْ إِلَّا بِي فَلَوْلَا عَوْنِي مَا قَوِيتَ عَلَيْهِ وَجَلَالِي لَأَكِلَنَّكَ إِلَى نَفْسِكَ يَوْمًا» قَالَ: يَا رَبِّ فَأَخْبِرْنِي بِهِ فَأَصَابَتْهُ الْفِتْنَةُ ذَلِكَ الْيَوْمِ «هَذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْإِسْنَادِ وَلَمْ يُخْرِجَاهُ»

2) بینہ سے پہلے فیصلہ کیا: لقد ظلمک بسؤال نعجتک میں اور اسکی بات نہیں سنی لیکن اس پر اشکال ہے کہ فصل الخطاب پھر لقب انکو کیوں دیا؟

3) اپنی فوجی کی بیوی انکو پسند آئی وغیرہ.... یہ اسرائیلیات اور ھفوات میں سے ہے اور اسکا کوئی اصل نہیں۔

- مطلب یہ ہے کہ کثیر والا قلیل والا کو برداشت نہیں کرتا کہ ہمارے پاس ریوڑ ہے اور تمہاری دنبی اکیلی ہے تو ہمکو دو تاکہ میں میں کی آواز جو آتی ہے بند ہو جائے، تو یہ ظلم ہے اور اسکی مثال دنیا بھر میں ہے کہ بڑے دکان والے چھوٹے دکان والے کو برداشت نہیں کرتا۔

- سجدہ ص: ابو سعید خدریؓ نے خواب دیکھا کہ ص پڑھ رہے اور ہر چیز سجدے میں ہے تو پھر آپ ﷺ نے اسمیں سجدہ نہیں چھوڑا

بَابُ {وَاضْرِبْ لَهُمْ مَثَلًا أَصْحَابَ القَرْيَةِ} [يس: 13] الآيَةَ(حدیث: ...)

- محراب:1)عبادت خانہ؛ 2) محل سے کم؛ قاضی خان: آپ ﷺ کے زمانے میں محاریب تھے
- 2حدیث:1: 2335 - ... حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ وَائِلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ قَالَ: حَضَرْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَوْ حِينَ نَهَضَ إِلَى الْمَسْجِدِ فَدَخَلَ الْمِحْرَابَ، ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ بِالتَّكْبِيرِ، ثُمَّ وَضَعَ يَمِينَهُ عَلَى يُسْرَاهُ عَلَى صَدْرِهِ " (اگرچہ عورتوں میں کاذبات نہیں)(السنن الکبری للبیہقی)

2) سھل بن سعد کی روایت جسمیں وہی مضمون ہے لیکن سند میں عبد المھیمن بن عباس جو ضعیف ہے

-دوسرا قول: محاریب عمر بن عبد العزیز کے زمانے میں وجود میں آئے

تطبیق:1) آپ ﷺ کے زمانے سیدھے سادے محاریب ہوتے تھے اور عمر بن عبد العزیز کے زمانے میں گہری محاریب

- تماثل: شبیہات؛ جفنۃٌ: جفان: تھلیان
- دابۃ الأرض:1)لکڑی کھانے والا دابۃ یعنی کیڑا

2)ارَضۃٌ سے تو وہ ڈھیمک جو مشابہ تھا دابۃ الأرض سے (إضافۃ المشبہ بہ إلی المشبہ) جیسے جلدی جلدی دابۃ گھاس کھاتا ہے اسی طرح وہ ڈھیمک اتنی جلدی لکڑی کو کھایا۔

-اور دوسری جگہ آیا ہے کہ دابۃ الأرض تکلم الناسَ تو وہ الگ ہے اور جابرؓ کے قول کے مطابق وہ جساسۃ ہے

-بعض کہتے کہ أن الناس بآیاتنا لا یؤمنون

-وہ روایت جس میں ہے کہ اس کے پاس عصا موسیٰؑ اور خاتم سلیمان وغیرہ بہت ضعیف ہے: سند میں علی بن زید بن جدعان ہے

-خیل محبوب اسلئے کہ جہاد میں وسیلہ ہے: ذکر اللہ یتوقف علی الجھاد والجھاد یتوقف علی حب الخیل

-ذکر اللہ کے پھیلنے کا ذریعہ

-حدیث میں ہے کہ ارتبطوا الخیل وامسحوا ناصیتھا وأعجازھا۔

-مشتغلا أی مشغولا عن ذکر ربی: یہ بات سمجھ مین آتی

-فطفق مسحًا: بعض کہتے کہ کاٹنا شروع کیا او مسح کاٹنے کے معنے میں نہیں اسی لئے وہ معنی افضل ہے جو روایات میں آیا ہے۔ اور وہ روایت جس میں کاٹنے کا ذکر (روح المعانی نے صحیح کہا) لیکن جب تحقیق کی تو معلوم ہوا کہ سند ضعیف ہے۔

-اعراف وأیال: گردن کے بال؛ عراقیب: کوچیں، ٹانگیں

-صافنات: 3 پاؤں پر کھڑے اور ایک پیر کو ڈھیلہ رکھے اور یہ عمدہ ہونے کی علامت اور اسکی فخر ہے

-وألقینا علی کرسیہ جسدًا ثم أناب: مشہور واقعہ کی طرف اشارہ ہے کہ شیطان نے انکا خاتم لیا اور سلیمانؑ کی شکل کو اپنایا تو یہ قبیح اسرائیلی روایت ہے اور نام مسٹر صخر تھا

-بائبل میں ایک واقعہ مذکور ہے تو تھوڑے تصرف کے ساتھ اسکو لیا جائے

سلیمانؑ کے ایک بھائی یا رشتہ دار تھے اپنی ابتدائی حکومت میں تو اسنے حملہ کیا سلیمانؑ پر اور حکومت لی تو وہ نااہل تھا جیسا ڈھانچہ بغیر روح تخت پر، پھر کانٹے دار درخت سے سر ٹکرا کر مرا تو سلیمانؑ واپس آئے، پھر سلیمانؑ نے دعا کی: ہبلی لا ینبغی لأحد..... کہ کوئی چھین نہ سکے تو پھر اللہ نے انکے لئے جنات مسخر کیا

- مشہور واقعہ جو مفسرین نقل کرتے ہیں کہ جماع کیا100 بیویوں سے اور ایک ہی بچہ پیدا ہوا ناقص کیونکہ اِن شاء اللہ نہیں کہا تھا تو بائبل نے وہ قصہ داؤدؑ کا بتایا تو قرآن نے تصحیح کی کہ سلیمانؑ کا قصہ ہے اور یہی بہترین توجیہ ہے
- عفریت کا معنی قوی اور گھر کا جنی کو عامر کہتے اور جو بچوں کو ضرر پہنچاتا ہے اسکو روح کہتے اور جو خبیث اسکو شیطان اور جو سرکش اسکو مارد کہتے۔
- اِن شاء اللہ کیوں نہیں کہا؟
- صاحب سے مراد فرشتہ اور بطور الہام کے دل میں ڈالا اور الھام جلدی آتا ہے اور جلدی چلا جاتا ہے
- کبری کے لئے فیصلہ کیا داؤدؑ نے:1)قسم کی وجہ سے؛ 2)شباہت کی وجہ سے؛ 3)شریعت میں کبری کے لئے فیصلہ ہے
- اشکال:جب پیغمبر نے فیصلہ کیا تو سلیمانؑ نے کیسے فیصلہ کیا؟

جواب:1)سلیمانؑ کا فیصلہ ناسخ ہے اور داؤدؑ کا فیصلہ منسوخ ہے(سب سے اچھی بات ہے)

2)جب دلیل اقوی پائی گئی تو پہلا فیصلہ منسوخ

3)داؤدؑ نے فتوی دیا اور سلیمانؑ نے فیصلہ کیا(لایصح)

4)داؤدؑ نے مشورہ دیا اور سلیمانؑ نے فیصلہ کیا

5)داؤدؑ کا فیصل قیاس اور سلیمانؑ نے استحسان استعمال کیا۔

بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى ذِكْرُ رَحْمَةِ رَبِّكَ عَبْدَهُ زَكَرِيَّاءَ، إِذْ نَادَى(ص487)(حدیث: 3430)

- حکمۃ:اِصابۃ الرأی، فراسۃ توضع بھا
- لقمان بن باعورۃ؛ بعض کہتے کہ حبشی تھے، قاضی علی بنی اِسرائیل اور ایوبؑ کے بھانجے تھے
- وہ روایت جسمیں ہے کہ انکو اختیار دیا نبی اور حکمت کے درمیان تو ضعیف ہے اور سند میں سعید بن بشیر ضعیف ہے۔
- عکرمۃ:نبی وذوالقرنین:لم یعرف نبیًا، کذا القمان فاحذر عن جدال؛ لقمان:کھلا ہوا سیدھا راستہ
- بعض کہتے کہ نجار تھے(برھئ)کان یصلح الدروع لداؤدؑ۔

بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى {وَاذْكُرْ فِي الكِتَابِ مَرْيَمَ إِذْ انْتَبَذَتْ مِنْ أَهْلِهَا مَكَانًا شَرْقِيًّا} [مريم: 16] (حدیث: 3431)

- مرسلین:1)یوحنا، بولس، شمعون کعب الاحبار:صادق صدوق، شلوم
- عام مفسرین:3رسل عیسیٰؑ...
- ابن کثیر:1)عیسیٰؑ کے رسل نہیں تھے بلکہ اللہ کے رسول تھے اور عیسیٰؑ کے بہت پہلے اسلئے قرآن میں جہاں مرسلین آیا تو رسول اللہ کے لئے

2)انکے نہ ماننے پر عام عذاب آیا تو معلوم ہوا کہ عیسیٰؑ سے پہلے چونکہ عیسیٰؑ کے زمانے میں عام عذاب موقوف ہو چکا تھا

3)اھل انطاکیہ کی طرف مبعوث ہوئے۔

بَابُ {وَإِذْ قَالَتِ المَلاَئِكَةُ يَا مَرْيَمُ إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَاكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفَاكِ عَلَى نِسَاءِ العَالَمِينَ، يَا مَرْيَمُ اقْنُتِي لِرَبِّكِ وَاسْجُدِي وَارْكَعِي مَعَ الرَّاكِعِينَ. ذَلِكَ مِنْ أَنْبَاءِ الغَيْبِ نُوحِيهِ إِلَيْكَ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ إِذْ يُلْقُونَ أَقْلاَمَهُمْ أَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ إِذْ يَخْتَصِمُونَ} [آل عمران: 43](ص487) (حدیث: 3432)

- زکریابن بلخیا؛ حدیث:ابناخالۃ
- تاریخی روایت میں ہے:مریمؑ اور یحییٰؑ ولد اخالۃٍ(مان فاقوذہ:اور انکی بیٹیاں:حناء اور ایشاع توحناء کی بیٹی مریمؑ اور ایشاع کا بیٹا یحییٰؑ)
- توجواب:1)حدیث کو ترجیح ہے تاریخ پر

2)ممکن ہے کہ عیسیٰؑ کی ماں اور یحیی ولد اخالۃ اور یہ بھی ممکن کہ عیسی اور یحیی ابناخالۃ اس طرح کہ عیسیٰؑ نے اپنی نانی کا دودھ (حناء سے پیا)اور نانی کی بہن ایشاع جو یحیی کی ماں ہے۔

بَابُ قَوْلِهِ تَعَالَى {إِذْ قَالَتِ المَلاَئِكَةُ يَا مَرْيَمُ إِنَّ اللَّهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِنْهُ اسْمُهُ المَسِيحُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ} [آل عمران: 45](ص488) (حدیث: 3433-3434)

- مریمؑ اور انکی والدہ کا ذکر
- کہتے ہیں کہ مریمؑ کی والدہ کا حیض بند ہوا یعنی حاملہ ہوئی اور شوہر انتقال ہوا اور نہ بھائی اور نہ بہن تھی
- مریم:عابدۃ یاخادمۃ مراد ہے اور قرآن میں ایک ہی عورت کا نام مذکور ہے اور وہ مریمؑ کا ہے اور زوہ اس مقصد سے ہے کہ یہودیوں کی تردید کرے یعنی حضرت عیسیٰؑ مریمؑ کے بیٹے ہیں۔
- کلمہ کُن سے پیدا کیا بغیر اسباب عادیہ کے۔

بَابُ قَوْلِهِ: {يَا أَهْلَ الكِتَابِ لاَ تَغْلُوا فِي دِينِكُمْ}(حدیث: 3435)

- عیسیٰؑ بغیر والد کے پیدا ہوئے
- علی ماکان من العمل:1)أی من صلاح أوضبط

2)بہت اچھا تو جلدی چلا جائے گا ورنہ آہستہ آہستہ

بَابُ قَوْلِ اللَّهِ {وَاذْكُرْ فِي الكِتَابِ مَرْيَمَ إِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ أَهْلِهَا} [مريم: 16] (حدیث: 3436-....3447)

- ترجمۃ الباب کا مقصد:عیسیٰؑ کی پیدائش کی کیفیت کا ذکر
- اشکال:صرف 3 آدمی نے کلام کیا مہد میں حالانکہ مسلم میں اصحاب الاخدود کا واقعہ ہے جسمیں بچہ بولا تھا،اسی طرح شاھد یوسفؑ اور اسی طرح فرعون نے ایک بچہ کو آگ میں ڈالنا چاہا اور ماں نے روکنا چاہا لیکن بچہ نے بولا اور ماں کو تسلی دی

شعر:تكلم في المهد النبي محمد ... ويحيى وعيسى والخليل ومريم

ومبري جريج ثم شاهد يوسف ... وطفل لدى الأخدود يرويه مسلم

وطفل عليه مر بالأمة التي ... يقال لها تزني ولا تتكلم

وماشطة في عهد فرعون طفلها ... وفي زمن الهادي المبارك يختم

الكتاب: شرح الزرقاني على المواهب اللدنية بالمنح المحمدية

- جواب:1)مہد میں 3نے کلام کیابنی اسرائیل سے تھے
2) آپ ﷺ کو پہلے 3کا علم ہوا بعد میں دوسروں کا
3)مہد میں 3نے کلام کیاباقی نے مہد میں نہیں

-اشکال:یطوف بالبیت کیسے حالانکہ مکہ میں داخلہ ممنوع ہے اور انبیاء کا خواب وحی کی طرح ہے

جواب:1)جب الوہیت کا دعوی کرے گاتب داخل نہ سکے گا اور یہ اس سے پہلے تھا
2)مستقبل میں داخل نہیں ہو گا
3)بعض راویوں کا تصرف ہے:یطوف کا تعلق مسیحؑ عیسی کے ساتھ تھا اسی لئے مصنفؒ کی عادت ہے کہ مبہم اور اشکال والی روایت کے بعد فورًا وہ حدیث لاتے جسمیں صرف عیسیٰؑ کا ذکر ہے

اچھاجواب:4)اگر صحیح ہے تو خواب ہے اور اسکی تعبیر ہے کہ مکہ مسلمانون کا مرکز ہے اور اسکا طواف کرنا مراد یہ ہے کہ دجال کا فتنہ وہاں بھی داخل ہو گا یعنی اسکے وساوس وشبہات۔

- اشکال:عیسیٰؑ کے لئے آدمؑ آیا اور اسی صفحہ پر احمر
جواب:تطبیقًا خالص رنگ نہیں تھا بلکہ حمرت میں گندمی رنگ
کذبت عینیؓ:آنکھوں نے چوری سمجھی اور حقیقت میں چوری نہ تھی۔

بَابُ نُزُولِ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ(حدیث:3448-3449)

- حکمت نزول:1)یہود کی تردید
2)آسمان پر قبر نہیں،زمین پر پر آئیں گے لیکون الدفن فی الوطن
3)انہوں نے دعا فرمائی کہ امت محمدیہ میں شامل کر دے
4)دجال کو قتل کر دے تو مصلح اکبر دجال اکبر کو قتل کر دے
5)اسمیں بشریت وملکیت جمع ہوئے(نفخۂ جبریل سے پیدا ہوئے)
6)آپ ﷺ نبی الامم اور نبی الأنبیاء بھی تو نبی الأنبیاء کا تقاضا یہ ہے کہ عیسیٰؑ آئے اور آپ ﷺ کے احکام پر چلے
7)دجال کو قتل کرے اور بتادے کہ مدعی الوہیت کو قتل کرنا چاہئے

- مسیح الھدایۃ نے مسیح الضلالۃ کو قتل کیا

- قبل موتہ میں ضمیر عیسیٰؑ کو راجع ہے اور جو کہتے کہ کتابی کو راجع ہے تو صحیح نہیں اسلئے کہ تفکیک الضمائر ہو گا۔

-مرنے سے پہلے ایمان کو لانا ایمان لغوی ہے نہ کہ ایمان شرعی،ابن عباس اور حسن بصری بھی کہتے کہ موتہ کی ضمیر عیسیٰؑ کو راجع ہے

-ابو ھریرۃؓ:واللہ انہ الآن لحیّ ولکن إذانزل آمن بہ أجمعون توحدیث مرفوع میں بھی اسکی طرف راجع ہے

-ابراھیم سیالکوتی:شھادۃ القرآن(دونوں کتاب غیر مقلد نے لکھا)محمدی پکٹ بک قادیانی پر رد میں لکھی گئی

-ایک روایت میں:12 خلیفہ تک حکومت مضبوط رہے گی

-1-4خلافت راشدہ؛ 5)معاویہؓ؛ 6)یزید؛ 7)مروان؛ 8)عبد الملک؛ 9)عبد الملک کے بیٹے:ولید،10) سلیمان،11)ھشام،12)زیاد

-اشکال:1)ابن زبیر اور عمر بن عبد العزیز غائب ہیں ورنہ تو وہ ابناء اربعہ کے درمیان ہیں

حاشیہ دیکھے ض491

2)بنو امیۃ مراد:9)عمر بن عبد العزیز،10)ولید بن یزید،11)یزید بن ولید اور12)مروان بن محمد

-وہ روایت جسمیں ہے کہ میرے بعد خلافت 30 سال تک رہے گی تو سند میں حشر بن نباتہ اور نسائی نے کہا: لیس بقوی اور سعید بن جمہان ہے ان پر بھی کلام ہے: ایسی روایت لیتے تھے جو دوسروں کے پاس نہیں۔

بَابُ مَا ذُكِرَ عَنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ(ص492)(حدیث: 3450-....3464)

- اشکال: فرشتے نے کیسے جھوٹ بولا؟

جواب:1)اللہ کے حکم سے حسن ہے اور عید کے دن روزہ رکھنا اللہ ہی کے حکم سے قبیح بنا

2)من قبیل التوریۃ تاکہ انکا امتحان لے لے

-لا أحمد ک:1)کتاب میں لکھا

2)میں آپکی طرف سے قابل تعریف نہیں ہونگا اسلئے کہ اللہ کا مال

3)لا أجھد ک الیوم

بَابُ {أَمْ حَسِبْتَ أَنَّ أَصْحَابَ الكَهْفِ وَالرَّقِيمِ} [الكهف: 9] (حدیث: ...)

- رقیم:1)مکتوب تختی؛2)وادی کا نام؛ 3)بستی کا نام؛ 4)کتے کا نام؛ 5)غار کا نام؛ 6)دوات کا نام
- غار کہاں ہے؟ بعض کہتے کہ:1)غرناطہ میں؛ 2)ایلہ(اردن)؛ 3)ترکیا(سمرطا)؛ 4)نینوا
- وہ روایت جسمیں ہے کہ سور ہے ابتک اور خضر اور مہدی کے وقت ساتھ اٹھیں گے یہ سب ضعیف ہے

بَاب حَدِيثِ الغَارِ(ص493)(حدیث: 3465-.....3488)

بَاب(ص494)

- فغفر لہ: کیسے اسلئے کہ حقوق العباد کا مسئلہ ہے تو مطلب مغفرۃ بإرضاء الخصوم
- تلید: وہ مال جو باپ دادا کا ہو؛ طریف: نیا مال
- یوم السبع: درندے صرف ہونگے، یوم الفتن، یوم الأھوال
- غیر مملوک زمین میں اگر کوئی چیز ملی اور اسمیں علامۃ الإسلام ہے تو لقطۃ کی طرح ہے اور اگر جاہلیت کی علامت ہے تو 1/5 نکال کر باقی واجد کے لئے ہے

- زمین مملوک میں ملی تو 1/5 اور 4/5 میں اختلاف: حٓ مٓ: سب سے پہلے مالک کے لئے اور سٓ: واجد کے لئے۔
- إلا فرارًا منہ: 1) لا یخز جکم الفرار إلا إذا لم یکن الخروج فرارًا۔
2) لا یخز جکم فرارٌ و لکن تفرون منہ فرارًا فھذا قبیح

- عثمانؓ نے اتمام کیا سفر میں تو یہ فروع میں اور ابن عمرؓ قصر کرتے تھے تو یہ اختلاف فی الفروعات ہے

- بنو قریظہ میں عصر پڑھو تو آپ ﷺ نے دونوں جماعت کی تصویب فرمائی۔

- ص495 دوسری سطر: نبیًّا: 1) نوحؑ؛ 2) بنو اسرائیل میں سے؛ 3) آپ ﷺ

- لئن قدر اللہ علی لیعذبنی تو یہ جملہ بہ ظاہر قدرت کا انکار ہے!؟

جواب: 1) شاہ ولی اللہؒ: ممکن ہے کہ إعادۃ الرماد کو ناممکن بالذات سمجھتا تھا

2) یہ بات اللہ تعالی کے خوف سے کہی اور بہت سی مرتبہ غیر مرضی چیز مرضی چیز کے ساتھ مل جاتی ہے جیسے کوئی عصر کی نماز ابتدائی وقت میں شروع کرے تو مرضی کے مطابق ہے اور اتنی لمبی کرے کہ غروب تک پہنچے تو یہ غیر مرضی ہے لیکن یہ معاف ہے اور نماز صحیح

3) پرانے زمانے میں جب تعلیم انبیاء ختم ہو گئی تھی تو جزئی تعلیم نہیں تھی یعنی لا یلزم العلم بالجزئیات

4) اللہ کے خوف کی وجہ سے کہی تو کبھی خوف میں نامناسب بات منہ سے نکلتی ہے جیسے اس آدمی کی بات یا اللہ أنت عبدی وأنا ربک

5) قدر بمعنی قضاء یعنی لئن قضی اللہ عذابی

6) قدر بمعنی ضیق جیسے ظن أن لن نقدر علیہ

- براعت اختتام: آخر قدمۃ ترمھا، تو انسان کا کونسا آخری دن ہے وہ نہیں جانتا اسلئے تیاری کرنا چاہئے۔

61 – كِتَابُ المَنَاقِبِ(حدیث : 3489-3648)

بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى: {يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَاكُمْ مِنْ ذَكَرٍ وَأُنْثَى وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوبًا وَقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوا إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللَّهِ أَتْقَاكُمْ} [الحجرات: 13] (حدیث: 3489-.....3496)

- مناقب:فضائل
- 1)نقب:سوراخ،اگر کسی کے فضائل بیان کرتے ہو تو دشمن کے دل میں سوراخ پڑ جاتے
2)شرار قوم میں گھس کر معلومات حاصل کرنا
- ترتیب:شعب،قبیلۃ،عمارۃ،بطن،فخذ،فصیلۃ(وفصیلۃ التی تؤویہ)
- آپ ﷺ کے نسب ونسل کی فضیلت ہے
- وفي رواية عند الطبراني عن العدَّاء بن خالد قال: قعدت تحت منبره يوم حجة الوداع، فصعد المنبر فحمد الله، وأثنى عليه وقال: ((إن الله يقول: ياأَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَاكُم مّن ذَكَرٍ وَأُنْثَى وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوباً وَقَبَائِلَ لِتَعَارَفُواْ إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عَندَ اللَّهِ أَتْقَاكُمْ [الحجرات:13]، فليس لعربي على عجمي فضل، ولا لعجمي على عربي فضل، ولا لأسود على أحمر فضل، ولا لأحمر على أسود فضل إلا بالتقوى. يا معشر قريش لا تجيئوا بالدنيا تحملونها على رقابكم، وتجيء الناس بالآخرة، فإني لا أغني عنكم من الله شيئاً. أيها الناس إن الله قد أذهب عنكم عُبِّيَة الجاهلية وتعاظمها بآبائها فالناس رجلان: رجل تقي كريم على الله، وفاجرٌ شقي هين على الله، والناس بنو آدم، وخلق الله آدم من تراب)) رواه الترمذي واللفظ له، وأبو داود وغيرهما.

بَابٌ(حدیث: 3497-3498-3499)

- باب تفسیر الآیۃ الآتیۃ
- مطلب قریش صلہ رحمی کرتے تھے لیکن جب اسلام کو دعوت دی تو صلہ رحمی کو ختم کیا
- الإیمان یمانٍ:1)وقتیہ:انکا ایمان لانا اچھا ہے
2)دائمہ تو اصل مراد کہ اہل مدینہ مکہ یمن سے تھے

-الحکمۃ یمانیۃ:1)اسلئے کہ مدینہ والے خود بہ خود عقبہ میں اسلام لائی اور مدد کی بیعت کی تو یہ انکی ہوشیاری ہے۔
2)جو علم کلام مدلل ہے اسکی بنیاد ڈالنے ولے ابو الحسن الاشعری اور ماتریدیۃ ہے۔

بَابُ مَنَاقِبِ قُرَيْشٍ(ص497)(حدیث: 3500-3501-3502-3503-3504-3505)

- قرش:1)وہ مچھلی جو بڑی اور چھوٹی مچھلی کو کھائے اواسی طرح قریش
2)بمعنی کسب اسلئے کہ تجارت والے تھے
3)اس مچھلی کو کہتے جو بحر میں رہتے

-فغضب معاویۃ:1)انہوں نے قریب سمجھا حالانکہ بعید تھا
2)معاویۃؓ سمجھ رہے تھے کہ خلافت قائم رہے گی قریش میں

3)یہ سمجھا کہ یہ قریش سے خلافت نکالنا چاہتا ہے

-سوال: ائمہ قریش سے ہونا چاہئے یا نہیں؟(خلیفہ بننے کے لئے)

جواب: شرط نہیں رحؒ(مواھب الرحمن میں لکھا)؛ فؒ: شرط ہے کہ قریش میں سے ہو

بعض: الأئمۃ من قریش: خبر ہے نہ کہ انشاء

اور شرط نہ ہونے کی دلیل: عمرؓ: اگر میری موت واقع ہو جائے تو عبید اللہ بن جراح کو خلیفہ (قریش) قاور وہ مرے تو معاذ بن جبلؓ(انصاری)

- لغلامۃ من قریش:1)خبر ہے؛ 2)انشاء ہو تو مشروط اسکے ساتھ کہ دین قائم کریں گے۔

بَابُ نَزَلَ القُرْآنُ بِلِسَانِ قُرَيْشٍ(حدیث: 3506)

- اجماع ہو گیا ہے اس پر کہ قرآن قریش ہی کی لغت سے
- حضرت عثمانؓ نے کہا تھا جمع قرآن کے وقت کہ قریش ہی کی لغت مقدم کریں گے اور سب اسی پر رہیں گے اور سبعہ قراءت وغیرہ سب اسی پر ہے۔

بَابُ نِسْبَةِ اليَمَنِ إِلَى إِسْمَاعِيلَ(حدیث: 3507-3508-3509-3510)

- نسبۃ إلی غیر الأب حرام

بَابٌ(حدیث: 3511)

بَابُ ذِكْرِ أَسْلَمَ وَغِفَارَ وَمُزَيْنَةَ وَجُهَيْنَةَ وَأَشْجَعَ(حدیث: 3512-.....3528)

- ان قبائل کا ذکر ہے جنہوں نے اسلام کی مدد کی اور تقویت پہنچائی اور پہلے غلط کاموں سے مشہور تھے اسلم قبیلہ حاجیوں سے چوری کرتے تھے۔

بَابُ ذِكْرِ قَحْطَانَ(حدیث: ...)

- پورے قبیلہ کی مذمت نہیں ہے بلکہ بعض۔

بَابُ مَا يُنْهَى مِنْ دَعْوَةِ الجَاهِلِيَّةِ(حدیث: ...)

بَابُ قِصَّةِ خُزَاعَةَ(ص499)(حدیث: ...)

- یہ بھی قریش میں سے ہے، انکا باپ کا نام الیاس
- حام: مسلسل دس سال اونٹ کا پالنا

بَابُ قِصَّةِ زَمْزَمَ(حدیث: ...)

- ابوذرؓ کا واقعہ تبعًا آیا ہے چنانچہ اشکال نہ ہو کہ ابھی تک بعثت کا ذکر نہیں آیا اور اسلام ابی ذر آیا (یہ پہلا واقعہ ہے اور دوسرا واقعہ مسلم میں ہے)
- صابئ: الخارج من دین إلی دین آخر؛ الصابی: المائل إلی الدین من دین آخر
- دوسرا واقعہ: ابوذرؓ طواف کر کے ایک کمزور آدمی کو دیکھا تو پوچھا کہ کیا آپ صابی کو جانتے؟ تو آدمی نے دوسرے آدمی کو بلایا اور انکی اتنی پٹائی کی کہ خون آلود ہوئے بعد میں 3 دن زمزم پیا طواف کرتا رہا تو ایک رات 2 عورتوں کو دیکھا کہ طواف کر کے نائلہ اور اساف کو پکار رہی تھی۔
- ابو بکرؓ انکو اپنے گھر لے گئے اور کشمش کھلائے۔

بَابُ جَهْلِ العَرَبِ(حدیث: ...)

بَابُ مَنِ انْتَسَبَ إِلَى آبَائِهِ فِي الإِسْلاَمِ وَالجَاهِلِيَّةِ(حدیث: ...)

بَابٌ: ابْنُ أُخْتِ القَوْمِ وَمَوْلَى القَوْمِ مِنْهُمْ(حدیث: ...)

بَابُ قِصَّةِ الحَبَشِ، وَقَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا بَنِي أَرْفِدَةَ(حدیث:3529-3530)

- حبش: نوحؑ کے بیٹے حام کی اولاد میں سے ہے اور حام کے 6 بیٹے تھے: شد، ھنخ، زنخ، صبی، نوبہ، کنعان

بَابُ مَنْ أَحَبَّ أَنْ لاَ يُسَبَّ نَسَبُهُ(حدیث: 3531)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: نسب کی حفاظت اور طریقہ یہ ہے کہ غیر کی طرف اپنے آپکو منسوب نہ کرے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي أَسْمَاءِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ(حدیث: 3532-3533)

- محمد: بہت زیادہ محمود اور احمد: سب سے بڑے حامد، قرآن میں پہلی سورت، سورۃ حمد
- سفارش کا مقام مقام محمود، طعام سے پہلے حمد ہے
- بعض کہتے کہ 1000 نام اور بعض 999 اور یہ 5 مشہور
- یمحو اللہ بی الکفر: 1) فی جزیرۃ العرب

2) کفر کا غلبہ نہ ہو گا دلائل کے اعتبار سے

3) فی قرب القیامۃ عند مجیء عیسیٰؑ

بَابُ خَاتِمِ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ(501)(حدیث: 3534-3535)

بَابُ وَفَاةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ(حدیث: 3536)

- اشکال: وفات تک کیسے پہنچ گئے
- جواب: یہاں مقصود یہ ہے کہ انکی عمر کو بیان کرنا ہے
- ابن عباسؓ سے مروی سورۃ منافقین میں، آپ ﷺ کی طرف اشارہ، اگر تعداد، اگر تعداد کا اعتبار کرے تو 63 سورت اور آخر میں لن یؤخر اللہ نفسًا إذا جاء أجلها اور بعد میں تغابن بمعنی افسوس آپ ﷺ کی وفات پر

بَابُ كُنْيَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ(حدیث: 3537-3538)

- اکبر أولاد النبی قاسمؓ اسی لئے ابو القاسم کنیت ہے اور جبریلؑ ابو ابراھیم کہتے تھے
- لقب: جو مشہور ہو اور مدح یا ذم پر دال ہے؛ کنیت: جسکی ابتداء اب یا ابن ہو۔
- قاسم: بعض قبل بعض بعد البعثۃ وفات ہوئی۔

بَابٌ(حدیث: 3539-3540)

- آپ ﷺ کو سامنے یا رسول اللہ کہنا چاہئے نہ کہ یا محمد

بَابُ خَاتِمِ النُّبُوَّةِ(حدیث: 3541)

- زر الحجلۃ: کھونڈی جو چھپر کھٹ پر لگائے
- حجل: تو پاؤں میں سے اور مصنفؒ نے پیشانی والا مراد لیا۔
- تو تاویل یہ ہے کہ اسکے ساتھ مشابہ ہے، مشابہ بالبیاض الذی بین عینیہ

بَابُ صِفَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ(حدیث: 3542-.....3568)

- خَلقًا وخُلقًا
- 1) إن اليهود والنصارى يصبغون فخالفوهم، معلوم ہوتا ہے کہ واجب ہے لیکن واجب نہیں اور ناسخ وہ روایات
2).....
3) حکم محمول ہے اس آدمی کے ساتھ جو سفیدی اچھا نہ لگے ہو
4) محمول ہے استحباب پر نہ کہ وجوب پر
- جمہور آپ ﷺ کی ولادت 8، 9 ربیع الأول اور 12 مشہور ہے
- وحی آئی رمضان میں اور مشہور 12 ربیع الأول

-شعر:قال السُّهيلي عن مولده . صلى الله عليه وسلم . في ربيع: وهو المعروف، ونقل بعضهم فيه الإجماع: وأنشدوا قائلين:

يقول لنا لِسانُ الحَالِ مِنْهُ وقَوْلُ الحالِ يَعْذُبُ للسَّمِيعِ

فَوَجْهِيَ والزَّمانُ وشَهْرُ وَضْعِي رَبِيعٌ فِي رَبِيعٍ فِي رَبِيعِ

-چاند سے تشبیہ دینا کیا انصاف ہے ؟! چاند کے چہرے پہ دھبہ ہے اور انکا چہرہ صاف ہے

-فضیلت نسب طبقہ اور قرن ص53 پر سب آچکے۔

بَابُ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَنَامُ عَيْنُهُ وَلاَ يَنَامُ قَلْبُهُ(حدیث: 3569-3570)

- حالت دائمہ تھی اور پاکستا میں بعض لوگ کہتے کہ حالت وقتیہ ہے۔

بَابُ عَلاَمَاتِ النُّبُوَّةِ فِي الإِسْلاَمِ(ص504)(حدیث: 3571-.....3634)

- اِرھاص:خلاف عادت کام نبی سے قبل النبوۃ صادر ہوئے

معجزہ:خلاف عادت کام نبی سے بعد النبوۃ صادر ہوئے

کرامت:ولی سے صادر ہوا

اعانت:عام مسلمان سے جو کام خلاف عادت صادر ہو

استدارج:اگر کسی کافر یا فاسق سے اسکی طبیعت کے موافق کوئی کام صادر ہو

اھانت: اگر کسی کافر یا فاسق سے اسکی طبیعت کے موافق کام نہ ہو

سحر:خلاف عادت کام جو اسباب پر مرتب ہو

عجائب:جو خلاف عادت کام اسباب مادیہ پر مبنی ہو جیسے سائنس والے کام مثلاً جہاز اڑانا وغیرہ

- اگر کسی کافر یا فاسق سے اسکی طبیعت کے موافق کوئی کام صادر ہو
- آیات:1)العلامۃ الفاصلۃ؛ 2)البلیۃ النازلۃ؛ 3)عجائب
- فإذا جاء وعدُ ربي جعله دكاء:دیوار کو معجزہ نہ سمجھو بلکہ اللہ انکا خاتمہ کرے گا،مطلب یہ نہیں کہ تب یاجوج ماجوج نکلیں گے
- خروج:1)ابتداء؛ 2)انتھاء؛ 3)قبل السد اور 4)بعد السد
- دیوار کا کھلنا کنایہ ہے فتنے کے شروع ہونے سے یاجوج ماجوج کی طرف سے

ابو الحسن اشعریؒ نے الإبانۃ میں لکھا(1/260) : فأما ما جرى من علي والزبير وعائشة رضي الله عنهم أجمعين، فإنما كان على تأويل واجتهاد، وعلي الإمام، وكلهم من أهل الاجتهاد، وقد شهد لهم النبي صلى الله عليه وسلم بالجنة والشهادة، فدل على أنهم كلهم كانوا على حق في اجتهادهم، وكذلك ما جرى بين سيدنا علي ومعاوية رضي الله عنهما، فدل على تأويل واجتهاد.

وكل الصحابة أئمة مأمونون غير متهمين في الدين، وقد أثنى الله ورسوله على جميعهم، وتعبدنا بتوقيرهم وتعظيمهم وموالاتهم، والتبري من كل من ينقص أحدا منهم رضي الله عنهم أجمعين.

- بہت سے صحابہؓ الگ بھی رہے:جیسے ابو اُمامۃ خشنیؓ
- حدیث میں ہے کہ خوارج نکلیں گے:تقتلھم أولی الطائفتین بالحق أی أقرب إلی الخلافۃ الحق

- 1)علیؓ حق پر تھے اور معاویہؓ نے اجتہادی غلطی کی

2)ہر ایک کا دعوی حق تھا: اِعلاء کلمۃ اللہ یا ظالموں کو ختم کرنا چاہئے۔

3)دونوں خطاء اجتہادی پر محمول اور قاعدین حق پر تھے

-خوارج کے پاس علیؓ نے ابو موسی اشعریؓ اور عبد اللہ بن عمرو بن العاص کو حکم کے طور پر بھیجا تھا۔

-آپ ﷺ کے خواب کی تعبیر: 1) آپ ﷺ کے ہاتھ حقیقی نبوت اور سونے کے کنگن جعلی نبوت، تو حقیقی نبوت نے جعلی نبوت کو ختم کیا

2) 2ہاتھ سے مراد صنعاء (یمن) اور یمامہ جو ریاض کے پاس اور کنگن کا آنا ہاتھ پر اشارہ ہے کہ ان دونوں شہروں سے جعلی نبوت غالب ہو گی چند دن کے لئے۔

3)مرد کے ہاتھ پر کنگن نہیں چلتے تو اسی طرح جعلی نبوت نہیں چلے گی

4)ذھب کے کنگن کو دیکھا یعنی یہ چند دن کی نبوت جو چلی جائے گی، جھڑ جائے گی

-ص511 (آخری لائن) بقرۃ تذبح: اشارۃ کہ بعض صحابہؓ کو قتل کیا جائے گا کیونکہ بقر کا مطلب پھاڑنا ہے

-وثواب الصدق الذی آتانا اللہ بعد یوم بدر:

1)بدر صغری مراد اَی بعد اُحد یوم بدر الصغری

2)بعد البدر الصغری (بعدُ کی صورت میں)

3)بعد یوم بدر الکبری کہ اسکے بعد احد ہے اور اسمیں فتح نہیں تو ثواب ملا اور احد کے بعد تو ثواب الدنیا اور ثواب الآخرۃ دونوں ملتے رہے۔

بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى: {يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ أَبْنَاءَهُمْ وَإِنَّ فَرِيقًا مِنْهُمْ لَيَكْتُمُونَ الحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُونَ} [البقرة: 146]

(ص513)(حدیث: 3635)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: آپ ﷺ کے معجزات کا ذکر اور یہ کہ بنو اسرائیل بھی جانتے تھے کہ وہی نبی برحق ہے
- لایحصن المشرک باللہ..... أنھا لا تحصنک
- احناف: 1) حکم الرجم کے نزول سے پہلے کا واقعہ تھا اور توریت کے موافق آپ ﷺ نے حکم فرمایا اور بعد میں حکم آیا اور محصن وغیر محصن میں فرق کیا گیا
- آپ ﷺ نے توریت کے حکم کو پہچانا تو یہ علامت نبوت میں سے ہے

2)یہ سیاسی حکم تھا (لیکن بہ ظاہر شرعی حکم تھا)

بَابُ سُؤَالِ المُشْرِكِينَ أَنْ يُرِيَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آيَةً، فَأَرَاهُمُ انْشِقَاقَ القَمَرِ (حدیث: 3536-3637-3638)

- یہاں شق القمر کا ذکر لکوٹھا معجزۃ اور بعد میں بطور واقعہ، اہمیت کی بنا پر آئے گا
- یہ واقعہ ہو چکا ہے
- ابن مسعودؓ، حذیفہؓ، جبیر بن مطعم، ابن عباسؓ سب سے مروی ہے کہ یہ واقعہ ہو چکا ہے
- اشکال: تاریخ میں یہ واقعہ نہیں ہے!؟

جواب:1)ضروری نہیں ہے کہ تاریخ نے ضبط کیاہو اسلئے کہ تاریخ میں بہت سی چیزیں نہیں ہے جیسے نوحؑ کا طوفان اوراجسام سماویہ کا انشقاق، عیسیٰؑ آسمان پر گئے تو انشقاق بھی ہو سکتاہے اور یہ کہنا کہ دوسری جگہوں میں کیوں شق القمر نہیں دیکھا گیا؟

جواب:اسلئے کہ رات کا وقت اور سب سورہے تھے لیکن پھر بھی تاریخ میں مذکور ہے اور ہندوستان کے ایک بادشاہ نے دیکھا ہے۔

بَابٌ(ص514)(حدیث: 3539-3648)

- یہ باب فصل کی طرح ہے اور یہ باب فی کرامات الأولیاء من الصحابۃ(اور بعض معجزات النبی ﷺ)

62 – كتاب أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم(حدیث: 3649-3775)

بَابُ فَضَائِلِ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ(ص515) (حدیث: 3649-3650-3651)

- صحابہؓ: اولئک کتب فی قلوبھم الإیمان اور ربیعۃ بن أمیۃ جو مرتد ہوا اور اسی پر مرا تو صحابیت سے نکلا اور جو صحابی مرتد ہوئے پھر آپ ﷺ کی وفات کے بعد اسلام لائے دوبارہ تو صحیح قول کے مطابق صحابی ہے۔
- أیُّ صحابي لایُقبل مرسَلہ جواب من کان صغیرًا عند وفاۃ رسول اللہ ﷺ
- کبار تابعین کے مرسل قبول ہیں اور صحابہؓ جنکے سماع آپ ﷺ سے.....

بَابُ مَنَاقِبِ المُهَاجِرِينَ وَفَضْلِهِمْ(حدیث: 3652-3653)

- ابو بکرؓ کو عتیق کہتے: الذی لیس فی نسبہ عیبٌ یا حسن وجمال میں عیب نہیں یا عتیقٌ من النار یا ماں کے بچے نہیں بچتے تھے تو کعبہ میں جاکر دعا کی تو پھر وہ پیدا ہوئے تو ماں نے کہا ھذا عتیقک من الموت یا المقدم من الخیر
- صدیق: دین میں بہت پکے سچے اور بہت زیادہ تصدیق کرنے والا اور ایک وجہ تسمیہ یہ ہے کہ معراج کا واقعہ کو سب سے پہلے تصدیق کی (فتاوی دار العلوم زکریا: 1/121)
- آپ ﷺ کے نسب کے ساتھ جمع عوئے مرۃ بن کعب سے
- مھاجر: 1) فتح مکہ سے پہلے ہجرت کی
  2) فتح مکہ پر ایمان لایا اور ہجرت کی

-تمام صحابہؓ عدول ہیں

-اشکال: ولید بن عقبہؓ جو آپ ﷺ کے وفات کے وقت 8 سال کی عمر تھی، إن جاءکم فاسق بنبإ فتبینوا کہا تو انکو فاسق قرار دیا؟

جواب: قرآن میں ایک دو جگہ کے علاوہ فاسق کافر کے معنے میں ہے چنانچہ یأیھا الذین آمنوا میں ولید بن عقبہؓ بھی شامل اور إن جاءکم فاسق کے بارے میں تاریخ میں لکھا ہے کہ شیطان قسم کے آدمی آیا اور کہا کہ آپ چلے جاؤ وہ آپکے مقابلے کے لئے آئیں گے تو یہ آیت نازل ہوئی اور اگر درمیان میں کوئی اور نہ ہوتا تو یأیھا النبی إذا جاءک فاسق ہوتا۔ (فتاوی دار العلوم زکریا 1/149-159 مفصل جوابات ہیں)

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «سُدُّوا الأَبْوَابَ، إِلَّا بَابَ أَبِي بَكْرٍ»(حدیث: 3654)

- خلیل: آدمی اپنے مکمل حاجات وتوجہ اسکی طرف کرے تو یہ صرف اللہ ہے اور ایک خلیل عام ہے
- خلیل وہی کرتا ہے جو اللہ چاہتا ہے اور حبیب: اللہ اسکی تمنا کو پورا کرتا ہے جیسے ابراھیمؑ خلیل تھے یعنی یفعل مایریدہ اللہ تعالی
- فلنولینک قبلۃ ترضاھا۔
- الخلۃ: تکون من جانب اسی لئے ابراھیمؑ خلیل اللہ کو کہتے اور الحب یکون من الجانبین
- صرف ابو بکرؓ کا خوخہ باقی رکھا (ظاہری معنی) اور ایک معنی خلافت ابی بکرؓ کا دروازہ کھلا رہے
- ایک روایت میں سُدوا أبوابًا إلا بابَ علیؓ اور ابن جوزیؒ: رافضیوں نے اپنی طرف بنائی ہے یہ روایت
- ابن حجرؒ: ابن جوزی نے موضوعی کہا لیکن صحیح نہیں بلکہ ضعیف یا حسن ہے، سند میں مسکین بن بکیر اور متابعت کی ابراھیم نے۔

- تو یا صحیحین ک روایت کو ترجیح دے یا تطبیق دے کہ بہت پہلے آپ ﷺ نے علیؓ کے لئے کہا تھا۔
- حمزہؓ نے شکایت کی کہ چچا کے دروازے کو بند کیا اور چچا کے بیٹے کا دروازہ چھوڑا
- لایحل لأحد أن یستطرق فی المسجد إلا لی و علی
- پھر تمام دروازے بند کئے گئے اور وفات سے پہلے سب خوخۃ کو بند کیا سوائے ابو بکرؓ کے۔

بَابُ فَضْلِ أَبِي بَكْرٍ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ(ص516)(حدیث: 3655)

- ترجمۃ الباب کا مقصد: آپ ﷺ کے بعد ابو بکرؓ کی فضیلت ہے اور ابو بکرؓ کی خلافت پر اجماع ہے(فتاوی دار العلوم زکریا 1/123)
- امام احمدؒ: جو لوگ فضیلت دیتے علیؓ کو عثمانؓ پر فقط إزدری بالمھاجرین والأنصار

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيلًا»(حدیث: 3656-.....3678)

- باب استخلاف أبی بکرؓ و کونہ ثانی اثنین اور یہ روایت خلافت پر تقریباً صریح ہے اور ابو بکرؓ کی خلافت پر اجماع ہے(فتاوی دار العلوم زکریا 1/123)
- 22 جمادی الثانیۃ 13ھ وفات پائی سِل کی بیماری سے (ٹی بی)
- ضرب الناس بطعن: 1) لوگوں نے بنالیا باڑا پانی کے پاس

2) ضرب الناس الخیامۃ بعطن جہاں اونٹ ہیں

- 1) سعد بن عبادہؓ: نے بیعت نہیں کی، پھر جب سب نے بیعت کی ابو بکرؓ کے ہاتھ پر تو خاموشی اختیار کیا اور شام چلے گئے، پھر مردہ پائے گئے اور بعض کہتے کہ جنات نے قتل کیا(ص518)

2) دوسرا قول: انہوں نے بھی بیعت کی لیکن چونکہ شرمندہ ہوئے تو شام چلے گئے، علیؓ نے بیعت نہیں کی (یہ بات مشہور ہے) اور 6 مہینے بعد کی تو دوسری روایت موجود ہے: کہ دوسرے دن علیؓ کو بلایا اور ان سے کہا کہ آپ، آپ ﷺ کے دماد ہیں، أسبط ید ک، فبایعہ، پھر غائب رہے تھے فاطمہؓ کی تیمارداری کی وجہ سے، تو بعض لوگوں نے سوچا کہ ناراض ہوئے بیعت سے تو 6 مہینے بعد بیعت کی تجدید کی ان تمام شبہات کو دور کرنے کے لئے۔

- محمد بن حنفیہ کو کیوں خوف تھا جب سوال کیا؟

جواب: انکو خوف تھا کہ علیؓ فتنے میں پڑ جائے قاتلین عثمانؓ کی طرف سے

- ابو بکرؓ کی خلافت کے مضبوط دلائل:

1) عورت کا قصہ کہ آپ ﷺ سے پوچھا کہ اگر آپ ﷺ نہ ہو تو کس کے پاس جاؤں تو فرمایا کہ ابو بکرؓ کے پاس

2) بخاری میں ایک حدیث: 7217 - ...فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " بَلْ أَنَا وَارَأْسَاهْ، لَقَدْ هَمَمْتُ - أَوْ أَرَدْتُ - أَنْ أُرْسِلَ إِلَى أَبِي بَكْرٍ وَابْنِهِ فَأَعْهَدَ، أَنْ يَقُولَ: القَائِلُونَ أَوْ يَتَمَنَّى المُتَمَنُّونَ [ص:81]، ثُمَّ قُلْتُ: يَأْبَى اللَّهُ وَيَدْفَعُ المُؤْمِنُونَ، - أَوْ يَدْفَعُ اللَّهُ وَيَأْبَى المُؤْمِنُونَ - "

3) حدیث میں ہے: مروا أبا بکر فلیصل بالناس (امامت صغری)

4) لایبقین فی المسجد خوخۃ إلا خوخۃ أبی بکرؓ۔

بَابُ مَنَاقِبِ عُمَرَ بْنِ الخَطَّابِ أَبِي حَفْصٍ القُرَشِيِّ العَدَوِيِّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ(ص520)(حدیث: 3679-.....3694)

- اسلام کو تقویت پہنچائی اور کثیر الإلھام تھے
- خلافت جب آئی تو علیؓ نے کہا کہ میں کسی پر راضی نہیں ہوں مگر عمرؓ پر
- خلیفۃ خلیفۃ رسول اللہ ﷺ اسی لئے کہا کہ: أمّرناک علینا فأنت أمیر المؤمنین۔

بَابُ مَنَاقِبِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ أَبِي عَمْرٍو القُرَشِيِّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ(حدیث: 3695-3696-3697-3698-3699)

- عثمان: خوب محنت کرنے والا، سعی وجد وجہد کرنے والا۔
- ذوالنورین انکالقب: 1) آپ ﷺ کی 2 بیٹی کی وجہ سے (انکے نکاح میں آئی یک بعد دیگرے)
  2) قرآن کو ختم کرتے تھے اور قیام اللیل تو 2 نور ہوئے۔

-ولادت: واقعۂ فیل کے 6 سال بعد، صاحب الھجرتین

- سخی: تبوک کے موقعہ پر 950 بعیر، 500 گھوڑے اور 1000 دینار پیش کئے

-بئر رومۃ کا آدھا حصہ خرید ا 20000 یا 35000 درہم اور یہودی مجبور ہوا دوسرے آدھے بیچنے پر

-ابن حیثمان کا گھر مرکز المجاھدین تھا تو جب فتوحات ہونے لگے تو منافقین کو پسند نہیں آیا تو انکو قتل کیا تو ولید بن عقبہ نے قصاص میں شبیل.....وغیرہ کو قتل کیا۔

-اس روایت میں اضطراب ہے: 1) حمران بن أعین نے کہا شرب الخمر اور وہ رافضی ہے اور دوسرا گواہ مجہول نے کہا أنہ تقیأ اور ایک روایت میں صلی رکعتین ہے

- حمران: نفاہ عثمانؓ اور بعض عورتوں سے نکاح کیا عدت میں تو خراب آدمی تھا

2) شاھدین میں ایک حمران اور ایک معلوم نہیں ہے کہ کون ہے۔

3) اس روایت میں نقص، ایک طریق عبد اللہ بن شوذب تک پہنچتا ہے اور وہ پیدا ہوا اس واقعہ کے 56 سال بعد اور دوسرا طریق حضین بن منذر تک پہنچتا جو شرب خمر کی مجلس میں حاضر نہیں تھا، ہاں مجلس قضاء میں حاضر تھا، جب عثمانؓ نے حد نافذ کیا، تو شراب پینے کے کوئی ثقہ راوی نہیں ہے۔

4) اس میں شرب خمر پر اتفاق نہیں کہ شرب خمر یا قے ہے

5) عثمانؓ کو یقین تھا کہ یہ خوامخواہ بنایا ہوا واقعہ ہے اسی لئے کہا: تقیم الحدود ویُبوّأ شاھد الزور النار فاصبر یا أخی۔

6) ولید نے کہا کہ دیکھو مجھ پر شرب خمر کا الزام لگا رہے اور ایک دن آپکو قتل کریں گے

-ایک روایت میں ہے کہ 80 کوڑے اور ایک میں 40 تھے اور کوڑے کے دو شاخ تھے یا نصاب شہادت پوری نہیں تھی تو 40 کوڑے لگا کر چھوڑ دیا، ص547 اور یہاں ص522، پر 80 کوڑے مذکور ہیں تو ان پر (ولید بن عقبۃ) 2 ظلم کا الزام لگایا: 1) وإن جاءکم فاسق، 2) شرب خمر کا الزام۔

-تھذیب التھذیب میں ہ: قال أحمد (حمران کے بارے میں) یتشیع ھو وأخوہ۔

بَابُ قِصَّةِ البَيْعَةِ، وَالِاتِّفَاقِ عَلَى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ وَفِيهِ مَقْتَلُ عُمَرَ بْنِ الخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا(ص523)(حدیث: 3700)

- اسمیں عمرؓ کے قتل کا قصہ ہے، قتل عمرؓ یہاں سے اتفاقی معاملہ ظاہر ہوتا ہے لیکن تاریخ سے پتہ چلتا ہے کہ بہت بڑی سازش ہے، ابو لؤلؤ، ہرمزان اور ایک نصرانی: حفیفًا نام لکھتے
- عبد الرحمن بن ابی بکر نے کہا کہ میں آرہا تھا شام کے وقت تو میں نے دیکھا ھرمزان، ابولؤلؤ اور حفیفًا بات کرتے رہے، تو جب میں آیا تو بھاگے اور خنجر گرا تو جب واقعہ ہوا تو خنجر طلب کیا گیا تو دیکھا کہ وہی ہے
- یکم محرم جب عمرؓ کا انتقال ہوا تو عبید اللہ نے جاکر ہرمزان کو قتل کیا اور پھر عثمانؓ جب خلیفہ بنے تو انہوں نے قصاص کی بات کھڑی کر دی تو قصاص نہیں ہوا اسلئے کہ ہرمزان کا بیٹا قمازان دیت پر راضی ہوئے تو عثمانؓ نے ادا کیا۔
- بعض روایت میں ہے کہ محمد میں ابی بکرؓ آئے (جب پیدا ہوئے تو آپ ﷺ حج کے لئے روانہ ہو رہے تھے) تو صغار صحابہؓ میں شمار تو روایت میں آتا ہے کہ عثمانؓ کی داڑھی پکڑلی اور کہا کہ آپ یوں ہے.... تو عثمانؓ نے کہا، اگر آپکے والد ہوتے... تو یہ روایت صحیح نہیں اور اسمیں متکلم فیہ راوی ہے
- ایک روایت مین محمد بن ابی بکر مصر میں تھے اور عثمانؓ کے خلاف پروپگنڈا سے متأثر ہوئے، پھر جب آئے ملاقات کی عثمانؓ سے اور متاثر ہوئے عثمانؓ کی تقریر سے تو انکو بھیجا خوارج کے قتل کرنے کے لئے تو وہ تائب ہو کر نکلے، تو جب انہوں نے دیکھا کہ دوسرے کے کندھے سے بندوق نہیں چلا سکتے تو بدبختوں نے خود حملہ کیا۔
- عثمانؓ نے محمدؓ کے سامنے اپنے واقعات بیان کیا کہ کیا آپ ﷺ کی دو بیٹی میرے نکاح میں نہیں آئیں، تبوک، بیعۃ الرضوان کے واقعات وغیرہ۔

بَابُ مَنَاقِبِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ القُرَشِيِّ الهَاشِمِيِّ أَبِي الحَسَنِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ(حدیث:3701-.....3707)

- ابو طالب کا نام: عبد مناف، علیؓ مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے شعب بنی ھاشم میں
- والدہ: فاطمۃ بنت أسد بن ھاشم اور والد کا انتقال آپکی حیات میں ہوا اور جو بات مشہور ہے کہ کعبہ میں پیدا ہوئے تو ھذا الیصح بلکہ حکیم بن حزام پیدا ہوئے تھے کعبہ میں (فتاوی دار العلوم زکریا میں مفصل تحقیق ہے، وہاں ملاحظہ فرمائیں: 1/130-133)
- غدیر خم میں جو آپ ﷺ نے فرمایا علیؓ کی شان میں: من کنت مولاہ فعلی مولاہ، یہ خلافت بلا فصل کے لئے نہیں بلکہ دوستی مراد
- 1) اصل انہوں نے ایک جاریۃ لیا مال غنیمت سے تو لوگوں نے شکایت کی

2) دوسری روایت میں ایک شخص نے سواری لی تو دوسرے نے بھی، اسی طرح لیتے رہے تو علیؓ نے منع فرمایا کہ تم اپنی سواری پر سوار ہو یہ مال غنیمت کی سواری کیوں لیتے ہو؟ تو آپ ﷺ کے پاس شکایت لگائی تو پھر یہ فرمایا من کنت مولاہ فعلی مولاہ

-یحبہ اللہ ورسولہ: خلافت کی دلیل نہیں ہے اسلئے کہ محبت کے الفاظ عائشہؓ، اسامہؓ سب کے لئے استعمال کیا ہے۔

-عبد الرحمن بن ملجم کو بھیجا علیؓ کو قتل کرنے کے لئے اور مصر میں بکر بن عبد اللہ کو بھیجا تھا عمرو بن العاص کو قتل کرنے کے لئے لیکن چونکہ وہ بیمار تھے تو انکی جگہ دوسرے آدمی آئے تھے نماز پڑھانے کے لئے تو وہ قتل ہوئے (غالبًا خارجۃ نام تھا) اور تیسرا آدمی عبد اللہ بن معاویۃ کو معاویہؓ کے

پاس بھیجا تو وہ زخمی ہو کر بچ گئے تو جب یہ واقعات ہوئے تو پھر امیر المؤمنین کی حفاظت کا انتظام کیا گیا اور محراب کو مقعر بنایا تا کہ اسمیں شرطی ہو، معاویہؓ کی خلافت میں۔

معاویہؓ اور بعد والے کی زندگیوں میں کچھ تلکفات آئے اور خلفائے اربعہ کی زندگی سیدھی سادی زندگی تھی۔

- حسنؓ 6 مہینے خلیفہ ہوئے اور پھر صلح کیا معاویہؓ سے تو انکو خلافت دی۔

بَابُ مَنَاقِبِ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي طَالِبٍ الهَاشِمِيِّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ(ص526)(حدیث: 3708-3709)

- خلفاء اربعہ کے بعد اقارب کا ذکر کیا تو جعفرؓ علیؓ کے بھائی تھے اور علیؓ سے 10 سال بڑے تھے اور نجاشی بادشاہ کے اسلام لانے کا سبب بنا اور صاحب الھجرتین ہے اور غزوۃ مؤتہ میں شھید ہوئے اور جعفر طیار سے مشہور ہے۔
- آپ ﷺ نے فرمایا کہ جنت میں اڑتے ہوئے انکو نظر آیا
- آپ ﷺ: اَشبھتَ خلقی و خلقی

بَابُ ذِكْرِ العَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ المُطَّلِبِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ(حدیث: 3710)

- 32ھ میں 84 سال کی عمر میں عثمانؓ کی خلافت میں وفات پائی، آپ ﷺ کے چچا تھے
- وہ شیر جس سے دوسرے شیر ڈرتے ہیں
- اور توسل قرابت کی وجہ سے کیا گیا تھا انکے نام سے۔

بَابُ مَنَاقِبِ قَرَابَةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَنْقَبَةِ فَاطِمَةَ عَلَيْهَا السَّلاَمُ بِنْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ(حدیث: 3711-3712-3713-3714-3715-3716)

- جو جدّ قریب سے ہے، آل محمد جب اضافت ہے تو درود لکھنے یا پڑھنے کی ضرورت نہیں اسلئے کہ ”آل محمد“ نام ہے

بَابُ مَنَاقِبِ الزُّبَيْرِ بْنِ العَوَّامِ(حدیث: 3717-3718-3719-3720-3721)

- یہ آپ ﷺ کی پھوپھی کا لڑکا ہے: صفیۃ بنت عبد المطلب
- اَول من سلّ السیف
- قتال جمل میں شہادت پائی (ابن جرمز نے شہید کیا)
- جب علیؓ کو بتایا خوشخبری تو کہا کہ آپ ﷺ نے فرمایا تھا: فبشر قاتل ابن الصفیۃ بالنار
- ضربتن فی الیر موک و ضربۃ یوم بدر اور دوسری روایت (معمر کی) تو اسمیں تعارض ہے !

جواب: 1) ابن مبارک کی روایت کو ترجیح

2) تطبیق 4 ضربات: یر موک، بدر، یر موک، بدر

3) 5 زخم: یر موک (عاتق سے باہر) یر موک بدر یر موک (فی العاتق) بدر (عاتق سے باہر)

بَابُ ذِكْرِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ(ص527)(حدیث: 3722-3723-3724)

- طلحۃ الخیر یا طلحۃ الجود، عشرۂ مبشرہ سے ہے اور زبیرؓ کے ساتھ لازم رہتے تھے
- قُتل فی الجمل، رماہ رامٍ بسھم غربٍ، اور جو لوگ کہتے کہ مروان مارا غلط ہے، افواہ ہے
- روایات میں آتا ہے کہ انکا بیٹا عمران بن طلحۃ آئے علیؓ کے پاس اور کہا کہ آپنے میرے والد کو قتل کیا اور انکا مال لیا تو علیؓ نے کہا: جاؤ مال الگ پڑا ہے اور ونزعنا ما فی صدورھم..... کہ ہم جنت میں ساتھ ہونگے اور انکی شہادت پر علیؓ روئے

بَابُ مَنَاقِبِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ الزُّهْرِيِّ وَبَنُو زُهْرَةَ أَخْوَالُ(حدیث: 3725-3726-3727-3728)

- کوفہ کے بانی مبانی ہے (چین میں نہیں بلکہ مدینہ منورہ میں مدفون ہیں) مروان نے.....
- اول رام فی سبیل اللہ اور عقیق قصر میں وفات پائی
- عشرۃ مبشرۃ کا آخری انتقال میں 55ھ 83 سال کی عمر میں
- آپ ﷺ کے ماموں تھے، ایک روایت میں سابع سبعۃ، یہی صحیح ہے اور ثالث ثلاثۃ بالنسبۃ إلی الرجال یا علی ظنہ

بَابُ ذِكْرِ أَصْهَارِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِنْهُمْ أَبُو العَاصِ بْنُ الرَّبِيعِ(ص528)(حدیث: 3729)

بَابُ مَنَاقِبِ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ مَوْلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ(حدیث: 3730-3731)

- متبنی، بیٹے کے درجے میں تھے جاہلیت میں اور صرف انکا نام ہے قرآن میں۔

بَابُ ذِكْرِ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ(حدیث: 3732-3733)

- ذکر اسلئے کہا ترجمۃ الباب میں کہ دوسری حدیث میں صرف ذکر ہے اور منقبت نہیں ہے۔

بَابٌ(حدیث: 3734-3735-3736-3737)

بَابُ مَنَاقِبِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا(ص529)(حدیث: 3738-3739-3740)

- 2630 مرویات اور من قرابۃ حفصہؓ یعنی بھائی تھے اسی لئے ذکر کیا
- واقعہ لکھا کہ ابن عمرؓ کی ایک بہت خوبصورت باندی تھی تو پھر کہا کہ میری توجہ اسکی طرف زیادہ جارہی ہے، تو آزاد کرکے شادی کرایا اور بچہ پیدا ہوا تو گود میں لیتے اور کہتے واہ لریح فلانۃ
- 64ھ میں وفات ہوئی، حجاج بن یوسف نے کسی کو زہر والا نیزہ دیا جو انکے پاؤں پر لگا تو زہر کی وجہ سے انتقال کر گئے
- تو اصل حرم میں اسلحہ لایا تھا تو ابن عمرؓ کو لگ گیا 84 یا 87 سال کی عمر پائی۔

بَابُ مَنَاقِبِ عَمَّارٍ وَحُذَيْفَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا(حدیث: 3741-3742-3743)

- عمار بن یاسرؓ اور انکی ماں سمیہ کو ابو جہل نے قتل کیا تھا، اول شھیدۃ فی الإسلام سُمیۃ
- مشہور ہے کہ عمار صفین میں (جنگ جمل کے ایک سال بعد) شھید ہوئے اور غیر مشہور قول یہ ہے کہ مصر ہی میں گم ہوئے
- حذیفہؓ صاحب سرِّ رسول اللہ ﷺ اور 36ھ میں فات ہوئی۔
- کیوں ذکر کیا حذیفہؓ کا؟ اسلئے کہ صاحب سرّ تھے اور عمار کا ذکر تبعًا آیا ہے۔

بَابُ مَنَاقِبِ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الجَرَّاحِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ(ص530)(حدیث: 3744-3745)

- نام: عامر بن عبد اللہ، عشرۂ مبشرۃ میں سے ہیں اور تمام جنگوں میں شامل تھے
- آپ ﷺ کے چہرے مبارک سے حلقہ نکالا جسکی وجہ سے ایک دانت شھید ہوئے
- عبد الرحمن بن عوف کے مناقب ذکر نہیں کیا تو ممکن ہے کہ مصنفؒ کی شرط پر نہیں۔
- ابو عبیدہؓ شام میں 18ھ میں انتقال کر گئے۔

بَابُ مَنَاقِبِ الحَسَنِ وَالحُسَيْنِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا(ص530)(حدیث: 3746)

- حسنؓ 3ھ پیدا ہوئے اور 50ھ میں وفات ہوئی، حسینؓ پیدا ہوئے 4ھ اور شہید ہوئے کربلہ میں 61ھ
- کہتے کہ شمر نے یا سنان نے قتل کیا لیکن اصل یہ ہے کہ شیعہ نے قتل کیا
- ابن کلبی اور ابو مخنف سب الزام لگاتے ہیں سنیوں پر
- جب حسینؓ دفن ہوئے تو شمر نے یا ذو الجوشن اور عبید اللہ نے انکے خاندان کو یزید کے پاس پہنچایا شام میں تو انکا اکرام کیا اور پھر کہا کہ کہ اگر آپ لوگ یہاں رہنا چاہتے تو یہاں رہے یا مدینہ منورۃ واپس جائے تو وہاں چلے جائے، اور مدۃ العمر انکے لئے وظیفہ مقرر کی اور جب یزید کو خبر ملی حسینؓ کی شہادت کی تو انگلی دبائی منہ میں، تو نہ شامی، نہ حجازی نے یہ کام کیا بلکہ کوفہ کے لوگوں نے۔
- فینکت: زمین کریدنے لگے تو پھر یہ ترجمہ ترمذی کی روایت کے خلاف ہے
- فجعل یقول (اشارہ) بقضیب فی أنفہ أی فی جانب أنفہ اور یہ بھی ہے۔
- ما رأیت مثل ھذا حسنًا اور ہمارے شارحین اس قول کو مذاق پر محمول کرتے، حالانکہ انسؓ بیٹھے تھے انکے پاس تو انسؓ نے تائید کیا یہ رسول اللہ ﷺ کے مشابہ ہے۔
- ترمذی میں ص219 ایک روایت ہے کہ جب عبید اللہ بن زیاد کو قتل کیا گیا (قاتل نے کہا کہ میں حسینؓ کا بدلہ لے رہا ہوں حالانکہ خود زندیق تھا قتل کرنے والا) اور کہتے کہ سروں کا مینار لگایا تو ایک سانپ آیا اور.....
- تو معلوم ہوتا ہے کہ اس حدیث میں نقص ہے اسمیں اعمش کا عنعنہ ہے اور اشدّ تدلیسًا سوائے چند شیوخ سے۔
- ابن عمرؓ کہتے کہ اہل عراق نے قتل کیا نہ کہ اہل شام اور یزید وغیرہ کو اہل شام کہتے۔

بَابُ مَنَاقِبِ بِلاَلِ بْنِ رَبَاحٍ، مَوْلَى أَبِي بَكْرٍ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا(حدیث: 3746-.....3753)

- ابو بکرؓ نے انکو خرید اتھا،5اوقیہ دے دیااور نسطاس غلام کو بھی دیااسلئے کہ امیۃ بن خلف سخت تکلیف پہنچارہا تھا
- والدہ کانام:حمامۃ،پھر بلالؓ نے امیۃ کو قتل کیا،فقد اَدرکت ثارک
- حمص میں یادمشق میں مدفون ہوئے اور وفات 17یا18یا 20ھ میں ہوئی۔
- سکن الشام مرابطًا فی زمن عمرؓ،پھر طاعون عمواس سے شہید ہوئے۔
- اصل حبشہ سے
- اور ارتجاج والی روایت کو اکثر نے موضوع کہا:کہ اذان دی توزلزلہ آیااور لڑکیاں گھروں سے نکلی

بَابُ ذِكْرِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا(ص531)(حدیث: 3754-3755)

- حکمۃ:نور یفرق بہ بین الصحیح والباطل؛ وفات 68ھ طائف میں۔

بَاب مَنَاقِبِ خالد رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ(حدیث: 3756)

- وفات 21ھ،اہل ردت کے قتال اور فتح البلاد میں انکابڑاکارنامہ ہے
- سیف من سیوف اللہ:اشارہ ہے کہ تلوار توڑتی خود نہیں،تودوسروں کو قتل کرے گااور خود قتل نہیں ہوگا کسی سے۔
- انسؓ بصرہ میں، سھل بن سعد کوفہ میں اور فضل بن عباس شام میں مدفون ہیں۔

(حدیث: 3757)

بَابُ مَنَاقِبِ سَالِمٍ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ(حدیث: 3758)

بَابُ مَنَاقِبِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ(حدیث: 3759-3760-3761-3762-3763)

- ابن مسعودؓ:32ھ میں وفات ہوئی اور60سال کی عمر سے متجاوز تھے اور بقیع میں مدفون ہوئے
